# رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

حصہ سوئم عثمانی — حصہ چہارم مسئلہ اقرباء نوازی

تالیف: حضرت مولانا محمد نافع صاحب مدظلہ

# رحماء بینھم

## حصہ سوم عثمانی

مع

## مسئلہ اقربا نوازی

تالیف

حضرت مولانا محمد نافع صاحب مدظلہ
محمدی شریف ضلع جھنگ (پنجاب)

بہدیۃ العلماء جامعہ مجددیہ
نورآباد۔ فتح گڑھ سیالکوٹ

تخلیقات
علی پلازہ-3 مزنگ روڈ لاہور فون: 7238014
E-mail: takhleeqat@yahoo.com

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب : رحماء بینھم (حصہ سوم' چہارم)

ناشر : تخلیقات' لاہور

اہتمام : لیاقت علی

سن اشاعت : 2001

ٹائٹل : ریاض

پرنٹر : اجالا پرنٹر' لاہور

کمپوزر : المدد کمپوزر' لاہور' 7114647

صفحات : 616

قیمت : 300 روپے

Marfat.com

# فہرست مضامین

افتتاحیہ کلام

مختصر تمہیدات 19

قبولِ روایت کے متعلق اہل السُّنّۃ کے چند ضوابط 20

تسلیمِ روایت کے لیے شیعہ کے قواعد 22

## باب اوّل

### ( خاندانی و نسبی تعلّقات )

یہاں سات عدد رشتے درج ہونگے

اوّل:

— مادر حضرت عثمان بن عفانؓ (حضرت اروٰی) کا اجمالی تذکرہ اور رشتہ کا ذکر 27

Marfat.com

— روابطِ نسبی (صرف اس رشتہ پر سات رابطے قائم ہوتے) ۲۹

— سرورِ کائنات علیہ الصلوات والتسلیمات کے ساتھ حضرت عثمانؓ کا رشتہ ذی النورین ۳۰

**دوم :**

— حضرت رقیہؓ صاحبزادی کا مختصر تذکرہ ۳۳

— شیعہ کتب سے اس کی تائید ۳۳

— حضرت عثمانؓ کی غزوۂ بدر کے غنائم واجر میں شرکت ۳۴

— مسئلہ مذکورہ کی شیعہ کتب سے توثیق ۳۵

— دفع وہم (عثمانی تخلّف مرتضوی تخلّف کی طرح ہے) ۳۵

**سوم :**

— حضرت امّ کلثومؓ بنتِ رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کا اجمالی تذکرہ اور نکاحِ عثمانی کا بیان ۳۶

— مزید چند فضیلتیں ۳۷

— رشتۂ ذی النورین کی تائید شیعہ کتب سے ۴۱

— بناتِ سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کا تذکرہ اور حضرت عثمانؓ کی دامادی شیعہ کتب سے منقول ہے۔ ۴۲

— مسئلہ کی تائید میں حضرت علی المرتضیٰؓ کا فرمان ۴۵

— چند ضروری افادات (یعنی حقیقی چار بنات کا ثبوت ۴۷
اور صرف اولادِ خدیجہ ہونے کا جواب ۴۷

— ایک شبہ (کہ رقیہؓ کو زدوکوب کر کے مار دیا۔ پھر اس کا جواب ۵۰


Marfat.com

**چہارم :**

— حضرت جعفر طیارؓ کی پوتی اُمّ کلثومؓ کا نکاح حضرت عثمانؓ کے لڑکے ابان بن عثمانؓ کے ساتھ — ۵۳

**پنجم :**

— حضرت حسینؓ بن علیؓ کی لڑکی سکینہ کا نکاح حضرت عثمانؓ کے پوتے زید بن عمروؓ بن عثمانؓ سے ہوا — ۵۴

**ششم :**

— فاطمہ بنت الحسینؓ بن علیؓ بن ابی طالب کا نکاح حضرت عثمانؓ بن عفان کے پوتے عبداللہ بن عمرو بن عثمانؓ کے ساتھ۔ — ۵۵

**ہفتم :**

— سیّدنا حضرت حسنؓ کی پوتی (ام القاسم) حضرت عثمانؓ کے پوتے مروان بن ابان بن عثمانؓ کے نکاح میں۔ — ۵۸

**تنبیہ**

رشتہ داری کے اثرات یعنی یہ سات رشتے کیا بتلاتے ہیں — ۵۹


Marfat.com

# باب دوم


— مسئلہ بیعت (علی المرتضیٰؓ کا حضرت عثمانؓ سے بیعت کرنا) اکابر علماء نے اپنی تصانیف میں درج کیا۔ یہاں آٹھ عدد حوالے منقول ہیں۔ ۶۱

— مسئلہ ہذا کی تائید شیعہ کتب سے چار عدد حوالے یہاں دیئے گئے ہیں ۶۵

— دوسری گزارش (امام کے انتخاب کا قاعدہ کہ یہ مہاجرین و انصار کو حق ہے) نہج البلاغہ سے لیا گیا ۶۸

— کلام ہذا الزامی نہیں (حضرت علیؓ کا یہ کلام حقیقت پر مبنی ہے) ۶۹

— "رفع اشتباہ" (باہمی پرخاش ظاہر کرنے والی روایات پر نقد ۶۹

— ابن خلدون اور علامہ السفارینی کا بیان بیعت ھذا کے لیے ۷۰

— خلاصہ (بیعت کی بحث کے فوائد اور ثمرات) ۷۱




Marfat.com

# باب سوم


—— حضرت علیؓ کے نکاح اور شادی میں حضرت عثمانؓ کی طرف سے مخلصانہ اعانت اور امداد ۔ ۷۴

—— شرح مواہب اللدنیہ زرقانی سے ثبوت ۷۴

—— کشف الغمہ "فی معرفۃ الائمہ" سے اور "بحار الانوار" سے ثبوت ۷۵

—— حضرت عثمانؓ کا حضرت علیؓ کے نکاح کا شاہد و گواہ ہونا سُنّی اور شیعہ دونوں جانب سے تائید ۷۶

—— حضرت عثمانؓ کے مومن، صالح، متقی، محسن ہونے کی مرتضویؓ شہادت ۷۹

—— صفاتِ عثمانی (صلہ رحمی۔ حیاداری وغیرہ) حضرت علیؓ کی زبانی ۸۰

—— حضرت علیؓ کے بیانات کی روشنی میں حضرت عثمانؓ کا لقب "ذوالنورین" چند دیگر فضائل کے ساتھ ۸۱

—— پہلی روایت ۸۲

—— دوسری روایت ۸۲

—— علماء کا ایک قول (حضرت عثمانؓ کے بغیر کسی شخص کو نبیؐ کی دو دختر حاصل نہیں ۸۴

—— اُمّت میں مقام عثمانؓ کا تعین حضرت علی المرتضیٰ کی زبان سے (یعنی تیسرے مقام پر عثمانؓ ہیں ۸۵


Marfat.com

| | |
|---|---|
| — دینِ عثمانؓ کا مقام علی المرتضیٰؓ کی نظروں میں دینِ عثمانؓ سے تبرّی ایمان سے تبری ہے | ۸۷ |
| — حضرت علیؓ کی جانب سے حضرت عثمانؓ کے متعلق "سابق الخیرات" اور "غیر معذب" ہونے اور جنّتی ہونے کی گواہی۔ | ۸۸ |
| — عثمانی خلافت میں حضرت علیؓ کا قرآن سنانا یہ رمضان شریف کا واقعہ ہے۔ | ۸۹ |
| — حضرت علیؓ کا قرأۃ عثمانی کی سماعت کرنا مُصنّف عبدالرزاق کے حوالہ سے | ۹۰ |
| — حضرت عثمانؓ کا حضرت علیؓ کو سواری عنایت فرمانا۔ اخبار اصفہان کے حوالہ سے | ۹۲ |
| — حضرت عثمانؓ کا حضرت علی المرتضیٰؓ کو دعوتِ طعام دینا۔ | ۹۳ |
| — حضرت عثمانؓ کے حق میں ہاشمیوں کے بیانات | ۹۴ |
| حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا بیان | ۹۴ |
| سیدنا حسنؓ بن علیؓ بن ابی طالب کا بیان | ۹۸ |
| — سیّدنا زین العابدین بن سیّدنا حسینؓ کا بیان | ۱۰۱ |
| — سیّدنا امام جعفر صادق بن سیّدنا امام محمد باقرؒ کا بیان | ۱۰۳ |


Marfat.com

— نتائج و فوائد گیارہ عدد کی شکل میں باب ہٰذا کے خلاصہ کے طور پر مرتب ہیں ۱۰۴

— ہاشمی اکابر کی زبانی حضرت عثمانؓ کا مقام (بحوالہ کتب شیعہ ۱۰۷

— (۱) سیدنا حسنؓ بن علیؓ بن ابی طالب کا بیان (شیعہ کتب سے) ۱۰۷

— (۲) سیدنا جعفر صادقؒ کی زبانی حضرت عثمانؓ کی فضیلت (شیعہ کتب سے) ۱۰۸

— (۳) امام جعفر صادقؒ کا ایک اور بیان (شیعہ کتب سے) ۱۰۹

— جعفر صادقؒ کے بیان کے پانچ فوائد ۱۱۲

— (۴) حضرت عثمانؓ کے حق میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا بیان اور اس کے گیارہ عدد فوائد ۱۱۳

— الاستباہ (مورخ مسعودی شیعہ بزرگ ہیں، سُنی نہیں) ۱۱۵


# باب چہارم

باب ہٰذا کا اجمالی نقشہ چھ عنوانات کی شکل میں

## ۱۔ عنوانِ اوّل:


اجرائے احکام میں حضرت عثمانؓ و علی المرتضیٰؓ کا عملی تعاون ۱۱۸


Marfat.com

—— قضایا کی مشاورت میں حضرت علیؓ کی شمولیت ۱۱۸
—— شراب نوشی پر سزا (ولید بن عقبہ کا واقعہ) ۱۲۰
—— ایک وضاحت (شراب نوشی کی سزا میں اضافہ کرنا خلافِ سُنّت نہ تھا) ۱۲۳
—— تنبیہ۔ (ولید کے متعلق مزید بحث جواب المطاعن میں آرہی ہے) ۱۲۴
—— زنا پر حد لگانے کا واقعہ ۱۲۴
—— بدفعلی کی سزا کا واقعہ ۱۲۵
—— چشم تلف کر دینے کا واقعہ ۱۲۷


## ۲۔عنوانِ دوم


—— عثمانی خلافت میں ہاشمی حضرات کے عہدے اور مناصب ۱۲۸
—— قضاء کا عہدہ (عثمانی دور کا قاضی ایک ہاشمی بزرگ تھے ۱۲۹
—— گورنری کا عہدہ (مکہ شریف کا حاکم ایک ہاشمی جوان تھا) ۱۳۰
—— بعض اہم اُمور پر تعین (یہ بھی ہاشمی تھے) ۱۳۰


## ۳۔عنوانِ سوم


—— عدالت عثمانی کی طرف ہاشمیوں کا رجوع کرنا اور فیصلہ طلب مقدمات کا باہم مشورہ طے پانا (عثمانی فیصلوں کی تصدیق و تائید کرنا + اس عنوان کے تحت چار واقعات پیش خدمت ہیں۔ ۱۳۲


Marfat.com

## ۴۔ عنوانِ چہارم


— امیر المؤمنین سیدنا عثمان بن عفان کا ہاشمی حضرات کی عظمت کو ملحوظ رکھنا اور ہاشمیوں کے جنازے پڑھانا ۱۳۸

— حضرت عباسؓ بن عبد المطلب کا احترام ۱۳۸

— حضرت عمرؓ و عثمانؓ کا حضرت عباسؓ کو دیکھ کر سواری سے اُتر جانا۔ ۱۳۹

— حضرت عباسؓ کی توہین کرنے پر حضرت عثمانؓ نے سزا دی تھی ۱۴۰

— حضرت ذوالنورینؓ نے حضرت عباسؓ کے جنازے کی نماز پڑھائی ۱۴۱

— حضرت علیؓ کے صاحبزادے محمد بن حنفیہ کا جنازہ حضرت عثمانؓ غنی کے صاحبزادے ابان بن عثمانؓ نے پڑھایا۔ ۱۴۲

— تنبیہ دگذشتہ مسئلہ کی یاد دہانی کرائی گئی کہ جنازہ پڑھانے کا حق حاکم و والی کو ہوتا ہے ۱۴۳

— عبداللہ بن جعفر طیارؓ کا جنازہ حضرت ابان بن عثمانؓ نے پڑھایا ۱۴۳


## ۵۔ عنوانِ پنجم


— خلافتِ عثمانی میں ہاشمی حضرات کا شریکِ جہاد ہونا ۱۴۴

— غزوۂ طرابلس و افریقیہ وغیرہ (۲۶ھ) میں حضرات حسنینؓ، ابن عباسؓ، عبداللہ بن جعفرؓ شریک ہوئے ۱۴۵


Marfat.com

— اس مقام کی ایک دوسری روایت حضرت عثمانؓ کی شہادت پر حضرت علیؓ اور ان کی صاحبزادیوں کا گریہ کرنا ۱۸۹
— جنازہ عثمانی و دفن وغیرہ میں حضرت علیؓ و اولادِ علیؓ کی شمولیت اس پر متعدد روایات پیش کی گئی ہیں ۱۹۰
— شیعہ کتب سے جنازہ کے مسئلہ کی تائید ۱۹۴
— اختتام بحث محاصرہ اور بابِ ھٰذا کا اجمالی خاکہ ۱۹۵
— حضرت علی المرتضیٰؓ کی اولاد میں سیدنا عثمانؓ کا نام مروّج تھا ۱۹۵
— حضرت عثمانؓ کا نام اولادِ علیؓ میں (شیعہ کتب سے) ۱۹۹
— خاتمہ — ۲۰۴


Marfat.com

# مراجع کتب شیعہ برائے کتاب رحماء بینہم حصہ سوم عثمانی

| نمبر شمار | نام کتاب | سن وفات صاحب کتاب |
| --- | --- | --- |
| ۱ | تاریخ یعقوبی از احمد بن ابی یعقوب بن جعفر الکاتب العباسی | سنہ ۲۵۶ھ / ۲۵۸ ، سنہ ۲۸۴ھ |
| ۲ | قرب الاسناد از عبداللہ بن جعفر الحمیری | (القرن الثالث) |
| ۳ | مقاتل الطالبیین از ابوالفرج علی بن حسین بن محمد الاصفہانی صاحب الاغانی۔ | سن تالیف سنہ ۳۱۳ھ |
| ۴ | کتاب الروضہ (مع الفروع الکافی) جلد ثالث | سنہ ۳۲۹ھ |
| ۵ | التنبیہ والاشراف للمسعودی (طبع مصر) از ابوالحسن علی بن الحسین بن علی مسعودی | سنہ ۳۴۵ھ / ۳۴۶ |
| ۶ | مروج الذہب للمسعودی ابوالحسن علی بن الحسین بن علی مسعودی | سنہ ۳۴۶ھ |
| ۷ | معانی الاخبار للشیخ الصدوق ابن بابویہ القمی | سنہ ۳۸۱ھ |
| ۸ | "رجال کشی" طبع قدیم بمبئی / طبع جدید طہران از ابوعمرو محمد بن عمر بن عبدالعزیز الکشی | (القرن الرابع) |
| ۹ | نہج البلاغۃ طبع مصر از شیخ سید شریف الرضی ابی الحسن محمد بن ابی احمد الحسین۔ | سنہ ۴۰۴ھ |
| ۱۰ | الارشاد للشیخ المفید (محمد بن نعمان المفید) | سنہ ۴۱۳ھ |
| ۱۱ | الامالی للشیخ ابی جعفر محمد بن حسن شیخ الطائفۃ الطوسی | سنہ ۴۶۰ھ |
| ۱۲ | احتجاج طبرسی طبع قدیم ایران از شیخ ابی منصور احمد بن علی الطبرسی۔ | سنہ ۵۴۸ھ |

Marfat.com

۱۳ - المناقب للخوارزمی (اخطب خوارزم الموفق بن احمد بن محمد البکری المکی) سنہ ۵۶۸ھ

۱۴ - المناقب لابن شہرآشوب طبع ہندوستان (از محمد بن علی بن شہرآشوب مازندرانی) سنہ ۵۸۸ھ

۱۵ - حدیدی شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید (از ابو حامد عبد الحمید بن بہاؤ الدین محمد المدائنی) سنہ ۶۵۶ھ

۱۶ - شرح نہج البلاغہ لابن میثم البحرانی (از کمال الدین میثم بن علی بن میثم البحرانی) سنہ ۶۹۰ھ

۱۷ - کشف الغمۃ فی معرفۃ الائمہ از علی بن عیسیٰ الاربلی - سن تالیف سنہ ۶۸۷ھ

۱۸ - حواشی عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب سید جمال الدین بن عنبہ سنہ ۸۲۸ھ

۱۹ - بحار الانوار از ملا باقر مجلسی سنہ ۱۱۱۱ھ

۲۰ - حیات القلوب از ملا باقر مجلسی (طبع نول کشور لکھنؤ) سنہ ۱۱۱۱ھ

۲۱ - جلاء العیون لملا باقر مجلسی سنہ ۱۱۱۱ھ

۲۲ - الدرۃ النجفیۃ (شرح نہج البلاغہ) (از شیخ ابراہیم بن حاجی حسین الدنبلی) سنہ ۱۲۹۱ھ

۲۳ - ناسخ التواریخ از لسان الملک مرزا محمد تقی (وزیر اعظم سلطان ناصر الدین قاچار شاہ ایران) سنہ ۱۲۹۷ھ

۲۴ - تنقیح المقال للشیخ عبد اللہ مامقانی سنہ ۱۳۰۰ھ

۲۵ - تحفۃ الاحباب فی نوادر آثار الاصحاب للشیخ عباس القمی سنہ ۱۳۵۹ھ

۲۶ - منتہی الآمال للشیخ عباس القمی سنہ ۱۳۵۹ھ

۲۷ - ترجمہ و شرح فارسی فیض الاسلام (طبع طہران ؟ سید علی نقی) - سن تالیف سنہ ۱۳۶۲ھ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلْحمد للہ ربّ العٰلمین ۔ الرّحمٰن الرّحیم ۔ والصّلوٰۃ والسّلام علیٰ سیّد الاوّلین والآخرین امام الرسل وخاتم النبیّین وعلیٰ آلہٖ الطیّبین و بناتہ الاربعۃ الطاھرات وازواجہ المطھّرات واصحابہٖ المزکّین المنتخبین وعلیٰ سائر اتباعہٖ باحسانٍ الیٰ یوم الدّین وعلیٰ جمیع عباد اللہ الصالحین ۔ رضوان اللہ علیھم اجمعین ۔

---

خطبۂ مسنونہ کے بعد بندۂ ناچیز محمد نافع بن مولانا عبدالغفور بن مولانا عبدالرحمٰن عفا اللہ عنہم ساکن قریہ محمّدی (متصل جامعہ محمّدی شریف) ضلع جھنگ غربی پنجاب (پاکستان) عرض کرتا ہے کہ کتاب "رُحَمَاءُ بَینَہُم" کا یہ سوم حصّہ (عثمانی) ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے ۔

۱ ۔ اس میں خلیفۂ ثالث حضرت سیّدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور حضرت سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور ان کے خاندان کے درمیان خوشگوار تعلقات اور باہمی احترام و اکرام کے مراسم ایک ترتیب سے ذکر کیے گئے ہیں ۔

۲ ۔ اور دورِ ہٰذا کی ضرورت کے تحت بعض مطاعن عثمانی (یعنی مسئلہ اقرباء نوازی) کے جوابات بھی تالیف کیے گئے ہیں جنہیں مستقل تصنیف کی شکل میں عنقریب پیش کیا جائیگا ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

۳ ۔ سابقہ حصص (صدیقی ۔ فاروقی) کی طرح یہاں بھی پانچ ابواب میں مضامین مندرجہ کو مرتب کیا گیا ہے ۔ پانچ کے عدد کو محبوب رکھنے والے احباب کے لیے گویا فرحت کا سامان پیدا کر دیا ہے ۔

Marfat.com

۴ ـــ قبل ازیں بھی ذکر کر دیا ہے کہ کتاب ہٰذا کے ذریعہ بحث و مباحثہ مقصود نہیں اور نہ ہی ہمیں کسی جوابی کارروائی کا انتظار ہو گا۔ یہاں ان حضرات کا باہمی قُرب اور تعلق پیش کرنا منظور ہے۔ جیسا کہ کتاب اللہ نے اِس مسئلہ کو بیان فرمایا ہے۔

۵ ـــ دینی مسائل میں افراط و تفریط آجکل ترقی پذیر ہے۔ حدود سے تجاوُز کا دَور دَورہ ہے۔ اس وقت کی اہم ضرورت ہے کہ صحابہ کرامؓ کے "صحیح مقام" کو سلف صالحین کے طریقہ پر محفوظ و ملحوظ رکھا جائے اور کتاب و سُنّت کی روشنی میں ان کی اِتّباع کو زندگی کا نصب العین بنایا جائے۔ یہی چیز آخرت میں مُوجب نجات ہو گی۔

۶ ـــ ناظرین کرام مندرجہ واقعاتِ کتاب ہٰذا کو ایک ایک کر کے ملاحظہ فرما کر غور کریں کہ سیّدنا عثمانؓ بن عفان اور سیّدنا علیؓ ایک دوسرے کے کتنے قریب تھے؟ ایک دوسرے کو کیسا سمجھتے تھے؟ عملی زندگی میں اُن کا باہم کیا طرزِ عمل تھا؟ ایک کا رویّہ دوسرے کے حق میں کیسا تھا؟ ابتداء سے لے کر انتہا تک ان کا باہمی معاشرتی سلوک ہمیں کیا سبق دیتا ہے؟

ان عنوانات کو سامنے رکھ کر کتاب ہٰذا کا مطالعہ فرما دیں۔ ان بزرگوں کے متعلق پیدا کردہ شکوک و شبہات خود بخود مندفع ہو جائیں گے۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

---

Marfat.com

# مختصر تمہیدات

۱ ـــــ "تعلقات" کے ان مضامین کی حقانیت و صداقت پر ہمارا اصل استدلال قرآن مجید سے ہے۔ اللہ کی کتاب نے صراحۃً بیان فرما دیا ہے کہ نبیِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کے صحابہ کرامؓ کے مابین "اخوتِ دینی" اور "اسلامی برادری" کا رشتہ ہمیشہ سے قائم ہے۔

ـــــ باقی روایات و تاریخی واقعات وغیرہ جو کچھ بھی ہم اس باب میں ذکر کریں گے، وہ سب نصِ قرآنی کی تائید و تصدیق کے طور پر درج کریں گے۔

۲ ـــــ جب اس مسئلہ کے لیے اصل دلیل کتاب اللہ سے ہے۔ تو استدلال کے مقام میں وہی روایات لائق اعتماد ہونگی جو "نصوصِ قرآنی" و "سنّتِ مشہورہ" کے برخلاف نہ ہوں۔

اور اس کے برعکس جن روایات میں ان بزرگوں کے درمیان تنازعات اور مناقشات کے نقشے کھینچے گئے ہیں۔ وہ تمام تر ذخیرے یہاں معارضے کے مقام میں مفید نہ ہوں گے اور ان سے استدلال کرنا درست نہ ہوگا۔

---

Marfat.com

# قبولِ روایت کے متعلق اہل السُّنّۃ کے چند ضوابط

ا ـــــ خطیب بغدادیؒ نے کتاب "الکفایہ فی علم الروایہ" صفحہ ۴۳۰ میں اس مضمون کی ایک باسند روایت ابوہریرہؓ سے نقل کی ہے۔

"عن ابی هُرَیرۃ عن النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلّم انّہ قال سیأتیکم عنّی احادیث مختلفۃ فما جاءکم مُوافقًا لکتاب اللہ وسنّتی فھو منّی وما جاءکم مخالفًا لکتاب اللہ وسُنّتی فلیس منّی"

"یعنی حضرت ابوہریرہؓ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے نقل کرتے ہیں کہ حضور علیہ السّلام نے فرمایا کہ میری طرف منسوب شدہ مختلف قسم کی روایات عنقریب تمہارے پاس پہنچیں گی جو کتاب اللہ اور میری سُنّتِ (مشہورہ) کے مطابق ہوں وہ درست ہوں گی اور جو کتاب اللہ اور میری سُنّت کے معارض ہوں وہ صحیح نہیں ہوں گی"

اِس روایت کے ذریعہ واضح ہوگیا کہ احادیث کی کتابوں میں یا تواریخ میں یا فضائل ومناقب کی کتب میں کتاب وسُنّت کے برخلاف جو کچھ مواد پایا جاتے وہ ہرگز التفات کے قابل نہیں۔

۲ ـــــ عُلمائے حدیث کے ہاں روایات کے باب میں ایک یہ قاعدہ بھی جاری و ساری ہے۔ جو فاضل ذہبیؒ نے "تذکرۃ الحفاظ" جلد اوّل صفحہ ۱۲ پر تذکرہ سیدنا حضرت علیؓ میں درج کیا ہے پہلے حضرت علیؓ کا فرمان تحریر کیا ہے پھر اس پر اپنی طرف سے ناصحانہ تشریح ثبت

Marfat.com

کی ہے۔ لکھتے ہیں:

عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ حَدِّثُوا النَّاسَ بِمَا يَعْرِفُوْنَ وَ دَعُوْا مَا يُنْكِرُوْنَ اَتُحِبُّوْنَ اَنْ يُّكَذَّبَ اللهُ وَرَسُوْلُهٗ؟ (قال الذهبی) فَقَدْ زَجَرَ الْاِمَامُ عَلِيٌّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ رِوَايَةِ الْمُنْكَرِ وَحَثَّ عَلَى التَّحْدِيْثِ بِالْمَشْهُوْرِ وَهٰذَا اَصْلٌ كَبِيْرٌ فِي الْكَفِّ عَنْ بَثِّ الْاَشْيَاءِ الْوَاهِيَةِ وَالْمُنْكَرَةِ مِنَ الْاَحَادِيْثِ فِي الْفَضَائِلِ وَالْعَقَائِدِ وَالرَّقَائِقِ۔

(۱) تذکرۃ الحفاظ ص۱۲، ج ۱ للذہبی تذکرہ حضرت علیؓ، مطبوعہ حیدر آباد دکن۔

(۲) کنز العمال ص ۲۴۲، ج ۵، طبع اوّل (بحوالہ خط۔ فیہ) جلد خامس، کتاب العلم۔ آداب العلم متفرقہ۔

حاصل یہ ہے کہ حضرت علی المرتضیٰؓ کا فرمان ہے کہ معروف و مشہور چیزیں بیان کیا کرو اور منکر یعنی معروف و مشہور کے خلاف باتیں عوام میں نہ ذکر کیا کرو۔ کیا تمہیں پسند ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی تکذیب کی جائے؟ فاضل ذہبیؒ اس مرتضوی قول کی روشنی میں لکھتے ہیں کہ ہمارے امام و مقتدیٰ علی المرتضیٰ نے ہمیں شاذ و منکر روایات کے بیان کرنے سے سختی سے منع فرمایا ہے۔ اور مشہور و معروف چیزوں کے بیان کرنے میں رغبت دلائی ہے۔ اور بے سروپا و بے اصل روایات کے پھیلانے اور تشہیر کرنے سے روکنے کے لیے یہ شاندار قاعدہ بیان فرمایا ہے۔ یہ روایات خواہ عقائد سے تعلق رکھتی ہوں یا فضائل اور ترغیبات کے باب سے ہوں، سب کی خاطر یہ قانون ضروری اور لازمی ہے۔

Marfat.com

# تسلیم روایت کے لیے

# علمائے شیعہ کے قواعد

۱۔ امام محمد باقرؒ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حجۃ الوداع والا خطبہ نقل فرماتے ہوئے حضور علیہ السّلام کا ارشاد ذکر کرتے ہیں۔

"فاذا اتاکم الحدیث فاعرضوہ علی کتاب اللہ عزّوجلّ و سُنّتی فما وافق کتاب اللہ و سُنّتی فخذوا بہ و ما خالف کتاب اللہ و سُنّتی فلا تأخذوا بہ"

(احتجاج طبرسی، ص ۲۲۹، احتجاج ابی جعفر محمد بن علی الثانی علیہما السلام فی انواع شتیٰ، طبع قدیم۔ ایران)

حاصل یہ ہے کہ امام محمد باقرؒ فرماتے ہیں کہ نبی کریم علیہ السّلام نے فرمایا کہ جب تمہارے پاس کوئی حدیث پہنچے تو اس کو کتاب اللہ اور میری سُنّت پر پیش کرو جو کتاب اللہ اور میری سُنّت کے موافق ہو اس کو قبول کرو اور جو کتاب اللہ اور میری سُنّت کے برخلاف ہو اس کو مت تسلیم کرو (اور اس پر عمل درآمد نہ کرو)۔

۲ ـــــ مغیرہ بن سعید بڑا مکار آدمی تھا۔ وہ امام باقرؒ کے نام سے بے شمار جعلی روایات چلایا کرتا تھا۔ امام جعفر صادقؒ مغیرہ بن سعید کی اس "تدلیس" اور "جعل سازی" کا ذکر کرتے ہوئے لوگوں سے بطورِ نصیحت ایک فائدہ بیان فرماتے ہیں:

فاتقوا اللہ ولا تقبلوا علینا ما خالف قول ربّنا تعالیٰ وسُنّۃ

Marfat.com

نبیّنا محمد صلی اللہ علیہ وسلّم ۔"

"یعنی اللہ تعالیٰ سے خوف کرو، جو چیز کتاب اللہ اور سنّتِ نبی علیہ السلام کے برخلاف ہو اس کو ہماری طرف منسوب کر کے مت قبول کرو۔"

(۱) رجال کشی تذکرہ مغیرہ بن سعید، ص ۱۴۶ ۔ طبع بمبئی قدیم
رجال کشی تذکرہ، مغیرہ بن سعید، ص ۱۹۵ ۔ طبع جدید تہران
(۲) تحفۃ الاحباب فی نوادر آثار الاصحاب للشیخ عباس القمی، ص ۳۷۳ ۔ تحت مغیرہ بن سعید۔

**تنبیہ** ۔ ان قواعد کے متعلق مزید تفصیل قبل ازیں "حصّہ صدیقی" و "حصّہ فاروقی" کی ابتدا میں درج کی جا چکی ہے ۔ یہاں مختصراً بیان کیا ہے۔

اس کے بعد اصل کتاب کے مضامین کو شروع کیا جاتا ہے ۔ باب اوّل میں نسبی روابط کا بیان ہے وہ ملاحظہ فرما دیں۔

---

Marfat.com

# خاندانِ بنی ہاشم اور خاندانِ حضرت عثمانؓ

کی

## رشتہ داریاں ——— ایک نظر میں

(۱) اَروی بنت کریز بنت اُمِ حکیم البیضاء بنت عبدالمطلب بن ہاشم
حضرت علیؓ کی پھوپھی زاد بہن ——— حضرت عثمانؓ کی ماں

(۲) حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
حضرت رسُولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی — حضرت عثمانؓ کی زوجہ

(۳) حضرت اُمِ کلثوم رضی اللہ عنہا
حضرت رسُولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی — حضرت عثمانؓ کی زوجہ

(۴) اُمِ کلثوم بنت عبداللہ بن جعفر طیارؓ:
حضرت علیؓ کے بھتیجے کی صاحبزادی — حضرت عثمانؓ کے صاحبزادے ابان کی بیوی

(۵) سکینہ بنت سیدنا حسینؓ:-
حضرت علیؓ کی پوتی — حضرت عثمانؓ کے پوتے زید بن عمر کی بیوی-

(۶) فاطمہ بنت سیدنا حسینؓ:-
حضرت علیؓ کی پوتی — حضرت عثمانؓ کے پوتے عبداللہ بن عمر کی بیوی

(۷) اُمِ القاسم بنت حسن مثنیٰ:-
حضرت سیدنا حسن بن علیؓ کی پوتی — حضرت عثمانؓ کے پوتے مروان بن ابان کی بیوی-

---

نوٹ:- نقشہ ہذا کی تفصیل باب اوّل میں ملاحظہ فرمائیں-

Marfat.com

# باب اوّل

## خاندانی ونسبی تعلّقات

معاشرتی زندگی میں مضبوط تر تعلقات خاندانوں کے باہم نسبی روابط شمار کیے جاتے ہیں۔ ایک خانوادے کا دوسرے خانوادے کے ساتھ رشتہ داری کا تعلق ہونا خوشگی کا پختہ مظاہرہ تصور کیا جاتا ہے۔ قبیلہ کا آپس میں رشتہ لینا دینا باہم یگانگت کی علامت قرار دیا جاتا ہے۔ نسبی مراسم قبائل میں ہمیشہ جاری رہتے ہیں۔ ان کے ذریعہ قبیلہ قبیلے کے قریب رہتا ہے اور ایک دوسرے کا کفو شمار کیا جاتا ہے۔ یہ معاشرہ کے فطری اصول ہیں۔ ہر باشعور انسان اور ذی تجربہ آدمی ان کو صحیح تصور کرتا ہے۔ بنا بریں اس مقام میں حضرت عثمانؓ بن عفان بن ابی العاص بن امیہ اور حضرت علیؓ بن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم کے مبارک خاندان کے بعض نسبی رشتے نقل کیے جاتے ہیں۔ اور اس مسئلہ کی تمہید میں حضرت علیؓ کا اپنا بیان نہج البلاغہ وغیرہ شیعہ تصانیف سے درج کیا جاتا ہے جو حضرت امیر معاویہؓ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا اس میں حضرت علیؓ نے ان ہر دو خاندانوں کے باہم رشتہ لینے و رشتہ دینے کا اقرار کیا ہے اور باہم ایک کفو ہونے کو تسلیم کیا ہے اگرچہ واقعہ میں فرق مراتب موجود ہے۔

فرماتے ہیں کہ

........ لَمْ يَمْنَعْنَا قَدِيمُ عِزِّنَا وَلَا عَادِي طَوْلِنَا عَلَى قَوْمِكَ اَنْ خَلَطْنَاكُمْ بِاَنْفُسِنَا فَنَكَحْنَا وَاَنْكَحْنَا فِعْلَ الْاَكْفَاءِ۔

Marfat.com

(نہج البلاغہ، طبع مصر، ج ۲، ص ۳۲ من کتاب لہٗ علیہ السلام الیٰ معاویۃؓ وہو من محاسن الکتب)

..... "یعنی آپ کی قوم پر ہمارے دیرینہ غلبہ نے ہم کو اس بات سے منع نہیں کیا کہ ہم آپ لوگوں کو اپنے (قبیلہ میں) ملائیں۔ پس ہم نے (تم سے) نکاح کیے۔ اور تمہارے ساتھ اپنے اہل قبیلہ کے نکاح کر دیئے۔ جیسا کہ ہم کفو" و "ہم نسل" لوگ باہم رشتے لیتے دیتے ہیں۔"

حضرت علی المرتضیٰؓ کے مندرجہ بالا کلام کا فارسی ترجمہ شیعہ کے مشہور عالم سید علی نقی الملقب "بفیض الاسلام" نے اپنی شرح کے جزء پنجم صفحہ ۸۸۸ طبع طہران پر ان الفاظ کے ساتھ کیا ہے:

"شرفِ کہن و بزرگی دیرینِ ما را با خویشاوندان تو منع نہ کرد از اینکہ شما را با خود خلط نمودہ بیامیختیم و از شما زن گرفتیم و بشما زن دادیم چنانکہ اقران و مانند آں انجام می دہند۔"

(ترجمہ و شرح فارسی فیض الاسلام، ج ۵ ص ۸۸۸ تحت کلام مذکور)

ابن ابی الحدید شیعی شارح "نہج البلاغہ" نے عبارت مذکورہ کے تحت بنی عبد شمس اور بنی ہاشم ہر دو خاندانوں کے باہم چھ عدد رشتے ذکر کیے ہیں تفصیل مطلوب ہو تو حدیدی کو اس مقام سے ملاحظہ کر کے تسلی کی جا سکتی ہے۔

اس کے بعد حضرت عثمان بن عفان اور حضرت علیؓ بن ابی طالب کے خاندانوں کے درمیان چند متداول نسبی تعلقات و رشتہ داریاں جو تاریخِ اسلام میں پائی جاتی ہیں، یہاں ان کو ایک ترتیب سے ذکر کیا جاتا ہے۔ امید ہے ناظرین کرام "تاریخی حقائق" کو ملاحظہ فرما کر بآسانی عمدہ نتائج مرتب فرمانے میں کوئی دشواری نہیں محسوس کریں گے۔

Marfat.com

# مادرِ حضرت عثمانؓ بن عفّان کا رشتہ

## (۱)

حضرت سیّدنا عثمانؓ کا شجرہ نسب اِس طرح ہے:

ابوعبداللہ عثمانؓ ذوالنورین بن عفان بن ابی العاص بن اُمیہ بن عبد شمس بن عبد مناف۔

اور آپ کی والدہ کا نام اروی بنت کریز ہے۔ اور اروی کی والدہ (یعنی حضرت عثمانؓ کی نانی) کا نام ام حکیم البیضاء بنت عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف ہے۔

اہلِ انساب و مشہور مؤرخین کی عبارات ذیل میں یہ رشتہ مذکور ہے۔ طبقات ابن سعد میں اروی کے تذکرہ کے تحت جلد ہشتم، صفحہ ۶۶ امیں لکھا ہے کہ:

"اروی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی واُمہا ام حکیم البیضاء بنت عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی تزوّجہا عفان بن ابی العاص بن اُمیہ فولدت لہ عثمان و آمنۃ ابنی عفان . . . . . . وَاَسْلَمَتْ اَرْوٰی بنت کُرَیْزٍ وہاجرت الی المدینۃ بعد ابنہا ام کلثوم بنت عقبۃ وبایعت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ولم تزل بالمدینۃ حتّٰی ماتت فی خلافۃ عثمان بن عفان۔"

(۱) طبقات ابن سعد، جلد ثامن صفحہ ۱۶۶، تذکرہ اروی طبع لیدن۔

(۲) تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱، ص ۱۳۱ طبع نجف اشرف عراق۔

(۳) انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵، ص ۱، طبع بغداد ذکر عثمان بن عفان۔

(۴) کتاب المحبّر لابی جعفر بغدادی، ص ۴۰۷، طبع حیدرآباد دکن۔

——— اور اُسد الغابہ لابن اثیر اور مستدرک حاکم میں رشتہ ہذا کو اس طرح ذکر کیا گیا ہے:-

Marfat.com

"اروی بنت کریز بن حبیب بن عبد شمس وھی ام عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ و امہا ام حکیم وھی البیضاء بنت عبد المطلب عمۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ماتت فی خلافۃ عثمان"

(۱) مستدرک حاکم، ج ۴، ص ۹۶ طبع دکن۔

(۲) اُسد الغابہ لابن اثیر الجزری، ج ۵ ص ۱۹۱، باب النساء

خلاصہ کلام یہ ہے کہ حضرت اروٰیؓ جو کریز کی دختر ہیں ان کی ماں کا نام اُمّ حکیم البیضاء بنتِ عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف ہے۔ یہ حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی عمّہ محترمہ (یعنی پھوپھی) ہیں۔ حضرت اروی کے ساتھ عفان بن ابی العاص بن امیہ نے نکاح کیا عفان کا ایک لڑکا عثمانؓ اور ایک لڑکی آمنہؓ متولد ہوئیں . . . . . . اروی اسلام لائیں اور اپنی لڑکی ام کلثومؓ بنت عقبہ کے بعد ہجرت کی اور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیعت سے مشرف ہوئیں۔ ہمیشہ مدینہ میں مقیم رہیں۔ اپنے بیٹے عثمانؓ بن عفان کی خلافت کے ایام میں فوت ہوئیں۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا وعن کل الصحابۃ اجمعین)۔

ناظرین کرام کو معلوم ہونا چاہیے کہ حضرت عثمانؓ کی نانی ام حکیم البیضاء بنت عبد المطلب جو نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی ہیں۔ یہ حضرت نبی کریمؐ کے والد شریف عبد اللہ بن عبد المطلب کی توأم تھیں (یعنی جُڑواں تھی)، اور ایک شکم سے پیدا شدہ تھیں۔ "استیعاب" لابن عبد البر جلد چہارم تذکرہ اروی بنت عبد المطلب میں یہ تصریح موجود ہے۔ ارباب تحقیق رجوع کر سکتے ہیں۔

یہ علمِ تاریخ وانساب کے تاریخی حقائق ہیں۔ تمام اہلِ علم شیعہ سنی وغیرہما سب حضرات ان رشتوں کو درست تسلیم کرتے ہیں۔ شیعہ کتاب نہج البلاغہ کی شرح میں ابن ابی الحدید شیعی معتزلی نے کئی مقامات میں لکھا ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ کو "ابن خالی" (یعنی ماموں کے بیٹے) کے الفاظ سے حضرت عثمانؓ خطاب کرتے ہیں۔ مطالعہ کنندگانِ کتاب مذکور پر

Marfat.com

یہ امر مخفی نہیں۔

چودھویں صدی کے شیعی مجتہد و عالم کبیر شیخ عباس قمی نے منتہی الآمال جلد اوّل فصل نہم باب احوال اقربا رسولِ خدا میں اس رشتہ کو باین الفاظ درج کیا ہے ... ... " واما ام حکیم بنت عبدالمطلب پس او زوجۂ کریز بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف بودہ "

غرضیکہ حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ کے اس رشتہ کو شیعہ سُنّی اربابِ علم سب صحیح تسلیم کرتے ہیں۔ رشتہ ہٰذا کے ذریعہ جو حضرت عثمانؓ و حضرت علیؓ کے نسبی تعلقات قائم ہیں ان کو ایک شکل میں یہاں پیش کیا جاتا ہے۔

# روابطِ نسبی

۱ — ام حکیم البیضاء بنت عبدالمطلب بن ہاشم (جو حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے والد شریف عبداللہ کی توأم ہیں اور نبی کریمؐ کی عمہ محترمہ (پھوپھی) ہیں اور حضرت علیؓ کی بھی عمہ محترمہ ہیں) حضرت عثمانؓ کی سگی نانی ہیں۔

۲ — یعنی عثمانؓ ام حکیم بیضاء کے نواسے ہیں اور حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب عمۃ النبیؐ کی بھانجی (یعنی خواہر زادی) کے بیٹے ہیں۔ اور حضرت صفیہؓ حضرت عثمانؓ کی ماں کی حقیقی خالہ ہیں۔

۳ — حضرت علیؓ کے والد ابو طالب حضرت عثمان کی ماں کے ماموں ہیں اور حضرت عثمانؓ کی ماں (اروی) ان کی بھانجی ہے۔

۴ — حضرت علی المرتضیٰؓ، حضرت عثمانؓ کی ماں کے ماموں زاد بھائی ہیں۔ اسی طرح حضرت جعفر طیار و حضرت عقیل بھی حضرت عثمانؓ کی ماں کے ماموں زاد بھائی ہیں۔

Marfat.com

۵ ــــــ حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ و جعفر طیارؓ و عقیلؓ کی پھوپھی زاد بہن (داروی) کے لڑکے ہیں۔

۶ ــــــ حضرت عثمانؓ، حضرت سید الشہداء حمزہؓ و حضرت عباس بن عبد المطلب کی خواہر زادی (بھانجی) کے بیٹے ہیں۔

۷ ــــــ حضرت حمزہؓ و عباسؓ حضرت عثمانؓ کی والدہ (داروی) کے سگے ماموں ہیں جیسا کہ ابو طالب ماموں ہیں۔

خلاصہ یہ ہے حضرت عثمانؓ کی والدہ بنی ہاشم کی نواسی ہیں یعنی ان کے ننہیال والے بنی ہاشم تھے اس بنا پر یہ رشتے حضرت عثمانؓ و حضرت علیؓ کے درمیان قائم دائم ہیں اور مزید چیزیں بھی جو اس سلسلہ میں قابل ذکر ہیں وہ بھی آرہی ہیں، انتظار فرمادیں۔ واولو الارحام بعضھم اولیٰ ببعض کا مصداق ملاحظہ فرما کر امید ہے آپ مسرور ہونگے (انشاء اللہ)۔

# سرور کائنات علیہ الصّلوات والتسلیمات کے ساتھ حضرت عثمانؓ کا رشتہ ذی النّورین (دامادی)

حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صاحبزادیاں حضرت رقیہؓ و حضرت اُم کلثوم (جن کی ماں حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ ہے) یکے بعد دیگرے حضرت عثمانؓ بن عفان کے نکاح میں آئیں۔

اس دوہرے رشتہ کی بنا پر حضرت عثمانؓ کو اُمت نے "ذُوالنورین" کے لقب سے یاد کیا۔ یعنی نبیؐ کے دو نورِ نظر یکے بعد دیگرے ان کو نکاح میں نصیب ہوتے۔

علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے "تاریخ الخلفاء" باب ذکرِ عثمانؓ میں لکھا ہے کہ حضرت عثمانؓ کے سوا اولادِ آدمؑ میں کوئی شخص ایسا نہیں گزرا جس کے نکاح میں نبی کی دو دختر

Marfat.com

آئی ہوں"

قَالَ الْعُلَمَاءُ وَلَا يُعْرَفُ اَحَدٌ تَزَوَّجَ بِنْتَيْ نَبِيٍّ غَيْرَهُ وَلِذَالِكَ سُمِّيَ ذَا النُّوْرَيْنِ الخ "

اور ابن حجر مکی نے بھی یہی قول "الصواعق" میں ذکر کیا ہے۔

(۱) تاریخ الخلفاء سیوطی ص ۱۰۵، طبع مجتبائی دہلی - باب ذکر عثمان بن عفان رضؓ۔

(۲) "الصواعق المحرقہ" لابن حجر المکی ص ۱۰۷، الباب السابع، الفصل الاوّل۔

(۳) کنز العمال، جلد ششم ص ۳۷۱ تحت فضائل ذی النورین عثمان رضؓ

(۴) کنز العمال، ج ۶، ص ۳۷۵، بحوالہ ابن عساکر۔

اس مبارک رشتہ کے متعلق جو حضرت عثمان کو خاندان بنی ہاشم کے ساتھ حاصل ہے کسی خاص حوالہ کی حاجت نہیں - ذوالنورین کی رشتہ داری فریقین کے نزدیک مسلمات میں سے ہے۔ تاہم عوام کے لیے بطور وضاحت چند ایک حوالہ جات درجِ ذیل ہیں:-

(۲)

طبقات ابنِ سعد جلد ہشتم میں نبی کریم کی صاجزادی حضرت رقیہ رضؓ کے حالات میں لکھا ہے:

(۱) ـــــ رُقیہ بنت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم و امّہا خدیجۃ بنت خویلد . . . . . کَانَ تَزَوَّجَهَا عُتبۃ بن ابی لَهَبٍ بن عبد المطّلب قبل النبوّۃ فلمّا بُعِثَ رسُول اللہ و انزل اللہ تَبَّتْ يَدَا اَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ فقال لہٗ ابو لهب . . . ففارقها و

Marfat.com

لم یکن دخل بھا و اسلمت حین اسلمت امھا خدیجۃ بنت خویلد و بایعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھی واخواتھا حین بایعہ النساء وتزوجھا عثمان بن عفان وھاجرت معہ الیٰ ارض الحبشۃ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انھما لَاَوَّلُ من ھاجر الیٰ اللہ تبارک وتعالیٰ بعد لوطٍ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ولدت لہٗ بعد ذالک ابنًا فسماہ عبد اللہ وکان عثمان یکنّٰی بہٖ فی الاسلام وبلغ ست سنین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فمات ولم تلد لہٗ شیئًا بعد ذالک ومرضت و رسول اللہ یتجہز الیٰ بدرٍ فخلف علیھا رسول اللہ عثمانؓ بن عفان فتوفیت ورسول اللہ (صلعم) ببدر فی شھر رمضان (۱) ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ و قدم زید بن حارثۃ من بدر بشیرًا فدخل المدینۃ حین سوی التراب علیٰ رقیۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

(۲) ـــــ وضَرَبَ رسُولُ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم لِعُثمانَ وَسَہمِہٖ وَ اَجرِہٖ لَاخلَافَ بَیْنَ اَھلِ السِّیَرِ فِیْ ذَالِکَ ۔

(۱) اُسد الغابہ تذکرۂ رقیہؓ ج ۵، ص ۴۵۶

(۲) " تذکرہ عثمانؓ بن عفان، ج ۳، ص ۳۷۷

مندرجہ بالا عبارات کا خلاصہ یہ ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی رقیہؓ کی ماں خدیجۃ الکبریٰؓ بنت خویلد تھیں ۔ دعویٰ نبوت سے قبل عُتبہ بن ابی لہب بن عبد المُطّلب کے نکاح میں آئیں ۔ جب آنجناب نے نبوت کا اعلان فرمایا اور سورۃ تبّت یدا اَبِیْ لَہَبٍ نازل ہوئی تو ابو لہب نے اسلام سے دشمنی کی بنا پر اپنے بیٹے عُتبہ کو حضرت

Marfat.com

رقیہؓ کے طلاق دینے پر مجبور کیا۔ ابھی رخصتی نہیں ہوئی تھی اس نے طلاق دے دی۔

حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ جب اسلام لائیں تو حضرت رقیہؓ بھی اپنی بہنوں سمیت اسلام لائیں۔ اور حضور علیہ السلام سے بیعت کی جبکہ دوسری عورتوں نے بھی اسلام لاکر بیعت کی۔ پھر حضرت عثمانؓ بن عفان سے ان کی شادی ہوئی اور ملک حبشہ کی طرف اپنے خاوند عثمانؓ کی معیت میں ہجرت کی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جن لوگوں نے اپنی اہلیہ سمیت اللہ کی راہ میں ہجرت کی حضرت لوط علیہ السلام کے بعد عثمانؓ اول ان لوگوں میں ہیں۔

——— حضرت رقیہؓ سے حضرت عثمانؓ بن عفان کا ایک لڑکا عبداللہ نامی متولد ہوا۔ اِس بنا پر اسلام میں حضرت عثمانؓ کی کنیت ابوعبداللہ مشہور ہوئی تقریباً چھ سال زندہ رہنے کے بعد عبداللہ کی وفات ہوگئی

اس کے بعد حضرت رقیہؓ سے ان کی کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جنگ بدر کی تیاری کی تو حضرت رقیہؓ بیمار تھیں اس لیے ان کی تیمارداری کی خاطر حضرت عثمانؓ کو ان کے پاس رہنے کی ہدایت فرمائی۔

نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بدر میں ہی تھے کہ حضرت رقیہؓ فوت ہوگئیں (رمضان شریف ۲ھ)۔ زیدؓ بن حارثہ جب فتح بدر کی خوشخبری لے کر مدینہ پہنچے تو اُس وقت لوگ حضرت رقیہؓ کو دفن کر کے قبر پر مٹی ڈال رہے تھے۔ (طبقات ابن سعد، ج ۸، ص ۲۴ تذکرہ رقیہ رضی اللہ عنہا) (۲) الاصابہ مع الاستیعاب ص ۲۹۸ ج ۴ تحت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

## شیعہ کتب سے تائید

اہل تشیع کے مشہور مؤرخ المسعودی (متوفی ۳۴۵ھ) نے اپنی کتاب "التنبیہ و

Marfat.com

الاشراف" میں مذکورہ رشتہ کی تائید کی ہے۔ لکھتے ہیں :۔

" . . . . . وكان له من البنين تسعة، عبد الله الاكبر، توفى وله من العمر ست سنين۔ أمّه رقية بنت رسول الله صلّى الله عليه وسلّم۔ على ما قدمنا۔ الخ

(التنبیہ والاشراف للمسعودی (الشیعی)
ص ۲۵۵، تحت ذکر خلافۃ عثمانؓ)

ماحصل یہ ہے کہ :۔ کہ آپ (حضرت عثمانؓ بن عفان) کے نو بیٹے تھے۔ (ایک) عبداللہ الاکبر تھے جو چھ سال کی عُمر میں وفات پا گئے تھے۔ ان کی والدہ ماجدہ رُقیہؓ بنتِ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم تھیں۔ جیسا کہ ہم نے پہلے ذکر کیا ہے۔

## حضرت عثمانؓ کی غزوۂ بدر کے غنائم واجر میں شرکت

حضرت عثمانؓ بن عفان ذوالنُّورین کو نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے غزوۂ بدر کے غنائم اور اجر دونوں میں دیگر مجاہدین کے ہم پلّہ شریک اور بہرہ ور فرمایا۔ اس مسئلہ میں اہلِ سِیَر و تاریخ اور احادیث کی کتب میں تفصیلات موجود ہیں۔ تسکینِ خاطر کے لیے درج ذیل حوالہ جات کو ملاحظہ فرمائیں :۔

(۱) اُسد الغابہ، ج ۵، ص ۴۵۶، تذکرہ رقیہؓ
(۲) اُسد الغابہ، ج ۳، ص ۳۷۷، تذکرہ عثمان غنیؓ
(۳) صحیح بخاری شریف، ج ۱، ص ۵۲۳، باب مناقب عثمانؓ بن عفان (طبع نور محمدی دہلی)

Marfat.com

# مسئلہ مذکورہ کی شیعہ کُتُب سے تائید

شیعہ مسلک کے اکابر مؤرخین نے بھی اس چیز کی تائید کی ہے کہ سیدہ رقیہؓ کی بیماری کی وجہ سے حضرت عثمانؓ معرکہ بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے تاہم حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غنائمِ بدر میں اُن کا حصہ باقاعدہ متعین فرما کر ادا فرمایا تھا۔ اور اجر و ثواب میں برابر کا شریک کیا تھا۔ چنانچہ مشہور شیعی مؤرخ مسعودی نے اپنی تصنیف "التنبیہ و الاشراف" میں یہ مضمون (تحت السنۃ الثانیہ) بایں الفاظ تحریر کیا ہے:۔

"...... عثمانؓ بن عفان تخلّف عن بدرٍ لمرض رقیّۃ بنت رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم فضرب لہ بسہمہ فقال یارسُول اللہ واجری ؟ قال واجرک" الخ

(التنبیہ والاشراف للمسعودی، ص ۲۰۵، طبع مصر القاہرہ، تحت السنۃ الثانیہ)

حاصل یہ ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیدہ رقیہؓ کی بیماری کی وجہ سے حضرت عثمانؓ معرکۂ بدر میں شامل ہونے سے رہ گئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غنائم میں آپ کا حصہ مقرر فرمایا۔ حضرت عثمانؓ نے عرض کیا، میرے اجر و ثواب کا کیا ہوا؟ آپؐ نے فرمایا اجر و ثواب بھی حاصل ہے۔

## دفعِ وہم

حضرت عثمانؓ چونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے تحت بنت رسُولؐ اللہ کی تیمار داری کے لیے مدینہ شریف میں رہ گئے تھے۔ یہ تخلّف یعنی پیچھے رہ جانا بفرمانِ نبوت تھا۔ اس لیے اسلام کے کسی حکم کی خلاف ورزی نہیں پائی گئی۔

Marfat.com

اور وقتی ضروریات کے تحت اسی طرح حضرت علیؓ کا غزوۂ تبوک سے تخلّف یعنی پیچھے رہ جانا پایا گیا ہے۔ وہاں بھی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے فرمان سے ہُوا تھا۔ اسی طرح یہاں بھی تخلُّف فرمانِ نبوّت کی وجہ سے ہُوا ہے۔ اور اس پر مستزاد یہ کہ خدائے قُدّس کے رسُولِ معظّم صلی اللہ علیہ وسلّم معاملہ ہٰذا میں حضرت عثمانؓ پر راضی ہیں۔ اور غنائمِ بدر میں شریک کرنا، اور اجر و ثواب میں شامل فرمانا آنحضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی خوشنودی کی واضح دلیل ہے۔

## حضرت اُمِّ کُلثومؓ بنتِ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم

(۳)

طبقاتِ ابن سعد، جلد ہشتم (باب النساء) تذکرۂ اُمّ کلثوم میں مذکور ہے:-

"اُمِّ کلثومؓ حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کی صاحبزادی ہے۔ والدۂ محترمہ کا اسمِ گرامی خدیجۃ الکبریٰؓ بنت خویلد ہے۔ حضور علیہ السلام کی بعثت (یعنی دعوائے نبوّت) سے قبل اس کا نکاح عُتیبہ بن ابی لہب بن عبدالمطّلب بن ہاشم سے ہُوا اور رخصتی نہیں ہوئی تھی، جب بعثتِ نبوی ہوئی، قرآن مجید میں کفّار کی مذمّت نازل ہونے لگی اُس وقت ابولہب اور اُمِّ جمیل زوجہ ابی لہب نے اپنے لڑکے عُتیبہ سے طلاق دلوادی۔ آپ اپنے والد شریف کے ساتھ مکہ مکرمہ مقیم رہیں۔ جب اُن کی والدۂ محترمہ اسلام لائیں تو اُس وقت یہ بھی اسلام لائیں۔ اور جب دیگر خواتینِ اسلام نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم سے بیعت کی اُس وقت حضرت اُمّ کلثومؓ نے بھی اپنی بہنوں کے ساتھ حضورؐ سے بیعت کی۔ پھر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے اہل و عیال میں ہجرت مدینہ کی۔ مدینہ میں

Marfat.com

مقیم رہیں۔

جب صاحبزادی حضرت رقیہؓ (عثمانؓ بن عفان کی بیوی) فوت ہوگئیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمانؓ سے ام کلثومؓ کا نکاح کر دیا۔ ربیع الاول ۳ھ میں نکاح ہوا۔ اسی سال ۳ھ جمادی الاُخریٰ میں ان کی رخصتی بھی کر دی گئی۔ اپنی وفات تک حضرت عثمانؓ کے ساتھ آباد رہیں، اور عثمان بن عفان سے ان کی کوئی اولاد نہیں ہوئی اور شعبان ۹ھ میں ان کی وفات ہوئی ''

(۱) طبقات ابن سعد، ج ۸، ص ۲۵، طبع لیدن تذکرہ ام کلثومؓ بنت رسول اللہ صلعم۔

(۲) الاستیعاب لابن عبد البرؒ، جلد ۴، مع الاصابہ ص ۴۶۳-۴۶۴، تذکرہ ام کلثومؓ۔ طبع مصری

(۳) اُسد الغابہ، جلد ۵، تذکرہ ام کلثوم بنت النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ص ۶۱۲۔ طبع طہران )

# مزید چند فضیلتیں

## ( ا )

تاریخ و روایات کی کتابوں میں یہ بات بہ تصریح موجود ہے جب بقضاء الٰہی حضرت رقیہؓ کا انتقال ہوا تو حضرت عثمانؓ بن عفان کو اس مبارک رشتہ کے انقطاع کا سخت صدمہ ہوا۔ اور بےحد مغموم ہوئے۔ کچھ ایام افسردگی اور پریشانی کے عالم میں گزرے۔

ایک دفعہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس نوعیت کا بصد حسرت تذکرہ کیا تو آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں ارشاد فرمایا کہ:

Marfat.com

"یَا عُثْمَانُ هٰذَا جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَأْمُرُنِیْ عَنِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اَنْ اُزَوِّجَکَ اُخْتَہَا اُمَّ کُلْثُوْمٍ عَلٰی مِثْلِ صَدَاقِہَا وَعَلٰی مِثْلِ عِشْرَتِہَا فَزَوَّجَہٗ اِیَّاہَا۔ اخرجہا الثلاثۃ (ابن مندۃ۔ ابونعیم ابن عبد البر)

(۱) اُسد الغابہ: تذکرہ امّ کلثوم بنت النبی صلعم، ج ۵، ص ۶۱۲۔

(۲) المستدرک للحاکم، ج ۴، ص ۴۹۔ تذکرہ امّ کلثوم بنت الرسول

"یعنی اے عثمان! اللہ عزوجل کی طرف سے جبریل علیہ السلام نے مجھے حکم دیا ہے کہ رقیہ کی بہن اُمّ کلثوم کو میں تجھے نکاح کر دوں اور مہر وہی ہوگا جو رقیہ کے لیے مقرر ہوا تھا۔ اور معاشرتی گذران بھی بطریق سابق رکھنی ہوگی۔ اس کے بعد اپنی پیاری صاحبزادی امّ کلثوم کا حضرت عثمانؓ کے ساتھ نکاح کر دیا۔

نیز اس کے موافق ایک روایت امام بخاری نے اپنی کتاب تاریخ کبیر میں باسند نقل کی ہے اور کنز العمّال میں بھی مذکور ہے اور خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد میں اپنی سند سے ذکر کی ہے۔

"........عن اُمّہ اِمّ عیاش وکانت امۃ لرقیۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم۔ مَا زَوَّجْتُ اُمَّ کُلْثُوْمٍ مِنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِوَحْیٍ مِنَ السَّمَاءِ۔

"یعنی سیّدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی صاحبزادی رقیہؓ کی خادمہ مسماۃ ام عیاش نے کہا کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے آسمانی وحی کی بنا پر ہی اپنی دختر اُمّ کلثوم کو عثمان بن عفان سے نکاح

Marfat.com

کر دیا۔"

(۱) تاریخ کبیر بخاری، ج ۲، ق ۱، ص ۲۸۱، باب روح۔
(۲) کنز العمال، ص ۱۴۸-۱۴۹-۱۵۰، جلد ۶، باب
فضائل ذی النورین۔
(۳) تاریخ بغداد، جلد دوازدہم، ص ۳۶۴ تذکرہ فضل
بن جعفر بن عبداللہ۔
(۴) مجمع الزوائد ہیثمی، جلد ۹، ص ۸۳۔

(۲)

جب صاحبزادی ام کلثومؓ کا بامر الہٰی ۹ھ میں انتقال ہوگیا۔ حضرت عثمانؓ کی غمگینی اور پریشانی کی انتہا ہوگئی۔ اس دوران جناب سرورِ کائنات علیہ الصلوات والتسلیمات نے ایک بیان ارشاد فرمایا۔ اس میں حضرت عثمانؓ کی کمال فضیلت اور عزت افزائی ذکر کی۔ اس بیان کو حضور علیہ السلام سے نقل کرنے والے حضرت علی المرتضیٰؓ ہیں یعنی امتِ محمدیہ کو حضرت علی المرتضیٰؓ نے اس فضیلتِ عثمانیہ سے روشناس کرایا۔

—— روایتِ ہٰذا محدث ابن مندہ نے باسند نقل کی ہے۔ پھر اس سے ابن اثیر جزری نے اسد الغابہ (تذکرہ عثمان) میں درج کی ہے۔

—— اسی طرح حافظ ابن عساکر نے اس روایت کو اپنی سند سے حضرت علی المرتضیٰؓ سے نقل کیا ہے۔ پھر علامہ سیوطیؒ نے "تاریخ الخلفاء" (تذکرہ عثمانؓ) میں اس کو درج کیا ہے اور ابن حجر مکیؒ نے ابن عساکر کے حوالہ سے صواعق محرقہ میں (فضائل عثمانی) کے تحت نقل کیا ہے۔

اس مضمون کی متعدد روایات حدیث کی کتابوں میں دستیاب ہیں مگر ہم نے یہاں صرف حضرت علیؓ بن ابی طالب سے جو مروی ہے اس کو اخذ کیا ہے۔" اسد الغابہ" میں ہے:-

Marfat.com

" . . . . عقبۃ بن علقمۃ قال سمعت علیؓ بن ابی طالب یقول سمعتُ رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لَوْ اَنَّ لِیْ اَرْبَعِیْنَ بِنْتاً زَوَّجْتُ عُثْمَانَ وَاحِدَۃً بَعْدَ وَاحِدَۃٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْھُنَّ وَاحِدَۃٌ"۔

(۱) اسد الغابہ لابن اثیر الجزری جلد ثالث، تذکرہ عثمانؓ ص ۳۷۶۔

(۲) تاریخ الخلفاء، جلال الدین سیوطیؒ ص ۱۰۸، طبع مجتبائی دہلی۔ فصل فی الاحادیث الواردۃ فی فضلہ غیر ما تقدم۔

(۳) الصواعق المحرقہ لابن حجر مکی، ص ۱۱۰، فصل فضائل عثمانؓ، طبع ثانی، مصری۔

مطلب یہ ہے حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے اگر میری چالیس بیٹیاں ہوتیں تو میں عثمانؓ کو یکے بعد دیگرے نکاح کر دیتا حتیٰ کہ ایک بھی نہ رہ جاتی۔ (یعنی باری باری سب کا نکاح کر دیتا)۔

(۳)

تیسری چیز یہاں یہ قابلِ ذکر ہے کہ صاحبزادی امّ کلثومؓ کی ۹ھ میں جب تقدیرِ الٰہی سے وفات ہوئی تو خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنازہ پڑھایا اور حضرت علیؓ (اپنی سالی کے) دفن کے لیے خود قبر میں اُترے۔ فضل بن عباس بن عبد المطلب، اسامہؓ بن زیدؓ بن حارثہ بھی ان کے ساتھ تھے اور پورے احترام کے ساتھ معصومہ محترمہ کو ان کی آخری آرام گاہ تک پہنچایا۔

عبارتِ ذیل میں یہ مضمون مذکور ہے

وَ تُوُفِّیَتْ فِی تِسْعٍ (سہ ۹ھ) مِنَ الْہِجْرَۃِ وَصَلّٰی عَلَیْھَا اَبُوْھَا

Marfat.com

رسُول اللہ صلی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَزَلَ فِیْ حُفْرَتِہَا عَلیٌّ وَالفَضْلُ وَاُسَامَۃُ بْنُ زَیْدٍ ‘‘

(۱) طبقات ابنِ سعد، ج ۸، ص ۲۶۔ تذکرہ اُمّ کلثوم طبع لیدن

(۲) الاستیعاب لابن عبدالبر معہ اصابہ، ج ۴، ص ۴۶۴، تذکرہ اُمِّ کلثوم، طبع مصر۔

(۳) اسدالغابہ لابن اثیر الجزری، ج ۵، ص ۶۱۲۔ تذکرہ اُمِّ کلثوم۔ طبع طہران۔

## رشتہ ذی النُّورین کی تائید شیعہ کتب سے

اپنی کتابوں سے ہم نے مختصراً رشتہ ہٰذا کے مختلف حوالہ جات پیش کیے ہیں۔ خواص کو تو پہلے سے ہی اس نسبی تعلق کا علم ہے، صرف ناواقف احباب اور عوام کے لیے بقدرِ ضرورت تشریح کر دی ہے۔

اب خیال ہے کہ شیعہ بزرگوں کی کتب سے بھی اس رشتہ کو پیش کیا جائے۔

ان کی قدیم و جدید کتب میں یہ رشتہ مسلّمات سے ہے اور ان کے علماء اس سے خوب واقف ہیں لیکن دیرینہ عادت کے موافق اس مبارک تعلق کو ’’قبیح انتسابات‘‘ کے ساتھ آمیخت کر کے نہایت کریہہ منظر اور بُری شکل میں درج کرتے ہیں۔ (ملاحظہ ہو:۔
حیات القلوب مُلّا باقر مجلسی، جلد دوم، باب پنجاہ و یکم، فصل اوّل، ص ۷۱۸ تا ۷۲۳۔ طبع نول کشور لکھنؤ)۔

——— اور مقصد صرف مقامِ عثمانؓ بن عفان کو داغدار اور عیب دار کرنا ہوتا ہے اور حضرت عثمانؓ کی تنقیص کرنی مطلوب ہوتی ہے۔ اگرچہ اس ضمن میں نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بلند منصب کی بناہ بجد اتحقیر ہو جاتے اور حضرت علی المرتضیٰؓ کے رفیع مرتبہ کی معاذ اللہ

Marfat.com

تذلیل ہو جاتے ان کے ہاں اس چیز کی کوئی پرواہ نہیں کی جاتی۔ والی اللہ المشتکیٰ و بیدہٖ زمام الھدیٰ۔

بہر کیف اصل مسئلہ کی تصدیق ان لوگوں کی کتابوں سے ہم عوام کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ اہلِ فہم و فراست احباب پر نفس مسئلہ کی پختگی خوب واضح ہو جائے گی اور حق بات خوب صاف ہو کر سامنے آجائے گی۔ انصاف پسند طبائع امرِ حق کو تسلیم کر لیا کرتی ہیں۔ واللہ یھدی الی الحق۔ والحق احق ان یتبع۔

(ناظرین کرام پر واضح کیا جاتا ہے کہ شیعہ قدیم و جدید بے شمار کتب میں دیہ رشتہ مذکور و مزبور ہے۔ یہاں صرف چند حوالہ جات بطور نمونہ درج کیے جا رہے ہیں۔ حوالہ جات کی فراوانی مدنظر نہیں ہے۔

اصل عبارات بمع ترجمہ درج کرنے کے بعد آخر بحث میں ان کے فوائد و نتائج تحریر کیے جائیں گے (ان شاء اللہ)۔

## بناتِ سرورِ کائنات ﷺ کا تذکرہ اور حضرت عثمانؓ کی دامادی

### (۱)

مشہور شیعی عالم مسعودی (المتوفی ۳۴۶ھ) نے اپنی تصنیف "مروج الذہب" جلد دوم میں حضور علیہ السلام کی اولاد شریف کے ذکر کے تحت لکھا ہے کہ:

"وکل اولادہٖ صلی اللہ علیہ وسلم من خدیجۃ خلا ابراھیم، ولدلہ صلی اللہ علیہ وسلم القاسم وبہٖ کان یکنیٰ وکان اکبر بنیہ سناً ورقیۃ وام کلثوم وکانتا تحت عتبۃ وعتیبۃ ابنی ابی لھبٍ (عمہ) فطلقاھما لخبر یطول ذکرہ فتزوجھما عثمان بن عفان واحدۃً بعد واحدۃٍ ... الخ

Marfat.com

(مروج الذہب لابی الحسن علی بن الحسین بن علی المسعودی

ج ۲، ص ۲۹۸ - طبع خامس، سن طباعت ۱۳۸۷ھ/۱۹۶۷ء)

"یعنی صاحبزادہ ابراہیم کے علاوہ نبی مقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی باقی تمام اولاد خدیجۃ الکبریٰؓ سے ہے۔ نبی کریمؐ کے صاحبزادۂ گرامی حضرت قاسم —— جو تمام صاحبزادگان سے بڑے تھے اور جن کے نام پر آپ کی کنیت مشہور ہے۔ اور حضورؐ کی صاحبزادیاں رقیہ اور ام کلثوم آپؐ کے چچا ابولہب کے بیٹوں عتبہ و عتیبہ کے نکاح میں تھیں۔ پھر انہوں نے ان دونوں کو طلاق دے دی۔ اس واقعہ کا ذکر طویل ہے۔ پھر عثمانؓ بن عفان نے ان دونوں کے ساتھ یکے بعد دیگرے نکاح کیا ... الخ" (مروج الذہب، ج ۲، ص ۲۹۸)

(۲)

ملا باقر مجلسی نے "حیات القلوب" جلد دوم، باب پنجاہ و یکم میں تحریر کیا ہے:

"وابن بابویہ بسند معتبر آں حضرت روایت کردہ ست کہ از برائے حضرت رسولؐ متولد شد از خدیجہ قاسم و طاہر و نام طاہر عبداللہ بود و ام کلثوم و رقیہ و زینب و فاطمہ۔ و حضرت امیرالمومنینؑ فاطمہ را تزویج نمود و تزویج نمود زینب را ابوالعاص بن ربیع و او مردے بود از بنی امیہ و عثمان بن عفان ام کلثوم را تزویج نمود (... برحمت الٰہی واصل شد) پس چوں بجنگ بدر رفتند حضرت رسولؐ رقیہ را باو تزویج نمود۔"

(حیات القلوب" ملا باقر مجلسی، جلد دوم، باب ۵۱،
ص ۷۱۸، طبع نول کشور لکھنؤ)

(۳)

فاضل شیخ عباس القمی نے اپنی کتاب "منتہی الآمال" جلد اول فصل ہشتم، در بیان

Marfat.com

احوال اولاد امجاد آنحضرت) میں لکھا ہے کہ :

"در قرب الاسناد از حضرت صادق علیہ السلام روایت شدہ ست کہ از برائے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم از خدیجہ متولد شد طاہر وقاسم و فاطمہ واُمِ کلثوم ورقیہ وزینب - وتزدیج نمود فاطمہؓ را بحضرت امیر المؤمنین علیہ السلام وزینب را بابی العاص بن ربیع کہ از بنی امیہ بود واُمِ کلثوم را بعثمان بن عفان پیش از انکہ بخانہ عثمان برود برحمت الہٰی واصل شد وبعد ازو حضرت رقیہؓ را باو تزدیج نمود"

(۱) منتہی الآمال، شیخ عباس قمی، ج ۱، ص ۱۰۸ فصل ششم در بیان احوال اولاد -

(۲) تنقیح المقال فی علم الرجال للشیخ عبداللہ المامقانی، ج ۳، ص ۷۷-۷۳، ضمن فصل النساء، آخر جلد ثالث ، باب الہمزہ -

"حیات القلوب" "منتہی الآمال" وغیرہ کی عبارات کا حاصل یہ ہے :-

"حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدیجہ الکبریٰ سے مندرجہ ذیل اولاد شریف ہوئی: حضرت قاسمؓ، حضرت طاہرؓ (جن کو عبداللہ کہتے ہیں) حضرت اُمِ کلثومؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت زینبؓ و فاطمہؓ - اور حضرت فاطمہؓ کا نکاح حضرت علی المرتضیٰؓ سے ہوا - اور زینبؓ کا نکاح ابو العاص بن ربیع سے کیا گیا جو بنی اُمیہ میں سے تھے اور عثمان بن عفان کے ساتھ اُمِ کلثومؓ کا نکاح ہوا - پھر وہ فوت ہوگئیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دختر رقیہؓ کا نکاح عثمان بن عفان سے کر دیا"

ناظرین کرام مطلع رہیں کہ شیعہ علماء میں مختلف اقوال ہیں کہ حضرت عثمانؓ بن عفان کے حبالہ عقد میں پہلے رقیہؓ آئیں اور بعد میں اُمِ کلثومؓ آئیں - یا پہلے نکاح اُمِ کلثوم سے

Marfat.com

ہُوا تھا، بعد میں رقیہؓ سے ہُوا حضرت عثمانؓ کے نکاح میں ہونے میں کوئی اختلاف نہیں ہے' یہ متفق علیہ مسئلہ ہے البتہ تقدیم نکاح و تاخیر نکاح میں شیعہ علماء نے اختلاف کیا ہے حیات القلوب" و "منتہی الآمال" کے مندرجہ بالا حوالہ جات ایک قول کے موافق شمار ہونگے اور اصل مسئلہ (یعنی دامادی حضرت عثمانؓ) کے مؤید و مصدق ہیں جو اس بحث میں مطلوب ہے۔

# مسئلہ کی تائید میں حضرت علی المرتضیٰؓ کا فرمان

(۴)

شیعہ کی مشہور کتاب "نہج البلاغہ" میں حضرت علیؓ کا یہ کلام مذکور ہے۔ باغیوں نے محاصرہ کر کے جب شدت و تنگی پیدا کر دی، اُس وقت حضرت علیؓ تشریف لاتے اور حضرت عثمانؓ کے ساتھ حسبِ موقع گفتگو فرمائی۔ اس کلام کے دوران مندرجہ ذیل کلمات حضرت عثمانؓ کو خطاب کر کے ادا کیے۔ فرمایا کہ:-

وَاللهِ مَا اَدْرِیْ مَا اَقُوْلُ لَکَ مَا اَعْرِفُ شَیْئًا تَجْهَلُهُ وَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی اَمْرٍ لَا تَعْرِفُهُ مَا سَبَقْنَاکَ اِلٰی شَیْءٍ فَنُخْبِرُکَ عَنْهُ وَلَا خَلَوْنَا بِشَیْءٍ فَنُبَلِّغَکَهُ وَقَدْ رَاَیْتَ کَمَا رَاَیْنَا وَسَمِعْتَ کَمَا سَمِعْنَا وَصَحِبْتَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ کَمَا صَحِبْنَا وَمَا ابْنُ اَبِیْ قُحَافَةَ وَلَا ابْنُ الْخَطَّابِ اَوْلٰی بِعَمَلِ الْحَقِّ مِنْکَ وَاَنْتَ اَقْرَبُ اِلٰی رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَشِیْجَةَ رَحِمٍ مِنْهُمَا وَنِلْتَ مِنْ صِهْرِهٖ مَالَمْ یَنَالَا۔

(نہج البلاغہ، ج ۱، ص ۳۰۳، صفحہ ۳۲۲ - طبع مصری - من کلام لہٗ علیہ السلام لعثمان عند ما ارسلہ الناقمون علیہ۔ الخ)

Marfat.com

(یعنی حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا کہ اللہ کی قسم مجھے معلوم نہیں ہو رہا کہ آپ سے کیا کہوں؟ (کیونکہ) میں کوئی ایسی بات نہیں جانتا جس سے آپ ناواقف ہوں اور نہ میں آپ کی کسی ایسی چیز کی طرف رہنمائی کر سکتا ہوں جو آپ کو معلوم نہ ہو۔ کسی معاملہ میں آپ سے میں سبقت نہیں رکھتا جس کی آپ کو خبر دوں اور نہ خلوت میں میں نے کوئی چیز حاصل کی جو آپ تک پہنچاؤں۔ اور آپ نے رسولِ خدا کا دیدار حاصل کیا جس طرح ہم نے زیارت کی۔ اور آپ نے بھی نبی کریمؐ سے اسی طرح سُنا جس طرح ہم نے سُنا۔ اور حضور علیہ السلام کے آپ بھی ہم نشین تھے جیسا کہ ہم ہمنشین تھے۔ اور ابوبکرؓ بن ابی قحافہ و عمرؓ بن الخطاب حق بات پر عمل کرنے میں آپ سے زیادہ حقدار نہیں تھے اور اے عثمانؓ! آپ نسبی قرابت میں ان دونوں (یعنی ابوبکرؓ و عمرؓ) سے رسول خداؐ کے زیادہ قریب ہیں اور آپ کو نبی کریم علیہ السلام کے ساتھ دامادی کا شرف حاصل ہے جو ان دونوں کو حاصل نہیں ہُوا۔"

(نہج البلاغہ بمقام مذکور)

نہج البلاغہ کی مذکورہ عبارت کی تشریح میں سیّد علی نقی فیض الاسلام شیعی نے اپنی شرح فارسی میں لکھا ہے۔ (حضرت علیؓ نے حضرت عثمانؓ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا) کہ:

"۔۔۔۔ تو از جہت خویشی برسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ از انہا نزدیک تری (یعنی خویشاوندی عثمانؓ از ابوبکرؓ و عمرؓ بہ پیغمبر اکرمؐ نزدیک تر است) وبدامادی پیغمبرؐ مرتبہ یافتی کہ ابوبکرؓ و عمرؓ نیافتند۔"

(شرح نہج البلاغۃ فارسی، ج ۳، ص ۵۱۹، طبع طہران)

Marfat.com

# چند افادات

رشتۂ ذی النورین ذکر کرنے کے بعد یہاں بعض چیزوں کی وضاحت درکار ہے وہ درج کی جاتی ہے۔

(۱)

اس مقام کے تمام مندرجات (سُنّی۔شیعہ) پر نظر کر لینے کے بعد روزِ روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ سرورِ کائنات نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی چار صاحبزادیاں ہیں۔ جیسا کہ قرآن مجید بائیسؔ پارہ سورۂ احزاب کے آخر میں پردہ کا مسئلہ بیان کرتے وقت اللہ عزّوجل نے ذکر فرمایا ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ الخ۔

"یعنی اے پیغمبرؐ خدا اپنے ازواج اور بیٹیوں کو اور مومنوں کی عورتوں کو حکم دیجیے کہ نزدیک کریں اپنے اوپر اپنی بڑی چادریں"

——اور اسلامی تاریخ (شیعہ۔سُنّی) سب ہی اس بات پر متفقہ شہادت دیتی ہے کہ آپؐ کی اولاد شریف صاحبزادہ ابراہیمؓ کے ماسوا سب لڑکے اور لڑکیاں (جو چار عدد ہیں) حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ سے پیدا ہوئیں۔ لڑکیوں کے مبارک اسماء یہ ہیں: حضرت زینبؓ۔ حضرت رقیہؓ۔ حضرت اُمّ کلثومؓ، حضرت فاطمہؓ۔ یہ چاروں باہم حقیقی بہنیں ہیں۔

خدا تعالیٰ کی کتاب کی گواہی (جو سب سے زیادہ وزنی ہے) اور تمام معتبر اسلامی تاریخ کی شہادت کے بعد کسی غرضِ فاسد اور سینہ زوری سے یہ کہہ دینا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ہی حقیقی صاحبزادی ہیں اور کوئی حقیقی لڑکی نہ تھی، یہ چیز سَو فیصد غلط ہے۔

Marfat.com

اور مقدس نسلِ نبی پر افتراءِ عظیم ہے اور تاریخ اسلام کی تغلیط ہے۔ واللہ تعالیٰ سب کو ہدایت نصیب فرماتے)۔

**(۲)**

دوسری یہ چیز قابلِ تشریح ہے کہ بعض کم فہم لوگ اس بات پر اصرار کرنے لگتے ہیں کہ یہ لڑکیاں (حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت اُمّ کلثومؓ) حضرت خدیجۃ الکُبریٰ کے سابق ازواج سے ہیں یا حضرت خدیجہؓ کی خواہر زادیاں ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد نہیں ہیں۔ (تزویج)

یہ بات سراسر جعلی، موضوع اور بناوٹی ہے۔ حقیقتِ واقعہ کے خلاف ہے۔ اسلام کی تاریخ اور کتبِ رجال و تراجم نے جو کچھ بیان کیا ہے اس کے برعکس ہے۔ اہلِ اسلام پر واضح رہے کہ چاروں صاحبزادیاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقی بیٹیاں ہیں اور حضرت خدیجۃ الکُبریٰ کے بطنِ مبارک سے ہیں۔

سابق ازواج کی اولاد کہنا یا خواہر زادیاں کہنا اس قول کی خود شیعہ کے اکابر علماء و مجتہدین نے تردید کر دی ہے۔ چنانچہ ملا باقر مجلسی یازدہم صدی کے مجتہد نے "حیات القلوب" میں اس مسئلہ کو تحریر کرتے ہوئے ہر دو قول کو بالفاظ ذیل رد کر دیا ہے:-

"برنفی ایں ہر دو قول روایاتِ معتبرہ دلالت می کند"

یعنی معتبر و مستند روایات ان ہر دو قول کی نفی پر دلالت کرتی ہیں۔

(حیات القلوب، جلد دوم، باب پنجاہ و یکم (۵۱)

ص ۷۱۹۔ طبع نول کشور لکھنؤ (ہندوستان)

فلہٰذا اس قسم کے مصنوعی اقوال جو صحیح چیز کے خلاف نشر کیے جاتے ہیں ان کو نہ تو درخورِ اعتناء سمجھا جائے گا اور نہ قبول کیا جائے گا۔

اربابِ تحقیق کی مزید اطلاع کے لیے عرض ہے کہ ملا باقر مجلسی کی طرح شیخ عبداللہ

Marfat.com

مامقانی شیعی نے تنقیح المقال جلد ثالث کے آخر میں فصل رابع (فی ذکر نساء لھن روایۃ) میں ہر سہ صاحبزادیوں (زینبؓ، رقیہؓ، ام کلثومؓ) کے تذکرے میں ان کے ربیبہ ہونے یا خدیجہ کبریٰ کی خواہرزادیاں ہونے کے شبہات کا جواب مکمل تحریر کر دیا ہے۔ تھوڑا سا انصاف ساتھ ملا لیا جائے تو مزید کسی جواب کی حاجت نہیں۔ (تنقیح المقال جلد ثالث کے آخر میں فصل رابع صفحہ ۷۳-۷۷-۷۸-۷۹) ملاحظہ ہو۔

(۳)

نیز کتب فریقین کے مندرجہ بالا حوالہ جات سے ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو نورِ نظر (رقیہ۔ و اُمّ کلثوم) حضرت عثمانؓ کے نکاح میں یکے بعد دیگرے ہونے کی وجہ سے انہیں دامادی کی دوبار سعادت نصیب ہوئی۔ اور امت کی طرف سے "ذوالنورین" کا مبارک لقب حاصل ہوا (جو اور کسی شخص کو حاصل نہیں ہو سکا)۔ اور ساتھ ہی حضرت عثمانؓ کو حضرت علی المرتضیٰؓ کے "ہم زلف" ہونے کا شرف ملا ہے۔ اور شرف بالائے شرف حاصل کر کے وہ اپنی خوش بختی میں ممتاز ٹھہرے۔

(۴)

——چوتھی یہ چیز قابلِ غور ہے کہ حضرت عثمانؓ کو دامادِ نبوی ہونے کا شرف بحکم الٰہی اور وحی آسمانی نصیب ہوا (جیسا کہ روایات بتلا رہی ہیں) جس طرح حضرت علیؓ کو دامادِ نبوت ہونے کی سعادت خدا کے حکم سے حاصل ہوتی۔ ہر دو حضرات کو اہلِ خانۂ نبوت کے ساتھ شرفِ تعلق حکم الٰہی کے تحت نصیب ہوا۔ اس لیے کہ زبانِ نبوت خدا کے فرمان کے تحت جاری ہوتی ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى (یعنی نہ آپ اپنی خواہشِ نفسانی سے بات کرتے ہیں ان کا ارشاد صرف وحی ہے جو ان پر بھیجی جاتی ہے)۔

Marfat.com

# ایک شبہ کا ازالہ

حضرت عثمانؓ بن عفان کے رشتہ دامادی کو داغدار کرنے کے لیے بعض لوگوں نے حضرت عثمانؓ کے متعلق قصے مشہور کر رکھے ہیں کہ عثمانؓ نے پہلے ایک صاحبزادی کو سخت زدو کوب کیا، پسلیاں توڑ ڈالیں حتیٰ کہ وہ شہید ہوگئیں۔ پھر دوسری صاحبزادی کے ساتھ بھی نہایت بُرا سلوک کیا، مارا پیٹا، خدا جانے کیا کیا ایذائیں پہنچائیں۔ اندریں حالات وہ بھی انہیں مصائب میں فوت ہوگئیں۔ حضرت عثمانؓ بن عفان پر اس وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سخت ناراض تھے۔

یہ شبہات ان کی بہت سی کتابوں میں اپنی تفصیلات کے ساتھ مذکور ہیں۔ سر دست "حیات القلوب" جلد دوم از ملا باقر مجلسی صفحہ ۷۲۰ تا ۷۲۳، باب ۵۱ طبع نول کشور لکھنؤ ملاحظہ کریں تو موجبِ تصدیق ہوگا۔

# جواب

**اولاً:**

یہ بات قابل ذکر ہے کہ ان صاحبزادیوں کے قتل کرنے کی روایات کا بنیادی راوی یونس بن خباب الکوفی ہے۔ اس شخص کو علماء رجال نے مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ مجروح قرار دیا ہے:- رجل سو..... وھو یتناول عثمانؓ ..... ایشتم عثمانؓ۔ یقول عثمان قتل ابنتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ (التاریخ لیحیٰ ابن معین ص ۶۸۷، ۶۸۸ جلد ثانی)۔

اور ابن عدی نے "الکامل" میں تحریر کیا ہے کہ:-

(یونس بن خباب الکوفی) ..... کان یترفض ..... رجل سو کان یشتم عثمانؓ بن عفان..... کذاب مفتر..... وھو من الغالین فی التشیع..... الخ۔

(الکامل لابن عدی ص ۲۶۲۹، ۲۶۳۰ و ص ۲۹۳ جلد سابع)۔

مندرجہ بالا عبارات کا مفہوم یہ ہے کہ یونس بن خباب الکوفی ایک برا آدمی ہے حضرت عثمانؓ کو سب و شتم کرتا تھا اور کہتا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صاحبزادیوں کو عثمان نے قتل کیا شیعہ اور رافضی تھا کذاب اور مفتری تھا..... الخ۔

**ثانیاً:** جواب میں عرض کیا جاتا ہے کہ اگر بالفرض والتقدیر ایذا رسانی کے یہ قصے واقعۃً

Marfat.com

صحیح ہیں تو (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ) براہِ راست "نبی" اور "ولی" (حضرت علیؓ) پر اعتراضات و الزامات وارد ہوں گے۔ مثلاً:

(۱) ــــــ "غنائم بدر" میں سے عثمانؓ کو حصہ رسدی کیوں ادا کیا؟ اور اجر و ثواب میں کیسے شریک کیا؟

(۲) ــــــ اگر پہلی لختِ جگر پر یہ مظالم ڈھائے گئے تھے تو اس کے بعد دوسری عزیزہ کو (معاذ اللہ) ایسے ظالم کے نکاح میں کیسے دے دیا؟ اور آیاتِ قرآنی اور احکامِ خداوندی:۔

وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَىٰ وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ۔ (پ ۶)

وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ۔ (پ ۱۲)

وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ (پ ۲۵) وغیرہ

کو کیسے فراموش کر دیا؟ اور عمل درآمد نہ کیا؟

(۳) ــــــ کسی ادنیٰ شخص کی لڑکی کے ساتھ ایسے ظلم و ستم کے واقعات پیش آئیں، حتیٰ کہ اس کی لڑکی کو موت کے گھاٹ اتار دیا جائے۔ آیا وہ اپنے اس قسم کے بدقماش داماد کو دوسری بار لڑکی دے دینے پر آمادہ ہو سکتا ہے؟ اور اس کے ساتھ بدستور تعلقات زندگی بھر قائم رکھ سکتا ہے؟

یہ چیز تو عقل و عادت کے خلاف ہے۔ کوئی عقل مند، باغیرت، ذی شعور، باوقار آدمی ایسا نہیں کر سکتا۔ نبی مقدسؐ کی ذات تو ہر منقصت و ہر ذلت سے منزہ اور مبرا ہے۔ آپ سے ان چیزوں کے صدور کا تصور ہی نہیں ہو سکتا۔

نیز ہر شریف خاندان اور باعزت قبیلہ میں ان کے داماد کی عزت و توقیر ملحوظ رکھی جاتی ہے، فلہٰذا نبی کی دامادی اور حضرت علی المرتضیٰؓ کی "ہم زلفی" کا احترام جو شخص بھی ملحوظ رکھے گا وہ ان تمام الزام تراشیوں کو غلط اور بے وزن قرار دے گا۔

Marfat.com

## (۵)

نیز حضرت علی المرتضیٰؓ کے نہج البلاغہ والے مندرجہ بالا تائیدی بیان نے کئی مسئلے صاف کر دیے ہیں۔ انصاف شرط ہے، مثلاً:-

(۱) ـــــ حضرت علیؓ اور حضرت عثمانؓ کے درمیان کوئی مذہبی اختلاف نہ تھا۔ وہ ایک مذہب اور ایک دین رکھتے تھے جس پر وہ آخر دم تک متحد و متفق تھے۔

(۲) ـــــ حضرت علیؓ حضرت عثمانؓ کو اپنے علم و دانش میں برابر و مساوی تصوّر کرتے تھے۔

(۳) ـــــ حضرت علیؓ اپنے آپ کو اعمالِ خیر میں حضرت عثمانؓ سے سابق نہیں جانتے تھے۔

(۴) ـــــ حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کے دیدار اور شرف ہم نشینی حاصل کرنے میں حضرت علیؓ کا حضرت عثمانؓ کو اپنا مثل قرار دینا سیّدنا عثمان کے کامل الایمان اور صالح الاعمال ہونے کے لیے مضبوط ترین شہادت اور قوی دلیل ہے۔

(۵) ـــــ نیز حضرت عثمانؓ کے داماد نبیؐ ہونے کی حضرت علیؓ نے تصدیق کی اور اپنے ہم زُلف ہونے کی تائید کی ہے۔ اس لیے کہ حضرت فاطمہؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت امِ کلثومؓ باہمی حقیقی ہمشیرگان ہیں اور خدیجۃ الکبریٰ کے بطنِ مبارک سے نبی پاک کی حقیقی اولاد ہیں۔

ـــــ مختصر یہ ہے کہ رشتہ ہٰذا کے اثبات کے لیے حضرت علیؓ کے بیانِ بالا کے بعد مزید کسی حوالہ و حجت کی حاجت نہیں۔ اس لیے کہ دوستوں کے ہاں متفق علیہ عقیدہ ہے کہ "الحق ینطلق علی لسان علیؓ" (علیؓ کی زبان پر حق بات جاری ہوتی ہے)۔

Marfat.com

(۴)

# حضرت جعفر طیارؓ کی پوتی اُمِّ کُلثوم کا نکاح حضرت عثمانؓ کے لڑکے ابان بن عثمانؓ کے ساتھ

—— خاندان بنی ہاشم کا رشتہ چہارم حضرت عثمانؓ کے خاندان کے ساتھ ذکر کیا جاتا ہے۔ اس کی مختصر تشریح ذیل میں مذکور ہے۔

حضرت علی المرتضیٰؓ کے حقیقی برادر حضرت جعفر بن ابی طالب (طیارؓ) کے لڑکے مسمّٰی عبداللہ بن جعفرؓ کی لڑکی حضرت ام کلثومؓ کا نکاح اَبان بن عثمانؓ بن عفانؓ سے ہُوا۔

ابن قُتَیبہ دینوری (المتوفی ۲۷۶ھ) نے اپنی کتاب "المعارف" میں نکاح ہذا کو دو مقام میں ذکر کیا ہے۔ ایک اخبار عثمان بن عفانؓ کے تحت، دوسری دفعہ اخبار علی بن ابی طالبؓ میں نقل کیا ہے۔ ذیل میں عبارت بلفظہٖ ملاحظہ فرماویں۔

اَبان بن عثمانؓ کے تذکرہ میں ہے کہ:

(۱) .... وکانت عندہ ام کلثوم بنت عبد اللہ بن جعفر الخ۔

(المعارف، صفحہ ۱۶)

(۲) عبداللہ بن جعفرؓ کی اولاد کے حالات میں لکھا ہے کہ

...... فاما ام کلثوم فکانت عند القاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب ........ ثم تزوجہا ابان بن عثمان بن عفان الخ

(المعارف، صفحہ ۹۰ طبع مصر)

(۱)۔ حاصل یہ ہے کہ عبداللہ بن جعفر طیارؓ کی لڑکی مسماۃ اُمِّ کلثوم اَبان بن عثمانؓ کے نکاح میں تھی۔

Marfat.com

(۲) - یعنی حضرت ام کلثومؓ پہلے قاسم بن محمد بن جعفرؓ کے نکاح میں تھیں۔ . . . .
. . . . . . اس کے بعد ابان بن عثمانؓ کے نکاح میں آئیں۔

**(۵)**

اس سلسلہ میں اب رشتہ پنجم ذکر کیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ:

سکینہ بنت الحسین کا رشتہ

سیّدنا حسین بن علی المرتضیٰؓ کی صاحبزادی حضرت سکینہ بنت حسینؓ، حضرت عثمانؓ کے پوتے زید بن عمرو بن عثمانؓ کے نکاح میں تھیں۔ پہلے کتب انساب کی عبارت تحریر کی جاتی ہے۔ پھر ترجمہ عرض کیا جائے گا۔

تذکرہ سکینہ مذکورہ میں درج ہے کہ:

(۱) ـــــ . . . . . تزوّجها مصعب بن الزبیر بن العوام ابتکوها فولدت له فاطمة ثم قتل عنها فخلف علیها عبد الله بن عثمان بن عبد الله بن حکیم بن حزام . . . . . . . فولدت له عثمان الّذی یقال له قرین وحکیما وربیحه فهلک عنها فخلف علیها زید بن عمرو بن عثمان بن عفان الخ

(۱) طبقات ابن سعد، جلد ہشتم، ص ۳۴۸، تذکرہ سکینہ بنت الحسین، طبع لیدن

(۲) کتاب نسب قریش لمصعب زبیری، ج ۲، ص ۵۹ - طبع مصر

(۲) ـــــ . . . . . وزید بن عمرو بن عثمانؓ بن عفان هٰذا هو الذی کانت عنده سکینة بنت حسین فهلک عنها فورثته -

(۱) کتاب نسب قریش، ج ۴ ص ۱۲۰، مصعب زبیری

(۲) المعارف لابن قتیبه، تحت اولاد عثمان بن عفانؓ ص ۸۶، ۹۴ طبع مصر

(۳) جمہرۃ انساب العرب لابن حزم، ج ۱، ص ۸۶ طبع جدید۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ حضرت حسینؓ کی صاحبزادی سکینہؓ کے ساتھ مصعبؒ بن زبیر

Marfat.com

بن عوام نے نکاح کیا۔ان کی ایک بچی متولد ہوئی جس کا نام فاطمہ تھا۔پھر مصعبؒ انتقال کر گئے ، اس کے بعد سکینہؒ کا نکاح عبداللہ بن عثمان بن عبداللہ بن حکیم بن حزام سے ہوا۔ عبداللہ کی مندرجہ ذیل اولاد سکینہ سے ہوئی۔عثمان جس کو قرین بھی کہتے تھے ،حکیم اور ایک لڑکی ربیحہ ہوئی۔پھر وہ فوت ہو گئے۔اس کے بعد زید بن عمرو بن عثمانؓ بن عفان نے سکینہ سے نکاح کیا۔زید ان کے پاس فوت ہوئے اور سکینہ نے ان سے وراثت پائی۔"

(۶)

# حضرت فاطمہؒ بنت الحسینؓ بن علیؓ بن ابی طالب کا نکاح حضرت عثمانؓ کے پوتے عبداللہ بن عمرو بن عثمانؓ کے ساتھ ہوا

یہ اس نوعیت کا چھٹا رشتہ ہے جو خاندان بنی ہاشم کا حضرت عثمانؓ کے قبیلہ کے ساتھ ہوا تھا۔اس کی تشریح و توضیح مندرجہ ذیل عبارات میں پیش کی جاتی ہے ،بغور ملاحظہ فرمادیں۔

طبقات ابن سعد میں مذکور ہے کہ :

"........ تزوجہا (فاطمۃ) ابن عمہا حسن بن حسن بن علی بن ابی طالبؓ فولدت لہ عبداللہ (المحض) و ابراہیم وحسنا و زینبؒ ثم مات عنہا فخلف علیہا عبداللہ بن عمرو بن عثمانؓ بن عفان تزوجہا ایاہ ابنہا عبداللہ بن حسن بامرھا فولدت لہ القاسم ومحمد وھو الدیباج سمی بذالک لجمالہ و رقیۃ بنی عبداللہ بن عمرو۔"

Marfat.com

(۱) طبقات ابن سعد، جلد ہشتم، ص ۳۴۸-۳۴۷ طبع لیڈن،
تذکرہ فاطمہ بنت حسینؓ۔

(۲) کتاب نسب قریش لمصعب زبیری، ج ۴، ص ۴۔

(۳) کتاب المحبّر لابی جعفر محمد بن حبیب بن امیّہ بغدادی،
ص ۴۰۴۔ طبع حیدر آباد دکن۔

(۴) کتاب الجرح والتعدیل لابی حاتم الرازی، جلد ثالث
القسم الثانی، ص ۳۰۱۔ طبع حیدر آباد دکن۔

(۵) المعارف لابن قُتَیبہ دینوری، ص ۹۳۔ طبع مصر۔

حاصل ترجمہ یہ ہے کہ:

—— فاطمہ دختر حسینؓ کے ساتھ ان کے چچا زاد برادر حسن بن حسن (مثنّٰی) نے نکاح کیا۔ اس سے حضرت عبداللہ محض۔ حضرت ابراہیم، حضرت حسن، حضرت زینب اولاد پیدا ہوئے۔ پھر حضرت حسن فوت ہوگئے۔ اس کے بعد حضرت سیدنا عثمانؓ بن عفان کے پوتے عبداللہ بن عمرو بن عثمانؓ کے ساتھ فاطمہ کا نکاح ہُوا۔ فاطمہ نے اپنے بیٹے عبداللہ کے ذریعہ نکاح کی اجازت دی۔ عبداللہ بن عمرو بن عثمانؓ بن عفان سے ایک لڑکی مسماۃ رقیہ اور دو لڑکے ایک قاسم دوسرے محمد الدیباج پیدا ہوئے۔ محمد کو ان کے حسن و جمال کی وجہ سے الدیباج کہا جاتا تھا۔"

یاد رہے کہ فاطمہ بنت حسین کی والدہ کا نام ام اسحاق بنت طلحہ بن عبیداللہ تھا۔
اس رشتہ کو شیعہ علماء نے مندرجہ ذیل مقامات میں درج کیا ہے۔

—— ابوالفرج اصفہانی نے اپنی کتاب مقاتل الطالبین میں محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمانؓ بن عفان کے تذکرہ میں لکھا ہے کہ:

Marfat.com

وامه فاطمة بنت الحسین کان عبد اللہ بن عمرو بن عثمانؓ بن عفان

تزوجها بعد وفات الحسن بن الحسنؓ بن علیؓ بن ابی طالب -

(۱) مقاتل الطالبین، ص ۷۰، طبع ایران، تذکرہ محمد مذکور

(۲) التنبیہ والاشراف للمسعودی ص ۲۵۵، تحت ذکر
خلافت عثمانؓ بن عفان -

(۳) شرح نہج البلاغۃ لابن ابی الحدید، طبع بیروت ص ۶۷۵
جلد سوم، تحت عبارت نحنا وانکحنا فعل الاکفاء الخ

(۴)۔ حواشی عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب
المقصد الثانی فی عقب حسن المثنیٰ -

(۵) ناسخ التواریخ، جلد ششم از کتاب دوم طبع قدیم ص ۵۳۴ میں درج کیا ہے کہ:
"۔۔۔ وبعد از حسن مثنیٰ فاطمہ بحبالۂ نکاح عبد اللہ بن عمرو بن عثمانؓ بن عفان
در آمد"

مندرجہ شیعی حوالہ جات کا ترجمہ یہ ہے کہ:
۔۔۔ فاطمہ دختر حسینؓ، حسن مثنیٰ کی وفات کے بعد حضرت عثمانؓ کے پوتے
عبد اللہ کے نکاح میں آئیں۔

اُمید ہے کہ قلبی اطمینان کے لیے اسی قدر حوالہ جات فریقین کی کتابوں سے
کافی متصور ہونگے۔

★

Marfat.com

(۷)

# سیّدنا حسنؓ کی پوتی (اُمّ القاسم) حضرت عثمانؓ کے پوتے مرُوان بن اَبان بن عثمانؓ کے نکاح میں تھی

یہ ساتواں رشتہ فاضل مُصعَب زُبیری نے اپنی کتاب "نسبِ قُریش" جلد ثانی، صفحہ ۵۳ میں بعبارتِ ذیل نقل کیا ہے۔ اور ابن حزم اور ابو جعفر بغدادی نے بھی ذکر کیا ہے:-

وکانت امّ القاسم بنت الحسن بن الحسن عند مروان بن ابان بن عثمانؓ بن عفان فولدت له محمد بن مروان ثم خلف علیها حسین بن عبد الله بن عبید الله بن العباس بن عبد المطلب فتوفیت عندهٗ ولیس لها منه ولد -

(۱) کتاب نسب قریش، ص ۵۳، الجزء الثانی لمصعب الزبیری۔

(۲) جمہرۃ انساب العرب لابن حزم، ج ۱، ص ۸۵

(۳) کتاب المحبّر لابی جعفر بغدادی، ص ۴۳۸ -

مطلب یہ ہے کہ سیّدنا امام حسنؓ کی پوتی ام القاسم بنت الحسن بن الحسن کا نکاح حضرت عثمان غنیؓ کے پوتے مسمّٰی مروان بن ابان بن عثمان بن عفانؓ کے ساتھ ہُوا ان سے ایک لڑکا محمد پیدا ہُوا۔ اس کے بعد امّ القاسم کا نکاح حسین بن عبد اللہ بن عبید اللہ بن العباس بن عبد المطّلب سے ہُوا، ان سے کوئی اولاد نہ ہوئی اور اُمّ القاسم کا انتقال حسین بن عبد اللہ مذکور کے پاس ہُوا۔

Marfat.com

# تنبیہ

## (رشتہ داری کے اثرات)

——— خاندان بنی اُمیّہ اور خاندانِ بنی ہاشم کے درمیان بہت سے رشتے اسلامی تاریخ میں پائے جاتے ہیں بعض رشتے اسلام سے قبل کے ہیں اور بعض رشتے بعد از اسلام کے ہیں لیکن ہم ان تمام کو جمع کرنے کے درپے نہیں ہوئے۔

ہم نے صرف چند رشتے فی الحال ذکر کر دیئے ہیں جن میں حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وساطت براہِ راست پائی جاتی ہے۔

یہ سب رشتے خاندانِ بنی ہاشم نے برضا و رغبت دیئے اور خاندانِ حضرت عثمانؓ نے بخوشی لیے تھے۔ یہاں جبر و اکراہ کو کچھ دخل نہیں۔ اُمِّ حکیم بیضاء بنت عبد المطلب کے رشتہ کے ماسوا سب بعد از اسلام کے نسبی روابط ہیں۔

——— مُنصف طبائع اور انصاف پسند حضرات اب اپنی فہم فراست کے موافق غور و خوض فرما سکتے ہیں کہ

(۱) ——— حضرت عثمانؓ بن عفّان اور ان کا خاندان اچھا قبیلہ ہے اور بہتر خاندان ہے؟ یا بُرا ہے؟ آیا قابلِ تعریف و تحسین ہے؟ یا قابلِ نفرت و مذمّت ہے؟؟

(۲) ——— حضرت عثمانؓ کا نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم اور حضرت علیؓ کے ساتھ کچھ حسبی و نسبی تعلق ہے؟ یا حضرت عثمانؓ بیگانہ تھے؟

(۳) ——— آیا حضرت عثمانؓ کے ساتھ حضرت علیؓ کو خلافت وغیرہ کے مسائل میں عداوت و خصومت تھی؟ یا ان معاملات میں اتحاد و اتفاق تھا؟؟؟

(۴) ——— بالفرض اگر حضرت عثمانؓ اور ان کا خاندان بُرا ہے اور قابلِ نفرت

Marfat.com

ومذمت ہے اور حضرت عثمانؓ نبیؐ و علیؓ کے لیے بیگانہ تھے اور مسئلہ خلافت میں ان کی باہمی خصومت وعداوت تھی۔

تو سوال یہ ہے حضرت علیؓ کے خاندان نے اور اولادِ علیؓ نے یہ خاندانی عداوتیں اور یہ نسلی خصومتیں اور قبائلی عصبیّتیں کیسے جلد ختم کرڈالیں؟ باپ دادا کے سب منافشات کیسے یکسر فراموش کر دیئے؟ اور ایسے لوگوں کو اپنے رشتے ناتے دینے کیسے گوارا کر لیے؟ اور ایک نہیں متعدد رشتے کس طرح دے دیئے؟

اصل گزارش یہ ہے کہ نسلاً بعد نسلٍ علوی، حسنی و حسینی ہاشمی رشتوں کا خاندان عثمانی کو دیا جانا صاف طور پر بتلا رہا ہے کہ ان حضرات کے اکابر کے درمیان نہ عداوت تھی نہ بغاوت تھی نہ خاندانی خصومت تھی اور نہ قبائلی عصبیّت تھی۔ نہ لڑائی تھی، نہ نفرت تھی۔ یہ سب حضرات آپس میں متفق و متحد تھے اور باہم شفیق و مہربان تھے۔

______ لیکن چالاک اور عیّار راویوں نے زیبِ داستاں کے لیے گوناگوں قسم کے قصّے تراش دیئے اور مسلمانوں کے درمیان افتراق و انتشار پھیلانے کے لیے اس قسم کی چیزیں نشر کردیں، جن میں ان ہر دو خاندانوں کے مابین پرخاش نظر آئے اور قبائلی عصبیّتیں نمایاں طور پر معلوم ہوں۔

ہم نے اہلِ فہم و فکر حضرات کے سامنے دونوں خانوادوں کے بعض نسبی تعلقات سامنے رکھ دیئے ہیں اور دعوتِ غور و فکر دے دی ہے منصف مزاج حضرات کے لیے بہترین نتائج پر پہنچنے کے لیے اب کوئی دقت نہ ہوگی۔ (انشاء اللہ العزیز)

———×———

Marfat.com

# باب دوم

## مسئلہ بیعت

——باب اوّل میں دونوں خانوادوں کے درمیان نسبی روابط بیان کیے گئے ہیں۔ اس کے بعد باب دوم میں حضرت علی المرتضیٰؓ کا حضرت عثمانؓ کے ساتھ بیعتِ خلافت کا مسئلہ درج کیا جاتا ہے۔

حضرت علی المرتضیٰؓ نے جس طرح حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت فاروق اعظمؓ کے ساتھ بخوشی و رضا نبعیت خلافت کی تھی، ٹھیک اسی طرح حضرت سیدنا عثمانؓ کے ساتھ بھی حضرت علیؓ نے بغیر جبر و اکراہ کے بیعت کی تھی۔

چنانچہ اس موقعہ کے واقعات کو محدثین و مؤرخین نے نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروقؓ نے آخری اوقات میں صحابہ کرام میں سے چھ آدمیوں کو منتخب کیا تھا۔ حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ بن ابی طالب، حضرت طلحہؓ۔ حضرت زبیرؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ، حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف۔ فرمایا کہ ان حضرات میں سے جس شخص پر اتفاق رائے ہو جائے اس کو خلیفۃ المسلمین تجویز کر لیا جائے۔

پھر ان میں سے حضرت طلحہؓ نے اپنا اختیار یا اپنی رائے حضرت عثمانؓ کو دے دی۔ اور حضرت زبیرؓ نے اپنی رائے حضرت علیؓ کے حق میں دے دی۔ اور حضرت سعدؓ بن ابی وقاص نے اپنا حقِ اختیار حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف کے سپرد کر دیا۔ حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف نے فرمایا کہ میں اپنے لیے خلافت نہیں چاہتا لہٰذا یہ معاملہ میرے سپرد کیجیے۔

اب صورتِ حال حضرت عثمانؓ و حضرت علیؓ کے درمیان محدود ہو گئی۔ حضرت

Marfat.com

عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے ضروری جستجو اور اہم غور و فکر اور دونوں بزرگوں سے گفت و شنید کے بعد مسجد نبوی میں صحابہؓ کرام و دیگر عوام مسلمین کے اجتماع میں ایک مؤثر تقریر کرنے کے بعد حضرت عثمانؓ کا ہاتھ پکڑ کر بیعت کر لی۔ پھر ان کے بعد حضرت علیؓ نے بیعت کی اور تمام حاضرین نے بیعت کر لی۔ کسی نزاع و اختلاف کے بغیر یہ اہم مرحلہ طے ہو گیا۔

بہت سے علماء نے بیعت ہذا کے واقعہ کو اپنے اپنے موقعہ پر درج کیا ہے چند ایک حوالہ جات ناظرین کی خدمت میں پیش کیے جاتے ہیں۔ طبقات ابن سعد میں مذکور ہے:

(۱) . . . . عن سلمة بن ابی سلمة بن عبد الرحمٰن عن ابیه قَالَ اَوَّلُ مَنْ بَايَعَ عُثْمَانَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ ثُمَّ عَلِیُّ بْنُ اَبِی طَالِبٍ۔

(طبقات ابن سعد، ذکر بیعۃ عثمان، جلد ثالث، ص ۴۲ طبع لیدن)

(۲) "المصنّف" لعبد الرزاق میں بہ الفاظ ذیل یہ مسئلہ درج ہے۔

" . . . . فمسح علیٰ یدہٖ فبایعہٗ ثم بایعہ الناس ثم بایعہٗ علیؓ

(المصنّف مذکور، جلد پنجم، ص ۴۷۸ طبع اوّل بیروتی)

(۳) . . . . حدثنی عمر بن عمیرۃ بن هنیٔ مولیٰ عمر بن الخطاب عن ابیه عن جدہٖ قَالَ اَنَا رَأَیْتُ عَلِیًّا بَایَعَ عُثْمَانَ اَوَّلَ النَّاسِ ثم تَتَابَعَ النَّاسُ فَبَایَعُوْا۔ (بخاری شریف جلد اوّل، ص ۵۲۵ باب قصۃ البیعۃ والاتفاق علی عثمان بن عفان)

(۱) طبقات ابن سعد، ج ۳، ص ۴۳، ذکر بیعۃ عثمانؓ
(۲) طبقات ابن سعد جلد ثالث تذکرہ عمرؓ ص ۲۴۵ طبع لیدن

Marfat.com

(۲) کتاب التمہید والبیان ص ۱۱۱، الباب الثالث طبع
بیروت، لبنان۔

(۴) ——— بخاری شریف میں یہ واقعہ بالفاظ ذیل مندرج ہے:-
عبدالرحمٰن بن عوف نے جب دونوں (حضرت عثمانؓ و حضرت علیؓ) سے پختہ عہد و پیمان لے لیا تو فرمایا:

ارفع یدک یا عثمان فبایعہ فبایع لہ علی وولج اہل الدار فبایعوہ۔

(بخاری شریف، جلد اوّل ص ۵۲۵ باب قصۃ البیعۃ والاتفاق علی عثمان بن عفان)
علّامہ بیہقیؒ نے کتاب قتال اہل البغی کے تحت سُنن کُبریٰ، جلد ہشتم میں ذکر کیا ہے۔
(۵) ——— ...... فلما اخذ المیثاق قال ارفع یدک یا عثمان فبایع لہ علی رضی اللہ عنہما وولج اہل الدار فبایعوہ۔

(السُنن الکبریٰ للبیہقی، جلد ثامن، ص ۱۵۰-۱۵۱ طبع حیدرآباد دکن
باب من جعل الامر شوریٰ بین المستصلحین لہ۔ کتاب قتال اہل البغی)
(۶) ——— حافظ ابن کثیرؒ نے البدایہ جلد سابع تحت سنۃ اربع وعشرین (۲۴ھ) واقعہ بیعت ذکر کیا ہے ...... وجاء الیہ الناس یبایعونہ وبایعہ علی بن ابی طالب اولاً ویقال آخراً۔

(البدایہ، ج ۷، ص ۱۴۷، تحت سنہ ۲۴ھ)

حوالہ جات ہذا کا خلاصہ یہ ہے کہ
جب عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے دونوں حضرات (عثمانؓ بن عفان و علیؓ بن ابی طالب) سے عہد و پیمان لے لیا تو حضرت عثمانؓ کو کہا کہ آپ بیعت لینے کے لیے ہاتھ بڑھائیے پہلے عبدالرحمٰنؓ نے بیعت کی۔ اس کے بعد حضرت علیؓ نے بیعت کی۔ پھر تمام حاضرین نے حضرت عثمانؓ سے بیعت کی۔ اگرچہ بعض روایات کے اعتبار سے تقدیم و تاخیر منقول ہے لیکن

Marfat.com

اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ حضرت علیؓ سمیت سب حضرات نے اِس مجلس میں حضرت عثمانؓ سے بیعت کرلی تھی۔

(۷)۔۔۔۔ اور علامہ ابن تیمیہؒ الحرانی نے منہاج السنۃ، جلد ثالث میں اس مسئلہ کے متعلق امام احمدؒ بن حنبل کا بیان ذکر کیا ہے وہ ناظرین کرام کے معلومات میں اضافہ کے لیے پیش خدمت ہے۔

قال الامام احمد بن حنبلؒ لم یتفق الناس علیٰ بیعۃ کما اتفقوا علیٰ بیعۃ عثمانؓ ولّاہ المسلمون بعد تشاورہم ثلاثۃ ایّام وھم مؤتلفون متفقون متحابّون متوادّون معتصمون بحبل اللہ جمیعًا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فلم یعدلوا بعثمان غیرہٗ کما اخبر بذالک عبد الرحمٰنؓ بن عوف ۔الخ

(منہاج السنۃ لابن تیمیہؒ، جلد ثالث، ص ۲۲۳-۲۲۴
تحت الخلاف الثامن فی امرۃ الشوریٰ)

یعنی امام احمدؒ نے فرمایا کہ جس طرح بیعتِ عثمانؓ پر لوگوں نے اتفاق کرلیا اس طرح کسی بیعت پر اتفاق نہیں ہُوا۔ اہلِ اسلام نے تین روز کی باہم مشاورت کے بعد حضرت عثمانؓ کو اپنا والی وحاکم تسلیم کیا۔ اس مسئلہ (یعنی خلافتِ عثمانی پر) مُسلمان متفق ومتحد ہوگئے۔ انہوں نے آپس میں محبت ودوستی کے ساتھ اللہ کے دین کی رسّی کو مجتمع ہوکر مضبوط پکڑ لیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اور کسی دوسرے شخص کو عثمانؓ کے برابر نہ تجویز کیا جیسا کہ حضرت عبد الرحمٰنؓ بن عوف نے (اپنے فیصلہ میں) اس چیز کی خبر دی۔"

(۸)۔۔۔۔ اسی طرح حضرت عثمانؓ کے ہاتھ پر حضرت علیؓ کے بیعت کرنے کو حافظ ابن حجرؒ نے "الاصابہ فی تمییز الصحابہؓ" میں اور ابن اثیر الجزری نے "اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہؓ" (تذکرہ عثمانؓ بن عفان) میں ذکر کیا ہے۔ اختصار کی بنا پر صرف حوالہ

Marfat.com

کا ماخذ بیان کر دینا کافی سمجھا ہے ۔ تذکرہ عثمانی کی طرف رجوع فرمالیں ۔

# مسئلہ ہٰذا کی تائید از کتبِ شیعہ

حضرت سیدنا علی المرتضیٰؓ کی بیعت حضرت سیدنا عثمانؓ کے ساتھ شیعہ بزرگوں کے ہاں مسلمات میں سے ہے، مختلف فیہ مسائل میں سے نہیں لیکن ان بزرگوں کے نزدیک جیسے حضرت ابوبکر الصدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ کے ساتھ بیعت مجبوری کے طور پر ہوئی تھی اسی طرح حضرت عثمانؓ کے ساتھ بھی حضرت علیؓ کی بیعت مقہوری کے طور پر ہوئی۔ یہ ان حضرات کا دیرینہ شیوہ ہے کہ حضرت شیرِ خدا حیدر کرار رضی اللہ عنہ کے ہر کردار اور ہر عمل کو مجبوری و مقہوری کا رنگ دے کر پیش کرتے ہیں۔ اور ہر واقعہ کے لیے ایسی روایات مجوز فرمایا کرتے ہیں کہ جن میں شیر خدا کی بیچارگی ویسی نمایاں ہوتی ہے۔ یہ چیز بندہ اپنی جانب سے نہیں عرض کر رہا بلکہ شیعہ کتب کے ہر مطالعہ کرنے والے منصف مزاج پر یہ بات واضح ہے۔

مختصر یہ ہے کہ شیعہ کے سب بزرگوں نے اس بیعت کو تسلیم کیا ہے لیکن اسی طرز و طریق کے ساتھ جس طرح ہم سابقاً عرض کر چکے ہیں۔

سر دست ہم مندرجۂ ذیل چند شیعی حوالہ جات پر اکتفاد کرتے ہیں۔ ان میں حضرت علی شیرِ خدا رضی اللہ عنہ کا حضرت عثمان ذوالنورینؓ کے ساتھ بیعتِ خلافت کرنا بالتصریح مذکور ہے۔

(۱)

شیخ الطائفہ شیخ ابوجعفر الطوسی (محمد بن حسن بن علی) المتوفی ۴۶۰ھ نے اپنی مستند کتاب "امالی" مجلد ثانی (الجزء ثامن عشر) میں واقعہ بیعت خلافت کو مندرجۂ ذیل الفاظ میں ذکر کیا ہے۔ حضرت علی المرتضیٰؓ فرماتے ہیں کہ:-

Marfat.com

. . . . لَمَّا قُتِلَ جَعَلَنِي سَادِسَ سِتَّةٍ فَدَخَلْتُ حَيْثُ اَدْخَلَنِيْ وَكَرِهْتُ اَنْ اُفَرِّقَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَشُقَّ عَصَاهُمْ فَبَايَعْتُمْ عُثْمَانَ فَبَايَعْتُهُ الخ ۔

"یعنی جب عمرؓ بن الخطاب پر قاتلانہ حملہ ہوا تو انہوں نے مجلس شوریٰ کے چھ منتخب آدمیوں میں مجھے چھٹا آدمی مقرر کیا تو میں ان کے شامل کرنے پر ان میں شریک ہو گیا۔ اور میں نے مسلمانوں کی جماعت میں تفریق کو ناپسند کیا اور اتفاق کی لاٹھی کو توڑ ڈالنا مکروہ جانا پس تم لوگوں نے حضرت عثمانؓ سے بیعت کی میں نے بھی عثمانؓ بن عفان سے بیعت کی"

(امالی الشیخ الطوسی، ص ۱۲۱، مجلد ثانی (جزء ثامن عشر) مطبوعہ "مطبع النعمان" نجف اشرف، عراق۔ سن طباعت ۱۳۸۴ھ و ۱۹۶۴ء)

(۲)

ابن ابی الحدید شیعی معتزلی مدائنی المتوفی ۶۵۶ھ نے اپنی شرح "نہج البلاغۃ" میں بالفاظ ذیل اس مسئلہ کو بیان کیا ہے اور اپنی مخصوص تدبیر کی صورت میں تحریر کیا ہے۔

قال عبد الرحمٰن بن عوف لِعَلِیٍ بایع اِذَنْ وَاِلّاكنتَ مُتَّبِعًا غیر سبیل المؤمنین وانفذنا فیک ما امرنا به فقال لقد علمتم اِنِّیْ اَحَقُّ بِهَا مِنْ غَیْرِیْ . . . . . . . ثُمَّ مَدَّ یَدَهٗ فَبَایَع ۔

(۱) شرح نہج البلاغۃ حدیدی، جلد ثانی، ج ۲ ص ۹۷۔ طبع بیروت تحت کلامہ علیہ السلام لمّا عزموا علی بیعت عثمانؓ۔

Marfat.com

(۲) ــــ ناسخ التواریخ از لسان الملک مرزا محمد تقی، جلد دوم

از کتاب دوم ص ۲۹۹ طبع قدیم ایران۔ تحت

بحث بیعت با عثمان بن عفان۔

یعنی عبد الرحمٰن بن عوف نے علی المرتضیٰ سے کہا کہ اس وقت بیعت کیجیے ورنہ آپ مومنوں کے راستہ پر چلنے والے نہیں ہوں گے اور آپ کے حق میں ہم وہی حکم نافذ کریں گے جس کے ہم مامور ہیں تو علی بن ابی طالب نے کہا کہ تم یقین سے جانتے ہو کہ کسی دوسرے شخص سے خلافت کا میں زیادہ حقدار ہوں . . . . . پھر اپنا ہاتھ پھیلایا اور عثمانؓ سے بیعت کی۔

## (۳)

اور دوسرے مقام میں اسی شرح حدیدی میں (من کلام لہٗ علیہ السلام فی وقت الشوریٰ) کے عنوان کے ذیل میں تمن (لن یسرع احد قبلی الی دعوۃ حق وصلۃ رحم الخ) کے تحت اس مسئلہ کی طویل بحث کی ہے اپنے پسندیدہ اندازِ گفتگو میں تحریر کیا ہے:

فَقَامُوا اِلیٰ عَلِیٍّ فَقَالُوْا قُمْ فَبَایِعْ عُثْمَانَ قَالَ فَاِنْ لَمْ اَفْعَلْ قَالُوْا نُجَاهِدُکَ قَالَ فَمَشیٰ اِلیٰ عُثْمَانَ حَتّٰی بَایَعَہٗ۔ الخ

(۳) ــــ حدیدی شرح نہج البلاغۃ، جلد ۲، ص ۶۱۷۔

طبع بیروت، بحث فی شان الشوریٰ ومبایعۃ لعثمان۔

مندرجۂ بالا کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ لوگوں نے حضرت علیؓ کو مجبور کر کے کہا: "اٹھو حضرت عثمانؓ سے بیعت کرو۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اگر میں بیعت نہ کروں تو؟ انہوں نے کہا کہ ہم آپ سے جہاد کریں گے تو اس صورت میں حضرت علیؓ اٹھے اور عثمانؓ کے پاس جا کر بیعت کی۔"

Marfat.com

# دُوسری گذارش

شیعہ کے ہاں حضرت علیؓ بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہج البلاغۃ میں انتخابِ خلیفہ اور امام المسلمین کے تجویز کرنے کے لیے قاعدہ اور ضابطہ بیان فرمایا ہے۔ اس کے اعتبار سے بھی حضرت عثمانؓ کا خلیفہ منتخب ہونا بالکل درست ہے۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں: انما الشوریٰ للمہاجرین والانصار فان اجتمعوا علیٰ رجلٍ وسمّوہ اماماً کان ذالک للہ رضیً۔

(نہج البلاغۃ، جلد ثانی، ص۷۔ طبع مصری)

یعنی خلافت کے مشورہ کا حق و اختیار صرف مہاجرین و انصار کے لیئے ہے اور کسی کے لیے نہیں۔ اگر مہاجر و انصار ایک شخص پر مجتمع ہو کر اس کو امام نامزد کریں تو وہ خدا کے نزدیک پسندیدہ امام ہوگا۔"

مندرجات بالا کے ذریعہ واضح ہو گیا کہ

(۱) ــــ ایک تو یہ کہ حضرت علیؓ نے حضرت عثمانؓ کے ہاتھ پر بیعتِ خلافت کی تھی اور مہاجرین و انصار و دیگر مسلمانوں کے ساتھ متفق ہو کر بیعت کی تھی۔

(۲) ــــ دوسرا یہ کہ یہ بیعت درست تھی۔ انتخابِ خلیفہ کے ضابطہ کے مطابق تھی۔ اصل مشورہ کا اختیار اور حق اکابر مہاجرین و انصار کو تھا انہوں نے حضرت عثمانؓ کو تجویز کیا اور حضرت علی المرتضیٰؓ نے منظور کر لیا۔ فلہذا خلافتِ عثمانی کی صحت اور درستگی میں کوئی اشتباہ نہ رہا اور اس کی حقانیت و صداقت مسلّم ثابت ہوئی۔

(۳) ــــ تیسرا مرتضوی فرمانِ بالا سے یہ ثابت ہو گیا کہ خلفاء حضرات کی خلافت انتخاب و مشورہ سے قائم ہوئی تھی خدا کی طرف سے کسی نص پر مبنی نہیں تھی۔

Marfat.com

## کلام ہٰذا الزامی نہیں ہے

اس کے بعد ناظرین یاد رکھیں کہ حضرت علیؓ کا یہ کلام (جس میں ضابطۂ انتخاب بیان کیا گیا ہے) حضرت امیر معاویہؓ کے ساتھ ہُوا تھا۔ یہ تحقیقی مقولہ ہے، اس کلام کے الزامی ہونے پر کوئی لفظ (مثلاً لکم، وعندکم وغیرہ وغیرہ) بطور قرینہ موجود نہیں۔ بلکہ اس کے الزامی ہونے کے خلاف اس میں لفظ اِنّما مستقل قرینہ ہے جو اس کلام کا تحقیقی و تاکیدی ہونا ثابت کرتا ہے۔

اور کسی خارجی کتاب کی عبارت ساتھ ملا کر ان کلمات کو الزامی قرار دینا سراسر تکلّف بارد ہے اور توجیہ القول بما لا یرید بہ قائلہ کا مصداق ہے اور کلامِ مرتضوی میں خواہ مخواہ بے جا تصرّف ہے اور عقیدت مندی کے تقاضوں کے برخلاف ہے۔

## رفعِ اشتباہ

رطب و یابس جمع کرنے والے بعض مؤرخین نے حضرت سیدنا عثمانؓ کی بیعت کے موقعہ پر حضرت سیّدنا علی بن ابی طالبؓ کی طرف ایسی چیزیں منسوب کر دی ہیں جن سے ان حضرات (علیؓ، عثمانؓ اور عبدالرحمٰنؓ) کی باہم سوءِ ظنی اور بے اعتمادی بلکہ آپس میں چپقلش نظر آتی ہے۔ عبدالرحمٰن بن عوفؓ کے حق میں حضرت علیؓ کا سخت کلامی کرنا اور ان کو دھوکہ باز اور فریب دہندہ کہنا وغیرہ وغیرہ پایا جاتا ہے۔ اس کے متعلق مختصراً تحریر ہے کہ:

(۱)

علامہ حافظ ابن کثیرؒ نے اپنی کتاب البدایہ جلد سابع تحت سنۃ ۲۴ھ (اربع و عشرین) میں اس موقعہ کی رطب و یابس قسم کی روایات پر خوب نقد کیا ہے فرماتے ہیں

Marfat.com

کہ اس نوع کی مرویات ایسے لوگوں سے منقول ہیں کہ رِجَالٌ لَا يُعْرَفُوْنَ یعنی یہ ایسے راوی ہیں کہ رجال وتراجم کی کتابوں میں ان کا تذکرہ دستیاب ہی نہیں ہوتا اور ان کا کچھ پتہ نہیں چلتا کہ کیسے بزرگ تھے ؟

اور اس بحث کے اختتام میں لکھا ہے کہ الاخبار المخالفۃ لما ثبت فی الصحاح فھی مردودۃ علی قائلیھا وناقلیھا ۔

یعنی صحیح روایات کے خلاف جو روایات بھی منقول ہیں وہ ان کے قائلین وناقلین پر رد کر دینے کے قابل ہیں اور غیر مقبول ہیں ۔ ان کا کوئی وزن نہیں۔

(البدایہ، ج ۷، ص ۱۴۷)

## (۲)

دوسری گذارش یہ ہے ، حضرت سیدنا فاروق اعظمؓ کی وفات کے بعد بیعت کے مسئلہ کے لیے اکابر صحابہؓ خصوصاً اہلِ شوریٰ حضرات میں موقعہ بموقعہ مشورہ کی مجالس منعقد ہوئیں ان میں باہم اس مقصد پر مذاکرات ہوتے وہ اکابر علماء نے نقل کیے ہیں وہ منقولات ان مناقشہ نما روایات کی تردید وتغلیط کرتی ہیں ۔ لہٰذا مخالفت انگیز و مناقشہ خیز روایات کو (جنھیں منکر کہا جاتا ہے) ناقابلِ اعتماد سمجھا جائے گا ۔ اور معروف مرویّات پر اعتماد کیا جائے گا ۔ اس مقام کی معروف روایات میں سے ایک روایت ہم یہاں بطور نمونہ نقل کرتے ہیں جس کو علامہ سفارینی حنبلی نے "عقیدۃ السفارینی" میں اس بحث کے تحت نقل کیا ہے ۔ اور مشہور مؤرخ ابن خلدون نے بحث بیعت کے مقام میں اس کو درج کیا ہے :

"۔ ۔ ۔ ۔ وکانت مبایعتہ بعد موت عمرؓ بثلاث لیالٍ وکان عبد الرحمٰن بن عوف قبل ان یتخلّٰی عنھا احدٌ قد خلا بعثمان فقال لہٗ فان لم نبایعک فمن تشیر علیّ ؟ قال علیؓ وقال لعلیؓ ان لم

Marfat.com

نبایعک فمن تشیر علیّ؟ قال عثمان، ثم دعا الزبیر فقال ان لم نبایعک فمن تشیر علیّ؟ قال علی او عثمانؓ الخ

(۱) تاریخ ابن خلدون جلد ثانی ص ۹۹۶ بحث مقتل عمرؓ وامر الشوریٰ وبیعۃ عثمانؓ طبع بیروت لبنان۔

(۲) "لوائح الانوار البہیۃ" المعروف بعقیدۃ السفارینی للشیخ محمد بن احمد السفارینی جلد ۲، ص ۳۱۷ بحث مذکور، مطبوعہ مصر، سن طباعت ۱۳۲۴ھ/۱۳۲۳ھ

حاصل یہ ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ کی وفات کے بعد تین یوم کے اندر حضرت عثمانؓ سے بیعتِ خلافت کی گئی۔ عبد الرحمٰن بن عوف نے حضرت عثمانؓ کو خلوت میں جا کر ان سے کہا کہ اگر ہم لوگ آپ سے بیعت نہ کریں تو آپ دوسرے کس شخص کے حق میں مشورہ دیتے ہیں؟ حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ پھر علی بن ابی طالب کے حق میں مشورہ دیتا ہوں۔ اسی طرح حضرت علیؓ سے الگ ہو کر عبد الرحمٰن بن عوف نے مشورہ طلب کیا کہ اگر ہم آپ سے بیعت نہ کریں تو کس شخص کے حق میں آپ کی رائے ہے؟ حضرت علیؓ نے کہا کہ عثمان بن عفان سے بیعت کی جائے۔ پھر عبد الرحمٰن نے حضرت زبیرؓ بن عوام کو بلا کر دریافت کیا کہ اگر ہم لوگ آپ سے بیعت نہ کریں تو آپ کا کیا خیال ہے؟ تو زبیرؓ نے کہا کہ علیؓ یا عثمانؓ سے بیعت کی جائے۔"

# خلاصہ

یہ ہے کہ فریقین کے حوالہ جات سے واضح ہوتا ہے کہ دونوں اکابرین سیدنا عثمانؓ و سیدنا علیؓ کے درمیان مسئلہ خلافت خوش اسلوبی سے طے ہو گیا تھا۔ اس

Marfat.com

موقع پر کوئی ہنگامہ آرائی نہیں ہوئی، کوئی فتنہ و فساد نہیں ہُوا۔

- اور کسی واقعہ پر رائے زنی کرنا اہل فہم و فکر کے نزدیک کوئی قبیح امر نہیں اور کسی چیز کے متعلق اظہارِ خیالات کرنا عقلمندوں کے ہاں کوئی جرم نہیں بلکہ اس کو مستحسن سمجھا جاتا ہے۔ بس اسی قدر واقعات پیش ہوئے اور انہی حدود کے اندر اندر بیعتِ عثمانی کا مسئلہ اتمام پذیر ہو گیا تھا۔
- مسئلہ خلافت میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی طرف سے کوئی انقباض واقع نہیں ہُوا اور کسی قسم کی روگردانی نہیں پائی گئی۔ واقعہ ہٰذا سے پہلے یہ حضرات جس طرح باہم متفق تھے اس کے بعد بھی اسی طرح ان کے بہترین تعلقات قائم رہے عثمانی دَور کے تمام ایام میں (جو بارہ یوم کم بارہ سال تھے) حضرت علیؓ حضرت عثمانؓ کے ساتھ امورِ خلافت میں معاون و مددگار رہے۔

یہ سب چیزیں صاف بتلاتی ہیں کہ حضرت عثمان ذی النورینؓ کے ساتھ حضرت علیؓ کی بیعت شرحِ صدر کے ساتھ واقع ہوئی تھی، کسی مجبوری و مقہوری کے تحت نہیں ہوئی تھی۔

- نیز یہ چیز بھی فریقین کے بیانات سے واضح ہوتی ہے کہ سیدنا علی المرتضیٰؓ اور سیدنا عثمانؓ کے درمیان قبائلی تعصّب اور خاندانی گروہ بندی ہرگز نہ تھی اور نہ ہی یہ مسائل نسلی عصبیت کے زاویۂ نگاہ سے طے کیے جاتے تھے۔

★

Marfat.com

# باب سوم

اس باب میں سیّدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سیّدنا علی المرتضیٰؓ کے ساتھ مختلف نوعیت کے روابط نیز فضائل و مناقب اور تعلقات ذکر کیے جائیں گے جو سیّدنا علی المرتضیٰؓ کی زبانِ مبارک سے منقول ہیں یا دیگر ہاشمیوں نے بیان کیے ہیں۔ آخر بحث میں شیعہ حضرات کی معتبر کتب سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی فضیلت و منقبت کی چند چیزیں نقل کی جائیں گی۔

—— اس نوع کی ایک ایک فضیلت مستقل عنوان کی حیثیت رکھتی ہے اور اس میں اس چیز کی دعوتِ فکر موجود ہے کہ سیّدنا حضرت علی المرتضیٰؓ، سیّدنا عثمانؓ ذوالنورین کو کیا کچھ سمجھتے تھے؟ کس مقام پر فائز المرام خیال فرماتے تھے؟ ان بزرگوں کا باہم رشتہ عقیدت کس درجہ مضبوط تھا؟ اور تعلقِ مودّت کس طرح مربوط تھا؟

یہ تمام عنوانات ان مندرجات میں حقیقتًہ موجود ہیں منصفانہ غور و خوض کی ضرورت ہے! واقعات کی شکل میں حقائق پیش خدمت ہیں، تدبر فرماویں۔

—— ہر فضیلت کے بعد نتائج ذکر کرنے کے بجائے آخر بحث میں یکجا مستخرجات تحریر کیے جائیں گے جو نہایت قابلِ التفات ہونگے اور انہیں بنظرِ غائر ملاحظہ کرنا مفید ہوگا۔

Marfat.com

(۱)

# حضرت علیؓ کے نکاح اور شادی میں حضرت عثمانؓ کی طرف سے مخلصانہ اعانت اور امداد

جب حضرت علیؓ کا حضرت فاطمہؓ کے ساتھ نکاح ہوا اس کی ضروری تفصیلات "حصّہ صدّیقی" میں (بحث نکاح ہٰذا) کے تحت قبل ازیں درج کر دی گئی ہیں ۔ اب یہاں صرف یہ ذکر کرنا ہے کہ حضرت علیؓ اور حضرت فاطمۃ الزہرا کی شادی کے لیے جو سامان خرید کیا گیا یا اس موقع کی دیگر ضروریات مہیا کی گئی تھیں وہ تمام تر نقدی حضرت عثمانؓ نے حضرت علیؓ کو ہدیۃً و ہبۃً عنایت فرمائی تھی اور انہوں نے بخوشی قبول کر لی تھی پھر نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت شریف میں جب عثمانی ہدیہ کی خبر پہنچائی گئی تو نبی کریم نے حضرت عثمانؓ کو بہت بہت دعائیں دیں ۔

سُنّی و شیعہ کتابوں میں یہ واقعہ درج ہے ملاحظہ فرمایا جائے ۔

اختصاراً صرف چند حوالہ جات پیش خدمت ہیں ۔

## شرح مواہب اللدُنّیہ سے

مواہب اللدُنیہ مع شرح زرقانی جلد ثانی بحث تزویج علیؓ میں منقول ہے کہ نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے شادی و نکاح کی ضروریات پُورا کرنے کے لیے حضرت علیؓ کو ارشاد فرمایا کہ :

فبعها (الدرع) فبعتها من عثمان بن عفان باربعمائةٍ وثمانين درهمًا ثم ان عثمانؓ ردّ الدرع الی علیؓ فجاء بالدرع والدراهم الی المصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم فدعا لعثمان بدعوات - الخ

Marfat.com

(زرقانی علی المواہب، ج ۲ ص ۳ - بحث تزویج علی بفاطمۃ
طبع مصر الطبعۃ الاولیٰ، سن طباعت ۱۳۲۵ھ)

یعنی تو اپنی زرہ کو فروخت کر دے حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنی زرہ عثمانؓ بن عفان کو چار سو اسی درہم میں بیچ دی۔ اس کے بعد عثمانؓ بن عفان نے وہ زرہ پھر علیؓ المرتضیٰ کو واپس کر دی حضرت علیؓ نے زرہ اور دراہم (نقدی) دونوں چیزیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر پیش کر دیں اور عثمانؓ کا یہ تمام ماجرا بیان کیا تو سرور دوجہان صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمانؓ کے حق میں بہت دعائیں فرمائیں۔"

## "کشف الغمۃ فی معرفۃ الائمۃ" اور "بحار الانوار" سے

ساتویں صدی ہجری کے شیعہ عالم علی بن عیسیٰ الاربلی نے اپنی کتاب کشف الغمۃ فی معرفۃ الائمۃ جلد اول (ذکر تزویج علیؓ بفاطمۃؓ) میں اور مجلسی نے "بحار الانوار" میں اس واقعہ کو مفصل نقل کیا ہے۔ حضور علیہ السلام نے علیؓ بن ابی طالب کو فرمایا کہ اپنی زرہ بیچ ڈالیے۔

قال علی فانطلقت وبعتہ باربع مائۃ دراھم (سود ھجریۃ) من عثمانؓ بن عفان فلما قبضت الدراھم منہ وقبض الدرع منی قال یا ابا الحسن الست اولیٰ بالدرع منک ؟ وانت اولیٰ بالدراھم منی؟ فقلت بلیٰ! قال فان الدرع ھدیۃ منّی الیک۔ فاخذت الدراھم والدرع واقبلت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فطرحت الدرع والدراھم بین یدیہ واخبرتہ بما کان من امر عثمان فدعا لہ بالخیر۔

(۱) کشف الغمۃ فی معرفۃ الائمۃ از علی بن عیسیٰ الاربلی جلد اول ذکر تزویج علی بفاطمۃ ج ۱ ص ۳۵۸ مع ترجمۃ المناقب فارسی۔ طبع جدید طہران)

Marfat.com

(۲) بحار الانوار ملّا باقر مجلسی، ص ۳۹۔۴۰، جلد عاشر، باب تزویج فاطمہؓ لعلیؓ۔

"یعنی حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ (حسبِ ہدایتِ نبوی) مَیں نے جاکر اپنی زرہ عثمانؓ بن عفان کو چار صد درہم کے عوض میں فروخت کردی۔ جب درہم مَیں نے وصول کر لیے اور زرہ عثمانؓ بن عفان نے لے لی تو اس کے بعد عثمانؓ فرمانے لگے کہ اَے ابن ابی طالب! زرہ اب میری ہو چکی اور دراہم آپ کے ہو چکے؟ مَیں نے کہا بالکل ٹھیک ہے۔

اس کے بعد عثمانؓ نے فرمایا کہ یہ زرہ آپ کو میری طرف سے بطورِ ہدیہ و تحفہ پیشِ خدمت ہے۔ تو مَیں نے دراہم اور زرہ دونوں چیزیں سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کی خدمتِ اقدس میں لاکر حاضر کردیں اور عثمانؓ کا میرے ساتھ یہ حُسنِ معاملہ بھی بیان کیا تو سردارِ دوجہاںؐ نے عثمانؓ بن عفان کے حق میں دعائے خیر فرمائی۔"

## حضرت عثمانؓ کا حضرت علیؓ کے نکاح کا شاہد و گواہ ہونا

——— حضرت علی المرتضیٰؓ کے نکاح کے لیے جو مجلس منعقد ہوئی اس میں دیگر صحابہ کرامؓ کے ساتھ حضرت عثمان غنیؓ کو بھی مدعو کیا گیا اور نکاحِ ہٰذا (علی المرتضیٰؓ کی تزویج حضرت فاطمہؓ کے ساتھ ہونے کا گواہ اور شاہد قرار دیا گیا۔ فریقین کی کتابوں میں یہ واقعہ مذکور ہے۔

محب الطبری نے ریاض النضرۃ و ذخائر العقبیٰ ہر دو کتابوں میں یہ مسئلہ ذکر کیا ہے۔

——— سردارِ دوعالم نبی کریم علیہ السّلام والتسلیم نے حضرت انسؓ کو فرمایا کہ اُخْرُجْ اُدْعُ لِی اَبَا بَکْرٍؓ وعمرؓ وعثمانؓ وعبد الرحمٰنؓ بن عوف وسعدؓ بن

Marfat.com

ابی وقاصؓ وطلحۃؓ والزبیرؓ وبعدۃٍ من الانصارؓ قال فدعوتھم فلما اجتمعوا عندہٗ کلھم واخذوا مجالسھم۔۔۔۔۔ ثم قال النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم ان اللہ تعالیٰ اَمَرَنی اَنْ اُزَوِّجَ فاطمۃ۔۔۔۔۔۔ من علیِ بن ابی طالبؓ فَاَشْھَدُوْا اَنِّی قَدْ زَوَّجْتُہٗ علی اربعمائۃ مثقال فضۃ۔۔۔الخ

(۱) ریاض النضرۃ فی مناقب العشرہ، ص۱۴۲، ج۲، باب تزویج فاطمۃؓ من علیؓ۔

(۲) ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ لمحب الطبری ص۳۰ باب تزویج فاطمہ۔

حاصل یہ ہے کہ

"انسؓ کہتے ہیں کہ مجھے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ جاؤ ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و عبدالرحمٰنؓ و سعدؓ و طلحہؓ و زبیرؓ کو اور چند آدمی انصار سے بلا لاؤ۔ حضرت انسؓ ان تمام حضرات کو بلا لائے جب یہ سب حضرات حاضر خدمت ہو کر اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ گئے تو نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں فاطمہؓ کا نکاح علی بنؓ ابی طالب سے کر دوں پس تم لوگ اس چیز کے گواہ اور شاہد ہو جاؤ کہ میں نے علیؓ سے فاطمہؓ کا نکاح کر دیا۔ اور چار سو مثقال مہر مقرر کر دیا ہے"۔ الخ

——اس واقعہ کو شیعہ علماء نے بھی اپنی عمدہ تصانیف میں قریباً اسی طرح نقل کیا ہے۔ اختصار عبارت کے ساتھ اس کو درج کیا جاتا ہے ملاحظہ فرما دیں "کشف الغمہ" میں علی بن عیسیٰ اربلی ذکر کرتے ہیں کہ:

Marfat.com

_____ عن انسؓ قال کنت عند النبیؐ صلّی اللہ علیہ وسلّم

. . . . . . . . (قال) فانطلق فادع لی ابابکر وعمر وعثمان و

علیاً وطلحۃ والزبیر وبعد دھم من الانصار قال فانطلقت

فدعوتھم لہٗ فلما ان اخذوا مجالسھم قال رسول اللہ صلّی

اللہ علیہ وسلّم . . . . . . . . ثم انی اُشْھِدُکُمْ اَنِّی قَدْ

زوّجتُ فاطمۃ من علیؓ علیٰ اربع مائۃ مثقال فضۃٍ۔ الخ

(۱) کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ لعلی بن عیسیٰ الاربلی المتوفی ۶۸۷ھ

جلد اوّل، ص ۴۷۱-۴۷۲ ترجمۃ المناقب فارسی۔ باب

تزویج فاطمہ۔ طبع جدید طہرانی۔

(۲) المناقب للخوارزمی، ص ۲۴۲۔ باب تزویج مذکور، الفصل

العشرون، ص ۲۵۲ و ۲۵۳۔ مطبع حیدریہ نجف اشرف

عراق۔ سن طباعت ۱۳۸۵ھ / ۱۹۶۵ء

(۳) بحار الانوار ملا باقر مجلسی، جلد عاشر، ج ۱۰، ص ۳۷-۳۸

باب تزویج فاطمہ۔ طبع ایران۔

خلاصہ یہ ہے کہ:

" انسؓ کہتے ہیں کہ میں نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں حاضر

تھا . . . . . . . . نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے مجھے ارشاد فرمایا کہ جاؤ

ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ و طلحہؓ و زبیرؓ کو اور اتنی تعداد میں انصار کو میرے پاس

بلا لاؤ۔ میں چلا گیا اور ان سب حضرات کو حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی

خدمت میں بلا لایا۔ جب یہ سب لوگ اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے تو نبی کریم نے

ارشاد فرمایا . . . . . . . میں تم سب حاضرین مجلس کو اس بات کا گواہ او٭

Marfat.com

شاہد قرار دیتا ہوں کہ میں نے چار سو مثقال مہر کے عوض میں فاطمہؓ کا نکاح علی بن ابی طالبؓ سے کر دیا۔"

(۲)

# حضرت عثمانؓ کے مومن، صالح، متقی، محسن ہونے کی مرتضوی شہادت

——حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کا زمانہ تھا۔ ان کی جماعت کے ایک شخص نے ان سے دریافت کیا کہ اگر لوگ مجھ سے سوال کریں کہ آپ کے امیر المومنین حضرت عثمانؓ کے متعلق کیا خیالات ہیں؟ تو میں جواب میں کیا ذکر کروں؟ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ:

—— اخبرھم ان قولی فی عثمان احسن القول ان عثمان کان مِنَ الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَآمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَاَحْسَنُوْا وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ۔

یعنی فرمایا کہ عثمانؓ کے حق میں میرا بہت عمدہ خیال ہے یقیناً عثمانؓ ان لوگوں میں سے ہیں جن کے حق میں قرآن مجید میں اللہ کریم نے ارشاد فرمایا کہ:

"وہ لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کیے، پھر پرہیزگاری کی۔ اور یقین کیا، پھر تقویٰ اختیار کیا اور نیکوکاری کی، اللہ نیکوکاری کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔"

حضرت علیؓ کا یہ فرمان مندرجہ ذیل کتب میں اپنے اپنے الفاظ میں مذکور ہے اور

Marfat.com

مضمون واحد ہے۔

(۱) ـــــ "المصنف" لابن ابی شیبۃ جلد رابع (قلمی)، ص ۱۰۱، سطر ۷۔ باب الجمل،
(کتب خانہ، پیر جھنڈا سندھ)

(۲) ـــــ کتاب انساب الاشراف للبلاذری۔ باب امر عثمانؓ بن عفان۔ ج ۵ ص
طبع جدید (یروشلم)۔

(۳) ـــــ المستدرک للحاکم، ج ۳ ص ۱۰۴۔ کتاب معرفۃ الصحابہ۔ باب مقتل
عثمانؓ۔ طبع اول دکن۔

(۴) ـــــ "الاستیعاب" لابن عبد البر۔ معہ اصابہ، جلد ثالث، ص ۷۲۔ تذکرہ عثمانؓ
طبع مصر۔

(۵) ـــــ "کنز العمال" لعلی المتقی الہندی۔ (بحوالہ ابن مردویہ۔ کر۔) جلد سادس، ص ۳۷۹،
باب فضائل ذی النورین عثمانؓ بن عفان۔ روایت ۵۸۷۹۔ طبع اول۔

حافظ ابن کثیر عماد الدین دمشقی نے اپنی مشہور تصنیف البدایہ والنہایہ جلد سابع (۱) میں سیدنا عثمانؓ بن عفان کے حالات کے تحت حضرت علی المرتضیٰؓ کی ایک اور روایت ذکر کی ہے اس میں حضرت عثمانؓ کے چند مزید خصالِ حمیدہ کا بیان ہے، عبارت ملاحظہ ہو:

وفی روایۃٍ انہ قال کان عثمان رضی اللہ عنہ خیرنا، واوصلنا للرحم واشدّنا حیاءً واحسننا طهوراً، واتقانا للرب عزّ وجلّ" ـــــ وفی "الاصابۃ" قال علیؓ کان عثمانؓ اوصلنا للرحم الخ

(۱) البدایہ، ج ۷، ص ۲۴۹ تحت حالات عثمانؓ۔

(۲) الاصابہ معہ استیعاب، ج ۲، ص ۴۵۵ تذکرہ عثمانی۔

یعنی علی المرتضیٰؓ نے فرمایا کہ عثمانؓ بن عفان ہم میں سے بہترین شخص تھے اور صلۂ رحمی کرنے والے تھے اور زیادہ حیادار اور پاکیزہ تھے۔ اللہ سے بہت

Marfat.com

خوف کرنے والے تھے "

اس فرمان کی ایک اور روایت سے بھی تائید ہوتی ہے جسے ابوالقاسم السہمی المتوفی ۴۲۷ھ نے اپنی تصنیف "تاریخ جرجان" میں حضرت علیؓ سے ذکر کیا ہے۔

"۔۔۔۔۔ فقال لہ علیؓ بابی انت و امی یا رسول اللہ قد کنا عندک جماعۃ فما غطیتہا وجاء عثمان فغطیتہا فقال انی استحیی ممن استحییت منہ الملائکۃ"

(تاریخ جرجان، ص ۴۲۷، تالیف ابوالقاسم حمزہ بن یوسف السہمی طبع دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن)

"۔۔۔۔۔ یعنی حضرت علیؓ نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے عرض کیا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں یا رسول اللہ آپ نے ہماری موجودگی میں پاؤں نہیں ڈھانکے مگر عثمانؓ کے آنے پر آپ نے کپڑا ڈال لیا ہے تو جواب میں فرمایا کہ عثمانؓ سے خدا کے ملائکہ حیا کرتے ہیں، میں بھی اس سے حیا کرتا ہوں۔"

(۴)

## حضرت علیؓ کے بیانات کی روشنی میں حضرت عثمانؓ کا لقب "ذوالنورین" چند دیگر فضائل کے ساتھ

—— اس مضمون کے اثبات کے لیے یہاں مندرجہ ذیل روایات نقل کی جاتی ہیں۔ ایک نزال بن سبرۃ سے مروی ہے۔ اس کو متعدد علماء نے تخریج کیا ہے دوسری کثیر بن مرۃ سے منقول ہے۔

Marfat.com

## پہلی روایت

روی ابو الخیثمة فی فضائل الصحابة من طریق الضحاک عن النزال بن سبرة قلنا لعلیؓ حدثنا عن عثمان قال ذاک امرء یدعی فی الملاء الاعلیٰ ذا النورین۔

(۱) الاصابہ معہ استیعاب ج ۲ ص ۴۵۵ تذکرہ عثمانؓ

واخرج ابو خیثمة فی فضائل الصحابة وابن عساکر عن علیؓ بن ابی طالب انه سئل عن عثمانؓ فقال ذاک امرأ یدعی فی الملاء الاعلیٰ ذا النورین کان ختن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ابنتیه۔

(۲) تاریخ الخلفاء للسیوطی، ص ۱۰۵ تذکرہ عثمان بن عفان، مطبع مجتبائی دہلی۔

(۳) کنز العمال، ج ۶ ص ۳۷۳، روایت ۵۸۰۶۔ باب فضائل ذی النورین عثمانؓ۔

خلاصہ روایات یہ ہے کہ نزال بن سبرۃ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم نے حضرت علی المرتضیٰؓ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ عثمانؓ بن عفان کے مقام کے متعلق بیان فرماویں تو آپ نے فرمایا کہ عثمانؓ وہ شخص ہیں جن کو "ملاء اعلیٰ" (یعنی آسمانوں پر فرشتوں کی جماعت) میں "ذوالنورین" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ حضور علیہ السلام کے داماد ہیں۔ نبی کریم کی دو صاحبزادیاں یکے بعد دیگرے ان کے نکاح میں آئیں۔"

## دوسری روایت

کثیر بن مرہ ناقل ہے، علی متقی ہندی نے ابن عساکر کے حوالہ سے کنز العمال میں

Marfat.com

اس کو ذکر کیا ہے۔

ـــــــ عن کثیر بن مرۃ قال سئل علی بن ابی طالب عن عثمان قال نعم یسمی فی السماء الرابعۃ ذاالنورین وزوجہ رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم واحدۃً بعد واحدۃٍ ثم قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم من یشتری بیتًا یزیدہ فی المسجد غفر اللّٰہ لہٗ فاشتراہ عثمان فزادہٗ فی المسجد فقال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم من یبتاع مربد بنی فلان فیجعلہٗ صدقۃً للمسلمین غفر اللّٰہ لہٗ فاشتراہ عثمان فجعلہٗ صدقۃً علی المسلمین فقال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم من یجہز ھذا الجیش یعنی جیش العسرۃ غفر اللّٰہ لہٗ فجھزھم عثمان حتی لم یفقد واعقالاً۔

(کنز العمال، ج ۶، ص ۳۷۹ (بحوالہ ابن عساکر) روایت ۵۸۷۵
باب فضائل ذی النورین عثمانؓ، طباعت اوّل، دکن)

حاصلِ کلام یہ ہے کہ:

حضرت علی المرتضیٰؓ سے بعض آدمیوں نے حضرت عثمانؓ کے حق میں سوال کیا تو

۱ــــ آپ نے فرمایا وہ بہترین شخص تھے، چوتھے آسمان پر ان کا نام "ذوالنورین" تحریر کیا گیا۔ اور نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ان کو یکے بعد دیگرے اپنی دو صاحبزادیاں نکاح کر دیں۔

۲ــــ پھر رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ جو شخص ایک مکان خرید کر مسجد میں اضافہ کر دے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کی مغفرت فرما دیں گے۔ عثمانؓ نے وہ مکان خرید کر مسجد میں ملا دیا۔

۳ــــ پھر نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمان دیا کہ فلاں قبیلہ کا مربد (یعنی باڑہ) خرید کر

Marfat.com

عام مسلمانوں کے لیے جو آدمی وقف کرے گا اُس کے لیئے بخشش و مغفرت ہو گی۔ عثمانؓ بن عفان نے وہ مکان خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا۔

۴ ــــ پھر حضور علیہ السّلام نے فرمان جاری کیا کہ جیش العسرۃ یعنی غزوۂ تبوک والے لشکر کے لیے تیاری کا سامان جو شخص پیش کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو بخش دینگے، تو عثمانؓ نے پالان کسنے کی رسّی تک سامانِ لشکر مہیا کر دیا۔"

# عُلماء کا ایک قول

علّامہ سیوطیؒ نے تاریخ الخلفاء (بحث فضائل عثمانی) میں علماء کا ایک قول نقل کیا ہے ہم بھی ناظرین کے افادہ کے لیے یہاں درج کرتے ہیں۔ قبل ازیں باب اوّل میں اس کا بعض حصّہ نقل ہو چکا ہے۔

"قال العلماء ولا یعرف احد تزوّج بنتی نبیٍ غیرہ ولذالک سمّی ذا النورین فهو من السابقین الاوّلین واوّل المهاجرین واحد العشرۃ المشهود لهم بالجنّۃ واحد الستّۃ الذین توفی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم وهو عنهم راضٍ واحد الصحابۃ الّذین جمعوا القرآن۔ الخ"

(تاریخ الخلفاء سیوطی، ص ۱۰۵ طبع مجتبائی دہلی ذکر عثمانؓ)

خلاصہ یہ ہے کہ عُلماء اُمّت فرماتے ہیں:

(۱) ــــ کہ حضرت عثمانؓ بن عفان کے بغیر کوئی شخص ایسا نہیں گزرا جس کے نکاح میں نبی کی دو دختر آئی ہوں، اسی وجہ سے ان کا نام "ذوالنورینؓ" رکھا گیا۔

(۲) ــــ عثمانؓ پہلے پہلے ایمان والے مسلمانوں میں سے تھے جنہیں سابقین اوّلین کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

(۳) ـــــ عثمانؓ اوّلین مہاجرین میں سے تھے (اور دو ہجرتوں کے ثواب حاصل کرنے والوں میں سے تھے)۔

(۴) ـــــ جن دسں صحابہ کرامؓ کو جنت کی بشارت مل چکی ہے، ان میں سے ایک عثمانؓ تھے۔

(۵) ـــــ جن چھ آدمیوں سے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم راضی رخصت ہوئے ان میں ایک عثمان تھے۔

(۶) ـــــ جن صحابہ کرامؓ نے قرآن مجید جمع کیا ان میں سے ایک عثمانؓ تھے۔ رضی اللہ عنہ وعن کل الصحابۃ اجمعین۔

(۴)

# اُمّت میں مقامِ عثمانؓ کا تعیُّن
# حضرت علی المرتضیٰؓ کی زبان سے

ـــــ سیّدنا حضرت علیؓ نے اپنے دَورِ خلافت میں ایک خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ اس خطبہ کو علّامہ ابوبکر عبداللہ بن ابی داؤد بن سلیمان بن اشعث سجستانی المتوفی ۳۱۶ھ نے کتاب المصاحف“ میں باسند نقل کیا ہے، اس میں یہ مسئلہ مذکور ہے۔ ناظرین کرام توجہ فرماویں۔

.......عن عبد خیر قال خطب علیؓ رضی اللہ عنہ فقال افضل الناس بعد النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم ابوبکرؓ وافضلھم بعد ابی بکرؓ عمرؓ، ولو شئت ان اسمّی الثالث لسمّیتہٗ قال فوقع فی نفسی من قولہ ان اسمی الثالث لسمیتہ فاتیتُ

Marfat.com

الحسین بن علی فقلت ان امیر المؤمنین خطب فقال ان افضل الناس بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر۔ وافضلہم بعد ابی بکرؓ عمرؓ۔ ولو شئت ان اسمی الثالث لسمیتہ فوقع فی نفسی فقال الحسینؓ فقد وقع فی نفسی کما وقع فی نفسک فسألتہ فقلت یا امیر المؤمنین من الذی لو شئت ان تسمیہ لسمیتہ؟ قال المذبوح کما تذبح البقرۃ "

(کتاب "المصاحف" لابی بکر عبداللہ بن ابی داؤد السجستانی ص ۳۵-۳۶ طبع مصر تحت عنوان ماکتب عثمان من المصاحف)

"یعنی عبد خیر ذکر کرتا ہے کہ (ایک دفعہ) حضرت علیؓ نے خطبہ دے کر فرمایا کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام لوگوں سے افضل ابوبکرؓ ہیں اور ان کے بعد سب سے افضل عمرؓ بن الخطاب ہیں۔ اگر میں تیسرے شخص کا نام ذکر کروں تو کر سکتا ہوں۔

عبد خیر کہتا ہے کہ میں نے خیال کیا تیسرا شخص کون ہے؟ یہ چیز میں نے حضرت حسین بن علیؓ سے دریافت کی تو انہوں نے فرمایا کہ میرے دل میں بھی یہ بات گزری تھی۔ پھر میں نے امیر المؤمنین علیؓ سے خود دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ وہ شخص ہے جس کو لوگوں نے ذبح کر ڈالا جیسے گائے ذبح کی جاتی ہے۔ (یعنی افضلیت میں تیسرے شخص عثمان ہیں جن کو باغیوں نے وحشت ناک کیفیت سے شہید کر دیا)۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعن جمیع الصحابۃ اجمعین۔

Marfat.com

(۵)

# دینِ عثمانؓ کا مقام

# علی المرتضیٰؓ کی نظروں میں

——— گذشتہ مسئلہ میں حضرت علیؓ شیرِ خدا کرم اللہ وجہہٗ کی زبانی حضرت سیدنا عثمان ذوالنورینؓ کا مقام تمام اُمت میں تیسرے نمبر پر مذکور ہوا۔

اب یہ امر نقل کیا جاتا ہے کہ حضرت عثمانؓ کے دین کی اہمیت حضرت علیؓ کے قلب میں کیا تھی؟ اور حضرت عثمانؓ کے اسلام کو وہ کس قدر وزنی شُمار کرتے تھے؟

——— ابن عبدالبر نے الاستیعاب فی اسماء الاصحاب (تذکرہ عثمانی) میں یہ قول نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں:

"۔۔۔۔ قال علیؓ رضی اللہ عنہ من تبرّأ من دینِ عثمانؓ فقد تبرّأ من الایمان"

(الاستیعاب معہ اصابہ، ج ۳، ص ۷۶، تذکرہ حضرت عثمانؓ)

"یعنی حضرت علیؓ نے فرمایا کہ جس شخص نے حضرت عثمانؓ کے دین سے تبرّی و بیزاری اختیار کی یقیناً وہ اپنے ایمان و اسلام سے بری ہوگیا۔"

مطلب یہ ہے کہ حضرت علیؓ کے بیانات کے ذریعہ یہ مسئلہ فیصلہ شُدہ ہے کہ جو آدمی حضرت عثمانؓ کو ایماندار نہیں جانتا وہ خود ایماندار نہیں۔ جو حضرت عثمانؓ سے بیزار ہوگا وہ دینِ اسلام سے بیزار ہوگا۔

Marfat.com

(۶)

# حضرت علیؓ کی جانب سے حضرت عثمانؓ کے متعلق سابق الخیرات اور غیر معذب ہونے اور جنتی ہونے کی گواہی

ذیل میں مرویاتِ مرتضوی نقل کی جاتی ہیں جن میں مندرجہ مسائل درج ہیں۔

(۱) علامہ البلاذری نے اپنی مشہور تصنیف انساب الاشراف جلد خامس[۵]، باب امر عثمانؓ میں باسند نقل کیا ہے۔

"..... عن ابی سعید ابی محمد بن زیاد قال قال علیؓ انا واللہ علی اثر الذی اتی به عثمان لقد سبقت له فی اللہ سوابق لا یعذبه بعدها ابداً"

(انساب الاشراف بلاذری، ج ۵، ص ۹، طبع یروشلم)

"یعنی حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اللہ کی قسم میں اسی نقش قدم پر چل رہا ہوں جس پر عثمانؓ آرہے تھے، اللہ کے دین کے معاملہ میں انہیں (خیرات و حسنات میں) سبقتیں حاصل ہیں جن کے بعد اللہ تعالیٰ ان کو کبھی بھی عذاب نہیں دے گا۔

(۲) ——— علی متقی ہندی نے کنز العمال میں متعدد باسند علماء کے حوالہ سے حضرت علیؓ کا یہ قول نقل کیا ہے:۔

——— عن ابی سعید مولیٰ قدامۃ بن مظعون قال قال علیؓ وذکر عثمان اما واللہ لقد سبقت له سوابق لا یعذبه اللہ بعدها ابداً"

Marfat.com

(۱)۔۔۔ کنز العمال ج ۶، ص ۳۷۳ - روایت ۵۸۰۷ بحوالہ ابن آبی الدنیا والحاکم فی الکنیٰ - کر۔

(۲)۔۔۔ کنز العمال ج ۶، ص ۳۷۹ - روایت ۵۸۰۸ بحوالہ ابن عساکر جلد سادس۔

"مطلب یہ ہے حضرت علیؓ نے حضرت عثمانؓ کا ذکر کیا فرمانے لگے کہ اللہ کی قسم ان کو بہت سے امورِ خیر میں سبقت حاصل ہے اس کے بعد ان کو اللہ تعالیٰ کبھی بھی عذاب نہیں دے گا۔

(۳)۔۔۔ ...... عن یوسف بن سعید مولیٰ حاطب عن محمد بن حاطب وکان قدم البصرۃ مع علیؓ ان علیاً ذکر عثمان فقال و معہٗ عود ینکت بہ اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَہُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓی اُولٰٓئِکَ عَنْہَا مُبْعَدُوْنَ ۔ اولئک عثمانؓ واصحاب عثمانؓ"

(انساب الاشراف بلاذری، ج ۵، ص ۱۰ باب امر عثمان بن عفان - طبع جدید یروشلم)

حاصل یہ ہے کہ "حضرت علیؓ نے حضرت عثمانؓ کا ذکر کیا اور آپ کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی اس سے زمین کرید رہے تھے۔ آیت ہٰذا (تحقیق وہ لوگ جن کے لیے ہماری جانب سے وعدہ حسنیٰ یعنی جنت مقرر ہو چکی ہے وہ دوزخ سے دُور کر دیتے جائیں گے) پڑھ کر فرمایا کہ یہ لوگ عثمانؓ اور ان کے ساتھی ہیں"

## (۷)
## عثمانی خلافت میں حضرت علیؓ کا قرآن سُنانا

۔۔۔ نوافل میں قرآن خوانی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دَور میں ہمیشہ

Marfat.com

ہوتی تھی اور بعض اوقات جماعت سے ہوتی تھی۔ رمضان المبارک میں یہ مبارک کام باقاعدگی سے مسجد نبوی میں جاری رہتا تھا۔ خلافتِ عثمانی کے ایام میں بعض دفعہ حضرت علی المرتضیٰؓ یہ جماعت کراتے تھے، جو خلیفہ کے ساتھ ان کے درست تعلقات ہونے کا بہترین ثبوت ہے۔

چنانچہ یہ واقعہ مُحدّثین نے مندرجہ ذیل عبارت میں درج کیا ہے:

"۔۔۔ قتادة عن الحسنؒ امّنا علی بن ابی طالبؓ فی زمن عثمانؓ عشرین لیلۃ ثم احتبس فقال بعضهم قد تفرّغ لنفسه ثم امّهم ابو حلیمة معاذ القاری فکان یقنت"

(کتاب قیام اللیل وقیام رمضان والوتر، ص ۱۵۵۔ از محمد بن نصر المروزی المتوفی ۲۹۴ھ۔ باب صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم جماعۃ لیلاً تطوعاً فی شہر رمضان)۔

حاصل یہ ہے کہ:

"قتادہ نے حسن سے نقل کیا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے دوران حضرت علی بن ابی طالبؓ نے ہمیں بیس راتیں (تراویح) کی امامت کرائی اور نماز پڑھائی، پھر (نقیا یا راتوں میں) رک گئے (نہ تشریف لاتے)۔ بعض لوگ کہنے لگے کہ حضرت مرتضیٰ الگ ہو کر اپنی عبادت میں لگ گئے۔ پھر ابو حلیمہ معاذ القاری نے ان لوگوں کی امامت کرائی وہ دعائے قنوت پڑھتے تھے۔"

## حضرت علیؓ کا قراءۃ عثمانی کی سماعت کرنا

مُحدّث عبدالرزاق نے اپنے "مصنّف" جلد ثانی میں یہ واقعہ نقل کیا ہے:-

Marfat.com

—— عبدالرزاق عن ابن عیینۃ عن مسعر عن الحسن بن سعد عن ابیہ قال اقبلت مع علی بن ابی طالب من ینبع، قال فصام علیؓ وکان علی راکبًا وافطرت لانی کنت ماشیًا حتّٰی قدمنا المدینۃ لیلًا فمررنا بدار عثمانؓ بن عفان فاذا ھو یقرأ قال فوقف علیؓ یستمع قراءتہ ثم قال علیؓ انّہٗ یقرأ وھو فی سورۃ او قال فی سورۃ النحل۔ قال ابوبکر (عبدالرزاق) اُخبِرتُ ان بین ینبع و بین المدینۃ اربعۃ ایام۔

(المصنّف لعبدالرزاق، جلد۲، ص ۵۰۰، طبع بیروت منجانب مجلس علمی کراچی، ڈابھیل)

"یعنی حسن بن سعد اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ینبع کے مقام سے حضرت علیؓ کے ساتھ میں واپس آیا، حضرت علیؓ روزہ دار تھے اور سواری پر سوار تھے اور مَیں پیدل ہونے کی وجہ سے روزہ دار نہ تھا، رات کے وقت ہم مدینہ پہنچے، حضرت عثمانؓ بن عفان کے مکان کے پاس سے گزر ہُوا وہ قرآن مجید کی تلاوت فرما رہے تھے۔ حضرت علیؓ ٹھیر گئے اور ان کی قرآت سُننے لگے، پھر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ یہ فلاں سورۃ (یعنی سُورۃ نحل) سے تلاوت کر رہے ہیں۔

ابوبکر عبدالرزاق (صاحبِ کتاب) کہتا ہے کہ مدینہ طیّبہ اور مقامِ ینبع کے درمیان چار یوم کی مسافت تھی۔"

## تنبیہ

ناظرین کرام کو معلوم ہونا چاہیے کہ ینبع کے مقام میں حضرت [illegible] کی جاگیر مزروعہ [illegible] تھی جو خلافتِ فاروقی میں حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کے لیے مرحمت [illegible] کی تھی،

Marfat.com

اس کی نگہداشت کے لیے گاہے گاہے حضرت علی وہاں تشریف لے جایا کرتے تھے۔
قبل ازیں حصہ فاروقی کے باب دوم کے آخر میں صفحہ ۱۸۹، ۱۹۰ پر اس کا ذکر ہو چکا ہے۔

(۸)

# حضرت عثمانؓ کا حضرت علیؓ کو سواری عنایت فرمانا

اس واقعہ کو حافظ ابونعیم اصفہانی (احمد بن عبداللہ) المتوفی ۴۳۰ھ نے اپنی مشہور تصنیف اخبار اصفہان یا تاریخ اصفہان جلد ثانی میں محمد بن محمد بن یوسف المکی الجرجانی کے تذکرہ کے تحت لکھا ہے، یہ تمام کتاب باسند ہے۔ اور واقعات کو سند کے ساتھ ہی درج کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں۔

"........ عن انس قال جاء علی رضی اللہ عنہ الی النبیّ صلّی علیہ وسلّم و معہ ناقۃ فقال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ماھذہ الناقۃ؟ قال حملنی علیہا عثمانؓ فقال النبیّ علیہ السّلام یا علیّ اتق الدنیا فان من کثر نشبہٗ کثر شغلہ ومن کثر شغلہ اشتدّ حرصہٗ ومن اشتدّ حرصہ کثر ھمہٗ و نسی ربّہٗ فما ظنّک یا علیُّ بمن نسی ربّہٗ"

(اخبار اصفہان، ج ۲ ص ۲۸۹ تحت تذکرہ محمد بن محمد بن یوسف المکی الجرجانی)

"یعنی انسؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت میں ایک دفعہ حضرت علی المرتضیٰؓ ناقہ (یعنی اونٹنی) پر سوار ہو کر پہنچے۔ آپ نے فرمایا یہ کس کی اونٹنی ہے؟ کیسی ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض

Marfat.com

کیا کہ عثمانؓ بن عفان نے مجھے سواری کے لیے دی ہے۔

(پھر نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو ترک ماسوی اللہ اور تعلق باللہ کے متعلق چند نصائح فرماتے) ۔فرمایا اے علیؓ! دنیا داری سے بچو! جس کا دنیا سے تعلق کثیر ہو جاتا ہے اس کے شغل و مشاغل زیادہ ہو جاتے ہیں۔ جتنے مشاغل ہوں تو حرص بڑھ جاتی ہے۔ جب حرص و لالچ بڑھ جائے تو افکار و غم بہت ہو جاتے ہیں اور اپنے رب کو انسان فراموش کر دیتا ہے۔ جو شخص اپنے رب تعالیٰ کو بھلا دے اے علیؓ! تو اس کے حق میں کیا گمان رکھے گا؟"

(۹)

# حضرت عثمانؓ کا حضرت علی المرتضیٰؓ کو دعوتِ طعام دینا

—— حدیث کی مشہور کتاب سُنن ابی داؤد، جلد اوّل، ابواب الحج میں دعوتِ طعام کا واقعہ ہٰذا مذکور ہے:

"...... وکان الحارث خلیفة عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنه علی الطائف فصنع لعثمان طعاماً فیه من الحجل والیعاقیب ولحم الوحش فبعث الی علی رضی اللہ عنه فجاء الرسول و هو یخبط لاباعر له فجاء وهو ینفض الخبط عن یده فقالوا له کل فقال اطعموه قوماً حلالاً فانا حرم الخ"

(السنن لابی داؤد، ج ا، ص ۲۶۳ - باب لحم الصید للمحرم - کتاب الحج - طبع مجتبائی دہلی)

حاصل یہ ہے کہ حضرت امیر المؤمنین عثمانؓ کی طرف سے طائف کے علاقہ پر الحارث نامی ایک شخص امیر تھا۔ اس نے حضرت عثمانؓ کے لیے

Marfat.com

طعام تیار کر کے ارسال خدمت کیا۔طعام میں چکور وغیرہ پرندے اور جنگلی حلال جانور (گورخر وغیرہ) پکے ہوئے تھے۔حضرت عثمانؓ نے حضرت علیؓ کی طرف آدمی بھیجا کہ طعام کے لیے تشریف لائیے۔اس وقت حضرت علیؓ اپنے اونٹوں کے لیے درختوں کے پتے جھاڑ کر ہاتھ صاف کر رہے تھے۔عرض کیا گیا کھانا تیار ہے،"تناول فرمائیے۔آپ نے معذرت کرتے ہوئے فرمایا کہ جو لوگ اِحرام نہیں باندھے ہوئے (غیر محرم ہیں) ان کو یہ طعام کھلائیے۔ہم لوگ اِحرام باندھے ہوئے ہیں (مُحرِم کے لیے شکار کے گوشت کا کھانا درست نہیں)"۔

## حضرت عثمانؓ کے حق میں ہاشمیوں کے بیانات

___قبل ازیں عموماً حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرمودات اور واقعات حضرت عثمانؓ کے متعلقہ نقل کیے گئے ہیں، اس کے بعد حضرت علیؓ کی اولاد اور چچازاد بھائیوں کے بیانات میں سے چند اشیاء درج کی جاتی ہیں۔ان میں حضرت سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی فضیلت و عظمت و اہمیت کا ذکر کیا گیا ہے۔

(۱۰)

## حضرت عبداللہؓ بن عباس کا بیان

علامہ محمد بن یحییٰ بن ابی بکر الاندلسی المتوفی ۷۴۱ھ نے اپنی تصنیف "کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمان" میں کتاب الشریعۃ کے حوالہ سے ابن عباسؓ کی روایت نقل کی ہے اور محب الطبری نے ریاض النضرۃ میں بھی ذکر کی ہے۔اور کتاب ازالۃ الخفا میں شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے اس روایت کو درج کیا ہے۔

Marfat.com

روی الآجری فی کتاب الشریعۃ باسنادہ عن میمون بن
مہران عن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما قال قحط المطر
(علی عہد ابی بکر الصدیق) فاجتمع الناس الی ابی بکرؓ فقالوا
السماء لم تمطر والارض لم تنبت والناس فی شدۃ شدیدۃ
فقال ابو بکر الصدیقؓ انصرفوا واصبروا فانکم لا تمسون حتی
یفرج اللہ الکریم عنکم فما لبثنا الا قلیلا ان جاء اجراء عثمانؓ
من الشام۔ فجاءتہ مائۃ راحلۃ برا او قال طعاما فاجتمع
الناس الی باب عثمان فقرعوا علیہ الباب۔ فخرج الیہم عثمانؓ
فی ملأ من الناس فقال ما تشاؤن؟ قالوا الزمان قد قحط
السَّمَآءُ لَمْ تُمْطِرْ وَالْاَرْضُ لَا تُنْبِتُ وَالنَّاسُ فی شدۃٍ شَدِیْدَۃٍ
وقد بلغنا ان عندک طعاما فبعنا ہ حتیٰ نوسع علی فقراء
المسلمین فقال عثمان حُبًّا وَکَرَامَۃً اُدْخُلُوا فاشتروا فدخل
التجار فاذا الطعام موضوع فی دار عثمانؓ۔ فقال معشر التجار
کم تربحونی علی شرائی من الشام؟ قالوا للعشرۃ اثنا عشر!
قال عثمانؓ زادونی قالوا للعشرۃ اربعۃ عشر قال عثمانؓ قد
زادونی قالوا للعشرۃ خمسۃ عشر قال عثمانؓ قد زادونی
قال التجار یا ابا عمرو ما بقی فی المدینۃ تجار غیرنا فَمَنِ
الَّذِیْ زَادَکَ؟ قال زادنی اللہ عزوجل بکل درہم عشرۃ
اعندکم زیادۃ؟ قالوا اللہم لا! قال فانی اشہد اللہ انی قد جعلت
ھذا الطَّعَامَ صَدَقَۃً علی فقراء المسلمین قال ابن عباس رضؓ
فرأیت من لیلتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی فی

Marfat.com

المنام وھو علی برذونٍ ابلق علیہ حلۃٌ من نورٍ وھو مستعجلٌ فقلت یا رسول اللہ فقد اشتدّ شوقی الیک والی کلامک فاین تبادر؟ فقال یا ابن عباس ان عثمانؓ بن عفان قد تصدّق بصدقۃٍ وانّ اللہ عزّوجلّ قد تقبّلہا منہ وزوجہ بہا عروسًا فی الجنۃ وقد دعینا الی عرسہ... الخ

(۱) کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمان، ص ۲۴۲-۲۴۳ طبع بیروت لبنان - از محمد بن یحیٰی اندلسی)

(۲) الریاض النضرہ لمحب الطبری، جلد ۲، ص ۱۴۵-۱۴۶ - ذکر صدقاتہ -

(۳) ازالۃ الخفا شاہ ولی اللہ دہلویؒ، فارسی کامل مقصد دوم ص ۲۲۴، تحت مآثر عثمانی، طبع قدیم بریلی) -

## خلاصہ روایت ہذا یہ ہے

کہ میمون بن مہران ابن عباسؓ سے ذکر کرتا ہے کہ حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ کے دورِ خلافت میں ایک دفعہ قحط رونما ہوا، بارش نہ ہوئی، لوگ مجتمع ہو کر حضرت صدیق اکبرؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ کہنے لگے کہ آسمانی بارش نہ ہونے کی وجہ سے زمین نے کچھ نہیں اگایا، لوگ بہت تنگی و مصیبت میں گرفتار ہیں۔ سیدنا ابوبکرؓ نے فرمایا صبر کرتے ہوئے واپس جائیے۔ اللہ تعالیٰ کریم ذات ہے شام تک شاید کشادگی کی کوئی صورت پیدا فرما دیں۔

تھوڑی دیر کے بعد حضرت عثمانؓ کے کارندے (جو شام کے علاقہ میں تجارت غلہ کے لیے گئے ہوئے تھے) مدینہ پہنچ گئے۔ ایک صد سواری گندم کی لدی ہوئی ملک شام سے لے آئے۔ (اطلاع ملنے پر) مدینہ کے لوگ حضرت عثمانؓ

Marfat.com

کے دروازہ پر جمع ہو گئے۔ دروازہ پر دستک دی، حضرت عثمانؓ باہر تشریف لاتے (دیکھتے ہیں) کہ ایک کثیر انبوہ مدینہ کے تجار کا دروازہ پر پہنچا ہوا ہے عثمانؓ ذوالنورین نے دریافت فرمایا کیا بات ہے؟ حاضرین نے عرض کیا کہ بارش نہ ہونے کے باعث شہر میں قحط پڑ گیا ہے۔ لوگوں میں خوراک کے متعلق سخت اضطراب ہے۔ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ جناب کے ہاں غلہ آیا ہے، آپ ہمیں فروخت کر دیں تاکہ مسلمان فقراء کے لیے فراخیٔ طعام کی صورت پیدا کی جائے۔

حضرت عثمانؓ نے فرمایا بہت اچھا! آیئے خرید کیجیے۔ مدینہ کے تجار اندر آئے، مکان میں غلہ کا سٹاک موجود تھا حضرت ذوالنورین نے فرمایا کہ میری خرید پر آپ لوگ کس قدر منافع دے سکتے ہیں؟ تو تاجر کہنے لگے کہ دس کی خرید پر بارہ (۱۲) روپیہ دے سکتے ہیں۔ عثمانؓ فرمانے لگے مجھے اس سے زیادہ نفع مل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دس کے عوض چودہ روپیہ (۱۴) لے لیں۔ پھر حضرت عثمانؓ نے فرمایا مجھے اس سے زیادہ منفعت حاصل ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پندرہ (۱۵) لے لیں۔ عثمانؓ نے فرمان دیا کہ مجھے اس سے بھی زیادہ ملتا ہے۔ اس وقت انہوں نے عرض کیا کہ مدینہ کے تاجر تو ہم لوگ ہیں آپ کو اس قدر زائد نفع کون دے رہا ہے؟ حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک روپیہ کے بدلے میں دس مل رہے ہیں، تم اس قدر زیادہ دے سکتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا کہ یہ نہیں ہو سکتا تو حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کو اس بات پر شاہد قرار دیتا ہوں کہ میں نے یہ سارا غلہ فقراء مسلمانوں پر للہ صدقہ کر دیا۔ کوئی قیمت وصول نہیں کی جائے گی۔

Marfat.com

ـــــ ابنِ عباسؓ فرماتے ہیں کہ میں اسی رات خواب میں رسُولِ خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم کی زیارت سے مشرّف ہُوا۔ آپؐ ایک عمدہ ترکی ابلق اسپ پر سوار ہیں، نوُرانی لباس زیب تن ہے، جلدی تشریف لے جانے کی سعی فرما رہے ہیں۔ ہمیں نے عرض کیا کہ یا رسُول اللہ! مجھے آپؐ کے دیدار کا بہت شوق تھا، گفتگو کرنے کی تمنّا تھی، کہاں عجلت فرما رہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا کہ اَے ابن عباسؓ! عثمانؓ بن عفان نے صدقہ کیا ہے، اللہ نے اس کو قبولیت بخشی ہے، اِس سلسلہ میں جنت میں اجتماعِ خوشنودی ہو رہا ہے، مجھے شمولیت کے لیے بُلایا گیا ہے۔“

(۱۱)

## سیّدنا حسنؓ بن علیؓ بن ابی طالب کا بیان

فضیلت و عظمتِ عثمانی کے سلسلہ میں سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ کا ایک بیان اکابر علماء نے ذکر کیا ہے۔ وہ ناظرین کے افادہ کی خاطر نقل کیا جاتا ہے۔

اس روایت کو حافظ ابن کثیرؒ نے ”البدایہ“ جلد سابع میں تحت سالاتِ عثمانؓ محدّث ابی یعلیٰ کے حوالہ سے درج کیا ہے، اور علّامہ نوُرالدّین الہیثمی نے ”مجمع الزوائد“ جلد تاسع، باب وفاتِ عثمانؓ میں اِس روایت کو ذکر کیا ہے۔ اور اس کو شاہ ولی اللہ محدّث دہلویؒ نے ازالۃ الخفاء، جزءِ اوّل میں نقل فرمایا ہے۔ ازالۃ الخفاء کے الفاظ میں یہاں اندراج کیا جاتا ہے۔ ان بیانات کے فوائد آخر بحث میں یکجا عرض کیے جائیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ـــــ ....... قال (ضیبع الجاسود) کنت بالکوفۃ فقام الحسن بن علی خطیباً فقال یا ایّھا الناس اِرأیت البارحۃ فی منامی عجباً

Marfat.com

رأیت الرب تعالیٰ فوق عرشہ فجاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتیٰ قام عند قائمۃ من قوائم العرش فجاء ابوبکر فوضع یدہ علیٰ منکب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم جاء عمرؓ فوضع یدہ علیٰ منکب ابی بکرؓ ثم جاء عثمانؓ فکان بیدہ راسہ فقال ربّ سل عبادک فیم قتلونی قال فانبعث من السماء میزابان من دم فی الارض قال فقیل لعلیؓ الا تریٰ ما یحدث بہ الحسن قال یحدث بما رأی۔"

(ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء فارسی جزء اوّل قدیم طبع بریلی، ج ۱، ص ۱۰۷)۔

۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ من طریق آخر عن الحسن بن علیؓ قال لا اقاتل بعد رؤیا رأیتہا رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واضعاً یَدَہٗ علی العرش ورأیت ابابکرؓ واضعاً یدہ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ورأیت عمرؓ واضعاً یدہ علیٰ ابی بکرؓ ورأیت عثمانؓ واضعاً یدہ علیٰ عمرؓ ورأیت دماءً دونہم فقلت ما ھٰذہ الدماء فقیل دماء عثمان یطلب اللہ بہ۔"

(۱) "ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء" از شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، ج ۱، ص ۱۰۷۔ جزء اوّل فارسی، طبع قدیم۔

(۲) "البدایہ والنہایۃ" لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۹۴-۱۹۵، تحت حالات سیدنا عثمانؓ بن عفان۔

(۳) "مجمع الزوائد ومنبع الفوائد" للہیثمی، ج ۹، ص ۹۶ باب وفات سیدنا عثمانؓ۔

Marfat.com

روایات کا حاصل یہ ہے کہ :-

" ایک دفعہ کوفہ میں سیدنا حسنؓ بن علیؓ نے کھڑے ہو کر خطبہ دیا، فرمایا کہ اَے لوگو! رات کو میں نے عجیب خواب دیکھا ہے اللہ تعالیٰ اپنے عرش پر قائم ہیں۔ سردارِ دو عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم تشریف لائے عرش کے ایک پایہ کے پاس قیام فرما ہوئے۔ پھر ابو بکرؓ تشریف لائے اور انہوں نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے دوشِ مبارک پر اپنا ہاتھ رکھا، پھر عمرؓ آئے انہوں نے ابو بکرؓ کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔ پھر عثمانؓ بن عفان آئے (بروایتِ دیگر) انہوں نے عمرؓ کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔ عثمانؓ اپنا سر بُریدہ ہاتھ میں لیے ہوئے تھے اور آکر عرض کیا کہ یا اللہ اپنے بندوں سے دریافت فرمائیے کہ کس بنا پر انہوں نے مجھے قتل کر ڈالا؟

پھر سیدنا حسنؓ فرمانے لگے کہ آسمان سے زمین کی طرف خون کے دو میزاب (پرنالے) اُترتے دکھائی دیتے (کہا گیا کہ یہ خونِ عثمانؓ ہے اس کا مطالبہ ہوگا)۔

اس کے بعد حضرت علیؓ سے لوگوں نے کہا کہ آپ دیکھتے نہیں کہ حسنؓ کیا بیان کر رہے ہیں؟ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ جو کچھ دیکھا ہے وہی بیان کر رہے ہیں۔"

——— نیز اسی مضمون کے موافق سیّدنا حسن بن علیؓ کا بیان کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمان، ص ۲۳۵ پر مفصّل مذکور ہے۔ دیگر مناقبِ عثمانی کے ساتھ یہ مذکور کا ذکر کیا ہے۔ ذیل میں حوالہ بیان کر دینا کافی سمجھا گیا ہے۔ اہلِ شوق رجوع فرما کر تسلّی کر لیں۔ کتاب التمہید کے مصنف محمد بن یحییٰ بن ابی بکر المتوفی ۷۴۱ھ ہیں اور اندلس کے

Marfat.com

مشہور علماء میں سے گزرے ہیں۔

—— وفی روایۃ عن عبد العزیز بن الولید بن سلیمان بن ابی السائب قال سمعت ابی یذکر عن الحسنؓ بن علی رضی اللہ عنہ انہ سمع اعمٰی یذکر عثمان (رضؓ) ویتنا ولہ فقال الحسن (رضؓ) ألعثمان یقولون؟ لقد قتل رحمہ اللہ وما علی الارض افضل منہ وما علی الارض من المسلمین اعظم حرمۃً منہ ......

...... لو لم یکن الا ما رأیت فی منامی لکفانی فانی رأیت السماء انشقت فاذا انا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابو بکرؓ عن یمینہ وعمرؓ عن یسارہ والسماء تمطر دمًا فقلت ما ھٰذا فقیل ھٰذا دم عثمان قتل مظلومًا ۔

(کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ طبع بیروت۔ لبنان، ص ۲۳۵)

(۱۲)

# سیّدنا زین العابدین بن سیّدنا حسینؓ کا بیان

—— حضرت زین العابدینؒ کی اس مندرجہ روایت کو ابو نعیم اصفہانی نے اپنی کتاب حلیۃ الاولیاء جلد سوم تذکرہ زین العابدین میں ذکر کیا ہے اور شیعہ بزرگوں کے مشہور فاضل علی بن عیسیٰ اربلی نے ۶۸۷ھ میں اپنی تالیف "کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ" جلد ثانی میں تذکرہ زین العابدین کے تحت درج کیا ہے۔ کشف الغمہ سے نقل پیش خدمت ہے تاکہ شیعہ دوستوں کے لیے زیادہ اطمینان کا باعث ہو۔

قدم علیہ نفرٌ من اهل العراق فقالوا فی ابی بکر وعمر وعثمان رضی

Marfat.com

اللہ عنہم فلما فرغوا من کلامہم قال لھم الا تخبرونی انتم المہاجرون الاوّلون الذّین اخرجوا من دیارھم واموالہم یبتغون فضلاً من اللہ ورضوانًا وینصرون اللہ ورسولہ اولئک ھم الصادقون؛ قالوا لا! قال فانتم الذین تبوّؤا الدّار والایمان من قبلھم یحبّون من ھاجر الیھم ولا یجدون فی صدورھم حاجۃً مما اوتوا ویؤثرون علیٰ انفسھم ولو کان بھم خصاصۃ؟ قالوا لا! قال اما انتم قد تبرّأتم ان تکونوا من احد ھذین الفریقین وانا اشھد انکم لستم من الذین قال اللہ فیھم والّذین جاؤا من بعد ھم یقولون ربنا اغفرلنا ولاخواننا الّذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غِلًّا لِلّذین آمنوا اُخْرُجُوا عَنِّی فَعَلَ اللہُ بِکُمْ“

(۱) کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ از علی بن عیسیٰ اربلی شیعی ص ۲۶ جلد ثانی مع ترجمۃ المناقب فارسی طبع تہران -

(۲) ”حلیۃ الاولیاء“ از ابونعیم احمد بن عبداللہ اصفہانی (المتوفی سنہ ۴۳۰ھ) - جلد ثالث، ج ۳ ص ۱۳۷ طبع مصر

حاصل یہ ہے کہ :-

”(ایک دفعہ) زین العابدین کے پاس عراق کی ایک پارٹی آئی اور ابوبکر الصدیقؓ، عمرؓ و عثمانؓ کے حق میں طعن و اعتراضات کیے، جب وہ مطاعن سے فارغ ہوتے تو زین العابدینؒ نے فرمایا کہ یہ بتلاؤ کیا تم اوّلین مہاجرین میں سے ہو جن کے حق میں قرآن مجید میں آیا ہے کہ وہ اپنے مکانات و جائیدادوں سے نکال دیئے گئے محض اللہ کی رضامندی اور فضل کے

Marfat.com

طلبگار تھے اور اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے تھے وہ لوگ صادق و مخلص تھے؟ عراقیوں نے جواب دیا کہ ہم ان سے نہیں ہیں۔

پھر زین العابدین نے دریافت کیا کہ کیا تم وہ لوگ ہو جن کے متعلق کتاب اللہ میں مذکور ہے کہ جنہوں نے دارالاسلام مدینہ کو وطن بنایا اور مہاجرین میں سے پہلے انہوں نے ایمان میں جگہ پیدا کی جو ان کی طرف ہجرت کر کے آئے اس کو پسند کرتے ہیں اور اپنے دلوں میں کوئی خلش نہیں محسوس کرتے اس چیز سے جو مہاجر دیتے جائیں۔ اپنے نفسوں پر ان کو ترجیح دیتے ہیں اگرچہ ان کو تنگی ہو۔ عراقی کہنے لگے کہ ہم ان میں سے بھی نہیں ہیں۔

سیدنا زین العابدین نے فرمایا کہ تم نے ان دونوں فریق میں سے ہونے سے بیزاری اختیار کی اب میں تمہارے حق میں گواہی دیتا ہوں کہ تم ان لوگوں میں سے بھی ہرگز نہیں جن کے لیے خدا تعالیٰ فرمان دیتا ہے (جو لوگ بعد میں آئے کہتے ہیں اے اللہ ہم کو اور ہمارے سابق ایمان لانے والے بھائیوں کو بخش دے اور ہمارے قلوب میں مومنوں کے حق میں کھوٹ اور کینہ نہ ڈال دینا)۔ تم ہمارے یہاں سے نکل جاؤ۔ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ وہی معاملہ کرے جس کے تم اہل ہو۔

(۱۴)

## سیدنا جعفر صادق بن سیدنا محمد باقر کا بیان

—— ابن سعد نے اپنی مشہور تصنیف "طبقات ابن سعد" میں حضرت سیدنا امیر المومنین عثمان رضی اللہ عنہ کا تفصیلی تذکرہ کیا ہے۔ وہاں ان کے لباس و پوشاک وغیرہ تک کا بیان کیا ہے اس مقام میں جعفر صادق سے نقل کر کے حضرت

Marfat.com

عثمانؓ کے حق میں یہ لکھا ہے کہ حضرت عثمانؓ بن عفانؓ اپنی انگوٹھی بائیں ہاتھ میں زیب تن کیا کرتے تھے۔ عبارت ذیل ہے:

——— عن جعفر بن محمد عن ابیہ ان عثمان تختم فی الیسار۔"

"یعنی جعفر صادقؒ اپنے والد محمد باقرؒ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ اپنی انگشتری (انگوٹھی) بائیں ہاتھ میں پہنتے تھے۔"

(طبقات ابن سعد، ج ۳، ص ۴۰، تحت ذکر لباس عثمان طبع لیدن)

معلوم ہوا حضرت علیؓ کی اولاد شریف اور ائمہ کرام سیدنا عثمانؓ کو صرف اچھا ہی نہیں سمجھتے تھے بلکہ مسائل دینیہ میں حضرت عثمانؓ کی شخصیت کو قابل نمونہ سمجھتے تھے اور ان کے اعمال کے ساتھ شرعی مسئلہ میں استدلال پکڑتے تھے۔

# نتائج و فوائد

باب سوم میں عثمانی متعلقات کی بہت سی چیزیں درج ہو چکی ہیں۔ آخر میں ان کے فوائد اور ماحصل کو یکجا پیش کیا جاتا ہے تاکہ ناظرین کا استفادہ مکمل ہو سکے۔ یہ تمام چیزیں حضرت علی المرتضیٰؓ اور دیگر ہاشمیوں کے فرمودات کی روشنی میں ثابت ہو رہی ہیں۔

(۱)

جب علی المرتضیٰؓ کی حضرت فاطمہؓ کے ساتھ تزویج ہوتی تو حضرت عثمانؓ نے چار صد درہم خیر خواہی و احسان کے طور پر پیش کیے جن سے شادی کے تمام اخراجات کی کفالت ہوئی اور یہ کام انجام پایا۔

(۲-۳)

"حضرت عثمانؓ بن عفانؓ مومن کامل، متقی، صالح، احسان کنندہ، حیا دار، صلہ رحمی کرنے والے، متورع و پرہیزگار، خوف خدا رکھنے والے تھے۔

——— "ذوالنورین" کے لقب سے شرف یاب ہوتے یعنی نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دو بار داماد ہوتے اور اس عزت و شرف میں تمام لوگوں سے ممتاز تھے

Marfat.com

اور اولادِ آدم میں یہ شرف عثمانؓ کے بغیر کسی آدمی کو نہیں نصیب ہُوا۔ نیز مسلمانوں کے بڑے بڑے مشکل اوقات میں انہوں نے متعدد بار نصرتیں کیں اور بخشش و مغفرت کا تمغہ حاصل کیا۔

(۴)

——— اُمتِ اسلامیہ میں شیخینؓ کے بعد ان کا مقام تھا یعنی جس طرح "خلیفۂ ثالث" تھے اسی طرح افضلیت میں تیسرے مقام پر فائز تھے اور سرکشوں و ظالموں نے ان کو ظلماً شہید کیا یقیناً وہ شہید فی سبیل اللہ ہیں۔

(۵)

——— حسنات و اُمورِ خیر میں سبقت لے جانے والے تھے اس کی وجہ سے ان کو کبھی عذاب نہ ہوگا۔ جنت ان کو نصیب ہوگی اور جہنم سے بعید رہیں گے۔

(۶ - ۷)

——— حضرت علیؓ و حضرت عثمانؓ ایک دوسرے کے بارے میں درست معاملہ تھے اور بہتر تعلقات رکھتے ایک دوسرے کے ایّام میں امامت کراتے تھے اور عند الضرورۃ سواری مہیا کرتے اور دعوتِ طعام دیتے تھے۔

(۸)

——— ابنِ عباسؓ کے بیان سے معلوم ہُوا کہ مسلمانوں پر تنگی و شدّت کے اوقات میں حضرت عثمانؓ نے بڑی فیاضی سے اہلِ اسلام اور اہلِ مدینہ کی امداد کی جو عند اللہ مقبول ہوئی۔ اور اس پر ان کو عجیب بشارتیں نصیب ہوئیں جو ان کے لیے آخرت میں کامیابی کے نشانات ہیں۔

(۹)

——— سیّدنا حسن بن علیؓ کے بیان سے متعدد چیزیں ثابت ہوتی ہیں۔ حضرت

Marfat.com

صدیق اکبرؓ اور حضرت فاروق اعظمؓ، حضرت عثمان غنیؓ کی خلافتیں علی الترتیب بالکل صحیح تھیں ان کے تسلسل خلافت میں کسی قسم کے غصب و بغاوت و عداوت کو کچھ دخل نہ تھا اور تغلب سینہ زوری کا یہاں کوئی شائبہ نہ تھا۔

امتِ اسلامیہ میں حضرت عثمانؓ کا مقام درجہ سوم میں ہے۔ فضیلت، اور خلافت دونوں اعتبار سے یہی ترتیب درست ہے۔

قتل عثمانؓ ظالمانہ تھا، حضرت عثمانؓ مظلوماً شہید ہوئے، قاتلوں کو عند اللہ سزا ملے گی۔

_____ سیدنا حسنؓ کے اس بیان کی حضرت علیؓ نے تردید نہیں فرمائی بلکہ تائید کردی۔ لہٰذا ہاشمیوں کے بیانات مزید وزنی ہوگئے۔

(۱۰)

_____ حضرت زین العابدینؒ کے بیان سے واضح ہوا کہ

(۱) علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی اولاد شریف میں تمام حضرات عثمانؓ کے متعلق حسنِ عقیدت رکھتے تھے۔ جس طرح شیخین کے لیے طعن و تشنیع نہیں سنتے تھے اسی طرح حضرت عثمانؓ کے حق میں مطاعن سننا ناپسند کرتے اور اعتراضات کو قبیح جانتے تھے۔

(۲) جو لوگ حضرات خلفاء ثلاثہؓ سے تبرّی و بیزاری کرتے ان سے اولادِ علیؓ بھی بیزاری اختیار کرتی اور اجتناب کرتی تھی۔

(۳) نیز خلفاء ثلاثہؓ کے طاعنین و مخالفین کا اپنے ہاں سے اخراج کر دیتے تھے یہ ان حضرات کے ساتھ ہاشمیوں کی حسنِ عقیدت کی بہترین علامت ہے۔ اور مخالفین کے ساتھ قطع تعلق کا عملی مظاہرہ ہے۔

Marfat.com

( ۱۱ )

حضرت جعفر صادقؒ کے بیان نے واضح کر دیا کہ حضرت عثمانؓ کی شخصیت مسائلِ دینیہ میں قابلِ استدلال ہستی ہے اور حضرت عثمانؓ کا کردار بطور نمونہ کے مقبول اور لائقِ اتباع ہے۔

# ہاشمی اکابر کی زبانی حضرت عثمانؓ کا مقام

(بحوالہ کتب شیعہ)

—— سیدنا امیر المومنین عثمان رضی اللہ عنہ کے فضائل و مکارم شیعہ کے علماء و مجتہدین نے بھی اپنی معتبر تصانیف میں ذکر کیے ہیں ۔ ناظرین کی توجہ کی خاطر چند ایک چیزیں یہاں درج کی جاتی ہیں ۔

غور و فکر کے بعد فضیلتِ عثمانی کا مسئلہ آشکارا ہو جائے گا اور اندازہ ہو سکے گا کہ بنی ہاشم کے اکابرین حضرت عثمانؓ کو کس قدر احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور ان کے حق میں کس قدر خوش عقیدہ تھے ۔

( ۱ )

# سیدنا حسنؓ بن علیؓ بن ابی طالب کا بیان

—— ابن بابویہ القمی (شیخ صدوق) نے اپنی کتاب "معانی الاخبار" میں حضرت سیدنا حسنؓ کی مرفوع روایت نقل کی ہے اس میں خلفاء ثلاثہ (حضرت صدیقؓ، حضرت فاروقؓ، حضرت عثمانؓ) کی عظمت کا بیان ہے ۔

...... عن الحسنؓ بن علیؑ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ابابکر منی بمنزلة السمع وان عمر منی بمنزلة البصر وان

Marfat.com

عثمان منی بمنزلۃ الفوٰاد" الخ

(کتاب" معانی الاخبار" للشیخ الصدوق المتوفی ۳۸۱ھ ص

طبع ایران - قدیم طبع)۔ (کذا فی تفسیر الحسن العسکری)

"یعنی حضرت حسنؓ فرماتے ہیں کہ رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ ابوبکرؓ میرے گوش کی طرح ہے اور عمرؓ بمنزلہ میری چشم کے ہے اور عثمانؓ میرے دل کے قائم مقام ہے"

(۲)

# سیّدنا جعفر صادق کی زبانی حضرت عثمانؓ کی فضیلت

——— قیامت کے قریب امام مہدی کے ظہوُر کے دَور میں چند علامات (عند الشیعہ) رُونما ہونگی۔ ان نشانات میں ایک نشان یہ بھی ہوگا کہ اُس وقت آسمان سے (قدرت کی طرف سے) اوّل و آخر یوم میں ایک آواز آئے گی:۔

"قال (الصادقؑ) ینادی مناد من السماء اوّل النہار الا انّ علیاً صلوات اللہ علیہ وشیعتہٗ ھم الفائزون، قال وینادی مناد آخر النہار الا انّ عثمان وشیعتہٗ ھم الفائزون" رواہ الکلینی فی فروعہٖ الجزء الثالث کتاب الروضۃ"

(فروع کافی الجزء الثالث کتاب الروضہ ص ۱۴۶ طبع نولکشور لکھنؤ

کتاب الروضۃ من الکافی جلد ثانی بمع ترجمہ فارسی، ج ۲، ص ۲۰۹،

بحساب علامات ظہور امام قائم، طبع جدید طہرانی)

یعنی جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ (امام مہدی کے دَور میں) اوّل دن میں آسمان سے آواز سنائی دے گی کہ اچھی طرح سُن لو! علی اور ان کی جماعت

Marfat.com

کامیاب اور فائز المرام ہے اور آخر دن میں آسمان سے یہ ندا آئے گی کہ گوش ہوش سے سنو! عثمانؓ اور ان کی جماعت کامیاب و مقصود یافتہ ہے۔"

(۴)

# امام جعفر صادقؒ کا ایک اور بیان

—— فروع کافی کتاب الروضہ میں شیعی فاضل کلینی رازی نے سیدنا جعفر صادقؒ کی ایک طویل روایت باسند نقل کی ہے اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں صلح حدیبیہ کے موقعہ پر جو واقعات پیش آئے ان میں حضرت عثمانؓ کی خدماتِ جلیلہ درج کی ہیں، فرماتے ہیں:۔

—— قال (ابوعبداللہ) فارسل الیہ (عثمانؓ بن عفّان) رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ فقال انطلق الی قومک من المؤمنین فبشّرھم بما وعدنی ربّی من فتح مکۃ فلمّا انطلق عثمان لقی ابان بن سعید فتاخرعن السرج فتحمّل عثمان بین یدیہ ودخل عثمان فاَعلمھم وکانت المناوشۃ فجلس سہیل بن عمرو عند رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وجلس عثمان فی عسکر المشرکین وبایع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ المسلمین وضرب باحدیٰ یدیہ علی الاخریٰ لعثمان وقال المسلمون طوبیٰ لعثمان قد طاف بالبیت وسعیٰ بین الصفا والمروۃ لَّا اَحلّ فقال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ ما کان لیفعل فلمّا جاء عثمان قال لہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ اطفت بالبیت؟

Marfat.com

فقال ماکنت لاطوف بالبیت و رسول اللہ صلعم لم یطف۔

(فروع کافی جلد سوم کتاب الروضہ، ج ۳، ص ۱۵۱ طبع نول کشور لکھنؤ۔ حالات غزوۂ حدیبیہ۔ وطبع جدید طہرانی۔ ج ۲، ص ۳۲۸۔

مُلّا باقر مجلسی نے "حیات القلوب" جلد دوم، باب سی و ششم میں "غزوۂ حدیبیہ" کے حالات کے تحت مندرجہ واقعات کو بعبارت ذیل بیان کیا ہے۔

"کلینی بسند حسن کالصحیح از حضرت صادق علیہ السّلام روایت کردہ است چوں حضرت رسول بغزوہ حُدَیبیہ در ماہ ذیقعدہ بیروں رفت ..... پس حضرت رسول کریم بنزد عثمان فرستاد کہ برو بسوئے قوم خود از مومناں و بشارت دہ ایشانرا بآنچہ وعدہ دادہ است مرا خدا از فتح مکہ۔ چوں عثمان روانہ شد ابان بن سعید را در راہ دید پس ابان از زین برجست و در عقب زین نشست و او را بر روئے زین سوار کرد پس عثمان داخل شد و رسالۂ حضرت را رسانید و ایشاں مہیائے جنگ بودند پس سہیل نزد حضرت رسول نشست و عثمان نزد مشرکان و حضرت دراں وقت از مسلماناں بیعت رضوان گرفت و بروایت شیخ طبرسی چو مُشرکاں عثمان را حبس کردند و خبر بحضرت رسید کہ او را کشتند حضرت فرمود کہ ازیں جا حرکت نمی کنم تا با ایشاں قتال کنم و مردم را بسوئے بیعت دعوت نمائم و برخاست و پشت مبارک بدرخت داد و تکیہ کرد و صحابہ با آنحضرت بیعت کردند کہ با مشرکاں جہاد کنند و نگریزند و بروایت کلینی حضرت یکدست خود را بر دست دیگر زد و برائے عثمان بیعت گرفت ....... پس مسلماناں گفتند کہ خوشا حال عثمان کہ طواف

کعبہ کرد وسعی میان صفا و مروہ کرد و مُحِل شد، حضرت فرمود کہ نخواہد کرد چوں عثمان آمد حضرت پُرسید کہ طواف کردی؟ گفت چوں تو طواف نہ کردہ بودی من نہ کردم۔"

(حیات القلوب از ملّا محمد باقر بن محمد تقی مجلسی جلد دوم، باب سی و ہشتم در بیان غزوہ حدیبیہ، ج ۲، ص ۴۸۹-۴۹۰ طبع نول کشور لکھنؤ۔

مندرجہ روایات کا ماحصل یہ ہے کہ

"حضرت جعفر صادقؒ نے فرمایا کہ رسُول خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم نے عثمانؓ کو بُلوا کر فرمایا کہ مکہ میں اپنی قوم کی طرف جائیے ان کو خوشخبری دیجیے کہ اللہ کا وعدہ ہو چکا ہے کہ مکہ فتح ہو گا۔ عثمانؓ چل پڑے۔ راستہ میں ایک شخص ابان بن سعید ملا۔ وہ (عثمانؓ کے احترام میں) سواری کی زین سے متأخر ہو گیا اور عثمانؓ بن عفان کو اپنے آگے زین پر سوار کر لیا۔ عثمانؓ مکہ میں مشرکین کے ہاں پہنچے۔ اہلِ مکہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کا پیغام سنایا اور مقصد سے آگاہ کیا۔ وہ لوگ جنگ کے لیے تیار تھے۔

اور مشرکین کا فرستادہ آدمی (سہیل بن عمرو) نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے پاس آپہنچا۔ اور عثمانؓ اہلِ مکّہ کے ہاں پہنچ گئے (اس دوران میں مسلمانوں کے ہاں خبر پہنچی کہ مشرکوں نے عثمانؓ کو قتل کر ڈالا تو اس چیز پر نبی کریم علیہ السّلام نے فرمایا کہ ہم اس جگہ سے نہیں ہٹیں گے جب تک ہم ان سے قتال کر کے بدلہ نہ لے لیں)۔

پس آپ ایک درخت کی طرف پُشت لگا کر بیٹھ گئے اور سب حاضرین صحابہؓ نے (اس مقصد پر) بیعت کی۔ اور حضرتؐ نے اپنا ایک

Marfat.com

ہاتھ لے کر دوسرے ہاتھ پر لگایا۔ یہ عثمانؓ کے لیے بیعت قرار دی۔ (اس کے بعد خبر ملی کہ عثمانؓ قتل نہیں ہوئے زندہ ہیں) تو بعض مسلمانوں نے کہا کہ عثمانؓ کو بڑی سعادت نصیب ہوئی کہ کعبہ کا طواف کیا ہوگا، صفا و مروہ میں سعی کی ہوگی، پھر احرام کھولا ہوگا۔ نبی صلی اللہ علیہ و آلہ نے فرمایا کہ عثمانؓ نے ایسا نہیں کیا ہوگا۔

جب عثمانؓ آتے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) نے دریافت فرمایا: "تم نے بیت اللہ کا طواف کیا تھا؟ تو انہوں نے عرض کیا کہ خدا کے نبیؐ نے طواف نہ کیا ہو تو میں طواف نہیں کر سکتا تھا۔"

## جعفر صادق کے بیان کے فوائد

(۱)۔ سردار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا عثمانؓ کو خصوصیت سے بلوا کر اہلِ مکہ کی طرف بشارت و پیغامات دے کر ارسال کرنا مقبولیت و عظمت عثمانی کو آشکارا کرتا ہے۔

(۲)۔ صلح و جنگ جیسے مواضع و مواقع میں پیغامات کے لیے جانبین کے معتمد علیہ آدمی کو مجوز کیا جاتا ہے۔ معلوم ہوا حضرت عثمانؓ کی دیانتداری و راست گوئی پر نبوت کو کامل اعتماد تھا۔

(۳)۔ قتلِ عثمانؓ کی خبر پر حضرت عثمانؓ کا بدلہ لینے کے لیے بیعت کا اہتمام فرمانا، (جس کو بیعتِ رضوان سے تعبیر کیا جاتا ہے) مقامِ عثمانؓ کو واضح کرتا ہے۔

(۴)۔ (پھر حضرت عثمانؓ کے بخیر و عافیت زندہ رہنے کی خبر معلوم ہونے کے باوجود) نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعتِ رضوان جاری رکھی اور بیعت کے اجر و ثواب میں عثمانؓ کو شامل کیا، اس طرح کہ اپنے ایک ہاتھ مبارک کو عثمانؓ کا

Marfat.com

ہاتھ قرار دے کر اپنے ہاتھ پر عثمانؓ کی جانب سے بیعت کی۔ یہ شرف اور کسی صحابی کو نصیب نہیں ہو سکا۔

(۵)۔ موانع و عوائق کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ میں سعی نہیں کر سکے تو حضرت عثمانؓ نے بھی دونوں کام باوجود عدم موانع کے نہیں سرانجام دیئے۔ حضرت عثمانؓ کی کمالِ اطاعتِ نبویؐ اور کمالِ محبت کا یہ بیّن ثبوت ہے۔

**خلاصۃ المرام** یہ ہے کہ سیدنا جعفر صادقؒ نے حضرت عثمانؓ کے یہ تمام فضائل و مکارمِ اُمت کو بیان فرما کر اپنے اخلاص و مودّت کا اظہار فرما دیا اور بتا دیا کہ حضرت عثمانؓ کے ساتھ ہم بنی ہاشم کی پوری عقیدت ہے اور ان سے کسی قسم کی عداوت و نفرت و بیزاری نہیں۔

(۴)

## سیّدنا عثمانؓ کے حق میں عبداللہ بن عباسؓ کا بیان

——— ایک دفعہ سیدنا امیر معاویہؓ کی خدمت میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ تشریف لے گئے۔ شرفاءِ قریش اور بھی موجود تھے۔ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابن عباسؓ سے چند چیزیں دریافت کیں۔ ان میں یہ بات بھی ذکر کی کہ عثمانؓ بن عفان کے حق میں آپ کا کیا خیال ہے؟ تو عبداللہ بن عباسؓ نے مندرجہ ذیل الفاظ میں حضرت عثمانؓ کی صفات بیان فرمائیں۔

——— ۔۔۔۔ قال (ابن عباس) رحم اللہ اباعمرو کان و اللہ اکرم الحفدۃ و افضل البررۃ ھجادًا بالاسحار کثیر الدموع عند ذکر النار۔ نھاضًا عند کل مکرمۃٍ۔ سباقًا الی کل منحۃ۔ حَیِیًّا۔ اَبِیًّا

Marfat.com

وَفَیًّا، صاحبُ جیش العسرۃ۔ ختن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وآلہ فاعقب اللہ علیٰ من یلعنہٗ لعنۃ اللاعنین الیٰ یوم الدین۔"

(۱)۔۔۔ تاریخ المسعودی الشیعی، بلد الثالث، ج ۳، ص ۶۰، طبع جدید مصری، سن طباعۃ (۱۹۶۰ء)

(۲)۔۔۔ ناسخ التواریخ از مرزا محمد تقی لسان الملک۔ کتاب ۲ جلد ۵، ص ۱۴۴۔ طبع طہران قدیم طبع۔

یعنی ابن عباسؓ نے جواب دیا کہ عثمانؓ (ابو عمرو) پر اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے:

(۱) اپنے خدام و غلاموں پر مہربانی کرنے والے تھے۔

(۲) نیکی کرنے والوں میں سے افضل تھے۔

(۳) شب خیز و شب زندہ دار تھے۔

(۴) دوزخ کے ذکر پر نہایت گریہ کرنے والے تھے۔

(۵) عزت و وقار کے امور میں اٹھ کھڑے ہونے والے تھے۔

(۶) بخشش و عطاء کی طرف سبقت کرنے والے تھے۔

(۷) حیادار تھے۔

(۸) برائی سے انکار کرنے والے تھے۔

(۹) وفادار تھے۔

(۱۰) اسلامی لشکر کے تنگی کے مواقع میں امداد کرنے والے تھے۔

(۱۱) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد تھے۔ جو شخص عثمانؓ پر لعن و طعن کرے اس پر اللہ تعالیٰ قیامت کے روز تک لعنت جاری رکھے۔

Marfat.com

——— حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے جو گیارہ عدد یہاں فضائل عثمانی بیان فرمائے ہیں یہ خود بخود واضح ہیں ان میں مزید کسی تشریح کی حاجت نہیں۔ صرف ایک چیز یہاں ناظرین یاد رکھیں کہ شیعہ بزرگوں کی مستند و معتبر کتابوں میں درج ہے کہ ابن عباسؓ کا علم حضرت علیؓ کے علم سے آیا ہے اور حضرت علیؓ کا علم نبی علیہ السلام کے علم سے حاصل ہوا اور نبی کا علم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

..... فقال ابن عباس علیّ علّمنی وکان عِلْمُہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ورسول اللہ عِلْمُہ من اللہ من فوق عرشہ فعلم النبیّ من اللہ وعلم علیٍ من النبیّ وعلمی من علم علیؓ۔

۱۔ کشف الغمہ، ج ۱، ص ۷۰۵، بمع ترجمہ فارسی الن قب طبع جدید طہرانی۔

۲۔ امالی شیخ طوسی، ج ۱، ص ۱۱ طبع نجف اشرف عراق۔

دوستو! یاد رکھو کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے انہی علوم میں سے مندرجہ بالا روایت بھی ہے جس میں حضرت عثمان ذوالنورینؓ کے فضائل و کمالات کو نہایت احسن طریقہ سے ابن عباسؓ کی زبانِ مبارک سے بیان فرمایا گیا ہے۔

## انتباہ

(۱) اگر کسی شیعہ دوست کو مسعودی مؤرخ کے تشیع میں شبہ ہو تو تھوڑی سی تکلیف فرما کر اپنی کتاب "تنقیح المقال فی احوال الرجال" للشیخ عبداللہ المامقانی ج ۲، ص ۲۸۳، تحت علی بن الحسین بن علی المسعودی ملاحظہ فرماویں نہایت تسلی ہو جائے گی۔ یہ گذارش قبل ازیں بھی ہم نے عرض کر دی ہوئی ہے۔

Marfat.com

یاد دہانی کے لیے پھر یہاں تحریر کر دیا ہے۔

(۲)۔ نیز شیخ عباس قمی نے اپنی تصنیف تحفۃ الاحباب صفحہ ۲۲۷ پر (تحت علی بن الحسین بن علی الهزلی المعروف المسعودی) فاضل مسعودی کے حق میں درج کیا ہے کہ:

"این شیخ جلیل از اجلہ امامیہ است و بر بعضے از علماء اشتباہ شدہ و آنجناب را از علماء عامہ محسوب نمودہ اند"

یعنی مسعودی امامیہ کے بڑے بزرگوں میں سے ہے اور بعض علماء پر یہ بات مشتبہ ہو گئی کہ انہوں نے مسعودی کو سنّی علماء سے شمار کر دیا"

—— مختصر یہ ہے کہ

شیعہ کے اکابر علماء و مؤرخین نے مندرجہ بالا ابن عباس کی روایت کو نقل کیا ہے۔ عبداللہ بن عباسؓ بنی ہاشم کے کبار علماء میں سے ہیں جن کی ساری زندگی حضرت علیؓ کی نصرت و حمایت میں گزری۔

ان کا یہ بیان ہم نے دو سنّوں کی کتابوں سے پیش کیا ہے۔ حضرت سیدنا عثمانؓ کا مقام (جو ہاشمی حضرات کے نزدیک ہے) معلوم کرنے کے لیے امید ہے یہ بیان کافی ہو گا۔

Marfat.com

# باب چہارم

—— باب ہٰذا میں سیدنا امیرالمومنین عثمانؓ ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیدنا علی المرتضیٰؓ و ہاشمی بزرگوں کے مابین مختلف انواع کے روابط و تعلقات ذکر کیے جائیں گے۔

(۱) باہمی مشورہ سے احکامِ شرعی کا نفاذ۔ اسلامی حدود کا اِجراء، شراب نوشی، زنا وغیرہ جرائم پر سزائیں۔

(۲) خلافتِ عثمانی میں اہم عہدوں اور مناصب پر ہاشمی بزرگوں کا تعین کیا جانا۔

(۳) ہاشمی حضرات کا عدالتِ عثمانی کی طرف رجوع کرنا اور فیصلوں کا مشاورت سے طے پانا۔

(۴) حضرت سیدنا عثمانؓ کا ہاشمی جنازوں کا پڑھانا۔

(۵) خلافتِ عثمانی کے دوران جہاد اور جنگی واقعات میں ہاشمی احباب کا شریکِ کار رہنا۔

(۶) رشتہ دارانِ نبیؐ اور اولادِ علیؓ کے "مالی حقوق" کی ادائیگی کا خیال رکھنا وغیرہ عنوانات کے تحت اس باب میں کلام کیا جائے گا، انشاء اللہ تعالیٰ۔

—— اختصار کے پیشِ نظر باب کے آخر میں مندرجہ واقعات کے فوائد و ثمرات یکجا عرض کیے جائیں گے جن میں اُلفت و رفاقت کا ثبوت اور خاندانی تعصب کا فقدان واضح ہو جائے گا۔

Marfat.com

(۱)

# اجرائے احکام میں حضرت عثمانؓ و علی المرتضیٰؓ کا عملی تعاون

——قبل ازیں بھی یہ چیز واضح کی گئی کہ سیدنا صدیق اکبرؓ اور حضرت فاروق اعظمؓ کے دورِ خلافت میں قضا کے عہدہ پر علی المرتضیٰؓ مامور و متعین کیے جاتے تھے۔ حدود اللہ جاری کرنے کی ضرورت پیش آتی تو کئی دفعہ یہ خدمت حضرت علیؓ کی نگرانی میں انجام پاتی تھی۔

اسی طرح حضرت سیدنا عثمانؓ کی خلافت میں معاملات کے فیصلے اور اجراءِ احکام کی ضرورت پیش آتی تو حضرت علی المرتضیٰ کو ان مواقع میں شامل رکھا جاتا تھا۔ اور حد جاری کرنے، جرائم قبیحہ پر سزا دینے کا موقعہ پیش آتا تو حضرت عثمانؓ کئی بار یہ کام حضرت علیؓ کے سپرد فرمایا کرتے تھے۔

"خلیفۃ المسلمین" کے لیے بیک وقت تمام کام خود سرانجام دینے مشکل ہوتے ہیں۔ بنابریں نظامِ خلافت میں تقسیم کار کے طور پر اسی قسم کے مسائل متعدد دفعہ حضرت علی المرتضیٰؓ کے ذمہ لگاتے جاتے تھے اور وہ باحسن وجوہ ان کو تمام فرماتے تھے۔

## قضایا کی مشاورت میں حضرت علیؓ کی شمولیت

علامہ بیہقیؒ نے عثمانی دور کے مقدمات کے فیصلہ کرنے کے طریق کار کا بعبارتِ ذیل ذکر کیا ہے۔

اپنی سند کے ساتھ فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

——— عن عمر بن عثمان بن عبد الله بن سعید وکان اسمه الصرم فسماه رسول الله صلی الله علیه وسلم سعیداً قال حدثنی جدی قال کان عثمان رضی الله عنه اذا جلس علی المقاعد جاءه الخصمان فقال لاحدهما اذهب ادع علیاً وقال للآخر اذهب فادع طلحة والزبیر ونفراً من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ثم یقول لهما تکلما ثم یقبل علی القوم فیقول ما تقولون فان قالوا ما یوافق رأیه امضاه والا نظر فیه بعد فیقومان وقد سلما۔

(السنن الکبریٰ للبیہقی، ج ۱۰، ص ۱۱۲
باب من یشاور، کتاب آداب القاضی)

——— ...... عمر بن عثمان بن عبد اللہ بن سعید کہتے ہیں کہ میرے پردادا کا نام الصرم تھا نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو تبدیل فرما کر سعید نام تجویز فرمایا، پھر ان کے دادا نے ذکر کیا کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ لوگوں کے تنازعات کے فیصلہ کے لیے تشریف فرما ہوتے تو ان کی خدمت میں فریقین (مدعی، مدعا علیہ) پہنچتے، ایک کو فرماتے کہ جا کر علی ابن ابی طالبؓ کو بلا لائیے اور دوسرے کو حکم دیتے کہ ایک جماعت صحابہ کو معہ طلحہؓ و زبیرؓ کے بلا کر لائیے۔ اس کے بعد فریقین کو ارشاد فرماتے کہ اب اپنے اپنے بیانات پیش کیجیے۔ بیانات کی پیشی کے بعد ان صحابۂ کرام (یعنی حضرت علیؓ و طلحہؓ و زبیرؓ وغیرہم) کی طرف متوجہ ہو کر فرماتے کہ آپ حضرات کی اس مقدمہ کے فیصلہ کے متعلق کیا رائے ہے؟ (اس معاملہ میں) اگر حضرت عثمانؓ کی رائے

Marfat.com

ان حضرات کی رائے کے موافق ہو جاتی تو اسی وقت اس کا فیصلہ فرماکر اجرا کر دیتے تھے۔ اگر رائے میں اختلاف ہوتا تو بعد میں غور و فکر کرتے۔

پس دونوں فریق اٹھ کر واپس ہوتے دراں حالیکہ وہ اپنے فیصلہ کے متعلق راضی ہو چکے ہوتے۔"

شیعہ علماء نے لکھا ہے کہ خلفاء ثلاثہؓ کے دور میں حدود اللہ جاری کرنے کا کام حضرت علیؓ کے سپرد ہوا کرتا تھا۔ کتاب قرب الاسناد مع جعفریات میں یہ روایت باسند درج ہے۔

...... جعفر بن محمد عن آباءہٗ ان ابا بکر و عمر و عثمان کانوا یرفعون الحدود الی علی بن ابی طالب الخ

(قرب الاسناد لعبد اللہ بن جعفر الحمیری۔ باب دیۃ البہائمیہ وغیرہا، ص ۱۳۲، طبع طہرانی)

یعنی حضرت جعفر صادق اپنے آباؤ اجداد سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمان حدیں جاری کرنے کے مقدمات کو حضرت علی بن ابی طالب کے سپرد کر دیتے تھے۔"

—— اس طرح اشتراکِ عمل سے اور ایک دوسرے کے ساتھ عملی تعاون سے ان حضرات کے درمیان دینی روابط قائم تھے۔ اس پر چند واقعات پیش خدمت ہیں۔

## شراب نوشی پر سزا۔ ولید بن عقبہ کا واقعہ

...... عن حصین بن ساسان الرقاشی قال حضرت عثمان بن عفان واتی بالولید بن عقبۃ قد شرب الخمر وشہد علیہ حمران بن ابان ورجل آخر فقال عثمان لعلیؓ اقم علیہ الحد فامر علی عبد اللہ بن جعفر ان یجلدہٗ فاخذ فی جلدہٖ وعلیؓ

یعد حتّٰی جلد اربعین ثمّ قال لہٗ اَمسِک قال جلد رسُول اللہ علیہ وسلّم اربعین وجلد ابو بکر اربعین وعمر صدراً من خلافتہٖ ثم اتمّہا عمر ثمانین وکلٌّ سنّۃٌ وھٰذا احبّ الیّ ''۔

(کنز العمّال، ج ۳، ص ۱۰۲، روایت ۱۸۷۵، جلد ثالث طبع اوّل ۔ دکن)

اور بخاری شریف جلد اول باب مناقب عثمانؓ میں یہ واقعہ مختصراً بالفاظ ذیل موجود ہے۔

.... ان عثمانؓ دعا علیاً فامرہٗ ان یجلدہٗ فجلدہ ثمانین ''۔

(بخاری شریف، جلد اول، ص ۵۲۲ ۔ باب مناقب عثمانؓ)

خلاصہ یہ ہے کہ حصین بن ساسان رقاشی نے کہا کہ میں حضرت عثمانؓ کے پاس حاضر ہُوا، اُس وقت حضرت ولیدؓ بن عقبہ کو پیش کیا گیا اس نے شراب نوشی کی تھی اس پر دو گواہوں (حمران بن ابان اور ایک اور شخص) نے شہادت دی ۔ حضرت عثمانؓ نے حضرت علیؓ کو فرمایا کہ اس پر حد قائم کی جائے ۔ حضرت علیؓ نے اپنے بھتیجے عبداللہؓ بن جعفر کو فرمان دیا کہ ولید کو حد لگائیے ۔ عبداللہ بن جعفر نے دُرّے لگانے شروع کیے ۔ حضرت علیؓ ساتھ ساتھ شمار کرتے گئے حتیٰ کہ چالیس دُرّے لگاتے گئے ۔ پھر فرمایا ٹھہریئے ! فرمانے لگے کہ نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے چالیس دُرّے لگاتے تھے اور ابو بکرؓ الصدّیق نے چالیس لگائے اور عمرؓ بن الخطّاب نے اپنی خلافت کی ابتدا میں چالیس دُرّے لگائے پھر اَسّی عدد کر دیئے اور تمام عدد سُنّت کا طریقہ ہے اور یہ میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے ''۔

اور بخاری کی روایت کا مفہوم یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ نے حضرت علیؓ کو بُلا کر ارشاد فرمایا کہ ولیدؓ کو حد لگایئے تو حضرت علیؓ نے ولید کو اَسّی دُرّے لگائے ۔

Marfat.com

ناظرین کرام کو معلوم ہونا چاہیے کہ مذکورہ واقعہ کی تائید شیعہ حضرات کی معتبر کتابوں میں موجود ہے۔ فاضل کلینی نے "فروع کافی" باب مایجب فیہ الحد من الشراب میں اور ابن شہر آشوب نے اپنے مناقب میں اور ابن ابی الحدید نے شرح نہج البلاغۃ میں ذکر کی ہے۔

...... قال سمعت اباجعفر علیہ السلام یقول ان الولید بن عقبۃ حین شھد علیہ بشرب الخمر قال عثمان لعلیؓ صلوات اللہ اقض بینہٗ و بین ھٰؤلاء الذین یزعمون انہ شرب الخمر فامر علیؓ فجلد بسوطٍ لہٗ شعبتان اربعین جلدۃ۔

(۱) فروع کافی جلد ثالث، ج ۳، ص ۱۱۷۔ باب مایجب فیہ الحد من الشراب۔ طبع نول کشور لکھنؤ۔

(۲) مناقب ابن شہر آشوب، ج ۲، ص ۱۲۰ فصل مسابقتہ علیہ السلام بالحزم وترک المداہنۃ۔ طبع ہند

(۳) شرح نہج البلاغۃ لابن ابی الحدید، ج ۴، ص ۲۶۷ بحوالہ ابی الفرج الاصفہانی الشیعی، طبع بیروت۔ ذکر الولید ما فعلہ حتی استوجب الحد والعزل۔

(۴) تاریخ یعقوبی، ج ۲، ص ۱۶۵، جلد ثانی، طبع بیروت

یعنی محمد باقر فرماتے ہیں کہ ولید بن عقبہ کے خلاف جب شراب پینے کی شہادت دی گئی تو حضرت عثمانؓ نے حضرت علیؓ کو فرمایا کہ ولید اور اس کے شہادت دہندہ کے درمیان فیصلہ کیجیے پس حضرت علیؓ نے ولید کو چالیس کوڑے لگوائے۔ اس کوڑے کی دو شاخیں بنی ہوئی تھیں۔

Marfat.com

# ایک وضاحت

سیّدنا امیرالمومنین عمر بن الخطابؓ نے شراب نوشی کی سزا میں جو اضافہ کر کے اسّی درّہ تک کر دیا تو یہ پیش آمدہ حالات کی بنا پر تھا اور زجر و توبیخ میں سختی کی ضرورت تھی۔ نیز یہ چیز تمام اکابر صحابہ کرامؓ کی موجودگی میں ان کی رضامندی سے ہوئی۔ اس پر قرینہ یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ کے دورِ خلافت میں اس پر عمل درآمد رہا اور حضرت علیؓ نے اس بات کی قولاً و فعلاً تائید کی اور فرمایا کہ وکلٌّ سنۃٌ ھٰذا احب الیّ (یعنی اضافہ شدہ سزا یہ سب سنّت کے موافق ہے اور مجھے بہت پسندیدہ ہے)۔

اندریں حالات کسی صحابی نے (ہاشمی ہو یا غیر ہاشمی) اس قسم کے اضافہ کو سنّت کے طریقے کے خلاف نہیں قرار دیا۔

احباب کی تسکینِ خاطر کے لیے مزید عرض کیا جاتا ہے کہ اگر عند الضرورۃ سزا میں اس طرح اضافہ کرنا بدعت ہے (جیسا کہ حضرت عمرؓ سے صادر ہوا) تو

ع — این گناہیست کہ در شہر شما نیز کنند "

یعنی " ائمۂ معصومین نے بھی شراب خور کی سزا اسّی عدد دُرّے ہی ذکر کی ہے۔ عبارتِ ذیل ملاحظہ فرماویں۔ شیعہ کی کتاب فروع کافی میں ہے کہ :

—— ... عن اسحٰق بن عمار قال سألت اباعبد اللہ علیہ السلام عن رجلٍ شرب حسوۃ خمر قال یجلد ثمانین جلدۃ قلیلہا وکثیرہا حرامٌ "

(فروع کافی، ج ۳، ص ۱۱۷، باب ما یجب فیہ الحد من الشراب۔ طبع لکھنؤ۔

دوسری روایت میں ہے کہ :

Marfat.com

ابو عبد اللہ علیہ السلام یقول ان فی کتاب علیٍ صلوات اللہ علیہ یضرب شارب الخمر ثمانین و شارب النبیذ ثمانین "

(فروع کافی، ج ۳، ص ۱۱۷، جلد ثالث باب مذکور)

"یعنی حضرت جعفر صادقؓ نے فرمایا کہ شراب پینے والے کی سزا اَسّی دُرّے ہے خواہ تھوڑی پیئے خواہ زیادہ۔ اور نبیذ پینے کی سزا بھی اسّی دُرّے ہیں"

جعفر صادقؒ کے فرمان سے معلوم ہُوا کہ شراب خوری کی سزا جو عند الضرورۃ بڑھا دی گئی تھی وہ ہرگز بدعت نہیں تھی۔

## تنبیہ

ولید بن عقبہ کی شراب نوشی اور اس پر سزا کی مزید بحث انشاء اللہ تعالیٰ جواب مطاعنِ عثمانی کے تحت بحث ثانی میں آئے گی۔ وہاں ولید پر تراشیدہ الزامات کے جوابات مفصل درج ہوں گے۔ وہاں آپ اس مسئلہ کی باقی بحث ملاحظہ فرما سکیں گے۔

## زنا پر حد لگانے کا واقعہ

مُسند امام احمد جلد اوّل میں مُسندات مرتضوی کے تحت مندرجہ ذیل واقعہ مذکور ہے:۔

"۔ ۔ ۔ ۔ عن الحسن بن سعد عن ابیہ ان یحنس و صفیّۃ کانا من سبی الخمس فزنت صفیّۃ برجلٍ من الخمس فولدت غلامًا فادّعاہ الزانی و یحنس فاختصما الی عثمانؓ فرفعھما الی

Marfat.com

علیؓ بن ابی طالب فقال علیؓ اقضی فیہما بقضاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم الولد للفراش وللعاھر الحجر وجلدھما خمسین خمسین۔"

(مسند امام احمد، ج ۱، ص ۱۰۴ تحت مسنداتِ علیؓ طبع مصر۔ معہ منتخب کنز)

"یعنی (خلافتِ عثمانی میں) ایک شخص مسمّٰی یحنس اور مسماۃ صفیّہ مالِ غنیمت میں سے بطورِ خمس کے قیدی بنا کر لائے گئے۔ (اس دوران) میں صفیّہ نے قیدیوں میں ایک شخص کے ساتھ زنا کیا اس کا بچہ متولد ہُوا۔ بچہ کے متعلق زانی نے اور یحنس مذکور نے حضرت عثمانؓ کی عدالت میں تنازعہ پیش کیا۔ حضرت عثمانؓ نے اس مقدمہ کو حضرت علیؓ کی طرف روانہ کر دیا (کہ ان کا فیصلہ کیجیے)۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ مَیں نبوی فیصلہ کے مطابق فیصلہ کرتا ہُوں، بچہ نکاح والے کو ملے گا اور زانی کو پتھر نصیب ہوگا، پھر زانی و زانیہ کو پچاس پچاس تازیانے لگائے گئے۔"

## بدفعلی کی سزا کا واقعہ

مندرجہ ذیل واقعہ میں حضرت عثمانؓ ذوالنورین اور حضرت علیؓ کا باہم مشورہ ہُوا، اس کے بعد مجرم کو سزا دی گئی۔

ــــــ عن سالم بن عبد اللہ و ابان بن عثمان و زید بن حسن ان عثمان بن عفان اتی برجل قد فجر بغلام من قریش فقال احصن؟ قالوا قد تزوج بامرأۃ ولم یدخل بہا بعد

Marfat.com

فقال علیؓ لعثمانؓ لو دخل بها لحل علیه الرجم فاما اذا لم یدخل بها فاجلده الحدّ فقال ابو ایوبؓ اشهد انی سمعت رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم یقول الذی ذکر ابو الحسن فامر به عثمان فجلد مائةً "

(۱) مجمع الزوائد ومنبع الفوائد لنور الدین الهیثمی (علی بن ابی بکر المتوفی ۸۰۷ھ) بحوالہ الطبرانی - ج ۶، ص ۲۷۲ - باب ماجاء فی اللواط -

(۲) کنز العمال، ج ۳، ص ۹۹ بحوالہ (طب) - روایت ۱۸۳۰، طبع اوّل قدیم -

حاصل کلام یہ ہے کہ:

"سالم بن عبداللہ - ابان بن عثمان - زید بن حسن ان تینوں نے کہا کہ حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے پاس ایک ایسا شخص لایا گیا جس نے ایک قریش کے غلام کے ساتھ بدفعلی کی تھی (حضرت علیؓ بھی موجود تھے) حضرت عثمانؓ نے دریافت فرمایا کہ یہ شخص شادی شدہ ہے؟ لوگوں نے کہا کہ اس کا نکاح ہوا ہے البتہ رخصتی نہیں ہوئی - اس وقت حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اگر یہ شخص شادی شدہ ہوتا (یعنی رخصتی ہو چکی ہوتی) تو اس پر رجم واجب تھا (یعنی سنگسار کرکے اس کو جان سے مار دیا جاتا) -

جب اس کی بیوی کی رخصتی نہیں ہوئی تو اس پر حد لگانی چاہیے - (یعنی دُرّے لگاتے جائیں) ابوایوب رضی اللہ عنہ کہنے لگے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ جس طرح ابوالحسن (علی بن ابی طالبؓ) نے مسئلہ بیان

Marfat.com

کیا ہے اسی طرح مَیں نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے سُنا تھا۔
اس کے بعد حضرت عثمانؓ نے (اس کے اجراء کا) حکم صادر فرمایا اور بدکار شخص کو ایک سو دُرّے لگائے گئے۔"

## چشم تلف کر دینے کا ایک مقدمہ

شیعہ علماء نے اس واقعہ کو فروع کافی میں امام جعفر صادقؓ سے نقل کیا ہے:

——عن ابی عبد اللہ علیہ السّلام قال ان عثمان اتاہ رجل من قیس بمولی لہٗ قد لطم عَیْنَہٗ فانزل الماء فیہا وھی قائمۃ لیس یبصر بھا شیئًا فقال لہٗ اُعْطِیکَ الدیۃ فابٰی قال فارسل بھما الی علی علیہ السّلام وقال احکم بین ھٰذین فاعطاہ الدیۃ فابٰی قال فلم یزالو ایعطونہ حتّٰی اعطو دیتین قال فقال لیس ارید الّا القصاص الخ

(فروع کافی جلد ثالث، ص ۵،۱ باب الجروح قصاص، طبع نول کشور لکھنؤ)

یعنی حضرت جعفر صادقؒ کہتے ہیں کہ قبیلہ قیس کا ایک شخص اپنے مولیٰ کے ساتھ حضرت عثمانؓ کے پاس تنازع لے کر آیا کہ اس نے یعنی مولیٰ نے اس کی آنکھ پھوڑ ڈالی ہے آنکھ سے بینائی جاتی رہی ہے اس میں پانی بھر گیا لیکن آنکھ اپنی جگہ موجود تھی۔

حضرت عثمانؓ نے (مصالحت کی کوشش کرتے ہوئے) فرمایا کہ مَیں تجھے (آنکھ کے عوض میں) دیت دلاتا ہوں۔ اس شخص نے عوضانہ لینے سے انکار کر دیا۔ جعفر صادق کہتے ہیں کہ عثمانؓ نے ان

Marfat.com

دونوں کو علی بن ابی طالب کے پاس بھیجا اور فرمایا کہ آپ ان کا فیصلہ کریں حضرت علیؓ نے بھی پہلے دیت (یعنی جرم کا عوضانہ) دینا چاہا وہ انکاری ہوا حتیٰ کہ دو دیتیں (دوگنا عوضانہ) اس کو دینے کے لیے تیار ہوئے مگر اس شخص نے قصاص لینے کے بغیر کوئی چیز قبول نہ کی۔"

(۲)

# عثمانی خلافت میں ہاشمی حضرات کے عہدے اور مناصب

—— سابقہ واقعات سے معلوم ہوا کہ اجراءِ احکامات کے سلسلہ میں عہدِ عثمانی میں حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ کے ساتھ دستِ راست کے طور پر کام کرتے تھے۔

—— اب یہ چیز ذکر کی جاتی ہے۔ خلافتِ عثمانی میں دیگر ہاشمی بزرگوں کو بھی (جو حضرت علی المرتضیٰؓ کے چچا زاد بھائی ہیں اور حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی عم زاد برادران ہیں) عہدۂ قضا پر قاضی تجویز کیا جاتا تھا اور وہ بخوشی اس منصب کو قبول کر کے نظامِ خلافت میں شریکِ کار رہتے تھے۔

اور بعض اوقات ہاشمی نوجوانوں کو اہم مواضع کا والی و حاکم بنایا جاتا تھا۔ وہ حکومت کے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوتے تھے اور نظامِ حکومت میں شامل ہو کر عمدہ نظم قائم رکھتے تھے۔

—— ان حضرات کے پیشِ نظر "اسلامی نظام" کا اِجراء و قیام تھا جسے وہ بحسن وخوبی سرانجام دیتے تھے اور "دینی نظام" کا اِحیاء و اِبقاء تھا جس کو

Marfat.com

اعلیٰ پیمانہ پر قائم کیے ہوتے تھے۔
ان کے سامنے قبائلی تفریق، نسلی امتیازات اور خاندانی عداوتیں ہرگز نہ تھیں یہ بعد کی پیدا کردہ چیزیں ہیں۔ ناظرینِ کرام اس عرضداشت کو خوب ملحوظ رکھیں۔

——— ذیل میں چند واقعات اِس مسئلہ پر پیش کیے جاتے ہیں، امید ہے اطمینان کا باعث ہونگے۔

## قضاء کا عُہدہ

(۱)——— ابو طالب کے برادر حارث بن عبد المُطّلب کے پوتے مغیرہ بن نوفل بن الحارث قرشی ہاشمی عہد نبوی (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسّلام) میں ہجرت سے قبل مکہ مکرّمہ میں پیدا ہوتے تھے۔ یہ بڑے زیرک، باہمّت اور مدبّر جوان تھے حضرت علی المرتضیٰؓ کے بعد انہوں نے حضور علیہ السّلام کی نواسی (امامہؓ بنت ابی العاص) کے ساتھ نکاح کیا تھا۔ حضرت امامہؓ کی ماں حضرت زینبؓ بنت رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم تھیں۔

——— مغیرہؓ بن نوفل کے متعلق تراجم صحابہ کی کتابوں میں لکھا ہے..

..... وکان المغیرۃ بن نوفل قاضیاً فی خلافۃ عثمان۔

یعنی خلافتِ عثمانی میں مغیرہؓ بن نوفل قاضی اور جج تھے۔

(۱)——— الاستیعاب لابن عبد البر، ج ۳ ص ۳۶۶۔
معہ اصابہ تحت مغیرہ بن نوفل القرشی الہاشمی۔

(۲)——— اُسد الغابہ لابن اثیر الجزری، ج ۴، صفحہ ۴۰۸
تحت مغیرہ بن نوفل بن الحارث بن عبد المطلب بن ہاشم

(۳) الاصابہ (معہ استیعاب) ج ۳، ص ۴۳۳ تحت مغیرہ بن نوفل بن الحارث۔ الخ۔

Marfat.com

## گورنری کا عہد

(۲) ابوطالب کے بھائی حارث بن عبدالمطلب کے پڑپوتے عبداللہ بن الحارث بن نوفل بن الحارث بن عبدالمطلب القرشی الہاشمی ہیں ان کی ماں کا نام ہند بنت ابی سفیان ہے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں عبداللہ کا تولد ہوا ان کو ان کی ماں (ہند) اپنی بہن ام حبیبہؓ (بنت ابی سفیان) جو نبی کریم علیہ السلام کی حرم محترم تھیں، کے پاس لائیں۔ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم گھر تشریف لاتے۔ فرمایا امّ حبیبہ! یہ کون بچہ ہے؟ تو امّ حبیبہ نے عرض کیا کہ یہ آپ کے چچازاد برادر کا اور میری بہن کا بچہ ہے۔ پھر نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا بابرکت لعابِ دہن عبداللہ کے منہ میں ڈالا اور انکے حق میں کلماتِ دعاء فرماتے۔

انہی حضرت عبداللہؓ کے متعلق مذکور ہے کہ

"۔۔۔۔ انہٗ کان علیٰ مکۃ زمن عثمان"

"۔۔۔۔ خلافتِ عثمانی کے دوران حضرت عبداللہ بن الحارث مکہ شریف پر حاکم اور والی تھے"

(۱)۔۔۔ الطبقات الکبیر لابن سعد، ج ۵، ص ۱۵ تحت عبداللہ بن الحارث بن نوفل بن الحارث بن عبد المطلب بن ہاشم۔

(۲) تہذیب التہذیب لابن حجر عسقلانی، ج ۵ ص ۱۸۱ جلد خامس، تحت، عبداللہ المذکور

## مکہ میں اہم کاموں پر تعیّنات

(۳)۔۔۔ صحابۂ کرامؓ کے تراجم ذکر کرنے والے علماء نے لکھا ہے کہ عبداللہؓ

Marfat.com

مذکور کے والد الحارثؓ بن نوفل بن الحارث بن عبدالمطلب ہاشمی ، صحابی تھے اور مکہ شریف میں بعض اہم کاموں پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو متعین فرمایا تھا۔ پھر عہدِ صدیقی اور فاروقی میں حسبِ سابق مامور تھے اور عثمانی دورِ خلافت میں بھی حضرت عثمانؓ کی طرف سے بعض اُمور پر اسی طرح متعین و مقرر رہے۔ اس کے بعد بصرہ کی طرف منتقل ہو گئے ، اور خلافتِ عثمانی کے آخر میں بصرہ میں ہی ان کا انتقال ہُوا۔

یہ مسئلہ عبارتِ ذیل میں درج ہے :

——— ..... واستعمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحارث بن نوفل علی بعض اعمال مکۃ ثم ولاہ ابوبکرؓ و عمرؓ وعثمانؓ مکۃ ۔الخ

(۱) طبقات ابن سعد ، ج ۴ - ق ۱ ص ۳۶ تحت الحارث بن نوفل بن الحارث ۔

——— فاستعملہ علی بعض عملہ بمکۃ واقرّہٗ ابوبکرؓ وعمرؓ وعثمان ثم انتقل الی البصرۃ ...... ومات بھا فی آخر خلافۃ عثمان "

(۲) الاصابہ لابن حجر ، ج اول ، ص ۲۹۲ تحت الحارث بن نوفل بن الحارث ۔

Marfat.com

(۳)

# عدالتِ عثمانی کی طرف ہاشمیوں کا رجوع کرنا اور فیصلہ طلب مقدمات کا باہم مشورہ طے پانا اور عثمانی فیصلوں کی تصدیق و تائید کرنا

مندرجہ عنوانات پر ذیل میں روایات کی کتابوں سے واقعات نقل کیے ہیں۔ انصاف پسند حضرات ان چیزوں پر نظر غائر فرمائیں گے تو عثمانی خلافت کی حقانیت و صداقت جیسے نتائج و فوائد پر بآسانی مطلع ہو سکیں گے۔

(۱)

اس واقعہ کو عبدالرزاقؒ نے المصنف میں اور بیہقیؒ نے السنن الکبریٰ میں ذکر کیا ہے۔

.... ھشام بن عروۃ یحدث عن ابیہ قال اتی عبداللہ بن جعفر الزبیر فقال انی ابتعت بیعًا بکذا وکذا وان علیًاؓ یرید ان یاتی عثمانؓ فیسألہ ان یحجر علیّ فقال لہ الزبیرؓ فانا شریک فی البیع فاتی علیؓ عثمانؓ فقال لہ ان ابن جعفر ابتاع کذا کذا فاحجر علیہ فقال الزبیر انا شریکہ فی البیع فقال عثمانؓ کیف احجر علی رجلٍ فی بیع شریکہ الزبیر۔

(۱)۔ المصنف لعبدالرزاق، ج ۸، ص ۲۶۷-۲۶۸ باب المفلس والمحجور علیہ۔

(۲)۔ السنن الکبریٰ للبیہقی، ج ۶ ص ۶۱، بباب مذکور

Marfat.com

"ہشام بن عُروہ اپنے باپ عُروہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ عبداللہ بن جعفرؓ طیار ایک روز حضرت زبیرؓ بن عوام کے پاس پہنچے اور کہنے لگے کہ مَیں نے فلاں زمین اتنے اتنے (دراہم) سے خرید کی ہے (اور حضرت علیؓ کو یہ خرید ناپسند ہے اور وہ اس کے خلاف ہیں)۔ حضرت علیؓ خلیفہ وقت عثمانؓ کے پاس جاکر میرے خلاف مجھ پر حجر کرانا یعنی (پابندی) لگوانا چاہتے ہیں۔ تو حضرت زبیرؓ نے کہا کہ مَیں اس بیع میں تیرے ساتھ شریک ہو جاتا ہوں۔ اس کے بعد حضرت علیؓ حضرت عثمانؓ کے پاس تشریف لاتے اور کہا کہ (ہمارے برادرزادے) عبداللہ بن جعفرؓ نے فلاں چیز خرید کی ہے آپ ان پر حجر (یعنی پابندی) لگا دیجیے۔ اور حضرت زبیرؓ بھی وہاں پہنچ گئے فرمانے لگے کہ اس خرید میں میں بھی شریک ہوں اس وقت حضرت عثمانؓ نے فرمایا جس بیع میں حضرت زبیرؓ جیسے بزرگ شریک ہو جائیں اس پر میں حجر کیسے کر سکتا ہوں؟ (یعنی پابندی لگانا مناسب نہیں)۔"

## (۲)

دوسرا واقعہ امام مالکؒ کی مشہور کتاب مؤطا امام مالکؒ میں مذکور ہے اور ابن ابی شیبہ اور سعید بن منصور نے بھی اس کو نقل کیا ہے:۔

...... عن محمد بن یحیی بن حبان قال کانت عند جدی حبان امرأتان هاشمية وانصارية فطلق الانصارية وهي ترضع فمرت بها سنة ثم هلك ولم تحض فقالت انا ارثه لم احض فاختصما الى عثمان بن عفان فقضى لها بالميراث فلامت الهاشمية

Marfat.com

عثمان فقال ہٰذا عمل ابن عمک هو اشار علینا بہٰذا یعنی علیؓ بن ابی طالب ۔

(۱) مؤطا امام مالک ص ۲۰۸، باب طلاق المریض۔ مطبوعہ مجتبائی دہلی

(۲) المصنف لابن ابی شیبہ ج ۵، ص ۲۱۰، باب ما قالوا فی الرجل یطلق امرأته فترتفع حیضتها۔ طبع حیدر آباد دکن ۔

(۳) کتاب السنن لسعید بن منصور، ص ۳۰۸ - القسم الاول من المجلد الثالث۔ مجلس علمی ڈابھیل ۔

(۴) المؤطا لامام محمد، ص ۲۶۹ طبع مصطفائی قدیم۔ باب المرأة یطلقها زوجها طلاقاً... الخ ۔

حاصل یہ ہے کہ :

محمد بن یحییٰ فرماتے ہیں کہ میرے دادا حبانؓ بن منقذ کے نکاح میں دو عورتیں تھیں، ایک ہاشمیہ دوسری انصاریہ۔ حبان نے انصاریہ کو طلاق دے دی - وہ مرضعہ تھی، یعنی بچہ کو دودھ پلاتی تھی۔ حبانؓ اندریں حالات فوت ہو گئے ۔ انصاریہ کو ایک سال تک حیض نہ آیا۔ اس نے اپنے متوفی خاوند کے مال میں میراث کا دعویٰ دائر کر دیا۔ ہاشمیہ و انصاریہ دونوں یہ مقدمہ حضرت عثمانؓ کی عدالت میں لے گئیں۔ انصاریہ کو میراث سے حضرت عثمانؓ نے حصہ دے دیا تو ہاشمیہ حضرت عثمانؓ کو ملامت کرنے لگی۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ تیرے چچا زاد بھائی علیؓ بن ابی طالب نے اس میں اسی طرح رائے دی، یہ ان کا فیصلہ ہے جس کو نافذ کیا گیا"

**تنبیہ** - اس ہاشمیہ عورت کا نام ہند بنت ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب تھا۔ اس کا تذکرہ الاستیعاب جلد چہارم میں اور الاصابہ میں بھی درج ہے۔ وہاں

Marfat.com

یہ قصہ بھی منقول ہے اور اُسد الغابہ میں ہند بن ربیعہ بن عبد المطلب کے تحت قصۂ مندرجہ بالا مذکور ہے۔

اس واقعہ کو شیعہ علماء نے بھی حسبِ عادت قطع و برید کرکے اپنی تصانیف میں ذکر کیا ہے۔ ملاحظہ ہو مناقب ابن شہر آشوب، ج ۲ ص ۱۴۔ جزء ثالث طبع ہند قضایاہ (علیہ السلام) فی عہد الثالث۔

(۴)

"مُصنّف عبد الرزاق" جلد سادس میں ایک واقعہ لکھا ہے کہ حضرت عقیل بن ابی طالبؓ کی اپنی زوجہ فاطمہ بنت عتبہ سے ایک دفعہ ناچاقی ہو گئی۔ بیوی خاوند سے ناراض ہو کر حضرت عثمانؓ کی خدمت میں شکایت لے کر پہنچی۔ (روایت میں ہے) کہ

فشدت علیہا ثیابہا فجاءت عثمانؓ فذکرت ذالک لہٗ فضحک فارسل الیٰ ابن عباس و معاویۃؓ فقال ابن عباسؓ لافرقنّ بینہما فقال معاویۃ ماکنت لافرّق بین شیخین من بنی عبد مناف فاتیا فوجداھما قد اغلقا علیہما ابوابہما واصلحا امرہما فرجعا۔

(۱) (المصنّف لعبد الرزاق جلد ۶ ص ۵۱۲۔ طبع مجلس علمی)

(۲) الاصابہ لابن حجر ص ۳۷۲ ج ۴ تحت فاطمہ بنت عتبہ۔

(یعنی عقیل کی بیوی (فاطمہ بنت عتبہ) نے بُرقع پہن لیا اور حضرت عثمانؓ کی خدمت میں پہنچی۔ اپنا تمام قصہ بیان کیا۔ (سُن کر) حضرت عثمان ذوالنورینؓ ہنس پڑے اور اس جھگڑے کا فیصلہ ابن عباسؓ اور امیر معاویہؓ کے سپرد فرمایا۔ (میاں بیوی کے بیانات سُن کر) عبد اللہ بن عباسؓ

Marfat.com

نے کہا کہ میری راتے ہیں ان دونوں کے درمیان تفریق وجدائی کر دی جاتے ۔ اور امیر معاویہؓ نے کہا کہ میں بنی عبد مناف کے دو عمر رسیدہ ہستیوں کے درمیان تفریق کرانا نہیں چاہتا۔ (اس کے بعد) دونوں فیصل حضرات (ابن عباسؓ وامیر معاویہؓ) عقیل بن ابی طالب کے گھر تشریف لے گئے ۔ وہاں پہنچ کر کیا دیکھتے ہیں کہ میاں بیوی نے گھر کا دروازہ بند کر رکھا ہے اور باہم صلح کر لی ہے تو یہ حضرات واپس تشریف لائے۔

(۴)

عبدالرزاق نے "المصنف" جلد سابع، ابواب الطلاق میں مندرجہ ذیل واقعہ ذکر کیا ہے :-

...... عن ایوب قال کتب الولید الی الحجاج ان سل من قبلک عن المفقود اذا جاء وقد تزوّجت امرأته فسأل الحجاج ابا ملیح بن اسامة فقال ابو ملیح حدّثتنی بنیمة بنت عمر الشیبانیّة انها فقدت زوّجها فی غزوةٍ غزاها فلم تدر أهلک ام لا؟ فتربّصت اربع سنین ثم تزوّجت فجاء زوجها الاوّل وقد تزوّجت قالت فرکب زوجای الی عثمان فوجداه محصورًا فسألاه وذکرا له امرهما فقال عثمانؓ أعلی هٰذه الحال؟ قالا قد وقع ولا بد قال فخیّر الاوّل بین امرأته وبین صداقها قال فلم یلبث ان قتل عثمان فرکبا بعد حتی اتیا علیًا بالکوفة فسألاه فقال أعلی هٰذه الحال؟ قالا قد کان ما تری ولا بد من القول فیه قالت و اخبراه بقضاء عثمان فقال ما اری لهما الّا ما قال عثمان۔

Marfat.com

فاختار الاوّل الصداق قالت فاعنت زوجی الآخر بالفین کان الصداق اربعۃ آلاف ۔

(المصنّف لعبدالرزاق، ج ۷، ص ۸۸ - ۸۹ - باب التی لاتعلم مهلک زوجها)

... ابوملیح بن اُسامہ کہتے ہیں کہ ایک عورت نبیہہ بنت عمر شیبانیہ نے مجھے بیان کیا، ایک غزوہ میں اس کا خاوند مفقود الخبر ہو گیا۔ پتہ نہیں چلتا تھا کہ مرگیا یا زندہ ہے؟ وہ عورت چار برس تک انتظار کرتی رہی (تاکہ کوئی خبر مل سکے) اس کے بعد اس نے دوسری جگہ نکاح کر لیا (جب شادی ہو چکی تو) پہلا شوہر پہنچ گیا (تنازعہ رونما ہو گیا) نبیہہ بنت عمر نے کہا کہ (فیصلہ کرانے کے لیے) میرے دونوں خاوند حضرت عثمانؓ کی خدمت میں پہنچے۔ ان ایام میں حضرت عثمانؓ باغیوں کی وجہ سے محصور تھے۔ زوجین نے اپنا مسئلہ پیش کیا۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ ان حالات میں دریافت کرتے ہو؟ انہوں نے (معذرت کرتے ہوئے) عرض کیا کہ یہ واقعہ پیش آ گیا اس کا فیصلہ ضروری ہے۔ تو حضرت عثمانؓ نے فیصلہ فرمایا کہ پہلے خاوند کو دو صورتوں میں سے ایک اختیار کرنی ہوگی۔ یا تو عورت کو اختیار کرے، یا اپنا مہر لے لے، کچھ دن گزرے تو حضرت عثمانؓ شہید کر دیئے گئے۔ اور (حضرت علیؓ خلیفہ مقرر ہوئے)۔

پھر دونوں خاوند حضرت علیؓ کے پاس کوفہ میں مقدمہ لے گئے حضرت مرتضیٰ سے فیصلہ طلب کیا تو انہوں نے بھی فرمایا کہ ان پریشان کن حالات میں دریافت کرتے ہو؟ جواب میں دونوں نے عذر خواہی کرتے ہوئے فیصلہ کے لیے اصرار کیا اور حضرت عثمانؓ کا سابقہ فیصلہ بھی بتایا تو اس وقت

Marfat.com

حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اس مقدمہ کے متعلق میرا وہی فیصلہ ہے جو عثمانؓ نے دیا۔ میری وہی رائے ہے جو عثمانؓ نے قائم کی۔ تو پہلے خاوند نے مہر لینے کو پسند کیا۔ بنہیسہ کہتی تھی کہ مہر چار ہزار درہم تھا۔ مہر ادا کرنے میں میں نے دو ہزار دے کر دوسرے خاوند کی اعانت کی۔"

(۴)

# امیر المؤمنین سیدنا عثمانؓ بن عفان کا ہاشمی حضرات کی عظمت کو ملحوظ رکھنا اور ہاشمیوں کے جنازے کی نماز پڑھانا

—— عنوان بالا کے سلسلہ میں چند چیزیں یہاں ذکر کی جاتی ہیں ان میں حضرت عثمان ذوالنورینؓ اور اکابر ہاشمی حضرات کے خوش ترمراسم درج ہیں اور دونوں خاندانوں کے مابین عمدہ تعلقات مذکور ہیں۔

(۱)

## حضرت عباس بن عبد المطلب کا احترام

سیدنا عباسؓ جس طرح علی المرتضیٰؓ کے عم محترم ہیں اسی طرح سید الکونین نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے چچا ہیں۔ بنی ہاشم کے اکابر بزرگ ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی حد درجہ تعظیم فرماتے تھے اور ان کے اکرام کا پورا پورا خیال رکھتے تھے۔ چنانچہ روایات کی کتابوں میں منقول ہے کہ

(۱) —— وقد کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجلّه و

Marfat.com

یعظّمه ویبجّله منزلة الوالد من الولد ویقول هٰذا بقیة آبائی۔"

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۶۱، تذکرہ عباس بن عبدالمطلب تحت سنہ ۳۲ھ)

"یعنی رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم عبّاس بن عبدالمطلب کا اجلال و احترام کرتے تھے جیسے اولاد اپنے والد کی عزت و توقیر کرتی ہے۔ اور آپ فرماتے تھے حضرت عباسؓ ہمارے آباء و اجداد کے بقایا ہیں (یہ باقی رہ گئے ہیں دوسرے فوت ہو چکے ہیں)۔

(۲) ——— نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت و تابعداری کرتے ہوئے حضرات صحابہ کرامؓ بھی حضرت عباس کا اکرام و اجلال ملحوظ رکھتے تھے۔ حضرت عمرؓ و حضرت عثمانؓ کے متعلق مذکور ہے۔

——— ان عمر بن الخطاب رضی اللہ عنه وعثمانؓ بن عفان کانا اذا مرّا بالعباس وهما راکبان تَرَجَّلَا اِکْرَامًا لَهٗ ۔

(۱) البدایہ، ج ۷، ص ۱۶۲۔ تذکرہ عباس تحت ۳۲ھ

(۲) الاستیعاب لابن عبدالبر، ج ۳، ص ۹۸، معہ اصابہ تذکرہ عباس بن عبدالمطلب۔

(۳) تہذیب التہذیب، ج ۵، ص ۱۲۳۔ تحت عباس بن عبدالمطلب۔

"یعنی سیدنا عمر فاروقؓ و سیدنا عثمان ذوالنورینؓ جب سوار ہونے کی حالت میں حضرت عباسؓ کے پاس گزرتے تو سواری سے اتر جاتے اور پیادہ پا چلنے لگتے۔ یہ حضرت عباسؓ کے احترام کے پیشِ نظر کرتے تھے۔"

Marfat.com

(۴) ـــــ حضرت عثمان ذو النورین کی خلافت کے زمانہ میں ایک شخص نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی توہین کی ۔ اس پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کو سزا دی تھی ۔ طبری اور کنز العمال میں یہ قصہ مندرج ہے ۔

... عن القاسم بن محمد قال کان مما احدث عثمان فرضی به منه انه ضَرَبَ رَجُلًا فِی مُنَازَعَۃٍ اِسْتَخَفَّ فِیْهَا بالعباس بن عبد المطّلب فقیل لَهٗ فقال اَیُفَخِّمُ رسُول الله صلّی الله علیه وسلّم عَمَّهٗ وَاُرَخِّصُ فِی الْاِسْتِخْفَافِ بِهٖ لَقَدْ خَالَفَ رَسُوْلَ اللهِ صلّی الله علیه وسلّم مَنْ رَضِیَ فِعْلَ ذَالِکَ فرضی به مِنْه ۔

حاصل یہ ہے کہ قاسم بن محمد کہتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ذو النورین نے ایک جدید کام کیا اور وہ پسند کیا گیا ۔ وہ یہ کہ ایک شخص کا عم نبوی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ تنازعہ ہو گیا ۔ اس نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے حق میں خفت آمیز کلمات استعمال کیے ۔ اس پر حضرت عثمان ذو النورین نے اس کو زدوکوب کیا ۔ لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو کہا (کہ آپ نے ایسا کیوں کیا ؟) جواباً فرمانے لگے کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تو اپنے چچا عباس کی تعظیم کریں اور میں ان کے استخفاف واستحقار کی رخصت دے دوں ؟

جو شخص ایسے فعل پر راضی ہو اور اس کو پسند کرے اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کر دی ۔"

(۱) تاریخ ابن جریر طبری ، ج ۵ ، ص ۱۳۶ ۔ تحت ذکر بعض سیر عثمان رضی اللہ عنہ ۔

(۲) کتاب التمہید والبیان فی مقتل شہید عثمان رضی اللہ عنہ ص ۸۵ ۔ ۸۶

Marfat.com

(۳) کنز العمّال، ج ۷، ص ۶۹، طبع اوّل کتاب الفضائل۔
ذکر عباس بن عبد المطلب۔

(۲)

## حضرت ذو النّورین نے حضرت عباسؓ کی نماز جنازہ پڑھائی

(۱) — ابن عبد البرؒ نے الاستیعاب میں اور ابن کثیرؒ نے البدایہ میں مسئلہ ہذا کو درج کیا ہے، فرماتے ہیں:

.....”توفّی العباس بالمدینہ یوم الجمعۃ لاثنتی عشرۃ لیلۃً خلت من رجب وقیل بل من رمضان سنۃ اثنتین و ثلاثین (سـ۳۲ـھ) قبل قتل عثمان رضی اللہ عنہ بسنتین و صلی علیہ عثمان رضی اللہ عنہ ودفن بالبقیع وھو ابن ثمان وثمانین سنۃً۔“

(۱) الاستیعاب لابن عبد البر جلد ثالث، ص ۱۰۰،
تذکرہ عباس بن عبد المطلب۔

(۲) البدایہ لابن کثیر، جلد ۷، ص ۱۶۲ تحت سنۃ ۳۲ھ
ذکر عباس۔

”یعنی سـ۳۲ـھ (بتیس ہجری) ۱۲ رجب یا (عند البعض) رمضان المبارک بروز جمعہ مدینہ طیبہ میں حضرت سیدنا عباس بن عبد المطلبؓ کا انتقال ہوا۔ حضرت عثمانؓ کی شہادت سے قریباً دو برس قبل یہ واقعہ پیش آیا۔ نماز جنازہ حضرت ذو النّورین عثمانؓ نے پڑھائی اور جنت البقیع میں مدفون

Marfat.com

ہوتے۔ اٹھاسٹھ سال کی عمر پائی"

# حضرت علیؓ کے صاحبزادہ محمد بن حنفیہ کی نماز جنازہ حضرت عثمانؓ غنی کے صاحبزادے ابان بن عثمانؓ نے پڑھائی۔

(۲)۔۔۔۔محمد بن حنفیہؒ کی والدہ (خولہ بنت جعفر بن قیس) قبیلہ بنی حنیفہ سے تھی۔ جنگِ یمامہ کے قیدیوں میں قید ہو کر آئی تھی۔ حضرت صدیقِ اکبرؓ کے حکم سے حضرت سیدنا علیؓ کو عطا کی گئی۔

محمد بن حنفیہؒ کی وفات محرم الحرام کی ابتداء ۸۱ھ میں ہوئی۔ اس وقت ان کی عمر (۶۵) پینسٹھ سال کی تھی۔ خلیفۂ وقت عبدالملک بن مروان تھا۔ خلیفۂ وقت کی طرف سے مدینہ طیبہ کے والی و حاکم حضرت ابان بن عثمان بن عفان تھے۔ جب محمد بن حنفیہ کا جنازہ لایا گیا اس وقت ابان بن عثمان غنیؓ بھی تشریف لائے۔ محمد بن حنفیہؒ کے بیٹے ابو عبداللہ وغیرہ موجود تھے، انہوں نے ابان بن عثمانؓ کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ:

"نحن نعلم انّ الامام اولیٰ بالصلوٰۃ ولو لا ذالک ما قدّمناک فقال زید بن السائب ھٰکذا سمعت ابا ھاشم یقول فتقدم فصلّٰی علیہ۔

(طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۸۶۔ طبع لیدن، تذکرہ محمد بن حنفیہ)

"یعنی ہم کو معلوم ہے کہ (مسلمانوں کا) امام اور حاکم نماز پڑھانے کا زیادہ حقدار ہوتا ہے۔ اگر یہ مسئلہ اس طرح نہ ہوتا تو ہم آپ کو

Marfat.com

مقدم نہ کرتے۔ پھر آبان بن عثمان بن عفان آگے بڑھے اور محمد بن حنفیہ کی نماز جنازہ پڑھائی "۔

## تنبیہ

ناظرین کرام کی خدمت میں ہم یہاں ایک سابقہ مسئلہ کی یاد دہانی کرانا مناسب خیال کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ دین اسلام کا قاعدہ اور قانون یہ ہے کہ نماز جنازہ پڑھانے کا حق امیر المؤمنین اور حاکم وقت کو ہوتا ہے جیسا کہ یہاں یہ مسئلہ حضرت علیؓ کے پوتے اور محمد بن حنفیہ کے لڑکے بیان کر رہے ہیں یا پھر وہ شخص پڑھا سکتا ہے جسے حاکم وقت کی اجازت حاصل ہو۔ اس قاعدہ شرعی کے تحت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراءؓ کا جنازہ حضرت سیدنا امیر المؤمنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھایا تھا اور کسی صاحب نے نہیں پڑھایا۔ اور جہاں کہیں روایات کی کتابوں میں صدیق اکبرؓ کے ماسوا اس جنازہ پڑھانے کا ذکر پایا جاتا ہے وہ راوی کا اپنا ظن و گمان ہے اور قاعدہ شرعی (مسلم بین الفریقین) کے مقابلہ میں روایت کرنے والے کا اپنا گمان و ظن متروک ہوتا ہے قبل ازیں کتاب ہذا کے صدیقی حصہ (بحث جنازہ سیدہ فاطمہؓ) میں یہ مسئلہ مفصل و مدلل بیان کر دیا گیا ہے۔ رجوع فرما دیں۔

## عبداللہ بن جعفر طیارؓ کا جنازہ حضرت اَبان بن عثمانؓ نے پڑھایا

(۴۳) حضرت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب حضرت علی المرتضیٰؓ کے حقیقی بھتیجے اور داماد تھے۔ بنی ہاشم کے مشہور بزرگ اور نیک صالح آدمی تھے۔ اکثر مورخین اور اہل التراجم نے لکھا ہے کہ ان کا انتقال سن اَسّی (۸۰ھ) ہجری میں مدینہ طیبہ میں ہوا۔ خلیفہ عبدالملک کی طرف سے اس وقت مدینہ کے حاکم اور امیر ابان بن سیدنا عثمانؓ بن عفان تھے۔

حضرت عبداللہ بن جعفر طیار فوت ہوئے تو ان کی نماز جنازہ حضرت ابان موصوف

Marfat.com

نے پڑھائی۔ یہ اُس سال کا واقعہ ہے جس سال مکہ میں بہت بڑا سیلاب آیا تھا اور لدے ہوتے اونٹوں کو بھی بہا کرلے گیا تھا (اس کو عام الجحاف کہتے تھے)۔

(۱) الاستیعاب لابن عبدالبر، ج ۲، ص ۲۶۷ معہ الاصابہ، تذکرہ عبداللہ بن جعفر)۔

(۲) اسدالغابہ فی معرفۃ الصحابہ لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۱۳۵۔ تذکرہ عبداللہ۔

(۳) الاصابہ فی احوال الصحابہ لابن حجر، ج ۲، ص ۲۸۱ معہ استیعاب، تذکرہ عبداللہ بن جعفر طیّار۔

**(۵)**

# خلافتِ عثمانی میں ہاشمی حضرات کا شریکِ جہاد ہونا

حضرت سیدنا ذوالنورین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں دیگر صحابہ کرام کی طرح ہاشمی حضرات بھی ہر مرحلہ پر امیرالمؤمنین عثمانؓ کے ساتھ ہوتے تھے اور ہر مقام میں ایک دوسرے کے معاون و مددگار ہوتے تھے۔ اور ان حضرات کے درمیان قبائلی تعصب اور باہمی عصبیت کا شائبہ تک نہ تھا۔ چنانچہ اس نوع کے چند واقعات ذکر کیے جاتے ہیں جن میں حضرت علیؓ کے صاحبزادوں (سیدنا حسنؓ و سیدنا حسینؓ) و بھتیجوں و چچازاد بھائیوں وغیرہ ہاشمی حضرات کا جنگی مواقع میں شریک کار رہنا اور شریکِ جہاد ہونا ثابت ہے۔

Marfat.com

( ۱ )

# غزوۂ طرابلس و افریقیہ وغیرہ

(سنہ ۲۶ھ)

مشہور مؤرخ ابن اثیر الجزری نے الکامل میں اور ابن خلدون نے تاریخ ابن خلدون میں نقل کیا ہے کہ :

(۱) . . . . فاستشار عثمانؓ من عندہ من الصحابۃ فاشار اکثرھم بذالک فجھز الیہ العساکر من المدینۃ وفیھم جماعۃ من اعیان الصحابۃ منھم عبد اللہ بن العباس وغیرہ فسار بھم عبد اللہ بن سعد الیٰ افریقۃ فلما وصلوا الیٰ برقۃ لقیھم عقبۃ بن نافع فیمن معہ من المسلمین الخ

(الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۴۵۔ تحت سنۃ ست وعشرین (سنہ ۲۶ھ) - طبع مصر

(۲) . . . . ثم لمّا ولیَ عبد اللہ بن ابی سرح استأذن عثمان فی ذالک واستمدہ فاستشار عثمانؓ الصحابۃ فاشاروا بہ فجھز العساکر من المدینۃ وفیھم جماعۃ من الصحابۃ منھم ابن عباس وابن عمرو وابن عمرو بن العاص وابن جعفر والحسن والحسین وابن الزبیر وساروا مع عبد اللہ بن ابی سرح سنۃ ست وعشرین ۲۶ ولقیھم عقبۃ بن نافع فیمن معہ من المسلمین ببرقۃ ثم ساروا الیٰ طرابلس فنھبوا الروم عندھا ثم ساروا الیٰ افریقیۃ وبثّوا السرایا فی کل ناحیۃ ۔

Marfat.com

(تاریخ ابن خلدون، ج ۲، ص ۱۰۰۳۔ تحت عنوان ولایۃ عبداللہ بن ابی سرح علی مصر و فتح افریقیہ)

ان روایات کا مطلب یہ ہے کہ:

"۲۶ھ (چھبیس) میں جب عبداللہ بن سعد بن ابی سرح (مصر کے علاقے کے) امیر اور والی مقرر ہوتے تو (خلیفۂ وقت) حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ سے (مغربی ممالک طرابلس وغیرہ) اور افریقیہ کی طرف جہاد پر جانے کے لیے اذن طلب کیا۔

**صحابہ کرامؓ سے مشورہ**

حضرت عثمانؓ نے اس معاملہ میں حضرات صحابہ کرامؓ سے مشورہ طلب کیا۔ ان حضرات نے جہاد پر جانے کا مشورہ دیا (کہ ان اطراف میں اسلامی لشکر جانا چاہیے)۔ اندریں حالات مدینہ طیبہ سے جہاد کے لیے ایک لشکر مرتب کیا گیا جس میں صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت شامل ہوئی۔

عبداللہ بن العباسؓ، عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ، عبداللہ بن جعفر، الحسن بن علی المرتضیٰ، الحسین بن علی المرتضیٰ، عبداللہ بن الزبیرؓ وغیرہم حضرات اس میں شریک و شامل تھے۔ اور یہ جیش اسلامی (۲۶ھ) میں عبداللہ بن ابی سرح کی نگرانی و قیادت میں جہاد کے لیے روانہ ہوا۔ اور برقہ کے مقام پر عقبہ بن نافع سے ان کی ملاقات ہوئی اس کے ساتھ مسلمانوں کی ایک جماعت تھی۔ پھر یہ تمام حضرات طرابلس وغیرہ کی طرف چل پڑے۔ اور علاقہ روم سے ان کو غنائم حاصل ہوتے اس کے بعد (یہ کثیر) جماعت افریقیہ کی مہم کی طرف روانہ ہوگئی۔ اور اس ملک کے مختلف علاقہ جات کی طرف انہوں نے اپنے مجاہدین پھیلا دیتے۔"

Marfat.com

**تنبیه** :- افریقہ کی ان جنگوں کو بعض مورخین نے ۲۷ھ (سبع وعشرین) کے تحت درج کیا ہے۔ چنانچہ خلیفہ ابن خیاط نے اپنی تاریخ کے جلد اوّل میں ۲۷ھ کے واقعات میں ان کو ذکر کیا ہے۔

(تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۴۴، تحت سنہ ۲۷ھ سبع وعشرین)۔

(۲)

# غزوۂ خراسان وطبرستان وجرجان وغیرہ میں شریک ہونا

(۳۰ھ)

اس کے چند برس بعد مندرجۂ ذیل ممالک کی طرف سعید بن العاص اموی کی قیادت میں ایک لشکر اسلامی کوفہ سے سنہ تیس ۳۰ ہجری میں روانہ ہوا۔ اس میں بھی اکابر ہاشمی حضرات پوری طرح شریکِ کار ہوئے، مدتوں جہاد میں شریکِ عمل رہے۔ فتوحات حاصل کیں، غنائم میں سے حصہ لیا اور بخیر وعافیت واپس ہوئے۔

ابن جریر طبری نے اپنی تاریخ میں ابن اثیر جزری نے الکامل میں اور ابن کثیر نے البدایہ میں اپنی اپنی عبارات میں ان واقعات کو درج کیا ہے اور ابن خلدون نے اپنی تاریخ میں اس کو نقل کیا ہے۔

(۱) ——— . . . . . عن حنش بن مالک قال غزا سعید بن العاص من الکوفۃ سنۃ (۳۰ھ) یرید خراسان ومعہ حذیفۃ بن الیمان وناس من اصحاب رسول اللہ ومعہ الحسن والحسین وعبد اللہ بن العباس وعبد اللہ بن عمر وعبد اللہ بن عمرو بن العاص و

Marfat.com

عبد اللہ بن الزبیر۔ الخ

(تاریخ الامم والملوک لابن جریر الطبری، ج ۵، ص ۵۷، تحت سنۃ ثلاثین ۳۰ ھ طبع قدیم مصر)۔

(۲) ـــــ ..... فان سعیداً غزاھا من الکوفۃ سنۃ ثلاثین ۳۰ و معہ الحسن و الحسینؓ و ابن عباس و ابن عمر بن الخطاب و عبد اللہ بن عمرو بن العاص و حذیفۃ بن الیمان و ابن الزبیر و ناس من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ الخ

(تاریخ ابن اثیر الجزری (الکامل)، ج ۳، ص ۵۴ - ذکر غزوہ طبرستان)

(۳) ـــــ ذکر المدائینی ان سعید بن العاص رکب فی جیشٍ فیہ الحسن و الحسین و العبادلۃ الاربعۃ وحذیفۃ بن الیمان فی خلقٍ من الصحابۃ وسار بھم فمرّ علی بلدان شتّٰی یصالحونہ علٰی اموالٍ جزیلۃٍ حتّٰی انتہٰی الی بلد معاملۃ جرجان فقاتلوہ حتّٰی احتاجوا الی صلوٰۃ الخوف ۔۔

البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۵۴ - تحت سنۃ ثلاثین من الھجرۃ -

(۴) تاریخ ابن خلدون، ج ۲، ص ۱۰۱۸ - تحت عنوان، غزوۂ طبرستان، طبع بیروت -

مندرجاتِ بالا کا حاصل یہ ہے کہ

سن تیس ہجری میں کوفہ کے مقام سے جہاد کے لیے ایک جیشِ اسلام تیار ہو کر خراسان وغیرہ ممالک کی طرف روانہ ہوا۔

لشکر کی کمان اور قیادت سعید بن العاص اموی نے کی د جو حضرت عثمانؓ کی جانب

Marfat.com

سے کوفہ کے حاکم تھے )۔ اس لشکر میں بہت سے اکابر حضرات شریک ہوئے۔ شریک ہونے والوں میں حضرت حسن بن علیؓ، حضرت حسین بن علیؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص۔ حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ۔ حضرت حذیفہ بن الیمانؓ۔ وغیرہم حضرات تھے۔

مختلف مواضعات اور شہروں پر ان کا گذر ہوا۔ اموال کثیرہ پر صلح و مصالحت ہوتی گئی۔ حتیٰ کہ جرجان کے علاقہ میں جا پہنچے۔

وہاں جنگ و قتال کی نوبت پیش آئی اور اس موقعہ پر صلوٰۃ الخوف بھی پڑھی گئی۔

( ۴ )

## سن بتیس ۳۲ ہجری میں شرکتِ جہاد کا ایک واقعہ

سن ۳۲ھ میں سیدنا عثمان بن عفانؓ کے دورِ خلافت میں سعید بن العاص (اموی) کی ماتحتی میں اسلامی لشکر بلنجر کے علاقہ میں پہنچا۔ اہلِ بلنجر اور ترک قوم دونوں نے مل کر مسلمان فوجوں کا مقابلہ کیا اور شدید قتال پیش آیا۔ مسلمانوں کے ایک عظیم آدمی عبدالرحمٰن بن ربیعہ شہید ہو گئے۔ وقتی طور پر مسلمانوں کو شکست کا سامنا ہوا۔

—— پھر مسلمانوں نے اپنی فوج کے دو حصے کر لیے۔ فوج کا ایک حصہ بلادِ خزر کی طرف روانہ ہو گیا۔ اور فوج کا دوسرا حصہ علاقہ جیلان و جرجان کی جانب چل دیا۔ لشکر کے اس دوسرے حصہ میں حضرت سلمان فارسیؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ شامل و شریک تھے۔

مؤرخ ابن جریر طبری اور ابنِ اثیر جزری اور ابنِ کثیر دمشقی نے اپنے اپنے

Marfat.com

الفاظ میں واقعہ ہذا کو نقل کیا ہے۔ اور مندرجہ ذیل عبارت البدایہ سے منقول ہے

۔۔۔۔۔ فقتل یومئذٍ عبدالرحمٰن بن ربیعہ کان یقال لہُ ذوالنور و انھزم المسلمون فافترقوا فرقتین ففرقۃٌ ذھبت الی بلاد الخزر۔ وفرقۃٌ سلکوا ناحیۃ جیلان و جرجان و فی ھٰؤلاء ابوھریرۃ و سلمان الفارسی رضی اللہ عنہم۔

(۱)۔۔۔ تاریخ ابن جریر الطبری، ج ۵، ص ۸۷۔ تحت سنۃ ۳۲ھ۔ طبع مصر قدیمی۔

(۲)۔۔۔ الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۶۶ تحت سنۃ ۳۲ھ۔ طبع مصر۔

(۳)۔۔۔ البدایہ، ص ۱۶۰، لابن کثیر، جلد سابع تحت سنۃ ۳۲ھ طبع مصر۔

جہاد میں شرکت اور اس قسم کے واقعات اسلامی تاریخ میں بہت پائے جاتے ہیں۔ بڑے بڑے اکابر صحابہ حضرت عثمانؓ کی خلافت کے دور میں ہمیشہ شریکِ جہاد رہتے تھے۔ مندرجہ واقعہ میں حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت سلمان فارسیؓ کا شریکِ غزوات ہونا مذکور ہے۔

حضرت سلمان فارسیؓ وہ بزرگ ہیں جو شیعہ احباب کی روایات کی رُو سے ہمیشہ ہر کام میں حضرت علی المرتضیٰؓ کی منشاء اور رضامندی کو سامنے رکھتے تھے۔ اور ان کے مشورہ کے بغیر کوئی عملی پروگرام نہیں جاری کرتے تھے۔ اور حضرت علیؓ کے خاص ہم نواؤں میں سے تھے۔

مطلب یہ ہے کہ جس طرح خود ہاشمی حضرات خلافتِ عثمانی میں شریکِ جہاد

Marfat.com

رہتے تھے اسی طرح ہاشمیوں کے ہم نوا حضرات بھی اس دورِ مبارک میں شرکتِ جہاد کو کارِ خیر جانتے تھے اور جہاد میں عملاً حصہ لیتے تھے۔

(۴)

# ۳۵ھ کا ایک واقعہ

—— حضرت سیدنا عباس بن عبد المطلبؓ کے ایک فرزند معبدؓ بن العباس ہیں۔ ان کی کنیت ابو العباس ہے۔ ان کی والدہ کا نام ام الفضل ہے۔ امّ الفضل حضرت میمونہ (امّ المومنینؓ) کی ہمشیرہ تھیں۔

حضرت معبد بن العباسؓ حضور علیہ السلام کے عہدِ مبارک میں متولّد ہوئے تھے بچپن تھا نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث محفوظ نہیں کر سکے۔ ان کے متعلق علماء تراجم نے لکھا ہے کہ سیدنا عثمان بن عفانؓ کے عہدِ خلافت میں یعنی ۳۵ھ میں عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح کی ماتحتی میں افریقہ کے علاقہ میں شریکِ جہاد ہوئے اور وہاں شہید ہو گئے۔ بعض علماء نے معبد بن عباس کے شرکتِ جہاد کے واقعہ کو ۳۵ھ سے قبل بھی ذکر کیا ہے جیسا کہ بلاذری نے فتوح البلدان میں لکھا ہے۔

مندرجہ ذیل عبارت میں یہ واقعہ منقول ہے۔ اہل علم کی تسلی کے لیے عبارت ذکر کی جاتی ہے۔

—— معبد بن العباس بن عبد المطلب بن ھاشم القرشی الھاشمی یکنّٰی ابا العباس ولد علٰی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم یحفظ عنہ قتل بافریقیۃ شھیدًا سنۃ

Marfat.com

خمس وثلاثین فی زمن عثمان رضی اللہ عنہ وکان قد غزاھا
مع ابن ابی سرح و امہ ام الفضل لبابہ بنت الحارث اخت
میمونۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۱) الاستیعاب لابن عبدالبر (معہ اصابہ) ج ۳ ص ۴۳۶-۴۳۷
تحت معبد بن العباس۔

(۲)۔۔۔ الاصابہ لابن حجر (معہ استیعاب) جلد ثالث ص ۴۵۷
تحت معبد بن العباس۔

(۳)۔۔۔ اسد الغابہ، جلد رابع لابن اثیر الجزری، ص ۳۹۲۔
تحت معبد مذکور۔

(۴)۔۔۔ فتوح البلدان بلاذری، ص ۲۳۴ تحت فتح افریقیہ۔
طبع اُولیٰ، مصر۔

ناظرین کرام!

۔۔۔ ان تاریخی حقائق نے بتلا دیا کہ حضرت عثمانؓ کے دورِ خلافت میں ہاشمیوں اور اُمویوں کے درمیان قبائلی تعصب نہ تھا اور قبیلہ پرستی کا تصور پیش نظر نہ تھا اور نہ ہی ہاشمی، اموی امتیازات ان کے سامنے تھے، صرف اللہ کے دین کی سربلندی کی خاطر باہم متفق و متحد ہو کر کام کرتے تھے اور اسلام کی اشاعت کے لیے جہاد میں شامل ہوتے تھے۔

(۶)

## سیدنا عثمانؓ کی خلافت میں نبی کریمؐ کے رشتہ داروں کے مالی حقوق

سردارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دورِ مقدس میں حضور کے رشتہ داروں کے

Marfat.com

مالی حقوق خمس سے ۔فدک کی آمد سے ۔اور دیگر فتوحات وعطیات وغیرہ سے ادا کیے جاتے تھے ۔پھر سیدنا صدیق اکبرؓ کے دور میں بھی نبوی دستور کے موافق ذوی القربیٰ کے مالی حقوق پورے کیے جاتے تھے ۔حضرت فاروق اعظمؓ کی خلافت میں بھی اقارب رسولؐ کے یہ واجبات احسن طریقہ سے پورے ہوتے ۔ان کی تفصیلات فریقین کی کتب کے حوالہ جات کے ساتھ قبل ازیں حصہ صدیقی وحصہ فاروقی میں ہم درج کر چکے ہیں ۔

اب حصہ عثمانی میں "مالی حقوق" کی ادائیگی کے مسئلہ کو دہرانا مناسب خیال کیا ہے تاکہ ناظرین بانمکین پر واضح ہو جائے کہ حضرت عثمانؓ بھی اپنی خلافت میں "مالی حقوق" کو صحیح طور پر ادا کرتے تھے ۔خلفاء ثلاثہؓ میں سے کسی خلیفہ نے بھی یہ حقوق نہ تو ضائع کیے اور نہ غصب کیے بلکہ اموال مفتوحہ میں سے موقع بموقع ادا کرتے رہے ۔

—— جمہور اہل اسلام کے نزدیک یہ چیز مسلّم ہے کہ حضرات خلفاء ثلاثہؓ عادل اور منصف تھے ،ظالم اور غاصب نہیں تھے ۔حضرت عثمانؓ نے کسی شخص پر ظلم اور ستم روا نہیں رکھا ۔عدل وانصاف ان کی صفت تھی ۔حقداروں کا حق ادا کرنا اپنا فریضہ سمجھتے تھے ۔حق تعالیٰ نے حضور علیہ السلام کے ساتھیوں کی قرآن مجید میں یہ صفت بیان کی ہے کہ :

"یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۔ الخ

یعنی اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رضا طلب کرنا ان کا شیوہ ہے ۔"

تو یہ حضرات ایسے کام کرتے تھے جن سے خدا تعالیٰ کی رضا حاصل ہو ۔اور جن کاموں سے حق تعالیٰ ناراض ہوں وہ ان کے نزدیک بھی نہیں جاتے تھے ۔لہٰذا قرآن مجید کی ان تصریحات کے بعد واقعات اور حوالہ جات کی شکل میں چند چیزیں پیش خدمت ہیں جو اصل مضمون کے لیے مؤید ہیں ۔اور تاریخ اسلامی کے اوراق پر ثبت ہیں ۔

Marfat.com

اِس مسئلہ کے اثبات کے لیے پہلے چند ایک واقعات اپنی کتابوں سے ناظرین کی خدمت میں پیش کیے جاتے ہیں۔ اس کے بعد شیعہ احباب کی کتابوں سے اس مسئلہ کی تائید سامنے رکھی جائے گی۔

## حضرت علیؓ کے لیے عثمانی عطیات

(۱)۔۔۔ سعید بن العاص حضرت عثمانؓ کی طرف سے کوفہ کے والی و حاکم تھے۔ ایک دفعہ کوفہ سے مدینہ پہنچے۔ اس موقع کا واقعہ لکھا ہے:

"قَدِمَ سعید بن العاص المدینۃ وافداً علی عثمانؓ فبعث الی وجوہ المہاجرین والانصار بصلاتٍ وکسیً وبعث الی علی بن ابی طالبؓ ایضاً فقبل ما بُعِثَ اِلَیْہ۔

"یعنی سعید حضرت عثمانؓ کی خدمت میں کوفہ سے مدینہ پہنچے اور مہاجرین وانصار کے سرکردہ لوگوں کی طرف عطیات بھجواتے اور کپڑے پوشاکیں ارسال کیں اور حضرت علیؓ کی طرف بھی عطیے اور ہدیے ارسال کیے حضرت علیؓ نے ان کو قبول فرمایا۔" (طبقات ابن سعد ج ۵، ص ۲۱ تحت سعید بن العاص)

(۲)۔۔۔ اسی طرح ۳۱ھ میں جب خراسان کا علاقہ اور آمل اور مرو وغیرہ مقامات عبداللہ بن عامر فاتح کی نگرانی کے تحت مفتوح ہوئے اور ان مہموں کے بعد عبداللہ بن عامر واپس مدینہ طیبہ پہنچے تو امیر المومنین عثمانؓ کی خدمت میں حاضری دی۔ (اس کے بعد) اہل مدینہ کو عطیات دینے شروع کیے۔ حضرت علیؓ کو تین ہزار درہم بھجواتے۔ حضرت عثمانؓ کو معلوم ہوا تو انہوں نے عبداللہ ابن عامر کو فرمایا کہ تیرا بُرا ہو تو نے علیؓ بن ابی طالب کے لیے صرف یہ قلیل رقم ارسال کی عبداللہ بن عامر نے عرض کیا کہ ایک شخص کو زیادہ دے دینے کو میں نے ناپسند کیا اور

Marfat.com

اس کے متعلق آپ کی رائے بھی مجھے معلوم نہ تھی۔

امیر المومنین عثمانؓ نے فرمایا کہ حضرت علی بن ابی طالب کو زیادہ دیجیے اس کے بعد عبداللہ نے حضرت علیؓ کی طرف بیس ہزار درہم ارسال کیے اور اس کے ساتھ دیگر اشیاء بھی بھجوائیں۔

—— مسجد نبوی میں ایک حلقہ لگا ہوا تھا۔ اس کے پاس حضرت علیؓ تشریف لاتے۔ وہ لوگ قریش کے متعلق عبداللہ بن عامر کے ہدایا و عطایا کا باہم تذکرہ کر رہے تھے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ عبداللہ بن عامر قریشی جوانوں کے سردار ہیں۔ ان کی بات مزاحمت کے قابل نہیں۔

طبقات ابن سعد کی عبارت ذیل میں یہ واقعہ مذکور ہے:

.... فقال (عثمانؓ) لابنِ عامر قبّح اللہ رأیک أتوسل الیٰ عَلِیؓ بثلاثة آلاف درھم قال کرھت ان اغرق ولم ادر ما رأیک قال فَاَغْرِقْ قال فبعث الیہ بعشرین الف درھم وما یتبعھا قال فراح علیؓ اِلَی المسجد فانتھیٰ الی حلقتہٖ وھم یتذاکرون صِلَاتِ ابن عامر ھذا الحیّ من قریش فقال علی ھو سیّد فتیان قریش غیر مدافع۔

(طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۳۲: تذکرہ عبداللہ بن عامر، طبع لیدن۔

## (۳) مطلبی ہاشمی کے لیے ایک خاص رعایت

—— تاریخ طبری میں لکھا ہے کہ ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی جاہلیت کے دور میں (اسلام سے قبل) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ تجارتی کاموں میں

Marfat.com

شریکِ کار رہتے تھے۔ جب حضرت عثمانؓ خلیفہ ہوئے تو اس زمانہ میں ربیعہ مذکور کے لڑکے عباسؓ بن ربیعہ نے امیر المؤمنین عثمانؓ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ بصرہ کے حاکم عبداللہ بن عامر بن کریز کو تحریر فرما دیں کہ وہ مجھے ایک لاکھ درہم قرض دے دے۔ دوسرے یہ کہ مجھے رہائش کے لیے مکان کی ضرورت ہے۔

چنانچہ حضرت سیدنا عثمانؓ نے عبداللہ بن عامر بن کریز کو تحریراً فرمان دیا اور ابن عامر نے ایک لاکھ درہم عباس کو دے دیا۔ اور مکانات کے لیے ایک حویلی ان کے لیے متعین کر دی۔ اس کو دارِ عباس بن ربیعہ آج تک کہا جاتا ہے۔ یہ واقعہ عبارتِ ذیل میں منقول ہے:-

"..... عن مُحَیم بن حفص قال کان ربیعة بن الحارث بن عبدالمطلب شریک عثمان فی الجاهلیّة فقال العباس بن ربیعة لعثمان اکتب لی الی ابن عامر یسلفنی مائة الفٍ فکتب فاعطاه مائة الفٍ وصلهٗ بها واقطعهٗ دارهٗ دار العباس بن ربیعة الیوم۔"

(تاریخ الامم والملوک للطبری، ص ۱۳۸-۱۳۹-جلد خامس تحت سنة ۳۵ھ۔ ذکر بعض سیر عثمان بن عفانؓ طبع مصر)

# مالی حقوق کی ادائیگی کا مسئلہ

## (شیعہ کتب سے)

حضرت عثمانؓ کے ماموں زاد برادر عبداللہ بن عامر بن کریز فتحِ خراسان کی مہم پر گئے ہوئے تھے۔ خراسان کو فتح کیا۔ غنائم حاصل ہوئے۔ اس علاقے کے بادشاہ یزدجرد کی دو لڑکیاں مالِ غنیمت میں محبوس ہو کر مسلمانوں کے ہاتھ آئیں۔

Marfat.com

پھر خلیفۂ وقت حضرت عثمانؓ نے انہیں حضرات حسنینؓ کو عطا فرمایا۔ یہ تمام واقعہ شیعہ علماء نے امام علی رضاؑ کی زبانی درج کیا ہے۔ ذیل میں ان کی معتبر کتاب سے نقل کیا جاتا ہے۔ اس واقعہ میں مضمونِ بالا کی تائید ہے۔

کتاب تنقیح المقال میں "شہر بانو" کے تحت لکھا ہے کہ:

....عن سهل بن القاسم النوشجانی قال قال لی الرضاؑ بخراسان ان بیننا و بینکم نسباً قلت وما هو؟ ایها الامیر! قال ان عبد الله بن عامر بن کریز لما افتتح خراسان اصاب ابنتین لیزدجرد بن شهریار ملک الاعاجم فبعث بهما الیٰ عثمان بن عفان فوهب احدٰهما للحسن والاُخریٰ للحسینؑ فماتتا عندهما نفساوین و کانت صاحبة الحسین نفست بعلی بن الحسین علیهما السلام۔ الخ

"یعنی سہل بن قاسم نوشجانی کہتے ہیں کہ حضرت علی رضاؑ نے مجھے خراسان کے علاقہ میں فرمایا کہ ہمارے اور تمہارے درمیان نسبی رشتہ ہے۔ میں نے عرض کیا کہ وہ کیسے؟ تو علی رضاؑ نے فرمایا کہ جب عبداللہ بن عامر نے (جو حضرت عثمانؓ کی طرف سے افواج کے امیر تھے) خراسان فتح کیا تو عجمیوں کے بادشاہ یزدجرد بن شہریار کی دو لڑکیاں اس کو ہاتھ لگیں، اس نے دونوں لڑکیوں کو حضرت عثمانؓ کی خدمت میں روانہ کر دیا۔

پھر حضرت عثمانؓ نے ایک لڑکی حضرت حسن بن علیؓ کو بخش دی اور دوسری حضرت حسین بن علی کو دے دی۔ یہ دونوں لڑکیاں حضرت حسنؓ و حسینؓ کے ہاں صاحبِ اولاد ہو کر فوت ہوئیں۔ اور جو لڑکی

حضرت حسین کی اہلیہ تھیں ان سے حضرت علی بن حسینؓ زین العابدین)
متولد ہوئے۔"

(تنقیح المقال فی علم الرجال للشیخ عبداللہ المامقانی ص۸۰،
ج ۳، من فصل النساء، باب السین والشین تحت شہربانو
طبع طہران۔ (آخر جلد ثالث)

(۱/۲) ابن میثم بحرانی نے شرح نہج البلاغہ میں بلی کانت فی ایدینا فدک الخ
تمن کے ذیل میں ایک طویل بحث کی ہے۔ اٹھارہ مقاصد بیان کیے ہیں۔ مقصد ثامن
میں یہ روایت نقل کی ہے، اس میں حضرت سیدہ فاطمہؓ اور حضرت صدیق اکبرؓ

---

لہ قولہ اہلیہ الخ۔ کہا جا سکتا ہے کہ
شہربانو کا یہ واقعہ قبل ازیں حصہ صدیقی وحصہ فاروقی میں حضرت عمرؓ کے فتوحات و
غنائم میں درج ہو چکا ہے یہاں حضرت عثمانؓ کے فتوحات میں نقل کرنا تضاد بیانی ہے۔ اس
شبہ کے ازالہ کے لیے صرف اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ ہم نے شیعہ علماء کا بیان بطور الزام
نقل کر دیا ہے۔ اگر یہ تضاد بیانی ہے تو اُن کے علماء نے ذکر کی ہے ہم ناقل ہیں۔ یہ ان کے ائمہ
کے فرمودات ہیں۔ اگر ضرورت سمجھیں تو اس کا رفع تضاد خود ہی فرما دیں۔ ہمارے استدلال
میں کوئی فرق واقع نہیں ہوتا۔ شہربانو (بنت یزدجرد) کا واقعہ اگر خلافتِ فاروقی میں
پیش آیا تھا تب بھی ٹھیک ہے۔ اگر خلافتِ فاروقی میں نہیں بلکہ خلافتِ عثمانی میں ہوا
تب بھی درست ہے۔ مقصود یہ ہے کہ خلیفۂ دوم وخلیفۂ سوم نے ہاشمیوں کے مالی
حقوق غنائم وغیرہ سے ادا کیے، ضائع نہیں کیے۔ اور ان حضرات کے باہمی تعلقات و
روابط ٹھیک طرح قائم تھے۔ ھٰذا ہو المرام۔

(منہ)

Marfat.com

کی فدک کے متعلق جو گفتگو ہوئی وہاں مذکور ہے۔

کان رسول اللہ صلعم یَأخُذ من فدک قوتکم ویقسّم الباقی ویحمل منہ فی سبیل اللّٰہ ولک علی اللّٰہ ان اصنع بھا کما کان یصنع فرضیت بذالک و اخذت العھد علیہ بہ وکان یأخذ غلّتھا فیدفع الیھم منھا ما یکفیھم ثُمَّ فعلت الخلفاء بعدہٗ کذالک الخ

(۱) شرح نہج البلاغہ لابن میثم بحرانی، ج ۵، ص ۱۰۷ طبع جدید طہرانی۔ تحت مقصد ثامن، ذکر فدک

(۲) "درۃ النجفیہ" لابراہیم بن حاجی حسین، ص ۳۳۲ طبع قدیم ایران، ذکر فدک، تحت متن مذکور بلی کانت فی ایدینا فدک۔

"یعنی ابو بکر الصدیق نے حضرت فاطمہؓ سے کلام کرتے ہوئے فرمایا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم آپ لوگوں کے مصارف فدک سے لے لیتے تھے اور باقی مال کو تقسیم کر دیتے اور اللہ کی راہ میں لگا دیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر میں آپ کے حق میں وہی صورت جاری رکھوں گا جو آپ کے والد شریف آپ کے حق میں جاری رکھتے تھے۔ حضرت فاطمۃ الزہراؓ اس بات پر رضا مند ہو گئیں، اور حضرت ابو بکر صدیقؓ سے اس چیز پر پختہ عہد لیا۔ حضرت ابو بکرؓ فدک کی آمدنی کا غلہ لے کر آل نبیؐ کو دیتے تھے جتنا قدر ان کی ضرورت کو پورا کر سکے اور کافی ہو جائے۔ پھر حضرت ابو بکر الصدیقؓ کے بعد خلفاء (عمرؓ بن الخطاب و عثمانؓ بن عفان و علی بن ابی طالبؓ) اسی طرح

Marfat.com

عمل کرتے رہے اور دیتے رہے۔"

ــــ شیعہ احباب کی دو معتبر کتابوں کے حوالہ کے بعد شیعہ کا ایک مزید حوالہ درج کرنا ضروری خیال کیا ہے اس وجہ سے کہ مندرجہ ذیل عبارت میں ابن ابی الحدید شیعی نے ہر ایک خلیفہ کا الگ الگ نام تحریر کر کے یہ مضمون بیان کیا ہے :-

(۳) ... کان ابوبکر یأخذ غلتها ویدفع الیهم منها ما یکفیهم ویقسم الباقی وکان عمر کذالک ثم کان عثمان کذالک ثم کان علی کذالک الخ "

(شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید الشیعی ، ج ۴ ، ص ۱۱۱ طبع بیروت ۔ باب ما فعل ابوبکرؓ بفدک وما قالہ فی شانہا ) ۔

خلاصہ یہ ہے "فدک کی آمد کا غلہ لے کر حضرت ابوبکرؓ آل نبیؐ کو دیتے تھے جو ان کو کافی ہوتا تھا اور باقی کو تقسیم کر دیتے تھے اور حضرت عمرؓ بن الخطاب بھی اسی طرح کرتے تھے اور حضرت عثمانؓ بن عفان بھی اسی طرح کرتے تھے اور حضرت علیؓ بن ابی طالب بھی اسی طرح کرتے تھے۔"

(۴) ــــ چودھویں صدی کے مشہور شیعہ عالم و مجتہد سید علی نقی فیض الاسلام نے اپنی فارسی شرح نہج البلاغہ میں یہی مسئلہ بالفاظ ذیل درج کیا ہے :-

" ... خلاصہ ابوبکر غلہ وسود آں گرفتہ بقدر کفایت باہل بیت علیہم السلام میداد و خلفاء بعد از وہم بر آں اسلوب رفتار نمودند۔"

یعنی فدک کی آمدن (غلہ وغیرہ) بقدر کفایت اہل بیت کو حضرت ابوبکرؓ دیا کرتے تھے اور آپ کے بعد والے خلفاء نے بھی اسی کے

Marfat.com

موافق عمل جاری رکھا "

(ترجمہ وشرح فارسی نہج البلاغہ، ج ۵ ص ۹۶۰ طبع طہرانی۔
تحت عبارت بلیٰ کانت فی ایدینا فدک من کل ما اظلتہ السماء الخ)

# فوائد و نتائج

باب چہارم میں جو واقعات درج کیے گئے ہیں وہ حضرت علی المرتضیٰ اور دیگر ہاشمی حضرات اور حضرت عثمانؓ کے مابین تعلقات کے چند نمونے ہیں ان سے مندرجہ ذیل چیزیں ثابت ہوتی ہیں۔

(۱)

احکام خداوندی کے اجراء و نفاذ میں ان حضرات (یعنی عثمان ذوالنورینؓ و علی المرتضیٰ) کے باہم مشورے ہوتے تھے اور اشتراک عمل سے حدود اللہ جاری کرتے تھے۔ اسلامی احکام کے اجراء میں ایک دوسرے کے ساتھ پوری طرح تعاون کرتے تھے۔ ان بزرگوں یعنی عثمانی و ہاشمی حضرات کا آپس میں کوئی عناد نہ تھا۔ اور خلافت کے معاملات میں اور اجرائے احکام میں کوئی اختلاف نہ تھا بلکہ باہم عملی تعاون قائم تھا۔

(۲)

عہد عثمانی میں ہاشمی احباب کو بھی حکومت میں عہدے و مناصب دیئے گئے تھے جیسا کہ بنو اُمیہ اور دیگر قبائل کو دیئے گئے۔ ہاشمیوں کو اس مسئلہ میں نظر انداز نہیں کیا گیا اور ان کے ساتھ خاندانی تعصب کا برتاؤ نہیں کیا گیا۔

(۳)

ہاشمی حضرات (یعنی حضرت علی بن ابی طالب و دیگر ہاشمی لوگ) عند الضرورۃ عدالتِ عثمانی کی طرف رجوع کرتے اور فیصلے طلب کرتے تھے۔ یہ واقعات تبلاتے

Marfat.com

ہیں کہ بنو ہاشم کے نزدیک بھی خلافت عثمانی برحق تھی اور عدالت عثمانی صحیح تھی۔ اس کے فیصلے شریعتِ اسلامی کے مطابق تھے۔ نیز واضح ہُوا کہ خلافتِ عثمانی غاصبانہ اور باغیانہ نہ تھی بلکہ منصفانہ اور عادلانہ تھی۔ اس کی عدالت کے فیصلے خلافِ شرع نہیں ہوتے تھے۔ ان کی خلافت و عدالت کو غیر شرعی اور اسلامی قواعد کے برخلاف کہنا حقائق کو جھٹلانا اور انصاف کا خون کرنا ہے۔

(۴)

حضرت عثمانؓ ہاشمی اکابر حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب وغیرہ کی عظمت و احترام کو پُوری طرح ملحوظ رکھتے تھے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت و رشتہ داری کی بنا پر یہ سب معاملہ کیا جاتا تھا اور ہاشمیوں کے جنازے کا موقعہ آتا تو خود امیرالمومنین حضرت عثمانؓ یا ان کے نائب نماز جنازہ پڑھانے کا حق ادا کرتے تھے۔ امامت نماز کا حق خلیفہ کو ہوتا ہے۔ اس اسلامی قاعدے کے تحت عمل ہُوا کرتا تھا۔ مختصر یہ کہ ان ایّام میں ہاشمیوں کے جنازوں کو ہاشمی نہیں پڑھاتے تھے بلکہ عثمانی حضرات پڑھاتے تھے جو ان کے باہمی اتحاد مذہب و اتفاق مسلک کی بیّن دلیل ہے۔

(۵)

حضرت عثمان بن عفانؓ کی خلافت کے ایّام میں کفّار کے ساتھ جہاد کی ضرورت پیش آتی تو ہاشمی بزرگ اور حضرت علیؓ کی اولاد حضرت حسنؓ و حسین وغیرہما خلیفہ وقت کے ساتھ جہاد میں شریک ہوتے تھے اور مہم سر کرنے میں دوش بدوش ہو کر جنگ کرتے تھے اور غنائم سے حصّہ پاتے تھے۔ اس دور میں غنائم قواعد شرعی کے خلاف نہیں تقسیم ہوتے تھے بلکہ صحیح طریقہ کے مطابق ان کی تقسیم ہوتی تھی۔ اکابر ہاشمیوں کو اس تقسیم پر کوئی اعتراض نہ ہوتا تھا۔ ان حضرات کا غزوات میں یکے بعد دیگرے بار بار شرکت کرنا ہی اس مسئلہ کی صحت کے لیے نہایت عمدہ قرینہ ہے۔ اور

Marfat.com

افریقہ کے غنائم میں غلط تقسیم کا طعن معترضین کی طرف سے درست نہیں ہے۔
نیز ان بزرگوں کا اشتراکِ عمل جس طرح باہمی اتفاق و اتحاد پر دلالت کرتا ہے اسی
طرح اس بات کی شہادت دیتا ہے کہ خلافتِ عثمانی ان اکابر کے نزدیک بھی برحق تھی
نیز حضرت عثمانؓ کے صحیح و برحق خلیفہ ہونے میں ہاشمی حضرات کو کوئی شبہ نہ تھا۔ خلافت
کے معاملات میں سب ہاشمی حضرات امیر المومنین عثمانؓ بن عفان کے ساتھ ہوتے
تھے۔ قبائلی عصبیّت کا اس دَور میں نام و نشان تک نہ تھا، اور خاندانی عداوتیں
یکسر مفقود تھیں۔ یہ چیزیں بعد کی پیدا کردہ ہیں۔

(۶)

نیز واضح ہُوا کہ چاروں خلفاء (صدیق اکبرؓ، فاروق اعظم، عثمانؓ ذوالنورین،
حضرت علیؓ) کی خلافتوں کے دَور میں خمس و فدک کی آمد کی تقسیم میں کوئی فرق نہ تھا۔
آلِ نبیؐ و اولادِ علیؓ کی ضروریات کو فدک کی آمدنی سے پورا کیا جاتا تھا۔ رشتہ دارانِ
نبوت کے مالی حقوق بشمول حضرت عثمانؓ کے کسی خلیفہ سابق نے ضائع نہیں کیے۔
حقوقِ مالیہ کے غصب کیے جانے کا یہ پروپیگنڈا صرف صحابہ کرامؓ کے متعلق بدظنی
و بدگمانی پھیلانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ جو حقائق کے بالکل برعکس ہے۔

Marfat.com

○

صدیقؓ عکسِ حُسنِ کمالِ محمدؐ است
فاروقؓ ظلّ جاہ و جلالِ محمدؐ است
عثمانؓ ضیاءِ شمعِ جمالِ محمدؐ است
حیدرؓ بہارِ باغِ خصالِ محمدؐ است

○

ہیں کرنیں ایک ہی مشعل کی
بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ
ہم مشرب ہیں یارانِ نبی
کچھ فرق نہیں ان چاروں میں

○

Marfat.com

# باب پنجم

## محاصرۂ عثمانی کے متعلقات

(۱)

سیدنا امیر المومنین عثمان ذو النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے واقعہ سے قبل تمام مسلمان آپس میں متفق و متحد تھے۔ ان کے درمیان کوئی رخنہ اندازی نہ تھی کفر کی طاقتوں کو ختم کرنے میں ہمہ تن مصروف تھے۔ واقعہ ہذا پیش آنے کے بعد مسلمانوں میں اختلافات برپا ہو گئے۔ مسلمانوں کی متفقہ قوت جو اعداء اسلام کے مٹانے میں صرف ہوتی تھی وہ باہمی آویزش اور نزاع میں صرف ہونے لگی۔ آپس میں جنگ و جدال کا دروازہ کھل گیا اور جو برکات نبوت مسلمانوں میں پہلے موجود تھیں وہ اس واقعہ کے بعد بطریق سابق قائم نہ رہ سکیں اور رفتہ رفتہ ختم ہونے لگیں۔

(۲)

حضرت عثمانؓ کی خلافت کے آخری ایام میں بعض لوگوں کو حضرت عثمانؓ کے چند کارندوں سے بعض انتظامی معاملات میں کچھ شکایات پیدا ہو گئیں۔ شرپسند افراد نے جن کا سرغنہ عبداللہ بن سبا ایک یہودی بصورت نو مسلم منافق تھا، ان چیزوں کو ہوا دے کر اعتراضات[1] اور مطاعن کی شکل دے دی پھر آہستہ آہستہ فسادیوں نے

-۱

Marfat.com

بغاوت[1] کا رنگ اختیار کر لیا۔ ان اَشرار کا اصل مقصد مرکزِ اسلام پر ضرب لگا کر اہلِ اسلام میں پھوٹ ڈالنا تھا جو انہوں نے خلیفۂ اسلام کے قتل کے ذریعہ پورا کیا۔ چنانچہ دار الحکومت (مدینہ طیبہ) پر انہوں نے چڑھائی کر دی۔ بیتِ خلافت کا محاصرہ کر لیا۔ کچھ مدت محاصرہ رکھا۔ محاصرہ کے دوران ۱۸ ذوالحجہ ۳۵ھ ہجری کو خلیفۂ ثالث حضرت عثمان ذوالنورینؓ کو ظلماً شہید کر ڈالا۔

مضمون ہذا کی مزید تفصیل تاریخ الکامل لابن اثیر الجزری ص۷۷ جلد ثالث تحت ذکر مسیر من سار الی حصر عثمان رضؓ :- میں ملاحظہ فرمائیں۔

(۴)

ہاشمی حضرات نے جو اس موقعہ پر حضرت عثمانؓ کے ساتھ رفاقت کا ثبوت دیا اور ان کی ہمدردی کی۔ اس چیز کو یہاں باب پنجم میں چند عنوانات کی صورت میں اندراج کیا جاتا ہے تاکہ قارئینِ کرام حضرت عثمانؓ کے آخری ایام تک موافقت اور رفاقت کے واقعات کو ایک تسلسل کے ساتھ ملاحظہ فرما سکیں۔ اور واضح ہو جائے کہ حضرت علیؓ اور حضرت عثمانؓ کے درمیان آخری مراحل تک اتفاق و اتحاد قائم تھا۔ تمام عمر ان میں کوئی عداوت و بغاوت نہیں تھی۔ خاندانی مناقشات ان میں بالکلیہ موجود نہ تھے اور قبائلی عصبیتیں یکسر مفقود تھیں اور خاندانی و نسلی تفریق اس دور میں ہرگز پیشِ نظر نہ تھی۔ ان چیزوں نے بعد میں جنم لیا ہے۔ مندرجہ واقعات اس چیز کی شہادت دے رہے ہیں۔

---

[1] انتظامی شکایات کی بنا پر بغاوت پیدا ہونے کے اسباب و علل کیا تھے؟ فتنہ و فساد اٹھانے والے کون لوگ تھے؟ اہلِ مدینہ نے محاصرہ کے دوران خلیفۂ وقت کی حمایت کی یا مخالفت؟ یہ تمام چیزیں تفصیل طلب ہیں۔ ہمارے سابق مضمون اور کتاب کے موضوع سے یہ الگ بحثیں ہیں اس لیے ہم نے ان کو یہاں قصداً نہیں ذکر کیا۔ (منہ)

Marfat.com

# چند عنوانات

## نیابتِ حج اور ابن عباسؓ کا انتخاب

باغیوں نے مدینہ شریف کی ناکہ بندی کرلی تھی اور سیدنا عثمان ذوالنورین کے مکان کا محاصرہ کرلیا گیا۔ حضرت عثمانؓ کی آمد و رفت رُک گئی۔ گھر سے باہر مسجد نبوی تک جانا دشوار ہو گیا۔ انہی ایّام میں حج کا موسم قریب آگیا۔ باغیوں سے بچاؤ کرنے کے لیے دارِ عثمانی کے دروازے پر جو حضرات نگرانی کر رہے تھے ان میں ہاشمی حضرات بھی تھے (جیسا کہ تفصیل آرہی ہے) اور حضرت علیؓ کے عمِ محترم سیدنا عباس بن عبدالمطلبؓ کے صاحبزادے عبداللہ بن عباسؓ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ انہوں نے حتی المقدور فسادیوں کو باغیانہ حرکات سے سخت منع کیا اور دارِ عثمانؓ کی پوری طرح نگرانی کی۔

ابنِ عمرؓ فرماتے ہیں کہ ما زال ابن عباسؓ ینہیٰ عن قتل عثمان و یعظم شانہٗ،
یعنی باغیوں کو ابن عباس ہمیشہ قتلِ عثمانؓ سے منع کرتے رہے اور ان کی عظمتِ شان بیان فرماتے رہے۔ (انساب الاشراف بلاذری، ج ۵، ص ۱۰۱)۔

اسی دوران میں ایک روز حضرت عثمانؓ اپنے مکان کی چھت پر چڑھے اور آواز دے کر عبداللہ بن عباسؓ کو بلوایا، ان کو خطاب کرکے فرمانے لگے کہ حج کا موسم آگیا ہے آپ میری طرف سے امیرِ حج بن کر انتظاماتِ حج کے لیے جائیے! ابنِ عباسؓ نے جواباً عرض کیا کہ اللہ کی قسم ان فسادی باغیوں کے ساتھ جہاد کرنا میرے نزدیک حج بیت اللہ سے زیادہ پسند ہے۔ پھر حضرت عثمانؓ نے ان کو خداوند تعالیٰ کی قسم دے کر فرمایا کہ آپ ضرور جائیں۔ چنانچہ سن پینتیس (۳۵ھ) میں ابن عباس امیرِ حج بن کر روانہ ہوئے اور حضرت عثمانؓ کی جانب سے امیرِ حج کے فرائض سرانجام دیئے۔

Marfat.com

یہ مضمون مندرجہ ذیل کتب میں مصنفین نے اپنی اپنی عبارات میں نقل کیا ہے اختصار کے پیش نظر صرف تاریخ ابن جریر طبری کی عربی عبارت لکھی جاتی ہے۔ باقی حضرات کا حوالہ دے دینا کافی ہوگا۔

. . . . . فاشرف عثمانؓ علی الناس فقال یا عبد اللہ بن عباس فَدُعِیَ لہٗ فقال اذھب فانت علی الموسم وکان ممن لزم الباب فقال واللہ یا امیرالمومنین لجہاد ھٰؤلاء احبّ الیّ من الحجّ فَاَقْسَمَ علیہ لینطلقن فانطلق ابن عباس علی الموسم تلک السنۃ (۳۵ھ)“

(۱) تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۲۷۔ طبع مصری

. . . . عن ابنِ عباسٍ قال دعانی عثمان فَاسْتَعْمَلنِیْ علی الحجّ فخرجت الی مکۃ فاقمت لِلنّاسِ الحج وقرأت علیہم کتاب عثمان الیہم ثم قدمت المدینۃ قد بُویِعَ لِعَلِیٍّ۔ الخ

(۲)۔ تاریخ ابن جریر طبری جلد ۵، ص ۱۵۹ تحت حالات سنۃ پینتیس (خمس وثلاثین)۔

(۳)۔ انساب الاشراف للبلاذری، ص ۲۳۔۲۴ جلد پنجم طبع جدید

(۴) الکامل لابن اثیر الجزری، جلد ۳، ص ۸۷۔ ذکر مقتل عثمانؓ۔

(۵) کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمان لمحمد بن یحییٰ الاندلسی ص ۱۲۴، ذکر منع عثمان من الماء۔ طبع بیروت۔

(۶)۔ البدایہ لابن کثیر ج ۷، ص ۱۸۷ تحت صفۃ قتل عثمانؓ

(۷)۔ تاریخ ابن خلدون جلد ثانی ص ۱۰۵۱ ابحث حصار عثمان ومقتلہ

(۸) اسد الغابہ فی احوال الصحابہ، ج ۳، ص ۱۹۵، تذکرہ عبد اللہ بن عباس۔

Marfat.com

(۹) کتاب المحبّر لابی جعفر بغدادی ص ۲۵۸ طبع حیدر آباد دکن۔

## شیعہ مؤرخین سے تائید

مشہور شیعی مورخ (یعقوبی) نے لکھا ہے کہ محاصرہ عثمانی کے دوران عبداللہ بن عباسؓ بن عبدالمطلب نے ۳۵ھ میں لوگوں کو حج کرایا عبارت یہ ہے:

والسنۃ التی قتل فیہا فانّہ حجّ بالناس عبد اللہ بن عباس وھی سنۃ ۳۵ھ۔

(تاریخ یعقوبی ص ۱۷۶، جلد ثانی طبع بیروت بحث آخر ایام عثمان بن عفان)۔

——ابن عباسؓ سیدنا عثمانؓ کو اضطرار و پریشانی کے عالم میں چھوڑ کر سفر کے لیے ہرگز آمادہ نہ تھے لیکن خلیفہ برحق کی اطاعت و فرمانبرداری کو مقدم رکھتے ہوئے بطور نائب خلیفہ کے حج کرانے کے لیے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے بعد میں باغیوں نے حضرت عثمانؓ کو ناحق قتل کر ڈالا۔

عبداللہ بن عباسؓ کو جب حضرت عثمانؓ مظلوم کی شہادت کی اطلاع ملی تو نہایت رنجیدہ خاطر اور غمناک ہوئے اور اپنے تأثرات ان الفاظ میں ظاہر فرمائے، فرمایا کہ لو ان الناس اجمعوا علیٰ قتل عثمان لرُمُوا بالحجارۃ کما رُمِیَ قوم لوط۔

(۱) طبقات ابن سعد، ج ۳، ص ۵۶، تذکرہ عثمان بن عفان طبع لیدن

(۲) انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵ ص ۱۰۱ طبع جدید۔

(۳) کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ، ص ۲۲۴ طبع بیروت

• یعنی اگر تمام لوگ حضرت عثمانؓ کے قتل پر اتفاق و اجماع کر لیتے تو ان پر اسی طرح پتھروں کی بارش برسائی جاتی جس طرح قومِ لوط پر سنگباری کی گئی تھی۔

Marfat.com

# حضرت علی المرتضیٰ اور اُن کی اولاد کی مدافعانہ کوششیں

محاصرہ کے دوران باغیوں کی مدافعت کے لیے بار بار کوشش ہوتی رہی صحابہ کرامؓ نے متعدد دفعہ اپنی اپنی جگہ اس شرارت کو دُور کرنے کی سعی کی حضرت علیؓ اور ان کی اولاد شریف نے مسئلہ ہٰذا کو حل کرنے میں بڑی ہمت صرف کی لیکن حضرت عثمان ذوالنورینؓ نے کسی فرد کو اس سلسلہ میں ہاتھ اٹھانے کی اجازت نہیں دی۔

(۱) ——— عبداللہ بن رباح حضرت سیدنا حسن بن علیؓ کی کوشش کا ذکر کرتے ہوئے نقل کرتے ہیں کہ:

"۔۔۔۔ فلقیتُ الحسن بن علیؓ داخلاً علیہ فرجعنا معہٗ نسمع مایقول قال اَنَا ھٰذا یا امیر المؤمنین فَاْمُرنِی بامرک قال اِجْلِسْ یَا ابْنَ اَخِیْ حتی یاتی اللہ بامرہٖ فَاِنَّہٗ لاحاجۃ لِیْ فی الدُّنیا او قال فی القتال۔"

(المصنّف لعبدالرزاق، ج ۱۱ص ۴۴۷، طبع مجلس علمی)

"یعنی ابن رباح کہتے ہیں کہ میری حسن بن علیؓ سے ملاقات ہوئی۔ محاصرہ کے دوران وہ حضرت عثمانؓ کے پاس پہنچے۔ ہم لوگ بھی دونوں حضرات کی گفتگو سننے کے لیے ان کے ساتھ واپس آ گئے۔ سیدنا حسن بن علیؓ نے حضرت عثمانؓ کو کہا کہ اے امیر المومنین! آپ جو حکم مجھے فرما دیں وہ بجا لاؤں گا۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ اے بھتیجے اپنی جگہ تشریف رکھیے! یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکمِ تقدیر پورا فرما دیں۔ مجھے دُنیا کی کوئی حاجت نہیں یا فرمایا مجھے جنگ و جدال کی کوئی حاجت نہیں۔"

Marfat.com

(۲) ــــــ اسی طرح عبداللہ بن عمرؓ کے غلام اور شاگرد مسمیٰ نافع اس موقع کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ :

"..... عن عبید اللہ عن نافع عن ابن عمرؓ قال اَقْبَلَ هُوَ والحسن بن علیؓ یوم قُتِلَ عثمانؓ فقالا لَوْ اَمَرَنَا لقاتلنا ولکنّہ قال کُفُّوْا "

(کتاب "اخبار اصفہان" لابی نعیم الاصفہانی، ج ۲ ص ۱۳۹ طبع لیدن)

"مطلب یہ ہے کہ جس روز عثمانؓ بن عفان شہید کر دیئے گئے اس روز حضرت حسنؓ و عبداللہ بن عمرؓ دونوں نے کہا کہ اگر حضرت عثمانؓ ہمیں حکم دیتے تو ہم قتال اور جنگ کرتے لیکن انہوں نے حکم دیا کہ سب (اپنے ہاتھ) روک لیں (اور کوئی میری خاطر جنگ نہ کرے)"

ــــــ سیّدنا حسن بن علیؓ کی کوشش مذکور کو حضرت شیخ سید علی الہجویری لاہوریؒ نے اپنی مشہور تصنیف "کشف المحجوب" باب سابع میں عبارت ذیل میں درج کیا ہے۔

"..... چوں حسن اندر آمد و سلام گفت و ویرا بداں بلیّت تعزیت کرد و گفت یا امیر المؤمنین من بے فرمانِ تو شمشیر بر مسلمانان نتوانم کشید و تو امام برحقّی مرا فرمان دہ تا بلائے این قوم از تو دفع کنم۔ عثمانؓ ویرا گفت یا ابن اخی! ارجع واجلس فی بیتک حتیٰ یاتی اللہ بامرہ فلا حاجۃ لنا فی اہراق الدماء۔ ای برادر زادۂ من! باز گرد و اندر خانۂ خود بنشیں! تا فرمانِ خداوند تعالیٰ و تقدیر وی چہ باشد؟ کہ ما را بخون ریختنِ مسلمانان حاجت نیست"

Marfat.com

(کشف المحجوب از شیخ سید علی بن عثمان بن علی الغزنوی الہجویری اللاہوری۔ باب السابع فی ذکر ائمتہم من الصحابۃ۔ طبع سمرقند ص ۸۶۔ طبع قدیم لاہور، ص ۵۲)۔

حاصل یہ ہے کہ:

سیدنا حسن بن علیؓ نے اندر داخل ہو کر سلام کہا اور مصیبت پیش آمدہ پران کی تعزیت کی اور کہا کہ اے امیر المومنین! میں آپ کے حکم کے بغیر تلوار بے نیام نہیں کرنا چاہتا، آپ "امام و خلیفہ برحق" ہیں۔ اجازت فرمائیے تاکہ ہم آپ سے یہ مصیبت دفع کریں۔

حضرت عثمانؓ نے فرمایا اے برادر زادہ! آپ واپس تشریف لے جائیے اور اپنے مکان پر تشریف رکھیے! حتیٰ کہ خداوند کریم کا حکم تقدیر جس طرح ہو پورا ہو جائے۔ مسلمانوں کی خوں ریزی کی ہم کو ضرورت نہیں"۔

(۳) —— مشہور مؤرخ خلیفہ ابن خیاط (المتوفی ۲۴۰ھ) نے اپنی سند کے ساتھ محمد بن سیرین سے نقل کیا ہے کہ محاصرۂ عثمانی کے موقعہ پر حضرت حسنؓ کے ساتھ حضرت حسینؓ بن علی اور صحابہ کرامؓ اور تابعین بھی مدافعت میں شریک تھے۔ لکھتے ہیں کہ:

.... عن یحییٰ بن عتیق عن محمد بن سیرین قال انطلق الحسن والحسین وابن عمر وابن الزبیر ومروانُ کلھم شاکٍ فی السلاح حتّٰی دخلوا الدار فقال عثمان اعزم علیکم لما رجعتم فوضعتم اَسلحتکم ولزمتم بیوتکم۔

(تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ص ۱۵۱-۱۵۲۔ جلد اوّل۔ طبع عراق)

مطلب یہ ہے کہ:

Marfat.com

"محمد بن سیرین کہتے ہیں کہ حضرت حسنؓ وحسینؓ وعبداللہ بن عمرؓ وعبداللہ بن زبیرؓ و مروان یہ تمام حضرات ہتھیار بند ہو کر ( مدافعت کے لیے ) حضرت عثمانؓ کے مکان میں پہنچے۔ حضرت عثمانؓ نے ان لوگوں کو فرمایا کہ میں تمہیں قسم دے کر کہتا ہوں کہ آپ واپس چلے جائیں اور اسلحہ رکھ دیں۔ اور اپنے اپنے گھروں میں جا کر بیٹھ جائیں (یعنی مدافعانہ کارروائی ترک کر دیں)۔"

(۴) ـــــ مندرجہ بالا روایات کے بعد اب علامہ ابن کثیرؒ کی روایات نقل کی جاتی ہیں جن میں مضمون بالا ذرا مفصل درج ہے۔ فرماتے ہیں کہ :

"ـــــ کذالک کان عثمانؓ بن عفان یکرم الحسنؓ و الحسینؓ ویحبھما۔"

"(یعنی حضرت عثمانؓ بن عفان، حسنین شریفین) دونوں کے ساتھ اکرام و اعزاز کے ساتھ پیش آتے تھے اور دونوں سے محبت کرتے تھے۔"

ـــــ پھر لکھا ہے کہ :

"وقد کان الحسن بن علیؓ یوم الدار وعثمان بن عفان محصور۔ عندہٗ و معہ السیف متقلدًا بہ یحاجف عن عثمان فخشی عثمان علیہ فاقسم علیہ لیرجعنّ الی منزلھم تطییبًا لقلب علیؓ و خوفًا علیہ رضی اللہ عنھم۔"

(البدایہ لابن کثیر، ص ۳۶-۳۷، جلد ثامن۔ تحت حالات امام حسنؓ در ۴۹ھ)

یعنی جس وقت حضرت عثمانؓ محصور تھے اس وقت حضرت حسن بن علیؓ ان کی نگرانی اور حفاظت کرنے والوں میں موجود تھے۔ تلوار گلے میں ڈالے ہوئے حضرت

Marfat.com

عثمانؓ کی ڈھال بن کران کی مدافعت کر رہے تھے۔ حضرت عثمانؓ کو خوف ہُوا کہ (تقابل ومقابلہ ہو جانے کی وجہ سے) حسن بن علیؓ کو گزند نہ پہنچ جائے۔ اس پر قسم دے کران کو کہا کہ ضرور بالضرور آپ واپس گھر تشریف لے جائیں۔ یہ اقدام حضرت علیؓ کے قلب کے اطمینان کی خاطر اور ازالۂ خوف کے لیے کیا۔"

—— ابن کثیرؒ نے موقعہ ہٰذا کی مزید تفصیل کرتے ہوئے مندرجہ ذیل وضاحت بھی لکھی ہے۔ فرماتے ہیں کہ:

—— کان الحصار مستمراً من اواخر ذی القعدۃ الی یوم الجمعۃ الثامن عشر ذی الحجۃ (۳۵ھ) للذین عندہٗ فی الدار من المہاجرین والانصار ۔ ۔ ۔ ۔ فیہم عبد اللہ بن عمرؓ وعبد اللہ بن الزبیر والحسن والحسین ومروان وابوھریرۃؓ وخلقٌ من موالیہ ولو ترکھم لمنعوہ فقال لھم اقسم علی من لی علیہ حق ان یکف یدہٗ وان ینطلق الی منزلہ وعندہٗ من اعیان الصحابۃ وابنائھم جم غفیرٌ وقال لرقیقہ من اغمد سیفہٗ فھو حرٌ۔"

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۸۱، تحت سنۃ خمس وثلاثین)

"یعنی اواخر ذوالقعدہ سے لے کر روز جمعہ ۱۸ ذوالحجہ ۳۵ھ تک مسلسل محاصرہ جاری رہا۔ مہاجرین وانصار میں سے ان کے مکان میں (حفاظت وخیر خواہی کے طور پر) موجود تھے۔

ان حضرات میں عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن زبیرؓ، حسن بن علیؓ، حسین بن علیؓ، مروان، ابوہریرہؓ اور ان کے خدام وغلام وغیرہ تھے۔

Marfat.com

اگر حضرت عثمانؓ ان لوگوں کو نہ روکتے تو باغیوں کو منع کر سکتے تھے (لیکن عثمانؓ نے) ان لوگوں کو قسم دے کر کہا کہ جس شخص پر میرا حق ہے وہ (باغیوں کے مقابلہ سے) اپنے ہاتھ کو روک لے اور اپنے گھر روانہ ہو جاتے۔ حالانکہ اکابر صحابہؓ اور ان کی اولاد کا ایک جم غفیر حضرت عثمانؓ کے ہاں موجود تھا۔ اور حضرت عثمانؓ نے اپنے غلاموں کو حکم دیا کہ جس نے اپنی تلوار نیام میں کر لی وہ آزاد ہے۔" (سبحان اللہ)

## محاصرہ کے واقعات کیلئے مزید حوالہ جات ایک ترتیب سے ملاحظہ ہوں

حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہاشمی و غیر ہاشمی تمام حضرات کو اپنی حمایت کی خاطر کسی اقدام کرنے سے منع فرما دیا تھا جیسا کہ مندرجہ بالا حوالہ جات میں مذکور ہے۔ اس کے باوجود ازراہ ہمدردی و خیر خواہی یہ حضرات باغیوں کو ہٹانے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو محفوظ رکھنے کی امکانی صورتوں کو اختیار کرتے رہے۔

محاصرہ کافی ایام تک جاری رہا۔ اس کے دوران متعدد دفعہ مدافعت کی صورتیں پیش آتی رہیں۔ حضرت علیؓ اپنے عزیزوں کو بار بار بھیجتے رہے۔ اور خود بھی کئی دفعہ بنفس نفیس تشریف لے جا کر شریروں سے مدافعت کرتے رہے۔

اس حالت میں بعض اوقات ہاشمی حضرات کو مجروح اور زخمی ہونے کی بھی نوبت آئی اور اگر بعض دفعہ پانی کی قلت واقع ہو گئی تو حضرت مرتضیٰؓ نے پوری قوت کے ساتھ حضرت عثمانؓ کے مکان میں پانی پہنچانے کا انتظام کیا اگرچہ اس سلسلہ میں ہاشمیوں کے خدام کو زخمی ہونا پڑا۔

Marfat.com

باغیوں اور مُفسدین نے موقعہ پاکر آخر کار حضرت عثمانؓ کو شہید کرڈالا تو یہ وحشتناک اطلاع پاکر حضرت علیؓ بمع دیگر صحابہ کرامؓ کے حسرت و افسوس کرتے ہوئے حضرت عثمانؓ کے مکان پر پہنچے۔ باب عثمانؓ پر اپنے عزیزوں کو حفاظت کے لیے کھڑا کیا ہوا تھا، ان کو غضبناک ہوکر زدوکوب کیا اور سخت غمناک ہوئے۔

واقعات ہذا ایک شکل میں پیش کرنے کے لیے اجمالاً درج کیے جاتے ہیں جو اہل سُنّت و شیعہ دونوں کی کتابوں سے منقول ہیں۔ دونوں بزرگوں کے مابین ہمدردی و تعلقات کا ایک نقشہ اس طریقہ سے ٹھیک طور پر سامنے آجاتا ہے۔

(ا)

"وقال للحسنؓ والحسینؓ اذهبا بسیفکما حتٰی تقوما علیٰ باب عثمان فلا تدعا احداً یصل الیه وبعث الزبیر ابنه عبد الله وبعث طلحة ابنه ........ وبعث عدة من اصحاب النبی صلّی الله علیه وسلّم ابناءهم لیمنعوا الناس الدخول علی عثمان"

(کتاب انساب الاشراف بلاذری، ص ۶۸-۶۹، جلد ۵- طبع جدید، باب مسیر اہل الامصار الی عثمانؓ-)

"یعنی حضرت علی المرتضیٰؓ نے اپنے لڑکوں حسنؓ و حسینؓ کو فرمایا کہ تلواریں لے کر حضرت عثمانؓ کے مکان کے دروازے پر کھڑے ہو جائیں۔ کوئی شخص (اعداء میں سے) اندر نہ جاسکے۔ اسی طرح حضرت زبیرؓ نے اپنے بیٹے عبد اللہ کو اور حضرت طلحہؓ نے اپنے لڑکے کو حفاظتی طور پر بھیجا۔ اور متعدد صحابہ کرام نے اپنی اولادوں کو حکم دیا

Marfat.com

کہ حضرت عثمانؓ کے مکان کی مدافعت کرنے کا کام سرانجام دیں"۔

—— وسار الیہ جماعۃ من ابناء الصحابۃ عن امر آبائھم منھم الحسن و الحسین و عبداللہ بن الزبیر . . . و عبداللہ بن عمر و صاروا یحاجّون عنہ و یناضلون دونہ ان یصل الیہ احد منھم"۔ (البدایہ)

"یعنی صحابہ کرامؓ کے لڑکوں کی ایک جماعت حضرت عثمانؓ کی طرف اپنے آباء کے حکم کے موافق حفاظت کی خاطر پہنچی ہوئی تھی۔ ان میں حضرت حسنؓ و حسینؓ، عبداللہ بن زبیرؓ، عبداللہ بن عمرؓ شامل تھے۔ اس مقصد کی خاطر کہ اگر کوئی حضرت عثمان کی حویلی پر حملہ آور ہو تو اس کی مدافعت و مزاحمت کریں"۔

یہ مضمون مندرجہ ذیل مقامات میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

(۱) البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۷۶، ذکر حصر امیر المومنین عثمانؓ۔

(۲) الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۸۷ ذکر مقتل عثمانؓ۔

(۳) کتاب التمہید و البیان فی مقتل عثمان، ص ۱۷۵ طبع بیروت از محمد بن یحییٰ بن ابی بکر اندلسی۔

(۴) کتاب التمہید لابی الشکور السالمی، ص ۱۶۴ طبع لاہور۔ بحث القول الرابع فی خلافۃ عثمان۔

## شیعہ کی طرف سے تائید

(۱)

محاصرہ کے دوران سیدنا عثمانؓ بن عفان سے مدافعت کے مضمون کو شیعی

Marfat.com

علماء و مجتہدین نے اپنے طرز بیان کی شکل میں لکھا ہے تاہم اتنی چیز انہوں نے بھی تسلیم کی ہے کہ حضرت علیؓ اور ان کی اولاد اور ان کے عزیزوں نے محاصرہ کے ایام میں حضرت عثمانؓ بن عفان سے باغیوں کو دفع کرنے کا فریضہ بار بار سرانجام دیا اور اپنی خیر خواہی و ہمدردی کا پورا پورا ثبوت دیا۔ ہاتھ سے مدافعت کی۔ زبان سے مفسدین کو فہمایش کی لیکن باغیوں نے کوئی بات تسلیم نہ کی اور شر سے باز نہ آئے۔

— ابن ابی الحدید شیعی نے شرح نہج البلاغہ میں بہت سے مقامات پر یہ مسئلہ بیان کیا ہے چند عبارات ملاحظہ ہوں۔

(۱) ...... وما نعہم الحسن بن علی وعبد اللہ بن الزبیر ومحمد بن طلحۃ ومروان وسعید بن العاص وجماعۃ معہم من ابناء الانصار فزجرہم عثمان وقال انتم فی حلٍّ من نصرتی فابوا ولم یرجعوا الخ

(شرح نہج البلاغۃ لابن ابی الحدید، ج ۱ص ۱۹۷۔
تحت محاصرۃ عثمان ومنعہ الماء، طبع بیروت، جلد اول)

یعنی (مصری وغیرہ مفسدین کو) حسن بن علیؓ وعبداللہ بن الزبیر محمد بن طلحہ و مروان و سعید بن العاص نے منع کیا اور (اس منع کرنے میں) ان کے ساتھ انصار کے بیٹوں کی بھی ایک جماعت تھی۔ حضرت عثمانؓ نے سب کو اس کام سے روک دیا اور کہا کہ تم میری نصرت و امداد کرنے سے آزاد ہو۔ لیکن ان سب حضرات نے حضرت عثمانؓ کی بات ماننے سے انکار کر دیا اور ان کے مکان سے واپس نہ ہوئے۔ (یعنی حفاظت کرتے رہے)"۔

(۲) ... . فقد حضر ھو بنفسہ مراراً وطرد الناس

Marfat.com

عنہ و انفذ الیہ ولدیہ و ابن اخیہ عبداللہ ۔ الخ

"یعنی (محاصرہ کے موقعہ پر) حضرت علیؓ، عثمانؓ بن عفان کے ہاں کئی بار خود حاضر ہوتے اور لوگوں کو دارِ عثمانؓ سے ہٹایا اور اپنے لڑکوں اور بھتیجے عبداللہ بن جعفر کو ان کی معاونت کے لیے بھیجا۔"

(شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید الشیعی المعتزلی۔ ج ۱۰ ص ۵۸۱، جزء عاشر طبع قدیم ایران)۔

(۳)۔۔۔ ۔۔۔۔۔ وقد نہی علیؓ اہل مصر وغیرہم عن قتل عثمان قبل قتلہ مراراً، ناب ذہم بیدہ و لسانہ وبا ولادہ فلم یغن شیئاً و تفاقم الامر حتیٰ قتل ۔ الخ

(شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید شیعی، ج ۱۴ ص ۱۶۱۔ قدیم طبع ایرانی و طبع بیروتی، ج ۴ ص ۴۴۹ تحت تحت متن انہ بایعنی القوم الذین بایعوا ابابکرؓ)

"یعنی حضرت عثمانؓ کے قتل ہونے سے پہلے علیؓ بن ابی طالب نے (لوگوں کو) قتلِ عثمانؓ سے کئی بار منع کیا۔ حضرت علیؓ نے اپنے ہاتھ سے ان کو ہٹایا اور اپنی زبان سے روکا۔ اور اپنی اولاد شریف کے ذریعہ مدافعت کرائی لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا اور معاملہ عظیم ہو گیا۔ حتیٰ کہ حضرت عثمانؓ شہید کر دیئے گئے۔"

۔۔۔۔ شیعی فاضل ابن میثم بحرانی نے بھی شرح نہج البلاغہ میں اس مضمون کو بعبارت ذیل درج کیا ہے:۔

"۔ ۔ ۔ لم ینقل عن علیؓ فی امر عثمان الا انہ لزم بیتہ و اعتزل عنہ بعد ان دافع عنہ طویلاً بیدہ و لسانہ فلم یمکن الدفع۔ الخ

Marfat.com

(شرح نہج البلاغہ لابن میثم بحرانی، ج ۳۱، ص ۴۸۳ طبع قدیم ایرانی و طبع جدید، ج ۴، ص ۳۵۴ طہرانی۔ تحت عبارت نہج یا معاویہ ان نظرت بعقلک دون ھواک الخ)

"یعنی حضرت عثمانؓ کے معاملہ میں علی بن ابی طالب سے بھی منقول ہے کہ علیؓ نے عثمانؓ کی بہت ہی مدافعت کی کوشش کی، ہاتھ سے بھی، زبان سے بھی، لیکن جب کوئی صورت کارگر نہ ہو سکی تو علی المرتضیٰؓ الگ ہو کر گھر بیٹھ گئے۔"

شیعہ علماء کے بیانات نے ہمارے مندرجات کی تائید کر دی۔ مذکورہ مسئلہ کی تصدیق کی صورت میں یہ بیانات ہم نے یہاں نقل کیے ہیں تاکہ قارئین کرام کو تسلی ہو جائے۔

(۲)

محاصرہ ہذا کافی طویل تھا، اس میں بعض اوقات شدتِ حالات کی صورت میں سنگباری تک نوبت پہنچی۔ حضرت عثمانؓ کے صاحبزادے ابان بن عثمانؓ نے آکر حضرت علیؓ کو اس چیز کی اطلاع کی۔ ذیل میں یہ واقعہ مذکور ہے۔

"... عن اسحاق بن راشد عن ابی جعفر انبأنا ابان بن عثمان بن عفانؓ قال کثر علینا الرمی بالحجارۃ اتیت علیاً فقلت یا عم قد کثرت علینا الحجارۃ فمشی معی فرماھم حتی فترت یدہ ثم قال یا ابن اخی اجمع موالیکم و من کان منکم بسبیل ثم لتکن ھذہ حالکم۔"

(انساب الاشراف، للبلاذری، طبع جدید، ج ۵، ص ۷۸)

یعنی حضرت عثمانؓ کے لڑکے ابان نے کہا کہ جب ہم پر باغیوں کی جانب سے

Marfat.com

سنگباری زیادہ ہوگئی تو میں نے حضرت علیؓ کے پاس پہنچ کر عرض کیا کہ اے چچا جان! ہم پر تو بہت پتھر برسائے جا رہے ہیں تو حضرت علیؓ خود میرے ساتھ چل پڑے اور تشریف لا کر ان کی طرف جوابی طور پر سنگباری کی حتیٰ کہ حضرت علیؓ کے ہاتھ تھک گئے، پھر فرمایا اے بھتیجے! اپنے خدام اور جو لوگ آپ کی حمایت میں ہیں ان کو جمع کر لو، پھر تم اس طرح اجتماعی صورت میں ہو کر رہو"

اسی طرح محاصرہ میں حضرت علیؓ کی جانب سے نصرت و امداد کا ذکر صاحب کنز العمّال نے بھی اس موقعہ پر کیا ہے مندرجہ ذیل مقام ملاحظہ ہو۔

(کنز العمّال، ج ۶، ص ۳۸۶ - طبع اول، روایت ۵۹۳۷ -

(۳)

## حضرت امام حسنؓ کا مجروح ہونا

محاصرہ کے دوران حفاظتی تدابیر کرتے ہوئے ایک دفعہ حسن بن علیؓ بن ابی طالب زخمی ہو گئے۔ یہ واقعہ بلاذری اور ابن کثیر نے ذکر کیا ہے۔

(۱) ... " وقد رمی الناس عثمان بالسهام حتیٰ خضب الحسن بالدماء علیٰ بابه ......... وشج قنبر مولیٰ علیؓ" - الخ

(۲) — ..... عن سعدان بن بشر الجهنی عن ابی محمد الانصاری قال شهدت عثمان فی الدار والحسن بن علی یضارب عنه فجرح الحسن فکنت فیمن حمله جریحاً - الخ

(انساب الاشراف بلاذری، ج ۵، ص $\frac{۹۵}{۶۹}$، طبع جدید)

"بعض لوگوں نے عثمانؓ پر تیر اندازی کی، حتیٰ کہ حضرت عثمانؓ کے

Marfat.com

دروازہ پر حضرت حسنؓ خون آلود ہو گئے اور حضرت علیؓ کے غلام قنبر کے سر پر زخم آئے۔

(دیگر عبارت کا مطلب یہ ہے کہ) ابو محمد انصاری کہتے ہیں کہ جس روز عثمانؓ بن عفان قتل کیے گئے ہیں، میں اس واقعہ میں حاضر تھا۔ حضرت حسن بن علیؓ بن ابی طالب، عثمانؓ بن عفان کی مدافعت کرتے کرتے زخم خوردہ ہو گئے اور زخمی حالت میں میں نے انہیں اٹھایا۔"

(۳) —— وَجُرِحَ عبداللہ بن الزُبیر جراحاتٌ کثیرۃٌ و کذالک جُرِحَ حسن بن علی و مروان بن الحکم"۔

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۸۸، باب صفۃ قتلہ دعثمانؓ)

"یعنی (بعض حالات میں) ابن زبیر بہت زخمی ہو گئے اور اسی طرح حضرت حسن بن علیؓ اور مروان بن حکم بھی زخمی ہوئے"۔

(۴)

بعض دفعہ حضرت عثمانؓ کے مکان میں پانی کی قلت ہو گئی۔ سخت پریشانی کا سامنا ہوا۔ حضرت علیؓ کو اطلاع ملی کہ پانی کی کمیابی کی وجہ سے حالت دگرگوں ہو رہی ہے۔ فوراً حضرت علیؓ نے پانی پہنچانے کا انتظام کیا، اگرچہ اس سلسلہ میں سخت دشواریاں پیش آئیں۔ بعض دفعہ ہاشمی خدام زخمی ہوئے۔ حضرت مرتضیٰ نے پوری پوری معاونت کی اور پانی ارسال کیا۔

بلاذری کی عبارت برائے ملاحظہ ذکر کی جاتی ہے اور طبری کے اس مقام کا صرف حوالہ ذکر کر دینا کافی ہے۔

"...... قال جبیر بن مطعم حصر عثمان حتیٰ کان لا یشرب الا من فقیرٍ فی دارہٖ فدخلت علی علیٍ فقلت أرضیت

بھذا ؟ ان یُحصَرا بن عمتک حتیٰ واللہ مایشرب الّا من فقیرٍ فی دارہٖ فقال سبحان اللہ او قد بلغوا بہٖ ھٰذہ الحال قلت نعم! فعمد الی روایا ماء فادخلھا الیہ فسقاہ "

(انساب الاشراف بلاذری، ج ۵، ص ۷۷۔ تحت امر عمرو بن العاص وغیرہ)

حاصل یہ ہے کہ جُبیر بن مطعم نے کہا کہ حضرت عثمانؓ اس طرح محصُور کر دیتے گئے کہ پینے کے لیے پانی ان کو نہیں ملا۔ ان کی حویلی میں ایک فقیر و فلاش شخص تھا۔ مجبوری کی حالت میں اس سے پانی لیتے تھے۔ یہ حالت دیکھ کر میں نے حضرت علیؓ کے پاس جا کر کہا کہ آپ کی پھوپھی زاد بہن کے بیٹے (عثمانؓ) اس حالت میں اس طرح محصور ہیں۔ کیا آپ اس حالت پر راضی ہیں ؟ پانی پینے کو نہیں مل رہا۔ تو حضرت علیؓ نے فرمایا کہ سُبحان اللہ انھوں نے یہاں تک نوبت پہنچا دی ؟ میں نے کہا کہ بالکل! تو اس وقت حضرت علیؓ نے پانی لانے والے جانوروں پر پانی ارسال کر کے پلانے کا انتظام کیا۔"

دوسری جگہ بلاذری نے یہ روایت بھی درج کی ہے کہ:

"...... فبلغ ذالک علیاً فبعث الیہ بثلاث قِرَبٍ مملوّۃٍ ماءً فما کادت تصل الیہ وجرح بسببھا عدۃ من موالی بنی ھاشم و بنی امیّۃ حتی وصلت الخ۔

(انساب الاشراف، ج ۵، ص ۶۸-۶۹۔ باب مسیر اہل الامصار الی عثمان)

"یعنی حضرت علیؓ کو پانی کی تنگی کی خبر پہنچی تو حضرت عثمانؓ کی طرف پانی

Marfat.com

کی تین مشکیں پر کر کے بھجوائیں۔ پانی کا پہنچانا بہت مشکل ہو رہا تھا، اس وجہ سے بنی ہاشم و بنی امیہ کے کئی خدام مزاحمت میں زخمی ہوئے تب جا کر پانی پہنچا"

—— تاریخ طبری و تاریخ ابن اثیر میں بھی پانی پہنچانے کی مساعی کا مضمون موجود ہے۔ ملاحظہ فرماویں۔

(۱) تاریخ الامم والملوک للطبری، ج ۵، ۱۲۷، تحت ۳۵ھ مطبوعہ مصری

(۲) تاریخ ابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۸۷، ذکر مقتل عثمانؓ۔ طبع مصر۔

## پانی پہنچانے کے واقعہ کی تائید شیعہ کتب سے

شیعہ کے مشہور مورخ مرزا محمد تقی لسان الملک نے ناسخ التواریخ میں بعبارت ذیل اس کو لکھا ہے:-

—— نگذاشتند کہ کس آب بسرائے او برد۔ عثمان بر بام سرائے آمد ندا در داد کہ آیا علی بن ابی طالب در میان شما جائے دارد گفتند نیست۔ عثمانؓ خاموش شد و از بام فرود آمد ایں خبر بعلی علیہ السلام بردند علی غلام خویش قنبر را بدو فرستاد و پیام داد کہ شنیدم مرا ندا کردہ ای بگو حاجت چیست؟ گفت ایں قوم آب از من باز گرفتہ اند و گروہے از فرزنداں و عزیزانِ من تشنہ اند اگر توانی مرا آب فرست۔ علی علیہ السلام آں جماعت را خطاب کرد فقال ایہا الناس! ان الذی تفعلون لا یشبہ امر المؤمنین ولا امر الکافرین ان الفارس

Marfat.com

والردم لتأثیر فتطعم فتستقی فوالله لاتقطعوا الماءعن الرجل۔فرمود کہ اے مردم کردار شما نہ با مسلماناں ماندہ ست ونہ با کافران ہمانا کافران فارس وروم را اسیر میکنند لیکن آب ونان می دہند۔ وآب را ازیں مردم باز نگیرید۔قوم ابا داشتند ورضائی ندادند۔ لاجرم علی علیہ السلام[۱] مشک آب بدست چند تن از بنی ہاشم بدو فرستاد تا ہمگاں بخورند و سیراب شدند"۔

(۱) ناسخ التواریخ جلد دوم کتاب دوم ،ص ۵۴۱۔طبع قدیم طہران۔تحت واقعہ ہذا۔

—— اور شیخ عباس قمی شیعہ نے منتہی الآمال کے حاشیہ میں مختصراً اس واقعہ کو عبارتِ ذیل میں درج کیا ہے :-

—— مکشوف باد کہ عثمان بن عفان را مصریاں در مدینہ محاصرہ کردند و منع آب از وے نمودند خبر با امیر المومنین علیہ السلام رسید آنجناب متغیر شدند و از برائے او آب فرستادند و شرح قضیۂ او در تواریخ مسطور ست ۔"

(۲)— حاشیہ منتہی الآمال ، ج ۱،ص ۳۳۵ تختی خورد طبع ایران۔ تحت مقصد سوم فصل اول ، در بیان آمد امام حسین بزمین کربلا و گفتگو امام با عمر بن سعد۔

(۳) فوائد الرضویہ، جلد دوم،ص ۴۳۷۔طبع ایران۔

خلاصۂ روایت

"عثمانؓ بن عفان کے ہاں باغی لوگ پانی نہیں پہنچنے دیتے تھے (ایک دفعہ) عثمانؓ نے اپنے مکان کے اوپر چڑھ کر آواز دی کہ علی بن ابی طالب

Marfat.com

موجود ہیں ؟ حاضرین نے جواب دیا کہ موجود نہیں ! عثمانؓ خاموش ہو کر نیچے چلے گئے۔ کسی نے اس بات کی علی المرتضٰی کو اطلاع کی۔ حضرت علی المرتضٰیؓ نے اپنے قنبر غلام کو عثمانؓ کی خدمت میں بھیجا اور پیغام دیا کہ آپ نے مجھے بلایا تھا کیا ضرورت ہے ؟ بیان کیجیے۔ عثمانؓ نے کہا کہ مخالف قوم نے ہمارا پانی روک رکھا ہے۔ میرے فرزند اور دیگر عزیز پیاسے ہیں، تشنگی غالب آگئی ہے۔ اگر ہو سکے تو پانی بھجوائیے حضرت علی بنؓ ابی طالب نے باغی قوم کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ لوگو! جو معاملہ تم کر رہے ہو نہ مومنوں کا طریق کار ہے نہ کافروں کا۔ فارسی اور رومی قیدیوں کو قید میں کھانا دیتے ہیں، پینے کو پانی دیتے ہیں۔ اللہ کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ اس شخص (یعنی عثمانؓ) کا پانی بند نہ کرو۔ باغیوں نے (بات تسلیم کرنے سے) انکار کر دیا۔ اور اس پر رضامند نہ ہوتے۔ بہر کیف حضرت علی بنؓ ابی طالب نے بنی ہاشم کے چند آدمیوں کے بدست پانی کی تین مشکیں حضرت عثمانؓ کی طرف روانہ کیں تب وہ سب لوگ پانی سے سیراب ہوتے۔"

— اور دوسری روایت کا حاصل یہ ہے کہ

"جب مصری وغیرہ لوگوں نے حضرت عثمانؓ کا مدینہ میں محاصرہ کر لیا اور پانی تک انہوں نے بند کر دیا تو حضرت علیؓ کو اس چیز کی خبر پہنچی، آنجناب پریشانی سے متغیر ہو گئے۔ اور حضرت عثمانؓ کے لیے انہوں نے پانی بھجوایا۔ اس قصہ کی تفصیل تواریخ میں لکھی ہے۔"

(حاشیہ منتہی الآمال از شیخ عباس قمی تحت مقصد سوم، فصل اول، در بیان ورود امام حسین بکربلا۔ گفتگو نمودن امام با عمر بن سعد)

Marfat.com

(۵)

حفاظتی تدابیر کارگر نہ ہو سکیں، تمام مساعی بے سُود ثابت ہُوتے۔ آخر کار اشرار الناس باغیوں نے اپنا مقصود ایک طویل محاصرے کے بعد پُورا کر ڈالا یعنی حضرت عثمان ذوالنّورین کو شہید کر ڈالا۔ یہ وحشتناک خبر معلوم کر کے تمام صحابۂ کرام (جو مدینہ میں موجود تھے) اور حضرت علی المرتضیٰ سب مضطربانہ صورت میں دارِ عثمانؓ کی طرف پہنچے۔ حضرت علیؓ تو غصّہ میں آکر اپنوں کو ضرب و شتم کرنے لگے کہ آپ لوگوں کی موجودگی میں یہ واقعہ کیسے پیش آگیا؟ اور حضرت علیؓ بے ساختہ روتے تھے۔

یہ المناک واقعہ مندرجۂ ذیل مقامات میں دستیاب ہے۔

بلاذری نے انساب الاشراف جلد خامس میں لکھا ہے کہ:

"...... وصعدت امرأته الى الناس، فقالت ان امير المؤمنين قد قتل فدخل الحسنؓ والحسين ومن كان معهما فوجدوا عثمان مذبوحًا فانكبّوا عليه يبكون وخرجوا ودخل الناس فوجدوه مذبوحًا وبلغ الخبر عليًّا وطلحة والزبير وسعدًا ومن كان بالمدينة فخرجوا وقد ذهب عقولهم للخبر الذى اتاهم حتى دخلوا على عثمان فوجدوه مقتولًا فاسترجعوا وقال علىؓ لابنيه كيف قتل امير المؤمنين وانتما على الباب؟ ورفع يده فلطم الحسن وضرب صدر الحسين وشتم محمد بن طلحة وعبدالله بن الزبير وخرج علىؓ وهو غضبان حتّٰى اتى منزله۔"

(۱) انساب الاشراف احمد بن یحییٰ، ص ۶۹-۷۰، جلد ۵ (طبع یروشلم)

(۲) تاریخ الاسلام للذہبی ج ۲ ص ۱۳۹ تحت محاصرہ عثمانی رض ۳۵ھ

Marfat.com

(۲) تاریخ الخلفاء سیوطی بحوالہ ابن عساکر، ص ۱۱۳ طبع دہلی فصل فی خلافۃ عثمانؓ۔

(۳) عقیدۃ السفارینی للشیخ محمد بن احمد السفارینی الحنبلی ج ۲، ص ۳۲۶ - طبع مصر۔

خلاصہ یہ ہے کہ

(شہادت کے بعد) حضرت عثمانؓ کی عورت (نائلہ) مکان پر چڑھ کر کہنے لگیں کہ امیر المؤمنین (عثمانؓ) قتل کر دیئے گئے۔ تو اس وقت حضرت حسنؓ و حسینؓ اور جو آدمی ان کے ساتھ (حویلی کے دروازہ پر) موجود تھے مکان کے اندر داخل ہوئے۔ دیکھا کہ حضرت عثمانؓ ذبح کر دیئے گئے ہیں غم کی وجہ سے ان پر گر گئے اور رونے لگے۔ پھر باقی لوگ اندر آئے۔ حضرت عثمانؓ کو مذبوح پایا۔ یہ خبر حضرت علیؓ، طلحہؓ، زبیرؓ و سعدؓ کو پہنچی، اور جو بھی مسلمان مدینہ میں موجود تھے سب کو معلوم ہوا سب لوگ حیرانی کے ساتھ اپنے گھروں سے باہر نکل آئے، ہوش اڑے ہوئے تھے۔ سب کلمہ ترجیع (انا للہ و انا الیہ راجعون) پڑھ رہے تھے اور حضرت عثمانؓ مذبوح ان کے سامنے تھے۔

(اضطراب کے عالم) میں حضرت علیؓ نے اپنے بیٹوں کو فرمایا کہ امیر المؤمنین کیسے قتل ہو گئے؟ حالانکہ تم (حویلی کے) دروازہ پر موجود تھے۔ اور ان کو ضرب و شتم کی۔ حسنؓ کو طمانچہ مارا اور حضرت حسینؓ کے سینے پر مارا۔ ابن طلحہؓ و ابن زبیرؓ کو سخت سست کہا۔ اسی غضبناکی کی حالت میں عثمانؓ کے مکان سے باہر آ گئے اور اپنے مکان کی طرف چلے گئے۔" الخ

Marfat.com

# اِس مقام کی ایک دوسری روایت

حادثۂ ہٰذا کے واقعات کو نقل کرتے ہُوئے مؤرخین لکھتے ہیں کہ حضرت علیؓ بے ساختہ روتے ہوئے حضرت عثمانؓ شہید پر گر گئے۔ البدایہ میں ہے :-

——— روی الربیع بن بدر عن سیار بن سلامۃ عن ابی العالیۃ ان علیاً رضی اللہ عنہ دخل علی عثمان فوقع علیہ وجعل یبکی حتّٰی ظنوا انہ سیلحق بہ "

(البدایہ جلد ۷، ص ۱۹۳ تحت حالات شہادت عثمانؓ)

"یعنی (جب عثمانؓ بن عفان شہید کر دیئے گئے) تو حضرت علیؓ ان کے ہاں پہنچے اور روتے ہُوئے ان پر بے ساختہ گر گئے (ان کی وارفتگی کی حالت دیکھ کر) دیکھنے والے گمان کرنے لگے کہ علیؓ بھی عثمانؓ کے ساتھ لاحق ہوتے ہیں (یعنی ان کا بھی دم نہیں نکلتا ہے)۔

——— نیز سانحہ ہٰذا کے بعد حضرت علیؓ کے گھرانے میں بھی حضرت عثمانؓ مظلوم پر نالہ و بکاء کے واقعات تاریخی کتابوں میں ملتے ہیں جس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ حضرت عثمانؓ کا مظلومانہ قتل حضرت علیؓ کے نزدیک کس قدر اندوہناک و المناک تھا۔ اور حضرت علیؓ اور اُن کے گھرانے کے لوگ ان کی مظلومیّت پر رویا کرتے تھے۔ چنانچہ بلاذری نے اپنی سند سے واقعہ ذیل نقل کیا ہے :-

. . . . عن سلمۃ بن عثمان عن علی بن زید عن الحسن قال دخل علیؓ یوماً علیٰ بناتہ وھنّ یمسحن عیونھن فقال ما لکن تبکین ؟ قلن نبکی علی عثمان فبکیٰ وقال ابکین "

(انساب الاشراف بلاذری، ج ۵، ص ۱۰۳ بحث رؤیا عثمان و مقتلہ)

Marfat.com

"یعنی ایک روز حضرت علیؓ اپنی بیٹیوں کے پاس تشریف لائے تو وہ رو رہی تھیں اور آنکھوں سے آنسو صاف کر رہی تھیں۔ آپ نے فرمایا کہ کیوں رو رہی تھیں؟ صاحبزادیوں نے عرض کیا کہ (مظلومیت) عثمانؓ پر رو رہی تھیں (یہ سن کر) حضرت علیؓ خود رو پڑے اور فرمایا کہ (ان پر) رو سکتی ہو۔"

## جنازہ عثمانی و دفن وغیرہ میں حضرت علیؓ و اولادِ علیؓ کی شمولیت

—— اللہ تعالیٰ کی تقدیر ہر چیز پر غالب ہے۔ اس کی حکمت و قدرت کے تحت شہادتِ عثمانی واقع ہو گئی۔ اس کے بعد بھی باغی مفسدین کی نارِ عداوت نہ بجھی۔ حضرت عثمانؓ مظلوم کا کفن دفن اور جنازہ پُرامن طریق سے ہو جانا ان کے لیے ناگوار تھا۔ نامساعد حالات کے باوجود صحابہ کرام نے بڑی ہمت کر کے آخری احکام (جنازہ، کفن دفن) کو نہایت مستعدی سے سرانجام دیا۔ ان حضرات میں حضرت علی المرتضیٰؓ اور سیدنا حسن بن علیؓ برابر کے شریک کار تھے۔

—— مؤرخین نے اپنی طرزِ نگارش کے موافق اس موقعہ پر بھی کئی رطب و یابس مختلف قسم کی روایات جمع کر ڈالی ہیں۔ تاہم یہ چیزیں بھی ذکر کی ہیں کہ حضرت عثمانؓ مظلوم کے متعلقہ آخری مراحل میں حضرت علی المرتضیٰؓ و سیدنا حسن بن علیؓ نے شامل ہو کر حقِ رفاقت ادا کیا۔

—— غور و فکر کرنے کے بعد (بشرطِ انصاف) عقل اس بات کی متقاضی ہے کہ محاصرہ کی طویل میعاد میں پریشان کن حالات کے تحت جب یہ حضرات

Marfat.com

حضرت عثمانؓ کی حمایت و معاونت برابر کرتے رہے تھے (جیسا کہ عنوانات بالا کے ذریعہ ہم نے تفصیل ذکر کی ہے) تو جنازہ و دفن جیسے ضروری معاملات میں بھی یقیناً شریک و شامل ہونگے۔

ذیل میں مقصد ہذا کو بیان کرنے والی روایات نقل کی جاتی ہیں ملاحظہ فرمادیں طبری میں ہے۔

(۱) .... خرج مروان حتیٰ اتی دار عثمان فاتاہ زیدؓ بن ثابت وطلحۃ بن عبید اللہ وعلیؓ و الحسن وکعب بن مالک وعامۃ من ثم من اصحابہ فتواقی الی موضع الجنائز صبیانؐ و نسائؐ فاخرجوا عثمان فصلّٰی علیہ مروان ثم خرجوا بہ حتیٰ انتھوا الی البقیع فدفنوہ فیہ مما یلی حش کوکب۔"

(۱) الفتنۃ ووقعۃ الجمل صہ ۸۴ تحت دفن عثمانؓ
(۲) (تاریخ ابن جریر طبری، ج ۵ ص ۱۴۴۔ تحت ذکر الخبر عن الموضع الذی دفن فیہ عثمانؓ)

حاصل یہ ہے کہ:

"مروان، زید بن ثابتؓ، طلحہؓ، علیؓ بن ابی طالب، حسن بن علی، کعب بن مالک اور بھی جو لوگ عثمانؓ کے ساتھیوں میں سے تھے۔ عثمانؓ کے مکان پر پہنچے اور کچھ لڑکے اور عورتیں بھی (جنازہ کے لیے) آملے۔ حضرت عثمانؓ کو گھر سے باہر لائے۔ مروان بن حکم نے نماز جنازہ پڑھائی اس کے بعد یہ تمام احباب جنازہ کو بقیع کے مقام میں لاتے جو حش کوکب کے قریب تھا وہاں دفن کر دیا۔"

کتاب "التمہید والبیان" میں بحوالہ امام احمد مذکور ہے کہ

(۲) وخرج بہ ناس یسیر من اھلہ والزبیرؓ والحسن بن علیؓ

Marfat.com

وابوجہم ومروان بن الحکم بین العشائین فاتوا بہ حائطاً من حیطان المدینۃ یقال لہ حش کوکب خارج البقیع فصلّٰی علیہ جبیر بن مطعم وقیل حکیم بن حزام وقیل مروان وقیل صلی علیہ الزبیر کذا ذکرہ الامام احمد فی المسند ؎

(۱) کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمان ص ۱۴۲ طبع بیروت)۔
(۲) مسند امام احمد صہ ۲، ج اتحت من اخبار عثمانؓ۔

اور یہ روایت بھی درج کی ہے کہ

(۳) .... وقیل شہد جنازتہ علی وطلحۃ وزید بن ثابت وکعب بن مالک وعامۃ من کان ثم من اصحابہ ؎

(۱) کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ ص ۱۴۲، طبع بیروت۔
(۲) الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۹۱۔ ذکر الموضع الذی دفن فیہ ومن صلّی علیہ۔
(۳) تاریخ ابن خلدون، ج ۲، ص ۱۰۵۳ بحث حصار عثمانؓ ومقتلہ، طبع جدید بیروت۔

"البدایہ" میں ابن کثیر نے نقل کیا ہے کہ

(۴) ..... قیل بل دفن من لیلتہ ثم کان دفنہ ما بین المغرب والعشاء خفیۃً من الخوارج وقیل بل استؤذن فی ذالک بعض رؤسائہم۔ فخرجوا بہ فی نفر قلیل من الصحابۃ فیہم حکیم بن حزام وحویطب بن عبد العزّٰی وابو الجہم

Marfat.com

بن حذیفة ونیار بن مکرم الاسلمی وجبیر بن مطعم وزید بن ثابت وکعب بن مالک وطلحة والزبیر وعلی بن ابی طالب وجماعة من اصحابه ونسائه منهن امرأتاه نائلة (بنت الفرافصة) وام البنین بنت عبداللہ بن حصین وصبیان ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ و جماعة من خدمه حملوه علی باب بعد ما غسلوه وکفنوه وزعم بعضهم انه لم یغسل ولم یکفن والصحیح الاول ۔

(البدایہ لابن کثیر ج ۷، ص ۱۹۱)

## خلاصۂ کلام

(۲) "یعنی عثمانؓ کے گھر والوں سے کچھ لوگ اور چند مزید آدمی حضرت زبیرؓ بن عوام، حضرت حسن بن علیؓ، حضرت ابوجہم بن حذیفہؓ۔ مروان بن حکم وغیرہم حضرت عثمانؓ کو مغرب وعشاء کے درمیان گھر سے جنازہ کے لیے باہر لے آئے اور حش کوکب نامی جگہ جو باغوں میں سے ایک باغ تھا اور بقیع سے خارج تھا اس کے پاس لے آئے۔ جبیر بن مطعم نے نماز جنازہ پڑھائی یا حکیم بن حزام نے یا مروان نے یا زبیرؓ نے، علی اختلاف الاقوال نماز پڑھائی (اور وہاں دفن کیے گئے)۔"

(۳) ـــــ یعنی مؤرخین کا قول ہے کہ حضرت عثمانؓ کے جنازہ میں حضرت علیؓ بن ابی طالب۔ طلحہؓ بن عبیداللہ۔ زید بن ثابت۔ کعبؓ بن مالک اور عام لوگ جو ان کے ساتھیوں میں سے موجود تھے حاضر ہوتے (اور نماز پڑھی گئی)۔

(۴) ـــــ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ یعنی اسی رات کو حضرت عثمانؓ کو دفن کیا گیا۔ باغیوں سے بچاؤ کر کے مغرب وعشاء کے درمیان دفن کیا گیا۔ بعض نے کہا ہے۔ کہ باغیوں کے رؤسا سے اذن طلب کر کے حضرت عثمانؓ کے جنازہ کو لوگ باہر لاتے بعض صحابۂ کرامؓ

Marfat.com

حکیم بن حزامؓ۔ حویطب بن عبدالعزیٰ و ابوالجہم بن حذیفہؓ و نیار بن مکرمؓ اسلمی و جبیرؓ بن مطعم و زیدؓ بن ثابت و کعبؓ بن مالک و طلحہؓ و زبیرؓ و علیؓ بن ابی طالب اس موقعہ پر شامل و حاضر تھے اور ان کے ساتھیوں کی ایک جماعت اور ان کی عورتوں میں سے حضرت نائلہؓ و اُمّ البنینؓ اور لڑکے بھی شامل تھے ........ حضرت عثمانؓ کے خدام کی ایک جماعت غسل دلانے اور کفنانے کے بعد ان کو اٹھا کر دروازہ پر لاتی۔ اور بعض کا خیال ہے کہ ان کا غسل و کفن نہیں کیا گیا لیکن (یہ صحیح نہیں ہے) بلکہ اوّل بات صحیح ہے۔

## شیعہ کُتب سے تائید

ابن ابی الحدید شیعی نے شرح نہج البلاغہ میں اس واقعہ کو یُوں نقل کیا ہے کہ

"...... وخرج به ناسٌ يسيرٌ من اهله ومعهم الحسن بن علی و ابن الزبیر و ابو جهم بن حذيفة بين المغرب والعشاء فاتوا به حائطاً من حيطان المدينة يعرف بحش كوكب وهو خارج البقيع فصلّوا عليه - الخ

(شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید الشیعی، ج ۱، ص ۹۷ طبع قدیم ایرانی و طبع بیروتی، ج ۱، ص ۱۹۸ تحت تن من خطبتہ لہ علیہ السلام فی معنی قتل عثمان بن عفان۔

"یعنی حضرت عثمانؓ کے گھر والے چند آدمی ان کو (دفن کرنے کے لیے) گھر سے باہر لاتے۔ ان لوگوں کے ساتھ حضرت حسن بن علیؓ، عبداللہؓ بن زبیرؓ ابوجہمؓ وغیرہ تھے۔ مغرب و عشاء کے درمیان (جنازہ باہر لے جانے کی صورت کی گئی) جنت البقیع کے باہر "حش کوکب" کے نام سے ایک

Marfat.com

مقام تھا وہاں لاکر عثمانؓ پر انہوں نے نماز جنازہ پڑھی۔

# اختتام بحث محاصرہ

——— یہ تمام واقعات ایک ایک کرکے بتلا رہے ہیں کہ اس دردناک حادثہ میں حضرت علیؓ اور ان کی اولاد شریف نے کس قدر خدمات سر انجام دیں۔ اور اپنے حقوقِ مودّت اور برادرانہ روابط کا کس طرح اِتمام کیا؟ حضرت عثمانؓ ذوالنورین کے آخری ایّام میں باغیوں کی مدافعت کی خاطر حضرت علی المرتضیٰؓ نے قدم قدم پر پُرزور کوشش صرف کی۔ سنگباری کا جواب سنگباری سے دیا۔ ان کی اولاد جوابی کارروائی میں زخمی ہوئی۔ حضرت عثمانؓ کے گھر میں پانی ارسال کیا۔ اگرچہ پانی پہنچانے والوں نے زخم کھائے۔ ان مراحل سے گزر کر جب باغی اپنے ظالمانہ مقصد میں کامیاب ہو گئے تو حضرت علیؓ سخت اندوہناک و غمناک ہوئے اور اپنے عزیزوں کو زجر و توبیخ کی اور ضرب و شتم کی۔ پھر اس کے بعد سب سے آخری مرحلہ (یعنی جنازہ عثمانی و دفن وغیرہ میں برابر کے شریکِ کار و شاملِ حال رہے۔ یہ تمام چیزیں حضرت عثمانؓ و حضرت علیؓ کے درمیان دائمی مودّت و محبّت کا بیّن ثبوت ہیں جو آخری ایّام تک قائم و دائم رہی ہیں۔

---

# حضرت علی المرتضیٰ کی اولاد میں سیّدنا عثمانؓ کا نام مروّج تھا

یہ ایک فطری امر ہے کہ آدمی اپنی اولاد کے نام تجویز کرتے وقت پوری احتیاط

Marfat.com

سے کام لیتا ہے۔ اپنے بیٹے بیٹیوں کے نام اسی نوعیت کے رکھتا ہے کہ وہ اس کی زندگی میں باعثِ عزت و افتخار نہیں۔ نام تجویز کرنے سے اس کے ذہن و قلب اور فطری لگاؤ کا پتہ چلتا ہے۔ اس ضمن میں بالعموم قابلِ احترام، معزز اور معروف ایسی ہستیوں کے ناموں کو ترجیح دی جاتی ہے جن کے ساتھ اُسے اُنس اور محبت ہو اور انہیں مبارک و عظیم سمجھا جاتا ہو۔ اور جن لوگوں کے بارے میں دل کے اندر کسی قسم کی کدورت پائی جاتی ہو، غیظ و غضب ہو یا ان سے نفرت ہو، ان کے اسماء کو اپنی اولاد میں رواج دینا پسند نہیں کیا جاتا۔

اس نفسیاتی اصول اور قلبی لگاؤ کے آئینہ میں جب ہم حضرت علی المرتضیٰؓ کو دیکھتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ آپ کی اولاد میں سیدنا ابوبکرؓ، سیدنا عمرؓ اور سیدنا عثمانؓ کے مبارک اسماء ملتے ہیں۔ جس سے صاف ظاہر ہے کہ سیدنا علی المرتضیٰؓ خلفاء ثلاثہ یعنی حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کے بارے میں دل کے کسی کونے کے اندر کسی قسم کی عداوت یا بغض نہیں رکھتے تھے۔ بلکہ انہیں معزز و محترم، اور بزرگ ہستیاں سمجھتے تھے۔ تب ہی تو آپ نے اپنی اولاد میں ان اسماء کو رواج دیا۔

کتاب کے حصہ اوّل (صدیقی) اور حصہ دوم (فاروقی) میں شیعہ و سُنّی دونوں فریق کی مشہور و معتبر کتابوں کے حوالہ جات سے ہم نے ثابت کیا ہے کہ حضرت علیؓ اور دیگر ہاشمی بزرگوں کی اولاد میں ابوبکرؓ و عمرؓ نام پائے جاتے ہیں۔ کتاب کے حصہ سوم (عثمانی) میں بتلایا جاتا ہے کہ ابوبکرؓ و عمرؓ کی طرح حضرت علی المرتضیٰؓ کی اولاد شریف میں عثمانؓ کا نام بھی پایا جاتا ہے۔ جس سے واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ ان بزرگوں (حضرت علیؓ اور دیگر ہاشمیوں) کو حضرت عثمان ذوالنورینؓ سے بھی صحیح عقیدت تھی۔ اور اس مبارک اسم کو مستحسن و متبرک سمجھتے تھے۔

ذیل میں اس مسئلہ پر چند حوالہ جات پیش کیے جاتے ہیں۔ پہلے اپنی کتابوں،

Marfat.com

سے درج کیے جائیں گے۔ اس کے بعد شیعی کتابوں سے تائید پیش کی جائے گی۔

(۱)۔۔۔ ابو عبداللہ المصعب بن عبداللہ الزبیری (متوفی ۲۳۶ھ) نے اپنی کتاب "نسبِ قریش" میں حضرت علی المرتضیٰؓ کی اولاد شمار کی ہے۔ وہاں ذکر کیا ہے۔

"۔۔۔۔۔ عمر بن علیؓ ورقیہ وھما توأم، امھما الصہباء من سبی خالد بن الولید وکان عمر آخر ولد علی بن ابی طالب۔۔۔۔ العباس بن علی۔۔۔۔۔ اخوتہ لابیہ و امہ بنو علی، وھم عثمان وجعفر وعبداللہ فقتل قبلہ۔ الخ

"حضرت علیؓ کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں، عمر بن علیؓ اور رقیہ جڑواں تھے۔ ان کی والدہ صہباء تھیں۔ جو خالدؓ بن ولید کے قید کردہ غلاموں (لونڈیوں) میں آئی تھیں۔ پانچویں نمبر پر عباس بن علیؓ اور ان کے حقیقی بھائیوں کو ذکر کیا ہے۔ اور وہ عثمان بن علیؓ جعفر بن علیؓ اور عبداللہ بن علیؓ ہیں جو (میدان کربلا میں) عباس بن علیؓ سے پہلے شہید ہوئے۔"

(کتاب نسبِ قریش ص ۴۳ ، طبع مصر
ذکر اولاد علی بن ابی طالب)

(۲)۔۔۔ ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الاندلسی (متوفی ۴۵۶ھ) اپنی معروف کتاب "جمہرۃ انساب العرب" میں اولاد علیؓ ابن ابی طالب کے تحت لکھتے ہیں:

"۔۔۔۔۔ والعباس ۔۔۔ وابوبکر وعثمان وجعفر ۔۔

Marfat.com

وقتل ابوبکر وجعفر وعثمان والعباس ... اخیهم الحسین الخ

ترجمہ ......چھٹے نمبر پر عباس، ساتویں نمبر پر ابوبکر، آٹھویں نمبر پر عثمان اور نویں نمبر پر جعفر ہیں ..... ابوبکر، جعفر، عثمان اور عباس اپنے بھائی حسین کے ساتھ (میدان کربلا) میں شہید ہوئے "

(جمہرۃ انساب العرب لابن حزم ص ۳۸-۳۷
جلد اول طبع جدید مصری۔ ذکر اولاد امیر المومنین)

(۳) ـــ طبقات ابن سعد جلد ثالث میں سیدنا علی المرتضیٰ کی اولاد کے تذکرہ میں لکھا ہے:

" ...... وابوبکر بن علی قُتل مع الحسین ...... و العباس الاکبر بن علی وعثمان وجعفر الاکبر وعبد اللہ قتلوا مع الحسین بن علی الخ ....

ترجمہ:- اولادِ حضرت علیؓ سے ابوبکر بن علی حضرت حسینؓ کے ساتھ (کربلا میں شہید ہوئے ...... اور عباس اکبر بن علی، عثمان، جعفر الاکبر اور عبداللہ (برادران حسینؓ) اپنے بھائی حسین کے ساتھ (کربلا میں) شہید ہوئے "

(طبقات ابن سعد، ص ۱۱-۱۲ - جلد ۳ - طبع لیدن
تحت ذکر علی ابن طالب رضی اللہ عنہ)

(۴) ـــ تاریخ خلیفہ بن خیاط میں سنتہ احدیٰ وستین (۶۱ھ) کے تحت شہداء کربلا کے ضمن میں لکھا ہے:

...... قال ابو الحسن وقتل معہ عثمان بن علی، امّہ ام البنین ایضاً۔

Marfat.com

ترجمہ :۔ ابوالحسن نے کہا ہے کہ حضرت حسینؓ کے ساتھ اُن کے بھائی عثمان بن علی بھی شہید ہوئے۔ ان کی والدہ کا نام ام البنین تھا۔

(تاریخ خلیفہ بن خیاط ص ۲۲۴ طبع نجف اشرف عراق تحت سنۃ احدیٰ و ستین ذکر مقتل الحسین و اصحابہ)

# حضرت عثمانؓ کا نام اولادِ علیؓ میں

## (شیعہ کتب سے)

(۵) ۔۔۔ احمد بن یعقوب (الشیعی) نے اپنی مشہور تاریخ یعقوبی میں حضرت علیؓ کی نرینہ اولاد ۱۴ انفر ذکر کی ہے۔ ان میں عثمان نام دو بار ذکر کیا ہے۔

"۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ والعباس و جعفر قتلا بالطف و عثمان و عبداللہ امهم ام البنین بنت خرام الکلابیہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ و عثمان الاصغر و یحیٰی و امهما اسماء بنت عمیس الخثعمیہ ..الخ

ترجمہ : حضرت حسینؓ کے دو بھائی عباس اور جعفر کربلا میں شہید ہوئے۔ اور عثمان اور عبداللہ ان چاروں کی والدہ ام البنین بنت خرام الکلابیہ تھی۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اور عثمان الاصغر اور یحیٰی فرزندانِ علیؓ تھے۔ ان کی والدہ کا نام اسماء بنت عمیس خثعمیہ تھا۔

(تاریخ یعقوبی ص ۲۱۳، جلد ثانی، مطبوعہ بیروت از احمد بن یعقوب الکاتب العباسی (الشیعی) (المتوفی ۲۵۸ھ) تحت ذکر اولاد علی)

(۶) ۔۔۔ ابوالفرج اصفہانی (الشیعی) نے اپنی کتاب مقاتل الطالبیین میں کربلا کے

Marfat.com

شہداء میں حضرت حسینؓ کے بھائیوں کے نام الگ الگ درج کیے ہیں جن کو شہادت نصیب ہوئی۔ ان میں عثمانؓ بن علی کا نام بھی ہے۔ عبارت ذیل ملاحظہ فرمائیں

"۔۔۔۔ وعثمان بن علی بن ابی طالب علیہم السلام و امہ ام البنین ۔۔۔۔۔۔ قُتِل عثمان بن علی وھو ابن احدیٰ وعشرین سنۃ۔ الخ

ترجمہ: حضرت علیؓ کے منجملہ صاحبزادوں میں سے ایک عثمان بن علی تھے ان کی والدہ کو امّ البنین کہتے تھے ۔۔۔۔۔۔ اور عثمان جس وقت (کربلا میں) شہید ہوئے ان کی عمر اکیس برس تھی۔

(مقاتل الطالبین، ص ۲۳ طبع قدیم ایران تحت شمار شہداء کربلا)

(۷) ـــــ مشہور شیعی مؤرخ مسعودی نے اپنی تصنیف "التنبیہ والاشراف" میں حضرت علیؓ کی خلافت کے تحت ان کی اولاد شمار کی ہے۔ وہاں حضرت علی المرتضیٰ کے گیارہ لڑکے درج کیے ہیں۔ ان میں آٹھویں نمبر پر عثمان نامی لڑکے کا ذکر کیا ہے۔

(التنبیہ والاشراف للمسعودی، ص ۲۵۸ تحت ذکر خلافت علی بن ابی طالب، (سن طباعت ۱۳۵۷ھ / ۱۹۳۸ء)

(۸) ـــــ اسی طرح مسعودی نے ایام یزید بن معاویہ کے تحت کربلا کے شہداء کے اسماء کی فہرست درج کی ہے۔ وہاں تیسرے نمبر پر عثمان بن علی کا نام ذکر کیا ہے۔

"۔۔۔۔ وقتل معہ من ولد ابیہ ستۃ وھم العبّاس و جعفر وعثمان ومحمد الاصغر وعبد اللہ وابوبکر۔ الخ

Marfat.com

(التنبیہ والاشراف، ص ۲۶۳ للمسعودی) تحت
ذکر شہداء کربلا)

"یعنی کربلا میں سیدنا حسینؓ کے ساتھ ان کے والد کی اولاد میں سے (بھائیوں میں سے) چھ بھائی شہید ہوتے تھے۔ ان کے نام یہ ہیں عباسؓ، جعفرؓ، عثمانؓ، محمد اصغر، عبداللہ اور ابوبکرؓ۔ حاصل یہ ہے کہ ایک تو ثابت یہ ہوا کہ عثمان نامی حضرت علیؓ کے صاحبزادے ہیں۔ دوسرا یہ کہ وہ صاحبزادے (عثمان بن علی) اپنے بھائی حسین کی معیت میں کربلا میں شہید ہوتے تھے۔ اسلامی تاریخ میں ان کا نام شہداء کربلا میں درج ہے"

(۹) — شیخ مفید نے اپنی کتاب "الارشاد" میں حضرت علیؓ کی اولاد کے نام لکھے ہیں۔ ان میں عثمان نام مذکور ہے۔

"..... وعثمان وعبداللہ الشہداء مع اخیہم حسین بطف۔ امہم ام البنین الخ ....."

ترجمہ: حضرت علیؓ کے بیٹے عثمانؓ اور عبداللہ اپنے بھائی حسینؓ کے ساتھ کربلا میں شہید ہوتے۔ ان کی ماں کا نام امّ البنین تھا۔

(الارشاد للشیخ المفید (محمد بن محمد بن محمد بن نعمان الملقب بالمفید، ۱۶۷-۱۶۸ طبع جدید تہران تحت اولاد امیر المومنین)

(۱۰) فاضل علی ابن عیسیٰ اربلی نے اپنی کتاب "کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ" میں حضرت علیؓ کی نرینہ اولاد چودہ بتائی ہے۔ ان میں ساتویں نمبر پر عثمان بن علی کو شمار کیا ہے۔

Marfat.com

(کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ بمعہ ترجمہ فارسی المناقب
ص ۵۹۰، جلد اوّل، طبع جدید ایران۔ باب ذکر
اولاد امیرالمومنین)۔

(۱۱) سید جمال الدین احمد بن علی المعروف ابن عنبہ نے اپنی کتاب "عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب" کے فصل رابع اور خامس میں حضرت علیؓ کے صاحبزادوں کا ذکر کیا ہے۔

...... امّہ (ام عباس) وام اخوتہ عثمان و جعفر و
عبد اللہ ام البنین فاطمۃ بنت حزام ابن خالد الخ۔

ترجمہ: عباس ابن علی اور اُن کے بھائیوں عثمان، جعفر اور عبداللہ پسران حضرت علیؓ کی والدہ کو ام البنین فاطمہ بنت حزام بن خالد کہتے تھے۔

(عمدۃ الطالب، ص ۳۵۶ طبع نجف اشرف عراق
الفصل الرابع فی ذکر عقب العباس بن امیرالمومنین علیہ السلام)

(۱۲)۔ ___ گیارھویں صدی کے مجتہد ملا باقر مجلسی معتبر تصنیف "جلاء العیون" میں شہداء اہل بیت کی تعداد جو یوم عاشوراکو شہید ہوئے، ذکر کی ہے لکھتے ہیں۔

"...... نو نفر از فرزندان امیرالمومنین علیہ السلام حضرت سید الشہداءؑ و عباسؓ و پسر او محمدؒ و عمرؒ و عثمانؓ و جعفرؒ و ابراہیمؒ و عبداللہ الاصغر و محمد الاصغر الخ۔

ترجمہ: یوم عاشورہ میں امیرالمومنین حضرت علیؓ کی اولاد سے درج ذیل نو افراد شہید ہوئے۔ ایک حضرت حسین (سیدالشہداء) دوسرے عباس، تیسرے آپ کے فرزند محمد، چوتھے عمر، پانچویں عثمان چھٹے جعفر، ساتویں ابراہیم، آٹھویں عبداللہ الاصغر اور نویں محمد الاصغر۔ الخ

Marfat.com

(جلاء العیون از محمد باقر مجلسی، ص ۴۶۴ - طبع
طہران تحت ذکر شہداء کربلا از اولاد علی المرتضیٰ)

مطلب یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ کا مبارک نام حضرت علیؓ کی اولاد میں پایا جاتا ہے جس کو اہل سنت علماء و مؤرخین اور شیعہ علماء اور شیعہ مورخین نے بے شمار کتابوں میں تحریر کیا ہے جن میں سے مندرجہ بالا چند ایک حوالہ جات شیعہ و سنی کتب سے ہم نے نقل کر دیئے ہیں۔ نقل صحیح ہے، اہلِ علم مراجعت فرما کر تسلی کر سکتے ہیں۔

اور بے شمار مصنفین نے اس مسئلہ کو اپنی اپنی تصنیفات میں درج فرمایا ہے سب کتابوں سے نقل کرنا دشوار تھا اس لیے صرف بارہ عدد شیعہ و سنی حوالہ جات پر اکتفا کر دینا کافی سمجھا گیا ہے۔ بارہ کا عدد شیعہ احباب کے ہاں متبرک بھی ہے۔ ان کو فرحت حاصل ہو گی۔ گویا یہ مسئلہ مسلمات میں سے ہے کہ سیدنا علیؓ نے اپنے فرزندوں کا نام عثمان رکھا ہے۔ اور حضرت علیؓ کے گھر میں عثمان نام موجود تھا۔

جیسے ابوبکر و عمر نام حضرت علیؓ نے اپنے صاحبزادوں کے تجویز فرمائے تھے، اسی طرح عثمان کا مبارک نام بھی اپنے فرزندوں کے لیے منتخب فرمایا۔

حضرت علیؓ کے فرزندوں کے یہ نام تجویز ہونا خلفاء ثلاثہؓ اور ان کے درمیان انس و محبت کی بیّن دلیل ہے۔ اور باہمی تعلق و ارتباط کا واضح ثبوت ہے۔ اس قسم کے روشن دلائل کا انکار کرتے ہوئے پھر بھی خیال جمائے رکھنا کہ ان حضرات کے درمیان دشمنی و عداوت تھی۔ اور قبائلی عصبیت موجود تھی یہ نام تو ویسے ہی رکھ دیئے تھے انصاف کا خون کرنا اور حق بات کو ٹھکرا دینے کے مترادف ہے۔ بلکہ نفس الامر میں واقعات سے اباکرنا ہے جو عقلمند آدمی کے لیے زیبا نہیں۔

---

Marfat.com

# خاتمۂ کتاب

کتاب "رحماءُ بینہم" کے حصّہ اوّل (صدّیقی) اور حصّہ دوم (فاروقی) کے بعد اب حصّہ سوم (عثمانی) بحمدہٖ تعالیٰ تمام ہوگیا۔

کتاب کے ہر سہ حصص پر نظر کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ حضرات خلفاء ثلاثہ رضی اللہ عنہم اور حضرت علی المرتضیٰؓ (بمع ان کے خاندان کے) درمیان اخوتِ دینی و محبّتِ اسلامی قائم تھی۔ ان میں کوئی عداوت و عناد نہ تھا (نہ مسئلہ خلافت میں اور نہ غیر خلافت میں)۔

——— نیز ان حضرات کے لیے احیائے دین و بقائے اسلام مقصودِ زندگی تھا۔ نسلی امتیازات، خاندانی عداوتیں، قبائلی تفریق و عصبیّت اور حصولِ اقتدار وغیرہ وغیرہ جیسے حقیر نظریات ان کے پیشِ نظر نہ تھے۔

کتاب اللہ قرآن مجید اس پر شاہدِ عادل ہے اور کتاب ہٰذا کے ہر سہ حصّہ کے مندرجات اس مسئلہ پر مستقل گواہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

——— جن لوگوں نے اسلام کے اس بہترین دَور میں قبائلی تعصب کے تصورات دکھلانے کی سعی کی ہے انہوں نے اپنے زورِ قلم سے حقائق و واقعات کا رنگ بدل کر از خود تاریخ سازی کی ہے اور اپنا مافی الضمیر منوانا چاہا ہے۔ ھداھم اللہ تعالیٰ وعافاھم۔

مالک کریم جل شانہٗ کا بے حد و شمار شکر ہے جس نے اپنے ناچیز بندے کو خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کے بارے میں تعلقات کے عجیب مضمون کو

Marfat.com

مرتب کرنے کی توفیق نصیب فرمائی۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اس کتاب سے انتفاع کا موقعہ عنایت فرماتے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کے اہل بیت اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی محبت و اطاعت نصیب فرمائے اور ان کے ساتھ حسن ظن قائم رکھنے کی عادت بخشے اور خاتمہ بالایمان میسر فرما کر آخرت و عاقبت میں ان کی شفاعت اور معیت سے بہرہ ور فرمائے۔ آمین۔ اور کتاب سے استفادہ کرنے والے احباب سے امید کی جاتی ہے کہ دعائے مغفرت سے فراموش نہیں فرمائیں گے۔

ع برکریماں کارہا دشوار نیست

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ وحبیبہ وخلیلہ وعلیٰ آلہ واصحابہ و اتباعہ باحسان الیٰ یوم الدین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

ربیع الاول ۱۳۹۸ھ — دعا جو ناچیز محمد نافع عفا اللہ عنہ

(مارچ ۱۹۷۸ء) — جامعہ محمدی۔ تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ

(پاکستان)

Marfat.com

# مراجع برائے کتاب "رحماء بینہم" حصہ سوم عثمانی

| نمبر شمار | نام کتاب | سن وفات صاحب کتاب |
| --- | --- | --- |
| ۱ | الموطا الامام مالکؒ | سنہ ۱۷۹ھ |
| ۲ | المصنف لعبد الرزاق بن ہمام (۱۱ جلد) | سنہ ۲۱۱ھ |
| ۳ | کتاب السنن لسعید بن المنصور (مجلس علمی) | سنہ ۲۲۷ھ |
| ۴ | طبقات ابن سعد از محمد بن سعد ۸ جلد طبع لیدن | سنہ ۲۳۰ھ |
| ۵ | المصنف لابن ابی شیبہ (قلمی پیر جھنڈا سندھ) ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان بن ابی شیبہ | سنہ ۲۳۵ھ |
| ۶ | کتاب نسب قریش لمصعب الزبیری (ابوعبداللہ المصعب بن عبداللہ بن مصعب الزبیری) | سنہ ۲۳۶ھ |
| ۷ | تاریخ خلیفہ ابن خیاط (ابوعمرو خلیفہ ابن خیاط) طبع نجف اشرف عراق۔ | سنہ ۲۴۰ھ |
| ۸ | مُسند امام احمد بن حنبل الشیبانی معہ منتخب کنز العمال (۶ جلد)۔ طبع قدیم مصر | سنہ ۲۴۱ھ |
| ۹ | کتاب المحبّر لابی جعفر بغدادی از محمد بن حبیب بن امیّہ طبع حیدر آباد دکن | سنہ ۲۴۵ھ |
| ۱۰ | صحیح بخاری شریف امام محمد بن اسمٰعیل البخاریؒ | سنہ ۲۵۶ھ |
| ۱۱ | تاریخ کبیر لامام بخاری محمد بن اسمٰعیل البخاریؒ (۸ جلد) | سنہ ۲۵۶ھ |

Marfat.com

۱۲ - السنن لابی داود سلیمان بن اشعث سجستانی ؒ — ۲۷۵ھ

۱۳ - المعارف لابن قتیبہ دینوری (ابو محمد عبداللہ بن مسلم الکاتب الدینوری ۔ — سنہ

۱۴ - انساب الاشراف للبلاذری (از احمد بن یحییٰ طبع بغداد) — ۲۷۹ھ

۱۵ - فتوح البلدان للبلاذری (احمد بن یحییٰ بلاذری) — ۲۷۹ھ

۱۶ - کتاب قیام اللیل وقیام رمضان والوتر از محمد بن نصر المروزی — ۲۹۴ھ

۱۷ - التاریخ لابن جریر الطبری ابو جعفر محمد بن جریر — ۳۱۰ھ

۱۸ - المصاحف لابی بکر عبداللہ بن ابی داؤد سجستانی — ۳۱۶ھ

۱۹ - کتاب الجرح والتعدیل از ابو محمد عبدالرحمٰن بن ابی حاتم الرازی (۸ جلد) — ۳۲۷ھ

۲۰ - المستدرک للحاکم ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ النیشاپوری، طبع دکن ۔ — ۴۰۵ھ

۲۱ - تاریخ جرجان لابی القاسم حمزہ بن ابی یوسف السہمی ۔ — ۴۲۷ھ

۲۲ - کتاب اصفہان (یا تاریخ اصبہان) لابی نعیم الاصفہانی — ۴۳۰ھ

۲۳ - حلیۃ الاولیاء لابی نعیم الاصفہانی — ۴۳۰ھ

۲۴ - کتاب کشف المحجوب للشیخ علی ہجویری لاہوری (علی بن عثمان بن علی غزنوی الہجویری ؒ) — ۴۵۶ھ

۲۵ - جمہرۃ انساب العرب لابن حزم، طبع جدید ۔ ابو محمد علی بن احمد بن سعید المعروف ابن حزم الظاہری اندلسی ۔ — ۴۵۶ھ

۲۶ - السنن الکبریٰ للبیہقی ابی بکر احمد بن حسین — ۴۵۸ھ

۲۷ - الکفایہ فی علم الروایہ خطیب بغدادی — ۴۶۳ھ

۲۸ - تاریخ بغداد للخطیب بغدادی (۱۴ جلد) — ۴۶۳ھ

۲۹ - الاستیعاب مع الاصابۃ لابن عبدالبر (طبع مصری)، ابو عمرو یوسف بن البر النمری الاندلسی — ۴۶۳ھ

Marfat.com

۳۰ - ابوالقاسم علی بن حسن بن ہبۃ اللہ المعروف ابن عساکر (تاریخ ابن عساکر) سنہ ۵۷۱ھ

۳۱ - اسد الغابہ لابن اثیر الجزری (طبع طہران) از محمد بن محمد بن عبدالکریم الشیبانی الشہیر عزالدین الجزری۔ سنہ ۶۳۰ھ

۳۲ - الکامل لابن اثیر الجزری سنہ ۶۳۰ھ

۳۳ - ریاض النضرہ فی مناقب العشرہ ابوجعفر احمد المحب الطبری سنہ ۶۹۴ھ

۳۴ - منہاج السنۃ لابن تیمیہ احمد بن عبدالحلیم الحرانی الدمشقی الحنبلی سنہ ۷۲۸ھ / ۷۰۹

۳۵ - کتاب التمہید والبیان از محمد بن یحییٰ بن ابی بکر الاندلسی سنہ ۷۴۱ھ

۳۶ - تذکرۃ الحفاظ للذہبی (ابوعبداللہ بن عثمان شمس الدین الذہبی) سنہ ۷۴۸ھ

۳۷ - البدایہ لابن کثیر عماد الدین ابوالفدا الدمشقی۔ سنہ ۷۷۴ھ / ۷۷۵

۳۸ - تاریخ ابن خلدون (عبدالرحمٰن بن محمد بن خلدون الحضرمی) سن تالیف سنہ ۷۷۹ھ

۳۹ - مجمع الزوائد ہیثمی نورالدین الہیثمی (۱۰ جلد) سنہ ۸۰۷ھ

۴۰ - الاصابہ فی تمیز الصحابہ لابن حجر (معہ الاستیعاب) سنہ ۸۵۲ھ

۴۱ - تہذیب التہذیب ابوالفضل احمد بن علی العسقلانی المعروف ابن حجر سنہ ۸۵۲ھ

۴۲ - تاریخ الخلفاء جلال الدین السیوطی طبع مجتبائی دہلی۔ سنہ ۹۱۱ھ

۴۳ - الصواعق المحرقہ لابن حجر المکی (شہاب الدین احمد حجر الہیثمی المکی) سنہ ۹۷۳ھ / ۹۷۴

۴۴ - کنز العمال از علی متقی الہندی (۸ جلد طبع اول دکن)۔ سنہ ۹۷۵ھ

۴۵ - شرح مواہب اللدنیہ لمحمد بن عبدالباقی الزرقانی المالکی سن تالیف سنہ ۱۱۱۷ھ

۴۶ - لوائح الانوار البہیہ شیخ محمد بن احمد السفارینی الحنبلی المعروف بعقیدۃ السفارینی سنہ ۱۱۷۳ھ

۴۷ - ازالۃ الخفا عن خلافۃ الخلفاء شاہ ولی اللہ محدث دہلوی سنہ ۱۱۷۶ھ

---

Marfat.com

اُولٰٓئِکَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ (قرآن مجید - سورۃ حجرات)

ایں جماعت ایشانند راہ یافتگاں - (شاہ ولی اللہؒ)

یہ لوگ وہ ہیں بھلائی پانے والے - (شاہ رفیع الدینؒ)!

# مسئلہ اقربا نوازی

## ملحق بکتاب

## رحماء بینھم حصہ عثمانی

کتاب ہذا میں خلیفۂ راشد حضرت سیدنا عثمانؓ ذوالنورین رضی اللہ عنہ سے اقربا نوازی کے طعن کو صاف کرنے کی مخلصانہ کوشش کی گئی ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت عثمانؓ کا دامن خلافت اس سے داغدار نہیں اور حضرت عثمانؓ حد جواز سے متجاوز نہیں - نیز عثمانی خلافت کی ایک گونہ مختصر تاریخ اس میں آگئی ہے اور حضرت عثمانؓ کے عہدہ دار منصب یافتہ رشتہ داروں کی خدمات اور کردار کو صحیح طریقے سے پیش کیا گیا ہے

تالیف حضرت مولانا محمد نافع صاحب مدظلہ
محمدی شریف ضلع جھنگ (پنجاب)

Marfat.com

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| ابتدائی معروضات | ۲۳ |
| تمہیدات | ۲۵ |
| ــــ امیر المومنین کا رشتہ دار حاکم نہیں ہو سکتا یہ کوئی قانونِ شرعی نہیں ہے | ۲۵ |
| ــــ حکام کا عزل و نصب اجتہادی مسئلہ ہے اور امیر کی رائے پر موقوف ہے | ۲۵ |
| ــــ حضرت عمرؓ نے بھی حسبِ ضرورت عزل و نصب کیا | ۳۲ |
| ــــ اس کی چند مثالیں | ؍؍ |
| چند اہم بحثیں (اوّل ثانی ۔ ثالث ۔ رابع ۔ خامس) | ۳۵ |
| **ابتدا بحث اوّل** | ۳۸ |
| ــــ عہدِ عثمانی کے مناصب و حکام کا باہمی تناسب معلوم کرنا | ۳۸ |
| ــــ چند عہدے اور مناصب | ۳۹ |
| ــــ عہدۂ قضا | ۳۹ |
| ــــ بیت المال یا خزانہ سرکاری | ۴۰ |
| ــــ خراج و عُشر وغیرہ کی وصولی کا صیغہ | ۴۱ |
| ــــ فوجی آفیسرز | ۴۲ |
| ــــ پولیس | ۴۳ |


Marfat.com

— الکاتب (منشی و محرّر) ۴۳

— تنبیہ (ایک واقعہ کی یاد دہانی) ۴۴

— بعض اہم مقامات اور ان کے حکام (عہدِ عثمانی میں) ۴۶

— اعتراض کنندگان کی نظروں میں چند مقامات ۵۵

— الکوفہ (حکام کی ضرورت کے تحت متعدد تبدیلیاں) ۵۵

— تنبیہ (شیعہ کے نزدیک بھی کوفہ کے حاکم ابو موسیٰ اشعریؓ تھے) مندرجہ کوائف کی روشنی میں ۵۷

— البصرہ (ابو موسیٰ اشعریؓ کی معزولی اور عبداللہ بن عامرؓ کا تقرر) اور اس کے متعلق قابلِ توجہ توضیحات ۵۹

— الشام (امیر معاویہؓ کا تقرر) ۶۱

— عہدِ نبوی (میں امیر معاویہؓ کو منصب دیا گیا) ۶۲

— عہدِ صدّیقی (میں امیر معاویہؓ امیر لشکر بنائے گئے) ۶۲

— عہدِ فاروقی (امیر معاویہؓ عہدِ فاروقیؓ میں شام کے امیر بنائے گئے) ۶۲

— عہدِ عثمانی (میں منصبِ سابق پر امیر رکھے گئے) ۶۴

— حضرت امیر معاویہؓ کا اپنا ایک بیان ۶۴

— مصر (عمرو بن العاصؓ کی جگہ عبداللہ بن سعد کو مقرر کرنا) ۶۶

— کاتب کا منصب ۶۹

— تنبیہ (الکاتب کے لیے ایک تاریخی اصطلاح) ۷۰

— عزل و نصب کے معاملہ میں امام بخاریؒ کی ایک روایت ۷۳

— تنبیہ (مروان کی بے اعتدالیوں کے بیشتر قصے بے اصل ہیں) ۷۵

اختتام بحث اوّل ۷۵


Marfat.com

# بحث ثانی


— ولاۃ وحکام کی اہلیت پر گفتگو ۷۷

— تمہیدات (تین عدد) ۷۸

## ولید بن عقبہؓ کے متعلقات ۸۰

— نسب اور اسلام ۸۰

— ولید کی طبعی لیاقت ۸۲

— نبوی، صدیقی اور فاروقی ادوار میں حاکم و عامل بنایا جانا ۸۳

— ولید کی کارکردگی اور کارنامے ۸۴

— بعض اشکالات اور ان کا حل ۸۹

— ولید کو شیطان کی دھوکہ دہی ۹۱

— تنبیہ (متعدد مفسرین نے شیطانی دھوکہ کا ذکر کیا) ۹۱

— ولید پر "فاسق" کا اطلاق ٹھیک نہیں اس کے لیے علماء کے بیانات ۹۲

— رفعِ اشتباہ (اگر حضرت عثمانؓ کو وصیت کی تھی تو حضرت علیؓ کو بھی وصیت کی تھی) ۹۵

— الاستنباہ (اہلِ علم کے لیے) ۹۸

— یعنی استیعاب کی روایت سے اعتراض اور اس کا جواب قابل دید ہے۔ ۱۰۰

— اول (باعتبار روایت کے بحث) ۱۰۰

— محمد بن اسحٰق پر کلام ۱۰۱

— ابن اسحاق کی تدلیس ۱۰۱


Marfat.com

— ایک قاعدہ برائے مدلّس ۱۰۱
— ابنِ اسحاق کا تفرّد اور شذوذ ۱۰۲
— دوم (باعتبار درایت و عقل کے بحث) ۱۰۴
— تیسرا طعن یعنی ولیدؓ پر شراب خوری کا الزام اور اس کی مدافعت ۱۰۷
— دیگر علماء کے اقوال ۱۱۱

## سعید بن العاصؓ کے متعلقات ۱۱۲

— نام و نسب اور صحابی ہونا ۱۱۲
— ان کی علمی قابلیت ۱۱۳
— کریمانہ اخلاق ۱۱۳
— ان کے کارنامے ۱۱۴
— سعیدؓ اور آلِ ابی طالب کا تعلق ۱۱۵
— آخری گذارش (یعنی گذشتہ عنوانات کا اجمالی خاکہ) ۱۱۷

## عبداللہ بن عامرؓ کے متعلقات ۱۱۸

— نام و نسب ۱۱۸
— ایّامِ طفولیت اور حصولِ برکات ۱۱۹
— سخاوت، شجاعت اور شفقت ۱۲۰
— جنگی کارنامے (تقریباً ۳۲ مقامات فتح کیے) ۱۲۰
— امورِ رفاہِ عامہ ۱۲۲
— اہلِ مدینہ کے لیے خدمات ۱۲۲
— ابنِ عامر ابنِ تیمیہؒ کی نظروں میں ۱۲۳

## سیّدنا امیر معاویہؓ کے متعلقات ۱۲۴


Marfat.com

— نام ونسب اور قبولِ اسلام ۱۲۵

— خاندان امیر معاویہؓ اور بنو ہاشم کے چھ عدد نسبی روابط ۱۲۷

— امیر معاویہؓ کے حق میں زبانِ نبوت سے دعائیں ۱۳۱

— لیاقت وعلمی قابلیت ۱۲۷

— کاتبِ نبوی ہونا ۱۲۷

— ابن عباسؓ ہاشمی اور ابن الحنفیہؒ ہاشمی کا علمی استفادہ کرنا ۱۲۸

— صاحبِ فتاویٰ میں امیر معاویہؓ کا شمار تھا۔ ۱۴۱

— امیر معاویہؓ سے متعدد صحابہ کرام کا روایت حاصل کرنا ۱۴۲

— امیر معاویہؓ ایک سو ترسٹھ حدیث کے راوی تھے ۱۴۳

— ملی خدمات اور اسلامی فتوحات ۱۴۴

— حدودِ حرم کی تعیین اسلامی حکومت کا وسیع حلقہ ۱۴۹

— کریمانہ اخلاق وعمدہ کردار ۱۵

— عوام کی خبر گیری کے لیے ایک شعبہ ۱۵۳

— امیر معاویہؓ کے عدل وانصاف پر اکابرینِ ملت کی شہادتیں ۱۵۴

— ان کے حق میں ناصحانہ کلام اور حق گوئی کا مسئلہ ۱۵۷

— اسلامی خزانہ امیر معاویہؓ کے دور میں ۱۵۹

— مثالی شخصیت اور عمدہ معاشرہ ۱۶۴

— حضرت امیر معاویہؓ اور ان کی جماعت ۱۶۶

— حضرت علیؓ اور ان کے خاندان کی نظروں میں ۱۶۶

— ایک حاشیہ (یعنی حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ میں صلح ہوگئی تھی) ۱۶۷

— حضرت امیر معاویہؓ اور ان کے ساتھی سب مومن تھے۔ ان میں سے فوت شدہ آدمی کے لیے غسل، کفن، دفن اور جنازہ کیا گیا ۱۶۸


Marfat.com

— صفین کے مقتولین کا حکم حضرت علیؓ کے فرمان سے (یعنی سب جنتی ہیں) ۱۷۰

— شرکائے جمل و صفین کا درجہ حضرت علیؓ کے فرمان کی روشنی میں ۱۷۲

— بغی کے مفہوم کی وضاحت حضرت علیؓ کی زبانی ۱۷۴

— خلاصۂ کلام ۱۷۶

— مسئلہ کی تنقیح (شرح مواقف کی عبارت میں تسامح) یہ اہل علم کے مناسب ہے) ۱۷۸

— عدمِ فسق اور عدمِ جور پر اکابر کے بیانات ۱۸۰

— فریقین " دینی معاملہ" میں متفق و متحد تھے۔ ۱۸۲

— حضرت علیؓ نے امیر معاویہؓ اور ان کی جماعت کو سب و شتم، لعن طعن کرنا ممنوع قرار دیا۔ اس پر اہل السنۃ اور شیعہ کتب سے قابلِ دید حوالہ جات۔ ۱۸۴

— حضرت امیر معاویہؓ کے ساتھ حضرات حسنینؓ کا صلح اور بیعت کرنا اور تنازعات کو ختم کر دینا۔ ۱۸۸

— حوالہ جات (اہل السنہ کی کتابوں سے مسئلہ ہذا کی شیعہ کتب سے تائید و تصدیق ۱۸۹ ۱۹۱

— سیدنا حضرت حسینؓ کا فرمان کہ بیعت کے بعد نقضِ عہد کی کوئی صورت نہیں ۱۹۳

— مزید برآں (باہمی حسنِ سلوک رہا اور شرائط کی پابندی کی گئی) ۱۹۴


Marfat.com

— امیر معاویہؓ کی خلافت کے دوران بنی ہاشم کا عملی تعاون 196
— مدینہ طیبہ میں ہاشمی قاضی (عبداللہ) 197
— غزوات میں ہاشمی غازی (قثم بن عباس۔ حضرت حسینؓ) 198
— عنوان ہٰذا کا خلاصہ 200
— حضرت امیر معاویہؓ کے خزانہ سے حضرات حسنینؓ و دیگر ہاشمی اکابر کے وظائف اور عطیات و ھدایا 201
— سیدنا حضرت حسینؓ اور عطیات 203
— حسنین شریفین کے ساتھ دیگر ہاشمیوں کو بھی دس لاکھ کے وظائف ملنا 205
— مسئلہ ہٰذا شیعہ کے نزدیک 205
— حضرت سیدنا حسینؓ و ابن عباسؓ، عبداللہؓ بن جعفر کے وظائف (شیعہ کتب سے) 205
— حسنینؓ و عبداللہ بن جعفرؓ کے وظائف (شیعہ کتب سے) 206
— تنبیہ (دیگر شیعہ علماء کی تائید 207
— برادرِ مرتضیٰ حضرت عقیل کا وظیفہ (شیعہ کتب سے) 208
— حضرت زین العابدین کے لیے وظیفہ کا تقرر (شیعہ کتب سے) 208
— سیدنا حضرت حسنؓ کو ایک گاؤں کا عطیہ (شیعہ کتب سے) 209
— عنوانات مذکورہ کے فوائد 210
— سب و شتم کا اعتراض اور اس کا ازالہ تمام بحث ہی قابلِ توجہ ہے 211
— قابلِ اعتراض تاریخی روایات جو مطاعن کا ماخذ و محور ہیں 212
— مندرجہ روایات کا متعلقہ کلام 215
— ایک گزارش 224


Marfat.com

عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کے متعلقات ۲۲۶

— نسب و رضاع ۲۲۶

— اسلام کے بعد ارتداد پھر اسلام لانا، بیعت کرنا، پھر دین پر پختہ رہنا۔ ۲۲۷

— والی و حاکم ہونا۔ ۲۲۹

— فتوحاتِ اسلامی کے کارنامے۔ ۲۲۹

— خاتمہ بالخیر نماز میں ہونا۔ ۲۳۰

— چند شبہات کا ازالہ ۲۳۱

۱۔ مرتد و طرید رسولؐ کے نام سے یاد کرنا پھر اس کا جواب ۲۳۲

۲۔ اور ان کو طلقاء کہہ کر تنفر دلانا پھر اس کا جواب، ۲۳۳

۳۔ عمرو بن العاص صحابی کو ہٹا کر عبداللہ بن سعد کو لگانے کا اعتراض، پھر اس کا جواب ۲۳۵

— تنبیہ: (خمس افریقیہ کا طعن جو ذکر کیا جاتا ہے اس کا جواب آئندہ بحث مال میں ذکر ہوگا) ۲۳۸

— افادہ، (طبری کی ایک روایت کا جواب) ۲۳۸

— باعتبار روایت کے گفتگو ۲۳۸

— درایت کے اعتبار سے اس پر کلام ۲۴۱

مروان بن الحکم کے متعلقات ۲۴۳

— مبادیات ۲۴۳

— مختصر حالات ۲۴۴

— داماد عثمانؓ، حضرت علیؓ کے خاندان اور مروان کے قبیلہ کی پانچ عدد باہمی رشتہ داریاں ۲۴۵

— علمی قابلیت اور ثقاہت ۲۵۱


Marfat.com

— مؤطا امام مالکؒ میں (مروان سے متعدد مرویات) ۲۵۲
— مؤطا امام محمدؒ میں (مروان سے متعدد مرویات) ۲۵۳
— مصنف عبدالرزاق (مروان کا حضرت علیؓ سے مسئلہ کا نقل کرنا) ۲۵۴
— مسند امام احمدؒ میں (مروان سے متعدد مرویات) ۲۵۵
— بخاری شریف (مروان کی روایت) ۲۵۵
— فائدہ (تاریخ کبیر بخاری و جرح و تعدیل رازی میں نقد کا نہ پایا جانا) ۲۵۷
— مروان کا دینی و علمی مقام اور فقہا میں شمار کیا جانا ۲۵۷
— دینی مسائل میں صحابہ کرام سے مشورہ ۲۶۰
— مروان کا محتاط رویہ مروان کی عدالت میں صحابہ کرام کا مقدمہ ۲۶۱
— جنگی معاونت اور انتظامی صلاحیت ۲۶۲
— صحابہؓ نے مروان کی نیابت کی (یعنی ابوہریرہؓ نے نیابت کی) ۲۶۳
— حصول ثواب میں رغبت (اذن عام تک ٹھہرنے کا ثواب) ۲۶۴
— مواقف و آثار نبوی کی تلاش ۲۶۴
— مروان کے حق میں حسنین شریفین کی ستائش (سنی و شیعہ علماء نے ذکر کی) ۲۶۵
— مروان کی اقتدا میں حسنین شریفین کی نمازیں ۲۶۶
اموی خلفاء حضرت زین العابدینؒ کی نظر میں ۲۶۸
حضرت علی بن الحسینؒ یعنی زین العابدینؒ مروان کی نظروں میں ۲۶۹
— حضرت زین العابدین عبدالملک بن مروان کی نظروں میں ۲۷۰


Marfat.com

— ازالۂ شبہات ۲۷۳

— اوّل: مروان کے والد کی جلاوطنی کا مسئلہ ۲۷۴

— دوم: مروان کے ہاتھ تمام سلطنت کی باگ ڈور کا ہونا ۲۸۰

— عثمانی شہادت کے ایّام اور مروان کا کردار ۲۸۳

— مروان کو مطعون کرنے والی تاریخی روایات کا ایک جائزہ ۲۸۷

— الحکم و بنو امیہ کا مبغوض و ملعون ہونا، پھر اس کا جواب ۲۹۲

— نسبی و غیر نسبی تعلقات و روابط ۲۹۵

— بنو اُمیّہ کے حق میں حضرت علیؓ کے اقوال ۲۹۸

— مذمت کی روایات علماء کی نظروں میں ۳۰۸

**بحث ثالث** (طریق اوّل) ۳۱۵

— دورِ نبوی میں مناصب دہی کے چند واقعات ۳۱۷

— حضرت عثمانؓ کو متعدد منصب دیئے گئے ۳۱۷

— حضرت ابو سفیان کو چار منصب دیئے گئے ۳۱۹

— تنبیہ (روایات کا تجزیہ) ۳۲۱

— یزید بن ابی سفیان کو تین منصب دیئے گئے ۳۲۲

— امیر معاویہ بن ابی سفیان کے دو عہدے ۳۲۴

— دورِ نبوی میں بنی ہاشم کے عہدہ جات ۳۲۶

— عہدِ فاروقی میں اقرباء نوازی ۳۲۶

— عہدِ مرتضوی میں خویش نوازی (چھ عدد عہدے اپنوں کو دے دیے) ۳۲۶ ۳۲۷

— ایک عذر لنگ اور اس کا جواب ۳۳۳

— **بحث رابع** — ۳۳۶

**اقرباء کے لیے مالی عطیات کی بحث** 〃

تنبیہ ۳۳۹


Marfat.com

— عثمانی رشتہ داروں کے حق میں مالی عطیات کی روایات ۳۳۹
— مروان بن الحکم اور آل الحکم کے لیے ۳۴۰
— سعید بن العاص کے لیے ۳۴۴
— روایتہً بحث (گذشتہ روایات کے لیے) ۳۴۵
— الواقدی (پر نقد) ۳۴۶
— ابو مخنف لُوط بن یحییٰ (پر نقد) ۳۴۷
— مالی عطیات کی دیگر روایات (خمس افریقہ وغیرہ کے متعلق) ۳۴۸
— تنبیہ (اِن متأخر مؤرخین طبری سے ناقل ہیں) ۳۵۳
— مالی عطیات خلیفہ اپنی رائے (اجتہاد) سے دے سکتا ہے
امام مالکؒ و ابن العربی وغیرہ علماء کی طرف سے جواز کے بیانات ۳۵۳
— حضرت عمرؓ کا حضرت علیؓ کو مقام ینبع عطا کرنا ۳۵۴
— حضرت عثمانؓ کا حضرت علیؓ کو بیس ہزار درہم دینا ۳۵۵
— اقارب عثمانی و ہاشمیوں کے ساتھ یہ مخصوص نہیں بلکہ
اس وقت کے اہلِ اسلام کو عطیات سے حصہ ملتا تھا ۳۵۶
— حضرت عثمانؓ کا بیان کہ اقارب کو اپنے مال سے دیتا
ہوں دیگر لوگوں کے مال سے نہیں دیتا حتیٰ کہ مشاہرہ
بھی نہیں لیتا ہوں۔ ۳۵۷
— عقل و درایت کے اعتبار سے بحث۔ کیا حضرت
عثمانؓ تقسیم اموال کے مسائل نہیں جانتے تھے؟ ۳۵۸
"بیدِ عثمانی" کی لُغت اور دیانت داری کا لحاظ ۳۶۰
— ۲۷ھ میں فتوحاتِ افریقہ کے موقعہ پر خمسِ افریقہ کا
مسئلہ پیش آیا۔ پھر ۳۳ھ میں اکابر صحابہؓ نے دیگر غزوات
میں شرکت کی۔ ان کی عملی کارکردگی کے ذریعہ مسئلہ ہذا کا حل ۳۶۱


Marfat.com

— اختتامِ بحث رابع پر بحث رابع کا خلاصہ ۳۶۲

## بحثِ خامس ۳۶۴

عثمانی دَور کے آخری مراحل اور ان کا متعلقہ کلام

— بیان مراحل — ۳۶۵

(۱)

— امام بخاریؒ کی طرف سے صفائی کہ عثمانی دَور میں منکرات نہ تھے۔ ۳۶۵
— ابن العربی کی طرف سے صفائی کا بیان ۳۶۶
— شیخ جیلانیؒ کی طرف سے صفائی کا بیان ۳۶۷

(۲)

— ارسال وفود کا واقعہ اور واپسی رپورٹ ۳۶۸
— ایک قاعدہ اکثریت کے لحاظ کے لیے ۳۷۰
— عثمانی دَور کی کیفیت کے لیے سالم بن عبداللہ کا بیان ۳۷۰
— عبداللہ بن زبیرؓ کا بیان ۳۷۲

(۳)

— آغاز تغیرات ۳۷۳
— حسد و عناد پیش نظر تھا حضرت علیؓ کے ارشادات ۳۷۴
— قاضی ابوبکر کا قول ۳۷۶
— فساد کھڑا کرنے والے کون لوگ تھے؟ ۳۷۷
— عبداللہ ابن سبا کی کارکردگی اور طریق کار ۳۷۸
— اس پر ابنِ کثیر کا بیان ۳۷۹
— پھر اس پر ابن خلدون کا بیان ۳۸۰

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ابنِ سبا کی شیعوں کے نزدیک پوزیشن | ۳۸۲ |
| حاصلِ کلام (۴) | ۳۸۴ |
| مدافعتِ عثمانؓ میں صحابہؓ اور اہلِ مدینہ کا کردار | ۳۸۵ |
| مدافعت کی اجازت متعدد صحابہ نے طلب کی | ۳۸۸ |
| تاریخِ شہادتِ عثمانؓ اور قاتلین کے اسماء | ۳۹۰ |
| جنازہ، تجہیز و تکفین و تدفین میں تعجیل | 〃 |

——(۵)——

| | |
|---|---|
| قاتلینِ عثمانؓ کیسا گروہ تھا؟ | ۳۹۲ |
| مُفسد و ظالم و سرکش تھے | ۳۹۳ |
| صحابہ کرام کا شہادتِ عثمانی پر اظہارِ غم | ۳۹۴ |

——(۶)——

| | |
|---|---|
| ان فتنوں میں حضرت عثمانؓ حق پر تھے، ان کا خاتمہ حق پر ہوا۔ | ۳۹۶ |
| بشاراتِ نبوی اور اشارات حضرت عثمان کے حق میں | ۳۹۷ |
| الاختتام بالصواب | ۴۰۱ |

Marfat.com

# پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

——— جامعہ محمدی شریف ضلع جھنگ کا معروف دینی ادارہ ہے اور بفضل خدا بین الملی شہرت کا حامل ہے۔ مسلمانوں میں اتحاد و اتفاق کی فضا قائم رکھنے میں کوشاں رہنا اس کی منفرد خصوصیت ہے۔ ملک میں شیعہ و سُنّی حضرات کے درمیان کھچاؤ رہتا ہے اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ دونوں فرقوں کے عوام نے خلفائے راشدین کی زندگیوں کا قریب سے مطالعہ نہیں کیا ورنہ وہ قرآن مجید کی اس صداقت سے کھلی چشم پوشی نہ کرتے کہ اللہ نے ان سب کو "رُحماءُ بینہم" فرمایا ہے یعنی آپس میں محبت اور مودّت کے رشتوں میں منسلک ہیں۔

——— ضرورت تھی کہ اللہ کا کوئی نیک بندہ جو علم و فضل کی دولت سے مالامال ہو، اس موضوع پر قلم اٹھاتے۔ الحمد للہ کہ مولانا محمد نافع صاحب کو جو دارالتصنیف جامعہ محمدی شریف کے سرکردہ رکن ہیں، خدا نے یہ توفیق دی اور انہوں نے فریقین کی مشہور کتابوں کے حوالے سے منصفانہ اور مصالحانہ انداز میں "رحماءُ بینہم" کے نام سے جامع تحقیقی کتاب لکھی۔ کتاب تین حصّوں پر مشتمل ہے۔ صدیقی حصّہ، فاروقی حصّہ اور عثمانی حصّہ۔ ہر سہ حصص زیورِ انطباع سے آراستہ ہو کر بفضلہ تعالیٰ پورے ملک میں مقبولیت حاصل کر چکے ہیں۔ ان میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ

Marfat.com

کے تعلقات خلفائے ثلاثہ سے نہایت دوستانہ اور برادرانہ تھے تیسرے حصے میں حضرت عثمانؓ پر مخالفین کی طرف سے کیے گئے "اقرباء نوازی" کے اعتراضات کا مسئلہ محتاج وضاحت تھا مگر اس اندیشہ سے کہ عثمانی حصّہ کا حجم بڑھ جائے گا، یہ طے پایا تھا کہ "مسئلہ اقرباء نوازی" کے نام سے جداگانہ کتاب چھاپ دی جائے گی۔ چنانچہ مذکورہ کتاب اب پیش کی جا رہی ہے۔ اُمید ہے احباب کو اس سے استفادہ کرنے میں آسانی رہے گی اور مسائل الجھنے نہیں پائیں گے۔ اس کتاب کے پانچ باب ہیں۔ ہر باب کو بحث کا نام دیا گیا ہے۔ ہر بحث ایک جداگانہ موضوع سے متعلق ہے۔

۔۔ بحث اوّل :۔ اس میں عہدِ عثمانی کے حکّام اور مناصب پھر ان کا باہمی تناسب ذکر کیا گیا ہے۔ سترہ مقامات میں بیش عدد غیر اُموی حکّام تھے۔ اور صرف چار مقامات پر چند اموی حاکم تھے۔

۔۔ بحث ثانی :۔ میں عہدِ عثمانی کے ان حکّام کی صلاحیّت و اہلیت کا تذکرہ ہے۔ جن پر معترضین نے عثمانی رشتہ دار ہونے کی وجہ سے اعتراض وارد کیا۔ مثلاً ولید بن عقبہ، سعیدؓ بن العاص، عبداللہؓ بن عامر، امیر معاویہؓ، عبداللہؓ بن سعد بن ابی سرح اور مردان بن حکم۔ مؤلف نے ثابت کیا ہے کہ یہ لوگ پختہ مزاج حکّام، عالم و عامل اور انصاف پسند تھے اور اُمت کے ممتاز دانشور اور باصلاحیّت منتظم تھے۔

۔۔ بحث ثالث : میں اس چیز کا بیان ہے کہ صرف عہدِ عثمانی میں ہی اقرباء کو منصب نہیں دیئے گئے بلکہ عہدِ رسالت میں اور عہدِ فاروقی اور مرتضوی میں بھی اپنے اپنے اقرباء کو مناصب دیئے گئے۔ جن کو واقعات کے ذریعہ ثابت کیا گیا ہے۔

۔۔ بحث چہارم :۔ میں عطیہ جات کے ضمن میں یہ وضاحت معتبر اسناد کے ساتھ کر دی گئی ہے کہ حضرت عثمانؓ اپنے اقرباء کو ذاتی وسائل سے عطیے دیتے تھے بیت المال سے نہیں دیتے تھے۔

Marfat.com

— بحث پنجم :- میں اس اعتراض کی صفائی پیش کی گئی ہے کہ حضرت عثمانؓ نے اپنے عہد کے آخری مراحل میں شرعی احکام کی خلاف ورزی کی تھی اور حدود اللہ کو پامال کیا۔ اس سلسلے میں امام بخاریؒ، علامہ ابن عربی اور شیخ عبدالقادرؒ جیلانی وغیرہم کے صفائی کے بیانات پیش کیے گئے ہیں۔

نیز شہادت عثمانی کے اصل اسباب اور موجبات کو واضح کیا گیا ہے کہ اسلام اور اہلِ اسلام کے ساتھ اعداء اسلام کو دشمنی تھی جس کو انہوں نے قتلِ عثمانی کے ذریعہ پورا کیا۔ دورِ عثمانی کے نقائص اور خامیاں موجبِ شہادت نہیں تھیں۔

— "مسئلہ اقربا نوازی" کا طرزِ استدلال اور اندازِ بیان اتنا واضح ہے کہ مؤید اس کے مطالعہ سے مزید انشراح حاصل کرے گا اور معترض یہ سوچنے پر مجبور ہو جائے گا کہ میں نے ذوالنورین کے نورانی کردار کو دھندلکے میں ڈالنے کی جسارت کیوں کی۔ وباللہ التوفیق۔

ناشرین

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الاوّلین والآخرین امام الرسل وخاتم النبیّین وعلیٰ بناتہ الاربعۃ الطاھرات وازواجہ المطھرات وعلیٰ آلہ الطیّبین واصحابہ المزکّین المنتخبین الذین اجتھدوا فی دین اللہ حق اجتھادہٖ ونصروہ فی ھجرتہٖ وھاجروا لنصرتہ وجاھدوا فی سبیل اللہ حق جہادہٖ وعلیٰ جمیع عباد اللہ الصالحین وسائر اتباعہ باحسان الیٰ یوم الدین۔

خطبہ مسنونہ کے بعد بندۂ ناچیز محمد نافع عفا اللہ عنہ کی جانب سے ناظرین کی خدمت میں گزارش ہے کہ :

امیر المومنین سیّدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ خلفاء راشدین میں سے خلیفۂ راشد ہیں اور جمہور امتِ مسلمہ میں شیخین کریمینؓ کے بعد تیسرے مقام پر فائز ہیں۔ اور اسلام میں لاتعداد فضائل کے حامل ہیں۔ امانت، دیانت، صداقت، سخاوت، حیا، صلہ رحمی وغیرہ صفات میں کامل و اکمل ہیں۔ ان کے یہ اوصافِ حمیدہ مسلّمات میں سے ہیں۔

"تاہم بعض لوگ حضرت عثمانؓ کے خلاف ہیں اور یہ مخالفت عناد کی بنا پر ہی معلوم ہوتی ہے اور کوئی معقول وجہ نظر نہیں آتی۔ حضرت موصوف پر کئی قسم کے مطاعن مرتب کیے گئے ہیں۔ مخالفینِ عثمانؓ ان کی جو فہرست مرتب کرتے ہیں ان میں سرِفہرست جو طعن رکھا جاتا ہے وہ "اقربا نوازی کا مسئلہ" ہے طعن قدیمی ہے

Marfat.com

اس کے جوابات بھی باقی مطاعن کے ساتھ ہر دور میں علماء دیتے رہے ہیں۔

اس دور میں پھر اس طعن کو جدید زیب و زینت کے ساتھ سجا کر عوام کے سامنے پیش کیا گیا ہے حالانکہ یہ ایک مردہ و فرسودہ بحث تھی، اس کو پھر زندہ کرنے کی امت کو ضرورت نہ تھی اور نہ اس دور کا تقاضا تھا۔

خدا جانے کن مصالح اور کن مقاصد کے تحت اس خوابیدہ بحث کو با حوالہ مرتب کر کے بیدار کیا گیا۔ اس سے عوام و خواص پریشان و مغموم ہوئے اور مخالفینِ عثمانؓ مسرور و محظوظ ہوئے اور مزید افتراق و انتشار کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا۔ جس دور میں امتِ مسلمہ کو جوڑنے کی ضرورت ہے اس دور میں قوم کے توڑنے کے سامان فراہم کرنا دین و ملت کی خیر خواہی نہیں ہے۔

"مقامِ صحابہ" کی حمایت کے لیے اور "خلیفہ راشد" سے سوءِ ظنی رفع کرنے کی خاطر اس مسئلہ کو مناظرانہ انداز میں نہیں بلکہ واقعات و حقائق کی صورت میں تحریر کیا جاتا ہے۔ بس یہی مقصود ہے۔

ان معروضات کو ملاحظہ فرمانے کے بعد مسئلہ کی حقیقت واضح ہو جائے گی اور طعن مذکور زائل ہو جائے گا۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

ناظرین کرام صرف دو باتوں کی تکلیف کریں۔ ایک تو مسئلہ ہٰذا کی پوری بحث پر نظر ڈالیں۔ دوسرا تعصب دور فرما کر تھوڑا سا انصاف ساتھ ملالیں۔ پھر یہ مسئلہ اچھی طرح حل ہو جائے گا۔

(وما توفیقی الا باللہ)

Marfat.com

# ابتدائی معروضات

(۱) کتاب ہٰذا کے مندرجات پیش کرنے سے پہلے چند چیزیں ذکر کی جاتی ہیں:

مسئلہ اقربا نوازی" سمجھانے کے لیے ہم یہاں ان شاء اللہ تعالیٰ پانچ بحثیں درج کریں گے۔ اور ان میں جہاں اس مسئلہ کو مثبت انداز میں سمجھایا جائے گا وہاں ساتھ ساتھ اس دور کے اکابر بنی ہاشم و بنی امیہ کو ایک دوسرے کے قریب کرنے کی بھی کوشش کی جائے گی۔

(۲) عام متداول طرزِ تصنیف کے خلاف اس کتاب میں یہ صورت اختیار کی گئی ہے کہ عموماً ایک مضمون و مفہوم کو عام ناظرین کرام کے لیے حوالہ کتاب کی عبارت سے پہلے خلاصہ کے طور پر درج کر دیا گیا ہے پھر اس کے بعد اصل حوالہ کی عبارت عموماً درج کی گئی ہے تاکہ اہلِ علم حضرات عبارت ملاحظہ فرما کر مضمون کی تسلی حاصل کر سکیں۔ یہ طرز رواجاً بالکل متروک ہے اور جدید اہل قلم حضرات اس کو پسند بھی نہیں کریں گے۔ چنانچہ بطور معذرت یہ گزارش پیش کی گئی ہے کہ اس کو محسوس نہ فرمادیں۔

(۳) مسئلہ مندرجہ کی تائید کے لیے بعض اوقات حوالہ جات کی کثرت درج کر دی گئی ہے۔ اس سے مضمون مندرجہ کی تائید و توثیق مطلوب ہوتی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہر شخص کے پاس ذخیرۂ کتب مشکل سے دستیاب ہوتا ہے۔ متعدد کتب درج کرنے کا یہ فائدہ ہوگا کہ جو کتاب جس شخص کے پاس موجود

Marfat.com

ہوگی اس کی طرف رجوع کر کے مضمونِ مندرجہ کی تائید حاصل کر سکے گا۔

اس کے بعد چند تمہیدات پیش کی جاتی ہیں اور تمہیدات کے بعد اصل مواد کو پانچ بحثوں کی صورت میں پیش خدمت کیا جائے گا۔

(بعونہٖ تعالیٰ)

Marfat.com

# تمہیدات

## (۱)

ــــــ پہلے یہاں قابلِ توجہ یہ بات ہے کہ کسی نصِ شرعی (آیت و صحیح حدیث) میں یہ کوئی ضابطہ ہے ؟ کہ مسلمانوں کا حاکم اور والی اپنے دورِ حکومت میں اپنے کسی رشتہ دار کو حکومت کے عہدہ پر فائز نہیں کر سکتا - اور اسے کسی اپنے قریبی عزیز کو عہدہ دینے کا کوئی اختیار نہیں -

ــــــ تو یہ واضح چیز ہے کہ اس قسم کا کوئی قانون شرعی موجود نہیں جس کی سیدنا عثمانؓ بن عفان نے مخالفت کر دی ہو اور اس کی خلاف ورزی کے دانستہ طور پر مرتکب ہوتے ہوں -

دورِ عثمانی کے ناقدین حضرات بھی اس بات کو تسلیم تو کرتے ہیں کہ حضرت ذوالنورینؓ نے اس معاملہ میں کسی ضابطۂ شرعی کو نہیں توڑا ، لیکن "اقربا نوازی" کا اعتراض فرمانے سے چوکتے بھی نہیں - جدید عنوانات کے ساتھ اس کو خوب تازہ رکھتے ہیں - اور بار بار اعادہ کیا کرتے ہیں تاکہ حضرت عثمانؓ کے حق میں تنفر قائم رہے اور بدظنی جاری رہے - (لکل امرءٍ ما نویٰ)

## (۲)

دوسری بات یہ ہے کہ حکومت کے عہدہ داروں اور کارندوں (جن کو "عمال" و "ولاۃ" کہا جاتا ہے) کے نصب و عزل کا مسئلہ ایک اجتہادی امر ہے جو خلیفۂ اسلام

Marfat.com

کی رائے کی طرف تفویض کیا گیا ہے۔ اس معاملہ کے نشیب و فراز کو عام لوگ نہیں سمجھ سکتے۔ امیر المومنین ان مواقع کی ضرورتوں کو بہتر سمجھتا ہے۔ اپنی بصیرت کے موافق جب حکام کا تقرر و تعین کرتا ہے تو مصلحت کے تحت کرتا ہے۔ یہ چیز اکابر علماء نے اپنے کلام میں درج فرما دی ہے۔

(۱) القاضی ابوبکر بن العربی الاندلسی "العواصم من القواصم" میں ایک مقام میں لکھتے ہیں کہ

—— "الولایۃ اجتہاد" یعنی کسی کو والی و حاکم بنانا ایک اجتہادی کام ہے۔

(العواصم ص۸۷)

دوسری جگہ تحریر کرتے ہیں کہ

—— الوَلَایَاتُ وَالعَزلَاتُ لَهَا مَعَانٍ وَحَقَائِقُ لَایَعلَمُهَا کَثِیرٌ مِنَ النَّاسِ۔ الخ

یعنی حکام کے نسب و عزل میں کئی مقاصد و حقائق ہوتے ہیں جن کو بہت لوگ نہیں سمجھ سکتے۔ (مطلب یہ ہے کہ ان تقاضوں کو ذمہ دار حضرات ہی صحیح سمجھ سکتے ہیں۔

(العواصم من القواصم ص ۲۴۴۔ تحت نکتہ

طبع لاہور)

(۲) —— اسی طرح حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین میں فرماتے ہیں:۔

"۔۔۔۔ میگوئیم کہ نصب و عزل مفوض ست برائے خلیفہ اگر اجتہاد خلیفہ مؤدی شود بآنکہ از فلاں شخص کار امت سرانجام می یابد لازم میشود بروئے نصب او"

یعنی ہم کہتے ہیں کہ نصب و عزل کا کام خلیفۃ المسلمین کی رائے کے سپرد ہے

Marfat.com

اور اس کو تفویض کیا گیا ہے۔ اگر خلیفہ کی رائے یہ ہو جائے کہ اُمّت کا کام فلاں شخص سے سرانجام پا سکتا ہے تو لازم ہوتا ہے کہ اس کو اس عہدہ پر فائز کرے"

(قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین، ص ۲۷۲۔ بحث مطاعن ختنین۔ طبع مجتبائی دہلی)

حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے عمّال و حکام کے عزل و نصب کے مسئلہ کو اپنی صوابدید کے موافق بہتر طریق سے سرانجام دیا۔ اور اس میں قوم و ملّت کی خیرخواہی مدنظر رکھی۔ اپنی مجتہدانہ مساعی میں کوئی تقصیر نہیں واقع ہونے دی۔

اس کے باوجود اگر عہد ہذا کے حکام (جو نہ فرشتے تھے نہ معصوم عن الخطا تھے) سے اپنے فرائض میں کچھ کوتاہی واقع ہوئی یا ان سے غلطیاں سرزد ہوئیں اور کسی فعل قبیح کے مرتکب ہوئے تو ان تمام چیزوں کو حضرت عثمانؓ کے کردار و کارکردگی میں ڈال دینا قرینِ انصاف نہیں۔ جو کچھ امور ان سے سرزد ہوتے وہ سیّدنا عثمانؓ کے ایما یا فرمان سے نہیں ہوئے۔ اسی مفہوم کو حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلویؒ نے اپنی تصنیف قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین کی عبارتِ ذیل میں بطورِ جواب پیش کیا ہے:۔

"۔۔۔ میگوئیم ہرچہ از ایشاں بوقوع آمد نہ بامر ذی النورینؓ بود و نہ بوفق صلاح دیدوے و در خلافت علم غیب خود شرط نیست۔ آنچہ شرطِ خلافت ست اجتہاد ست و ذی النورین در اجتہاد تقصیر نہ کرد"

(قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین، ص ۲۷۲۔ بحث مطاعن ختنین۔ طبع مجتبائی دہلی)

یعنی ہم کہتے ہیں کہ جو کچھ ان کے کارکنوں اور کارندوں سے صادر ہوا وہ حضرت ذوالنورینؓ کے فرمان سے نہیں تھا اور نہ ان کی صوابدید کے موافق

Marfat.com

ہُوا۔خلافت کے معاملہ میں علمِ غیب شرط نہیں ہے ۔خلافت کے مسائل
کے لیے جو چیز شرط ہے وہ اجتہاد ہے اور اجتہادی اُمور میں حضرت عثمانؓ
نے کوتی کمی نہیں کی۔"

(۳) ـــــ اشکالِ مذکور رفع کرنے کے لیے حضرت شاہ صاحب موصوفؒ نے اپنی
کتاب "ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء" کے مآثرِ امیر المومنین عثمانؓ میں مزید کلام
فرمایا ہے جس کے ملاحظہ کرنے سے معترضین کا مذکورہ بالاشبہ بالکل زائل ہو جاتا
ہے۔ منصف احباب کی خاطر ہم کتاب کی اصل عبارت پیش کرتے ہیں اس کے
بعد عوام کے لیے اس کا مفہوم اُردو میں ذکر کر دیں گے۔

ـــــ ازاں جملہ آنکہ اصحاب آنحضرت (صلّی اللہ علیہ وسلم) را از حکومت
بلاد معزول ساخت و حدّاث بنی امیہ را کہ در اسلام سابقت نداشتند
حاکم گردانید مثل عزل ابی موسٰی بعبداللہ بن ابی عامر از بصرہ و عزل عمرو بن
العاص از مصر بہ ابن ابی سرح۔

وجوابِ ایں اشکال آنست کہ عزل ونصب را خدائے عزّوجل بر
رائے خلیفہ باز گذاشتہ است می باید کہ خلیفہ تحرّی کند در صلاح مسلمین و
نصرتِ اسلام و برحسب ہماں تحرّی بعمل آرد اگر اصابت کرد فلہٗ اجرہٗ
مرّتین واگر در تحرّی خطا واقع شد فلہٗ اجرہٗ مرّۃً ۔ ایں معنی ازاں حضرت
صلّی اللہ علیہ وسلّم بحدِ تواتر رسید۔ و در بعض احیان مولٰی را معزول
ساختند و دیگرے را بجائے او نصب فرمودند برائے مصلحتے چنانکہ
در غزوۂ فتح رائیت انصار از سعد بن عبادہ گرفتند بہ سبب کلمہ کہ از
زبانِ او جستہ بود و بہ پسرِ او قیس بن سعد دادند۔

وگاہے مفضول را منصوب می ساختند بنا بر مصلحتے چنانکہ اُسامہ با

Marfat.com

امیر لشکر فرمودہ کبار مہاجرین را تابع وے گردانیدند در آخر حال۔
وہمچنیں شیخین نیز در ایام خلافت خود بعمل آوردند۔ وبعد حضرت عثمانؓ حضرت مرتضیٰ و دیگر خلفاء ہمیشہ ہمیں دستور کردہ آمدند۔ پس برحضرت ذی النورینؓ ازیں وجہ بازخواست نیست۔ اگر بحکم تحری خود شخصی از حداث را والی کردہ باشد و شخصی از قدماء اصحاب را معزول ساخت خصوصاً در قصص کہ نقل کردہ اند چوں تامل نمودہ می آید اصابت رائے ذی النورینؓ اوضح من الشمس فی رابعۃ النہار بظہور می رسد۔
زیرا آنکہ ہر عزلے وہر نصبے یا متضمن اخماد فتنۂ اختلاف جند و رعیت بودہ است یا مثمر فتح اقلیمے از اقالیم دار الکفر لیکن ہوائے نفسانی ابصار مبتدعین را اعمیٰ ساختہ ؎

وَعَيْنُ الرِّضَا عَنْ كُلِّ عَيْبٍ كَلِيْلَةٌ
وَلٰكِنَّ عَيْنَ السُّخْطِ تُبْدِيْ الْمَسَاوِيَا

(کتاب ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء۔ مقصد دوم
ص ۲۴۷ تحت مآثر امیر المومنین عثمان بن عفانؓ
طبع قدیم بریلی)

یعنی حضرت عثمانؓ کے متعلق جو اشکالات وارد کیے جاتے ہیں ان میں سے ایک یہ اشکال ہے کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کو بڑے شہروں کی حکومت سے معزول کر کے بنی امیہ کے نوخیز نوجوانوں کو (جو اسلام کے سابقین میں نہ تھے) والی وحاکم بنا دیا۔ مثلاً بصرہ سے ابو موسیٰ اشعریؓ کو معزول کر کے عبد اللہ بن عامر کو، اور مصر سے عمرو بن العاص کو معزول کر کے عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح کو حاکم

Marfat.com

بنایا۔

——— اس کا جواب یہ ہے کہ عزل ونصب کے معاملہ کو خدا تعالیٰ نے خلیفۂ اسلام کی رائے پر چھوڑ دیا ہے۔ امیر المومنین کو مسلمانوں کی خیر خواہی اور اسلام کی امداد کرنے میں تحری اور سعی کرنی چاہیے اور اپنی تحری کے موافق عمل درآمد کرے۔ اگر خلیفہ کی رائے درست ہوئی تو اس کے لیے دگنا اجر ہے۔ اگر اس میں خطا سرزد ہو گئی تو اُسے ایک اجر ملے گا۔

یہ مسئلہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے تواتر معنوی کی حد تک پہنچا ہے۔

——— مقامی مصلحت کے پیش نظر بعض اوقات ایک حاکم کو معزول کر دیتے تھے اس کی جگہ دوسرے کو نصب فرما دیتے تھے جیسا کہ غزوۂ فتح میں سعد بن عبادہ سے انصار کا علم لے لیا گیا (ان کی زبان سے ایک کلمہ نکل گیا تھا) اور ان کے فرزند قیس بن سعد کو دے دیا گیا۔

اور وقتی تقاضے کی بنا پر کبھی کم مرتبہ کے آدمی کو امیر بنا دیتے تھے جس طرح اُسامہؓ بن زید کو امیر لشکر بنا دیا اور کبار مہاجرین کو اُسامہ کے تابع و ماتحت کر دیا۔

شیخینؓ حضرات نے اپنے ایام خلافت میں اسی طرح عمل درآمد کیا۔ حضرت عثمانؓ کے بعد حضرت مرتضیٰؓ نے اور دیگر خلفاء نے یہی دستور جاری رکھا پس حضرت ذوالنورینؓ پر اس وجہ سے باز پرس نہیں۔

اپنی جستجو کی بنا پر نوعمر لوگوں میں سے اگر ایک شخص کو انہوں نے حاکم بنا دیا اور قدیم اصحاب سے بعض کو معزول کر دیا خصوصاً ان مواقع میں

Marfat.com

جنہیں نقل کیا گیا ہے اگر بغور دیکھا جائے تو حضرت عثمانؓ کی رائے کی اصابت و درستگی اظہر من الشمس ہے کیونکہ ان کا عزل و نصب یا تو کسی لشکر و رعیت کے فتنۂ اختلاف کو فرو کرنے کے ضمن میں تھا یا پھر کفار کے ممالک کو اسلام کی فتح مندی کا ثمرہ دینے کے لیے تھا۔ لیکن اہلِ بدعت کی آنکھیں (اس معاملہ میں) ہوائے نفس کی وجہ سے نابینا ہو رہی ہیں ؎

"یعنی رضامندی کی آنکھ عیب بیان کرنے سے تھکی ماندی ہے لیکن ناراضگی کی آنکھ بُرائیوں کو ظاہر کرتی ہے۔"

اسی کے مناسب کسی نے فارسی میں خوب کہا ہے کہ

"ہنر بچشمِ عداوت بزرگ تر عیب است"

(۴) ـــــ اور حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے بھی اشکالِ ہٰذا کے جواب میں "تحفہ اثنا عشریہ" میں یہی فرمایا ہے کہ

ـــــ جواب ازیں طعن آنکہ امام را می باید کہ ہر کرا لائق کارے داند۔ آں کار را باو سپارد و علم غیب اصلاً نزد اہل سنت بلکہ جمیع طوائف مسلمین غیر از شیعہ شرطِ امامت نیست۔ و عثمانؓ با ہر کہ حسنِ ظن داشت و کار آمدنی دانست و امین و عادل شناخت و مطیع و منقاد خود گمان برد ریاست و امارت باو داد۔

(تحفہ اثنا عشریہ فارسی، ص ۳۰۵ مطاعن عثمانی تحت جواب طعن اوّل۔ طبع جدید، لاہور)

"یعنی اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ امام و خلیفہ کے لیے چاہیے کہ جس شخص کو اس کام کا اہل سمجھے وہ کام اس کے سپرد کر دے۔ شیعہ کے علاوہ

Marfat.com

تمام اہلِ اسلام کے نزدیک خلافت و امامت کے لیے علمِ غیب شرط نہیں حضرت عثمانؓ نے جس شخص کے حق میں اچھا گمان کیا، کام کرنے والا معلوم کیا، امانت دار، منصف جانا، مطیع اور تابعدار خیال کیا اس کو عہدہ امارت وحکومت دے دیا۔"

—— حاصل یہ ہے کہ

اُمّت کے اکابر علماء نے یہ تصریح کر دی ہے کہ

—— عزل ونصب کا مسئلہ اجتہادی ہے۔ خلیفۃ المسلمین کی طرف مفوض ہے بتقاضائے وقت اپنی تحری وجستجو کے مطابق خلیفہ اسے سرانجام دے سکتا ہے۔

—— عمّال کا انتخاب اگر درست ہوا تو خلیفہ کو دُگنا ثواب ہے۔ اگر کچھ خطا ہو گئی تو ایک گنا ثواب ہے اور خطا معاف ہے۔

—— اگر بالفرض خلیفہ کی صوابدید کے موافق عمّال (یعنی کارندوں) نے کام سرانجام نہیں دیا تو اس میں خلیفہ ماخوذ نہیں۔

(۳)

حکومت کے عاملین (وعمّال) کا عزل ونصب حضرت عمرؓ بھی اپنے دورِ خلافت میں اپنی صوابدید کے موافق کیا کرتے تھے اور بوقتِ ضرورت حکام میں تبدیلی فرمایا کرتے تھے۔

یہ چیز خلیفہ کے لیے ناگزیر ہوتی ہے اور اس سے چارۂ کار نہیں ہوتا حضرت فاروق اعظمؓ کے چند مشہور صحابہ کرامؓ کو معزول کرنے اور ان کی جگہ دوسرے حضرات کو نصب کرنے پر دو چار مثالیں ناظرین کی خدمت میں پیش کی جاتی ہیں۔

(۱)

—— بصرہ سے حضرت عمرؓ نے مشہور صحابی مغیرہ بن شعبہؓ کو معزول کر دیا۔ ان کی

Marfat.com

جگہ ابوموسیٰ اشعریؓ کو متعین کیا۔

"الاصابہ" میں درج ہے کہ "۔۔۔۔ واستعملہ (اباموسیٰ) عمرؓ علی امرۃ البصرۃ بعد ان عزل المغیرۃ۔ الخ"

(۱) الاصابہ معہ الاستیعاب ص ۳۵۲، ج ۲
تحت عبداللہ بن قیس (ابی موسیٰ)

(۲) الاستیعاب معہ الاصابہ، ص ۳۶۳، ج ۲
تحت ابی موسیٰ (عبداللہ بن قیس)

(۳) تاریخ طبری، ص ۲۰۷، جلد رابع تحت سنہ ۱۷ھ، طبع مصری قدیم۔

(۲)

سیدنا فاروق اعظمؓ نے اسلام کے مشہور سپہ سالار خالدؓ بن الولید کو ایک دفعہ ایک عطیہ دینے کی وجہ سے معزولی کا حکم دیا اور ابو عبیدہؓ کی طرف فرمان تحریر کیا کہ "اس منصب سے خالد کو الگ کر دیں اور اس کا کام خود سنبھال لیں"

"۔۔۔۔ اعزلہ علی کل حال واضمم الیک عملہ الخ"

(۱) تاریخ ابن جریر الطبری، ص ۲۰۵، جلد ۴
تحت سنہ ۱۷ھ۔ طبع مصری قدیم

(۲) کتاب الخراج لامام ابی یوسفؒ، ص ۱۴۸
طبع ثانی، مصری فصل فی الکنائس والبیع والصلبان۔

(۳)

—— اسلام کے مشہور مجاہد، ملت کے عظیم کارکن سعد بن ابی وقاصؓ کو حضرت عمرؓ نے

Marfat.com

اہلِ کوفہ کی شکایت کی بنا پر معزول کر دیا۔ ان کے قائم مقام عمار بن یاسرؓ کو صلوٰۃ پر مقرر فرما دیا۔

وفیہا (سنہ ۲۱ھ) شکا اھل الکوفۃ سعد بن مالک (ابی وقاص) الیٰ عمر فعزلہ وولّٰی عمار بن یاسر بالصلوٰۃ "

(۱) تاریخ خلیفہ بن خیاط (المتوفی سنہ ۲۴۰ھ) جلد اوّل، ص ۱۲۲۔ طبع اوّل عراق۔

(۲) سیر اعلام النبلا للذہبی، ص ۷۹، جلد اول تحت تذکرہ سعد بن مالک۔

البدایہ لابن کثیر صہ ۲، ج ۸ تحت سعد بن ابی وقاص

(۴)

مذکورہ واقعہ سنہ ۲۱ھ میں پیش آیا۔ پھر سنہ ۲۲ھ میں حضرت عمرؓ نے عمار بن یاسر کو کوفہ سے معزول کر دیا۔

" وفیہا (سنہ ۲۲ھ) عَزَلَ عمرؓ عمّاراً عن الکوفۃ "

(تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ص ۱۲۵، جلد اوّل مطبوعہ عراق)

—— فاروقی دَور کے یہ چند ایک واقعات بطور مثال عرض کیے گئے ہیں۔ یہاں سے اندازہ ہو گیا کہ یہ سب کچھ وقتی تقاضوں اور مقامی مصلحتوں کے پیشِ نظر ہوا کرتا ہے۔ حضرت فاروق اعظمؓ پر ان تبدیلیوں کے باعث کوئی اعتراض نہیں کیا جاتا، تو انصاف یہ ہے کہ سیدنا عثمانؓ پر بھی عزل و نصب کے مسئلہ میں طعن نہ کیا جائے۔

—— البتہ یہ چیز باقی ہے کہ فاروق اعظمؓ نے تبدیلیاں کیں تو ان کی جگہ پر اپنے قبیلہ کے آدمیوں کو نہیں نصب کیا لیکن حضرت عثمانؓ بن عفان نے اپنی برادری کے لوگوں کو متعین کر دیا تو اس شبہ کے ازالہ کے لیے قلیل سا انتظار فرما دیں۔

Marfat.com

# چند اہم بحثیں

عزل و نصب کا مسئلہ ناظرین کے سامنے وضاحت کے ساتھ پیش کیا گیا ہے
مسئلہ کی نوعیت معلوم کرنے کے لیے اس قدر کافی ہے۔
تاہم اس مقام پر مزید بحثیں ہم پیش کرتے ہیں۔ ناظرین کرام تعصب اور گروہ بندی سے الگ ہو کر اگر انصاف کے ساتھ ان پر نظر غائر فرمائیں گے تو انشاء اللہ اطمینان بخش ثابت ہونگی۔ اور سیدنا عثمانؓ کی پوزیشن بے داغ معلوم کرنے کے لیے بے حد مفید رہیں گی۔ معترض دوست کہتے ہیں کہ:

"عثمان بن عفان نے اپنی حکومت کے عہدوں کو اپنے قبیلہ کے لوگوں میں تقسیم کر ڈالا"

"قَسَمَ الْوَلَايَاتِ بَيْنَ اَقَارِبِہٖ الخ

(منہاج الکرامہ، ص ۶۶ لابن المطہر الحلی الشیعی
طبع لاہور تحت مطاعن عثمانی) مطبوعہ در آخر
منہاج السنہ لابن تیمیہ الحرانی۔

مختصر یہ کہ عثمان نے اپنوں کو غلط مناصب دے دیئے، بے جا تقرریاں کیں اور ناجائز عہدے تقسیم کیے جس کی وجہ سے قبائلی عصبیتوں اور گروہ بندی کی فضا پیدا ہو گئی۔ آخر یہی چیز فتنہ و فساد کا موجب بنی اور قتل عثمانؓ پر منتج ہوئی۔
اس چیز کے متعلق قارئین کرام کے لیے پانچ بحثیں پیش خدمت ہیں۔

اولاً:۔

یہ معلوم کرنا چاہیے کہ جن مناصب پر طعن کی بنیاد ہے وہ کتنی تعداد میں اقارب عثمانی کو دیئے گئے؟ اور کتنے مناصب غیر اقرباء کے لیے تجویز کیے گئے نیز اس طرح

Marfat.com

عثمانی رشتہ داروں میں کتنی تعداد میں عمّال وحکام مقرر تھے؟ اور کتنے لوگ غیر رشتہ داروں میں سے مختلف مقامات پر حاکم بنائے گئے تھے؟

ثانیاً:

یہ چیز قابل وضاحت ہوگی کہ جن اقرباء کو یہ عہدے اور مناصب دیئے گئے وہ کس قسم کے لوگ تھے؟ کس کردار کے مالک تھے؟ کیا ان کی وجہ سے ملّت اور دین کو نقصان پہنچا؟ اسلام کی بربادی ہوئی؟ یا اس کے برعکس وہ اچھے آدمی تھے۔ عمدہ کردار رکھتے تھے، کئی فضیلتوں کے حامل تھے۔ ان کی وجہ سے ملّتِ اسلامیہ کو بہت فائدہ ہوا۔ مذہب کی ترقی ہوئی، اسلام کا بول بالا ہوا، دین کی آواز اقصائے عالم تک پہنچی۔

ثالثاً:۔

یہ بات لائق توجہ ہوگی کہ اپنے قبیلہ اور خاندان کو مناصب دہی کی رعایت آیا صرف دورِ عثمانی میں ہوئی ہے؟ یا اس دور سے قبل یا بعد کسی دوسرے دور میں بھی یہ حمایت پائی گئی؟ اس مسئلہ میں باقی ادوار کے ساتھ عثمانی دور کا تقابل و توازن قائم کرنا مناسب ہے تاکہ عثمانی عہد کے موردِ طعن ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کیا جا سکے۔

رابعاً:

یہ چیز قابل بیان ہے کہ حضرت عثمانؓ اگر مالی عطیاتِ کثیرہ اپنے اقرباء کو عطا فرماتے تھے تو کیا حضرت موصوف کا یہ مال دینا شرعاً صحیح تھا اور اس کی نوعیت کیا تھی؟

اس مسئلہ کے لیے عقلاً و نقلاً بحث کی جائے گی جو ازالۂ شبہات کے لیے قابلِ اطمینان ہوگی۔

Marfat.com

خامساً :-

یہ آخری بحث ہوگی کہ حضرت عثمانؓ کے دورِ خلافت میں اقرباء نوازی (منصب کے اعتبار سے ہو یا عطلتے اموال کے اعتبار سے) قبائل میں تعصب ونفرت کا موجب بن کر آخری ایام میں فسادات کا باعث ہوئی ؟ یا ان فسادات کے لیے دواعی واسباب دوسرے امور تھے ؟ آخر بحث میں اس چیز کا (انشاء اللہ تعالیٰ) پوری طرح تجزیہ کیا جائے گا جو اصل واقعات کے مطابق ہوگا ۔

مندرجہ بالا پانچ ابحاث کی اب کچھ قدر تفصیل درج کی جاتی ہے ۔ اطمینانِ قلبی کے ساتھ مطالعہ فرمادیں ، فائدہ بخش ثابت ہوگی

ان پانچ بحثوں پر کتاب ہذا تمام ہوگی ۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

Marfat.com

# بحث اوّل

## عہدِ عثمانی رضی اللہ عنہ کے مناصب اور حکّام پھران کا باہمی تناسُب

حضرت سیّدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں اسلامی مملکت ایک وسیع ترین رقبہ پر مشتمل تھی۔ مصر کا تمام ملک، شام کا علاقہ۔ افریقیہ کا ایک بہت بڑا حصّہ۔ انتہائے مغرب میں مراکش و اندلس تک۔ ادھر حجاز کے تمام حلقے مکہ و مدینہ اور یمن وغیرہ سمیت۔ دوسری طرف فارس کے تمام علاقے خراسان وغیرہ تک۔ مشرق میں مکران کی حدود تک۔ یہ طویل و عریض اسلامی سلطنت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زیرِ انتظام تھی۔

ظاہر چیز ہے کہ اتنے وسیع ملک میں انتظامات قائم رکھنے کے لیے چند عہدے اور چند عمّال و حکام کافی نہیں ہو سکتے۔ بلکہ صرف بڑے بڑے عہدوں کے لیے بھی ایک خاصی جماعت کی ضرورت تھی۔

تو اس صورتِ حال کے پیشِ نظر مسئلہ ہذا کی تمام متعلقہ تفصیلات کو صحیح طور پر معلوم کر لینا سخت مشکل ہے اور اوراقِ تاریخ بھی حسبِ منشا ساتھ نہیں دیتے۔

تاہم مالا یدرک کلّہ لا یترک کلّہ کے قاعدہ کے موافق مناصب اور حکّام کے مسئلہ کو ہم کسی قدر بیان کرتے ہیں جو سہولت سے دستیاب ہیں۔ اس سے عہدہ داری میں باہمی تناسب کا مسئلہ بخوبی معلوم ہو سکے گا۔

Marfat.com

# چند عہدے اور مناصب

(۱)

## قضاء (ججی)

عثمانی خلافت میں قضا (ججی) کے منصب پر متعدد اکابر مختلف اوقات میں متعین رہے ہیں ان میں مندرجہ ذیل حضرات بھی ہیں۔

(۱) ـــــ حضرت سیدنا عثمانؓ کی جانب سے مدینہ منورہ میں قضاء کے عہدہ پر زید بن ثابت انصاریؓ (صحابی) تھے۔

"... وکان علی قضاء عثمان یومئذٍ زید بن ثابتؓ"

(۱)۔ تاریخ ابن جریر الطبری، ص ۱۴۹، ج ۵ تحت عمال عثمانؓ، سنۃ ۳۵ھ

(۲)۔ الکامل لابن اثیر الجزری، جلد ۳، ص ۹۵ تحت اسماء عمال عثمانؓ۔

(۳)۔ البدایہ لابن کثیر ج ۷، ص ۲۲۷ تحت ذکر بیعۃ علیؓ بالخلافۃ۔

(۲) ـــــ خلافت عثمانیؓ میں مغیرہ بن نوفل بن الحارث بن عبدالمطلب الہاشمی قاضی تھے۔

"... وکان المغیرۃ بن نوفل قاضیاً فی خلافۃ عثمانؓ"

Marfat.com

(۱) — الاستیعاب لابن عبدالبر، ج ۳، ص ۳۶۶
معہ اصابہ ۔ تحت مغیرہ مذکور۔

(۲) — اسد الغابہ لابن اثیر، ج ۴، ص ۴۰۸
تحت المغیرہ مذکور۔

(۳) — الاصابہ لابن حجر، ص ۴۳۲، ج ۳ ۔
معہ استیعاب تحت المغیرہ بن نوفل

——(۲)——

## بیت المال (یا خزانہ)

—— مؤرخین نے عہدِ عثمانی میں اسلامی بیت المال پر متعدد لوگوں کا مقرر کیا جانا تحریر کیا ہے ۔ ان میں سے بعض حضرات کو ذیل میں نقل کیا جاتا ہے ۔

—— بیت المال کے منصب پر عبداللہ بن ارقم (صحابی) فائز تھے ۔ پھر انہوں نے استعفا پیش کیا تو حضرت عثمانؓ نے اسے منظور کر لیا ۔

"...... وکان علی بیت المال عبداللہ بن ارقم ثم استعفی فعفاہ "

(۱) تاریخ خلیفہ بن الخیاط، ج ۱، ص ۱۵۷
جزء اوّل تحت عمّال عثمانؓ

(۲) اسد الغابہ، ج ۳، ص ۱۱۵ تحت
عبداللہ بن ارقم ۔

عہد عثمانی میں بیت المال پر عبداللہؓ بن الارقم کے نگران و ناظر رہنے کو

Marfat.com

حافظ ابن حجرؒ نے بھی الاصابہ جلد ثانی میں درج کیا ہے۔

(الاصابہ، ج ۲، ص ۲۶۵ تحت عبداللہ بن ارقم)

——بعض اوقات اس منصب پر زید بن ثابت انصاریؓ کا متعین ہونا بھی اسماء رجال کی کتابوں میں منقول ہے۔

"۔۔۔وکان (زید) علیٰ بیت المال لعثمانؓ۔"

(اسد الغابہ لابن اثیر الجزری، ج ۲، ص ۲۲۳
تحت زید بن ثابت انصاری طبع طہران)

——ابن جریر و ابن اثیر و ابن کثیر وغیرہ مورخین نے ذکر کیا ہے کہ عثمانی خلافت میں بیت المال کے عہدہ پر عقبہ بن عمرو فائز تھے۔

"۔۔۔وعلیٰ بیت المال عقبۃ بن عمرو۔"

(۱)— تاریخ طبری ج ۵، ص ۱۴۹۔ تحت عمال عثمانؓ۔

(۲)— الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۹۵۔ تحت عمال عثمانؓ

(۳)— البدایہ، ج ۷، ص ۲۲۷۔ تحت ذکر بیعت علی بالخلافہ۔

——(۳)——

## خراج وعشر وغیرہ کی وصولی کا صیغہ

——دورِ عثمانی میں بعض لوگوں کو خراج وعشر وغیرہ (اسلامی ٹیکس) کی وصولی پر مقرر کیا جاتا تھا۔ آج کل کی اصطلاح میں ٹیکس کی وصولی کے لیے تحصیلدار

Marfat.com

کا تجویز کیا جانا سمجھ لیا جائے۔

چنانچہ عراق وغیرہ کے علاقے کے لیے جابر بن فلان المزنی اور سماک الانصاری متعین تھے۔

"۔۔۔ وعلی خراج السواد جابر بن فلان المزنی ۔۔۔۔۔

وسماک الانصاری، الخ"

(۱)۔۔۔ تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۸۔ تحت عمال عثمان۔ ۳۵ھ

(۲)۔۔۔ الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۹۵ تحت اسماء عمال عثمانی۔

(۳)۔۔۔ البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۲۲۷ تحت ذکر بیعۃ علی بالخلافۃ۔

(۴) کتاب التمہید والبیان، ص ۱۴۹۔ تحت الباب الثامن۔ طبع بیروت، لبنان

(۴)

# فوجی افسر

اسلامی فوج کا الگ شعبہ تھا۔ اس میں حسب مراتب لوگ متعین کیے جاتے تھے۔ مختلف علاقہ جات کے لیے متعدد جرنیل اور نگران مقرر تھے۔ کوفہ کے علاقہ کے لیے القعقاع بن عمرو نامی فوجی آفیسر تھے۔

"وعلی حربها القعقاع بن عمرو"

(۱) تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۸۔ تحت عمال عثمانؓ ۳۵ھ

Marfat.com

(۲) ـــــ الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۹۵ - تحت
اسماء عمالِ عثمانی -

(۳) ـــــ البدایہ، ج ۷، ص ۲۲۷ - تحت ذکر
بعیتِ علیؓ بالخلافۃ -

(۴) ـــــ کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید
عثمان، ص ۱۴۹ - الباب الثامن -

ـــــ (۵) ـــــ

# شرطۃ (پولیس)

پبلک میں مقامی انتظامات درست رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے - اس قسم کے امور کے لیے خلافتِ عثمانی میں شرطہ یعنی پولیس کا شعبہ قائم تھا - اس کام پر مجوزہ آفیسر عبداللہ بن قنفذ، قبیلہ بنی تیم کے قریشی تھے -

"... وکان علی شرطہ عبداللہ بن قنفذ من بنی تیم قریش"

(تاریخ خلیفہ بن خیاط، جزء اول، ص ۱۵۷ - تحت عمال عثمانی - مطبوعہ عراق)

۶

# الکاتب (منشی و محرّر)

خلیفۂ اسلام کے لیے تحریری ضروریات کی خاطر ایک محرّر و منشی درکار ہوتا ہے عہدِ عثمانی میں یہ خدمت مروان بن الحکم نے سرانجام دی -

Marfat.com

"..... وكاتبہ مروان بن الحکم"

(تاریخ خلیفہ بن خیاط، ص ۱۵۷ جزء اوّل تحت عمّال عثمانی، مطبوعہ عراق)

(۷)

# نیابتِ حج

## (۳۵ھ)

عہد عثمانی میں جب آخری حج کا موقعہ آیا تو حضرت عثمانؓ کو باغیوں نے اپنے مکان میں محصور کر رکھا تھا۔ خود حج کے لیے تشریف لے جانے سے معذور تھے۔

اس وقت حضرت علیؓ کے چچا زاد برادر حضرت عبداللہ بن عباس مطلبی ہاشمی کو بلوا کر اپنی طرف سے امیر حج بنا کر مکہ شریف روانہ کیا۔ ابن عباسؓ نے امیر المومنین عثمانؓ کے حکم سے مکہ شریف میں جا کر مسلمانوں کو حج کروایا۔ یہ ۳۵ھ کا واقعہ ہے۔

"... عن عکرمۃ عن ابن عباسؓ ان عثمان بن عفان استعملہ علی الحج فی السنۃ التی قتل فیہا سنۃ خمس وثلاثین (۳۵) فخرج فحجّ بالناس بامر عثمانؓ۔

(۱) ــــ طبقات ابن سعد، ج ۳ص ۴۴ قسم اوّل تحت ذکر بیعت عثمانؓ۔ طبع لیدن

(۲) ــــ تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱، ص ۵۴ تحت ۳۵ھ۔ طبع عراق۔

تنبیہ: قبل ازیں ہم یہ واقعہ رحماء بینہم کے حصہ سوم عثمانی کے باب پنجم کی ابتدا

Marfat.com

میں ذکر کر چکے ہیں اور ساتھ متعدد کتب سے حوالہ جات درج کر دیتے ہیں۔ یہاں عہدہ جات کے شمار کی خاطر دوبارہ نقل کیا ہے۔

یہ عہدہ حضرت عثمانؓ نے ہاشمی بزرگ کو عنایت فرمایا کسی اموی کو نہیں دیا۔ خاندانی عصبیت کا اندازہ آپ یہاں سے لگا سکتے ہیں کہ اس کی اصلیت کس قدر ہے؟ اور پروپیگنڈے کو کس قدر دخل ہے؟

## فائدہ

یہ چند ایک مناصب اور عہدے تاریخ کے اوراق سے ہم نے ناظرین کی خدمت میں پیش کر دیتے ہیں۔

ان میں صرف ایک مروان بن الحکم حضرت عثمانؓ کے چچا زاد برادر اور داماد ہیں۔ باقی مندرجہ بالا اہل مناصب میں سے کوئی صاحب بھی بنی امیہ سے نہیں بلکہ بعض بنی ہاشم سے ہیں اور بعض دوسرے قبائل سے ہیں۔

——اب یہاں رشتہ داروں اور غیر رشتہ داروں کا باہم تناسب لگانا اقرباء و غیر اقرباء کا شمار کرنا ناظرین کرام پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔

اپنے انصاف پسند قلب سے قبائلی عصبیت دُور فرما کر خود ہی موازنہ فرمالیں۔ میزانِ عدل آپ کے ہاتھ میں ہے۔

"کاتب" کے منصب کے متعلق اور مروان بن حکم کے لیے چند چیزیں عنقریب ہم انشاء اللہ عرض کریں گے تاکہ یہ مسئلہ بہتر طریق سے واضح ہو جائے۔

---

Marfat.com

# بعض اہم مقامات اور ان کے حکّام

(خلافتِ عثمانی میں)

قبل ازیں سابقہ عنوان میں چند ایک مناصب کا ذکر کیا ہے۔ اب چند مشہور مقامات کے "وُلاۃ و حکّام" کا بیان کر دینا مناسب ہے۔ ان مقامات کے والی و حاکم کی حیثیت اس علاقہ کے لیے ڈپٹی کمشنر یا کمشنر کی طرح ہوتی تھی۔ اس حلقہ کے انتظامات ان کے سپرد ہوتے تھے۔

ان تفصیلات کے ذریعے اموی حکّام اور غیر اموی حکّام کا پتہ لگانا آسان ہوگا اور معلوم ہو جائے گا کہ حضرت عثمانؓ نے کتنے افراد بنی اُمیّہ سے لے کر حاکم بنا دیئے اور کتنی تعداد بنو امیہ کے ماسوا مقرر کی؟

(ا)

## مکۃ المکرّمہ

مختلف[1] مواقع پر عہدِ عثمانی میں مکّہ شریف کے لیے مندرجہ ذیل حاکم و والی متعیّن رہے ہیں۔

اوّل:۔ خالد بن العاص بن ہشام المخزومی (صحابی)

---

الانتباہ [1] قارئین کرام کی خدمت میں معذرت عرض کی جاتی ہے کہ مآخذ کی بعینہٖ عبارات نقل کرنے اور پھر ان کا ترجمہ دینے میں طوالت ہوتی ہے اس وجہ سے بعض مقامات میں صرف اُردو میں مطلب ذکر کرنے کے بعد حوالہ بتا دیا گیا ہے تسلی فرما دیں اپنی طرف سے حوالہ کی صحت کی کوشش کی گئی ہے۔ (منہ)

Marfat.com

(۱) — تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۶ تحت عمال عثمانی۔

(۲) — تجرید اسماء الصحابہ، ج ۱، ص ۱۶۲، للذہبی دائرۃ المعارف طبع حیدرآباد دکن تحت خالد بن العاص۔

دوم — علی بن عدی بن ربیعہ (صحابی)

(۱) — تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۶ تحت عمال عثمانی۔

(۲) — تجرید اسماء الصحابہ، ص ۴۲۴، ج ۱۔ للذہبیؒ دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن۔

سوم — عبداللہ بن عمرو الحضرمی

(۱) — تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۸ تحت عمال عثمانی ۳۵ھ

(۲) — الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۹۵۔ " " "

(۳) — کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ ص ۱۵۰، الباب الثامن۔ طبع بیروت۔

(۴) — اور صاحب تاریخ یعقوبی (شیعہ) نے ص ۱۷۶ تحت ایّام عثمانؓ طبع بیروت۔ لبنان (جلد ثانی) میں عبداللہ مذکور کا مکہ شریف پر عامل عثمانی درج کیا ہے۔

چہارم — عبداللہ بن الحارث بن نوفل مطلبی ہاشمی ابو محمد (لقب ببّہ)

(۱) — طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۱۵ تحت عبداللہ مذکور۔ طبع لیدن۔

Marfat.com

(۲) تہذیب التہذیب لابن حجر عسقلانی، ص ۱۸۱،
جلد ۵۔ تحت عبداللہ بن الحارث۔

―――(۲)―――

# المدینۃ المنورۃ

**پنجم** ――― جب حضرت عثمانؓ اپنے دورِ خلافت میں حج کو تشریف لے جاتے تو زید بن ثابت انصاریؓ (صحابی)، کو مدینہ طیبہ پر اپنا نائب متعیّن فرما کر جاتے تھے۔

(۱) تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ص ۱۵۶، جزء اوّل
تحت تسمیہ عمالِ عثمانی (طبع نجف اشرف عراق۔

(۲) اُسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ للجزری، ج ۲، ص ۲۲۲
تحت زید بن ثابتؓ۔

―――(۳)―――

# الطائف

**ششم** ――― الطائف پر عہدِ عثمانی میں القاسم بن ربیعۃ الثقفی والی اور حاکم تھے

(۱) تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۸ تحت عمالِ عثمانی

(۲) الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۱۵۔
تحت اسماء عمالِ عثمانی۔

(۳) کتاب التمہید والبیان، ص ۱۵۰ الباب
الثامن۔ طبع بیروت، لبنان۔

(۴) تاریخ یعقوبی (شیعی)، ج ۲، ص ۱۷۶ تحت ایام عثمانؓ

Marfat.com

(۴)

# الصنعاء (یمن)

ھفتم ــــ صنعاء کے علاقہ پر یعلیٰ بن منیۃ التمیمی صحابی والی وحاکم تھے (جن کو یعلیٰ بن امیتہ بھی کہا جاتا ہے)

(۱) ــ الاستیعاب، ج ۳، ص ۶۲۵، تحت یعلیٰ بن امیتہ التمیمی۔

(۲) ــ الاصابہ، ج ۳، ص ۶۳۰ مع الاستیعاب تحت یعلیٰ مذکور

(۳) ــ تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۸ تحت اسماء عمال عثمانؓ۔

(۴) ــ الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۹۵ تحت اسماء عمالہ۔

(۵) ــ کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ، ص ۱۵، طبع بیروت

(۶) ــ تاریخ یعقوبی (شیعی)، ج ۲، ص ۱۷۶۔ ذکر ایام عثمانؓ۔

(۵)

# الجند (یمن)

ھشتم ــــ عہد عثمانی میں جند کے مقام پر عبداللہ بن ابی ربیعۃ المخزومی صحابی والی وحاکم تھے۔

(۱) اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج ۳، ص ۱۵۵۔ تحت عبداللہ بن ربیعۃ المذکور، طبع تہران۔

(۲) الاصابہ، ج ۲، ص ۲۹۷ تحت عبداللہ بن ربیعہ

(۳) تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۸ تحت اسماء عمال عثمانؓ

(۴) الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۹۵ تحت اسماء عمالہ

Marfat.com

(۵) — کتاب التمهید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ، الباب الثامن، ص ۱۵۰ طبع بیروت۔

———(۶)———

# آذربیجان

نہم ——— آذربیجان کے حلقے پر اشعث بن قیس کندی (صحابی) والی و حاکم تھے۔

(۱) اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج ۱، ص ۹۸ تحت الاشعث۔

(۲) — تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۸ تحت اسماء عمالِ عثمانؓ۔

(۳) — الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۹۵ تحت اسماء عمالہ

(۴) — البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۲۲۷ - تحت بیعۃ علیؓ بالخلافۃ۔

(۵) — کتاب التمہید والبیان، ص ۱۴۹ - الباب الثامن

———(۷)———

# حلوان

دھم ——— اور حلوان کے علاقہ کے لیے عتیبہ بن النہاس حاکم تھے۔

(۱) — تاریخ لابن جریر طبری، ج ۵، ص ۱۴۹ - تحت اسماء عمالِ عثمانؓ۔

Marfat.com

(۲)۔ الکامل لابن اثیر جزری، ج ۳، ص ۹۵ تحت
اسماء عمال عثمان رضؓ۔

(۳)۔ البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۲۲۷، تحت
بیعت علیؓ بالخلافۃ۔

(۴)۔ کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید
عثمانؓ، الباب الثامن، ص ۱۴۹، طبع بیروت لبنان۔

(۸)

# ہمذان

**یازدھم** ۔ ہمذان پر عہدِ عثمانی میں نُسَیر نامی ایک صاحب والی و حاکم تھے۔

(۱)۔ تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۹ تحت اسماء عمال عثمانؓ
(۲)۔ الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۹۵ تحت اسماء عمال عثمانؓ
(۳)۔ کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ،
ص ۱۴۹۔ باب ثامن۔

تنبیہ:۔ حافظ ابنِ کثیر نے البدایہ، ج ۸، ص ۵۶ ۵۱ھ ذکر جریر بن عبداللہ البجلی میں لکھا ہے کہ قد کان (جریر) عاملاً لعثمان علی ھمذان۔

یعنی حضرت عثمانؓ کے لیے (ایک مدت تک) ہمذان پر جریر بن عبداللہ بجلی (صحابی) بھی حاکم و والی تھے۔

۔ اور مشہور مورخ یعقوبی شیعی نے بھی تاریخ یعقوبی میں ہمذان پر حضرت عثمانؓ کی طرف سے جریر مذکور کا حاکم و والی ہونا درج کیا ہے۔

(تاریخ یعقوبی، ج ۲، ص ۱۷۶ تحت ایامِ عثمانؓ (عمال عثمانی)

Marfat.com

(۹)

# اصبہان

دوازدھم ——— اصفہان کے علاقہ پر حضرت عثمانؓ کی جانب سے السائب بن الاقرع والی تھے۔ (یہ صحابی ہیں)۔

(۱) ——— تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۹ تحت اسماء عمّالِ عثمانؓ

(۲) ——— الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۹۵ تحت اسماء عمالہ

(۳) ——— کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ الباب ثامن، ص ۱۵۰ طبع بیروت

(۱۰)

# جرجان

سیزدھم ——— جرجان کے مقام پر ذوالجوشن الضبابی حاکم تھے۔

(کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ الباب الثامن، ص ۱۵۰۔ طبع بیروت لبنان)

(۱۱)

# ماسبذان

چہاردھم ——— "علاقہ ماسبذان پر ایک شخص حُبَیش نامی والی تھے"۔

(۱) ——— تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۹ تحت اسماء عمّالِ عثمانؓ

(۲) ——— الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۹۵ تحت اسماء عمالہ

Marfat.com

(۳)۔۔۔ کتاب التمہید والبیان، ص ۱۵۰۔ الباب الثامن۔

۔۔۔(۱۴)۔۔۔

## قرقیسا ء

پانزدھم ۔۔۔ قرقیسا کے مقام پر (بعض اوقات) جریر بن عبداللہ (صحابی) حاکم و والی تھے۔

(۱)۔۔۔ تاریخ ابن جریر طبری، ص ۱۴۸، جلد ۵ تحت اسماء عمال عثمان رضی اللہ عنہ۔

(۲)۔۔۔ تاریخ ابن اثیر (الکامل) ص ۹۰، ج ۳ تحت اسماء عمالہ

(۳) ۔ تاریخ ابن کثیر (البدایہ) ج ۷، ص ۲۲۷، تحت بیعۃ علی بالخلافۃ۔

(۴)۔۔۔ کتاب التمہید والبیان لمحمد بن یحیٰی بن ابی بکر، ص ۱۴۹۔ باب ہشتم۔

۔۔۔(۱۵)۔۔۔

## ماہ

شانزدھم ۔۔۔ مقام ماہ میں مالک بن حبیب نامی ایک صاحب حاکم تھے۔

(۱)۔۔۔ تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۹ تحت اسماء عمال عثمان رضی اللہ عنہ

(۲)۔۔۔ تاریخ الکامل لابن اثیر (ج ۳، ص ۹۵۔ تحت اسماء عمالہ

(۳)۔۔۔ کتاب التمہید والبیان، ص ۱۴۹۔ الباب الثامن

Marfat.com

(۱۴)

# الرّی

ہفدہم ـــــ رَیّ کے علاقہ پر عہدِ عثمانی میں سعید بن قیس حاکم و والی تھے۔

(۱) تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۴۹ تحت اسماء عمال عثمانؓ

(۲) تاریخ الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۹۵ تحت اسماء عمال

(۳) کتاب التمہید والبیان، ص ۱۴۹۔ الباب الثامن

(۱۵)

# قومس

ہژدہم ـــــ قومس کے مقام پر عثمانی حاکم جبلہ بن حیوۃ الکنانی تھے۔

(کتاب التمہید والبیان، ص ۱۵۰، الباب الثامن طبع بیروت۔

(۱۶)

# الموصل

نوزدہم ـــــ اور موصل کے علاقہ کے لیے حکیم بن سلامۃ والی و حاکم تھے۔

(کتاب التمہید والبیان لمحمد بن یحییٰ بن ابی بکر الاندلسی، ص ۱۴۹، باب ہشتم)

(۱۷)

# الصنعاء (شام)

بستم ـــــ صنعاء کے مقام پر ثمامہ بن عدی (صحابی) حضرت عثمانؓ کی طرف سے

Marfat.com

والی وحاکم تھے۔

"۔۔۔ کان (ثمامۃ) امیرا لعثمانؓ علی صنعاء"

(۱) الاستیعاب معہ الاصابہ، ج ۱ ص ۲۰۵
تحت ثمامہ بن عدی

(۲) اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ص ۲۴۸-۲۴۹
جلد اول تحت ثمامہ بن عدی۔ طبع طہران۔

# اعتراض کنندگان کی نظروں میں چند مقامات

مشہور مقامات میں سے اب صرف آخری چار مقامات (کوفہ۔ بصرہ۔ شام۔ مصر) کے والیوں کا ذکر باقی ہے وہ اب بیان کیا جاتا ہے۔ اور عہدۂ کتابت کا بھی ساتھ ذکر ہوگا۔ معترضین احباب کی طرف سے یہ مقامات خصوصاً جائے اعتراض تصوّر کیے جاتے ہیں۔ ہم نے ان مقامات کی متعلقہ چیزیں پیش کی ہیں ان پر منصفانہ نظر غائر فرما کر حضرت عثمانؓ کے طریق کار کا جائزہ لیں اور معلوم کریں کہ:

آیا یہ سب کچھ کسی تعصّب اور خویش پروری کی بنا پر ہوتا رہا ہے؟ یا مسلمانوں کی بہتری اور وقتی تقاضوں کی بنا پر کیا جاتا رہا ہے؟ چونکہ امیر المؤمنین سیدنا عثمانؓ کی دیانت داری اور صداقت اور امانت پر جمہور اہلِ اسلام کو یقین اور اعتماد ہے اس وجہ سے ان کی کارکردگی اور پالیسی کو کسی شک وشبہ کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاسکتا۔ اب ان مقامات کی متعلقہ اشیاء کو ملاحظہ فرمادیں۔

## (۱۸)
## الکوفہ

ناظرین کو معلوم ہونا چاہیے کہ خلافتِ عثمانی کے دَورِ اوّل اور آخری دَور میں

Marfat.com

کوفہ پر غیر اموی حاکم و والی تھے۔ درمیان میں دو عدد عثمانی رشتہ دار (ولید بن عقبہ اور سعید بن العاص) والی بنائے گئے۔

کوفہ میں عزل ونصب کے متعلق تھوڑی سی وضاحت لکھی جاتی ہے جو حقیقت واقعہ سمجھنے کے لیے مفید ہوگی۔

——فاروقی خلافت کے آخری ایام میں کوفہ پر مغیرہ بن شعبہ (صحابی) حاکم تھے۔ عہد عثمانی میں یہ تقریباً ایک سال تک والی رہے۔ پھر حضرت عثمانؓ نے انہیں معزول کر کے حضرت سعد بن ابی وقاص کو والی بنایا اور ساتھ یہ فرمایا کہ ان کی یہ معزولی کسی خیانت یا برائی کی وجہ سے نہیں ہے یعنی وقتی مصلحت کے تحت کی گئی ہے۔

(تاریخ ابن خلدون جلد ثانی، ص ۹۹۸-۹۹۹۔
طبع بیروت لبنان تحت مقتل عمرؓ وامر الشوریٰ
وبیعت عثمانؓ)

——پھر ۲۶ھ میں سعد بن ابی وقاص کو معزول کیا اور ولید بن عقبہ کو حاکم بنایا۔

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۵۱ تحت ۲۶ھ
طبع اوّل مصری)

——اس کے بعد ۲۹ھ میں ولید بن عقبہ کو معزول کر دیا اور سعید بن العاص کو والی و حاکم مقرر کیا۔

(۱) تاریخ خلیفہ بن خیاط، ص ۱۳۸ جزء اوّل تحت ۲۹ھ
(۲) تہذیب التہذیب، ص ۱۴۳-۱۴۴، جلد ۱۱، تحت
ذکر ولید بن عقبہ۔

——کچھ مدت کے بعد اہل کوفہ نے سعید بن العاص کے خلاف شورش

Marfat.com

کھڑی کر دی (جیسا کہ عراقیوں کی فطرت ہے) اور سعید کے عزل کا تقاضا کیا تو حضرت عثمانؓ نے ان کے مطالبہ کے پیش نظر ۳۴ھ میں سعید کو معزول کر دیا اور ابو موسیٰ اشعریؓ کو کوفہ کا حاکم مقرر کر دیا۔

پھر ابو موسیٰؓ حضرت عثمانؓ کی شہادت تک والی و حاکم رہے۔

یہ مضمون مندرجہ ذیل مقامات میں دستیاب ہے ملاحظہ فرماویں:۔

(۱)—— تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱، ص ۱۴۵۔ تحت ۳۴ھ۔

(۲)—— تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۷۔ تحت تسمیہ عمال عثمانؓ۔

(۳)—— الاصابہ لابن حجر، ج ۲، ص ۳۵۲ معہ الاستیعاب۔ تحت ذکر ابی موسیٰؓ (عبداللہ بن قیس)

(۴)—— طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۲۲۔ تحت ذکر سعید بن العاص۔ طبع اوّل لیدن۔

## تنبیہ

شیعہ مؤرخین نے بھی تسلیم کیا ہے کہ عثمانی خلافت کے آخری ایام میں کوفہ کے والی و حاکم ابو موسیٰ اشعریؓ تھے۔

"۔۔۔ وعلی الکوفۃ ابا موسیٰ الاشعری"

(تاریخ یعقوبی شیعی، ج ۲، ص ۱۷۶۔ بحث عمالِ عثمانؓ، طبع بیروت لبنان)۔

## مندرجہ کوائف کی روشنی میں

—— یہ بات عیاں ہو رہی ہے کہ کوفہ پر عثمانی خلافت کے دوران اموی حکام کو ہی مسلط نہیں رکھا گیا بلکہ اوّل و آخر سالوں میں غیر اموی حضرات

Marfat.com

حاکم بنائے گئے تھے۔ صرف درمیانی مدت میں دو عدد اموی اشخاص کو یکے بعد دیگرے والی حاکم بنایا گیا تھا۔

——— پھر اس مدت میں بھی جب تبدیلی کے لیے حالات متقاضی ہوئے تو حضرت عثمانؓ نے والی کی معزولی فرما دی۔ اس موقعہ پر کسی قسم کی شدت نہیں پیدا ہونے دی۔ معزولی کے اسباب جو بھی لوگوں نے کھڑے کر دیئے۔ ان پر حضرت عثمانؓ نے کوئی سختی نہیں فرمائی۔

ولید بن عقبہ پر ان کے مخالفین نے شراب نوشی کا افترا باندھا۔ حضرت عثمانؓ کے پاس اس بات کی گواہی دے دی۔ تو حضرت عثمانؓ نے ولید پر حد لگائی اور اس کو معزول کر دیا۔ (اس واقعہ کے تفصیلی حوالہ جات ہم انشاء اللہ بحث ثانی میں ذکر کرینگے۔ وہاں اس واقعہ کا پس منظر بہت عمدہ طریقہ سے معلوم ہو سکے گا)۔

——— اسی طرح سعید بن العاص کے خلاف شورش پسندوں نے شورش کھڑی کر دی۔ (جیسا کہ اہل عراق کے طبائع میں عموماً شر و فساد تھا) تو حضرت عثمانؓ نے شر کو فرد کرنے کے لیے سعید کی تبدیلی فرما دی۔

یہ تمام حالات حضرت سیدنا عثمانؓ کی انصاف پسندی، عدل گستری، سلامت روی کی گواہی دیتے ہیں اور حتی المقدور عوام کی بہتری اور پبلک کی رعایت کرنے پر دلالت کرتے ہیں۔

——— حضرت عثمانؓ پر طعن و الزام قائم کرنے والے احباب نے اپنے معترضانہ ذوق کے مطابق ان تمام چیزوں کو خویش پروری و قبائلی عصبیت کے پلڑے میں ڈال دیا ہے اور قبیلہ پروری کی تاریخ مرتب کرنے کی خاطر زینہ بنا لیا ہے۔ (فیا للعجب)۔

Marfat.com

# البصرۃ

—— عثمانی خلافت میں بصرہ کے حاکم پہلے ابوموسیٰ الاشعری تھے (جن کا نام عبداللہ بن قیس ہے) ۔پھر ۲۹ھ میں قریباً پانچ سال کے بعد (وقتی تقاضوں کی بناپر) ان کو معزول کیا گیا۔ان کی جگہ عبداللہ بن عامر کو حضرت عثمانؓ نے حاکم اور والی بنایا۔

"..... وولّی ابن عامر البصرۃ سنۃ تسع وعشرین "

(۱) تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۸ تحت تسمیۃ عمّالِ عثمانؓ۔

"..... واستعملہ عثمان رضی اللہ عنہ علی البصرۃ سنۃ تسع وعشرین بعد ابی موسیٰ ۔الخ

(۲) ـ اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ص ۱۹۱، ج ۳ ـ تحت ذکر عبداللہ بن عامر بن کریز)

—— اس معزولی وتبدیلی کو معترضین حضرات نے خدا جانے کیا کچھ رنگ دے دیا ہے؟ حالانکہ ان حضرات کے درمیان اس موقعہ پر کسی قسم کی کشیدگی اور رنجیدگی نہیں پیدا ہوئی۔ اس چیز پر مندرجہ ذیل اشیاء بطور شہادت پیش کی جاتی ہیں ان میں غور فرماویں۔

(۱)

—— حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کو جب معزول کیا گیا اور عبداللہ بن عامر حاکم مقرر ہو کر بصرہ پہنچے تو اس وقت لوگوں کو خطاب کرتے ہوئے حضرت ابوموسیٰؓ نے

Marfat.com

عبداللہ بن عامر کے حق میں کلام فرمایا وہ قابلِ تنقید ہے اور طعن کرنے والے احباب کے لیے لائقِ عبرت ہے۔

——— حضرت ابوموسیٰ الاشعریؓ نے فرمایا کہ:

"۔۔۔ قد اتاکم فتیً من قریشٍ کریم الامّہات والعمّات والخالات یقوم بالمال فیکم ھٰکذا وھٰکذا۔۔۔ الخ

(۱) نسب قریش لمصعب الزبیری، ص ۱۴۷-۱۴۸
تحت حالات عامر بن کریز۔

(۲) سیر اعلام النبلاء للذہبی، ص ۱۳، ج ۳ -
تحت عبداللہ بن عامر

(۳) تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۳۶ تحت ۲۹ھ

یعنی قریش میں سے ایسے باعزت جوان آپ کے پاس پہنچے ہیں جن کی مائیں، پھوپھیاں، خالائیں، شریف اور سخی ہیں۔ اور اس طرح اس طرح تم کو مال دیں گے" (یعنی خوب سخاوت کریں گے)۔

(۲)

——— اور اس موقعہ پر عبداللہ بن عامر نے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے ان کا احترام و اکرام ملحوظ رکھتے ہوئے ایسی گفتگو کی جو ان کے اخلاص و صفائی معاملات پر دلالت کرنے کے ساتھ ساتھ باہمی عدم تکدر و عدم منافسۃ کا واضح ثبوت ہے۔

"۔۔۔ فاتاہ ابن عامر فقال یا اباموسیٰ ما احد من بنی اخیک اعرف بفضلک منی انت امیر البلد ان اقمت والموصول ان رحلت قال جزاک اللہ یا ابن اخی خیراً ثم ارتحل الی الکوفۃ"

Marfat.com

(طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۳۲ - تحت عبداللہ
بن عامر بن کریز طبع اوّل لیدن -

"یعنی عبداللہ بن عامر نے عرض کیا کہ اے ابو موسیٰ آپ کے بھتیجوں میں سے آپ کے فضل و شرف کو مجھ سے زیادہ پہچاننے والا کوئی نہیں - اگر آپ یہاں (بصرہ) میں قیام فرما دیں تو آپ کی حیثیت امیرِ شہر کی ہو گی اور اگر یہاں سے (دوسری جگہ) منتقل ہو جائیں تو بھی آپ کے ساتھ تعلق اور ارتباط قائم ہے -

حضرت ابو موسیٰؓ نے (جواباً) فرمایا اے برادر زادے! اللہ تجھے جزائے خیر عطا فرمائے، اس کے بعد وہ کوفہ کی طرف منتقل ہو گئے "

(۴)

نیز یہ بات بھی قابلِ لحاظ ہے کہ بصرہ سے یہ ان کی تبدیلی رضا مندی کے ساتھ ہوئی تھی - اس میں کسی جبر و اکراہ یا ناخوشگواری کو دخل نہیں تھا ورنہ دوسری بار ابو موسیٰ اشعریؓ کوفہ میں والی بننا قبول نہ فرماتے -

اِن واقعات نے مسئلہ صاف کر دیا کہ منصب ہٰذا کی تبدیلی آپس میں باعزت طریقہ سے ہوئی تھی - کسی قسم کی باہم کشیدگی اور پریشانی نہیں پیش آئی تھی -

—— گروہ بندی اور عصبیت کی تاریخ سازی کرنے والے حضرات کو اللہ ہدایت بخشے جنہوں نے اصل واقعات کو الٹ پلٹ کر مسئلہ کی تصویر کا رُخ ہی بدل ڈالا - یہ ان بزرگوں کا اپنا فنّی کمال ہے - ورنہ حقیقت میں حضرت عثمانؓ کے پیشِ نظر قبائلی عصبیت بالکل نہ تھی -

(۲۰)

## الشام

عہدِ نبوی | امیر معاویہؓ کے متعلق اتنی وضاحت ضروری ہے کہ امیر معاویہؓ کا

Marfat.com

کاتبِ نبوی ہونا تو مسلّمات میں سے ہے۔ اس کے علاوہ نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اپنے مبارک عہد میں بعض اوقات امیر معاویہؓ کو عہدہ ومنصب عطا فرمایا۔ جب وائل بن حجر اسلام لاتے تو نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ان کو ایک قطعہ اراضی عطا فرمانے کا ارادہ کیا۔ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے امیر معاویہؓ کو ارشاد فرمایا کہ ان کے ساتھ جا کر وہاں سے ایک حلقۂ زمین ان کے لیے متعیّن کر کے ان کو دے دیں۔ اہلِ علم کی تسلّی کے لیے حوالہ کی اصلی عبارت ذکر کی جاتی ہے۔ وائل خود کہتے ہیں کہ:

"۔۔۔۔ فبعث (رسول اللہ صلعم) معی معاویۃ بن ابی سفیان

قال وامرہ ان یعطینی ارضاً فیدفعہا الیّ"

(تاریخ کبیر بخاری، ص ۱۷۵-۱۷۶، ج ۴ ق ۲

تحت وائل بن حجر)

اور اسد الغابہ واصابہ میں بھی یہ مضمون موجود ہے۔

"۔۔۔ واقطعہ ارضاً وارسل معہ معاویۃ بن ابی

سفیان وقال اعطہا ایاہ"

(اسد الغابہ، ج ۵، ص ۸۱، تحت وائل بن حجر۔

طبع طہران۔)

(الاصابہ، ج ۳، ص ۵۹۲ معہ استیعاب

ذکر وائل بن حجر)

عہدِ صدّیقی | صدّیقِ اکبرؓ کی خلافت میں بھی امیر معاویہؓ کو ایک باعزت منصب حضرت صدیقؓ نے عنایت فرمایا۔

علاقۂ شام میں امیر معاویہؓ کے بڑے برادر یزید بن ابی سفیان فتوحاتِ اسلامی

Marfat.com

کے سلسلہ میں گئے ہوئے تھے ان کی معاونت کے طور پر وہاں ایک امدادی جماعت بھیجنے کی ضرورت پیش آئی تو حضرت صدیق اکبرؓ نے شام کی طرف ایک جماعت روانہ کی اور اس جماعت پر امیر معاویہؓ کو امیر بنا کر رخصت فرمایا۔

عبارت ہٰذا میں یہ مضمون ملاحظہ فرمادیں :-

...... واجتمع الی ابی بکر اناسٌ فامر علیہم معاویۃ وامرہ باللحاق بیزید فخرج معاویۃ حتی لحق بیزید... الخ

(۱)۔۔۔ تاریخ الطبری، ج ۴، ص ۳۰، تحت ۱۳ھ

(۲)۔۔۔ البدایہ لابن کثیرؒ، ج ۷، ص ۶، تحت ۱۳ھ

عہدِ فاروقی | عہدِ فاروقی میں شام کے علاقہ میں یزید بن ابی سفیان فوت ہو گئے۔ (یہ ۱۷ھ یا ۱۸ھ میں طاعون عمواس کا موقعہ ہے)۔

تو ان کے قائم مقام امیر معاویہؓ کو حضرت فاروق اعظمؓ نے اس حلقہ کا امیر متعین فرمایا۔

پھر حضرت عثمانؓ نے بھی اپنے دورِ خلافت میں شام کے علاقہ کا حاکم امیر معاویہؓ کو ہی برقرار رکھا۔

ذیل میں یہ مضمون درج ہے تسلی فرمالیں۔

"... ثم جمع عمر الشام کلہا لمعاویۃ واقرّہٗ عثمان"

(۱)۔۔۔ سیر اعلام النبلاء للذہبی، ج ۳، ص ۸۸ تحت معاویہ بن ابی سفیان۔

(۲)۔۔۔ الاصابہ لابن حجر، ص ۴۱۲، ج ۳۔ تحت معاویہ بن ابی سفیان۔

(۳)۔۔۔ تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۷۔ تحت تسمیۃ عمال عثمانؓ۔

Marfat.com

(۴) ــــ تہذیب الاسماء واللغات للنووی، ج ۲، ص ۱۰۳
تحت معاویہؓ بن ابی سفیان۔

عہدِ عثمانی | مندرجات بالا کے ذریعہ واضح ہوا کہ حضرت عثمانؓ نے امیر معاویہؓ کو کوئی جدید حاکم نہیں مقرر کیا بلکہ سابق خلفاء کے مقرر شدہ حاکم کو علاقہ شام کے لیے برقرار رکھا۔

امیر معاویہؓ اپنی طبعی صلاحیتوں کی بنا پر اپنے فرائض واجبی کو عمدہ طریقہ سے سرانجام دیتے تھے۔ حکمرانی کا سلیقہ تھا اور عوام کے مسائل حل کرنے میں کوئی خامی نہیں چھوڑتے تھے اور نہ ہی رعایا کی طرف سے کوئی خاص شکایت پیش آتی تھی۔

ان حالات کے تحت اگر مزید علاقے مفتوحہ ان کی تحویل میں دے دیئے گئے تو اس سے فتنے و فسادات کھڑے ہونے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

جس آدمی کی شخصیت کے ساتھ عناد ہو تو اس کے متعلق قدم قدم پر اعتراضات قائم کیے جا سکتے ہیں۔

ـــ گروہی تعصب سے الگ ہو کر اگر انصاف سے کام لیا جائے تو اس مقام میں حضرت امیر معاویہؓ کا ایک اپنا بیان کافی وشافی ہے۔
وہ بھی ہم ناظرین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں

حضرت امیر معاویہؓ کا اپنا بیان | "... ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان معصومًا فولانی فادخل فی امرہٖ ثم استخلف ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فولانی ثم استخلف عمرؓ فولانی ثم استخلف عثمانؓ فولانی فلم اَلِ لِاَحَدٍ منھم ولم یولّنی اِلّا وھو راضٍ عَنّی"

Marfat.com

(تاریخ ابن جریر الطبری، ج ۵، ص ۸۷، تحت ۳۳ھ ۔ ذکر تسییر من سیّر من اہل الکوفۃ الیہا)

"یعنی امیر معاویہؓ (کوفہ کی ایک جماعت کو خطاب کر رہے تھے)، فرماتے ہیں کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم معصوم تھے انہوں نے مجھے حاکم اور والی بنایا اور اپنے کام میں داخل کیا۔

پھر ابو بکر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے، انہوں نے بھی مجھے حاکم بنایا ان کے بعد عمرؓ خلیفہ ہوئے انہوں نے بھی مجھے والی مقرر کیا۔ حضرت عمرؓ کے بعد عثمانؓ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے بھی مجھے حاکم بنایا۔ پس میں ان میں سے جس کے لیے والی بنا اور جس نے بھی مجھے والی بنایا وہ سب مجھ سے راضی رہے (کسی کو شکایت نہیں ہوئی)۔"

## خلاصہ یہ ہے کہ

(۱) ——— امیر معاویہؓ کے حق میں جو سنتِ نبوی تھی حضرت عثمانؓ نے اس کے موافق عمل درآمد کیا۔

(۲) ——— اسی طرح صدیقی و فاروقی دور کا جو طریق کار امیر معاویہؓ کے لیے آ رہا تھا، حضرت عثمانؓ نے اسی کو جاری رکھا۔ کوئی جدید طرزِ عمل نہیں اختیار کیا۔

(۳) ——— ان کے عوام کی طرف سے امیر کی تبدیلی کا کوئی تقاضا سامنے نہیں آیا تھا جس کی وجہ سے ان کو بدل دیا جاتا۔

اندریں حالات سیدنا عثمانؓ کے حق میں امیر معاویہؓ کو حاکمِ شام رکھنے پر کنبہ پروری، تعصب اور قبائلی عصبیت کا پروپیگنڈا کرنا نہایت ناانصافی ہے اور حقیقتِ واقعہ کے بالکل خلاف ہے۔

Marfat.com

(۲۰)

# مصر

خلافتِ عثمانی میں حضرت عمروؓ بن العاص مصر کے حاکم اور والی تھے ۔ وقتی تقاضوں کے موافق عثمانی دور کے سال چہارم میں یعنی ۲۷ھ میں ان کو معزول کیا گیا۔
ان کی جگہ پر عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو متعین کیا گیا۔ یہ حضرت عثمانؓ کے رضاعی برادر تھے یعنی حضرت عثمانؓ نے عبداللہ کی ماں کا دودھ پیا تھا۔

(ملاحظہ ہو:۔ اسد الغابہ، ج ۳، ص ۱۷۳ ۔ تحت عبداللہ بن سعد بن ابی سرح)

——عبداللہ بن سعد مذکور بنی امیہ سے نہیں ہیں بلکہ بنی عامر سے تھے۔ حضرت عثمانؓ کے ساتھ ان کا رضاعی برادر ہونا ہی ان کا جرم تجویز کر لیا گیا ہے۔

——منصب کی یہ تبدیلی بھی کسی تعصب یا قبیلہ پرستی کی بنا پر نہیں کی گئی تھی۔ حضرت عثمانؓ کے سامنے قبائلی عصبیت وغیرہ کے نظریات بالکل نہ تھے، بلکہ اس موقعہ کی مصالح اور ضرورتوں کے تحت یہ تبادلے کیے جاتے تھے۔

اس چیز پر مندرجۂ ذیل واقعات ہم ناظرین کے سامنے رکھتے ہیں۔ ان میں غور کرنے سے یہ مسئلہ صاف ہو جائے گا۔

اوّل ——خلیفہ بن خیاط نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ

——وفیہا (۲۷ھ) عزل عثمان بن عفان عمرو بن العاص عن مصر وولّاھا عبداللہ بن سعد بن ابی سرح فغزا ابن ابی سرح افریقیۃ ومعہ العبادلۃ عبداللہ بن عمرؓ۔ عبداللہ بن عمروؓ، عبداللہ بن الزبیرؓ۔ الخ

Marfat.com

"یعنی ۲۷ھ میں عمرو بن العاصؓ کو حضرت عثمانؓ نے مصر سے معزول کیا اور عبداللہ بن سعد کو والی بنایا تو عبداللہ نے اسی سال افریقہ کی جنگ کی مہم شروع کی۔ اس جنگی مہم میں عبداللہ بن عمرؓ اور عمرو بن العاص کے لڑکے عبداللہ اور ابن زبیر وغیرہم اس کے ساتھ شریکِ جنگ ہوئے"

(۱) تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۳۴۔
تحت ۲۷ھ۔

(۲) تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۷۔
تحت تسمیۃ عمّال عثمانؓ۔

(۳) فتوح البلدان بلاذری، ص ۲۳۴ تحت
عنوان فتح افریقہ۔

(۴) تاریخ ابن خلدون، ج ۲، ص ۱۰۰۳ جلد ثانی
تحت عنوان ولایۃ عبداللہ بن ابی سرح علی
مصر و فتح افریقہ۔ طبع بیروت

**دوم** —— اس کے بعد دوسرا واقعہ (۳۰ھ) کا ہے وہ بھی ملاحظہ فرمادیں۔
—خلافتِ عثمانی میں خراسان و طبرستان وغیرہ علاقوں کی فتوحات کے لیے ایک زبردست فوج تیار کی گئی۔ امیرِ لشکر سعید بن العاص اموی تھے۔ بڑے بڑے اکابرینِ اُمت اور صحابۂ کرامؓ اس مہم میں شریک ہوئے۔ ان حضرات میں عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ بھی تھے اور وہ اس کارِ خیر میں بخوشی شریک ہوتے تھے۔
اہلِ علم کی تسلی کے لیے طبری کی عبارت بلفظہٖ درج کی جاتی ہے اور باقی مؤرخین کا صرف حوالۂ کتاب دے دیا ہے۔

"... عن حنش بن مالك قال غزا سعيد بن العاص من

Marfat.com

الکوفۃ سنۃ ۳۰ھ یرید خراسان ومعہ حذیفۃ بن
الیمان وناس من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ومعہ الحسن والحسین وعبداللہ بن عباس وعبداللہ بن
عمرو وعبداللہ بن عمرو بن العاص وعبداللہ بن الزبیر الخ

(۱)۔۔۔ تاریخ للطبری، ج ۵، ص ۵۷۔ ذکر الخبر عنہ
عن غزو سعید بن العاص طبرستان۔

(۲)۔۔۔ الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۵۴۔ ذکر غزوۂ طبرستان

(۳)۔۔۔ البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۵۴ تحت سنہ ۳۰ھ

(۴)۔۔۔ تاریخ ابن خلدون، ج ۲، ص ۱۰۱۸ تحت
غزوۂ طبرستان۔ طبع بیروت۔

۔۔۔ اگر عمرو بن العاص کی معزولی متعصبانہ اور قابل اعتراض تھی تو اس دور کے اکابر صحابہ کرامؓ کو اوّلاً حق پہنچتا تھا کہ اس کے خلاف عملاً احتجاج کرتے اگر خلیفۂ اسلام اپنی قبیلہ پرستی سے باز نہ آتے تو ان کے اہم کاموں میں شریک کار ہونا ترک کر دیتے۔ یہاں معاملہ برعکس ہے کہ خود عمرو بن العاصؓ کے صاحبزادے عبداللہ بن عمرو بن العاص اسی سال (۲۷ھ) میں افریقیہ کی مہم میں باقی اکابرین کے ساتھ شریک جہاد ہوتے۔ اور غنائم سے دوسروں کی طرح حصہ رسدی حاصل کیا۔ اور دوسرے کسی بزرگ نے بھی یہ اعتراض نہیں کھڑا کیا۔

۔۔۔ پھر سنہ ۳۰ھ میں بھی غزوۂ طبرستان وغیرہ میں یہی صاحبزادے دیگر بزرگوں کی طرح شریک جنگ ہوتے اور ان مہموں میں پوری طرح حصہ لیا۔

مختصر یہ ہے کہ ان واقعات کے ذریعہ معلوم ہو گیا کہ عبداللہ بن عمرو بن العاص کے والد (عمرو بن العاص) کو ان کے منصب سے کسی گروہ بندی اور

Marfat.com

عصبیّت کی وجہ سے الگ نہیں کیا گیا تھا بلکہ وقتی مصلحت اور ملّی ضرورت کے تحت یہ معاملہ پیش آیا تھا۔

اکابر صحابہ کرام کے تعامل سے یہ مسئلہ صاف اور بے غبار ہے۔

اعتراض کنندگان کی کج بحثی کا کوئی علاج نہیں۔ مالک کریم سب مسلمانوں کو تمام صحابہ کرام کے حق میں حسنِ ظنی کی توفیق عطا فرماتے۔ اور معترض احباب کو ہدایت بخشے۔

# کاتب کا منصب

"تاریخ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت عثمانؓ کے لیے مروان بن الحکم الکاتب تھا"

(تاریخ خلیفہ بن خیّاط، ج ۱، ص ۱۵۷ تحت عمال عثمانی، طبع عراق)۔

حکومت کے عہدوں میں اس دور کے اعتبار سے کاتب کا صحیح مفہوم "منشی" اور "محرّر دفتر" ہے۔ معترضین حضرات نے اس چھوٹے سے عہدہ کے مفہوم کو من مانی تشریحات کا جامہ پہنا کر کہیں سے کہیں پہنچا دیا۔ پوری سلطنتِ عثمانی کا سیکرٹری تجویز فرما کر تمام ملک کے دروبست پر مسلّط فرما دیا۔

اعتراض کنندگان کے بابرکت قلم کا یہ ادنیٰ کرشمہ ہے اور ان کے فنِ خطابت کا یہ کمال ہے ورنہ اس دور میں کہاں منشی و محرّر کا مقام اور کہاں تمام ملک پر مسلّط سکرٹری کا منصب؟

ع جو چاہے آپ کا حسنِ کرشمہ ساز کرے

(۱) اس سلسلہ میں ناظرین کے علم میں یہ بات ہونی چاہیے کہ مروان بن الحکم عہدِ عثمانی

Marfat.com

میں ہمیشہ کاتب (یعنی منشی یا محرّر) کے عہدہ پر نہیں تھا۔ بلکہ ایک زمانہ تو اس کو البحرین کے علاقہ پر حاکم و والی بنایا گیا۔

خلیفہ بن خیّاط نے اس مسئلہ کو بالفاظ ذیل درج کیا ہے :-

"۔۔۔۔ ومن وُلاتِہ علیھا مروان بن الحکم"

(تاریخ خلیفہ بن خیّاط ص ۱۵۹، جزء اوّل
تحت تسمیۃ عمّالِ عثمانی)

"یعنی حضرت عثمانؓ کے دور میں جو لوگ بحرین کے علاقہ کے لیے والی و حاکم بنائے گئے ان میں مروان بن حکم بھی ہے"

(۲) دوسری یہ چیز ہے کہ بعض اوقات مروان نے اسلامی جنگوں میں شرکت کی ہے۔ چنانچہ بلاذری نے غزوۂ افریقیہ کے واقعات کے تحت نقل کیا ہے عبداللہ بن سعد بن ابی سرح نے جنگِ افریقیہ کے لیے تیاری کی تو اس کی امداد کے لیے ایک عظیم جماعت مدینہ طیبہ سے حضرت عثمانؓ نے روانہ کی۔ ان لوگوں میں معبد بن العباس بن عبدالمطلب ہاشمی۔ مروان بن الحکم اموی۔۔۔ عبداللہ بن زبیرؓ، عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عمرو بن العاص وغیرہم بہت سے حضرات تھے۔

"۔۔۔۔ وامدّہٗ بجیشٍ عظیم فیہ معبد بن العباس بن عبدالمطلب ومروان بن الحکم بن ابی العاص ۔۔۔ الخ

(فتوح البلدان احمد بن یحییٰ بلاذری ص ۲۳۴۔
تحت عنوان فتح افریقیہ۔ طبع مصری)

——— اسی طرح ابن عذاری المراکشی نے اپنی کتاب "البیان المغرب فی اخبار المغرب" کی ابتدا میں درج کیا ہے کہ فتح افریقیہ کے لیے جو مسلمانوں کا لشکر گیا

Marfat.com

تھا اس میں مروان بن الحکم موجود تھا اور شریک لشکر تھا۔

"..... خرج جیش المسلمین الی فتح افریقیۃ وفی الجیش مروان بن الحکم"

(کتاب البیان المغرب فی اخبار المغرب ص ۲ تحت ذکر فتح افریقیہ۔ طبع بیروت)

ان تاریخی واقعات کے ذریعہ معلوم ہو گیا کہ مروان بن الحکم، عہدِ عثمانی میں ہمیشہ "کاتب" بھی نہیں رہا ہے چہ جائیکہ تمام سلطنتِ عثمانی پر سیکرٹری جنرل کی حیثیت سے قابض رہا ہو۔

—— اس کے بعد یہ گذارش بھی قابلِ توجہ ہے کہ:

— جو شخص بھی خلیفۃ المسلمین کا کاتب و محرّر مقرر ہو وہ سلطنتِ اسلامی کا سیکرٹری بن جاتا ہے؟ یہ کوئی اصولِ ریاست میں سے نہیں ہے۔

اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے مندرجۂ ذیل واقعات سامنے رکھیں اور تدبّر فرما دیں۔

(۱) —— مثلاً حضرت سیدنا صدّیق اکبرؓ کے عہد میں حضرت عثمانؓ بن عفان ان کے کاتب و منشی تھے۔

"... وکان عثمان بن عفّان کاتباً لابی بکر الصدّیق"۔ الخ

(کتاب المحبر لابی جعفر البغدادی، ص ۳۷۷ تحت اسماء اشراف الکتّاب۔ طبع دکن)

(۲) —— اور فاروق اعظمؓ کے عہد میں زید بن ثابت انصاریؓ کاتب و محرّر تھے اور ایک شخص معیقیب بھی کاتب تھے۔

"وکاتب عمرؓ زید بن ثابت وقد کتب لہٗ معیقیب"۔ الخ

Marfat.com

(تاریخ خلیفہ بن خیاط، ص ۱۳۰، الجزء الاوّل، طبع عراق۔
تحت تسمیۃ عمّال عمر بن الخطّاب کتّابہٗ و حاجبہٗ و خازنہٗ .. الخ

مطلب یہ ہے کہ ان خلفاء حضرات کے کاتبوں اور منشیوں کو کوئی بھی سلطنت کا سیکرٹری نہیں تصوّر کرتا تو حضرت عثمانؓ کے محرر و منشی کے متعلق ملک بھر کا سیکرٹری بنانے کی کیوں تکلیف فرمائی جا رہی ہے؟

## تنبیہ

"الکاتب کے منصب کے ضمن میں ایک تاریخی اصطلاح" کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے وہ یہ ہے کہ صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) کے دَور کے بہت بعد عباسی خلفاء" وغیرہ کے ایام میں خلیفہ کے ہاں ایک منصب" الکاتب" کے نام سے موسوم کیا جاتا تھا۔ علم و ادب میں فائق اور حالاتِ حاضرہ سے باخبر شخصیت کو اس کے لیے منتخب کیا جاتا تھا۔

وہ خلیفہ کے لیے علمی، ادبی، خطابی ضروریات کو پورا کرتا تھا تحریر و تقریر کے مقاصدِ حکومت اس کے ذریعہ مکمل کرتی تھی۔ اس منصب کے عہدہ دار کو حاکمانہ تصرفات اور اختیاراتِ حکومت سے کچھ تعلق نہ ہوتا تھا۔

——— ایسے مخصوص منصب "الکاتب" کا عثمانی ایّامِ خلافت میں سرے سے کوئی وجود نہیں تھا۔ خلافتِ راشدہ کے دَور میں جو "کاتب" خلیفہ کے لیے کام کرتے تھے ان کی حیثیت ہم نے صدیقی و فاروقی دَور کے کاتبوں میں اوپر عرض کر دی ہے اس سے زیادہ کچھ نہ تھی وہی حیثیت حضرت عثمانؓ کے سامنے مروان کی تھی۔

معترض احباب نے "مشاکلہ لفظی" یعنی الکاتب کے لفظ کے ذریعہ فریب

Marfat.com

دینے کی سعی کی ہے اور عثمانی دور کے منشی و محرّر کے منصب کو تمام ملک کے چیف سیکرٹری کے نام سے تعبیر کر دیا ہے اور عثمانی خلافت کے تمام اختیارات اس کے ہاتھ میں دکھلانے کی تجویز کی ہے جو بالکل خلاف واقعہ ہے اور سراسر فریب دہی ہے۔

انصاف پسند حضرات سے امید ہے کہ ان معروضات کے بعد "منصب ہذا" کے مسئلہ کو خود حل فرما سکیں گے۔

—— مروان بن الحکم کے متعلق بعض اشیاء بحث ثانی میں دلجوئی تعالیٰ درج ہونگی۔ تھوڑے سے انتظار کی تکلیف فرما دیں۔

# عزل و نصب کے معاملہ میں

# امام بخاریؒ کی ایک روایت

اس مسئلہ کی بحث اوّل کا یہ آخری حصّہ ہے۔ امید سے زیادہ طوالت ہو گئی ہے تاہم مندرجۂ ذیل روایت کا اندراج عزل و نصب کی بحث میں مفید سمجھ کر کیا جاتا ہے۔

امام بخاریؒ نے "تاریخِ صغیر" میں باسند روایت نقل کی ہے:

—— حدثنا جبیر حدثنی جھیم الفھری قال انا شاھد الامر کلّہ قال عثمانؓ لیقم اھل کل مصر کرھوا صاحبھم حتی اعزلہ عنھم و استعمل الّذی یحبّون فقال اھل البصرۃ رضینا بعبد اللہ بن عامر فاقرّہ وقال اھل الکوفۃ اعزل عنا سعید بن العاص و استعمل ابا موسیٰ ففعل

Marfat.com

وقال اهل الشام قد رضينا بمعاوية فاقرّه وقال اهل مصر اعزل عنا ابن ابی سرح واستعمل علینا عمرو بن العاص ففعل ؟

(تاریخ صغیر امام بخاری، ص ۴۴، ۴۵ طبع الٰہ آباد ہند)

"یعنی (ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ) حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ جن مقامات کے لوگ اپنے حاکم کو ناپسند کرتے ہوں وہ کھڑے ہوجائیں میں (ان کے تقاضے کی بنا پر) ان کے حاکم اور والی کو معزول کردوں گا اور جس شخص کو وہ پسند کرتے ہوں اس کو عامل وحاکم بنا دوں گا۔ (اس اعلان کے بعد)

(۱) ـــــ اہلِ بصرہ نے کہا کہ عبداللہؓ بن عامر پر ہم راضی ہیں۔ یہ ہمیں منظور رہے تو ان کے لیے ابنِ عامر کو برقرار رکھا۔

(۲) ـــــ اور کوفہ والوں نے کہا ہمارے ہاں سے سعید بن العاص کو معزول کر دیجیے اور ابو موسیٰ اشعریؓ کو حاکم بنا دیجیے۔ حضرت عثمانؓ نے اسی طرح کر دیا۔

(۳) ـــــ اہلِ شام نے کہا کہ ہم امیر معاویہؓ کی حکومت پر راضی ہیں تو حضرت عثمانؓ نے شام کے علاقہ کے لیے انہیں برقرار رکھا۔

(۴) ـــــ اہلِ مصر نے کہا کہ ہمارے ہاں سے عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو معزول کرکے عمروؓ بن العاص کو عامل ووالی بنا دیجیے۔ حضرت عثمانؓ نے اسی طرح کر دیا۔

ـــــ اس روایت کے اعتبار سے سیدنا امیر المؤمنین عثمانؓ کا کردار اس معاملہ میں نہایت بے داغ نظر آتا ہے۔ حضرت عثمانؓ نے کامل دیانتداری کے ساتھ

Marfat.com

عوام کے احساسات اور مفادات کو پوری طرح ملحوظ رکھا کسی قسم کی جانبداری اور قبیلہ پرستی سامنے نہیں رکھی۔

اس روایت نے بڑے بڑے الجھاؤ صاف کر دیتے ہیں اور اس نوعیت کی بیشتر داستانیں ختم کر کے رکھ دی ہیں۔

معترضین حضرات اگر تعصب دُور فرما کر انصاف پسندی اور خدا خوفی سے کام لیں تو مسئلہ صاف ہو چکا ہے۔ اس میں کوئی خفا باقی نہیں رہا۔

## تنبیہ

امام بخاریؒ کی مندرجہ روایت سے یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ مروان بن حکم کی بے اعتدالیوں کی داستانیں اور اس کے ملکی تسلّط کے قصّے جو سنائے جاتے ہیں وہ بیشتر بے اصل اور لغو ہیں اگر ان میں اصلیّت ہوتی تو اس دَور کے مسلمانوں نے حضرت عثمانؓ کے سامنے جہاں عزل و نصب کے دیگر مسائل پیش کیے تھے وہاں مروان کے الگ کروانے کا مسئلہ بھی ضرور پیش کرتے اور اس کو برطرف کروا دیتے۔ حضرت عثمانؓ کی طرف سے تو اس نوعیّت کے مسائل حل کرانے کی پیش کش ہوئی تھی اور حاضرین پھر بھی مروان کے حق میں خاموش رہے سچ ہے کہ "السکوت فی معرض الحاجۃ الی البیان بیانٌ"۔

(۱) (اصول البزدوی، ص ۱۶۰، باب تقسیم الراوی طبع نور محمد، کراچی)

(۲) اصول شاشی صہ ۲، فصل بیان الحال

## اختتام بحث اوّل

اس بحث کے اوّل سے لے کر آخر تک مناصبِ عثمانی اور ان کے حکّام کی ایک

Marfat.com

تفصیل دے دی گئی ہے ۔ان میں اموی وغیر اموی کا حساب لگانا اور اقربا و غیر اقربا کا شمار کرنا ناظرین کرام کے لیے بڑی سہولت سے ہو سکتا ہے۔ عہدِ عثمانی کی تمام سلطنت پر تدبّر سے نظر ڈال کر تناسب خود لگائیں اور موازنہ قائم کریں کہ کس قدر بنو امیہ کو مسلّط کر دیا گیا اور کتنی تعداد باقی قبائل کے حکّام کی تھی ؟

کیا حضرت عثمانؓ نے اپنے دَور میں جانب دارانہ سلوک روا رکھا تھا؟

اور اپنے قبیلہ کے افراد کو تمام سلطنتِ عثمانی پر قابض بنا دیا تھا ؟

—— ہم نے تاریخی مواد قلیل سی سعی کر کے بحوالہ کتب آپ حضرات کے سامنے رکھ دیا ہے نتیجہ پر پہنچنا اب قارئین حضرات کے لیے کچھ مشکل نہیں ہے۔

مختصر یہ ہے کہ اتنی عظیم و وسیع سلطنت میں صرف چار پانچ آدمی رشتہ دار حاکم بنائے گئے اور ان میں سے بھی بعض حسبِ ضرورت ادلتے بدلتے رہے۔ کیا اسی کا نام ہے "حکومت کے تمام اختیارات ایک خاندان کے لیے جمع کر دیئے گئے "؟ انصاف فرمادیں۔

—— اس کے بعد اب دوسری بحث شروع ہوگی اس میں ان حضرات کی لیاقت اور صلاحیت و کردار کا مسئلہ سامنے رکھا جائے گا۔ اور ان کی دینی، ملّی خدمات کا ذکر کیا جائے گا ۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

Marfat.com

# بحث ثانی

یہاں اس اعتراض کا جواب پیش کرنا مناسب ہے جس میں معترض دوستوں نے لکھا ہے کہ:

"فانہ ولّی امور المسلمین من لا یصلح للولایۃ حتّٰی ظہر من بعضہم الفسوق و من بعضہم الخیانۃ ... الخ

"منہاج الکرامۃ فی معرفۃ الامامۃ لابن المطہر الحلی الامامی الشیعی بحث مطاعن عثمانی ص۶۶ مطبوعہ در آخر جلد رابع از منہاج السّنہ (طبع لاہور)

"یعنی عثمانؓ نے مسلمانوں کے تمام اُمور کا ایسے کارندوں کو حاکم بنا دیا جو لوگ حکومت کرنے کی "صلاحیت" اور "لیاقت" نہیں رکھتے تھے۔ حتیٰ کہ ان میں سے بعض افراد سے فسق و فجور ظاہر ہوا اور بعضوں سے خیانتیں صادر ہوئیں وغیرہ وغیرہ"

——— حضرت عثمانؓ کے اقرباء میں سے یہ وہی اشخاص ہیں جن کا بحث اوّل میں ذکر ہو چکا ہے یعنی ولیدؓ بن عقبہ۔ سعیدؓ بن العاص، عبداللہؓ بن عامر بن کریز۔ امیرؓ معاویہ بن ابی سفیان۔ عبداللہؓ بن سعد بن ابی سرح۔ مروانؓ بن الحکم۔

ان حضرات پر یہ طعن ہے کہ ان لوگوں کو حضرت عثمانؓ نے حکومت کی ذمّہ داریاں سپرد کیں حالانکہ یہ لوگ حکومت کی اہلیّت و صلاحیت نہیں رکھتے

Marfat.com

تھے بلکہ فاسق وخائن تھے۔ انہوں نے مسلمانوں کی حکومت کو نقصان پہنچایا۔ ان کی وجہ سے دین کا تنزل ہُوا، اسلام کی بربادی ہوئی اور ان کو مناصب ملنے کی وجہ سے جاہلی تعصّب اور قبائلی دھڑے بندی اس دَور میں پھر عود کر آئی اور یہ چیز قتلِ عثمانی پر منتج ہوئی۔

——اس مسئلہ کے جواب کے لیے پہلے چند تمہیدات پیشِ نظر رکھیں اس کے بعد مندرجہ بالا افراد میں سے ہر ایک کی پوزیشن الگ الگ ملاحظہ فرما دیں۔ اس طریقہ سے معلوم ہو سکے گا یہ کس قسم کے لوگ تھے؟ ان کا کردار کیا تھا؟ ان کے سبب سے ملّتِ اسلامیہ کو فائدہ ہُوا یا نہ ہُوا؟ اسلام کی انہوں نے کتنی خدمات سرانجام دیں۔ اور یہ لوگ اسلامی سلطنت کے حق میں اہل ثابت ہوتے یا نا اہل؟ کیا ان لوگوں کی وجہ سے کوئی قبائلی عصبیّت لوٹ آئی تھی؟ یا صرف پروپیگنڈا ہے؟

# تمہیدات

## (۱)

——معصیت اور خطا سے معصوم ہونا انبیاء علیہم السّلام کی صفت ہے۔ مندرجہ حضرات خطا سے مبّرا نہ تھے۔ نہ فرشتوں کی طرح گناہوں سے محفوظ تھے۔ انسان تھے اور انسان سے خطا سرزد ہونا کچھ بعید نہیں۔

## (۲)

——اعتراض پیدا کرنے والے احباب نے ان لوگوں کے نقائص و

Marfat.com

معائب عوام کے سامنے بڑی کوشش سے نشر فرماتے ہیں۔ ان لوگوں کے کردار کی یہی پسندیدہ تصویر ان کے پاس تھی جو انہوں نے دکھلا دی ہے۔

اب ہم آئندہ اوراق میں ان مطعونین کی شخصیت کی تصویر کا دوسرا رُخ پیش کرتے ہیں۔ اس طریقہ سے ناظرین حضرات کے لیے ایک شخص کے محاسن و قبائح کے دونوں پہلو پیش نظر ہوں گے۔

بالفرض ان میں کچھ خامیاں تھیں تو ساتھ ہی ان کی خوبیوں کو بھی ملحوظِ نظر رکھنا ہوگا۔ ع

"عیب وی جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو"

(۳)

نیز یہ بات بھی قابلِ لحاظ ہے کہ حضرت سیدنا عثمانؓ نے ان لوگوں پر اعتماد کیا اور ذمہ داریاں سپرد فرمائیں اگر مفوضہ امُور کے یہ اہل نہ ہوتے اور ان میں صلاحیت نہ ہوتی تو حضرت عثمانؓ ان لوگوں کو اُمت کے اہم کام تفویض ہی نہ فرماتے۔

اب ان چھ حضرات کے متعلقات علی الترتیب پیش کیے جاتے ہیں اس پر بحث ثانی تمام ہوگی۔

---

Marfat.com

# ولید بن عقبہؓ کے متعلقات

نسب اور اسلام | پدری سلسلہ نسب اس طرح ہے:

—— ولید بن عقبہ بن ابی معیط بن ابی عمرو بن امیہ بن عبد شمس ... یکنّٰی ابو وہب ....

(طبقات ابن سعد، ج ۶، ص ۱۵۔
تحت ولید بن عقبہ)

—— اور مادری نسب یہ ہے:

"امّہ اروی بنت کریز بن ربیعہ .... وھو اخو عثمان بن عفان لامّہ ...."

(طبقات ابن سعد، ج ۶، ص ۱۵۔
تحت ولید بن عقبہ)

—— وامّ بنی عقبۃ ھٰؤلاء اروی بنت کریز بن ربیعہ .... وامّھا البیضاء ام حکیم بنت عبد المطلب تو أمۃ ابی رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم و اخوھم لامّھم عثمان بن عفّان "

(نسب قریش لمصعب الزبیری، ص ۱۴۶
تحت اولاد عقبہ بن ابی معیط)

مطلب یہ ہے کہ ولید بن عقبہؓ اپنے آباؤ اجداد کی طرف سے چھٹی پشت

Marfat.com

(یعنی عبد مناف) میں نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علیؓ المرتضیٰ کے ساتھ نسب میں شریک ہیں اور چھٹا دادا مشترک ہے۔ اور ولید کی کنیت ابو وہب ہے۔

اور ماں کی جانب سے تعلق اس طرح ہے کہ

ولید کی ماں کا نام اروی بنت کریز بن ربیعہ ہے۔ اور اروی حضرت عثمانؓ کی بھی ماں ہے۔ اس وجہ سے ولید اور حضرت عثمانؓ باہم ماں جائے برادر ہیں۔

پھر اروی بنت کریز کی ماں (یعنی ولید و عثمانؓ دونوں کی نانی) البیضاء ام حکیم ہے جو عبد المطلب بن ہاشم کی لڑکی ہے۔

—— اور البیضاء ام حکیم نبی کریم علیہ السلام کے والد شریف حضرت عبد اللہ کی توأم ہے (یعنی ایک بطن سے پیدا شدہ ہیں) لہٰذا عقبہ کی اولاد (ولید وغیرہ) حضرت عثمانؓ کے لیے ماں جائے برادر ہیں۔

—— تشریح ہٰذا کے ذریعے ولید اور حضرت عثمانؓ کا نسبی تعلق معلوم ہو گیا۔ اور ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علیؓ کے ساتھ جو ولید کی قرابت نسبی و خاندانی ہے وہ بھی واضح ہو گئی۔[1] یعنی ولید کی ماں بنی ہاشم حضرات کی بنت البنت (نواسی) ہے (۲) ولید کی ماں کے ننہال بنی ہاشم ہیں (۳) اور ولید بن عقبہ حضرت علیؓ کی پھوپھی زاد بہن کے لڑکے ہیں۔

—— اور ولید فتح مکہ کے موقعہ پر ایمان لائے تھے۔ (مشہور روایت یہی ہے) اور حضور علیہ الصلوٰۃ کے صحابہ کرامؓ میں سے ہیں۔

.... الولید بن عقبۃ بن ابی معیط ... من مسلمۃ الفتح ....

(۱) —— تجرید اسماء الصحابہ، ج ۲، ص ۱۳۹ للحافظ الذہبی طبع اوّل، دکن۔

Marfat.com

"... واسلم الولید واخوه عمارة یوم الفتح ..."

(۲)— الاصابہ، ج ۳، ص ۶۰۱، جلد ثالث معہ

الاستیعاب تحت الولید بن عقبہ۔

یعنی ولید اور ان کا برادر عمارہ دونوں فتح مکہ کے روز ایمان لائے تھے۔

**طبعی لیاقت** ولید فتح مکہ کے موقعہ پر ایمان لاتے۔ اپنی ذاتی لیاقت کی بناء پر کئی اوصاف کے مالک تھے۔ قبیلۂ قریش کے اہم لوگوں میں سے تھے۔ شرفاءِ قوم میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ بہادر و شجاع تھے۔ باحوصلہ آدمی اور سخی مرد تھے۔ اپنے دور کے شاعر بھی تھے۔

یہ چیزیں عبارتِ ذیل میں ملاحظہ فرما دیں۔

(۱) ...... وکان الولید، من رجال قریش وشعرائهم و

کان له سخاء ... الخ

(۲) ...... وکان الولید شجاعاً شاعراً جواداً ... الخ

(۳) —— اسلم یوم الفتح ..... وکان من رجال قریشٍ

ظرفاً وحلماً وشجاعةً وادباً وکان شاعراً

شریفاً ... الخ"

(۱) نسب قریش المصعب الزبیری، ص ۱۳۸

تحت اولاد عقبہ بن ابی معیط۔

(۲) الاصابہ، ج ۳، ص ۶۰۱۔ معہ استیعاب

تحت الولید بن عقبہ۔

(۳) تہذیب التہذیب، ص ۱۴۲-۱۴۳، ج ۱۱

تحت الولید بن عقبہ۔

Marfat.com

## حاکم و عامل بنایا جانا

علماء رجال و تراجم نے لکھا ہے کہ
(۱) ــــ فتح مکہ کے بعد نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ولید بن عقبہ کو قبیلہ بنی مصطلق کے صدقات کی وصولی پر عامل و حاکم مقرر فرمایا۔

(۲) ــــ پھر صدیقِ اکبرؓ نے اپنے دَورِ خلافت میں قبیلہ بنی قضاعہ کے صدقات پر ولید بن عقبہ اور عمرو بن العاص دونوں کو عامل متعین فرمایا۔ اور ان دونوں کو رخصت کرنے کے لیے حضرت صدیقؓ خود مدینہ سے باہر تشریف لے گئے۔ دونوں حضرات کو خدا خوفی کی وصیتیں فرمائیں اور روانہ کیا۔

(۳) ــــ اور فاروقی دَور میں حضرت فاروقِ اعظمؓ نے ولید بن عقبہ کو قبیلہ بنی تغلب کے صدقات پر عامل و حاکم کی حیثیت سے تعینات فرمایا۔

(۴) ــــ اور حضرت عثمانؓ نے بھی ولید بن عقبہ کو عامل و حاکم مقرر کیا جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے (یعنی بحث اوّل میں گزر چکا ہے۔

مقاماتِ ذیل کی طرف رجوع کریں۔ یہاں یہ مسئلہ درج ہے۔

(۱) . . . . الولید بن عقبة بن ابی معیط علی بنی مصطلق الخ
اسلم یوم الفتح بعثه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علی صدقات بنی مصطلق۔

(۱) ــــ کتاب المحبّر ص ۱۲۶ تحت امراء نبوی۔

(۲) ــــ تہذیب التہذیب، ج ۱۱ ص ۱۴۲ تحت الولید

(۲) ". . . . کتب ابوبکر الی عمرو بن العاص والی ولید بن عقبة وکان علی النصف من صدقات قضاعة وقد کان ابوبکرؓ شیّعهما مبعثهما علی الصدقة واوصٰی کلّ

Marfat.com

واحدٍ منهما بوصيّةٍ اتّق اللّٰہ فی السّرّ والعلانیۃ ۔

(تاریخ للطبری، ج ۴، ص ۲۹ تحت سنہ ۱۳ھ)

(۳)۔۔۔۔ وولاہ عمر علی صدقات بنی تغلب وولاہ عثمان علی الکوفۃ ثم عزلہ ۔۔۔۔ وفی تسع وعشرین عزل عثمان عن الکوفۃ الولید بن عقبۃ ۔۔۔الخ

(تہذیب التہذیب، ص ۱۴۳-۱۴۴، ج ۱۱ - تحت الولید بن عقبہ)

## کارکردگی وکارنامے

(۱)

اس سلسلہ میں چند چیزیں ذکر کی جاتی ہیں :۔

ولید بن عقبہ میں کام کی اہلیت تھی اور انتظام کی صلاحیت بھی۔ اس بناء پر خلفائے راشدین کی طرف سے ملّت کے کاموں میں مصروف رہتے تھے۔

—— چنانچہ حضرت عمرؓ کی جانب سے قبیلہ بنی تغلب پر عامل رہے اور عرب الجزیرہ کے علاقہ پر حاکم ووالی متعیّن تھے۔

—— جب ان کو کوفہ پر حضرت عثمانؓ نے والی بنایا تو عرب الجزیرہ سے کوفہ کی طرف پہنچے تھے۔ عہدِ عثمانی کے دوسرے سال میں کوفہ پر ان کا یہ تقرر ہُوا تھا۔

—— اپنے عمدہ کردار کی وجہ سے لوگوں میں پسندیدہ تھے اور رعیّت کے ساتھ رفق ونرمی کا برتاؤ رکھتے تھے۔

—— قریباً پانچ سال تک کوفہ پر حاکم رہے۔ اس مدّت میں ان کی حویلی پر عوام کو روکنے کے لیے کوئی دروازہ اور دربان نہیں تھا۔ (یعنی مستغیث کو اپنی معروضات پیش کرنے کی ہر وقت اجازت تھی)

Marfat.com

اہلِ علم کی تسلّی کے لیے حوالہ کی عبارت درجِ ذیل ہے ۔طبری میں ہے کہ

"..... وکان (الولید بن عقبۃ) علی عرب الجزیرۃ عاملاً لعمر بنؓ الخطاب فقدم الولید فی السنۃ الثانیۃ من امارۃ عثمان ..... فقدم الکوفۃ وکان احب الناس فی الناس وارفقم بهم فکان بذالک خمس سنین و لیس علی دارہ باب "

اور ابن کثیر کی عبارت میں یہ مضمون اس طرح ہے ۔

"..... واستعمل الولید بن عقبہ وکان عاملاً لعمر علی عرب الجزیرۃ فلما قدمها اقبل علیہ اهلها فاقام بها خمس سنین ولیس علی دارہ باب وکان فیہ رفق بو عیتہ "

(۱)۔۔۔ تاریخ طبری، ج ۵، ص ۴۸، ۲۶ھ، تحت ذکر سبب عزل عثمان عن الکوفۃ سعداً و استعمالہ علیها الولید "

(۲)۔۔۔ البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۵۱ تحت ۲۶ھ ۔طبع اوّل مصری

Marfat.com

**صحابہ کرامؓ کے مشورہ سے دینی امور کا اہتمام:** دینی مسائل کی خاطر جس مرحلہ پر ان کو وضاحت کی ضرورت ہوتی تو صحابہ کرامؓ سے موقعہ بموقعہ رجوع کرتے تھے۔

چنانچہ ولید بن عقبہ جس دور میں کوفہ کے حاکم اور والی تھے ان ایام میں عیدالفطر یا عیدالاضحیٰ کا موقعہ پیش آیا۔ تو اس سلسلہ میں نماز عید اور خطبہ کے متعلقہ مسائل دریافت کرنے کیلئے امیر کوفہ یعنی ولید موجود صحابہ کرام حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضرت حذیفہؓ اور حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ کل عید کا روز ہے فرمایئے نماز کس طرح سے ادا کرنا ہو گی؟ اور طریقہ کار کیا ہو گا؟

ان حضرات میں سے حضرت حذیفہؓ اور حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے عبداللہ بن مسعودؓ کو کہا کہ آپ اس کا پورا طریقہ امیر ولید کو بیان فرمایئے۔

تو جناب ابن مسعودؓ نے ارشاد فرمایا کہ

اذان و اقامت کے بغیر دو رکعت نماز عید پڑھائی جائے اور رکعت اول میں پانچ تکبیریں کہیں اور دوسری رکعت میں چار تکبیریں پڑھیں اور دونوں رکعات کی قرات میں موالات قائم رکھیں یعنی ان کے درمیان زوائد تکبیرات نہ ادا کریں بلکہ اول اور آخر میں زوائد تکبیرات بڑھائیں۔ پھر نماز عید کے بعد عید کا خطبہ سواری پر پڑھایا جا سکتا ہے۔ چنانچہ ولید نے ان حضرات کے فرمودات کی روشنی میں عید کے مسائل میں عمل درآمد کیا۔

**(عن) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ انه کان فی مسجد الکوفة و معه حذیفة و ابو موسیٰ حتی خرج علیهم الولید بن عقبة وهو امیر الکوفة فقال غدا عید کم فکیف اصنع؟ فقالوا اخبره یا ابا عبدالرحمٰن فامره عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنه ان یصلی بغیر اذان ولا اقامة ان یکبر فی الاولی خمسا و فی الاخیرة اربعا یوالی بین القراء تین و یخطب بعد الصلوٰة علی راحلة۔(۱)**

**(۲)**

جنگی کارناموں کے سلسلہ میں مورخین نے لکھا ہے کہ ولید بن عقبہ نے آذربائیجان اور آرمینیا کے علاقہ پر کوفہ سے ایک لشکر مرتب کر کے پیش قدمی کی۔

یہ دونوں علاقے قبل ازیں مفتوح ہونے کے بعد نقض عہد کر کے بغاوت

---

(۱) جامع مسانید الامام الاعظمؒ ص ۳۶۹ ر ج ۱ تحت الفصل الرابع فی صلوٰۃ العیدین والجمعہ والسنن والنوافل۔

(۲) کتاب الاثار لابی محمد یوسفؒ ص ۵۹ --- باب صلاۃ العیدین نمبر ۲۸۸ - طبع بیروت۔

Marfat.com

کر چکے تھے۔ ولید اس جیش کے ذریعہ ان پر حملہ آور ہوئے۔ دوبارہ فتح کیا غنائم حاصل کیے۔ مخالفین کو قیدی بنایا گیا۔ بے شمار اموال مسلمانوں کے ہاتھ لگے۔

——— آذربیجان و آرمینیہ کے لوگوں کو جب اپنی ہلاکت کا یقین ہو گیا تو انہوں نے صلح اختیار کی (جیسا کہ حضرت حذیفہ بن یمان کے ساتھ صلح کی تھی) یعنی آٹھ لاکھ درہم سالانہ مسلمانوں کو ادا کریں گے۔ امیر ولید بن عقبہ نے ان سے یہ بطور سالانہ جزیہ کے وصول کیا اور غنائم حاصل کر کے کوفہ کی طرف بسلامت واپس ہوئے۔

عبارت ذیل میں یہ مضمون مذکور ہے:۔

——— ان الولید بن عقبۃ سار بجیش الکوفۃ نحو آذربیجان و آرمینیۃ حین نقضوا العھد فوطی بلادھم و اغار باراضی تلک الناحیۃ فغنم وسبی و اخذ اموالاً جزیلۃً فلمّا ایقنوا بالھلکۃ صالحھم اھلھا علیٰ ما کانوا صالحوا علیہ حذیفۃ بن الیمان ثمان مائۃ الف درھم فی کل سنۃ فقبض منھم جزیۃ سنۃٍ ثم رجع سالمًا غانمًا الی الکوفۃ۔ الخ

(البدایہ لابن کثیر ص ۱۴۹-۱۵۰، ج ۷، تحت سنہ ۲۴ھ، تذکرہ خلافت امیر المومنین عثمانؓ بن عفان، طبع اوّل مصر)

(۴)

جب اہلِ روم نے مسلمانوں کے ساتھ شدید مقابلہ کیا۔ اہلِ شام کو خوف

Marfat.com

لاحق ہُوا تو انہوں نے خلیفۂ وقت سیّدنا حضرت عثمانؓ سے جنگی امداد طلب کی۔
حضرت عثمانؓ نے امدادی لشکر روانہ کرنے کے لیے امیرِ کوفہ ولید بن عقبہ کو فرمان جاری کیا کہ جب میرا یہ حکم پہنچے تو اپنے بھائیوں (اہلِ شام) کے لیے آٹھ ہزار کے لگ بھگ امدادی لشکر تیار کیجیے۔ اور ایک شریف بہادر امانتی آدمی کی ماتحتی میں روانہ کریں۔
فرمان ہٰذا پہنچنے پر ولید بن عقبہ نے اہلِ اسلام کو اطلاع کرائی۔ اہلِ شام کی معاونت کے لیے بڑی مستعدی کے ساتھ لوگوں کو آمادہ کیا۔ جہاد پر آمادگی کی خاطر لیکچر دیئے۔
جب بہت بڑی فوج تیار ہوگئی تو سلمان بن ربیعہ کو ان پر امیر بنا کر شام کی طرف لشکر روانہ کیا۔

مسلمانوں کے لشکر بلادِ روم میں جا کر جمع ہوتے تو اہلِ اسلام کو فتوحات ہوئیں۔ غنائم حاصل کیے اور بے شمار قلعوں کو اسلام کے زیرِ نگیں کیا۔
البدایہ میں یہ مضمون ہے کہ:

...... جاشت الروم حتی خاف اهل الشام وبعثوا الی عثمانؓ یستمدونه فکتب الی ولید بن عقبة ان اذا جاءك کتابی هٰذا فابعث رجلا امینا کریما شجاعا فی ثمانیة آلاف .... الی اخوانکم بالشام فقام الولید بن عقبة فی النّاس خطیبا حین وصل الیه کتاب عثمانؓ فاخبرهم بما امره به امیر المؤمنین وندب الناس وحثّهم علی الجهاد ومعاونة معاویة واهل الشام وامّر سلمان بن ربیعة علی النّاس الذین یخرجون الی الشام .... فلمّا اجتمع الجیشان شنّوا الغارات علی بلاد الروم فغنموا وسلبوا شیئًا کثیرًا وفتحوا حصونًا

Marfat.com

کثیرۃً وَ للہِ الحمد۔

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۵۰، تذکرہ
خلافت امیرالمومنین حضرت عثمان رض)

# ولید بن عقبہ رض کے متعلق بعض اشکالات

# اور اُن کا حل

سابقاً چند چیزیں ولید کے مقام کے متعلق ذکر کی گئی ہیں۔ اب ان کے متعلق معترضین کے بعض اعتراضات اور ان کے جوابات پیشِ خدمت کیے جاتے ہیں۔

(۱)

ایک یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ قبیلہ بنی مصطلق کی طرف سے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ولید بن عقبہ کو صدقات کی وصولی کے لیے روانہ فرمایا جب ولید قبیلہ ہذا کے قریب پہنچے تو بعض لوگ ان کی آمد پر بطور پیش قدمی باہر آئے۔ ولید انہیں دیکھ کر واپس ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر رپورٹ دے دی کہ وہ مرتد ہو گئے ہیں، میرے قتل کے درپے تھے اور انہوں نے صدقات دینے سے انکار کر دیا ہے۔

حضور علیہ السلام یہ بات معلوم کر کے ناراض ہوئے۔ ان پر فوج کشی کا ارادہ کیا۔ اس وقت ولید کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی:۔

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ

Marfat.com

تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَىٰ مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝

(پارہ ۲۶۔ سورۂ حجرات)

ترجمہ :- "اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی گنہگار خبر لاتے تو تحقیق کر لو۔ کہیں جا نہ پڑو کسی قوم پر نادانی سے۔ پھر کل کو اپنے کیے پر لگو پچھتانے۔"

خلاصہ یہ ہے کہ ولید نے جھوٹ بولا تھا۔ اس وجہ سے ان کو قرآن کریم نے فاسق کہا ہے۔ ولید کی رپورٹ دینے پر مسلمانوں میں ایک بڑا حادثہ پیش آنے والا تھا اتفاقاً بچاؤ ہو گیا۔

# حلِّ اشکال

اس آیت کے تحت کئی قسم کی روایات مفسرین نے لکھ دی ہیں۔ ان میں بیشتر تو مجاہد و قتادہ، ابن ابی لیلیٰ وغیرہم پر موقوف روایات ہیں، مرفوع نہیں اور یہ لوگ اس دور کے آدمی نہیں بلکہ بعد کے زمانہ کے ہیں۔

اور جو چند ایک (ام سلمہ، ابن عباس وغیرہما) کی مرفوع روایات ملتی ہیں۔ ان کے اسانید بھی کوئی بخاری و مسلم کے اسانید کی طرح غیر مجروح اور پختہ نہیں، بلکہ ان پر نقد و تنقید کے مواقع موجود ہیں۔

——— ولید کے متعلق واقعہ کو اگر درست تسلیم کر لیا جائے تو بھی یہاں چند اُمور قابلِ وضاحت ہیں۔

(۱) ——— جاہلیت کے دور میں ولید بن عقبہ اور قبیلہ بنی مصطلق کے درمیان سابقہ عداوت تھی۔

"... وکان بینہ وبینھم عداوۃ فی الجاھلیۃ ... الخ

Marfat.com

(۱)—— مدارج السالکین لابن القیم، ج ۱، ص ۳۶۰
(۲)—— تفسیر خازن معہ بغوی، ج ۶، ص ۲۲۲ تحت الآیہ

## (۲) ولید کو شیطان کی دھوکہ دہی

ولید کی آمد کی قبیلہ مذکور کو اطلاع ہوئی پیش قدمی کے طور پر بعض لوگ سامنے آئے تو ایک شیطان نے ولید کو بتلایا کہ یہ تو آپ کے قتل کے ارادہ پر آرہے ہیں تو ولید خوف کھا کر واپس چل پڑے اور آکر یہ ماجرا بیان کیا کہ بنی مصطلق صدقات سے انکاری ہو گئے ہیں اور میرے قتل کے درپے ہوتے... الخ

"... فحدثه الشیطان انهم یریدون قتله فهابهم فرجع من الطریق الی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال ان بنی المصطلق منعوا صدقاتهم فارادوا قتلی... الخ

(۱) مدارج السالکین لابن القیم الجوزیہ، ج ۱، ص ۳۶۰۔
طبع مصر، سن طباعت ۱۳۷۵ھ / ۱۹۵۶ء
(۲) تاریخ الخمیس دیار بکری صہ ۱۱۹ ج ۲ تحت بعث الولید الخ

## تنبیہ

"... فحدثه الشیطان کے الفاظ کو مندرجہ ذیل علماء نے اس واقعہ میں ذکر کیا ہے :۔

(۱) تفسیر ابن جریر الطبری، ص ۷۸، پارہ ۲۶ - تحت آلایہ
(۲) تفسیر ابن کثیر، ج ۴، ص ۲۰۹، تحت الآیہ
(۳) تفسیر بغوی معہ خازن، ج ۶، ص ۲۲۲ - تحت الآیہ
(۴) تفسیر خازن معہ بغوی، ج ۶، ص ۲۲۲ - تحت الآیہ

Marfat.com

اس لفظ کا مطلب یہ ہے کہ ولید کو شیطان نے بتلایا کہ یہ لوگ تمہارے قتل کے درپے ہیں اور صدقات دینے سے منکر ہو گئے ہیں۔

——— شیطان کی فریب کاریاں اور مکاریاں خدا کے نیک بندوں کے ساتھ ہمیشہ سے جاری ہیں۔ اس موقعہ پر بھی شیطان نے فریب دہی سے کام لیا۔ یہ تفصیل نہیں مل سکی کہ انسانی شکل میں متشکل ہو کر یہ دھوکہ دیا، یا آواز دیکر یہ شر پیدا کر دیا، یا اس نے کوئی اور صورت اختیار کی۔

بہر کیف یہ شیطانی فریب کاری تھی جس کی وجہ سے یہ واقعہ پیش آیا۔

——— ولید کو ناپسند جاننے والے احباب ولید پر برس پڑے اور ان کو خوب بدنام کیا (انما لامرٍ ما نوی)، حالانکہ مفسرین نے "فحدثه الشیطان" کا لفظ نقل کر کے ولید بن عقبہ کے دامن کو بچا دیا تھا۔ اور حقیقتِ واقعہ بیان کر دی تھی۔

## ۳۔ ولید پر فاسق کا اطلاق ٹھیک نہیں ہے

واقعہ ہٰذا اور اس آیت کے پیشِ نظر علماء نے جو تحقیق درج کی ہے اس کو بھی ملحوظ رکھیں۔ وہ قابلِ توجہ ہے :۔

(۱) علامہ فخر الدین الرازیؒ نے اپنی تفسیر کبیر میں آیت ہٰذا کے تحت لکھا ہے :۔

"ہم کہتے ہیں کہ آیت ہٰذا (ان جاءکم فاسق بنبأ) کا نزول عمومی طور پر کسی شخص کے بیان کے تثبت اور فاسق کے قول پر عدمِ اعتماد کی خاطر ہوا ہے۔ اور جس شخص نے یہ قول نقل کیا ہے کہ صرف واقعہ ولید کے لیے اس آیت کا نزول ہے۔ یہ ضعیف ہے اور اس کے ضعف پر یہ چیز دال ہے کہ :۔

Marfat.com

"اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ فلاں آدمی کے لیے میں نے یہ آیت نازل کی"

اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بھی یہ منقول نہیں کہ آیت کا ورود صرف ولید کے بیان کے لیے ہے اور بس۔

غایت مافی الباب یہ ہے کہ یہ آیت اس موقعہ پر نازل ہوئی تھی اور نزولِ آیت کی تاریخ کے طور پر یہ واقعہ ہے۔

—— اس کی ہم تصدیق کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اس کی تائید ہوتی ہے کہ ولید پر لفظ "فاسق" کا اطلاق ایک بعید چیز ہے۔ اس وجہ سے کہ (شیطانی دھوکہ کی بنا پر) ولید نے وہم اور گمان کیا تھا۔ اس میں وہ چوک گئے اور چوک جانے والے کو فاسق نہیں کہا جاتا"

اہلِ علم کی تسلّی کے لیے بعینہٖ عبارت درج ذیل ہے:۔

"...... بل نقول ھو نزل عاماً لبیان تثبت وترك الاعتماد علی قول الفاسق و یدلّ علی ضعف قول من یقول انها نزلت لکذا ان الله تعالیٰ لم یقل انی انزلتها لکذا والنبی صلی الله علیه وسلم لم ینقل عنه انه بین ان الآیة وردت لبیان ذٰلك فحسب ـ غایة ما فی الباب انها نزلت فی ذٰلك الوقت وھو مثل التاریخ لنزول الاٰیة ونحن نصدق ذٰلك ویتاکد ما ذکرنا ان اطلاق لفظ "الفاسق" علی الولید شیئ بعید لانه توھم وظن فاخطأ والمخطیٔ لا یسمّٰی فاسقاً ... الخ

(تفسیر کبیر للرازی ص ۵۸۹، ج ۷ تحت الآیہ (المسئلۃ الاولی)

Marfat.com

(۲) ——— تفسیر خازن میں بھی اسی کے موافق مسئلہ ہٰذا لکھا ہے۔ فرماتے ہیں کہ

"قیل ھو عام نزلت لبیان التثبت و ترک الاعتماد علیٰ قول الفاسق وھو اولیٰ من حکم الاٰیۃ علی رجل بعینہ لانّ الفسوق خروج عن الحق ولا یُظَنُّ بالولید ذٰلک الّا انّہ ظنّ وتوھّم فاخطأ"

(تفسیر خازن معہ بغوی، ج ۶، ص ۲۲۲ تحت الآیہ۔ طبع ثانی مصری)

(۳) ——— تفسیر صاوی علی الجلالین، ص ۱۰۹ - ۱۱۰ (تحت الآیہ) میں بھی یہی مسئلہ درج ہے۔ اہلِ علم کے لیے اطلاع کردی گئی ہے۔

——— مندرجہ بالا امور کی روشنی میں یہ چیز واضح ہوگئی کہ:۔

● ——— اس قسم کے مواقع میں یہ قاعدہ ملحوظ رکھا جاتا ہے کہ

"العبرۃ لعموم الالفاظ لالخصوص الموارد"

یعنی الفاظ کے عموم کا اعتبار کیا جاتا ہے۔ خصوصی واقعہ کا لحاظ نہیں ہوتا"

● ——— جاہلیت کے دور کی سابقہ عداوت کی وجہ سے ولید بن عقبہ کو اگر شیطان نے دھوکہ میں ڈال دیا اور وہ اس معاملہ میں چوک گئے تو ان حالات میں ان کو فاسق کے "لقب" سے یاد کرتے رہنا کسی طرح درست نہیں۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ خطاء اجتہادی مُسقطِ عدالت نہیں ہُوا کرتی۔ لہٰذا ان کی عدالت ثابت ہے اور ان پر "فاسق" کا لقب تجویز کرنا مناسب نہیں۔

——— اس اشکال اور اس کے حل کے آخر میں اتنی چیز مزید ذکر کی جاتی ہے

Marfat.com

کہ دَورِ نبوت میں، اور دَورِ صدیقی و دَورِ فاروقی میں ولید بن عقبہ کو "فاسق" کے نام سے نہیں یاد کیا گیا۔ اور نہ ہی ان کو یہ طعنہ دیا جاتا تھا۔ بلکہ حضرت صدیقؓ اور حضرت فاروقؓ نے اپنی اپنی خلافتوں کے دوران ولید پر پورا اعتماد کیا۔ نظامِ خلافت میں شریکِ کار کیا۔ عہدے و منصب انہیں عطا کیے۔ بالفرض اگر ولید بن عقبہ فاسق اور قابلِ مذمت شخص تھے تو شیخینؓ نے ان کے ساتھ یہ قابلِ عزت اور لائق احترام سلوک کیوں روا رکھا؟

کیا ولید کے متعلقہ واقعات اور آیات ان حضرات سے مخفی ہو گئی تھیں؟ یہ چیز غور کرنے کے قابل ہے۔ تعصب سے الگ ہو کر تدبر فرمائیے۔

(۲)

عثمانی دَور پر معترض احباب اس موقعہ پر دوسری یہ چیز بھی ذکر کیا کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے حضرت عثمانؓ کو وصایا میں فرمایا کہ آلِ ابی معیط (جو ولید بن عقبہ کے دادا ہیں) کو لوگوں کی گردنوں پر مسلط نہ کر دینا۔ حضرت عثمانؓ نے وصیت کی پرواہ نہ کی اور آلِ ابی معیط کو لوگوں پر مسلط کر ڈالا۔

حضرت عمرؓ نے جس خطرہ کو محسوس کیا تھا وہ پورا ہو کر رہا، وغیرہ۔

اس چیز کو صاف کرنے کے لیے آئندہ سطور ملاحظہ فرمادیں۔

## رفعِ اشتباہ

جن روایات سے یہ اعتراض مستنبط کیا گیا ہے وہ کوئی بخاری کی طرح صحیح السند نہیں۔ ان کے رواۃ میں کئی طرح سے مجروح لوگ موجود ہیں۔

——— علیٰ سبیل التنزل اگر روایت بالا کو ٹھیک فرض کر لیا جائے تو

Marfat.com

اس روایت میں جہاں مذکورہ وصیّت حضرت عثمانؓ کے لیے درج ہے اسی روایت میں حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کو بھی وصیت فرمائی ہے اور قسم دے کر فرمایا کہ

"اے علی! اگر تم لوگوں کے امور کے متولی بنو تو لوگوں کی گردنوں پر بنو ہاشم کو سوار نہ کر دینا۔

پوری عبارت ملاحظہ فرما دیں طبری اور طبقات ابن سعد میں مذکور ہے کہ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں:۔

"انشدك الله یا علیؓ! ان ولیت من امور الناس شیئاً ان تحمل بنی ھاشم علیٰ رقاب الناس انشدك الله یا عثمانؓ ان ولّیت من امور الناس شیئاً ان تحمل بنی ابی معیط علیٰ رقاب الناس ۔ الخ

(۱) — تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۳ ۔ تحت سنۃ ۲۳ھ عنوان ذکر الخبر عن مقتلہ (عمرؓ) طبع مصری قدیم طبع)

(۲) — طبقات ابن سعد، ج ۳، ص ۲۴۹، تحت تذکرۃ عمرؓ، طبع لیدن ۔

(۳) — فتح الباری صہ ۵۵ ج ۷ طبع مصر

(مطلب عبارت یہ ہے) — حضرت عمرؓ نے وصیت کے طور پر علیؓ بن ابی طالب کو فرمایا۔

"اے علیؓ! اگر آپ لوگوں کے اُمور کے والی و متوّلی بنائے جائیں تو لوگوں کی گردنوں پر بنی ہاشم کو سوار نہ کر دینا ۔ پھر حضرت عثمانؓ کو خطاب کر کے فرمایا کہ:۔

"اے عثمانؓ! اگر آپ لوگوں کے اُمور کے والی و متولّی بنائے جائیں تو ابو معیط کی اولاد کو لوگوں کی گردنوں پر مسلّط نہ کر دینا۔"

Marfat.com

روایت ہٰذا کی بنا پر معترض حضرات کو اگر اعتراض کرنا ہی مقصود ہے تو اعتراض دونوں بزرگوں پر مساوی طور پر قائم ہو سکتا ہے کیونکہ حضرت علیؓ نے بھی حضرت عمرؓ کی وصیت قبول نہ کی اور اپنے رشتہ داروں (یعنی بنو ہاشم) کو اپنے دورِ خلافت میں "اہم عہدے" اور "کلیدی مناصب" عطا فرما دیئے۔ (جس کی تفصیل عنقریب بحث ثالث میں انشاء اللہ آ رہی ہے۔

——— ہمارا موقف تو یہ ہے کہ دونوں بزرگوں پر اس مسئلہ میں نقد و تنقید کرنا مناسب نہیں ہے۔ انہوں نے اپنے اپنے حالات کے اعتبار سے درست صورت اختیار کی تھی لیکن معترض دوستوں نے روایت بالا کے ذریعہ اپنے کمال حذاقت کی وجہ سے حضرت عثمانؓ پر نقد کر ڈالا اور حضرت علیؓ کو ترک کر دیا۔

یہ تو ایسی مثال ہوتی جیسے مقولہ مشہور ہے کہ

"نزلہ بر عضو ضعیف می ریزد"

ان کے خیال میں حضرت عثمان بن عفانؓ کمزور تھے۔ ان پر وار کر لیا۔ حضرت علی بن ابی طالبؓ مضبوط تھے ان کو بچا دیا۔ (تعصب کے یہ نمونے ہیں۔ قدم قدم پر ناظرین ملاحظہ فرماتے رہیں)۔

——— عوام ناظرین کے علم میں یہ بات ہونی چاہیے کہ حضرت عثمانؓ نے آل ابی معیط میں سے صرف ایک فردِ واحد (ولید بن عقبہ بن ابی معیط) کو چند سال کے لیے کوفہ کا والی بنایا تھا (جیسا کہ بحث اول میں مفصلاً ذکر کیا گیا) غالباً دوسرے کسی کو حاکم بنایا ہی نہیں۔ باقی چند اقرباء کو جو عہدے دیئے تھے وہ حضرات آل ابی معیط میں سے نہیں ہیں۔ اس اعتراض کی حقیقت یہی کچھ ہے جو پیش کر دی ہے۔ معترض حضرات کو اللہ تعالیٰ ہدایت نصیب فرمائے۔ حضور علیہ السلام کے تمام صحابہ کرام قابلِ احترام اور لائقِ عقیدت

Marfat.com

ہیں۔ ان میں تفریق پیدا کر کے بنو امیہ کے صحابہؓ کو مطعون کرنا اور بنو ہاشم صحابہؓ کو بری قرار دینا یہ نہایت ناروا تقسیم ہے۔ جو دین کے تقاضوں اور اسلام کے مقتضیات کے بالکل برخلاف ہے اور فرمانِ خداوندی (ان اقیموا الدین ولا تتفرقوا فیہ، یعنی دین کو قائم کرو اور اس میں تفرق و تفریق نہ پیدا کرو) کے بالکل برعکس ہے۔

# الانتباہ

## (اہلِ علم کے لیے)

معترض حضرات نے سیّدنا حضرت عثمانؓ کے کردار کو داغدار کرنے کے لیے اس مقام میں "کتاب الاستیعاب" سے مندرجہ ذیل روایت نقل کی ہے۔ اس میں حضرت عمرؓ نے اپنے امکانی جانشینوں کے متعلق کلام کیا وہاں مذکور ہے کہ :-

"ابنِ عباس کہتے ہیں کہ ایک روز میں حضرت عمرؓ کے ساتھ چل رہا تھا۔ حضرت عمرؓ نے زور سے ٹھنڈا سانس لیا۔ ایسا معلوم ہوا کہ پسلی ٹوٹی ہے۔ عرض کیا کہ کوئی عظیم معاملہ پیش آیا ہے؟ فرمایا کہ ہاں اُمّت کے بارے میں اپنے قائم مقام کے متعلق کیا صورت اختیار کروں؟ یہ چیز سامنے ہے۔

ابن عباسؓ نے کہا کہ معتمد شخصیت کو آپ متعین کر دیں تو کر سکتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ تمہارا کیا خیال ہے کہ علی المرتضیٰؓ لوگوں میں زیادہ حق رکھتے ہیں۔ میں نے کہا، ہاں۔ وہ سابق الاسلام عالم اور قرابت دار ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ ٹھیک ہے لیکن وہ :-

Marfat.com

(۱) کثیر الدعابہ ہیں (ان میں مسخرہ پن زیادہ ہے)۔ پھر میں نے کہا کہ عثمان بن عفان مناسب ہیں تو فرمایا کہ

(۲) ــــ ان کو اگر میں جانشین تجویز کردوں تو وہ (بنوامیہ سے) بنوابی معیط کو لوگوں کی گردنوں پر مسلط کر دیں گے۔ وہ خدا کی نافرمانی کریں گے ۔۔۔۔ پھر لوگ عثمانؓ کے خلاف کھڑے ہو جائیں گے اور ان کو قتل کر دیں گے۔

پھر میں نے طلحہ بن عبید اللہ کا نام پیش کیا تو فرمایا کہ

(۳) ــــ ان میں بڑائی اور تکبّر ہے، ایسا والی ٹھیک نہیں۔

پھر میں نے کہا کہ زبیرؓ بن عوام کو بنا دیں تو فرمایا کہ

(۴) ــــ یہ لوگوں کو صاع اور مُد کے معاملہ میں بھی مارنے لگیں گے (یعنی سخت گیر ہیں) ایسا نہیں چاہیے۔

پھر میں نے کہا کہ سعد بن ابی وقاص کو مقرر کر دیں تو فرمایا کہ

(۵) ــــ یہ صرف جنگی صلاحیت رکھتے ہیں (جنگی سوار ہیں)

پھر میں نے عبد الرحمٰن بنؓ عوف کا نام ذکر کیا تو فرمایا کہ

(۶) ــــ وہ آدمی اچھے ہیں لیکن اس مسئلہ میں ضعیف اور کمزور ہیں۔ قوی آدمی چاہیے۔

(الاستیعاب لابن عبد البر تذکرہ علی بن ابی طالب
جلد ثانی، ص ۴۶۷۔ طبع حیدر آباد دکن)

ـــ ـــ روایت ہذا کے ذریعہ حضرت عثمانؓ کے کردار کو مطعون کرنا اور ان کی پالیسی کو غلط ثابت کرنا مقصود ہے۔ اس ضمن میں ولید بن عقبہ (جو بنی ابی معیط سے ہیں) وہ بھی ملزم ہو سکیں گے۔

ــــ قارئین کرام کی تفہیم کی خاطر مندرجہ بالا روایت کے متعلق ہم

Marfat.com

چند تشریحات پیش کرتے ہیں۔ وہ ایک دفعہ توجہ سے ملاحظہ فرمالیں تو وہ مغالطہ جو بعض لوگ حضرت عثمانؓ کی کارکردگی اور پالیسی کے متعلق دینا چاہتے ہیں انشاءاللہ تعالیٰ دور ہو جائے گا۔

مندرجہ بالا روایت کے متعلق دو طرح کا کلام کیا جائے گا۔ روایۃً و درایۃً پہلے اس کی سند کے اعتبار سے مختصر سی بحث کی جاتی ہے۔ اس کے بعد باعتبار "درایت" کے کلام کیا جائے گا۔

## اوّل

—— ایک بات، تو یہ ہے کہ مندرجہ بالا روایت (جو ابن عباسؓ سے منقول ہے) الاستیعاب کے مصری نسخہ (جس کے ساتھ "الاصابہ" لابن حجر مطبوعہ ہے) میں مفقود الخبر ہے۔ اس نسخہ کے متوقع مقامات کو (خصوصاً تذکرہ علی بنؓ ابی طالب) تو دیکھا گیا لیکن یہ روایت مجھے نہیں دستیاب ہو سکی۔ پھر الاستیعاب کے نسخہ مطبوعہ حیدر آباد دکن کی طرف رجوع کیا تو تذکرہ حضرت علیؓ میں ملی ہے اور اپنے طویل اسناد کے ساتھ درج ہے۔

گویا یہ روایت الاستیعاب کے بعض نسخوں میں مفقود ہے اور بعض میں پائی جاتی ہے۔ یہاں سے شبہ پیدا ہو گیا کہ ہو سکتا ہے کہ مصنّف کتاب نے نظر ثانی کے وقت اس روایت کو اصل کتاب سے خارج کر دیا ہو۔ پھر بعض ناقلین کی طرف سے دوسرے نسخہ میں اس کو داخل رکھا گیا ہو۔ بہرکیف اختلافِ نسخ کے ذریعہ اس کا معاملہ مشتبہ اور محتمل سا ہو گیا۔ تسلی بخش نہ رہا۔

—— دوسری بات یہ ہے کہ اس روایت کا سلسلۂ اسناد بڑا طویل ہے۔ اس کے تمام رواۃ پر بحث کرنے کی فرصت ہی نہیں اور حاجت بھی نہیں۔ صرف ان میں سے ایک راوی (محمد بن اسحاق) کی پوزیشن معلوم کر لینی کافی ہے۔

Marfat.com

اس کی وجہ سے روایت کا غیر معتبر اور غیر معتمد ہونا خوب واضح ہو جائے گا۔

## محمدؐ بن اسحٰق پر کلام

ابن اسحٰق کے حق میں علماء رجال نے توثیق و تضعیف مدح و جرح دونوں چیزیں مفصل نقل کی ہیں۔ اس مقام میں مندرجہ ذیل اشیاء کا لحاظ رکھنا ضروری ہے تاکہ کسی نتیجہ پر پہنچنے میں آسانی ہو سکے۔

**ابن اسحاق کی تدلیس** حافظ ابن حجر عسقلانی نے کتاب المدلسین میں ابن اسحاق کی تدلیس کو بالفاظ ذیل درج کیا ہے۔

"محمد بن اسحٰق بن یسار المطلبی المدنی صاحب المغازی صدوق مشهور بالتدليس عن الضعفاء والمجهولين و عن شرّ منهم وصفه بذالك احمد والدارقطني وغيرهما۔

(کتاب المدلسین، ص ۱۹ تحت المرتبۃ الرابعۃ طبع مصری ـ قدیم طباعت)

یعنی ابن اسحاق صدوق ہے۔ تاہم ضعیف اور مجہول لوگوں سے تدلیس کرنے میں مشہور ہے اور جو ان لوگوں میں شر ہیں ان سے بھی تدلیس کرتا ہے یعنی جن لوگوں سے روایت کرتا ہے ان کا نام نہیں ذکر کرتا بلکہ نام حذف کر دیتا ہے۔

**ایک قاعدہ برائے مدلّس** اس مقام میں علماء نے ضابطہ نقل کیا ہے کہ جو شخص مدلّس ہو اور کلمہ "عن" سے روایت کرے تو وہ چیز قابلِ حجت نہیں رہتی۔ چنانچہ نصب الرایہ کے حواشی میں امام نوَوی سے یہ مسئلہ منقول ہے۔

Marfat.com

۔۔۔ قال النووی فی شرح المہذب، ج ۵، ص ۱۳۳۔۔۔۔

"اسنادہٗ ضعیف فیہ محمد بن اسحاق صاحب المغازی وھو مدلس واذا قال المدلس "عن" لا یحتج بہ انتھٰی کلامہٗ۔

(حواشی نصب الرایہ ص ۲۵۱، ج ۲ تحت باب الجنائز، طبع مجلس العلمی ڈابھیل دہند)

یہاں الاستیعاب کی مذکورہ روایت میں راوی محمد بن اسحاق ہے اور صیغہ "عن" سے اپنے شیخ زہری سے یہ روایت نقل کی ہے۔ ابن اسحاق نے حسب عادت تدلیس کرتے ہوئے خدا جانے کیسے راوی کو حذف کر کے روایت چلا دی۔

## ابن اسحاق کا تفرد اور شذوذ

(۱) حافظ ابن حجر عسقلانی نے تہذیب التہذیب جلد تاسع میں لکھا ہے کہ ایک شخص ایوب بن اسحاق بن سامری نے امام احمدؒ سے محمد بن اسحاق کی اس حدیث کے متعلق سوال کیا جس میں وہ منفرد ہوں تو امام احمدؒ نے جواب میں فرمایا کہ نہیں قبول کی جائے گی۔

"۔۔۔ قال ایوب بن اسحاق بن سامری سألت احمد فقلت لہٗ یا ابا عبداللہ اذا انفرد ابن اسحاق بحدیث تقبلہ قال لا۔"

(تہذیب التہذیب، ج ۹، ص ۴۳، تحت محمد بن اسحاق مذکور۔ طبع حیدر آباد دکن)

(۲) علامہ ذہبی نے میزان الاعتدال میں ابن اسحاق پر بڑی بحث کی

Marfat.com

ہے۔ آخر میں لکھتے ہیں کہ . . . . ما انفرد ابہ فنیہ نکارۃ ۔ یعنی اس کی منفرد آ
روایات منکر ہوتی ہیں (معروف روایات کے خلاف لاتا ہے) ۔

(میزان الاعتدال للذہبی ص ۲۴ جلد ۳ ۔
تحت محمد بن اسحاق ۔ طبع مصری قدیم)

(۳) ـــــ اسی طرح علامہ بدرالدین العینیؒ نے شرح بخاری میں امام بیہقیؒ سے نقل کیا ہے کہ جن روایات میں ابن اسحاق منفرد ہو ان کے قبول کرنے سے علماء اجتناب کرتے ہیں ۔ (یعنی درخور اعتنا نہیں سمجھتے) ۔

" . . . . فقال البیہقی الحفاظ یتوقّون ما ینفرد بہ ابن اسحاق . . . الخ

(عمدۃ القاری شرح البخاری للعینی ۔ ج ۶ ص ۱۷۸ ۔
باب الجمعۃ فی القریٰ والمدن)

(۴) ـــــ ابن اسحاق کی کئی منفردانہ، شاذ روایات کتابوں میں درج ہیں مثلاً "عشر رضعات" کی روایت حضرت عائشہؓ سے مروی ہے ۔ اس میں مذکور ہے کہ :-

" ولقد کان فی صحیفۃ تحت سریری فلمّا مات رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم و تشاغلنا بموتہ دخل داجن فاکلھا "

(سنن ابن ماجہ، ص ۱۴۱، باب رضاع الکبیر
طبع نظامی دہلی)

یہ روایت قرآن کی سالمیت اور حفاظت کے منافی ہے ۔ راوی محمد بن اسحاق ہے ۔

Marfat.com

(۲) الغرض ماتم کے اثبات و جواز کے لیے ماتمی لوگ مندرجہ ذیل روایت پیش کرتے ہیں۔ اس میں مذکور ہے، حضرت عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں کہ

"۔۔۔۔ انّ رسول اللّٰہ صلّی اللہ علیہ وسلّم قبض و هو فی حجری ثم وضعت رأسہٗ علیٰ وسادۃ و قمت التدم مع النساء و اضرب وجھی "

(تاریخ ابن جریر للطبری، ج ۳، ص ۱۹۷، سنہ ۱۱ھ ذکر الاحداث التی کانت فیھا)

یہ روایت بھی ابن اسحاق کی مرہونِ منت ہے اور شاذ ہے۔ ماتم کی تائید کنندہ ہے۔

(۳) اسی طرح زیرِ بحث روایت جو الاستیعاب سے معترض احباب نے نقل کی ہے۔ یہ محمد بن اسحاق کی شاذہ روایات اور منفردانہ مرویات میں سے ہے اور اس کے منفردات کا حکم متعدد علماء سے گذشتہ سطور میں ہم نقل کر چکے ہیں وہ قابلِ قبول نہیں اور غیر معتمد ہیں۔ لہٰذا یہ روایت غیر مقبول اور متروک ہے۔

## —— دوم ——

پہلی بحث روایت کے اعتبار سے مختصر سی کی گئی۔ اب ثانی بحث درایت کے اعتبار سے کی جاتی ہے۔

(۱) —— شیعہ اور سُنّی دونوں فریق کی کتابیں اس مسئلہ پر متفق ہیں کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے مرض الوفات میں مذکور چھ اشخاص (سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ، سیدنا طلحہ رضی اللہ عنہ، سیدنا زبیر بن العوام، سیدنا سعد بن ابی وقاص، سیدنا عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ) پر اعتماد کر کے مسئلہ خلافت ان کے سپرد کر

Marfat.com

دیا تھا۔

(۱) — بخاری شریف، ج ۱، ص ۵۲۴، جلد اوّل، باب مناقب، عثمانؓ بن عفان، قصۃ البیعۃ والاتفاق علیٰ عثمانؓ۔ طبع نور محمدی دہلی۔

(۲) — الامالی للشیخ ابی جعفر الطوسی الشیعی، ص ۱۶۷-۱۶۹، ج ۲ - مجلس یوم الجمعہ، ۲۶ محرم ۴۵۷ھ مطبوعہ نجف اشرف عراق -

ناظرین کرام غور فرماویں - الاستیعاب والی مذکورہ روایت نے یہ تبلایا کہ حضرت عمرؓ نے ان ہر چھ اشخاص (جو امکانی جانشین حضرت عمرؓ کے ہو سکتے تھے) کی "فطری خامیاں اور نفسیاتی کمزوریاں" ایک ایک کر کے بیان کر دیں اور ان میں سے کسی کو خلافت کا اہل نہ قرار دیا - اور مرض الموت کے واقعہ نے (جو بخاری شریف و دیگر حدیث و تاریخ کی کتابوں میں متفق علیہ طور پر درج ہے) واضح کیا کہ حضرت عمرؓ نے انہی چھ حضرات مذکور پر اعتماد کرتے ہوئے خلافت اسلامی کا تمام بوجھ ان پر رکھا - دوسرے لفظوں میں امتِ اسلامیہ کی تمام باگ ڈور ان کے ہاتھ میں دے دی تاکہ ان میں سے جس کو خلیفہ منتخب کر لیں - وہ تمام اہلِ اسلام کے لیے حاکم و والی متصور ہو گا -

(۱) — ادھر ناقابلِ اعتمادی کے اوصاف بیان کرنا، اُدھر انہی حضرات پر انتہائی اعتماد کرنا یہ چیز "فاروقی بصیرت" کے خلاف اور فاروقی تدبر کے بالکل برعکس ہے -

(۲) — نیز لطف کی بات یہ ہے کہ جس ذات (یعنی عثمانؓ) کے متعلق (مذکورہ روایت کی بنا پر) اس قدر خطرات کا اظہار بطور پیش گوئی و پیش بینی کے ہو چکا تھا - مجوزہ مجلسِ شوریٰ نے اسی کو ہی خلیفہ منتخب کیا اور عثمانؓ کے حق میں

Marfat.com

"مجوزہ خدشات" ان لوگوں کو معلوم ہی نہ ہو سکے۔ یا پھر (معاذ اللہ) جو لوگ خطا کر گئے (انا للہ وانا الیہ راجعون)۔

خلاصہ یہ ہے کہ الاستیعاب کی مذکورہ روایت تسلیم کر لینے سے کئی خرابیاں پیش آتی ہیں۔ مثلاً:

(۱) ـــــ حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کے کلام اور ان کے عملی کارنامہ میں بالکل تضاد اور تخالف پایا جاتا ہے یعنی جس شخصیت (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ) کے متعلق اس قدر خدشات کا اظہار فرمایا۔ پھر اسی کو انتخاب میں زیر تجویز رکھ دیا۔ صحیح فکر اس طریقہ کو درست نہیں تسلیم کر سکتی۔

(۲) ـــــ مذکورہ چھ آدمیوں کی مجلس نے (جو اسلام کے سب سے سربرآوردہ اشخاص پر مشتمل تھی) جو انتخابی کارنامہ انجام دیا وہ غلط تھا، صحیح نہیں تھا۔

(۳) ـــــ تیسری خرابی یہ ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی (معہ دیگر حضرات کے) پوزیشن خراب کرنے کے ساتھ ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے وقار کو داغدار کر دیا یعنی ان کے حق میں "کثیر الدعابہ" (بہت مسخرہ ہونا) تجویز کر دیا جو ایک "خفت آمیز" بات ہے۔ ان کے شایانِ شان نہیں۔

ـــــ بہر کیف اس قسم کی خرابیوں کی بجائے یہ فیصلہ سہل ہے کہ یوں کہا جائے کہ روایت ہٰذا سے پیدا کردہ خدشات وخطرات سب مفروضے تھے۔ ان میں کوئی صداقت نہیں۔

ـــــ یہ روایت بے سروپا و بے اصل ہے۔ جس پر طعن کی بنیاد قائم کی گئی ہے۔

ـــــ دوسرے لفظوں میں بناء الفاسد علی الفاسد ہے جس کو معترض احباب نے عثمانی رضی اللہ عنہ دور کی قباحت و فضیحت کو نشر کرنے کے لیے عوام میں پھیلایا، اور

Marfat.com

ثوابِ دارین حاصل کیا۔ (منہ)

(۳)

اس موقعہ پر تیسرا طعن یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ ولید بن عقبہ شراب خور تھے۔ ان پر گواہوں نے شراب خوری کی شہادت دی۔ یہ الزام ثابت ہو گیا۔ لہٰذا حضرت عثمانؓ نے ولید پر حد لگوائی اور ان کو معزول کر دیا (جیسا کہ قبل ازیں کتاب رحماءُ بینہم حصہ سوم عثمانی کے باب چہارم میں گزر چکا ہے)۔

## دفعِ الزام

اتنی بات درست ہے کہ ولید کے خلاف شراب خوری کی لوگوں نے شہادت دی۔ اس کے بعد ان پر حد لگائی گئی۔

روایات میں بھی یہی کچھ مذکور ہے اور اس واقعہ کے پس منظر کے متعلق محدثین عموماً خاموش ہیں۔

محدثین حضرات نے اس واقعہ کے پس منظر کے متعلق کچھ کلام نہیں کیا۔ واقعہ کی صحت وسقم کی طرف توجہ ہی مبذول نہیں کی۔ صرف شراب نوشی پر شہادت پائے جانے سے حد لگوانے کا واقعہ نقل کر دیا ہے۔

——— شہادت فراہم کرنے والے کیسے لوگ تھے؟ کون افراد تھے؟ شہادت ہٰذا کسی سازش کا نتیجہ تھی؟ یا بناوٹ تھی؟

اس چیز کی بابت سابق محدثین عموماً خاموش نظر آتے ہیں۔

البتہ بعض قدیم مؤرخین مثلاً طبری وغیرہ نے یہ کرید کی ہے اور پھر متاخرین محدثین نے بھی اس معاملہ پر ناقدانہ نگاہ کی ہے، جیسا کہ آئندہ سطور میں ہم اس پر

Marfat.com

حوالہ جات پیش کر رہے ہیں۔

——— یہاں سے عیاں ہوتا ہے اہلِ سازش کی طرف سے ولید کے خلاف بناوٹ تھی۔ ولید کو مطعون کر کے ان کے منصب سے الگ کروانا مطمحِ نظر تھا اور بس!

——— یہ چیز کہ ولید نے شراب خوری کی ہو، یہ بات درست نہیں اس واقعہ کا پس منظر مؤرخین نے لکھا ہے اور اصل واقعہ سے پردہ اٹھا دیا ہے۔ اس کو معلوم کرنے کے بعد مسئلہ ہذا صاف ہو سکے گا اور الزام دُور ہو جائے گا۔

——— تاریخ ابن جریر طبری میں مذکور ہے :-

"۔ ۔ ۔ اجتمع نفر من اهل الكوفة فعملوا فى عزل الوليد فانتدب ابو زينب بن عوف (الازدى) وابو مورّع بن فلان الاسدى للشهادة عليه فغشّوا الوليد واكبّوا عليه فبينا هم معه يوما فى البيت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فنام الوليد و تفرق القوم عنه و ثبت ابو زينب وابو مورع فتناول احدهما خاتمه ثم خرجا ۔ ۔ ۔ ۔ وقد ارادا هيبة فطلبهما فلم يقدر عليهما وكان وجههما الى المدينة فقدما على عثمان ومعهما نفر ممن يعرف عثمان ممن قد عزل الوليد عن الاعمال فقالوا له فقال من يشهد؟ فقالوا ابو زينب وابو مورّع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فقال كيف رأيتما؟ قالا كنّا من غاشيته فدخلنا عليه وهو يقئ الخمر فقال مايقئ الخمر الّا شاربها فبعث اليه فلمّا دخل على عثمانؓ ۔ ۔ ۔ ۔ فحلف له الوليد واخبره خبرهم فقال نقيم الحدود و يبوء شاهد

Marfat.com

المزور بالنار فاصبر یا اخی ..." الخ

(تاریخ طبری، ص ۶۱، ۶۲، جلد ۵ تحت ۳۰ھ)

"یعنی اہلِ کوفہ کی ایک جماعت جمع ہوئی۔ ولید کے معزول کرنے کے لیے عملی پروگرام بنایا۔ ایک شخص ابوزینب بن عوف ازدی قبیلہ سے۔ دوسرا ابومورع بن فلاں اسدی قبیلہ سے، ان دونوں نے ولید کے خلاف گواہی دینے کا کام اپنے ذمّہ لیا۔

ایک روز ولید بن عقبہ کے پاس گئے مجلس میں قریب تر ہو کر شریک ہوئے ..... اتفاق سے ولید سو گئے اور دوسرے لوگ اٹھ کر چلے گئے۔ ابوزینب اور ابومورع بیٹھے رہے (موقع پا کر) ان میں سے ایک نے ولید کی انگوٹھی (مہر والی) پکڑ لی اور وہاں سے نکل کھڑے ہوئے ...... ایک سنگین معاملہ ان کے ارادہ میں تھا ..... (ولید بیدار ہوئے) انہوں نے ان دونوں کو طلب کرایا۔ یہ دونوں نہ ملے۔ دونوں نے (کوفہ سے نکل کر) مدینہ شریف کا رُخ کیا حضرت عثمانؓ کی خدمت میں پہنچے۔ ابوزینب و ابومورّع کے ساتھ دیگر لوگ بھی تھے ..... (جن کو ولید نے اپنے مناصب سے الگ کر دیا تھا) ان سب نے مل کر ولید کی شکایت پیش کی حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ تم میں سے کون اس واقعہ کی گواہی دیتا ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ ابوزینب اور ابومورّع گواہی دیتے ہیں ... حضرت عثمانؓ نے ان سے دریافت فرمایا کہ ولید کو تم نے کس حالت میں دیکھا تو انہوں نے جواب دیا کہ ہم ولید کے پاس آنے جانے والے لوگ ہیں۔ ہم ولید کے پاس گئے تو وہ شراب کی قے کرنے لگے حضرت عثمانؓ

Marfat.com

نے فرمایا کہ شراب کی قے وہی کرتا ہے جس نے شراب پی ہو۔

پھر حضرت عثمانؓ نے ولید کی طرف آدمی ارسال کر کے اسے مدینہ منورہ میں طلب کیا۔ جب ولید حضرت عثمانؓ کے پاس آئے ... تو ولید نے اس کام (یعنی شراب خوری نہ کرنے) کا حلف اٹھایا، اور اپنا معاملہ بیان کیا۔

(شہادت کی بنا پر) حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ ہم حد قائم کرتے ہیں (یعنی شراب خوری کی سزا دیتے ہیں) گواہ اگر جھوٹے ہیں تو وہ دوزخ کی آگ کی طرف لوٹ کر جائیں گے۔ اے برادر، صبر کیجیے۔ (پھر حد لگوائی، وغیرہ)

(تاریخ طبری، ص ۶۱-۶۲، ج ۵)

— طبری کی اس روایت کے ذریعہ واضح ہو گیا کہ:

— کوفہ کے شریر طبع لوگوں نے ایک مستقل سکیم تیار کی تھی تاکہ ولید کو معزول کرایا جائے۔

— اس منصوبہ کے تحت انہوں نے جعلی شہادت دی جس پر حد لگوائی گئی۔ درحقیقت ولید نے شراب خوری نہیں کی تھی۔

— بظاہر شہادت ہذا قانون شرعی کے اعتبار سے مکمل تھی۔ اس لیے حضرت عثمانؓ نے اس کو رد نہ کیا۔ بلکہ اس پر عملدرآمد کیا۔

— اور قرینہ موجود ہے کہ حضرت عثمانؓ اس واقعہ کو جعلی خیال کرتے تھے، اس وجہ سے کہ فرمایا "جھوٹے لوگ دوزخ کی طرف لوٹ کر جائیں گے۔"

یہ تمام کوفہ کے فسادی و عنادی طبع لوگوں کی داستان ہے۔ جس میں انہوں نے ایک اچھے باکردار شریف انسان کو ملوث کر دیا۔

Marfat.com

## دیگر علماء کے اقوال

اب ہم ذیل میں چند دیگر علماء کے اقوال نقل کرتے ہیں جنہوں نے اس واقعہ کو بعض کوفیوں کی طرف سے ایک متعصبانہ کاروائی ذکر کی ہے اور شہادت کو ناحق گواہی قرار دیا ہے۔

(۱) ــــ "الاصابہ" میں منقول ہے کہ ویقال ان بعض اهل الكوفة تعصبوا عليه فشهدوا عليه بغير الحق"

(الاصابہ، ج ۳، ص ۶۰۱ تحت الولید بن عقبہ)

(۲) ــــ قيل في الوليد بخصوصه ان بعض اهل الكوفة تعصبوا عليه فشهدوا عليه بغير الحق"

(فتح المغیث للسخاوی شرح الفیۃ الحدیث، ج ۳، ص ۱۰۴ تحت معرفۃ الصحابہ۔ طبع مدینہ طیبہ)

یعنی حافظ ابن حجر عسقلانی اور شمس الدین السخاوی فرماتے ہیں کہ بعض کوفی لوگوں نے ولید کے ساتھ تعصب کیا اور ناحق شہادت ان کے خلاف دے دی۔

ــــ اب روزِ روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ ولید کے خلاف یہ سب کچھ سازش تھی جس کی بنا پر کوفیوں نے معزولی کرائی تھی۔

ــــ معترض حضرات ان فتنہ ہائے پارینہ کو دوبارہ تازہ کر کے ولید کے خلاف نفرت پھیلانے کی سعی فرما رہے ہیں۔ حالانکہ کبار علماء نے ولید کی ان چیزوں کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ "الصواب السکوت" کہ صحیح اور درست یہ ہے کہ خاموشی اختیار کی جائے"

(تہذیب التہذیب لابن حجر عسقلانی، ج ۱۱، ص ۱۴۴ طبع اول۔ دکن تحت تذکرہ ولید)

اللہ تعالیٰ ان معترضین کو ہدایت بخشے اور فرمانِ الٰہی (وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا

Marfat.com

لِلَّذِینَ اٰمَنُوا ) پر عمل پیرا ہونے کی توفیق نصیب فرمائے۔

---

# سعید بن العاصؓ کے متعلقات

سعید بن العاص بنی امیہ میں سے ہیں۔ یہ ولید بن عقبہ کے بعد کوفہ پر حضرت عثمانؓ کی طرف سے والی بنائے گئے تھے۔ مخالفین ان پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ

"۔۔۔ فظھر منہ ما ادی الی ان اخرجہ اھل الکوفۃ منھا"

(سعید بن العاص سے ایسی چیزیں صادر ہوئیں جن کی وجہ سے اہل کوفہ نے ان کو کوفہ سے نکال دیا)۔

(منہاج الکرامۃ لابن مطہر الحلی الشیعی، ص ۶۶۔
تحت مطاعن عثمانی طبع لاہور، مع منہاج السنہ)

اس کے بعد سعید بن العاص کا اجمالی تذکرہ ہم قارئین کرام کے سامنے پیش کرتے ہیں جس کے پیش نظر سعید مذکور کی شخصیت و کردار، اخلاق و عادات اور اسلامی خدمات واضح ہو سکیں گی۔ اور وارد کردہ اعتراضات کے ساتھ ان کا موازنہ کیا جا سکے گا۔

## نام و نسب اور صحابی ہونا

علماء کرام نے لکھا ہے کہ سعید بن العاص بن سعید بن العاص بن امیہ القرشی الاموی کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت نصیب ہے۔ اور بعض نے یہ فرمایا ہے کہ انتقال نبوی کے وقت سعید کی عمر ۹ سال کی تھی (یعنی صغار صحابہ میں ان کا شمار تھا)

"قال ابن ابی حاتم عن ابیہ لہ صحبۃ (قلت) کان لہ یوم

Marfat.com

مات النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم تسع سنین ۔

(۱) ـــــ الاصابہ، ج ۲، ص ۵۴ تحت سعید بن العاص۔

(۲) ـــــ تہذیب التہذیب، ص ۴۹، ج ۴ ۔ تحت تذکرہ سعید مذکور۔

**علمی قابلیت** | زبانِ عرب کے بہت بڑے بلیغ اور فصیح اللسان تھے۔ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ لب و لہجہ میں مشابہت تامہ رکھتے تھے۔

"۔ ۔ ۔ ان عربیۃ القرآن اقیمت علی لسان سعید بن العاص لانّہ کان اشبھھم لھجۃ برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم۔

(۱) ـــــ الاصابہ، ج ۲، ص ۵۴ تحت سعید بن العاص

(۲) ـــــ تہذیب التہذیب، ج ۴، ص ۴۹ ۔ تحت سعید

(۳) ـــــ الاستیعاب، ص ۹، جز ثانی، الاصابہ، تحت سعید بن العاص ۔

**کریمانہ اخلاق** | سعید بن العاص کے سیرت نگار علماء نے لکھا ہے کہ سعید بڑے حلیم الطبع اور باوقار تھے ۔ قوم کے باسخا لوگوں میں شمار ہوتے تھے ۔ نہایت عمدہ سیرت رکھنے والے تھے اور بھلائی میں بہت ہی مشہور تھے ۔

"روی عن صالح بن کیسان قال کان سعید بن العاص حلیماً وقوراً ۔

(۱) الاصابہ، ص ۴۶، ج ۲ ۔ تحت سعید ۔

Marfat.com

"وکان من سادات المسلمین والاجواد المشہورین

. . . وقد کان حسن السیرۃ، جید السریرۃ . . . وکان

کریمًا جوادًا ممدوحًا۔

(۱) — البدایہ لابن کثیر، جلد ۸، ص ۸۷، تذکرہ سعید۔

(۲) — البدایہ لابن کثیر، ص ۸۴، جلد ۸، تحت

۵۱ھ، طبع اوّل۔

**کارنامے** حافظ ابن کثیرؒ نے لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ کی خلافت کے (آخری) دور میں سعید بن العاص عراق کے علاقہ پر حضرت عمرؓ کے عاملین میں سے تھے۔

اور حضرت عثمانؓ کے دورِ خلافت میں کوفہ کے حاکم بنائے گئے تو انہوں نے طبرستان اور جرجان کے علاقے کو فتح کیا۔ ان کے لشکر میں حضرت حذیفہؓ جیسے کبار صحابہؓ شامل تھے۔

آذربائیجان کے لوگوں نے نقضِ عہد کیا تو سعید نے ان پر چڑھائی کر دی اور دوبارہ فتح کر لیا۔

"وکان سعید ھٰذا من عمّال عُمر رضی اللہ عنہ علی

السواد"

(البدایہ، ص ۸۴، ج ۸ تحت تذکرہ سعید ۵۸ھ)

"وولی الکوفۃ وغزا طبرستان وفتحہا وغزا جرجان

وکان فی عسکرہ حذیفۃ وغیرہ من کبار الصحابۃ"

(الاصابہ، ص ۴۵، ج ۲، تحت سعید)

"ونقض العہد اھل آذربیجان فغزاھم ففتحہا"

Marfat.com

(البدایہ، ص ۸۴، جلد ۸ - تحت ۵۸ھ)

## سعید اور آلِ ابی طالب کا تعلق

(۱) سابقاً اس چیز کا ذکر ہو چکا ہے کہ عہدِ عثمانی میں جب سعید بن العاص مدینہ پہنچے تو اکابر مہاجرین اور انصار کی طرف کئی قسم کے عطیات اور پوشاکیں روانہ کیں۔ اس کے ضمن میں حضرت علیؓ کی طرف ہدایا و عطایا ارسال کیے اور آپ نے ان چیزوں کو قبول فرمایا۔

"۔ ۔ ۔ ۔ وقدم سعید بن العاص المدینۃ وافداً علی عثمانؓ فبعث الی وجوہ المہاجرین والانصار بصلات و کسیً و بعث الی علی ابن ابی طالب ایضاً فقبل ما بعث الیہ"۔

(۱) (طبقات بن سعد، ج ۵، ص ۲۱ - تحت سعید بن العاص، طبع لیدن)

(۲) المصنف لابن ابی شیبۃ صہ ۴، ج ۱۵ طبع کراچی

(۲) سعید بن العاصؓ نے امِّ کلثوم بنت علی المرتضیٰ سے خطبہ (منگنی) کیا اور ان کی طرف ایک لاکھ درہم ارسال کیے۔ اس معاملے میں حضرت امام حسنؓ اور حضرت اُمّ کلثومؓ رضامند تھے لیکن حضرت امام حسینؓ کی رائے اس کے خلاف تھی۔ مقررہ وقت پر دونوں فریق مجلس میں حاضر ہوئے تو سعید بن العاص نے کہا کہ ابو عبداللہ کہاں ہیں؟ حضرت حسنؓ نے فرمایا کہ اس معاملہ میں میں کافی ہوں تو سعید کہنے لگے کیا حضرت امام حسینؓ اس کو ناپسند کرتے ہیں تو حضرت امام حسنؓ نے جواب دیا۔ ہاں۔ سعید بولے "میں ایسے معاملے میں داخل نہیں ہوتا جس کو حضرت امام حسینؓ ناپسند کرتے ہوں۔ یہ کہہ کر حضرت سعید مجلس سے واپس چلے گئے اور جو مال (یعنی ایک لاکھ درہم) دیا تھا اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لیا۔

Marfat.com

"۔۔۔۔ خطب سعید بن العاص ام کلثوم بنت علی بعد عمر وبعث لھا بمائۃ الف فدخل علیھا اخوھا الحسین وقال لا تزوجیہ فقال الحسن انا ازوجہ واتعد وا لذالک فحضروا فقال سعید واین ابو عبد اللہ؟ فقال الحسن ساکفیک قال فلعل ابا عبد اللہ کرہ ھذا قال نعم قال لا ادخل فی شیء یکرھہ ورجع ولم یاخذ من المال شیئًا۔

(سیر اعلام النبلاء للذہبی، ص ۲۹۵ - ج ۳ -
تحت سعید المذکور)

"۔۔۔۔ ان سعیدًا خطب ام کلثوم بنت علیؓ من فاطمۃ الّتی کانت تحت عمر بن الخطاب فاجابت الی ذالک۔۔
۔۔۔ انما کرہ ذالک الحسینؓ واجاب الحسنؓ"

(البدایہ، ص ۸۶، ج ۸ تحت ذکر سعید ۵۸ھ)

ان ہر دو حوالہ جات سے مندرجہ ذیل چیزیں ثابت ہوتی ہیں :-

(۱) ـــــ حضرت امام حسینؓ اگرچہ اس نکاح کے خلاف تھے، تاہم سیدنا حضرت حسنؓ اور سیدہ امّ کلثوم بنت علیؓ اس خطبہ پر راضی تھے اور نکاح کر دینے کے لیے آمادہ تھے۔ لیکن بعض وجوہ کی بنا پر یہ رشتہ نہ ہو سکا۔

(۲) ـــــ حضرت سعید بن العاص کا ایک لاکھ درہم دینا اور پھر واپس نہ لینا ان کے جود و کرم کی واضح علامت ہے۔

(۳) ـــــ حضرت امام حسنؓ اور حضرت امّ کلثوم کا ایک لاکھ درہم قبول کرنا حضرت سعید بن العاص کے ساتھ بہترین رفاقت کا بیّن ثبوت ہے۔

Marfat.com

# آخری گذارش

مندرجاتِ بالا سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ سعید بن العاصؓ بڑے سخی، باہمت اور صاحبِ اخلاق آدمی تھے، اسلامی فتوحات میں ان کے عظیم کارنامے ہیں۔ بنی ہاشم کے ساتھ ان کے روابط بہت عمدہ تھے۔

ان اوصاف کی حامل شخصیّت کے متعلق مخالفین نے جو الزامات عائد کیے ہیں وہ سراسر بے اصل اور بے سرو پا ہیں۔

حضرت عثمانؓ نے وقتی تقاضوں کے پیشِ نظر جو ان کی معزولی فرمائی تھی اس کے اسباب دوسرے تھے۔ انہوں نے کوفی شریروں کے پروپیگنڈہ کو فرو کرنے کے لیے ایسا کر دیا تھا۔

---

Marfat.com

# عبداللہ بن عامر کے متعلقات

ان کے متعلق منہاج الکرامہ لابن مطہر الحلی الشیعی نے لکھا ہے کہ :

"وولی عبد اللہ بن عامر العراق ففعل من المناکر ما فعل۔"

(منہاج الکرامہ، ص ۶۷، تحت مطاعن عثمانی)

"یعنی حضرت عثمانؓ نے عبداللہ بن عامر کو (جو آپ کے ماموں زاد بھائی تھے) عراق (بصرہ) کا والی بنایا، اُن سے وہاں بڑے کام صادر ہوئے۔"

——اس کے بعد عبداللہ بن عامر کا مختصر سا تذکرہ ہم پیش کرتے ہیں جس میں سے ان کی شخصیت، اخلاق و کردار اور ان کی زندگی کے نمایاں کارنامے آشکارا ہو سکیں گے اور معترضین کے اعتراضات کی حقیقت سامنے آجائے گی۔

**نام و نسب** ان کا اسم گرامی عبداللہ بن عامر بن کریز ہے۔ اور ماں کا نام دجاجہ بنت اسماء بن صلت ہے۔

عبداللہ ابن عامر حضرت عثمانؓ کے ماموں (عامر) کے بیٹے ہیں۔ حضرت عثمانؓ، حضرت عبداللہ ابن عامر کی پھوپھی (اروی بنت کریز) کے بیٹے ہیں۔ عامر اور اروی بھائی بہن ہیں۔ ان کی والدہ ام حکیم بنت عبدالمطلب بن ہاشم ہاشمی خاندان سے ہیں۔

(۱)—— نسب قریش، ص ۱۴۸/۱۴۹، تحت اولاد عامر بن کریز۔

Marfat.com

(۲)۔۔۔۔۔طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۱۲ تحت عبداللہ بن کریز۔

(۳)۔۔۔۔۔اسد الغابہ، جلد ۳، ص ۱۹۱ تحت ذکر عبداللہ بن عامر۔

## ایامِ طفولیت اور حصولِ برکات

صغر سنی میں عبداللہ بن عامر کو سنہ ھ عمرۃ القضا کے موقع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب مبارک ان کے دہن میں ڈالا اور انہوں نے لعابِ مبارک کو چوس لیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقعہ پر عبداللہ بن عامر کے بارے میں ارشاد فرمایا "یہ ہمارا بیٹا ہے۔ اور ہمارے ساتھ زیادہ مشابہ ہے اور یہ مستقی (سیراب شدہ) ہے"۔ اس بنا پر جہاں سے وہ زمین کریدتے وہاں سے پانی کا چشمہ ظاہر ہو جاتا تھا۔ جیسا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمان دیا تھا۔

"اُتی به النبی صلی الله علیه وسلم وهو صغیر فقال هٰذا یشبهنا وجعل یتفل علیه ویعوذه وجعل عبد الله یبتلع ریق رسول الله صلی الله علیه وسلم انه المستقیٰ فکان لا یعالج ارضًا الا ظهر له الماء..... فکان کما قال رسول الله صلی الله علیه وسلم۔

(۱)۔۔۔۔۔الاستیعاب، ص ۳۵۱، جلد ۲، معہ اصابہ، تحت عبداللہ بن عامر

(۲)۔۔۔۔۔اسد الغابہ، ص ۱۹۱، جلد ۳، تحت عبداللہ مذکور

(۳)۔۔۔۔۔الاصابہ، ص ۱۶۰، جلد ۳، تحت عبداللہ مذکور

"وفی روایته الطبقات..... قال هٰذا ابننا وهو اشبهکم بنا وهو مستقیٰ فلم یزل عبد الله شریفا"...الخ

Marfat.com

(۴) طبقات ابن سعد، ص ۳۱، ج ۵ تحت
تذکرہ عبداللہ بن عامر بن کریز طبع اوّل لیدن۔

**سخاوت، شجاعت، شفقت** عبداللہ بن عامر نہایت سخی مرد اور بہادر تھے۔ اپنی قوم کے ساتھ صلہ رحمی کرنے والے تھے۔ اور قرابت داروں میں محبوب و شفیق تھے۔

"وکان ابن عامر رجلاً سخیاً شجاعاً وصولاً لقومه ولقرابته محبّباً فیهم رحیماً"

(۱) ـــ طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۳۲۔ تحت
عبداللہ بن عامر۔

(۲) ـــ الاستیعاب لابن عبدالبر، ج ۲، ص ۳۵۲۔
تحت عبداللہ مذکور۔

(۳) ـــ کتاب نسب قریش۔ ص ۱۴۹۔

**جنگی کارنامے** جب عبداللہ بن عامر کو حضرت عثمانؓ کی طرف سے بصرہ پر حاکم بنایا گیا تھا تو ان کی عمر اس وقت قریباً پچیس سال تھی۔ آپ نے حضرت عثمانؓ سے غزوات اور جہاد کے لیے اجازت طلب کی۔ اجازت ملنے پر آپ نے ۳۱ھ میں خراسان اور فارس کے اطراف فتح کیے سجستان، کرمان، زابلستان وغیرہ علاقہ جات ان کی مساعی سے مفتوح ہوئے اور اسلام کا جھنڈا سربلند ہوا۔

وولاه بلاد فارس وکان عمره خمس وعشرين (۲۵) سنة فافتتح خراسان کلها و اطراف فارس و سجستان و کرمان وزابلستان ... الخ

Marfat.com

(۱) ـــــ اسد الغابہ، ج ۳ ص ۱۹۱ تحت عبداللہ بن عامر

(۲) ـــــ طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۳۳ تحت ابن عامر

"۔ ۔ ۔ ھو افتتح خراسان وقتل کسریٰ فی ولایتہ"

(۳) ـــــ الاستیعاب، ج ۲، ص ۳۵۲ معہ الاصابہ تحت عبداللہ بن عامر۔

ـــــ کتاب البلدان للیعقوبی الشیعی کے بیان کے مطابق عبداللہ ابن عامر بن کریز کی نگرانی میں مندرجہ ذیل علاقے بھی مفتوح ہوئے۔ مثلاً:

قومس[۲]، نسا[۳]، ابرشہر، جام[۹]، طوس[۱۰]، اسفرائین[۱۱]، سرخس[۱۲]، مرو[۱۳]، بوشنج[۱۴]، زرنج[۱۵]، مرورد[۱۶]، وغیرہ

(کتاب البلدان لابن احمد بن واضح الیعقوبی الشیعی، ص ۴۴ تا ۴۵۔ مطبعۃ الحیدریہ النجف (عراق) الطبعۃ الثالثۃ، سن طباعت $\frac{۱۳۷۷ھ}{۱۹۵۷}$ )

ـــــ اور خلیفہ بن خیاط نے اپنی تاریخ جلد اوّل میں عبداللہ بن عامر کی نگرانی میں مفتوح ہونے والے مزید مقامات بھی ذکر کیے ہیں۔ مثلاً

الکاریان[۱۸]۔ الفیشجان[۱۸] (دارابجرد)۔ زرانق[۱۹]، ناشب[۲۰]۔ باشرورزد[۲۱]۔ ہراۃ[۲۲]۔ بیہق[۲۳]

تخارستان[۲۴]، الجوزجان[۲۵]۔ الفاریاب[۲۶]۔ الطالقان[۲۷]۔ بلخ[۲۸]۔ خوارزم[۲۹]۔ باذغیس[۳۰]

اصبہان[۳۱]۔ حلوان[۳۲]۔

(۱) ـــــ تاریخ خلیفہ بن خیاط، جزاول، ص ۱۴۰-۱۴۱- تحت سن ثلاثین۔ طبع اوّل عراق۔

(۲) ـــــ تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۸ - تحت القضاۃ عثمانی۔

Marfat.com

## اُمورِ رفاہِ عامہ

عبداللہ بن عامر نے مسلمانوں کی نفع رسانی کے لیے کئی مقامات میں حوض بنوائے، باغات لگوائے، نہریں کھدوائیں اور ان کے علاوہ متعدد رفاہِ عامہ کے کام سرانجام دیئے۔ خصوصاً مقام عرفات میں پانی کے حوضوں کا انتظام کرایا۔

(۱) ـــــ وھو اوّل من اتخذ الحیاض بعرفة و اجری الیھا العین و سقی الناس الماء فذاك جار الی الیوم۔

۱۔ طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۳۴ تحت عبداللہ بن عامر
۲۔ اسد الغابہ، ج ۳، ص ۱۹۱۔ تحت عبداللہ بن عامر بن کریز۔
۳۔ البدایہ لابن کثیر، جلد ۸، ص ۸۸ تحت تذکرہ عبداللہ بن عامر۔

(۲) ـــــ وھو الذی عمل السقایہ بعرفہ . . . . و لہ النباج (موضع) الذی یقال لہ نباج ابن عامر و لہ الجحفة و لہ بستان ابن عامر بنخلة علی لیلة من مكة و لہ آثار فی الارض كثیرة۔
(کتاب نسب قریش، الجزء الخامس، ص ۱۴۸ الطبع مصری)

## اہلِ مدینہ کے لیے خدمات

ابن عامر اپنی ولایت کے دوران ایک دفعہ حضرت عثمانؓ کے پاس بہت سا مال لے کر مدینہ پہنچے تو حضرت عثمانؓ نے انہیں فرمایا "اپنی قوم اور قرابت داروں کے ساتھ صلہ رحمی کیجیے اور ان کے ہاں اموال پہنچایئے"۔ پس ابنِ عامر نے قریش اور انصار میں بہت سے اموال اور پوشاکیں تقسیم کیں اور کثیر چیزیں اہلِ مدینہ کو پہنچائیں تو اہلِ مدینہ نے تعریف کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

" وقد م علی عثمان بالمدینة فقال لہ عثمان صل قرابتك وقومك ففرق فی قریش و الانصار شیئاً عظیماً من الاموال

Marfat.com

والکسوات فاثنوا علیہ۔

(۱)۔۔۔۔۔ اسد الغابہ، جلد ۳، ص ۱۹۱ تحت عبداللہ بن عامرؓ

(۲)۔۔۔۔۔ الاصابہ، ج ۳، ص ۶۱ تحت عبداللہ بن عامر

## ابن عامر ابن تیمیہؒ کی نظروں میں

ابن تیمیہؒ نے اپنی تصنیف منہاج السنہ میں عبداللہ بن عامر کی خوبیاں اور ان کا لوگوں کے ہاں مقبولِ عام ہونا بیان کیا ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں۔

"ان لہ من الحسنات والمحبۃ فی قلوب الناس مالاینکر"

(منہاج السنہ، ص ۱۸۹-۱۹۰ ج ۳)

"یعنی ابن عامر کے لیے بے شمار خوبیاں ہیں۔ اور عوام کے قلوب میں ان کی خوب محبت تھی جس کا انکار نہیں کیا جاسکتا"

مندرجات بالا کی روشنی میں یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ عبداللہ بن عامر ایک عظیم شخصیت اور باکردار انسان تھے جنہوں نے اسلام اور اہلِ اسلام کی بے شمار خدمات سرانجام دیں۔ ان اوصاف کے پیشِ نظر مخالفین کے تمام اعتراضات بے جا اور بے محل نظر آتے ہیں۔ یہ اعتراضات محض گروہی تعصب کی بنا پر وارد کر دیتے گئے ہیں تاکہ ان کے خلاف لوگوں کے قلوب میں تنفر اور بغض قائم رہے۔ اس "نیک مقصد" کے بغیر اور کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔

جزاھم اللہ تعالیٰ علی حسب مراممھم۔

Marfat.com

# سیدنا امیر معاویہؓ کے متعلقات

حضرت امیر معاویہؓ کے ساتھ معترض دوستوں کو خصوصی عداوت ہے۔ ان کے دورِ ولایت اور دورِ خلافت کو نہایت مکروہ تعبیرات کے ساتھ ذکر کیا کرتے ہیں۔ مخالفین کے نزدیک یہ ایک سیاہ دور ہے جس میں اسلام کے ایک ایک دستور کا خاتمہ کر دیا گیا۔ آئینِ اسلامی کو ختم کر کے جبر و استبداد کے طریقے رائج کر دیئے گئے۔ دینی طرز و طریق کے بجائے آمرانہ دستور کو فروغ دیا گیا۔

ابن المطہر الحلی الشیعی نے اپنی تصنیف "منہاج الکرامہ فی اثبات الامامۃ" میں امیر معاویہؓ کے حق میں مختصر سا جملہ لکھا ہے جس میں ان کے متعلقہ سب مطاعن کو سمو دیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ:

"وولی معاویۃ الشام فاحدث من الفتن ما احدث"

"یعنی امیر معاویہ شام کے والی بنائے گئے پس انہوں نے بے شمار فتنے پیدا کر ڈالے"

(منہاج الکرامہ فی اثبات الامامۃ، ص ۶۷ تحت مطاعن عثمانی طبع لاہور در آخر منہاج السنۃ لابن تیمیہؒ)

قبل ازیں بحث اوّل (تحت عنوان الشام) میں حضرت امیر معاویہؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دینی خدمات عہدِ نبوت میں، عہدِ صدیقی میں، دورِ فاروقی میں مختصراً درج کی گئی تھیں۔ اب ہم قارئین کرام کی خدمت میں امیر معاویہؓ کے متعلق روایات اور اسلامی تاریخ سے ان کی قابلیت اور صلاحیت و دینی و

Marfat.com

ملی کارنامے پیش کرینگے جن کی وجہ سے واردکردہ اعتراضات کا جواب ہوگا اور
اس دَور کے متعلقہ شکوک وشبہات کا خاتمہ ہوگا۔

اس کی صورت یہ ہوگی کہ پہلے امیر معاویہؓ کے مقام اور کردار کو پیش کیا ہے۔ اس کے بعد خاندان بنی ہاشم کے ساتھ ان کے حسن روابط اور حسن سلوک کے واقعات کو درج کیا ہے۔ تمام بحث کے آخر میں سب وشتم وغیرہ کے اعتراض کو زائل کیا گیا ہے اور ان ابحاث کو عہد عثمانی کے ساتھ مخصوص نہ تصور کریں۔ یہ چیزیں ان کی شخصیت کے اعتبار سے ذکر کی جاتی ہیں۔

## نام ونسب اور قبول اسلام

سیدنا امیر معاویہؓ کا پدری نسب اس طرح ہے۔ معاویہ بن ابی سفیان بن حرب بن امیہ بن عبدشمس بن عبدمناف۔

(کتاب نسب قریش، ص ۱۲۴ تحت ولد ابی سفیان (الصخر)

اور مادری سلسلہ نسب یہ ہے:۔ ان کی والدہ کا نام ہند بنتِ عتبہ ہے۔ ہند بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبدشمس بن عبدمناف۔

(۱)۔۔۔ نسب قریش، ص ۱۲۵ تحت ولد ابی سفیان (الصخر)

(۲)۔۔۔ الاصابہ، ص ۴۰۹، ج ۴ تحت ہند بن عتبہ۔

نسب ہذا سے معلوم ہوتا ہے کہ امیر معاویہؓ اور حضور علیہ السلام کا پانچواں دادا ایک ہے جس کا نام عبدمناف ہے۔

### قبول اسلام

آپ کی عمر کا قریبًا اٹھارواں سال تھا کہ عمرۃ القضاء کے موقع پر آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کی اور اسلام قبول کیا۔ آپ نے اپنے اسلام کو فتح مکہ تک اپنے والدین سے چھپاتے رکھا۔ اور ان کے والدین (یعنی

Marfat.com

ابوسفیان والد اور ہند بنت عتبہ والدہ) فتح مکہ کے موقعہ پر اسلام لائے۔

ـــــ وکان معاویۃ یقول انہ اسلم عام القضیۃ وانہ لقی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسلمًا وکتم اسلامہ من ابیہ وامہ ... الخ

(۱)ـــ اسد الغابہ جلد رابع، ص ۳۸۵ تحت تذکرہ معاویہؓ

(۲)ـــ البدایہ لابن کثیر، جلد ۸، ص ۱۱۷ تحت معاویہ بن ابی سفیان۔

(۳)ـــ تاریخ بغداد جلد اول، ص ۲۰۷ تحت تذکرہ معاویہؓ بن ابی سفیان۔

(۴)ـــ نسب قریش، ص ۱۲۴ تحت اولاد ابی سفیان ابن حرب

(۵) کتاب دول الاسلام، جزء اول للذہبی تحت سنۃ ستین، ص ۲۸، ج ۱ (طبع حیدر آباد دکن)

(۶) تہذیب الاسماء واللغات للنووی، ج ۲، ص ۱۰۲۔ تحت معاویہؓ بن ابی سفیان۔

(۷) تاریخ الاسلام للذہبی۔ ج ۲، ص ۳۱۸ تحت ترجمہ معاویہؓ۔

ناظرین کرام مطلع رہیں کہ عام مؤرخین اور اہل تراجم امیر معاویہؓ کے اسلام کے متعلق یہی ذکر کیا کرتے ہیں کہ وہ فتح مکہ (آٹھ ہجری) کے موقع پر اسلام لائے لیکن ہم نے جو قول ذکر کیا ہے وہ حضرت امیر معاویہؓ کا اپنا بیان ہے۔ اور قدیم مؤرخین (صاحب نسب قریش، صاحب تاریخ بغداد وغیرہ) نے اس کو باسند نقل کیا ہے لہٰذا دوسرے لوگوں کے اقوال کے مقابلہ میں امیر معاویہؓ کے اپنے قول کو ترجیح دی جائے گی۔

Marfat.com

# خاندان امیر معاویہؓ اور بنو ہاشم کے نسبی روابط

ایک خاندان کا دوسرے خاندان کے ساتھ دائمی تعلق قائم کرنے کے لیے نسبی تعلقات ایک بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ان تعلقات کی بنا پر ایک قبیلہ دوسرے کے قریب تر ہو جاتا ہے، دونوں قبیلوں کے درمیان گہرے اور دائمی روابط مضبوط ہو جاتے ہیں اور ان کے درمیان شفقت و محبت، ہمدردی و خیر خواہی جیسے جذبات پائے جاتے ہیں۔

اب ہم ناظرین کرام کی خدمت میں حضرت امیر معاویہؓ کے خاندان اور قبیلہ بنی ہاشم کی چند ایک رشتہ داریاں ذکر کرتے ہیں تاکہ ان دونوں قبائل کا ایک دوسرے کے قریب ہونا لوگوں پر واضح ہو سکے۔

**رشتہ اوّل** حضرت امیر معاویہؓ کی بہن ام حبیبہؓ بنت ابی سفیان نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں تھیں اس لیے انہیں امّ المومنین ہونے کا اور حضرت امیر معاویہؓ بن ابی سفیان کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا برادرِ نسبتی ہونے کا شرف حاصل ہے اور اُمّ حبیبہ کا نام رملہ ہے۔

(۱) ـــ نسبِ قریش، ص ۱۲۳-۱۲۴ تحت ولد ابی سفیان بن حرب۔

(۲) ـــ طبقات ابن سعد، ص ۶۸-۶۹-ج ۸ تحت ام حبیبہؓ (رملہ بنت ابی سفیان)، طبع لیدن یورپ۔

**دوم** حضرت امیر معاویہؓ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم زُلف ہیں۔(یعنی جس کو ساڈو کہتے ہیں)۔امّ المومنین ام سلمہؓ کی بہن قریبۃ الصغریٰ امیر معاویہؓ کے نکاح میں تھیں اور ان سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

(۱)... وسالفه من قبل ام سلمة معاوية بن ابی سفیان

Marfat.com

بن حرب بن امیّة کانت عندہٗ قریبة الصغری بنت امیّة
بن مغیرة اخت ام سلمة لابیہا لم تلد لہٗ -

(کتاب المحبّر، ص ۱۰۲ - طبع حیدر آباد دکن)

**سوم** | حضرت امیر معاویہؓ کی بہن ہند بنت ابی سفیان بن حرب حضرت علیؓ کے چچا زاد بھائیوں کی اولاد میں سے حارث بن نوفل بن حارث بن عبد المطلب بن ہاشم کے نکاح میں تھی اور اس سے اولاد بھی ہوئی - ایک بیٹے کا نام محمد تھا -

"ہند بنت ابی سفیان بن حرب بن امیة الاموية اخت معاوية کانت زوج الحارث بن نوفل بن الحارث بن عبد المطلب بن ہاشم فولدت لہٗ ابنہ محمداً -

(۱) ـــــ الاصابہ، ص ۵۸، ۵۹ - ج ۳ تحت عبد اللہ بن حارث بن نوفل - الخ

(۲) ـــــ الاصابہ، ص ۴۰۶، ج ۴ - تحت ہند بنت ابی سفیان بن حرب -

(۳) ـــــ تہذیب التہذیب، ص ۱۸۱، ج ۵ - تحت عبد اللہ بن الحارث -

(۴) ـــــ طبقات ابن سعد، ص ۱۵، ج ۵، تحت عبد اللہ المذکور طبع لیدن -

**چہارم** | حضرت سیدنا حسینؓ کے لڑکے علیؓ (شہید کربلا) کی ماں لیلیٰ بنت ابی مرة بن مروة بن مسعود ثقفی ہیں اور لیلیٰ کی ماں میمونہ بنت ابی سفیان بن حرب ہے جو امیر معاویہ کی بہن ہیں - دوسرے لفظوں میں حضرت حسینؓ کی ساس (خوشدامن) میمونہ بنت ابی سفیان ہیں اور میمونہ علی اکبرؓ کی نانی ہیں - امیر معاویہؓ علی اکبرؓ کی ماں

Marfat.com

کے سگے ماموں ہیں اور سیدنا حضرت حسینؓ کے گھر امیر معاویہؓ کی سگی بھانجی (یعنی خواہر زادی) ہے۔

"ولد الحسین بن علی بن ابی طالب علیاً اکبر قتل بالطف مع ابیہ وامہ لیلیٰ بنت ابی مرۃ بن عروۃ بن مسعود الثقفی ..... وامہا میمونۃ بنت ابی سفیان بن حرب بن امیۃ۔

(۱) کتاب نسب قریش، ص ۵۷ تحت ولد حسین بن علی بن ابی طالب۔

(۲) تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱ ص ۲۵۵ تحت ۶۱ھ مقتل حسین واصحابہ۔

اور شیعہ علماء نے رشتہ ہذا کو مندرجہ ذیل مقامات میں تحریر کیا ہے:۔

۱۔ مقاتل الطالبین لابی الفرج الاصبہانی الشیعی، ص ۵۲، ج ۱ طبع بیروت، باب ذکر خبر الحسین بن علی ومقتلہ ومن قتل معہ۔

۲۔ منتہی الآمال للشیخ عباس قمی الشیعی، ص ۴۶۴ ج ۱ تذکرہ ازواج حسین بن علی۔

**پنجم** حضرت علیؓ کے چچا عباس بن عبد المطلب کی پوتی لبابہ بنت عبید اللہ بن عباس حضرت امیر معاویہؓ کے بھتیجے ولید بن عتبہ بن ابی سفیان کے نکاح میں تھیں۔

"وتزوجت لبابۃ بنت عبید اللہ بن عباس بن عبد المطلب العباس بن علی بن ابی طالب ثم خلف علیہا الولید بن عتبۃ بن ابی سفیان۔

Marfat.com

(۱) کتاب المحبر، ص ۴۴۱، لابی جعفر البغدادی

(۲) کتاب نسب قریش لمصعب الزبیری، ص ۱۳۳ تحت ولد عتبہ بن ابی سفیان۔ صہ ۳۲ تحت اولاد عبید اللہ بن عباس۔

(۳) حواشی عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب لابن عنبہ شیعی، مطبوعہ نجف، عراق تحت اولاد جعفر بن ابی طالب ص ۴۴۔

**ششم** حضرت جعفر طیار کی پوتی رملہ بنت محمد نے پہلے سلیمان بن ہشام بن عبدالملک سے نکاح کیا اور اس کے بعد حضرت امیر معاویہؓ کے بھتیجے کے لڑکے ابوالقاسم کے ساتھ نکاح کیا۔

"وتزوجت رملة بنت محمد بن جعفر بن ابی طالب سلیمان بن هشام بن عبد الملك ثم ابا القاسم بن ولید بن عتبة بن ابی سفیان۔ (کتاب المحبر، ص ۴۴۹)

**ثمرات و نتائج**

مندرجہ چند رشتہ داریاں ملاحظہ کرنے کے بعد یہ بات واضح ہوتی ہے کہ:

(۱) خاندان امیر معاویہ اور بنی ہاشم باہم قریب تر ہیں۔ اس لیے انہیں کسی صورت میں بھی برا بھلا کہنا روا نہیں۔ اگر ان دونوں میں سے کسی ایک خاندان کو برا بھلا کہا گیا تو وہ گویا دوسرے خاندان کو برا بھلا کہنے کے مترادف ہوگا۔ اور ایک رشتہ دار کو برا کہنے سے دوسرا قریبی ضرور متاثر ہوگا۔

(۲) دوسری یہ چیز عیاں ہو رہی ہے کہ ان خاندانوں کے درمیان قبائلی عصبیت اور نسلی تعصب بالکل نہیں تھا۔ اسلام کے بعد عصبیتیں اور دھڑے بندیاں ختم ہو گئی تھیں حضرت عثمانؓ کے دور میں پھر سے قبائلی تعصبات کے عود

Marfat.com

کرآنے کا نظریہ بالکل واقعات کے برخلاف ہے اور خاص اختراعی اور جعلی ہے جس کو بڑی کوشش سے تصنیف فرمایا گیا ہے۔ اس قسم کے باہم نسبی روابط و دیگر تعلقات اس مسئلہ کے لیے مستقل شواہد کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان دلائل کو پسِ پشت ڈال کر پھر بھی خاندانی تعصبات کا پرچار کرتے رہنا عدل و انصاف کو ختم کر دینے کے مترادف ہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اپنے اکابرین کے ساتھ حُسنِ عقیدت نصیب فرماتے جو آخرت میں کام آئے گی اور ان کے ساتھ ضد، عناد اور نفرت سے محفوظ فرماتے جو قیامت میں نقصان دہ ثابت ہوگی۔

## سیدنا امیر معاویہؓ کے حق میں زبانِ نبوّت سے دُعائیں

——حضرت امیر معاویہؓ نے جو دینِ اسلام کی خدمات انجام دی ہیں اور احیائے دین کے لیے جو مساعی فرمائی ہیں، بقائے ملت کی خاطر جو کارنامے پیش کیے ہیں یہ ان دعاؤں کے اثرات ہیں جو ان کے حق میں نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے وقتاً فوقتاً صادر ہوتی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے زبانِ نبوت سے وہ فرمودات منظور فرمائے جو ان کے لیے جاری ہوئے تھے۔ ان کی برکات کی وجہ سے امیر معاویہؓ کو دینی خدمات کی توفیق نصیب ہوئی۔

ان دعائیہ کلمات میں سے چند ایک دعائیں ذکر کی جاتی ہیں جو اکابر علماء نے باسند ذکر کی ہیں یا باسند علماء کا حوالہ دے دیا ہے۔

**(۱) ہادی اور مہدی ہونے کی دُعا** | عبدالرحمان بن عمیرۃ المزنی کہتے ہیں کہ میں نے سردارِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم معاویہ بن ابی سفیان کے حق میں ارشاد فرما رہے تھے کہ اے اللہ! معاویہؓ کو ہادی بنا اور ہدایت یافتہ بنا۔ یا اللہ!

Marfat.com

ان کو ہدایت دے اور ان کے ذریعہ دوسروں کو ہدایت دے۔"

"۔۔۔۔عبدالرحمن بن عمیرة المزنی یقول سمعت

النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی معاویة بن ابی سفیان

اللّٰھم اجعلہ ھادیًا مھدیًّا واھد بہ۔"

(۱) ـــــ التاریخ الکبیر الامام البخاری ج ۴ ص ۳۲۷ القسم الاوّل، ج ۴ تذکرہ معاویہ بن ابی سفیان طبع حیدرآباد دکن۔

(۲) ـــــ التاریخ الکبیر للبخاری ص ۲۴۰، ج ۳ القسم الاوّل، باب عبدالرحمٰن۔

(۳) ـــــ طبقات ابن سعد، ج ۷، ص ۳۶ قسم ثانی، تحت عبدالرحمٰن بن عمیرة المزنی۔

(۴) ـــــ جامع الترمذی، کتاب المناقب، ص ۵۴۷۔ باب مناقب معاویہ بن ابی سفیان طبع قدیم اصح المطابع لکھنؤ

(۵) ـــــ تاریخ بغداد للخطیب جلد اوّل، ص ۲۰۸ تحت ترجمہ معاویہ بن ابی سفیان۔

(۶) ـــــ اسد الغابہ، ج ۴، ص ۳۸۶ تحت معاویہ بن ابی سفیان طبع تہران

(۷) ـــــ البدایہ لابن کثیر، ج ۸، ص ۱۲۱ بحوالہ الطبرانی والامام احمد وغیرہما تحت ترجمہ معاویہ بن ابی سفیانؓ۔

(۸) ـــــ الفتح الربانی لترتیب مسند الامام احمد بن حنبل الشیبانی، ج ۲۲ ص ۳۵۶، باب ماجاء فی معاویة بن ابی سفیان۔

(۲) ـــــ امام بخاریؒ نے اپنی تاریخ کبیر تذکرہ حضرت معاویہؓ میں ایک اور روایت

Marfat.com

باسند ذکر کی ہے۔عمیر بن سعد کہتے ہیں کہ حضرت معاویہؓ کا تذکرہ خیر و خوبی کے بغیر مت کیا کرو میں نے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔آپ ان کے حق میں فرماتے تھے کہ اے اللہ! انہیں ہدایت عطا فرما۔"

**فائدہ:** جب حضرت عمر بن الخطابؓ نے عمیر بن سعد صحابی رسولؐ کو حمص کی حکومت سے ہٹا کر حضرت امیر معاویہؓ کو وہاں متعین کیا تو اس وقت لوگ کہنے لگے کہ عمیر کو ہٹا کر امیر معاویہ کو والی بنا دیا۔حضرت عمیرؓ نے اس موقعہ پر امیر معاویہؓ کے حق میں یہ روایت ذکر کی:

"۔۔۔عن ابی ادریس الخولانی عن عمیر بن سعد قال لا تذکروا معاویة الا بخیر فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللّٰھم اھدہٖ"

(۱) التاریخ الکبیر للبخاری، ج ۴، ص ۳۲۸، القسم الاول تحت تذکرہ معاویہ بن ابی سفیان طبع حیدرآباد دکن)

(۲) جامع الترمذی ص ۵۴۷ تحت مناقب معاویہؓ

## (۳) علم کتاب و حساب کے حصول اور عذاب سے حفاظت کی دُعا

عبدالرحمٰن بن عمیرہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے امیر معاویہؓ کے حق میں دُعا فرمائی "اے اللہ انہیں حساب کا علم عطا فرما اور عذاب سے بچا لے۔"

"۔۔۔عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اللّٰھم علّم معاویة الحساب وَقِهِ العذاب"

(۱)ـــــ التاریخ الکبیر، ج ۴، ص ۳۲۷۔القسم الاول تحت معاویہ بن ابی سفیانؓ۔

Marfat.com

(۲) ــــــ مجمع الزوائد لنور الدین الہیثمی، ج ۹، ص ۳۵۶۔
تذکرہ باب ماجاء فی معاویۃ بن ابی سفیانؓ۔

(۴) ــــــ نیز عرباض بن ساریہؓ (صحابی) فرماتے ہیں کہ میں نے سردار دوجہاں صلّی اللہ علیہ وسلّم سے سُنا، حضرت معاویہؓ کے حق میں آپ فرماتے تھے کہ اے اللہ! کتاب اور حساب کا علم انہیں عنایت فرما اور عذاب سے محفوظ فرما۔"

"۔۔۔۔ یقول (عرباض بن ساریۃ) سمعت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم یقول اللّٰھم علّم معاویۃ الکتاب و الحساب وقہ العذاب۔"

(۱) الاستیعاب (معہ الاصابہ) ج ۳، ص ۳۸۱ تحت معاویہ بن ابی سفیانؓ۔

(۲) موارد الظمآن لنور الدین الہیثمی، ص ۵۶۶۔ باب فی معاویہ بن ابی سفیانؓ۔

(۳) البدایہ، ج ۸، ص ۱۲۰، بحوالہ احمد و ابن جریر تحت ترجمہ معاویہ بن ابی سفیانؓ۔

(۴) الفتح الربانی، ج ۲۲، ص ۳۵۶۔ باب ماجاء فی معاویۃ بن ابی سفیانؓ۔

## (۵) ان کے علم اور حلم کے لیے دُعا

امام بخاریؒ نے اپنی تاریخ کبیر جلد رابع میں درج کیا ہے کہ ایک دفعہ امیر معاویہؓ حضرت نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے پیچھے سواری پر سوار ہو کر تشریف لے جا رہے تھے۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے انہیں ارشاد فرمایا کہ آپ کے جسم کا کون سا حصّہ میرے قریب تر ہے تو حضرت معاویہؓ نے عرض کیا کہ میرا شکم

Marfat.com

آپ کے نزدیک ہے۔ اس وقت آنحضرتؐ نے فرمایا" اے اللہ! اسے علم وحلم (بردباری) سے پُر فرمادے۔"

"۔۔۔ صدقة بن خالد حدثنی وحشی بن حرب بن وحشی عن ابیه عن جدّہ قال کان معاویة ردف النبی صلّی اللہ علیه وسلّم فقال یا معاویة ما یلینی منك قال بطنی قال اللّٰهم املأہ علمًا وحلمًا"

(۱) التاریخ الکبیر لامام البخاری، ج ۴، ق ۲، ص ۱۸۰۔
باب وحشی (وحشی الحبشی) مولیٰ جبیر بن مطعم)
(۲) تاریخ الاسلام لازھبی صہ ۳۱۹ ج ۲ تحت معاویہ

## فائدہ

——— سیدنا امیر معاویہؓ کے حق میں یہ دعائیں ایسی ہی مؤثر ہوئیں جیسا کہ سیدنا علی المرتضیٰ کے حق میں دعائے نبوی مفید ہوئی اور قدرت کی طرف سے منظور و مقبول ہوئی۔ حضور علیہ السلام حضرت علیؓ کو یمن روانہ فرمانے لگے تو حضرت علیؓ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! میں نوعمر ہوں، قضا (یعنی فیصلہ کرنے) کا تجربہ نہیں ہے تو جناب نے ان کے سینے پر ہاتھ مبارک رکھا اور فرمایا کہ اللّٰھم ثبت لسانه واھد قلبه "اے اللہ ان کی زبان کو درست رکھ اور قلب کی صحیح رہنمائی فرما۔"

(البدایہ، ج ۵، ص ۱۰۷، بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی بن ابی طالب وخالد بن ولید الی الیمن قبل حجۃ الوداع بحوالہ امام احمدؒ)

——— اللہ تعالیٰ نے امیر معاویہؓ کو بلاشبہ بڑا عمدہ علم وفہم عطا فرمایا اور ساتھ ہی حوصلہ اور بردباری نصیب فرمائی۔ بے شمار مخلوق کی ہدایت کا ان کو ذریعہ بنایا۔

Marfat.com

کئی ممالک ان کی کوششوں سے فتح ہو کر حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ اسلام کا کلمہ بلند ہوا اور ہمیشہ کے لیے دین کے قیام کی صورتیں پیدا ہو گئیں اور دینی نظام کو ان ملکوں میں قائم فرمایا۔ یہ سب کچھ دعائے نبوی وصحبتِ نبوی کے اثرات تھے۔

—— حضرت امیر معاویہؓ کے دَور کو اگر دینی نظام ختم کر دینے اور اسلامی آئین برباد کر دینے کا دَور تصور کر لیا جائے تو پھر نبوت کی ان دعاؤں کا کیا اثر ہوا؟ نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی رشد و ہدایت کی دعائیں، علم و حلم کی دعائیں معاذ اللہ سب بے اثر و بے تاثیر ثابت ہونگی (انا للہ وانا الیہ راجعون)۔ حضرت علیؓ کے حق میں دعائیں تو مفید، مؤثر اور نتیجہ خیز ثابت ہوں اور وہی دعائیں اگر امیر معاویہؓ کے حق میں مقدس زبان سے صادر ہوں تو کوئی ثمرہ مرتب نہ ہو سکے، یہ مشکل ہے۔ مسلمانوں کو اس مسئلہ میں غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے۔ خدا تعالیٰ ہم لوگوں کو اپنے نبی مقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کے تمام صحابہ کرامؓ کے ساتھ صحیح عقیدت مندی نصیب فرمائے جس میں قبائلی تعصب نہ ہو اور افراط و تفریط سے پاک ہو۔

Marfat.com

# لیاقتِ علمی اور قابلیّت

اس عنوان کے تحت چند ایک چیزیں ذکر کی جاتی ہیں۔ اس سے حضرت امیر معاویہؓ کی علمی لیاقت اور ان کی صلاحیت واضح طور پر معلوم ہوتی ہے۔

(۱)

## کاتبِ نبویؐ ہونا

سیّدنا امیر معاویہؓ کے متعلق یہ چیز مسلّمات میں سے ہے کہ سیّد الکونین صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمتِ اقدس میں ان کو کاتب ہونے کی سعادت نصیب تھی۔ اور یہ کاتبانِ نبوی میں شمار ہوتے تھے۔ یہ ان کی صلاحیت اور صداقت و اعتماد کی بیّن دلیل ہے۔

سیرتِ طیبہ میں جہاں کاتبانِ نبوی کا تذکرہ ہوتا ہے وہاں امیر معاویہؓ کا اسمِ گرامی بھی درج ہے۔

(۱)۔۔۔ الاستیعاب، ج ۳، ص ۳۷۵، معہ الاصابہ، تحت معاویہؓ بن ابی سفیان۔

(۲)۔۔۔ زاد المعاد لابن القیم، ج ۱، ص ۳۰ فصل فی کُتّابہ صلّی اللہ علیہ وسلّم۔

(۳)۔۔۔ الاصابہ لابن حجر، ج ۳، ص ۴۱۲ تحت معاویہؓ بن ابی سفیان۔

Marfat.com

(۴) مجمع الزوائد للہیثمی، ج ۹، ص ۳۵۷۔ باب معاویہؓ

(۵) جوامع السیرۃ لابن حزم، ص ۲۷۔ تحت عنوان کتّابہٗ صلّی اللہ علیہ وسلّم۔

(۶) تاریخ الیعقوبی الشیعی صہ ۸۰ ج ۲ تحت کتاب النبی صلعم

—(۲)—

# ابنِ عباسؓ ہاشمی کا امیر معاویہؓ پر علمی اعتماد اور صلاحیّت کا اقرار

(۱) —— حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت امیر معاویہؓ سے متعدد احادیثِ نبوی نقل کی ہیں اور کئی مسائل شرعی میں ان پر اعتماد کیا ہے۔ اور ان کو دینی مسائل میں "فقیہ" کا مقام دیا ہے۔ اسی سلسلہ کی چند چیزیں ذیل میں ملاحظہ فرمائیں:۔

۱۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ (جو حضرت علی المرتضیٰ کے چچا زاد برادر ہیں) کی خدمت میں مسئلہ وتر کی بحث ہوئی تو اس میں حضرت امیر معاویہؓ کا بھی ذکر ہوا تو حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا "ہمارے دور میں امیر معاویہؓ سب سے زیادہ عالم ہیں":

" فقال ابن عباس . . . لیس احد منا اعلم من معاویۃ"

(السنن الکبریٰ للبیہقی، ج ۳، ص ۲۶۔ باب الوتر طبع حیدر آباد دکن)

(۲) —— نیز بخاری شریف میں آیا ہے کہ بحث وتر میں جب گفتگو ہوئی تو عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا کہ ان کی بات کو رہنے دیجیے وہ صحابیِ رسول اللہ ہیں۔ انہوں نے

Marfat.com

درست عمل کیا ہے اس لیے کہ وہ دینی مسائل میں فقیہ ہیں۔

"... فقال دعہ فانّہٗ قد صحب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم ... قال اصاب انہ فقیہٌ"

(۱) بخاری شریف، ج ۱، ص ۵۳۱ - باب ذکر معاویہؓ۔ (طبع نور محمدی دہلی)

(۲) الاصابہ مع الاستیعاب، ج ۳، ص ۴۱۲ تحت تذکرہ معاویہؓ بن ابی سفیان۔

(۳) اُسد الغابہ، ج ۴، ص ۳۸۶ تحت تذکرہ معاویہ بن ابی سفیان۔

(۳) ـــــ ایک بار ابن عباسؓ نے اپنے دو مشہور شاگردوں (مجاہد و عطاء) کو امیر معاویہؓ سے نقل کرکے یہ روایت بیان کی کہ امیر معاویہؓ نے مجھے خبر دی ہے کہ سیّد الکونین صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مقراض کے ساتھ اپنے موئے مبارک تراشے۔ تو ہم نے ابنِ عباسؓ سے عرض کیا کہ امیر معاویہؓ کے ماسوا کسی صاحب سے ہم کو یہ بات نہیں پہنچی تو جواب میں عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا کہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر امیر معاویہؓ تہمت لگانے والے نہیں ہیں (ان کی یہ اطلاع صحیح ہے)۔

"... عن مجاھد وعطاء عن ابن عباس ان معاویۃ اخبرہٗ انہٗ رأی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم قصر من شعرہٖ بمشقص فقلنا لابن عباس ما بلغنا ھذا الّا عن معاویۃ فقال ما کان معاویۃ علی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم مُتَّھِمًا"

(مسند احمدؒ، ج ۴، ص ۹۵ تحت مسنداتِ معاویہؓ ابن ابی سفیان)

Marfat.com

(۴) ــــــ حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت امیر معاویہؓ کی انتظامی صلاحیت ولیاقت بیان کرتے ہوئے فرماتے تھے کہ میں نے حکمرانی کے لائق ان سے بہتر کوئی آدمی نہیں دیکھا۔

"۔ ۔ ۔ عن ابن عباس قال ما رأیت احدًا اخلق للملك من معاویة"

(۱) ــــــ التاریخ الکبیر لامام بخاریؒ، ج ۴، ص ۳۲۷ تحت ذکر معاویہؓ بن ابی سفیان۔

(۲) ــــــ تاریخ طبری، ج ۶، ص ۱۸۸، تحت سنہ ۶۰ھ۔ آخر تذکرہ معاویہؓ۔

(۳) ــــــ البدایہ، ج ۸، ص ۱۳۵ تحت امیر معاویہ، بحوالہ محدث عبدالرزاق۔

(۴) ــــــ الاصابہ، ج ۳، ص ۴۱۳ تحت ذکر معاویہ بن ابی سفیان۔

(۵) ــــــ عبداللہ بن عباسؓ حضرت امیر معاویہؓ کی خدمت میں شام تشریف لے جاتے وہاں ان کے ہاں قیام فرماتے۔ نمازیں ان کے ساتھ مقام مقصورہ میں مل کر ادا کرتے تھے۔ (مقصورہ صف اول میں خلفاء کے لیے مخصوص ومحفوظ مقام بنا ہوا ہوتا تھا)۔

نیز ابن عباسؓ کو امیر معاویہؓ کی جانب سے عطیات و وظائف بھی دیئے جاتے تھے جن کا ذکر عطیات و وظائف کے عنوان کے تحت عنقریب آرہا ہے) انشاء اللہ تعالیٰ۔

"۔ ۔ ۔ ان کریبًا مولیٰ ابن عباسؓ اخبرهٗ انهٗ رأی ابن

Marfat.com

عباس یصلی فی المقصورۃ مع معاویۃؓ۔

(المصنف لعبدالرزاق ج ۲، ص ۴۱۴، باب الصلوٰۃ فی المقصورہ مطبوعہ مجلس علمی، کراچی۔ ڈابھیل)

—(۳)—

## محمد بن حنفیہ ہاشمی کا امیر معاویہ سے حدیثِ نبوی اور مسئلہ شرعی نقل کرنا

—حضرت علی المرتضیٰ کے صاحبزادے محمدؒ بن حنفیہ نے امیر معاویہؓ سے حدیث شریف نقل کی ہے کہ امیر معاویہؓ نے فرمایا کہ میں نے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے آپ فرماتے تھے عُمریٰ جن لوگوں کے لیے کر دیا جائے وہ ان کے لیے درست ہے۔ (یعنی ایک شخص نے دوسرے کو عمر بھر کے لیے کوئی چیز دے دی تو اس کے لیے ہمیشہ کے لیے ہو گئی)۔

"۔۔۔۔عن محمد بن علی الحنفیۃ عن معاویۃ بن ابی سفیان قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول العمریٰ جائزۃ لاھلھا۔

(مسند امام احمد، ج ۴، ص ۹۷، تحت حدیث معاویہؓ بن ابی سفیان، طبع اول مصری)

—(۴)—

**امیر معاویہؓ اصحابِ فتویٰ سے تھے** ابن القیمؒ نے اپنی تصنیف اعلام الموقعین کے ابتدائی فصول میں ذکر کیا ہے کہ

Marfat.com

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں جو صاحبِ فتویٰ حضرات تھے (جن کی طرف لوگ شرعی فتویٰ حاصل کرنے میں رجوع کرتے تھے) ان کے تین طبقات و درجات قائم کیے جاتے ہیں۔

۱۔ ایک جماعت کثیر الفتویٰ تھی۔ وہ حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت عائشہؓ وغیرہم حضرات ہیں۔

۲۔ ان کے بعد دوسرا طبقہ المتوسطون تھے۔ وہ صدیقِ اکبرؓ، ام سلمہؓ، عثمان ذوالنورینؓ وغیرہم ہیں۔ ان متوسطین کے زمرہ میں متعدد صحابہ (مثلاً حضرت طلحہؓ، زبیرؓ، عبدالرحمٰن بن عوفؓ، عمران بن الحصینؓ کو ذکر کیا ہے۔ ان میں امیر معاویہؓ بھی شامل ہیں۔ لکھتے ہیں کہ:

"..... ویضاف الیہم طلحۃ والزبیر وعبدالرحمٰن بن عوف .... ومعاویۃ بن ابی سفیان"

۳۔ اس کے بعد قلیل الفتویٰ حضرات مذکور ہیں۔ مثلاً ابو درداءؓ، ابو سلمہؓ، سعید بن زید وغیرہم۔

(۱) ـــــ اعلام الموقعین لابن القیم، ج ۱، ص ۵ (ابتدائی فصول) طبع اشرف المطابع۔ دہلی۔

(۲) تدریب الراوی شرح تقریب النواوی، ص ۴۰۴ تحت بحث واکثرہم فتیا ابن عباسؓ۔

(۳) ـــ جوامع السیرۃ لابن حزم، ص ۳۲۰ (الرسالۃ الثالثۃ اصحاب الفتیا من الصحابۃؓ)

(۴) الاصابہ لابن حجر صہ ۲۲ ج ۱ مقدمۃ الکتاب فصل ثالث

ـــــ مطلب یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ اپنی علمی لیاقت کے اعتبار سے جس طرح فقہائے امت میں شمار کیے جاتے تھے اسی طرح صحابہ کرام کے دور میں

Marfat.com

اہلِ فتاویٰ میں ان کا مستقل مقام تھا اور ان کا اہلِ تدبیر و سیاست ہونا تو تاریخی مسلّمات میں سے ہے۔

**( ۵ )**

—— حضرت امیر معاویہؓ کی دینی وثاقت اور علمی ثقاہت کے لیے یہ چیز بڑی اہم ہے کہ آپ بہت سے اکابر صحابہ کرامؓ کے مروی عنہ ہیں یعنی صحابہؓ نے آپ سے احادیثِ نبوی نقل کی ہیں۔ ان میں سے چند ایک کا ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے اور امام نووی نے لکھا ہے کہ ایک سو تریسٹھ احادیثِ نبوی امیر معاویہؓ کے ذریعہ منقول ہیں جو حدیث کی کتابوں میں موجود ہیں۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ عبداللہ بن العباسؓ (ہاشمی) | ۲۔ جریر بن عبداللہ البجلیؓ |
| ۳۔ معاویہؓ بن خدیج | ۴۔ سائبؓ بن یزید |
| ۵۔ عبداللہ بن الزبیرؓ | ۶۔ نعمان بن بشیرؓ |
| ۷۔ ابوسعید الخدریؓ | ۸۔ ابو درداء |

۹۔ عبداللہ بن عمرؓ ۔ وغیرہم

(۱) الاصابہ، ج ۳، ص ۴۱۲ تحت معاویہؓ بن ابوسفیان

(۲) اسد الغابہ، ج ۴، ص ۳۸۷ تحت معاویہ بن ابوسفیان

(۳) تہذیب الاسماء واللغات للنووی، ج ۲، ص ۱۰۲، ۱۰۳ تحت معاویہؓ بن ابی سفیان۔

(۴) جوامع السیرۃ لابن حزم، ص ۲۷۷ تحت الرسالۃ الثانیہ (اصحاب المادیینؓ)۔

Marfat.com

# ملّی خدمات اور اسلامی فتوحات

قبل ازیں بحث اوّل عنوان دارالشام کے تحت حضرت امیر معاویہؓ کی چند خدمات متعلق عہدِ نبوی و عہدِ صدیقی مختصراً درج ہو چکی ہیں۔ ان کو بھی ملحوظ رکھتے ہوئے چند مزید غزوات و فتوحات یہاں ذکر کیے جاتے ہیں۔

—— جنگی غزوات کے سلسلہ میں امیر معاویہؓ کی خدمات جلیلہ بہت کثیر ہیں پہلے خلفائے راشدین کے دور میں، پھر ان کے اپنے دورِ خلافت میں بے شمار فتوحات ہیں جو امیر معاویہؓ کے ذریعہ حاصل ہوئیں۔ ان کی تفصیلات کے لیے تو ایک مستقل تصنیف درکار ہے۔ مگر اس وقت اجمالی طور پر ہم ان میں سے بعض واقعات کو نقل کرتے ہیں تاکہ یہ عنوان خالی نہ رہ جائے۔

(۱) —— فتح اُردن کے متعلق علامہ بلاذریؒ نے لکھا ہے کہ فوج کے سپہ سالار ابوعبیدہؓ بن جراح تھے اور ان کے ماتحت امیر معاویہؓ کے بڑے بھائی یزید بن ابی سفیان جرنیل تھے۔ حضرت ابوعبیدہؓ کے حکم کے مطابق سواحل اُردن کی طرف فوج کشی کی گئی تو اس لشکر کے امیر یزید بن ابی سفیان تھے اور اس لشکر کے مقدمہ پر ان کے بھائی معاویہؓ بن ابی سفیان متعین تھے۔ بڑی کوشش اور مساعی کے بعد سواحل اردن یزید، عمرو بن العاص اور حضرت معاویہؓ کے ہاتھوں فتح ہوئے تو ابوعبیدہ نے اس فتح کی اطلاع مرکز میں حضرت عمرؓ کو ارسال کی۔

اس موقع پر حضرت امیر معاویہؓ کے کارنامے اور کارکردگی ایک نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔

"..... وکان لمعاویۃ فی ذالک بلاءٌ حسنٌ و اثرٌ جمیلٌ"

Marfat.com

(فتوح البلدان للبلاذری، ص ۱۴۳، طبع مصر، تحت

امر اردن)

(۲) ـــــ ۱۹ھ میں جب حضرت عمرؓ نے قیساریہ کے فتح ہونے کا اعلان فرمایا تو مسلمانوں نے یہ مژدۂ جانفزا سُن کر اللہ اکبر کی صدائیں بلند کیں۔ سات سال تک قیساریہ کا محاصرہ رہا اور آخر کار امیر معاویہؓ کے ذریعہ فتح ہوئی۔

"۔۔۔۔ ان قیساریۃ فتحت قسرًا فی سنۃ ۱۹ھ فلما بلغ عمر فتحھا نادیٰ ان قیساریۃ فتحت قسرًا وکبّر وکبّر المسلمون وکانت حوصرت سبع ستین وفتحھا معاویۃ۔

(۱) فتوح البلدان للبلاذری المتوفیٰ ۲۷۹ھ، ص ۱۴۹۔ طبع اولیٰ مصری (تحت امر فلسطین۔

(۲) فتوح البلدان للبلاذری، ص ۱۴۷ (تحت امر فلسطین۔

(۳) ـــــ مورخین نے لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ نے امیر معاویہؓ کو فرمان بھیجا کہ فلسطین کے باقی علاقوں کی طرف پیش قدمی کریں۔ چنانچہ حضرت امیر معاویہؓ نے تعمیلِ حکم میں عسقلان کے علاقہ کو فتح کیا۔

"۔۔۔ وکتب عمر بن الخطاب الیٰ معاویۃ یامرہ بتتبّع ما بقی من فلسطین ففتح عسقلان"

(فتوح البلدان، ص ۱۴۹۔ تحت امر فلسطین

لاحمد بن یحییٰ البلاذری)

(۴) حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری امّت کا

Marfat.com

سب سے پہلا لشکر جو سمندر میں جہاد کرے گا اس کے لیے جنت واجب ہوگی۔ آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ بشارت بیان فرمائی تو ام حرام بنت ملحان عرض کرنے لگیں "کیا میں بھی اس میں شامل ہوں"؟ تو آپ نے جواباً فرمایا "تو بھی اس میں سے ہے" اس بنا پر حضرت ام حرامؓ ایک مرتبہ سمندر میں جہاد کرنے والے اس لشکر میں شامل ہوئیں جس کے جرنیل حضرت امیر معاویہ تھے۔ اس غزوہ میں ام حرامؓ اپنی سواری سے گر کر فوت ہوگئیں۔

"۔۔۔۔ قال عمیر فحدثتنا ام حرام انہا سمعت النبی صلّی اللہ علیہ وسلم یقول اوّل جیش من اُمّتی یغزون البحر قد اوجبوا قالت ام حرام قلت یا رسول اللہ انا فیہم؟ قال انتِ فیہم۔۔۔ الخ"

۔۔۔ فرکبت البحر فی زمان معاویۃ بن ابی سفیان فصرعت عن دابّتہا حین خرجت من البحر فہلکت"

(۱)۔۔۔ بخاری شریف، ج ۱، ص ۴۱۰۔ کتاب الجہاد، باب ما قیل فی قتال الروم۔ طبع نور محمدی دہلی۔

(۲)۔۔۔ بخاری شریف، ج ۱، ص ۳۹۱۔ کتاب الجہاد، باب الدعاء بالجہاد والشہادۃ۔

(۳)۔۔۔ مسلم شریف، ج ۲، ص ۱۴۱، ۱۴۲۔ کتاب الامارۃ باب فضل الغزو فی البحر۔ طبع نور محمدی دہلی۔

اس واقعہ کے متعلق اتنی ضروری تشریح یاد رہنی چاہیے کہ حضرت عثمان غنیؓ کی خلافت کے دوران ۲۸ھ میں حضرت امیر معاویہؓ کی قیادت میں یہ غزوہ پیش آیا تھا۔ اس غزوہ میں ام حرام اپنے خاوند عبادہؓ بن صامت کے ساتھ شامل غزوہ ہوئی

Marfat.com

تھیں اس کا نام غزوۂ قبرص ہے۔ اس غزوہ میں امِ حرامؓ فوت ہوئیں اور ان کا مزار وہیں علاقہ قبرص میں ہے (جس کو سائپرس کہا جاتا ہے)۔

"...... وفیھا (سنۃ ۲۸ھ) غزا معاویۃ بن ابی سفیانؓ فی البحر.... ومعہ عبادۃ بن الصامت ومعہ امرأتہ ام حرام بنت ملحان الانصاریۃ فاتی قبرص فتوفیت ام حرام فقبرھا ھناک"

(۱)۔۔۔ تاریخ خلیفہ بن خیاط ج ۱ ص ۱۳۵ تحت ۲۸ھ

(۲)۔۔۔ نسب قریش ص ۱۲۴ تحت اولاد ابی سفیانؓ بن حرب۔

(۳)۔۔۔ البدایہ جلد ہشتم ص ۲۲۹ تحت ترجمہ یزید بن معاویہؓ۔

(۴)۔۔۔ فتوح البلدان بلاذری ص ۱۶۰ تحت امر قبرص۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے جس لشکر کے متعلق جنت کی یہ بشارت ارشاد فرمائی تھی اس لشکر کے امیر حضرت امیر معاویہؓ تھے۔ لہٰذا وہ بھی اس عظیم بشارت کے مستحق ہوتے اور زبانِ نبوت کے ذریعہ بالیقین اہلِ جنت میں سے ٹھہرے۔

## دیگر اکابر کا شامل ہونا

یہاں مزید یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ امیر معاویہؓ، حضرت فاروقِ اعظمؓ سے بحری جنگوں کے متعلق پیش قدمی کرنے کے لیے اجازت طلب کرتے رہے لیکن وقتی مصالح کی بنا پر اجازت نہ ملی۔

جب حضرت عثمانؓ کا دور آیا تو انہوں نے خاص شروط کے تحت قومی منافع کے پیشِ نظر بحری جنگی اقدامات کی اجازت دے دی۔ اور یہ قبرص کی طرف اقدام پہلا بحری غزوہ ہے۔

اس میں حضرت امیر معاویہ کی ماتحتی میں بڑے بڑے اکابر صحابہ غزوۂ ہذا

Marfat.com

میں شریک ہوئے تھے ۔مثلاً ابو ایوب انصاریؓ ۔ ابوالدرداء ۔ ابو ذر غفاریؓ ۔
عبادۃ بن الصامت ۔ فضالۃ بن عبید الانصاریؓ، عمیر بن سعد بن عبید الانصاریؓ ۔
واثلہ بن الاسقع الکنانی ۔عبداللہ بن بشر المازنی ۔ شداد بن اوس بن ثابت وہو ابن اخی
حسان بن ثابت والمقداد ۔ وکعب الحبر وجبیر بن نفیر الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہم
اجمعین ۔

امیر معاویہؓ غزوہ ہٰذا میں امیر لشکر کی حیثیت سے خود شامل تھے اور آپ
کی اہلیہ ساتھ تھیں ۔ اللہ تعالیٰ نے فتح عظیم عطا فرمائی ۔مسلمانوں کو بہت عمدہ غنائم
حاصل ہوئے ۔

مسلمانوں کی افواج نے اس علاقہ میں جہاد جاری رکھا حتیٰ کہ اہلِ قبرص صلح
کے لیے آمادہ ہوئے اور امیر معاویہؓ کے دور میں انہوں نے امیر معاویہؓ سے چند
شرائط کے ساتھ دائمی مصالحت کر لی ۔ . . الخ

(فتوح البلدان للبلاذری ،ص ۱۶۰ - ۱۶۱ تحت امر قبرص)

(۵) ــــ حضرت سیدنا عثمانؓ بن عفان کی شہادت کے بعد کچھ عرصہ تک غزوات
کا سلسلہ رک گیا تھا حتیٰ کہ جب صلح و مصالحت کا سال آیا (جب سیدنا حسنؓ کی
حضرت امیر معاویہؓ سے ۴۱ھ میں صلح ہوئی) تو امیر معاویہؓ نے ملک روم کی
طرف سولہ عدد غزوات یکے بعد دیگرے جاری رکھے ۔جب ایک لشکر گرمیوں
میں بھیجا جاتا تو وہ وہیں سردیوں میں قیام کر کے واپس لوٹتا اور اس کی جگہ دوسرے
کو روانہ کیا جاتا ۔

" لما قتل عثمانؓ لم یکن للناس غازیۃ تغزوا حتیٰ کان
عامۃ الجماعۃ فاغزا معاویۃ ارض الروم ست عشرۃ
غزوۃ تذھب سریۃ فی الصیف ویشتوا بارض الروم

Marfat.com

ثم تقفل و تعقبها اُخریٰ"

(البدایہ، ص ۱۳۳، جلد ۸ تحت تذکرہ معاویہؓ)

پھر اس کے بعد بے شمار غزوات پیش آئے۔ بری و بحری فتوحات ہوئیں اور ان کے ہاتھوں اقصائے عالم تک اسلام کا پرچم لہرایا اور ان کی مساعی سے دینِ اسلام کے غلبہ کے سامان پیدا ہو گئے۔ اسی چیز کو علامہ ذہبیؒ نے کتاب دول الاسلام میں بیان کیا ہے۔ ذیل میں ملاحظہ فرما دیں۔

## اسلامی حکومت کا وسیع حلقہ

۶ــــ حضرت امیر معاویہؓ میں فطری طور پر انتظامی صلاحیتیں اس قدر زود بعت تھیں کہ ان کے زیر انتظام ایک وسیع و عریض اسلامی سلطنت قائم تھی اس سلطنت کی حدود بخارا سے لے کر مغرب میں قیروان تک، اقصائے یمن سے قسطنطنیہ تک پھیلی ہوئی تھیں اور ان کے علاوہ حجاز، یمن، شام، مصر، مغرب، عراق، الجزیرہ، آرمینیہ، روم، فارس، خراسان، جبال، اور ماوراء النہر، یہ تمام ممالک اور علاقے ان کے حکم کے ماتحت تھے۔ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں ....

"... صار ملك الدنيا تحت حكمه من حدود بخارا الى القيروان من المغرب ومن اقصى اليمن الى حدود قسطنطنية واقليم الحجاز واليمن والشام ومصر والمغرب والعراق والجزيرة وآرمينية والروم وفارس والخراسان والجبال وما وراء النهر"

(کتاب دول الاسلام للذہبیؒ، جزء اوّل، ص ۲۸۔ تحت سنۃ ستین۔ طبع دائرۃ المعارف دکن)

## حدودِ حرم کی تعیین

امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں حرم مکہ کے بعض آثار اور نشانات مٹنے لگے تھے۔ مروان بن الحکم

Marfat.com

مدینہ پر امیر معاویہؓ کی جانب سے والی تھے۔ انہوں نے شام میں امیر معاویہؓ کو لکھا کہ حرم شریف کے بعض آثار مٹ گئے ہیں اور کرز بن علقمہ معمر صحابی زندہ موجود ہیں ان کے ذریعے آثار کی تجدید و تحدید ہو سکتی ہے۔ اس کے متعلق حکم صادر فرمایا جائے۔ تو امیر معاویہؓ نے جواب ارسال کیا کہ کرز کی معلومات کی روشنی میں مٹنے والے آثار و نشانات کو جلد از جلد صحیح کر کے متعین کیا جائے۔ اور اس پر عملدرآمد کیا گیا

"اسلم کرز یوم فتح مکة وکان قد عمّر عُمُرًا طویلاً و کان بعض اعلام الحرم قد عمی علی الناس فکتب مروان بن الحکم الی معاویة بذالك فکتب الیه ان کان کرز بن علقمة حیًّا فمرہ فلیوقفکم علیه ففعل فهو الذی وضع معالم الحرم فی زمن معاویة وهو علی ذالك الی الساعة۔

(۱) ـــــ تاریخ طبری الجزء الثالث عشر ج ۱۲، ص ۳۵-۳۶ ذکر من مات اوقتل سنہ ۸۰ھ۔

(۲) ـــــ الاصابہ معہ الاستیعاب، ص ۵، ۲۷۔ تحت ذکر کرز بن علقمہ بن ہلال۔

(۳) ـــــ طبقات لابن سعد، ج ۵، ص ۳۳۸ تحت کرز بن علقمہ بن ہلال طبع لیدن۔

## کریمانہ اخلاق اور عمدہ کردار خداخوفی اور خوفِ آخرت

عوام کی خیرخواہی:- حضرت امیر معاویہؓ کا اخلاق و کردار بہت بلند تھا اور ان کا اپنی رعایا کے ساتھ حسن سلوک قابلِ قدر تھا۔ عوام کی حاجت روائی کے لیے حضور علیہ السلام کے فرمان کے پیشِ نظر انہوں نے

Marfat.com

آدمی مقرر کر رکھا تھا جو لوگوں کی حاجات اور ضروریات ان کی خدمت میں پیش کرتا تھا۔ چنانچہ عمر بن مرہ نے جب امیر معاویہؓ کو اس مضمون کی حدیث سنائی تو انہوں نے اس پر فوراً عمل درآمد کر دیا۔

(۱) ـــــــ عن عمرو بن مرة انه قال لمعاوية سمعت رسول الله صلّی الله علیه وسلّم یقول من ولّاہ الله شیئاً من امر المسلمین فاحتجب دون حاجتہم وخلتہم وفقرہم احتجب الله دون حاجتہ وخلتہ وفقرہ فجعل معاویة رجلاً علی حوائج الناس رواہ ابوداؤد والترمذی۔

(مشکوٰۃ شریف، ص ۳۲۴۔ الفصل الثانی۔ باب ماعلی الولاۃ من التیسیر) ابوداؤد شریف صفحہ ۱۵ جلد ثانی کتاب الخراج

(۲) ـــــــ ... فلما دخل ابو مریم (الازدی الصحابی) علیه (معاویة بن ابی سفیانؓ) قال (معاویة) ھٰھنا ھٰھنا یا ابا مریم فقال ابو مریم انی لم اجئك طالب حاجة ولکنی سمعت رسول الله صلّی الله علیه وسلّم یقول من اغلق بابه دون ذوی الفقر والحاجة اغلق الله عن فقرہ وحاجتہ باب السماء قال فاکبّ معاویة یبکی ثم قال ردّ حدیثك یا ابا مریم فردّہ فقال معاویة ادعوا لی سعداً وکان حاجبه فدعی فقال یا ابا مریم حدثه انت کما سمعت فحدّثه ابو مریم فقال معاویة لسعد اللّٰھم انی اخلع ھٰذا من عنقی واجعله فی عنقك من جاء یستاذن فاذن له یقضی الله له علی لسانی ما قضی۔

(۱) (کتاب الکنیٰ للدولابی جلد اول ص ۵۴ تحت ابی مریم الازدی)
(۲) ریاض الصالحین لامام النواوی صہ ۲۹۲ باب امر ولاۃ الامور بالرفق

Marfat.com

حاصل یہ ہے کہ ایک صحابی ابو مریم امیر معاویہؓ کے پاس پہنچے۔ امیر نے فرمایا یہاں تشریف رکھیے۔ ابو مریم فرمانے لگے کہ میں کسی اور کام کے لیے نہیں آیا لیکن فرمان نبوی پہنچاتا ہوں حضور علیہ السلام سے میں نے سنا کہ فرماتے تھے جس شخص نے حاجت مند کے سامنے اپنا دروازہ بند کر دیا، اس کی ضرورت نہ سنی، اللہ تعالیٰ اس کی حاجت روائی کا دروازہ آسمان سے بند کر دیں گے۔ یہ سن کر امیر معاویہ اوندھے گر کر رونے لگے پھر اپنے دربان سعد نامی کو بلوایا اور ابو مریم کو فرمایا کہ اب پھر فرمانِ نبوت سنایئے۔ انہوں نے وہی حدیث سنائی، اس کے بعد حضرت معاویہؓ نے اپنے دربان سعد کو فرمایا، میں نے اپنے گلے سے بات کو نکال کر تیرے گلے میں ڈال دیا اور حکم دیا کہ جو حاجتمند آئے اسے میرے ہاں پہنچنے کی اجازت دے دینا۔ اس کے حق میں اللہ تعالیٰ میری زبان پر جو فیصلہ چاہیں گے کریں گے۔"

(۳)۔۔۔۔۔ مندرجہ بالا واقعات کی طرح حضرت امیر معاویہؓ کی خدا خوفی اور فکرِ آخرت کا واقعہ ترمذی شریف جلد دوم، ص ۶۱، طبع مجتبائی دہلی، ابواب الزہد، تحت باب ما جاء فی الریاء والسمعۃ میں شفیا اصبحی سے منقول ہے۔

(۴)۔۔۔۔۔ اسی طرح حضرت امیر معاویہؓ کی تواضع و انکساری اور اتباعِ سنت کی اہمیت کا واقعہ عبداللہ بن الزبیر و ابن صفوان کے ساتھ پیش آیا۔ ترمذی شریف جلد دوم، ص ۱۰۰، طبع مجتبائی دہلی، ابواب الآداب، باب ما جاء فی کراہیۃ قیام الرجل للرجل میں مذکور ہے۔

(۵)۔۔۔۔۔ نیز حضرت معاویہؓ کا فرمانِ نبوی میں کوتاہی اور تبدیلی پر پریشان ہونا اور اہلِ مدینہ کو متنبہ کرنا ترمذی شریف جلد دوم، ص ۱۰۲، طبع دہلی۔ ابواب الآداب

Marfat.com

باب ماجاء فی کراہیۃ اتخاذ القصہ میں بیان کیا گیا ہے۔

یہ ازراہِ اختصار امیر معاویہؓ کے واقعات کی طرف اشارے کر دیتے ہیں۔ اہلِ علم اور صاحبِ تحقیق حضرات رجوع فرما کر تسلی کر سکتے ہیں۔ یہ حدیث کی روایات ہیں۔ تاریخی رطب و یابس نہیں۔

# امیر معاویہؓ کی سیرت اور کردار پر علّامہ ابن تیمیہؒ کی رائے

علّامہ ابن تیمیہؒ ذکر کرتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہؓ کا تعلق اپنی رعیّت کے ساتھ بہترین تھا۔ جس کی وجہ سے رعیت آپ کو بہت پسند کرتی تھی۔ آپ کا شمار بہترین حکام میں ہوتا تھا۔

صحیحین کی روایت ہے کہ نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا تمہارے بہترین حاکم وہ ہیں جن کو تم پسند کرتے ہو اور وہ تم کو پسند کرتے ہوں۔ تم ان کے حق میں دُعا کرتے ہو اور وہ تمہارے حق میں دُعا کرتے ہوں۔

"وکانت سیرۃ معاویہ مع رعیّۃ من خیار سیر الولاۃ وکانت رعیّتہٗ یحبّونہ وقد ثبت فی الصحیحین عن النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم انّہ قال خیار ائمتکم الذین تحبّونھم ویحبّونکم وتصلّون علیھم ویصلّون علیکم ... الخ

(منہاج السنّہ، ج ۳، ص ۱۸۹ تحت جوابات مطاعن عثمانی)

**عوام کی خبر گیری کیلئے ایک شعبہ** | منہاج السنّہ میں ابنِ تیمیہؒ نے بغوی کی

Marfat.com

سند کے ساتھ ابو قیس سے ذکر کیا ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ نے اپنے دورِ خلافت میں ہر قبیلہ کے لیے ایک ایک آدمی مقرر کیا ہوا تھا جو محافل میں جا کر معلوم کرتا کہ کیا اس قبیلہ میں کوئی بچہ پیدا ہوا ہے یا نہیں ؟ کیا اس رات میں کوئی نیا واقعہ پیش آیا ہے یا نہیں ؟ یا کوئی مہمان قبیلہ میں فروکش ہوا ہے ؟ وہ مذکورہ معلومات لے کر دفتر میں پہنچتا اور ان کے نام رجسٹر میں درج کرتا تا کہ ان کی ضروریات کا حکومت کی طرف سے انتظام کیا جائے ) ۔

قال البغوی حدثنا سوید بن سعید حدثنا ھمام بن اسمٰعیل عن ابی قیس قال کان معاویۃؓ قد جعل فی کل قبیلٍ رجلاً وکان رجل منّا یکنّٰی ابا یحییٰ یصبح کل یوم فیدور علی المجالس ھل وُلِدَ فیکم اللیلۃ ولدٌ ؟ ھل حدث اللیلۃ حادث ؟ ھل نزل الیوم بکم نازلٌ ؟ قال فیقولون نعم ۔ نزل رجل من اھل الیمن بعیالہ یسمونہ وعیالہ فاذا فرغ من القبیل کلہ اتی الدیوان فاوقع اسماءھم فی الدیوان ۔

(۱) ۔ منہاج السنۃ لابن تیمیہؒ ، ج ۳ ، ص ۱۸۵ ۔
(۲) ۔ البدایہ لابن کثیرؒ ، ج ۸ ، ص ۱۳۴ تحت تذکرہ معاویہؓ

مطلب یہ ہے کہ رعایا کے احوال کی خبر گیری اور ہر قبیلہ کی ضروریات دریافت کرنے کے لیے ایک مستقل دفتر ہوتا تھا ۔ اس طریقہ سے عوام کی ضروریات کا ہر ممکن طریقہ سے اہتمام کیا جاتا تھا ۔

مذکورہ حوالہ جات کے ذریعہ سیدنا معاویہؓ کی طرزِ زندگی اور حسنِ معاشرت واضح ہے ۔ اکابرینِ امّت کی ان تصریحات کے باوجود امیر معاویہؓ کے حق میں یہ پروپیگنڈہ کرنا کہ ان کی عادات قیصر و کسریٰ کی عادات و اطوار کے

Marfat.com

موافق تھیں اور ان کی عملی زندگی اسی انداز میں بسر ہوتی تھی۔ سراسر ناانصافی ہے اور واقعات کے برعکس ہے۔ ان کے متعلق لوگوں میں تنفر پھیلانے کے لیے یہ پروپیگنڈا ہے اور ناقابلِ اعتبار تاریخی مواد پر اعتماد کر کے یہ تصوّر پیش کیا جاتا ہے۔

## عدل و انصاف پر حضرت سعدؓ کی شہادت

(۱) سیدنا امیر معاویہؓ بڑے عادل اور منصف مزاج تھے۔ وہ عوام کے حقوق کو احسن طریقہ سے ادا کرنے والے تھے۔ آپ کے حق میں سعد بن ابی وقّاص فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمانؓ کے بعد امیر معاویہؓ سے زیادہ حق کو پُورا کرنے والا کوئی شخص نہیں دیکھا۔

—— قال اللیث بن سعد حدثنا بکیر عن بشر بن سعید ان سعدَ بن ابی وقاص قال ما رأیت احداً بعد عثمان اقضی بحقّ من صاحب ھذا الباب یعنی معاویۃ۔

(۱) —— تاریخ الاسلام للذہبی جز ثانی، ص ۳۲۱ تحت ذکر معاویہؓ۔

(۲) —— البدایہ لابن کثیر، ص ۱۳۳، ج ۸ تحت ذکر معاویہؓ۔ طبع اوّل مصری۔

—— حضرت سعد بن ابی وقّاص ان کبار صحابہؓ میں سے ہیں جنہوں نے جنگِ جمل و صفین سے عزلت و علیحدگی اختیار کر لی تھی اور طرفین میں سے کسی ایک فریق کی حمایت نہیں کی تھی۔ ان منافشات میں آپ غیر جانبدار رہے تھے

(دول الاسلام، ج ۱، ص ۱۵۔ للذہبیؒ۔ تحت خلافۃ علی بن ابی طالب)

Marfat.com

انہوں نے حضرت معاویہؓ کے منصفانہ کردار کو اس طرح بیان کیا ہے کہ سیدنا عثمانؓ کے بعد انصاف کرنے اور حق ادا کرنے میں امیر معاویہؓ کا بڑا مقام ہے۔

——— یہ شہادت بہت وزنی ہے ۔ اس کے مقابلہ میں حضرت معاویہؓ کے کردار میں تنقیص پیدا کرنے والی روایات کا کوئی درجہ نہیں ہے۔

## الاعمش کی شہادت

اسی طرح آنے والے حوالہ مندرجہ میں الاعمش (جو ثقہ تابعی ہیں اور بڑے پائے کے محدث ہیں) کی گواہی بڑی قیمتی ہے ۔ اس میں عمرؒ بن عبدالعزیز مشہور منصف خلیفہ کے ساتھ تقابل پیش کر کے الاعمش فرماتے ہیں "حلم و کرم میں نہیں بلکہ عدل و انصاف کے معاملہ میں حضرت امیر معاویہؓ عمر بن عبدالعزیز سے بڑھ کر تھے ۔ اہل علم و فہم حضرات پر واضح ہے کہ اعمش وغیرہ حضرات کا زمانہ امیر معاویہؓ کے دَور کے قریب تر ہے ۔ ان قریب زمانہ والے لوگوں کی شہادت بعد والی تاریخی روایات سے بہر کیف مقدم ہو گی اور زیادہ معتبر ہو گی ۔ امیر معاویہؓ کو ظالم و جابر وغیرہ ثابت کرنے والے تاریخی مواد کو مؤخر کیا جائے گا اور ناقابلِ اعتماد متصور ہو گا۔

ایک دفعہ اعمش (سلیمان بن مہران) کی مجلس میں حضرت عمر بن عبدالعزیز اور ان کے عدل و انصاف کا تذکرہ ہُوا تو اعمشؒ نے فرمایا کہ امیر معاویہؓ عمرؒ بن عبدالعزیز سے حلم میں نہیں بلکہ خدا کی قسم عدل و انصاف میں فائق تھے۔

... حدثنا محمد بن جواس حدثنا ابو هريرة المكتب

قال كنا عند الاعمش فذكروا عمر بن عبد العزيز وعدله

فقال الاعمش فكيف لو ادركتم معاوية قالوا في حلمه؟

قال لا والله بل في عدله۔

(۱) منہاج السنہ لابن تیمیہؒ، ج ۳، ص ۱۸۵۔

Marfat.com

(۲)، ب ــ المنتقیٰ للذہبی، ص ۳۸۸ طبع مصر

# امیر معاویہؓ کے حق میں ناصحانہ کلام اور ان کی خدمت میں حق گوئی کا مسئلہ

ــــ سیدنا حضرت امیر معاویہؓ کو بعض حضرات نصیحت فرماتے اور ان کے حق میں خیر خواہانہ کلام کرتے تو حضرت معاویہؓ کو یہ چیز پسند ہوتی تھی اور اسے بخوشی قبول کرتے تھے۔

(۱) ــــ ایک دفعہ ابو امامۃ الباہلیؓ (صحابی)، امیر معاویہؓ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ اے امیر المؤمنین آپ ہمارے چشموں کے لیے اصل ہیں آپ صاف رہیں گے تو چشموں کا میلا ہونا ہمیں ضرر نہ دیگا۔ اگر آپ میں تکدّر اور میلا پن ہوگا تو ہمارا صاف رہنا ہمیں نفع نہ دے گا اور یقین جانیے کہ ستونوں کے بغیر خیمہ کھڑا نہیں رہ سکتا۔

"...... اخبرنی العتبی قال دخل ابو امامۃ الباھلی علی معاویۃؓ فقال یا امیر المؤمنین! انت رأس عیوننا فان صفوت لم یضرنا کدر العیون وان کدرت لم ینفعنا صفونا واعلم انہ لایقوم فسطاط الا بعمد"

(کتاب المجتنیٰ، ص ۳۹ ـ تحت کلام معاویہؓ ـ مطبوعہ دائرۃ المعارف دکن ـ لامام اللغۃ والادب ابی بکر محمد بن الحسن بن درید الازدی البصری ـ المتوفی ببغداد سنۃ (۳۲۱ھ)

Marfat.com

(۲) ـــــ اور امیر معاویہؓ کی خدمت میں "حق بات" لوگ رُو برو کہتے تھے۔ امیر معاویہؓ اسے خندہ پیشانی سے سماعت فرماتے۔ ان کے دَور میں حق گوئی مسلوب نہ تھی۔ ابنؔ درید کی کتاب' ہذا سے ایک اور حوالہ پیش خدمت ہے ملاحظہ فرما دیں۔

ابوعبیدہ کہتے ہیں کہ امیر معاویہؓ کو ایک آدمی آکر کہتا کہ اَے معاویہ! اللہ کی قسم خود بخود ٹھیک رہیے ورنہ ہم آپ کو درست کر دیں گے تو امیر معاویہؓ فرماتے کہ کس کے ساتھ ٹھیک کرو گے تو وہ شخص کہتا کہ لاٹھی کے ساتھ یہ سُن کر امیر فرماتے تو پھر ہم درست ہو جائیں گے۔"

ـــــ اخبرنا محمد قال اخبرنا معاذ عن دماذ قال اخبرنی ابوعبیدۃ قال ان کان الرجل لیقول لمعاویۃ واللہ لتستقیمن یامعاویۃ! اولنقومنك فیقول بماذا؟ فیقول بالخشب فیقول اذاً نستقیم۔"

(۱) کتاب المجتنیٰ لابن درید المذکور، ص ۴۱ طبع حیدر آباد دکن تحت کلام معاویہؓ

(۲) سیر اعلام النبلاء للذہبیؒ، ج ۳، ص ۱۰۲۔ تحت ترجمۂ معاویہؓ۔

(۳) تاریخ الاسلام للذہبی، ج ۲، ص ۳۲۲۔ تحت معاویہؓ۔

جس طرح حضرت امیر عمرؓ کے دَور کا ایک واقعہ مشہور ہے، کسی نے ان کو کہا تھا اگر آپ درست نہ ہونگے تو ہم آپ کو تلوار کے ساتھ ٹھیک کر دیں گے۔ اسی طرح سیّدنا امیر معاویہؓ کی خدمت میں لوگ حق بات کہتے تھے اور

Marfat.com

راست گوئی کا حق ادا کرتے تھے۔ حضرت امیرؓ نے ان پر کوئی رکاوٹ نہیں ڈال رکھی تھی ——— یہاں سے معلوم ہُوا کہ:

اس دَور کے معترض بزرگوں نے "لوگوں کی زبانوں پر قفل چڑھاتے جانے" کا جو کیس تیار فرمایا ہے وہ صحیح نہیں۔ اس کا روایاتی مواد بالکل ردّی ہے اور لائق اعتبار نہیں۔ تاریخ میں ہر اچھے آدمی کے متعلق اس قسم کا ردّی مواد فراہم کر لینا کچھ مشکل نہیں۔ خداوند کریم "خُذ ما صفا و دع ما کدر" پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

# اسلامی خزانہ امیر معاویہؓ کے دَور میں!

——— سیّدنا امیر معاویہؓ کی خلافت کے دوران بیت المال کے متعلق کیا نظریات تھے اور اس کے اموال کے مصارف کس طرح جاری ہوتے تھے؟ امیر معاویہؓ کے نزدیک بیت المال کی حیثیت کیا تھی؟ یہ مسئلہ بہت کچھ تفصیل طلب ہے لیکن اختصار کے پیشِ نظر پہلے چند ایک حوالہ جات اس کے لیے تحریر کیے جاتے ہیں۔ اس کے بعد ان کے فوائد ملاحظہ فرما دیں۔

——(۱)——

——— ایک دفعہ جمعہ کے روز امیر معاویہؓ نے خطبہ میں فرمایا کہ بیت المال کا مال ہمارا ہے اور مال فئے بھی ہمارا ہے جس شخص سے چاہیں ہم روک سکتے ہیں۔ اس بات کا کسی نے جواب نہ دیا۔ دوسرے جمعہ میں اسی طرح کلام فرمایا۔ پھر بھی کسی نے جواباً کچھ نہ کہا۔ پھر تیسرے جمعہ میں جب امیر معاویہؓ نے وہی بات فرمائی جو پہلے جمعہ میں ذکر کی تھی۔

Marfat.com

فقام الیہ رجل فقال کلا !

انما المال مالنا و الفئ فیئنا فمن حال بیننا و بینہ حاکمناہ الی اللہ تعالیٰ باسیافنا فمضیٰ فی خطبتہ ثم لما وصل منزلہ ارسل للرجل فقالوا ھلک ثم دخلوا فوجدوہ جالسًا معہ علیٰ سریرہٖ فقال لھم ان ھٰذا احیانی احیاہ اللہ سمعت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم یقول سیکون من بعدی امراء یقولون فلا یرد علیھم یتقاحمون فی النار...... وانی تکلّمت اول جمعہ فلم یرد علیّ احدٌ فخشیت ان اکون منھم ثم فی الجمعۃ الثانیۃ فلم یرد علیّ احدٌ فقلت انی منھم ثم تکلّمت فی الجمعۃ الثالثۃ فقام ھٰذا الرجل فردّ علیّ فاحیانی احیاہ اللہ تعالیٰ۔

——یعنی ایک شخص کھڑا ہو گیا۔ اس نے (مجمع کے سامنے) کہا کہ اس طرح بات نہیں ہے بلکہ بیت المال کا مال ہمارا ہے اور فئے کا مال بھی ہم سب مسلمانوں کا ہے۔ جو شخص اس مسئلہ میں حائل ہونے لگے گا اس کا فیصلہ ہم تلواروں کے ساتھ خدا تعالیٰ کے ہاں پہنچائیں گے۔

——اس کے بعد امیر معاویہؓ خطبہ تمام کر کے جب اپنے مقام پر پہنچے تو اس شخص کو بلا بھیجا۔ لوگوں نے خیال کیا کہ اس کو سزا ملے گی۔ لیکن جب اور لوگ پہنچے تو دیکھا وہ (حق گو) آدمی چارپائی پر امیر معاویہؓ کے ساتھ باعزت انداز میں بیٹھا ہوا ہے

——اس وقت امیر معاویہؓ نے فرمایا کہ اس شخص نے گویا مجھے

Marfat.com

زندہ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ اس کو زندہ رکھے۔ مَیں نے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ نے فرمایا تھا عنقریب میرے بعد امراء ہوں گے جو بات کہیں گے ان کے جواب میں کوئی کلام نہ کر سکے گا۔ وہ آتش میں گریں گے . . . . .

—— مَیں نے پچھلے جمعہ میں کلام کیا۔ کسی نے جواب نہ دیا۔ تو مجھے اندیشہ ہُوا کہ کہیں مَیں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جن کا تذکرہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ پھر دوسرے جمعہ پر بھی کسی نے جواب میں نہ ٹوکا تو خیال ہُوا مَیں ان میں سے ہُوں گا۔ جب تیسرے جمعہ میں مَیں نے بات کی تو اس شخص نے کھڑے ہو کر صاف صاف جواب دیا تو گویا مجھے اس نے زندہ کر دیا (یعنی مَیں اس وعید مذکور سے بچ گیا) اللہ تعالیٰ اس کو زندہ رکھے۔

(۱) تاریخ الاسلام للذہبی، ج ۲، ص ۳۲۲۔ تحت معاویہؓ۔

(۲) تطہیر الجنان واللسان لابن حجر، ص ۲۷ معہ الصواعق المحرقہ، مطبوعہ مصر طبع ثانی۔

—— اس واقعہ کے بعد ابن حجر مکیؒ لکھتے ہیں کہ یہ بہت بڑی "منقبت عظیم" ہے۔ جس میں حضرت معاویہؓ منفرد نظر آتے ہیں۔ اس واسطے کہ اس نوعیت کا واقعہ کسی سے منقول نہیں ہے۔

(۱) . . . . اور یقین جاننے کہ امیر معاویہؓ حضور علیہ السلام کے فرمودات پر حتی الامکان عملدرآمد کرنے کے حریص تھے۔

(۲) . . . . اور اپنی جگہ خائف رہتے تھے کہ ان سے کوئی تجاوز اور

Marfat.com

ادنیٰ زیادتی بھی نہ ہونے پاتے ۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو اس معاملہ میں محفوظ کرلیا۔ رضی اللہ عنہ

## (۲)

منہاج السنہ میں باسند مذکور ہے:

"عن عطیة بن قیس قال سمعت معاویة بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ یخطبنا ان فی بیت مالکم فضلاً بعد عطیاتکم و انی قاسمہ بینکم فان کان یاتینا فضل عاما قابلا قسمناہ علیکم والافلا عتبة علیّ فانہ لیس بمالی و انما ھو مال اللہ الذی افاءکم علیکم"

"یعنی عطیہ بن قیس کہتے ہیں کہ ایک بار امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے میں نے سنا کہہ رہے تھے اے لوگو! تمہیں عطیات دینے کے بعد تمہارے بیت المال میں جو مال بچا ہوا موجود ہے اس کو میں تمہارے درمیان تقسیم کردوں گا۔

اگر آئندہ سال بھی زیادہ مال پہنچ گیا تو وہ بھی تم لوگوں پر تقسیم کردیں گے۔ اگر نہ آیا تو ہم پر کوئی الزام نہ ہوگا۔ یقیناً بیت المال کا مال میرا مال نہیں ہے۔ بلاشبہ وہ اللہ تعالیٰ کا مال ہے جو اس نے تمہاری طرف لوٹا دیا ہے۔"

(۱) ـــــ منہاج السنہ لابن تیمیہ، ج ۳، ص ۱۸۵، تحت السبب السابع، بیان فضائل معاویہ رضی اللہ عنہ۔

(۲) ـــــ المنتقیٰ للذہبی، ص ۳۸۸ تحت ثناء الائمۃ علیٰ معاویہ رضی اللہ عنہ وحکمہ وسیرتہ ... الخ

Marfat.com

(۳) ـــــ سیر اعلام النبلاء للذہبی، ج ۳، ص ۱۰۰ تحت ترجمہ معاویہ بن ابی سفیان۔

## (۳)

ابن کثیرؒ نے ابن سعد کے حوالہ سے باسند نقل کیا ہے :۔

"... عن محمد بن الحکم ان معاویۃ لما احتضر اوصی بنصف مالہ ان یردّ الی بیت المال ... الخ

"یعنی امیر معاویہؓ جب قریب الوفات ہو گئے تو اپنے مال متاع کے متعلق وصیت کی کہ اس کے نصف کو بیت المال میں داخل کر دیا جائے"

(البدایہ لابن کثیر، ج ۸، ص ۱۴۱، تحت امیر معاویہؓ۔

کیا رعلماء کے فرمودات بالا کے ذریعہ ثابت ہوا کہ

(۱) ـــــ حضرت امیر معاویہؓ کے ہاں دینی مسائل میں حق گوئی کا مسئلہ متروک نہیں تھا۔ ان کے سامنے حق بات لوگ کہتے تھے اور وہ اس کو تسلیم کرتے تھے۔

(۲) ـــــ بیت المال کے حق میں امیر معاویہؓ اسلامی نظریات کے خلاف نہیں کیے ہوتے تھے بلکہ وہ اس مال کو اللہ اور مسلمانوں کا مال خیال کرتے تھے اور اسلامی قوانین کے تحت اسے استعمال میں لاتے تھے۔

(۳) ـــــ آخری ایام میں انہوں نے اپنے مال ومتاع کے نصف حصہ کو بیت المال میں جمع کر دینے کی وصیت کر دی تھی تاکہ بیت المال کے معاملہ میں اگر کوئی کوتاہی واقع ہوگئی ہو تو اس کی تلافی ہو جائے۔ یہ کمال احتیاط کی علامت ہے۔

Marfat.com

———— یہاں سے واضح ہو گیا کہ جو اعتراضات لوگوں نے بیت المال کے سلسلہ میں امیر معاویہؓ پر وارد کیے ہیں وہ درست نہیں۔

معترض احباب نے تاریخ سے بیکار مواد فراہم فرما کر بیت المال کے متعلق کیس مرتب فرما دیا ہے۔ اللہ انہیں خیر کی توفیق بخشے اور ہدایت نصیب فرما کر قبائلی تعصّب اور خاندانی عناد سے محفوظ فرمائے۔ صحابۂ کرام کے حق میں سوءظنی و بدگمانی سے بچا کر حُسنِ ظن نصیب فرمائے جس کی ہمیں مذہب اسلام نے تعلیم و تلقین کی ہے۔

## مثالی شخصیّت اور عہدِ معاشرہ

حضرت امیر معاویہؓ کے ساتھ جب سیّدنا حسنؓ نے ۴۱ھ میں خلافت کے بارے میں صلح و مصالحت کر لی تو اس کے بعد امیر معاویہؓ تمام ممالکِ اسلامیہ میں واحد خلیفہ تسلیم کر لیے گئے۔ ان کے دَورِ خلافت میں دشمنانِ اسلام کے ساتھ جہاد قائم رہا اور فتوحات ہوتی رہیں۔ اللہ تعالیٰ کے دین کا کلمہ بلند ہُوا۔ اطرافِ ممالک سے غنائم بیت المال میں پہنچنے لگے اور مسلمان راحت و آرام اور عافیت و انصاف و عدل کی زندگی بسر کرنے لگے۔

———— امیر معاویہ کی خلافت کے ان حالات کو ابن کثیر نے عبارتِ ذیل میں ذکر کیا ہے:-

"واجمعت الرعایا علیٰ بیعتہ فی سنۃ احدیٰ واربعین کما قدمنا فلم یزل مستقلاً بالامر فی ھٰذہ المدۃ الیٰ ھٰذہ السنۃ سنہ ۶۰ھ التی کانت فیھا وفاتہ، والجہاد فی بلاد العدو قائم وکلمۃ اللہ عالیۃ والغنائم ترد الیہ من اطراف الارض والمسلمون معہ فی راحۃٍ وعدلٍ وصفحٍ وعفوٍ"

Marfat.com

(البدایہ لابن کثیر، ص ۱۱۹، ج ۸ تحت سنہ ۶۰ھ
ذکر معاویہ بن ابی سفیانؓ)

اور اس سے آگے چند صفحات کے بعد امیر معاویہؓ کے حق میں لکھتے ہیں :-

"انہ کان جید السیرۃ، حسن التجاوز، جمیل العفو، کثیر الستر رحمۃ اللہ علیہ۔

(البدایہ، ج ۸، ص ۱۲۶ تحت ذکر معاویہؓ)

علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ :

"وفضائل معاویۃ فی حسن السیرۃ والعدل والاحسان کثیرۃ"

"یعنی امیر معاویہؓ کے فضائل حسنِ سیرت اور عدل و احسان کے اعتبار سے بے شمار ہیں"

(المنتقیٰ للذہبیؒ، ص ۳۸۸، طبع مصر)

مندرجاتِ بالا کی روشنی میں یہ امر واضح ہو گیا ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ کی خلافت انصاف و صداقت پر مبنی تھی اور عدل و انصاف کی آئینہ دار تھی۔ اس میں اسلامی قوانین رائج تھے جس کی وجہ سے عوام ہر طرح مطمئن تھے حضرت امیر معاویہؓ کی قائم کردہ عدالتوں میں اسلامی قوانین کا پورا پورا احترام کیا جاتا تھا اور مسائل کا حل اسلامی آئین کے مطابق کیا جاتا تھا۔ امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں اسلامی قوانین کی بالادستی ختم کر دینے کا پروپیگنڈہ جو ناقدین کی طرف سے کیا جاتا ہے وہ تاریخ کے ردی مواد سے تالیف شدہ ہے اور اصل واقعات کے بالکل برعکس ہے اور امت کے اکابرین کی تصریحات کے خلاف ہے۔ اس لیے کہ حافظ ذہبی حافظ ابن کثیرؒ، حافظ ابن تیمیہؒ وغیرہ اکابر علماء نے اس مسئلہ کی خوب

Marfat.com

وضاحت پیش کر دی ہے کہ امیر معاویہؓ کے دور میں آئینِ شرعی و قوانینِ اسلامی کو ختم نہیں کر دیا گیا بلکہ عدل و انصاف قائم تھا اور عوام کے ساتھ احسان اور حُسنِ سلوک کا معاملہ جاری و ساری رہتا تھا۔

——— اس کے بعد اب وہ عنوانات ذکر کیے جاتے ہیں جن میں حضرت علیؓ کے خاندان اور امیر معاویہؓ کے خاندان کا قرب اور تعلق معلوم ہوگا۔

# حضرت امیر معاویہؓ اور ان کی جماعت حضرت علیؓ اور انکے خاندان کی نظروں میں

——— قبل ازیں عرض کیا گیا ہے کہ اس دور کے اشرار و مفسد عناصر کی کارستانیوں کی وجہ سے مرکزِ اسلام (خلیفہ ثالث) کو ایک سازش کے تحت ختم کیا گیا۔ اس کے بعد مسلمانوں میں دو طبقے بن گئے۔ ساتھ ساتھ شریر عناصر بھی پیدا شدہ اختلاف کو ہوا دینے کے لیے منقسم ہو کر شامل رہے۔ ایک دوسرے کے حق میں غلط فہمیاں پھیلائی گئیں۔ تنازعہ فیہ چیزوں میں کئی قسم کی بدگمانیاں نشر کر کے شدت پیدا کر دی گئی جو آخر کار جنگ و قتال پر منتج ہوئی اور جمل و صفین جیسے رُوح فرسا واقعات پیش آئے۔

یہاں ان واقعات کے علل و اسباب اور جنگی امور کی تفصیلات اور ان کے نتائج و عواقب پر بحث منظور نہیں۔ اس وقت ہمیں یہ عرض کرنا مقصود ہے کہ طرفین میں ان شدید قسم کے تنازعات پیش آنے کے باوجود یہ حضرات ایک دوسرے کے حق میں کیا نظریہ رکھتے تھے ؟ اور کیا حکم لگاتے ؟ اور ایک دوسرے کو کس نگاہ سے دیکھتے تھے ؟ کیا ان بزرگوں کے دل میں ایک دوسرے کے حق

Marfat.com

میں بغض و عناد بھرا ہوا تھا؛ یا ایک دوسرے کو دائمی دشمن خیال کرتے تھے جیسا کہ بعض لوگ ان حالات پر صدیوں گزر جانے کے باوجود آج بھی امیر معاویہؓ کو سب و شتم سے نوازتے رہتے ہیں بلکہ عدمِ ایمان اور منافقت و فسق کا الزام لگاتے ہیں اور ان کے حق میں سوءِ ظن رکھنا اور بدگمانی پھیلانا فرضِ منصبی خیال کرتے ہیں۔

—— حالانکہ جن حضرات کا باہم وقتی اختلاف ہوا تھا انہوں نے یہ سب کچھ ختم کر دیا ان کی مصالحت[1] ہو گئی اور عام الصلح کے بعد تو تنازعات بالکل ہی ترک کر دیئے گئے۔

عنوان بالا کو واضح کرنے کے لیے اس مقام میں چند ایسی چیزیں پیش کی جاتی ہیں جن سے حضرت علیؓ اور ان کی اولاد کے نظریات امیر معاویہؓ کے حق میں اور ان کی جماعت کے حق میں بیّن طور پر معلوم ہو سکیں گے۔ اس کے لیے ذیل میں حضرت علی المرتضیٰ اور ان کے خاندان کے فرمودات اور واقعات ایک ترتیب سے

---

[1] قولہٗ مصالحت یعنی حضرت علی المرتضیٰؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے درمیان (سنہ ۴۰ھ) میں صلح و مصالحت ہو گئی تھی۔ اہلِ علم کی تسلی کے لیے قلیل سی عبارت درج ذیل ہے:-

—— وفی ہذہ السنۃ (سنہ ۴۰ھ) جرت بین علی و معاویۃ المہادنۃ بعد مکاتبات یطول ذکرھا علی وضع الحرب بینہما وان یکون ملک العراق لعلیؓ ولمعاویۃ الشام۔ ولا یدخل احدھا علی صاحبہٖ فی عملہٖ بجیشٍ ولا غارۃ ولا غزوۃ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ و امسک کل واحد منہما عن قتال الآخر۔ وبعث الجیوش الی بلادہٖ و استقر الامر علی ذالک۔

(۱)—— تاریخ ابن جریر طبری، ج ۶، ص ۸۱ تحت سنۃ سنہ ۴۰ھ)

(۲)—— البدایہ لابن کثیرؒ، ص ۳۲۲، بحوالہ ابن جریر تحت سنہ ۴۰ھ

(۳) الکامل لابن اثیر الجزری صہ ۱۹۳ ج ۳ طبع مصر (منہ)

Marfat.com

پیش خدمت ہیں ان پر غور فرمائیں :-

# امیر معاویہؓ اور ان کے ساتھی سب مومن تھے ان میں سے فوت شدہ آدمی کے لیے غسل، کفن، دفن اور جنازہ کیا گیا

(۱) —— سعد بن ابراہیم کہتے ہیں کہ ایک روز حضرت علی المرتضیٰؓ اپنے مقام استراحت سے باہر تشریف لائے۔ عدی بنؓ حاتم الطائی آپ کے ساتھ تھے۔ قبیلہ طیٔ کا ایک مقتول آدمی پڑا ہُوا تھا۔ حضرت علیؓ کی جماعت کے لوگوں نے اسے قتل کر دیا تھا تو اس کو دیکھ کر عدی کہنے لگے کہ افسوس! کل یہ مسلمان تھا، آج کافر ہو کر مرا پڑا ہے تو حضرت علیؓ نے فرمایا ٹھہریئے (یعنی فتویٰ میں جلدی نہ کیجیے) - یہ کل بھی مومن تھا، آج بھی مومن ہے - (یعنی ہمارے مقابل ہو جانے سے بے ایمان نہیں ہُوا، مومن ہے)۔

—— . . . عن سعد بن ابراهیم قال خرج علیؓ بن ابی طالب ذات یوم و معه عدی بن حاتم الطائی فاذا رجل من طیٔ قتیل قد قتله اصحاب علیؓ فقال عدی یا ویح هٰذا كان امس مسلماً والیوم كافراً فقال علیؓ مهلاً كان امس مومناً وهو الیوم مومن"

(۱) —— تاریخ ابن عساکر کامل، ج ۱، ص ۳۳۰، طبع دمشق۔

(۲) —— تلخیص ابن عساکر، ج ۱، ص ۴۷، لابن بدران عبدالقادر

Marfat.com

بن احمد المشهور بابن بدران الدمشقی، باب ما ورد
من اقوال المنصفین فی مَن قُتل من اہل الشام
بصفّین ۔

(۲) ——مکحول کہتے ہیں کہ امیر معاویہؓ کے ساتھیوں میں سے جو قتل ہو گئے تھے ان کے متعلق حضرت علیؓ سے خود حضرت علیؓ کے ساتھیوں نے سوال پیش کیا۔ تو حضرت علیؓ نے فرمایا "وہ مومن ہیں"۔

"..... محمد بن راشدٍ عن مکحول ان اصحاب علیؓ سألوہ
عن من قتلوا من اصحاب معاویۃؓ قال ھم المؤمنون"۔
وفی روایۃ عن من قتل بصفین ماھم؟ قال ھم المومنون"۔

(۱) —— تاریخ ابن عساکر کامل، ج ۱، ص ۳۳۰ طبع دمشق
(۲) —— تلخیص ابن عساکر لابن بدران ج ۳، ص ۷ ۔ طبع اوّل
باب مذکور
(۳) —— منہاج السنہ لابن تیمیہؒ، ج ۳، ص ۶۱ ۔
(۴) —— المنتقیٰ للذہبی، ص ۳۳۵ ۔ طبع مصری ۔

(۳) ——عقبہ بن علقمہ الیشکری کہتے ہیں کہ میں حضرت علیؓ کے ساتھ صفین کی جنگ پر حاضر تھا۔ حضرت علیؓ کی خدمت میں امیر معاویہؓ کے ساتھیوں میں سے پندرہ عدد قیدی قید کر کے لائے گئے۔ ان میں سے جو فوت ہو گیا اس کو غسل دیا گیا، کفن دیا گیا اور اس پر حضرت علیؓ نے نماز جنازہ پڑھی"۔

—— قال عقبۃ بن علقمۃ الیشکری شھدت مع علیؓ
یوم صفین فأُتِیَ بخمسۃ عشر اسیرًا من اصحاب معاویۃؓ
فکان من مات منھم غسلہٗ وکفنہٗ وصلّٰی علیہ"۔

Marfat.com

(تلخیص ابن عساکر، ج ۱، ص ۴۷، طبع اوّل، لابن بدران باب ما ورد من اقوال المنصفین فیمن قتل من اہل الشام بصفین۔

علوی ارشادات کے ذریعہ صاف معلوم ہوا کہ جن کا حضرت علیؓ سے اگرچہ مقابلہ کسی وجہ سے ہو گیا وہ مومن تھے، ایماندار تھے۔ ان کا غسل، کفن دفن، جنازہ سب صحیح تھا اور حضرت علیؓ نے کیا تھا۔ ان کو مومن نہ جاننا حضرت علیؓ کی نافرمانی ہے اور ان کے طریق کے خلاف ہے۔

# صفین کے مقتولین کا حکم حضرت علیؓ کے فرمان سے یعنی سب جنتی ہیں

——— جنگ صفین حضرت علی المرتضیٰؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کی جماعتوں کے درمیان ماہ صفر ۳۷ھ میں پیش آئی۔ اہلِ فساد اپنے مذموم مقصد (افتراق و انتشار میں) کامیاب ہو گئے۔

دونوں حضرات اپنی اپنی مجتہدانہ رائے کی بنا پر قتال کے مرتکب ہوئے لیکن قتال میں شرعی حدود سے متجاوز نہیں ہوئے۔ مثلاً قتال سے ہٹنے والے کے درپے قتل نہیں ہوئے۔ قیدیوں کو قتل نہیں کیا۔ کسی عورت کا پردہ نہیں اٹھایا۔ کسی شخص کا مال نہیں لوٹا۔ جس نے ہتھیار ڈال دیئے اس کو امان دے دی۔ مقتول کے ہتھیار اور لباس نہیں اتارے۔ کسی مرد مسلمان کو غلام نہیں بنایا، نہ کسی عورت مسلمہ کو لونڈی قرار دیا اور فریقین کے اموال کو مالِ غنیمت نہیں سمجھا وغیرہ۔

——— ان احکامات کے لیے مندرجہ ذیل مقامات ملاحظہ فرماویں:-

Marfat.com

(۱) المصنف لابن ابی شیبہ، ج ۴ (قلمی، پیر جھنڈا سندھ، ص ۱۰۱۸ - باب الجمل
(۲) فتح القدیر شرح ہدایہ، ج ۴، ص ۴۱۲ - باب البغاۃ طبع مصر۔
(۳) نصب الرایہ للزیلعی، ج ۳، ص ۴۶۳ - باب البغاۃ۔
(۴) الاخبار الطوال للدینوری الشیعی، ص ۱۵۱ - تحت وقعۃ الجمل طبع مصر۔

——— یہاں سے معلوم ہو گیا کہ یہ باہمی قتال کس نوعیت کا تھا؟

——— اس کے بعد حضرت علی المرتضیٰ کی طرف سے وہاں کے مقتولین کے لیے باعتبار انجام کے فیصلہ ملاحظہ فرمائیں۔ حضرت علی المرتضیٰؓ سے سوال کیا گیا کہ جو اس جنگ میں مارے گئے ان کا کیا حکم ہے؟ فرمایا کہ ہمارے اور معاویہؓ کی جماعت کے مقتولین جنت میں جائیں گے... الخ

"... سئل علیؓ عن قتال یوم الصفین فقال قتلانا وقتلاھم فی الجنۃ وسیصیر الامر الیّ والی معاویۃؓ"

(۱) ——— المصنف لابن ابی شیبہ، ج ۴، ص ۱۰۳۶ (قلمی پیر جھنڈا سندھ) باب ما ذکر فی الصفین۔
(۲) ——— مجمع الزوائد للہیثمی، ج ۹، ص ۳۵۷ - بحوالہ الطبرانی باب ما جاء فی معاویۃ بن ابی سفیانؓ۔
(۳) ——— کنز العمال، ج ۶، ص ۸۷ - تحت واقعۃ الصفین طبع اوّل۔
(۴) ——— سیر اعلام النبلا للذہبی، ج ۳، ص ۹۵، تذکرہ معاویہؓ

Marfat.com

# حضرت علیؓ کے فرمان کی روشنی میں
# شرکائے جمل وصفین کا درجہ

اس عنوان کے تحت یہ چیز پیش کی جاتی ہے کہ جن لوگوں کے ساتھ حضرت علیؓ المرتضیٰ کو قتال کی نوبت پہنچی ہے (مثلاً معرکہ جمل وصفین میں شریک ہونے والے حضرات) تو ان کے متعلق حضرت مرتضیٰؓ نے کیا اظہار خیال فرمایا ہے؟ اور ان کو کس درجہ میں شمار کیا ہے؟ تو اس مسئلہ میں حضرت موصوفؓ کا بیان یہ ہے کہ حضرت سے سوال کیا گیا کہ کیا یہ لوگ مشرک ہیں جن سے آپ نے جنگ کی ہے حضرت علیؓ نے فرمایا نہیں وہ مشرک نہیں۔ وہ تو شرک و کفر سے فرار ہو کر مسلمان ہوتے۔ پھر عرض کیا گیا وہ منافق ہیں؟ تو آپ نے فرمایا، منافق بھی نہیں، منافق تو خدا کو کم یاد کرتے ہیں پھر سوال ہوا کہ ان لوگوں کا کیا حال ہے؟ اور کیا درجہ ہے؟ اس وقت حضرت علیؓ نے فرمایا کہ یہ ہمارے بھائی ہیں۔ انہوں نے ہمارے خلاف زیادتی کی۔

"...... سئل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ وھو القدوۃ عن قتال اھل البغی من اھل الجمل والصفین أمشرکون ھم؟ قال لا! من الشرک فروا۔ فقیل أمنافقون؟ قال لا! لان المنافقین لایذکرون اللہ الاقلیلاً۔ قیل لہ فما حالھم؟ قال اخواننا بغوا علینا"

(۱) المصنف لابن ابی شیبہ، ج ۴، ص ۱۰۱۳ (المتوفی ۲۳۵ھ) باب الجمل (قلمی در کتب خانہ پیر جھنڈا سندھ)

Marfat.com

(۲) ـــــ السنن الکبریٰ للبیہقی، ج ۸، ص ۱۷۳ ۔ کتاب قتال اہل البغی ۔ طبع دکن ۔

(۳) ۔ ـــ الجامع لاحکام القرآن (تفسیر القرطبی) جلد سادس عشر ص ۳۲۴ تحت آیۃ فاصلحوا بین اخویکم ۔ سورۃ حجرات، پارہ ۲۶ ۔

**تنبیہ** :۔ اہلِ علم کی اطلاع کے لیے عرض ہے ۔ حضرت علیؓ کا یہ فرمان بے شمار علماء نے اپنی اپنی تصانیف میں درج کیا ہے ۔ اختصار کے پیشِ نظر عرض ہے کہ یہ تفاسیر میں سورۃ حجرات میں ہے ۔ روایات کی کتابوں میں جمل و صفین کے تحت ہے ۔ فقہائے کرام نے "اہل البغی" کے احکام کی بحث میں اسے نقل کیا ہے ۔ اور تاریخی کتب میں بھی ان بحثوں کے تحت یہ مرتضوی قول مذکور ہے حتیٰ کہ شیعہ اکابر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جعفر صادقؒ سے روایت کیا ہے ۔ وہ اپنے والد حضرت امام باقرؒ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت علیؓ اپنے مقابلین (جمل و صفین والوں) کے حق میں شرک اور نفاق کی نسبت نہیں کرتے تھے بلکہ فرماتے تھے کہ یہ لوگ ہمارے بھائی ہیں، ہمارے خلاف زیادتی کرنے لگے ۔

ـــــ ... جعفر عن ابیہ ان علیاً علیہ السّلام لم یکن ینسب احداً من اھل حربہٖ الی الشرك ولا الی النفاق و لکن یقول ھم اخوا ننا بَغَوْا علینا ۔"

(رسالہ قرب الاسناد لعبد اللہ بن جعفر الحمیری الشیعی، ص ۴۵ ۔ من علماء القرن الثالث طبع قدیم ۔ ایران)

Marfat.com

# بغی کے مفہوم کی وضاحت حضرت علیؓ کی زبانی

حضرت علیؓ نے جمل و صفین والے حضرات کے حق میں جو نظریہ مذکورہ (اخواننا بغوا علینا) یعنی "یہ ہمارے بھائی ہیں جو ہمارے خلاف ہو رہے ہیں" میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی وضاحت میں لوگوں نے بہت کلام کیا ہے لیکن اس کی تشریح اگر حضرت علیؓ کے دیگر اقوال کی روشنی میں کی جائے تو بہت مناسب ہوگی اور طویل بحثوں میں پڑنے کی حاجت ہی نہ رہے گی۔ وہ اس طرح ہے کہ اسی جمل و صفین کے قتال کے موقع پر بعض لوگ حضرت علیؓ کی طرفداری کرتے ہوتے ان کے ساتھ مقابلہ پر آنے والے لوگوں کے حق میں غلو کرنے لگے۔ یعنی کفر کی نسبت کرنے لگے تو حضرت علیؓ نے فرمایا کہ ایسا مت کہو۔ کوئی کلمۂ خیر ہی کہو، فرمانے لگے کہ ان لوگوں نے یہ گمان کیا ہے کہ ہم نے اُن کے خلاف بغاوت کی ہے۔ اور ہم نے یہ گمان کیا ہے کہ انہوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی (پس اس پر قتال واقع ہوا)۔

ابنِ عساکر نے بالفاظِ ذیل یہ روایت باسند ذکر کی ہے:

نا ابو زرعة عن جعفر بن محمد عن ابيه قال سمع عليٌ يوم الجمل او صفين رجلاً يغلو في القول يقول الكفر قال لا تقولوا فانّهم زعموا انا بغينا عليهم وزعمنا انهم بغوا علينا۔

ابن تیمیہ الحرانی نے مسند اسحٰق بن راہویہ سے باسند اس روایت

Marfat.com

کو بالفاظِ ذیل نقل کیا ہے۔

"..... سفیان عن جعفر بن محمد عن ابیہ قال سمع علیؓ یوم الجمل ویوم الصفین رجلاً یغلو فی القول فقال لا تقولوا الا خیرًا انما ھم قوم زعموا انا بغینا علیھم و زعمنا انھم بغوا علینا فقاتلنا ھم۔"

(۱)۔۔۔ تاریخ ابن عساکر کامل، جلد اوّل، ص ۳۲۹۔ طبع دمشق ۔سن طباعت ۱۳۷۱ھ / ۱۹۵۱ء

(۲)۔۔۔ تہذیب ابن عساکر لابن بدران، ج ۱، ص ۴۷۔ باب ماورد من اقوال المنصفین فیمن قتل من اہل الشام بصفین۔

(۳)۔۔۔ منہاج السنہ لابن تیمیہؒ، ج ۳، ص ۶۱ تحت الکلام ولما قال السلف ان اللہ امر بالاستغفار لاصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم فسبتہم الرافضۃ.. الخ

(۴)۔۔۔ المنتقی للذہبی، ص ۳۳۵ ۔طبع مصر۔سن طباعت ۱۳۷۴ھ۔

اب ہم اس مطلب کو شیعہ بزرگوں کی روایت کے ذریعہ پختہ کرتے ہیں۔ اور اس کی تائید ان کی معتبر کتب سے پیش کرتے ہیں تاکہ سُنی و شیعہ احباب دونوں فریق کو اس مسئلہ پر غور و خوض کرنے کا موقعہ دستیاب ہو جائے۔

"۔۔۔ امام جعفر صادقؒ نے امام محمد باقرؒ سے نقل کیا ہے۔ محمد باقر فرماتے ہیں کہ حضرت علی المرتضیٰؓ اپنے اہلِ حرب (جن سے ان کو قتال کا سامنا ہُوا) کے حق میں فرماتے تھے کہ ہم ان سے ان کی

Marfat.com

تکفیر کی بنا پر نہیں قتال کر رہے اور نہ اس وجہ سے قتال کر رہے ہیں کہ وہ ہماری تکفیر کرتے ہیں (یہ بات نہیں ہے) بلکہ بات یہ ہے، ہم کہتے ہیں کہ یقیناً ہم حق پر ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ یقیناً وہ حق پر ہیں"۔

"... جعفر عن ابیه ان علیاً علیه السلام کان یقول لاھل حربه انا لم نقاتلھم علی التکفیر لھم ولم نقاتلھم علی التکفیر لنا ولکنا رأینا انا علیٰ حقٍ و رأوا انھم علیٰ حقٍ۔"

(قرب الاسناد بعبداللہ بن جعفر الحمیری الشیعی مع رسائل دیگر از علماء القرن الثالث، ص ۴۵ طبع ایران ۔قدیمی طبع)

مختصر یہ ہے کہ حضرت علیؓ کے فرمودات کی روشنی میں مسئلہ اس طرح حل ہوا کہ "اخواننا بغوا علینا" میں "اخوتِ دینی" مراد ہے اور بغی سے "بغاوت لغوی" مراد ہے ۔یعنی زیادتی اور حد سے تجاوز کرنا، طلب کرنا، وغیرہ اور اصطلاحی بغاوت مقصود نہیں ہے ۔اس کے متعلق مندرجہ بالا روایات بطور قرینہ کے ہم نے عرض کر دی ہیں ۔

وجہ یہ ہے کہ "بغاوت اصطلاحی" اس کو کہا جاتا ہے کہ ایک خلیفہ برحق کے خلاف کسی شخص کا اپنی رائے اور تاویل کی بنا پر کھڑے ہونا ۔اور حضرت علیؓ تو کسی خلیفہ کے باغی نہ تھے ۔پھر بھی فرماتے ہیں کہ ان کا گمان ہے کہ ہم نے ان پر بغاوت کی ۔تو معلوم ہوا کہ مذکورہ کلمات میں بغاوت شرعی یا اصطلاحی مراد نہیں بلکہ لغوی معنیٰ مقصود ہیں ۔

## خلاصۂ کلام

حضرت علی المرتضیٰؓ حضرت امیر معاویہؓ کو مشرک نہ جانتے تھے، نہ منافق کہتے

Marfat.com

تھے، نہ کافر کہتے تھے، نہ فاسق کہتے تھے بلکہ

(۱) ــــ ہر ایک فریق دوسرے فریق کو دینی برادر یقین کرنے کے بعد ایک دوسرے پر تجاوز کرنے یا زیادتی کرنے کا گمان کرتے تھے (اس سے زیادہ کچھ نہیں)۔

(۲) ــــ ہر ایک طبقہ اپنے آپ کو حق پر خیال کرتا تھا اور دوسرے کو ناحق جانتا اور خطا پر گمان کرتا تھا۔ (اسی نقطۂ نظر پر قتال واقع ہوا) اور اسی کو "اجتہادی خطا" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

(۳) ــــ حضرت علیؓ نے (ان برگشتہ حالات کے باوجود) یہ خصوصی فرمان جاری کر رکھا تھا کہ ہمارے مقابلین کے حق میں "کلمۂ خیر" کے بغیر بالکل لب کشائی نہ کی جائے لا تقولوا الا خیرًا (یعنی ان کے حق میں بہتر بات کے سوا کچھ نہ کہو) کا اعلان کیا ہوا تھا۔ جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے۔

ــــ مسئلہ ہٰذا کو مشہور شاعر حالی مرحوم نے اپنی تصنیف "مسدس حالی" میں ایک صحیح انداز میں نظم کیا ہے۔ یہاں اس کے صرف دو شعر ناظرین کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔

اگر اختلاف ان میں باہم دگر تھا
تو بالکل مدار اس کا اخلاص پر تھا

جھگڑتے تھے لیکن نہ جھگڑوں میں شر تھا
خلاف، آشتی سے خوش آیندہ تر تھا

(مسدس حالی، ص ۲۵)

Marfat.com

# مسئلہ کی تنقیح

# شرح مواقف کی عبارت میں تسامح

(یہ بحث اہلِ علم کے لیے مناسب ہے)

جب مسئلہ بغی اور بغاوت کا سامنے آیا ہے تو یہاں پر بعض شبہات کا ازالہ ہو جائے تو بہتر ہے بعض مصنفین کی عبارات اس مقام میں موہم ہیں، غلط فہمی کا ان سے اندیشہ ہوتا ہے۔ مثلاً:

——شرح مواقف میں امامت کے مباحث المقصد السابع میں حضرت علیؓ کے محاربین کے حق میں علماء کے اقوال نقل کرتے ہوئے شارح نے درج کیا ہے

"و منہم من ذھب الی التفسیق کالشیعۃ وکثیر من اصحابنا"

(شرح مواقف، ج ۸، صفحہ ۳۷۴۔ طبع مصری تحت المقصد السابع)

اب اس کے جواب کے لیے امام ربانیؒ کا مکتوب پیشِ خدمت ہے جس سے اصل مسئلہ واضح ہوتا ہے اور دیگر علماء کے اقوال بھی ملاحظہ ہوں۔

## اوّلاً

۱ ——امام ربانیؒ اپنے مکتوبات میں فرماتے ہیں:۔

——و آنچہ شارح مواقف گفتہ کہ بسیارے از اصحابِ ما

Marfat.com

برآں اندکہ آں منازعت از روئے اجتہاد نبودہ مراد از اصحابِ کدام گروہ را داشتہ باشد اہلِ سنت برخلاف آں حاکم اند چنانکہ گذشت وکتب القوم مشحونۃٌ بالخطاء الاجتہادی کما صرح بہ الامام الغزالی والقاضی ابوبکر وغیرہما پس تفسیق وتضلیل در حق محاربان حضرت امیرؓ جائز نباشد . . . الخ

(مکتوبات امام ربانی، ص ۲۷۲-۲۷۳، ج ۱، دفتر اوّل حصّہ چہارم، مکتوب ۲۵۱ طبع قدیم نول کشور لکھنؤ وطبع جدید لاہور، ص ۶۷-۶۸ حصہ چہارم، پنجم، ششم نورکمپنی لاہور)۔

یعنی یہ بات جو "شارح مواقف" نے ذکر کی کہ ہمارے لوگوں میں سے بہت لوگ اس طرف ہیں کہ حضرت علیؓ وحضرت معاویہؓ کا باہمی تنازع اجتہاد کی بنا پر نہیں تھا۔ ان سے کون گروہ مراد ہیں۔ جیسا کہ گذر چکا ہے کہ اہلِ سنت نے تو اس کے خلاف حکم دیا ہے اور اس مسئلہ کو خطاء اجتہادی قرار دینے پر تمام قوم کی تصانیف پُر ہیں۔ امام غزالیؒ، قاضی ابوبکر ابن عربی وغیرہما علماء نے تصریح کر دی ہے کہ بنابریں حضرت علیؓ کے خلاف جنگ کرنے والوں کے حق میں فسق و ضلالت کا حکم لگانا جائز نہیں۔

۲ ——— اس بحث کو مزید مفصل دیکھنا کسی اہلِ علم کو مطلوب ہو تو کتاب التمہید ابوشکور سالمی تحت قول السابع صفحہ ۱۶۸ (طبع لاہور) ملاحظہ فرما دیں۔ ابوشکور سالمی نے دلائل کے ساتھ ان لوگوں سے فسق کی نفی کی ہے۔

۳ ——— اور علامہ تفتازانی نے شرح المقاصد (المبحث السابع) میں اہلِ صفین کے متعلق تصریح کی ہے کہ "ولیسوا کفارًا ولا فسقۃ ولا ظلمۃً لما لھم من

Marfat.com

التاویل وان کان باطلا فغایۃ الامر انھم اخطأوا فی الاجتہاد وذٰلک لایوجب التفسیق فضلًا عن التکفیر ولھٰذا منع علیؓ اصحابہٗ من لعن اھل الشام وقال اخواننا بغوا علینا" الخ

(شرح المقاصد ص ۲۲۳، ج ۲ مبحث سابع اتفق اہل الحق۔ طبع استنبول)

۴ ـــــ اسی طرح ملّا علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں بیان خلافت علیؓ کے تحت لکھا ہے: ثم کان معاویۃ مخطیاً الی انہ فعل ما فعل عن تاویلٍ فلم یصر بہ فاسقاً۔

(شرح فقہ اکبر صفحہ ۸۲۔ طبع مجتبائی دہلی)

یعنی حضرت علیؓ کے مقابلہ میں امیر معاویہؓ نے جو کچھ کیا وہ تاویل کی بنا پر تھا۔ وہ مخطی ہیں لیکن فاسق نہیں۔

ـــــ مختصر یہ کہ مجدّد الف ثانی ابو شکور سالمی۔ تفتازانی، ملّا علی قاری وغیرہم کبار علماء نے اہل صفین کے حق میں فسق اور ظلم کی نسبت کرنے کی نفی کر دی ہے۔ فلہٰذا شارح مواقف کا مذکور قول تحقیق کے خلاف ہے اور تسامح پر محمول ہے نیز اس سلسلہ میں جامع الاصول لابن اثیر الجزری حصہ اول تحت فرع ثالث فی بیان طبقات المجروحین، بھی قابل ملاحظہ ہے۔

## ثانیاً

بعض فقہاء نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں "جور اور جائر" کے الفاظ استعمال کیے ہیں۔

ہدایہ جلد ثالث کتاب ادب القاضی میں مندرجہ ذیل عبارت پائی جاتی ہے۔

Marfat.com

"ثم یجوز التقلد من السلطان الجائر کما یجوز من العادل
لانّ الصحابۃ رضی اللہ عنہم تقلدوا من معاویۃ والحق
کان بید علیؓ فی نوبتہٖ۔ اس مضمون کے تحت فتح القدیر میں
مذکور ہے کہ ھٰذا تصریحٌ بجور معاویۃ"

——— اس مسئلہ کی وضاحت کے لیے ایک تو یہ چیز ذکر کی جاتی ہے کہ ہدایہ کی عبارت میں لفظ (فی نوبتہٖ) مخالف کے اعتراض کے جواب کے لیے کافی ہے اس لیے کہ ہمارے نزدیک بھی حضرت علیؓ کی زندگی میں خلافت حضرت علیؓ کی صحیح ہے اور امیر معاویہؓ کی خلافت صحیح نہیں، بلکہ خطاء اجتہادی پر محمول ہے اور امیر معاویہؓ اس مسئلہ میں مجتہد ہیں (المجتہد قد یخطی ویصیب)

دوسری یہ چیز ہے کہ اس کی شرح فتح القدیر میں مذکورہ الفاظ (ہٰذا تصریحٌ بجور معاویہؓ) کے متصلاً بعد یہ عبارت موجود ہے جس سے اعتراض رفع ہو سکتا ہے وہاں لکھا ہے:-

"والمراد فی خروجہٖ لا فی اقضیتہٖ ثم انما یتم اذا ثبت انہ
ولی القضاء قبل تسلیم الحسن لہٗ و امّا بعد تسلیمہٖ فلا"

(فتح القدیر شرح ہدایہ، ج ۵، ص ۴۶۱ مع عنایہ
کتاب ادب القاضی۔ طبع مصر)

نیز اس مسئلہ کا حل امام ربانی مجدد الف ثانیؒ نے اپنے مندرجہ ذیل مکتوب میں کر دیا ہے، بشرط انصاف وہ کافی وافی ہے۔ ذیل میں اس کو بعینہٖ ذکر کیا جاتا ہے، ملاحظہ فرما دیں:-

"آنچہ در عبارات بعضے از فقہا لفظ جور در حق معاویہ واقع شدہ
است و گفتہ کانَ معاویۃُ اماماً جائراً مراد از جور عدم حقیتِ خلافت

Marfat.com

او درزمانِ خلافت حضرت امیر خواہد بود نہ جوریکہ مآلش فسق وضلالت ست تا با قوال اہلِ سنت موافق باشد۔ مع ذالک ارباب استقامت از اتیان الفاظ موہومہ خلاف مقصود اجتناب می نمایند و زیادہ بر خطا تجویز نمی کنند کیف یکون جائراً وقد صح انہ کان اماماً عادلاً فی حقوق اللہ وفی حقوق المسلمین کما فی الصواعق۔"

(مکتوبات امام ربانی طبع قدیم نول کشور لکھنؤ ص ۲۷۳، ج ۱۔
مکتوب دوصد و پنجاہ و یکم (۲۵۱) بنام مولانا محمد اشرف
دفتر اول حصہ چہارم۔ نور کمپنی لاہور ص ۶۸-۶۹)

یعنی بعض فقہاء کی عبارات میں امیر معاویہؓ کے حق میں جور یا امام جائر کا کلمہ استعمال ہوا ہے تو اس سے مراد یہ ہے کہ حضرت علیؓ کے دورِ خلافت میں امیر معاویہؓ کی خلافت ناحق اور غیر صحیح تھی۔ جور سے یہ مراد نہیں ہے جس کا انجام فسق وضلالت ہوتا ہے تب یہ مسئلہ اہلِ سنت کے اقوال کے موافق ہوگا۔ نیز اس قسم کے موہوم القاب جو مقصود کے خلاف ہوں استعمال کرنے سے اربابِ استقامت اجتناب کرتے ہیں۔ خطاء اجتہادی سے زیادہ کچھ نہیں تجویز کرتے، امیر معاویہؓ کس طرح جائر ہیں حالانکہ وہ امام برحق تھے اور حقوق اللہ اور حقوقِ اہلِ اسلام کے حق میں عادل تھے، جیسا کہ صواعق محرقہ میں منقول ہے۔

## فریقین دینی معاملہ میں متفق و متحد تھے

دونوں حضرات (حضرت علیؓ و امیر معاویہؓ) دین و مذہب کے اعتبار سے ایک تھے۔ ان میں دین و مذہب کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں تھا۔ یہ چیز ہم

Marfat.com

اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک تو مسلّمات میں سے ہے لیکن شیعہ کی معتبر کتابوں میں بھی یہ مسئلہ اس طریقہ سے درج ہے کہ حضرت علیؓ اور اہلِ صفین کے درمیان جو ماجرا پیش آیا تھا اس کو علی المرتضیٰ نے لکھوا کر اکناف واطرافِ ملک میں نشر کرایا فرمایا کہ ہمارا اور اہل الشام کا تقابل ہوا ہے۔ حالانکہ ظاہر بات ہے ہمارا رب ایک ہے۔ ہمارے نبی ایک ہیں۔ اسلام میں ہماری دعوت دینی ایک ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان لانے اور اس کے نبی کی تصدیق کرنے میں نہ ہم ان سے زیادہ ہیں، نہ وہ ہم سے زیادہ ہیں پس ان کا اور ہمارا دینی معاملہ بالکل ایک جیسا ہے۔ کوئی فرق نہیں مگر خونِ عثمانؓ کے بارے میں ہمارا اور ان کا اختلاف ہو گیا ہے۔ حالانکہ ہم اس سے بری الذمہ ہیں۔

—— و من کتاب لہٗ علیہ السّلام کتبہٗ الیٰ اہل الامصار یقتصّ فیہ ما جریٰ بینہٗ و بین اہل صفین وکان بدأُ امرنا انّا التقینا و القوم من اہل الشام والظاہر ان ربّنا واحدٌ ونبیّنا واحدٌ و دعوتنا فی الاسلام واحدۃٌ، لا نستزید ہم فی الایمان باللہ والتصدیق برسولہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ولا یستزیدوننا والامر واحدٌ الّا ما اختلفنا فیہ من دم عثمانؓ ونحن منہ برآءٌ۔

(۱) نہج البلاغہ، کتاب لہٗ علیہ السلام الیٰ اہل الامصار، ج ۲، ص ۱۱۴ طبع مصری، مع حواشی عبدہٗ۔

(۲) درۂ نجفیہ، شرح نہج البلاغہ، ص ۳۴۴ طبع قدیم ایرانی تحت متن المذکور۔

Marfat.com

# امیر معاویہؓ اور ان کی جماعت کو سب و شتم کرنا حضرت علیؓ المرتضیٰ کے فرمان کے مطابق ممنوع ہے

یہ دونوں فریق مذہب کے اعتبار سے ایک جماعت ہیں اور دینِ اسلام کی حیثیت سے ایک چیز ہیں۔ ان حضرات کا باہمی کچھ فرق نہیں۔ صرف ایک دو چیزوں میں رائے اور فکر کا اجتہادی اختلاف (یعنی قتلِ عثمانی اور قاتلانِ عثمانؓ کے متعلق) تھا۔

اس بنا پر حضرت علی المرتضیٰؓ کی خدمت میں جب بھی اپنے مقابل فریق پر لعن طعن کا مسئلہ پیش ہوا تو آپ نے اپنے حمائتیوں کو اس شنیع فعل سے برملا منع کر دیا اور بار بار منع کیا۔ ذیل میں اس کی وضاحت ملاحظہ کریں۔

عبداللہ بن صفوان کہتے ہیں کہ جنگ صفین کے روز ایک شخص نے کہا کہ اے اللہ شام والوں پر لعنت فرما۔ حضرت علی المرتضیٰ نے اس کو فرمایا کہ شام کی جماعت کو مت سب و شتم کرو یقیناً اہل شام میں ابدال ہیں۔ دو تین بار اسی طرح فرمایا۔

"عن عبد اللہ بن صفوان قال قال رجل یوم صفین اللّٰھم العن اھل الشام قال فقال علیؓ لا تسبّ اھل الشام جمّاً غفیراً فان بھا الابدال فان بھا الابدال فان بھا الابدال"

(۱)۔۔۔ المصنف لعبد الرزاق، ج ۱۱ ص ۲۴۹۔ باب الشام۔

(۲)۔۔۔ التاریخ لابن عساکر کامل، ج ۱ ص ۳۲۳، مطبوعہ دمشق، باب النہی عن سبّ اہل الشام۔

(۳)۔۔۔ البدایہ لابن کثیر، ج ۸، ص ۲۰۔ باب ذکر معاویہؓ بن ابی سفیان و ملکہ۔

Marfat.com

——شریح بن عبید ذکر کرتے ہیں کہ ایک دفعہ علی المرتضیٰ کی خدمت میں اہلِ شام کا ذکر ہُوا اور لوگوں کی طرف سے کہا گیا کہ اے امیر المؤمنین! شام والوں پر لعنت کیجیے۔ آپؓ نے فرمایا "بالکل نہیں"، میں نے نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم سے سُنا ہے کہ شام میں ابدال ہونگے اور چالیس شخص ہونگے۔ ایک اگر فوت ہو جائے گا تو اس کی جگہ دوسرا مقرر ہوگا ... الخ

"عن شریح بن عبید قال ذکر اھل الشام عند علی وقیل العنھم یا امیر المؤمنین قال انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم الابدال یکونون بالشام وھم اربعون رجلاً کلما مات رجلٌ ابدل اللہ مکانہٗ رجلاً ... الخ

(۱) مشکوٰۃ شریف، ص ۵۸۲ - ۵۸۳۔ بحوالہ احمد۔ باب ذکر اہل الیمن والشام۔

(۲) مجمع الزوائد ومنبع الفوائد لنور الدین الہیثمی، ص ۶۲، ج ۱۰، باب ما جاء فی الابدال وانہم بالشام۔

حضرت علیؓ کے یہ چند اقوال اپنی کتابوں سے پیش کیے ہیں۔ اس کے بعد حضرت علیؓ کے فرامین شیعہ احباب کی کتب سے تحریر کیے جاتے ہیں۔

# شیعہ کتب سے تائید

چنانچہ ایک دفعہ حضرت علیؓ کے ساتھیوں نے صفین کے مقام میں جنگ کے دوران امیر معاویہؓ اور ان کے ساتھیوں کو سبّ وشتم اور لعن طعن کرنا شروع کر دیا۔ یہ حضرت علیؓ نے سُن لیا تو اس بات سے فوراً منع فرمایا۔ اور فرمایا کہ مَیں تمہارے لیے اس چیز کو بُرا جانتا ہُوں کہ تم دشنام دینے والے اور لعن طعن کرنے والے بن جاؤ۔ لیکن

Marfat.com

اگر تم ان کے اوصاف و اعمال کو ذکر کرتے تو یہ اچھی بات ہوتی۔ اور ان کو سبّ کرنے کی جگہ تمہیں یوں کہنا چاہیے کہ اے اللہ!

ا ـــــ ہم کو اور ان کو خونریزی سے محفوظ فرما۔

۲ ـــــ اے اللہ، ہم دونوں فریقوں کے درمیان اصلاح و درستگی فرما!

۳ ـــــ اے اللہ! راستہ سے بھٹکے ہوئے لوگوں کو ہدایت نصیب فرما۔

حتیٰ کہ حق سے ناواقف لوگ حق بات کو پہچان لیں اور تجاوز اور زیادتی سے باز آجائیں جو اس میں حرص کیے ہوتے ہیں۔

اوّل ـــــ نہج البلاغہ کی عبارت ذیل میں یہ مضمون ملاحظہ کریں:

"ومن کلام لہٗ علیہ السّلام وقد سمع قومًا من اصحابہ یسبّون اھل الشام ایام حربھم بصفین انی اکرہ لکم ان تکونوا سبّابین ولکنّکم لو وصفتم اعمالھم و ذکرتم حالھم کان اصوب فی القول و ابلغ فی العذر وقلتم مکان سبّکم ایّاھم اللّھم احقن دماءنا و دمائھم و اصلح ذات بیننا و بینھم و اھدھم من ضلالتھم حتی یعرف الحق من جھلہٗ و یرعوی عن الغیّ والعدوان من لھج بہ"

(نہج البلاغہ، ج ۱، ص ۴۲۰ تحت من کلام لہٗ علیہ السّلام فی النھی عن سبّ اہل الشام طبع مصری۔

دوم ـــــ مشہور شیعی مؤرخ احمد بن داؤد ابوحنیفہ الدینوری المتوفی ۲۸۲ھ نے اخبار الطوال میں بھی مرتضوی فرمان مفصّل نقل کیا ہے۔ اہلِ علم کی تسلّی کے لیے بعینہٖ عبارت حاضرِ خدمت ہے۔

"۔ ۔ ۔ ۔ و بلغ علیًّا (ع) ان حجر بن عدی و عمرو بن الحمق

Marfat.com

يظهران شتم معاوية ولعن اهل الشام فارسل اليهما انّ كفّا عما يبلغني عنكما فاتياه فقالا يا امير المؤمنين! السنا على الحق؟ وهم على الباطل، قال بلیٰ! ورب الكعبة المسدّنة قالوا فلمَ تمنعنا من شتمهم ولعنهم؟ قال كرهت لكم ان تكونوا شتّامين، لعّانين، ولكن قولوا اللّهم احقن دمائنا و دمائهم واصلح ذات بيننا وبينهم واهدهم من ضلالتهم حتى يعرف الحق من جهله ويرعوى عن الغيّ من لجج به۔"

(۱) (الاخبار الطوال للدینوری الشیعی، ص ۱۶۵ - تحت وقعۃ الصفین - طبع القاہرہ مصر)

(۲) وقعۃ الصفین صہ ۱۱۵ تحت نصیحت علیؓ حجر بن عدی از نصر بن مزاحم الشیعی)۔

"یعنی مطلب یہ ہے کہ صفین کے موقعہ پر حضرت علیؓ کے ساتھیوں حجر بن عدی، عمرو بن الحمق وغیرہ نے امیر معاویہؓ کو سب وشتم کرنا اور اہل شام کو لعن طعن کرنا شروع کر دیا۔ حضرت علیؓ کو جب معلوم ہوا تو انہوں نے ان کی طرف آدمی بھیج کر فرمان جاری کیا کہ اس سب وشتم لعن طعن سے رک جاؤ تو وہ دونوں حضرت علیؓ کے ہاں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ اے امیر المومنین کیا ہم حق پر نہیں؟ اور وہ باطل پر نہیں؟ حضرت علیؓ نے فرمایا یہ ٹھیک ہے رب کعبہ کی قسم! پھر وہ کہنے لگے آپ ہم کو ان کو سب اور لعن کرنے سے کیوں منع کرتے ہیں؟ تو حضرت علیؓ نے فرمایا کہ میں تمہارے گالی دینے والے اور لعن کرنے والے بننے کو مکروہ جانتا ہوں بلکہ تم یوں کہو کہ اے اللہ ہم دونوں فریق کو خونریزی سے بچالے اور ہمارے درمیان اصلاح فرمادے اور ان کو ان کے بھٹک جانے سے ہدایت فرما حتیٰ کہ حق سے ناواقف حق بات

Marfat.com

کو پہچان لے اور نزاع کرنے والا شخص جھگڑنے سے باز رہ جائے۔"

(الاخبار الطوال للدینوری الشیعی، ص ۱۶۵ تحت

وقعۃ الصفین۔ طبع القاہرہ مصر)

سوم ـــــ شیخ ابوجعفر الطوسی شیعی نے "الامالی" میں حضرت علی المرتضیٰؓ کی اپنے دوستوں کو وصایا نقل کی ہیں اور ان وصیتوں میں یہ مسئلہ درج ہے کہ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ "میں تم کو نماز کی وصیت کرتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ زکوٰۃ کی وصیت کرتا ہوں، ۔ ۔ ۔ ۔ جہاد کی وصیت کرتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ اور اپنے نبی کے اصحاب کے متعلق تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ ان کو سب و شتم مت کرنا ۔ ۔ ۔ ۔"

"۔ ۔ ۔ ۔ واوصیکم بالصلوٰۃ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ والزکوٰۃ ۔ ۔ ۔ ۔ والجہاد ۔ ۔ ۔ ۔ واوصیکم باصحاب نبیکم لاتسبوھم الخ"

(الامالی للشیخ الطوسی الشیعی، ص ۱۳۶، ج ۲

طبع نجف اشرف (عراق)

حضرت امیر معاویہؓ کو برا بھلا کہنے والے لوگ حضرت علیؓ کے ان فرمودات پر نظر کریں اور ان کے طریقِ کار پر غور سے توجہ کریں۔ اس کے بعد اپنے رویّہ کے متعلق سوچیں کہ کہاں تک درست ہے؟ حضرت معاویہؓ کی عداوت میں کہیں وہ حضرت علیؓ کے فرمان کے باغی تو نہیں بن گئے؟ اور عمل و کردار کے اعتبار سے ان کے نافرمان تو نہیں ہو گئے؟

## حضرت امیر معاویہؓ کے ساتھ حضرات حسنین کا صلح اور بیعت کرنا اور تنازعات کو ختم کر دینا

ـــــ اُس دور کے مفسدین مثلاً عبداللہ بن سبا وغیرہ کی کارستانیوں کے نتائج

Marfat.com

کی وجہ سے مسلمانوں میں اگرچہ جمل و صفین کے واقعات پیش آچکے تھے تاہم حضرت علی المرتضیٰ کی وفات کے بعد حضرت سیدنا حسنؓ نے حضرت امیر معاویہؓ سے صلح و مصالحت کر کے بیعت کر لی - یہ باہمی مصالحت و صلح نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت و پیش گوئی کے موافق ہوئی تھی - فرمان نبوی تھا کہ ابنی ھٰذا سید سیصلح اللہ بہ بین الفئتین العظیمتین من المسلمین یعنی یہ میرا بیٹا سردار ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو عظیم جماعتوں کے درمیان صلح کرا دے گا۔

(بخاری شریف، ج ۱، ص ۵۳۰ - باب مناقب الحسن والحسین)

اور حضرت سیدنا حسینؓ بھی اپنے برادر حضرت حسنؓ کے ساتھ متفق ہو گئے - "مسئلہ خلافت" امیر معاویہؓ کے سپرد کر دیا - امتِ اسلامیہ کی خیر خواہی کے پیشِ نظر وقتی مناقشات ختم کر دیئے - اور اتحاد و اتفاق کا راستہ ہموار کر دیا -

—— یہ واقعہ اسلامی تاریخ کے مسلمات میں سے ہے - اہل السنۃ واہلِ تشیّع دونوں جانب کے علماء اس کو درست تسلیم کرتے ہیں - کوئی مختلف فیہ مسئلہ نہیں ہے -

صرف ناظرینِ کرام کے اطمینانِ قلب کے لیے دونوں فریقوں کی بعض مشہور کتابوں سے چند ایک مختصر حوالے پیشِ خدمت کیے جاتے ہیں -

## اہل السنۃ کی کتابوں سے

(۱) —— مشہور مورخ خلیفہ بن خیاط نے اپنی تاریخ جزء اول میں سن ۴۱ھ کے تحت (جس کو عام الجماعۃ یعنی اجتماع کا سال کہا جاتا ہے) لکھا ہے کہ سوادِ عراق کے علاقہ میں انبار کے پاس حضرت سیدنا حسن و حضرت سیدنا امیر

Marfat.com

معاویہؓ جمع ہوئے۔ دونوں حضرات نے مصالحت و صلح کر لی حضرت حسنؓ نے امیر معاویہؓ کو خلافت سپرد کر دی۔ یہ واقعہ ماہ ربیع الآخر یا ماہ جمادی الاولیٰ سنہ ۴۱ھ میں پیش آیا تھا۔

"وفیھا (سنۃ الجماعۃ) اجتمع الحسن بن علی بن ابی طالب و معاویۃ فاجتمعا بمسکن من ارض السواد و من ناحیۃ الانبار۔ فاصطلحا وسلّم الحسن بن علیؓ الیٰ معاویۃؓ و ذالک فی شھر ربیع الآخر او فی الجمادی الاولیٰ سنۃ احدیٰ واربعین۔"

(تاریخ خلیفہ بن خیاط، ص ۱۸۷۔ ج ا تحت سنہ ۴۱ھ (عام الجماعۃ)

(۲) ——— حاکم نیشاپوری نے مستدرک میں درج کیا ہے کہ

"امیر معاویہؓ کے ساتھ حضرت حسنؓ نے صلح کی۔ معاملہ خلافت ان کے سپرد کر دیا اور معاہدے اور شرائط پیش کر کے خلافت کی بیعت کر لی۔"

"فصالح الحسنؓ معاویۃ وسلّم الامر لہٗ وبایعہٗ بالخلافۃ علیٰ شروط ووثائق ... الخ۔"

(المستدرک للحاکم، ج ۳، ص ۱۷۴ تحت مصالحۃ الحسنؓ ومعاویۃؓ)

(۳) ——— ابو نعیم اصفہانی اور بیہقیؒ نے لکھا ہے "نخیلہ کے مقام پر یہ مصالحت دونوں حضرات کے درمیان ہوئی .... اور امام حسنؓ نے اس موقع پہ فرمایا کہ اگرچہ وہ (یعنی خلافت) میرا حق بھی ہے تب بھی میں نے اہل اسلام کی بہتری اور مسلمانوں کے خون کی حفاظت کے لیے ترک کر دیا۔"

Marfat.com

∵ . . تركته لمعاوية ارادة اصلاح المسلمين و حقن دمائهم.

(۱) ــــ السنن الکبریٰ، ج ۸، ص ۲، ۱۷کتاب قتال اہل البغی

(۲) ــــ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم الاصفہانی، ج ۲، ص ۳۷۔تذکرہ حضرت حسن بن علی بن ابی طالب۔

صلح ہذا اور اس بیعت کے واقعہ کو متعدد علماء نے ذکر کیا ہے۔مثلاً

۱ــــ الاستیعاب لابن عبدالبر، ج ۳، ص ۳۷۸۔تحت ذکر معاویہؓ معہ الاصابہ

۲ــــ اسدالغابہ، ص ۳۸۶۔۳۸۷، ج ۴۔ذکر معاویہؓ بن ابی سفیان۔

۳ــــ الاصابہ، ج ۳، ص ۴۱۳۔معہ الاستیعاب، ذکر معاویہؓ۔

۴ــــ تلخیص ابن عساکر لابن بدران، ج ۴، ص ۲۲۰۔ وغیرہ

## مسئلہ ہذا کی شیعہ کتب سے تائید و تصدیق

امیر معاویہؓ کا حضرت امام حسنؓ کے ساتھ صلح و مصالحت کر کے بیعت کرنے کو شیعہ علماء و مؤرخین نے پرزور طور پر لکھا ہے۔حسبِ عادتِ دیرینہ اس قدر اضافہ فرما دیا کرتے ہیں کہ یہ سب کچھ بامرِ مجبوری تھا اور تقیہ فرمالیا تھا۔

اب اہلِ علم کی تسلی کے لیے حوالہ جات کی بعینہٖ عبارت پیشِ خدمت ہے۔

حضرت امیر معاویہؓ نے اپنے ہاں شام میں حضرت حسنؓ و حضرت حسینؓ اور قیس بن سعد بن عبادہ انصاری کو خطارسال کر کے بلوایا۔یہ حضرات شام میں پہنچے، اجازت ہوئی، اندر تشریف لائے اور خطیب لوگوں کو (مجلس میں) تیار رکھا گیا تھا۔ امیر معاویہؓ کہنے لگے کہ اے حسنؓ! اٹھیے اور بیعت کیجیے۔حضرت حسنؓ اٹھے اور بیعت کی۔پھر حضرت حسینؓ کو فرمایا کہ اٹھیے اور بیعت کیجیے! حضرت حسینؓ بھی اٹھے

Marfat.com

اٹھے اور بیعت کی۔اسی طرح پھر قیس بن سعد کو کہا۔۔۔الخ"

"۔۔۔فقال یا حسن! قم فبایع۔فقام فبایعَ۔ ثم قال للحسین علیہ السلام، قم فبایع فقام فبایع۔ثم قال یاقیس! قم فبایع فالتفت الی الحسین علیہ السلام ینظر ما یأمرہٗ فقال یاقیس انّہٗ امامی"

(۱) ـــــ رجال کشی (ابوعمرو کشی) تحت تذکرہ قیس بن سعد بن عبادہ، ص ۷۲، طبع ہند بمبئی۔ وطبع طہران طبع جدید، ص ۱۰۲۔

(۲) ـــــ کتاب بحار الانوار ملا باقر مجلسی، ج ۱۰، ص ۱۲۲-۱۲۴-باب کیفیت مصالحۃ الحسنؓ بن علیؓ طبع قدیم ایرانی۔

اور "فروع کافی" کتاب الروضۃ میں یہ مسئلہ بعبارت ذیل ہے:۔

ـــــ عن ابی جعفرؑ قال واللہ للذی صنعہٗ الحسن بن علی علیہ السّلام کان خیرًا لھٰذہ الامۃ ممّا طلعت علیہ الشمس"

(۳) ـــــ فروع کافی، ج ۳، ص ۱۵۳۔کتاب الروضۃ طبع لکھنؤ۔فروع کافی، طبع جدید طہرانی مع ترجمہ فارسی، ج ۲، ص ۲۵۲۔

ـــــ اور ملا باقر مذکورہ بالا روایت کا ترجمہ بالفاظ ذیل لکھتے ہیں کہ

"یعنی کلینی بسند معتبر از حضرت امام باقر روایت کردہ است کہ صلحے کہ حضرت امام حسنؓ با معاویہ کرد برائے ایں امت بہتر بود از دنیا و ما فیہا"

Marfat.com

(۴)—— جلاء العیون، ملا باقر مجلسی، ص ۲۹۲ - دربیان
صلح امام دوم با معاویہؓ -

—— مطلب یہ ہے کہ سیدنا حسنؓ نے جو امیر معاویہؓ سے صلح کی تھی وہ اُمّت کے حق میں تمام جہان سے بہتر تھی ؛

## تنبیہ

نیز یہ مسئلہ شیعہ کی معتبر کتابوں کے ذیل مقامات میں اپنی اپنی عبارات کے ساتھ درج ہے - اہلِ علم رجوع فرما سکتے ہیں -

(۱)—— مقاتل الطالبیین لابی الفرج اصفہانی ، قدیم طبع ، ص ۲۸ - ذکر الخبر فی بیعتہ بعد وفات امیر المؤمنین و تسلیم الامر الی معاویہ -
وطبع بیروت ، ص ۴۸ - ۴۹ - جلد اول تحت الصلح -

(۲) اختجاج طبرسی ، قدیم طبع ، ص ۱۴۸ - ۱۵۶ - ۱۵۷ | تحت احتجاجہ علی من انکر علیہ مصالحۃ معاویۃ ؓ

(۳) الامالی للشیخ الطوسی ، ج ۲ ، ص ۱۸۹ ، ۱۸۰ ، ۱۷۳ ، مجلس یازدہم ، صفر ۱۳۸۵ھ نجف اشرف -

(۴) بحار الانوار ، ج ۱۰ - ملا باقر مجلسی ، طبع اول قدیمی ، ج ۱۰ - ص ۱۱۰ ، ۱۱۱ ، ۱۱۲ - تحت علۃ مصالحۃ الحسن بن علی - الخ

## سیدنا حسینؓ کا فرمان

شیعوں کے ایک تفضیلی قدیم مؤرخ (احمد بن ابی داؤد الدینوری الشیعی) المتوفی ۲۸۲ھ نے اپنی مشہور کتاب اخبار الطوال میں امیر معاویہؓ کے ساتھ حضرت سیدنا حسینؓ کی بیعت کو بڑے عمدہ انداز میں درج کیا ہے - ناظرین

Marfat.com

کرام کے اطمینان کے لیے حضرت حسنؓ کی بیعت سے الگ ہم اسے پیش کرتے ہیں تاکہ دونوں برادران کا نظریہ اس مسئلہ کی خاطر پوری وضاحت سے سامنے آجائے۔

—— دینوری نے لکھا ہے ایک صاحب (حجر بن عدی) حضرت علیؓ کے خاص حامیوں میں سے تھے حضرت حسنؓ کی امیر معاویہؓ کے ساتھ صلح و مصالحت ہو جانے کے بعد وہ مُصر تھے کہ ان سے جنگ کرنی چاہیے لیکن حضرت حسنؓ جنگ پر آمادہ نہ ہوئے۔ پھر انہوں نے حضرت حسینؓ کو اس جنگ و قتال کے لیے آمادہ کرنا چاہا تو حضرت امام حسین نے ان کی رائے کے جواب میں یہ فرمایا کہ "امیر معاویہؓ سے ہم نے بیعت کر لی ہے اور ان سے ہمارا معاہدہ ہو چکا ہے اب اس بیعت کو توڑ ڈالنے کے لیے کوئی راستہ نہیں ہے"

"..... فقال الحسین انّا قد بایعنا وعاهدنا ولا سبیل الی نقض بیعتنا"

(۱) (اخبار الطوال لاحمد بن ابی داؤد الدینوری الشیعی، ص ۲۲۰ بحث مبایعۃ معاویۃ بالخلافۃ وزیاد بن ابیہ۔ طبع القاہرہ مصر سن طباعۃ ۱۹۶۰ء)

(۲) کتاب الارشاد للشیخ المفید الشیعی صہ ۱۸۱، ۱۸۲ اقت الصلح۔

## مزید برآں

مصالحت کے بعد بھی حضرت سیدنا حسینؓ کے متعلق ایک واقعہ شیعہ مورخین نے تحریر کیا ہے اس سے بھی حضرت امیر معاویہؓ کے متعلق سیدنا حسینؓ کا نظریہ بخوبی واضح ہوتا ہے۔ دینوری شیعی کہتے ہیں کہ امیر معاویہؓ کی خلافت کے دوران ان کے مدینہ کے حاکم نے انہیں یہ خبر دی کہ حسین بن علیؓ آپ کی خلافت کے خلاف

Marfat.com

کچھ کرنا چاہتے ہیں۔ اس پر امیر معاویہؓ نے حضرت حسینؓ کو خط لکھا کہ "فتنہ پرداز لوگ آپ کو غیر مطمئن اور بے آرام کرنے کے درپے ہوں تو اس بات سے اجتناب فرمائیں۔"

ان حالات میں حضرت حسینؓ نے امیر معاویہؓ کو جواب لکھا کہ:

"آپ کے ساتھ ہمارا جنگ و قتال کرنے کا کوئی ارادہ نہیں اور نہ ہی مخالفت کرنے کا قصد ہے۔"

مؤرخین کہتے ہیں کہ حضرت سیدنا حسنؓ و سیدنا حسینؓ دونوں بزرگوں نے امیر معاویہؓ کی تمام زندگی میں حضرت امیر معاویہؓ سے کوئی بُری بات اور ناپسند چیز نہیں دیکھی۔ امیر معاویہؓ نے حضرات حسنینؓ کے ساتھ جو شرائط طے کئے تھے ان میں سے کسی شرط کو ضائع نہیں کیا۔ اور کسی احسان اور بھلائی کی بات کو تبدیل نہیں کیا۔"

"... فکتب الیه الحسین رضی الله عنه ما ارید حربك ولا الخلاف علیك، قالوا ولم یر الحسن ولا الحسین طول حیاة معاویة منه سوءًا فی انفسهما ولا مکروهاً۔ ولا قطع عنهما شیئًا ممّا کان شرط لهما ولا تغیّر لهما عن برٍّ۔"

(الاخبار الطوال لاحمد بن داؤد ابی حنیفة الدینوری الشیعی۔ ص ۲۲۵۔ بحث بین معاویه و عمرو بن العاص۔ طبع قاہرہ مصر)

مندرجات بالا سے واضح ہوا کہ:

(۱) ——— سیدنا حسین رضی اللہ عنہ نے بھی حضرت امیر معاویہؓ سے جب

Marfat.com

بیعت کر لی اور ان سے معاہدہ کر لیا تو نقضِ عہد کا خیال تک نہیں کیا۔ نہ کسی قسم کی مخالفت پیدا کی۔

(۲) ــــ امیر معاویہؓ کی مدتِ خلافت میں سیدنا حسنؓ و سیدنا حسینؓ نے ان سے کوئی برائی اور مکروہ چیز نہیں دیکھی۔

(۳) ــــ حضرات حسنین شریفینؓ کے ساتھ جو شرائط حضرت معاویہؓ نے طے کیے تھے امیر معاویہؓ نے ان کا ایفا کیا۔ ان کو ضائع اور برباد نہیں کیا۔

(۴) ــــ امیر معاویہؓ نے حسنین کریمینؓ کے ساتھ احسان اور سلوک صحیح طریقہ سے جاری رکھا، اس میں کوئی تبدیلی و تغیر نہیں کیا۔

مختصر یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ کے حق میں یہ الزام صحیح نہیں ہے کہ انہوں نے حسنینؓ کے حقوق کو غصب کر لیا تھا اور شرائط صلح کو ختم کر دیا اور بنو ہاشم اور آلِ نبوی کے ساتھ بدسلوکی روا رکھی۔ اس وجہ سے یہ حضرات امیر معاویہؓ کے ساتھ تضاد و عناد رکھتے تھے۔ مذکورہ بالا بیانات دینوری شیعہ مورخ کے ہیں۔ یہ بزرگ شیعہ ہے اور طبری و جزری وغیرہما مؤرخین سے قدیم ہے۔ اس نے ان مسائل کو اپنے بیاناتِ بالا کے ذریعہ خوب حل کر دیا ہے۔ امید ہے کہ منصف طبائع اس کو شرف قبولیت بخشیں گے۔ اور بعد کے مؤرخین کی رائے قابلِ التفات نہیں سمجھیں گے۔

## امیر معاویہؓ کی خلافت کے دوران بنی ہاشم کا عملی تعاون

ــــ حضرت سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ہاشمی حضرات

Marfat.com

حضرت عثمانؓ سے عملی تعاون کرتے تھے۔ چنانچہ اس نوع کے چند واقعات رحماءبینہم حصہ عثمانی میں درج کیے گئے ہیں

اب حضرت سیدنا امیر معاویہؓ کی خلافت میں بھی بنی ہاشم کی طرف سے انتظامی امور میں عملی تعاون کے چند ایک واقعات زیرِ تحریر لائے جاتے ہیں۔ ان واقعات سے اہلِ فہم و انصاف پسند حضرات عمدہ فوائد و نتائج خود مرتب کر سکتے ہیں۔

**مدینہ طیبہ میں ہاشمی قاضی (عبداللہ)** حضرت امیر معاویہؓ نے اپنے دور میں مروان بن الحکم کو مدینہ شریف کے علاقہ کا حاکم مقرر کیا۔ مدینہ طیبہ کے لیے شرعی قاضی کی ضرورت تھی تو مروان نے حضرت عبداللہ بن الحارث بن نوفل بن الحارث بن عبدالمطلب ہاشمی بزرگ کو مدینہ شریف کا قاضی مقرر کیا۔ اس سے قبل مدینہ میں قاضی نہیں تجویز کیا جاتا تھا۔ اسی بناء پر بعض لوگ کہتے تھے کہ مدینہ میں عبداللہ بن الحارث (ہاشمی) پہلے قاضی تھے۔

طبقات ابن سعد میں ہے:۔

"۔۔۔۔عن ابی الغیث قال سمعت ابا ھریرۃ لما ولی مروان بن الحکم المدینۃ لمعاویۃ بن ابی سفیان سنۃ اثنتین واربعین فی الامرۃ الاُولیٰ استقضیٰ عبداللہ بن الحارث بن نوفل بن الحارث بن عبد المطلب بالمدینۃ فسمعت ابا ھریرۃ یقول ھٰذا اول قاضٍ رأیتہٗ فی الاسلام"۔ (۱)

(۱) طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۱۳ تحت عبداللہ بن نوفل۔

(۲) کتاب الثقات لابن حبان ص ۵ ج ۵ تحت عبداللہ بن حارث

Marfat.com

(۲)۔۔۔۔ تاریخ طبری، ج ۶، ص ۹۸ تحت سنہ ۴۲ھ
(۳)۔۔۔۔ اسد الغابہ، ج ۳، ص ۲۶۹ تحت عبداللہ بن نوفل بن الحارث بن عبدالمطلب طبع تہران

# غزوات میں ہاشمی غازی

## قثمؓ بن عباس و امام حسینؓ

(۱) ۔۔۔۔ حضرت قثم بن عباس بن عبدالمطلب ہاشمی صغار صحابہؓ میں سے ہیں۔ یہ سیدنا حسین بن علیؓ کے رضاعی برادر تھے حضرت امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں جہاد کی خاطر خراسان کے علاقہ میں تشریف لے گئے۔ پھر غزوۂ سمرقند پیش آیا۔ اس غزوہ میں حضرت عثمان بنؓ عفان کے صاحبزادے سعیدؓ بن عثمان جرنیل تھے۔ ان کی ماتحتی میں غزوۂ ہذا میں شریک ہوتے اور سمرقند میں شہادت پاکر فوت ہوتے۔

"۔۔۔۔ قال ابن سعد غزا قثم بن عباس خراسان وعليها سعيد بن عثمان بن عفان ۔۔۔۔۔۔ قال الزبير بن بكار سار قثم ايّام معاوية مع سعيد بن عثمان الى سمرقند فاستشهد بها"

(۱) طبقات ابن سعد، ج ۷، ق ۲، ص ۱۰۱ طبع لیدن تحت ذکر قثم بن عباس بن عبدالمطلب۔
(۲) کتاب نسب قریش، ص ۲۷ تحت ذکر اولاد عباس بن عبدالمطلب۔
(۳) اسد الغابہ، ج ۴، ص ۱۹۷ تذکرہ قثم بن عباس

Marfat.com

(۴) سیر اعلام النبلا للذہبی، ج ۳، ص ۲۹۲ - ذکر
قثم بن عباس -

اور شیعہ علماء نے بھی لکھا ہے کہ قثم بن عباس ہاشمی مطلبی حضرت علیؓ کی طرف سے مکہ مکرّمہ پر والی وحاکم مقرر تھے۔ پھر حضرت علیؓ شہید ہو گئے۔ (کچھ مدّت کے بعد) امیر معاویہؓ کے زمانہ میں غزوۂ سمرقند میں شریک جہاد ہو کر شہید ہوتے۔

"واستشهد بسمرقند فی زمن معاویة"

(شرح نہج البلاغہ لابن میثم البحرانی الشیعی، ج ۵، ص ۲، جلد خامس، طبع جدید طہران - تحت عنوان ومن کتاب لهٗ علیه السلام الیٰ قثم بن عباس وھو عاملهٗ علی مکة -

(۲) ــــــ مؤرخین نے بصراحت لکھا ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ کے دَورِ خلافت میں سیّدنا حسین بن علیؓ، امیر معاویہؓ کی خدمت میں آمدورفت رکھتے تھے۔ ہدیے اور عطیے وصول کرتے تھے (جیسا کہ عنقریب اس پر حوالہ جات پیش ہو رہے ہیں) مزید یہ چیز عرض ہے کہ اس دَور کے غزوات میں اور جنگی مہموں میں بھی بخوشی شریک وشامل ہوتے تھے - اس مسئلہ میں حضرت حسینؓ کو کوئی انقباض واجتناب نہیں تھا - امیرِ وقت کے ساتھ ان کا یہ عملی تعاون تھا اور انتظامی اُمور میں بشرحِ صدر امداد تھی - اس میں کسی مجبوری ومقہوری کا کوئی دخل نہیں تھا - اب اہلِ تاریخ کی بعینہٖ عبارت ملاحظہ فرمائیں -

(۱) ... "ووفد علی معاویة وتوجه غازیاً الی القسطنطنیة فی الجیش الذی کان امیرہ یزید بن معاویة"

Marfat.com

(تہذیب تاریخ ابن عساکر، ج ۴، ص ۳۱۱ - تذکرہ حسین بن علیؓ)

(۲) ۔۔۔۔۔ البدایہ لابن کثیر جلد ثامن میں ہے :-

" ولما توفی الحسن کان الحسین یفد الی معاویۃ فی کل عام فَیُعْطِیْه وَیُکْرِمُہ وقد کان فی الجیش الذین غزوا لقسطنطنیۃ مع ابن معاویۃ یزید فی سنۃ احدیٰ و خمسین ۵۱ھ "

(البدایہ، ص ۱۵۰-۱۵۱ جلد ۳، تذکرہ خروج الحسین الی العراق وکیفیۃ مقتلہؓ)

## عنوانہائے بالا کا خلاصہ

(۱) ۔۔۔۔ حضرت امیر معاویہؓ اور ان کے ساتھی حضرت علیؓ کے فرمان کی رُو سے سب مؤمن تھے۔

(۲) ۔۔۔ جنگ صفین کے مقتولین سب اہل جنّت سے ہیں۔

(۳) ۔۔۔۔ جمل و صفین میں شریک ہونے والے برادر دینی تھے لیکن ایک دوسرے کے حق میں ان سے زیادتی سرزد ہوئی۔

(۴) بغاوت کے مفہوم کی اس طرح تشریح کی گئی جس سے معلوم ہُوا کہ یہ لوگ نہ فاسق تھے نہ جائر تھے۔

(۵) ۔۔۔۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اپنے مقابلہ میں آنے والوں کے حق میں سب وشتم کرنے اور لعن وطعن سے برملا منع کر دیا اور ان کے حق میں دعائیں کرنے کی ہدایت کی۔

Marfat.com

(۶) ـــــــ حضرت سیدنا امام حسینؓ کے تعلقات حضرت امیر معاویہؓ کے ساتھ صحیح اور درست تھے۔ عملی تعاون قائم تھا۔ کوئی مخالفت نہ تھی۔ اور ان حضرات میں باہم نسلی امتیازات و قبائلی تعصبات بالکل نہ تھے کہ ہاشمیوں کو عزت کے مقامات میں پیچھے ڈال دیا ہو اور امویوں کو مقدم کر دیا ہو۔ یہ بات بالکل نہ تھی۔ اس نوع کی چیزیں صحابہ کرامؓ کے دور میں نہ تھیں۔ یہ بعد کی پیدا کردہ ہیں۔

(۷) ـــــــ امیر معاویہؓ کی خلافت آئین اسلامی کے تحت جاری تھی۔ اس میں قواعد اسلامی کو معطل نہیں کیا گیا۔ ہاشمی بزرگوں اور دیگر صحابہ کرامؓ کا عملی تعاون کرنا اور شریکِ انتظام رہنا اس چیز کے لیے مستقل شاہد اور گواہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

(۸) ـــــــ امیر معاویہؓ کے حق میں ظلم و ستم کی داستانیں جو نشر کی جاتی ہیں وہ بے اصل ہیں۔ امیر معاویہؓ کا کردار بالکل صحیح تھا۔ انہوں نے قوم و ملّت کی خدمات انجام دیں اور اسلام و اہلِ اسلام کو بہت نفع پہنچایا۔ ہاشمی حضرات اور دیگر صحابہ کرام ان کے ساتھ شامل تھے اور ان تمام حضرات کا خلافت امیر معاویہؓ کے حق میں عملی تعاون قائم رہتا تھا۔

# حضرت امیر معاویہؓ کے خزانہ سے حضرات حسنینؓ و دیگر ہاشمی اکابر کے وظائف اور عطیات و ہدایا

عام الصلح کے بعد بیت المال سے امیر معاویہؓ نے سیدنا حسن و سیدنا حسینؓ اور

Marfat.com

دیگر ہاشمی حضرات کے لیے وظائف متعین فرما دیتے تھے۔ وقتی طور پر بھی انہیں ہدایا اور تحائف پیش کیے جاتے تھے۔ اور مستقل طور پر بھی صلح کے سال ۴۱ھ سے لے کر ۶۰ھ یعنی امیر معاویہؓ کی وفات تک یہ سلسلہ بدستور قائم رہا ہے۔ اور امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں کوئی ناغہ نہیں ہوا۔ اس مسئلہ میں بہت سی تفصیلات شیعہ سُنّی مؤرخین اور اہلِ تراجم نے تحریر کی ہیں۔ تمام واقعات پیش کرنے میں بڑی تطویل ہوگی ہمارے سامنے نہایت اختصار مقصود ہے۔ ذیل میں مسئلہ ہٰذا کے لیے چند ایک حوالہ جات درج کیے جاتے ہیں۔

—(۱)—

——— ابنِ عساکر نے اپنی مشہور تاریخ بلدہ دمشق (تذکرہ سیدنا حسنؓ) میں عطیات کا واقعہ درج کرتے ہوئے پہلے وقتی عطیہ (چار لاکھ درہم) کا ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد مبرد کے حوالہ سے لکھا ہے کہ حضرت حسنؓ ہر سال امیر معاویہؓ کی خدمت میں پہنچتے تھے اور امیر معاویہؓ ان کو ایک لاکھ درہم سالانہ عنایت کرتے تھے۔

"... فاعطاہ اربعمائۃ الف درھم وروی المبرّد ان الحسن کان یفد کل سنۃٍ علیٰ معاویۃ فیصلہ بمائۃ الف درھم"

(۱) ——— تہذیب تاریخ ابن عساکر للشیخ عبد القادر بن بدران آفندی، ج ۴، ص ۲۰۰ تذکرہ حسن بن علیؓ طبع اوّل قدیم۔

——— یہ مضمون ذیل مقامات میں بھی درج ہے:-

"... کان لہ (حسن بن علیؓ) علیٰ معاویۃ فی کل عام

Marfat.com

جائزۃ وکان یفد الیہ فربما اجازہ باربعمائۃ الف درھم

وراتبہٗ فی سنۃ مائۃ الف ؎

(۲) ــــــ الاصابہ لابن حجر معہ استیعاب جلد اوّل ص ۳۲۹ تذکرہ حسن بن علی بن ابی طالب

(۳) البدایہ لابن کثیر، ج ۸، ص ۳۷ تذکرہ حسنؓ

(۴) البدایہ، ص ۴۱-۴۲، ج ۸ - تذکرہ حسنؓ

(۵) البدایہ، ج ۸، ص ۱۳۷ تذکرہ امیر معاویہؓ۔

(۲)

## سیدنا حسینؓ اور عطیات

ہر دو برادران (حسنینؓ) کے لیے اس نوع کے مشترک واقعات بہت سے دستیاب ہیں اور بعض مقامات میں خصوصاً حضرت حسینؓ کے حق میں منقول ہیں۔

حضرت شیخ علی ہجویری (المعروف داتا گنج بخش) لاہوری رحمۃ اللہ علیہ نے کشف المحجوب باب الثامن میں ایک واقعہ تحریر فرمایا ہے کہ:

"ایک روز حضرت حسینؓ کی خدمت میں ایک سائل حاضر ہوا۔ عرض کیا کہ اے رسولِ خدا کے بیٹے! میں ایک درویش آدمی ہوں۔ عیالدار ہوں۔ آپ مجھے آج کا کھانا عنایت فرمائیں۔ سیدنا حسینؓ نے فرمایا کہ یہاں ٹھہر جائیے۔ ہمارا وظیفہ پہنچنے والا ہے وہ پہنچ جائے تو دے دیں گے۔

کچھ زیادہ دیر نہ ہوئی کہ امیر معاویہؓ کی طرف سے پانچ عدد تھیلیاں (جن کے ہر ایک میں ایک ایک ہزار دینار تھا) پہنچانے والوں نے

Marfat.com

آ کر حضرت کی خدمت میں پیش کیں اور کہا کہ

" امیر معاویہؓ معذرت کرتے تھے کہ یہ قلیل سی مقدار ہے اسے صرف فرما دیں" حضرت حسینؓ نے وہ تھیلیاں سائل کو دے دیں اور معذرت بھی کی۔"

"..... حسین وے را گفت بنشیں کہ مارا رزقی در راہ است تا بیارند۔ بسے بر نیامد کہ پنج صرّہ از دینار بیاوردند از معاویہؓ۔ اندر ہر صرّہ ہزار دینار بود و گفتند کہ معاویہؓ از تو عذری خواہد" الخ

(کشف المحجوب از شیخ علی بن عثمان الغزنوی الہجویری ثم لاہوری۔ المتوفی ۴۵۶ھ، ص ۹۲-۹۳۔ باب ثامن فی ذکر ائمتھم من اہل البیت طبع سمرقند۔

اور ابن کثیرؒ نے وظائف کے مسئلہ کو بعبارتِ ذیل لکھا ہے۔ اہلِ علم احباب ملاحظہ فرما دیں۔

——فلما استقرت الخلافۃ لمعاویۃ کان الحسین یتردد الیہ مع اخیہ الحسن فیکرمہما معاویۃ اکرامًا زائدًا و یقول لہما مرحبًا و اھلًا و یعطیہما عطاءً جزیلًا وقد اطلق لہما فی یومٍ واحدٍ مائتی الفٍ (یعنی فی بعض الایّام)

(البدایہ، ج ۸ ص ۱۵۰-۱۵۱ طبع اول مصر۔ تحت قصۃ الحسینؓ وسبب خروجہ من مکۃ الی العراق)

——مطلب یہ ہے کہ جب خلافت امیر معاویہؓ کے لیے منتقل ہو گئی تو سیدنا حسینؓ اپنے برادر حسنؓ کی معیت میں امیر معاویہؓ کے پاس آمد و رفت رکھتے تھے۔ امیر معاویہ ان کی تشریف آوری پر مرحبا، اہلاً و سہلاً کے باعزت الفاظ سے

Marfat.com

استقبال کرتے اور ان دونوں حضرات سے نہایت اکرام واحترام کے ساتھ پیش آتے ۔مالی عطیاتِ کثیرہ سے نوازتے ۔اور بعض اوقات ایک یوم میں دو دو لاکھ درہم بھی حاضر کر دیتے تھے۔

## (۳) حسنین شریفین کے ساتھ دیگر ہاشمیوں کو بھی دس لاکھ کے وظائف ملنا

بعض علماء نے لکھا ہے کہ بعض دفعہ دس لاکھ درہم تک بھی امیر معاویہؓ نے دونوں برادران حسنینؓ کو اور عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب کو اور عبداللہ بن جعفر طیارؓ کو وظائف دیتے اور عطیات عنایت فرماتے ۔ملاحظہ ہو:۔

"۔۔۔۔ان معاویۃ کان یجیز فی کل عام الحسن والحسین وعبد اللہ بن عباس وعبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب کل واحد منھم بالف الف درھم"

(۱) لطائف المعارف، ص ۲۱-۲۲ (طبع مصری) لابی منصور عبدالملک بن محمد الثعالبی المتوفی ۴۲۹ھ)

(۲) المستدرک للحاکم ص ۵۶۷ ج ۳ تحت ذکر عبداللہ بن جعفر۔

# مسئلہ ہٰذا شیعہ کے نزدیک

## (۱) حضرت سیدنا حسینؓ و ابن عباسؓ وعبداللہ بن جعفرؓ کے وظائف

ابن ابی الحدید شیعی نے بھی دس لاکھ والی روایت مذکورہ اپنی حدیدی شرح میں نقل کی ہے چنانچہ لکھتے ہیں کہ حضرات حسینؓ اور عبداللہ بن العباسؓ اور عبداللہ بن جعفرؓ کو امیر معاویہؓ ہر سال بطور وظیفہ دس دس لاکھ درہم دیتے تھے۔

Marfat.com

"فانہ کان یجیز الحسن و الحسین ابنی علیؑ فی کل عام بکل واحد منہما بالف الف درھم وکذالک کان یجیز عبد اللہ بن العباس وعبد اللہ بن جعفر"

(۱) (شرح نہج البلاغہ حدیدی، ج ۱۵، ص ۲۵۰، طبع قدیم وطبع بیروتی، ص ۷۰۵-۷۰۶ - جلد ثالث بحث فی المقارنۃ بین جود ملوک بنی امیۃ وملوک بنی ہاشم)

(۲) الفخری صہ ۱۶۴ الشیعی طبع اول مصر تحت اخر فصل اول -

## حسنین وعبداللہ بن جعفرؓ کے وظائف

(۲) ——— نیز ملا باقر مجلسی نے سیدنا جعفر صادقؓ سے روایت نقل کی ہے اس میں درج ہے کہ:

"ایک دن امام حسنؓ نے بھائی حضرت حسینؓ کو اور چچازاد برادر عبداللہ بن جعفر طیار کو فرمایا کہ اس ماہ کی پہلی تاریخ کو امیر معاویہؓ کی جانب سے ہدایا و تحائف تمہارے پاس پہنچ جائیں گے۔ جب اس مہینہ کی اوّل تاریخ ہوئی تو امیر معاویہؓ کی طرف سے کثیر مال پہنچ گیا اور ان ہر سہ حضرات کو دے دیا گیا۔"

——— حضرت حسنؓ پر بہت سا قرض تھا۔ انہوں نے ان اموال سے پہلے اپنا قرض ادا کیا۔ باقی ماندہ مال کو اپنے اہل وعیال اور اپنے خاص لوگوں میں تقسیم فرمایا۔

——— حضرت حسینؓ نے بھی پہلے اپنا قرض ادا کیا۔ باقی مال کو اس طرح تقسیم کیا کہ ایک حصہ اپنے رشتہ داروں اور خصوصی شیعوں کو دیا اور دو حصے اپنے اہل وعیال کو عنایت فرمائے۔

——— اور عبداللہ بن جعفر طیار نے بھی اس مال سے اپنا قرض ادا کیا۔

Marfat.com

"۔۔۔۔ از حضرت صادق علیہ السلام روایت کردہ است کہ روزے حضرت امام حسن بحضرت امام حسین و عبداللہ بن جعفر فرمود کہ جائزہ ہائے معاویہ در روز اوّل ماہ بشما خواہد رسید۔ چوں روز اوّل ماہ باشد۔ چنانچہ حضرت فرمودہ بود اموال معاویہ رسید۔ جناب امام حسن قرض بسیارے داشت از آنچہ او فرستادہ بود برائے آنحضرت قرضہائے خود را ادا کرد۔ و باقی را درمیان اہل بیت و شیعان خود قسمت کرد۔ جناب امام حسین قرض خود را ادا کرد آنچہ ماندہ بود بسہ قسمت کرد۔ یک حصّہ را باہل بیت و شیعان خود داد۔ و دو حصّہ را برائے عیال خود فرستاد و عبداللہ بن جعفر قرض خود را ادا کرد۔۔ الخ"

(جلاء العیون ملا باقر، ص ۲۷۰۔ باب دربیان نصوص امامت و معجزات امام حسن۔ طبع تہران اسن طباعت ۱۳۲۴ھ)

تنبیہ :۔ عبداللہ بن جعفر طیارؓ کو امیر معاویہؓ نے ایک لاکھ درہم عطا کیا۔ اس مسئلہ کو ابن عنبۃ الشیعی نے عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب، ص ۳۸، ذکر عقب جعفر طیار میں درج کیا ہے۔ نیز یہی چیز کتاب ناسخ التواریخ (جلد طراز المذہب مظفری) ص ۳۹۵، احوال زینب کبریٰ میں منقول ہے۔ واقعہ درست ہے۔ عبداللہ مذکور نے یہ عطیہ حاصل کیا اور امیر معاویہؓ نے دیا ہے لیکن واقعہ کو جس شکل و صورت میں دکھایا گیا ہے وہ امیر معاویہؓ سے تنفر دلانے و مبغوض بنانے کے لیے تیار فرمایا گیا ہے، جیسا کہ کسی کا مشہور مقولہ ہے :۔

ع ولیکن قلم در کفِ دشمن است

وہی معاملہ یہاں بھی ہے۔

Marfat.com

## برادرِ مرتضیٰ حضرت عقیلؓ کا وظیفہ

(۳)——— حضرت علی المرتضیٰؓ کے برادر عقیل بن ابی طالب ایک دفعہ امیر معاویہؓ کی خدمت میں تشریف لے گئے (مناسب موقع گفتگو ہوئی)۔ حضرت امیر معاویہؓ نے فرمان دیا کہ ان کو ایک لاکھ درہم دیا جائے۔ چنانچہ انہیں وہ دے دیا گیا۔

"..... قد امرنا لك بمائة الفٍ فاعطاه المائة الالف"

("الامالی" للشیخ ابی جعفر الطوسی الشیعی (شیخ الطائفہ) ج ۲، ص ۳۳۴، طبع عراق (نجف اشرف)

## حضرت حسینؓ کے صاحبزادے علی بن الحسینؓ کے لیے وظیفہ کا تقرر

(۴)——— حضرت سیدنا حسینؓ کے صاحبزادے (علی بن الحسینؓ) یعنی زین العابدین کے متعلق فروع کافی میں واقعہ لکھا ہے کہ:

"مدینہ شریف پر مروان بن الحکم کو حضرت امیر معاویہؓ نے حاکم بنایا اور حکم دیا کہ قریش کے نوجوانوں کے لیے وظائف مقرر کریں۔ چنانچہ (اس سلسلہ میں) حضرت حسینؓ کے صاحبزادے علی بن الحسین مروان کے ہاں تشریف لے گئے ..... (گفتگو ہوئی) علی بن الحسین فرماتے ہیں کہ میرے لیے مروان نے (امیر معاویہؓ کے فرمان کے مطابق) وظیفہ مقرر کر دیا تو میں نے واپس آکر اپنے والد محترم کو اس واقعہ کی اطلاع کی۔"

"..... استعمل معاویة مروان بن الحکم علی المدینة وامرہ ان یفرض لشباب قریش ففرض لھم فقال علی بن

Marfat.com

الحسین علیہما السّلام فاتیتہ فقال ما اسمک؟ فقلت علی بن الحسین . . . . . ففرض لی فرجعت الیٰ ابی علیہ السلام فاخبرتہ ؎

(۱) —— فروع کافی، ج ۲، ص ۲۶۲ طبع نول کشور لکھنؤ۔ کتاب العقیقہ باب الاسماء والکنیٰ۔ طبع قدیم۔

(۲) —— ناسخ التواریخ مرزا محمد تقی لسان الملک، جلد یازدہم (کتاب دوم) ص ۴۰ تحت مکالمہ مروان باآں حضرت۔

# سیدنا حسنؓ کو ایک گاؤں کا عطیّہ

—— شیعہ احباب کی مشہور تاریخ ناسخ التواریخ کی جلد نہم (جس کو طراز المذہب مظفری کہتے ہیں) میں ایک واقعہ درج ہے کہ امیر معاویہؓ نے اپنے دورِ خلافت میں حاکم مدینہ (مروان بن حکم) کو فرمان دیا کہ ان کے بیٹے یزید بن معاویہؓ کے لیے عبد اللہ بن جعفر طیار کی لڑکی (زینب) کا رشتہ طلب کریں اور نکاح حاصل کریں۔ ہم اس قدر مال دیں گے اور اس طرح مہر ادا کریں گے۔ وغیرہ

—— مروان نے عبد اللہ بن جعفر کو بلا کر اس مسئلہ کی ترغیب دی۔ عبد اللہ نے یہ کام حضرت حسن بن علیؓ کی سپردگی میں دے دیا۔ پھر ایک مجلس قائم کر کے مروان کو حضرت حسنؓ نے جواب دیا کہ ہم نے یہ رشتہ اپنے بھتیجے (قاسم بن محمد بن جعفر) کو دے دیا ہے اور مہر میں زینب کے لیے ہم نے وہ ایک گاؤں دے دیا ہے جو مدینہ کے علاقہ میں تھا اور ہم کو امیر معاویہؓ نے دس ہزار دینار (طلائی) کے عوض میں دے رکھا تھا۔ یہ مہر زینب کے لیے کافی ہوگا۔

Marfat.com

حضرت حسنؓ فرماتے ہیں کہ

"ما چناں بصواب شمردیم کہ زینب را بہ پسرعمش قاسم بن محمد بن جعفر کابین بندم و او را با قاسم تزویج کردم و کابین او را البقریہ کہ در مدینہ دارم و معاویہ در ازائے دہ ہزار دینار بمن دادہ است مقرر داشتم و زینب را این مبلغ کفایت می کند۔"

(ناسخ التواریخ (جلد نہم طراز المذہب مظفری) ص ۳۸۰
دربیان احتجاج عبداللہ بن جعفر با معاویہ و حکایت او
با معاویہ و یزید۔ طبع قدیم ایران سن طباعت ۱۳۱۵ھ)

واقعہ ہٰذا نے صاف بتلا دیا کہ حضرت حسنؓ کو امیر معاویہؓ کی طرف سے باقی وظائف کی طرح مدینہ طیبہ کے علاقہ میں ایک مستقل گاؤں بھی ملا ہوا تھا جس کو وہ اس موقع پر بطور مہر نکاح کے استعمال میں لا رہے ہیں۔

## عنوانہائے مذکورہ کے فوائد

۱ - واضح ہو گیا کہ امیر معاویہؓ کے متعلق بنوہاشم و آلِ نبوی کے ساتھ بدسلوکی کا الزام بالکل واقعات کے برخلاف ہے۔

۲ - آلِ نبی اولادِ علیؓ کے ساتھ امیر معاویہ کی خلافت میں ظلم و ستم کی داستانیں مخالفین کی تصنیف شدہ ہیں ان میں کوئی صداقت نہیں۔

۳ - ملکی نظم و ضبط کے تحت اگر کوئی واقعہ اس دور میں پیش آیا تو وہ وقتی مصلحت اور ضرورت کی وجہ سے رونما ہوا۔ لیکن اس کو مؤرخین نے بڑی آب و تاب کے ساتھ داستانِ ظلم و ستم بنا کر تحریر کیا۔ اور پھر اہلِ عناد کے قلم نے اس کو مزید زیب و زینت دے کر رائی کا پہاڑ بنا کر عوام میں پھیلایا۔

Marfat.com

- اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت اور انصاف نصیب فرمائے اور یہ صحیح فہم بخشے کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام حاملِ قرآن اور عاملِ قرآن تھے۔ اور ایک ایک آیتِ قرآنی ان کی زندگی کا نصب العین تھا۔ اور اتباعِ سنتِ نبوی ان کا مقصدِ حیات تھا۔ لہٰذا انہوں نے اسلامی اصولوں کے ماتحت تمام ملکی نظم و نسق قائم رکھا اور امتِ مسلمہ کے لیے وہ ہادی اور خیر خواہ ثابت ہوئے۔

# سبّ و شتم کا اعتراض

——— معترض بزرگوں کی جانب سے عوام میں بڑی کوشش سے پروپیگنڈا شروع ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دَور خلافت میں امیر معاویہؓ کے حکم سے خطیب لوگ برسرِ منبر حضرت علی المرتضیٰؓ اور ان کی اولاد کے حق میں برملا سبّ و شتم کرتے تھے۔ حضرت علیؓ کے عزیز سنتے تھے اور مروان تو مسجد نبوی میں منبر پر اس قبیح فعل کا ارتکاب کرتا تھا۔

——— نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے عزیز و اقارب کو سب و شتم کرنا بُرا بُرا عمل ہے۔ امیر معاویہؓ کے زمانہ میں ہمیشہ یہ طریق کار جاری رہا۔

اب اس طعن کے جواب میں مندرجۂ ذیل معروضات پیش ہیں۔

# ازالہ

——— حضرت امیر معاویہؓ پر اس اعتراض کا ورود تو ظاہر ہے لیکن ساتھ ہی امیر معاویہؓ کے دَور کے عمّال و خطباء بھی اس طعن کے مورد بنائے گئے ہیں چاہے وہ صحابہ ہیں یا غیر صحابہ۔ اور مروان بن الحکم کو بھی اس مسئلہ میں خاص طور پر

Marfat.com

مطعون کیا گیا ہے۔

اب شبہ ہذا کے ازالہ کے لیے کلام پیش کیا جاتا ہے۔

## اوّلاً

قابلِ توجہ یہ چیز ہے کہ سب و شتم لعن و طعن کے مثالب و مطاعن جن روایات سے مستنبط فرماتے جاتے ہیں پہلے ان کا تجزیہ کیا جائے۔ اگر وہ فنی قواعد کے اعتبار سے صحیح ثابت ہوں اور سقیم نہ ہوں تو پھر بے شک ان سے استدلال بھی درست اور ان سے استخراج فرمودہ مطاعن بھی صحیح ہوں گے۔ اور اگر معاملہ برعکس ہوا اور یہ روایات غیر صحیح اور بیکار ثابت ہوئیں تو ان سے تیار شدہ اعتراضات بھی بے کار اور بے جا تصور کیے جائینگے۔

تمہیداً یہ ایک اصولی بات عرض کرنے کے بعد پہلے روایات درج کی جاتی ہیں۔ اس کے بعد ان پر متعلقہ کلام تحریر ہوگا اور اس کے ساتھ مزید چیزیں بھی ذکر ہونگی۔

# قابلِ اعتراض تاریخی روایات جو مطاعن کا ماخذ و محور ہیں

(۱) ——— ایک روایت تو طبقات ابن سعد سے نقل کرتے ہیں:۔

"۔۔۔ عن لوط بن یحییٰ قال کان الولاۃ من بنی امیّۃ قبل عمر بن عبد العزیز یشتمون علیاً فلما ولی عمر امسک عن ذالک۔"

(طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۲۹۱ - تذکرہ عمر بن عبد العزیز)

"یعنی عمر بن عبد العزیز سے پہلے بنو امیّہ کے والی و حاکم حضرت علی بن ابی طالب کو سب و شتم کرتے تھے۔ جب عمرؓ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے

Marfat.com

اس بات سے روک دیا۔"

یہ روایت لوط بن یحییٰ (ابو مخنف) کا اپنا قول ہے اور یہ لوط جس قسم کا بزرگ ہے اس کی کیفیت آگے آرہی ہے۔

(۲) ۔۔۔۔ ایک طبری کی روایت پیش کی جاتی ہے۔ اس میں درج ہے کہ امیر معاویہؓ نے جمادی الثانیہ سنہ ۴۱ھ میں جب مغیرہ بن شعبہ کو کوفہ کا والی بنا کر روانہ کیا تو اس وقت مغیرہ کو نصیحتیں و صیتیں کیں اور احکام دیئے۔ ان میں مذکور ہے کہ

"۔۔۔۔ ولست تارکاً ایصاءك بخصلة لا تتحم عن شتم علي وذمه والترحم على عثمان والاستغفار له والعيب على اصحاب علي والاقصاء لهم وترك الاستماع منهم ۔۔۔۔"

"۔۔۔۔ غیر انه لا یدع ذم علي والوقوع فيه"

(تاریخ طبری، ص ۱۴۱-۱۴۲- جلد ۶ تحت ابتدا سنة ۵۱ھ - ذکر سبب مقتل حجر بن عدی)

"یعنی امیر معاویہؓ نے مغیرہ کو کہا ایک خصلت کی میں وصیت کرتا ہوں کہ سب و شتم علیؓ و مذمت علیؓ سے نہ پرہیز کرنا عثمانؓ پر رحمت بھیجنا اس کے لیے استغفار کرنا علیؓ کے ساتھیوں کی عیب چینی کرنا، ان کو دُور رکھنا، ان کی طرف کان نہ رکھنا ۔۔۔۔"

"۔۔۔۔ آگے راوی کہتا ہے کہ مغیرہ کی اور تو اچھی سیرت تھی لیکن حضرت علیؓ کی مذمت کرنے اور عیب چینی کو اس نے نہیں چھوڑا تھا۔" الخ

۔۔۔۔ اس روایت کا راوی ہشام بن محمد کلبی اور لوط بن یحییٰ ابو مخنف ہے۔ ان کی پوزیشن ابھی آپ کی خدمت میں عرض کی جاتی ہے۔

(۳) ۔۔۔۔ طبری کے بعد اب "تجزی شریف" (الکامل لابن اثیر الجزری) کی روایت

Marfat.com

عرضِ خدمت ہے۔ اس کا یہ حوالہ بھی سب و شتم کی بحث میں پیش کیا کرتے ہیں کہ امیر معاویہؓ نے مغیرہؓ بن شعبہ کو کوفہ پر حاکم بنا کر روانہ کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"۔۔۔ ولستُ تاركاً ايصاءك بخصلةٍ لاتترك شتم عليٍّ وذمّه والترحم على عثمانؓ والاستغفار له والعيب لاصحاب عليؓ والاقصاء لهم ۔۔۔ الخ"

(الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۳، ص ۲۳۴- ابتدا سن ۵۱ھ)

"یعنی میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ علی بن ابی طالب پر سب و شتم و مذمت کو ترک نہ کرنا اور عثمانؓ پر رحمت و استغفار کرتے رہنا اور علیؓ کی پارٹی کی عیب چینی کرنا اور ان کو دور رکھنا ۔۔۔ الخ"

یہاں ناظرین یاد رکھیں، جزری کی یہ روایت طبری کی بالا روایت ہی ہے کوئی الگ دوسری روایت نہیں ہے۔ جزری طبری سے ناقل ہے۔ اسی بنا پر اس کے الفاظ بالکل طبری کے الفاظ کے ساتھ ملتے جلتے ہیں۔ معمولی فرق ہے۔ اور سن ۵۱ھ کی ابتدا میں نقل کیا ہے۔

الکامل لابن اثیر الجزری کے لیے تاریخ طبری کا ماخذ سلمات میں سے ہے۔ اور علامہ جزری نے اپنی کتاب کے ابتدائی مقدمے میں اس چیز کو بصراحت ذکر کیا ہے کہ میں نے طبری پر اعتماد کر کے اس سے تاریخی مواد حاصل کیا ہے۔

(۴) ــــ اور البدایہ سے ایک روایت نقل کیا کرتے ہیں کہ

"۔۔۔ ولمّا كان (مروان) متولّياً على المدينة لمعاويةؓ كان يسبّ عليّاً كل جمعةٍ على المنبر وقال له الحسن بن عليّ لقد لعن الله اباك الحكم وانت في صلبه على لسان نبيّه فقال (النبيؐ)

Marfat.com

لعن اللہ الحکم و ما ولد ۔ واللہ اعلم۔"

(البدایہ والنہایہ، ج ۸، ص ۲۵۹ تحت ترجمہ مروان بن الحکم۔ طبع اوّل مصری)

"یعنی جب مروان مدینہ پر امیر معاویہؓ کی جانب سے والی وحاکم تھا تو ہر جمعہ میں منبر پر علی المرتضیٰ کو سب وشتم کرتا تھا اور حسن بن علیؓ نے اس کو (جواب میں) کہا کہ تیرے باپ الحکم پر اللہ نے اپنے نبی کی زبان پر لعنت کی تو اس وقت اس کی پشت میں تھا۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ الحکم پر لعنت کرے اور جو اس کی اولاد ہو۔"

(۵)——— نیز البدایہ والنہایہ سے مزید ایک روایت کوشش سے تلاش فرما کر میدانِ طعن میں لایا کرتے ہیں وہ بھی سماعت فرمادیں۔

"ایک شخص محمد بن یوسف الثقفی، ولید بن عبدالملک کے دور یعنی سنہ ۹۰ھ میں یمن کا والی تھا اس کے متعلق لکھا ہے کہ:

"..... کان یلعن علیاً علی المنابر۔"

"یعنی محمد بن یوسف ثقفی یمن میں منبر پر علی المرتضیٰ کو لعنت کرتا تھا۔"

(البدایہ، ج ۹، ص ۸۰، تحت سنہ ۹۰ھ)

البدایہ کی ان دونوں روایات کی متعلقہ چیزیں اور مذکورہ روایات ابن سعد وطبری وجزری کے متعلقات ایک ترتیب سے ذکر کیے جاتے ہیں بغور ملاحظہ فرماویں اور قلیل سا "انصاف" بھی ساتھ ملالیں اگر دستیاب ہوسکے۔

## مندرجہ روایات کا متعلقہ کلام

(۱) پہلی روایت جو طبقات ابن سعد جلد پانچ سے نقل کی گئی ہے وہ لوط بن یحییٰ

Marfat.com

"ابو مخنف کا اپنا قول ہے کسی صحابی اور تابعی کا قول نہیں اور لُوط بن یحییٰ بعد کے دَور کا آدمی ہے، اس دَور کا آدمی نہیں۔ اور یہ شخص اس فن کے علماء کے نزدیک نہایت مجروح ہے۔ "غیر معتمد" ہے۔ ضعیف اور متروک ہے۔ اور جلنے والا شیعہ ہے۔

"——— ابو مخنف لوط ابن یحییٰ ھالک۔ لا یوثق بہ۔ ضعیفٌ لیس بثقۃٍ۔ شیعیٌ محترقٌ۔ صاحب اخبارھم۔"

(۱) المغنی للذہبی، جلد دوم، ص ۸۰۷ تحت ابی مخنف

(۲) میزان الاعتدال للذہبی، ج ۲، ص ۳۶۰۔ تحت لوط بن یحییٰ۔ طبع قدیم مصری۔

(۳) لسان المیزان لابن حجر، ج ۴، ص ۴۹۲ تحت لوط بن یحییٰ۔ طبع دکن۔

(۲) ——— دوسری طبری کی روایت ہے جس کے روایت کرنے والے ہشام بن محمد کلبی اور لُوط بن یحییٰ ابو مخنف ہیں۔ لُوط کے متعلق تو پہلے معلوم ہو چکا ہے اب ہشام کے متعلق اس فن کے علماء کا فیصلہ سن لیجیے۔

——— ہشام بن محمد بن السائب الکلبی متروک ہے، قصہ گو اخباری ہے، رافضی ہے اور غیر معتبر ہے اور ناقابلِ اعتماد ہے۔"

" ترکوہ وھو اخباریٌ۔ متروکٌ۔ رافضیٌ۔ لیس بثقۃٍ لا یوثق بہ۔"

(۱) ——— المغنی فی الضعفاء للذہبی، ج ۲، ص ۷۱۱۔ جرجانی۔ تحت ہشام بن محمد کلبی مذکور۔

(۲) میزان الاعتدال للذہبی، ج ۳، ص ۲۵۶۔ تحت ہشام مذکور

(۳) لسان المیزان لابن حجر، ص ۱۹۶-۱۹۷، ج ۶ تحت ہشام مذکور

Marfat.com

(۳) ـــــ تیسری روایت الکامل لابن اثیر جزری کی ہے جس نے طبری سے ہی نقل کی ہے اور ۵۱ھ کے شروع میں طبری کی طرح درج کی ہے اور طبری کی اس روایت کے راوی جس پوزیشن میں ہیں وہ آپ کے سامنے درج کر دی گئی ہے۔ لہٰذا ابن اثیر جزری کی اس روایت کے غیر معتبر ہونے میں وہی درجہ ہے جو طبری کی روایت کا ہے اس کے لیے الگ جرح کی حاجت نہیں۔

(۴) ـــــ چوتھی روایت جو البدایہ جلد آٹھ سے (مروان بن حکم کے ترجمہ کے تحت) منقول ہے، یہ روایت البدایہ کے ایک نسخے میں پائی جاتی ہے اور مصری نسخہ سے یہ روایت ساقط ہے اور البدایہ میں اس کے منقول عنہ اور ماخذ کو نہیں بتایا گیا اور نہ ہی اس کی کوئی تخریج ذکر کی گئی ہے تاکہ صحت اور سقم کا ماخذ سے پتہ چل سکے۔ یہ ابن کثیر کی عام روش کے خلاف ہے۔

روایت کا ایک نسخہ میں پایا جانا اور دوسرے سے ساقط ہونا مصنّف کے نزدیک اس کو مشکوک بنا دیتا ہے۔

اور طبری نے بھی اس روایت کو اس مقام میں نہیں نقل کیا۔ صاحب البدایہ یعنی ابن کثیر ۷۷۴ھ کا متوفی ہے۔ آٹھویں صدی کے مورخ کی بے سر و پا روایت کیسے قبول کی جا سکتی ہے۔ جس کے ذریعہ صحابۂ کرام کا کردار مجروح ہوتا ہو؟

دوسری بات یہ ہے کہ ابن حجر مکی نے "تطہیر الجنان" میں منبر مدینہ پر سب کی روایت کے متعلق خوب نقد کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ:

"..... وجوابہ انہ لم یصح عنہ شیئ من ذالک کما ستعلمہ مما ساذکرہ، ان کل ما فیہ نحو ذالک فی سندہ علۃ۔

(تطہیر الجنان واللسان لاحمد بن حجر الہیتمی المکی الفصل الثانی

(تنبیہ الرابع عن شیخ الاسلام والحفاظ الخ، ص ۲۲۶ مطبوعہ
در آخر الصواعق المحرقہ) طبع مصر، جدید طبع)

یعنی اس قسم کی روایت کا جواب یہ ہے کہ اس نوعیت کی روایت مروان سے صحیح ثابت نہیں۔ اور جو روایت اس طرح کی منقول ہیں ان کی سند میں جرح اور قدح پائی گئی ہے۔

———— نیز یہاں یہ چیز بھی قابلِ ذکر ہے کہ اس میں دو مسئلے مذکور ہوئے ہیں۔ ایک مروان کا حضرت علیؓ کو بر سرِ منبر سبّ کرنا، دوسرا حضرت امام حسنؓ کا زبان نبوی کے ذریعہ مروان اور اس کے باپ پر لعنت کرنا۔ یہ دونوں باتیں صحیح نہیں ہیں۔

نیز آئندہ مروان پر شبہات کے ازالہ کی بحثیں آ رہی ہیں ان میں مروان پر لعن کی حدیث پر کلام مذکور ہو گا قلیل سا انتظار فرماویں۔

(۵) ———— البدایہ کی روایت جو نہم جلد سے حضرت امیر معاویہؓ پر طعن کرنے کے لیے پیش کی گئی ہے اس روایت کا نہ ماخذ بیان کیا گیا ہے نہ تخریج ذکر کی ہے۔ اس کے متعلق یہ گزارش ہے کہ اگر بالفرض اس واقعہ کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو ولید بن عبد الملک کے دور یعنی سنہ ۹۰ھ کا واقعہ ہے اور حضرت امیر معاویہؓ کا انتقال سنہ ۶۰ھ میں ہو چکا تھا۔ اتنی مدتِ دراز یعنی تیس سال بعد والے واقعہ کا ان کے دور کے ساتھ حقیقتاً کچھ تعلق نہیں۔ اور اس روایت کے ذریعے امیر معاویہؓ پر طعن کرنا سراسر ناانصافی ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ مذکورہ بالا ابن سعد و طبری و جزری وغیرہ کی روایات فنِ روایت کے قواعد کے اعتبار سے مجروح ہیں اور بے سر و پا ہیں، قابلِ استدلال نہیں ہیں۔ لہٰذا ان کے ذریعہ طعن قائم نہیں ہو سکتا۔ اور ان کے بے اصل

Marfat.com

ہونے پر مزید چیزیں آئندہ سطور میں آرہی ہیں۔

## ثانیًا

اِن روایات کی بناپر اگر حضرت امیر معاویہؓ اور اُن کے سب حکام وعمّال (خصوصًا مروان) اگر مساجد میں اور خطبوں میں یہ سبّ وشتم کی بوچھاڑ برملا کرتے تھے تو پھر غور کرنا چاہیے کہ

● ـــــ دیگر صحابہ کرامؓ نے ایسے غلط کردار والے لوگوں کے ساتھ تعاون کیوں کیا؟ ان کے خلاف کیوں نہیں ہوگئے؟ عدمِ تعاون کی آیات (وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ) وغیرہ ان کو فراموش ہوگئی تھیں؟

● ـــــ ایک جماعت صحابہ کرامؓ کی ہے جو امیر معاویہؓ کے دور میں والی و حاکم بنے ہوئے تھے وہ حضرات اس غلط کام سے کیوں الگ نہیں ہوتے؟

● ـــــ مروان بن الحکم کو خاص طور پر مطعون کیا جاتا ہے کہ مسجد نبوی میں منبرِ نبوی پر نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے عزیز واقارب کو گالی گلوچ دیا کرتا تھا تو توجہ فرمایئے! ایسے شخص کے پیچھے صحابہ کرام نمازیں کیسے ادا کرتے تھے؟ بالدوام اس کی امامت کیسے صحیح ہوتی؟ حسنین شریفین کی نمازیں کیسے صاف رہیں؟ جو پنجگانہ مسجد نبوی میں باجماعت ادا کرتے تھے (حوالہ مروان کے متعلقات کے تحت عنقریب آئے گا)۔

● ـــــ صحابہ کرام مروان کے کارِ خیر میں متعاون کیوں ہوتے تھے۔ مثلًا حضرت ابوہریرہؓ مدینہ طیبہ پر مروان کی نیابت قبول کرتے اور نائب بنتے تھے۔

(۱) ـــــ البدایہ لابن کثیر، ص ۱۱۳ ـ ج ۸ تحت ذکر ابی ہریرہ ۵۹ھ۔

(۲) ـــــ المنتخب ذیل المذیل لابن جریر الطبری، ص ۸۱ ـ تحت ذکر من قال ذالک مطبوعہ در آخر تاریخ الطبری

Marfat.com

ـــــــــ مروان بن الحکم صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) سے سوالات دریافت کر کے شرعی مسائل حل کرتا تھا۔ ایسے غلط کردار اور بداخلاق شخص کے ساتھ اچھا سلوک کیوں روا رکھا گیا؟

نیز دیگر مسائل کے ساتھ سب و شتم کا ازالہ کر کے اس بدرسم کو کیوں نہیں درست کروایا گیا؟

طبقات ابن سعد، ص ۳۰ - ج ۵ - آخر تذکرہ مروان بن الحکم۔

نیز ہاشمیوں نے عدالت میں قاضی بن کر اور غزوات میں غازی بن کر اور بیت المال سے ہمیشہ وظائف اور عطیات لیکر امیر معاویہؓ کے ساتھ عملی تعاون کیوں قائم رکھا؟
جبکہ وہ خود اور ان کے حکام جناب علیؓ اور اولاد علیؓ کو سب و شتم روا رکھے ہوئے تھے۔

پیش کردہ مذکورہ بالا اشیاء کو سامنے رکھیے اور منبر نبوی پر سب و شتم کی بوچھاڑ ثابت کرنے والی روایات کو بھی سوچیے۔ تھوڑا سا انصاف ساتھ ملا کر خود فیصلہ فرمائیے کہ کونسی بات صحیح ہے؟

## ثالثاً

علی اسبیل التنزل گذارش ہے لیکن اس کے پیش کرنے سے قبل ناظرین کرام خوب یاد رکھیں کہ ہمارے نزدیک نہ یہ روایات صحیح ہیں جن میں حضرت علیؓ پر یا حسنینؓ پر امیر معاویہؓ کی جانب سے یا مروان کی طرف سے سب و شتم، لعن طعن کرنا دکھایا جاتا ہے اور نہ وہ روایات درست ہیں جن میں امیر معاویہؓ پر یا ان کے دیگر ہمنوا اصحابِ کرام پر حضرت علی یا حسنینؓ کی طرف سے لعن طعن، سب و شتم، ذکر کیا جاتا ہے۔ ان اکابر صحابہ کی "ملاعنت و مشاتمت" کو ان روایات کی رُو سے ہم صحیح تسلیم نہیں کرتے۔ یہ بات بالکل غلط ہے۔

ہم اپنا موقف اور نظریہ واضح کر دینے کے بعد عرض کرتے ہیں کہ بالفرض اگر

Marfat.com

گذشتہ روایات معترض صاحبان کے ہاں درست ہیں تو اس کے بالمقابل بعض روایات ایسی بھی کتب میں پائی جاتی ہیں جو بطور الزام کے جواباً پیش کی جا سکتی ہیں جن میں معاملہ ہٰذا الٹا نظر آئے گا یعنی وہ روایات بتاتی ہیں کہ حضرت علی المرتضیٰؓ خود اور حضرت علیؓ کے حامی لوگ حضرت امیر معاویہؓ کو اور حضرت عثمانؓ کو نیز دیگران کے ہم نوا صحابہ کو سب و شتم و لعن طعن ہمیشہ کرتے تھے اور خیر سے ابتدا بھی انہوں نے فرمائی تھی اور دوسرے فریق نے گویا جوابی کارروائی کی تھی۔ مقاماتِ ذیل قابلِ مطالعہ ہیں۔

(۱) ——— تاریخ طبری، جلد سادس ذکر اجتماع الحکمین بدومۃ الجندل تحت سنۃ سبع وثلاثین۔ طبع مصری قدیم۔

(۲) ——— تاریخ طبری، جلد سادس تحت ذکر سبب مقتل حجر بن عدی تحت سنۃ احد وخمسین۔ طبع مصری قدیم۔

(۳) ——— التاریخ الکبیر، جلد ثانی القسم الاول، باب حنظلہ (للبخاری) طبع حیدر آباد دکن

(۴) ——— کتاب المحبر لابی جعفر البغدادی۔ بحث من شہد صفین مع معاویۃ (طبع حیدرآباد دکن)

اس قسم کی روایات اور بھی دستیاب ہیں لیکن مسئلہ ہٰذا کا توازن کرنا ہو تو اس قدر کافی ہیں۔ یہ بطور الزام ذکر کر دی گئی ہیں ورنہ مشاجراتِ صحابہؓ کے مسئلہ میں ہمارا مسلک وہی ہے جو جمہور اہل السنۃ والجماعۃ اور سلف صالحین کا ہے یعنی یہ کہ ہمارے لیے تمام صحابہ قابلِ صد احترام ہیں۔ اور ہم کسی پر زبانِ طعن دراز کرنا درست نہیں سمجھتے۔ اور ہم اس نوع کی روایات کے ذخیرہ کو صحیح نہیں قرار دیتے۔ یہ تاریخی ملغوبات کے درجہ میں ہیں جن پر کچھ اعتماد نہیں۔

Marfat.com

# رابعًا

تحریر ہے کہ مسئلہ سب وشتم کا زیر بحث آگیا تو اس ضمن میں قاعدہ کے طور پر اجمالاً اس چیز کو ذکر کر دیا جاتا ہے جو عام ناظرین کے لیے مفید ہے۔ اکابر علماء اس سے پہلے ہی واقف ہیں۔ ان کو اس کی حاجت نہیں۔

——صحابہ کرام کا مقام و احترام ان کی صداقت، دیانت، ان کا کردار و اخلاق کتاب اللہ اور سنّتِ صحیحہ سے ثابت ہے۔ اس بنا پر ان کے حق میں اگر روایت سب وشتم لعن وغیرہ کی پائی جاتے تو وہ روایت ضعیف و مجروح و بے اصل ہوگی اور قابلِ التفات نہ ہوگی۔

——اور اگر صحیح سند کے ساتھ پائی گئی ہے تو وہاں سب وشتم کا مفہوم قابلِ تاویل ہوگا اور وہ روایت مؤوّل ہوگی اس لیے کہ سبّ وشتم کے الفاظ ہمیشہ گالی گلوچ کے معنی میں ہی مستعمل نہیں ہوتے بلکہ کئی مواقع میں تو صرف سخت گوئی، درشت کلامی اور مخاطب کی عیب چینی، ایک دوسرے کے عیوب ونقائص کی نشاندہی کرنا وغیرہ معانی میں پائے جاتے ہیں۔ اس پر چند مثالیں ملاحظہ ہوں:-

——نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم نے دو شخصوں کو چشمہ کے پانی کو حضرت نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے پہنچنے سے قبل ہاتھ لگانے سے منع فرمایا۔ ان سے غلطی ہوگئی اور پانی کو ہاتھ لگا دیا تو فرمانِ نبوی ہوا کہ

(۱)——هل مسستما من مائها شیئًا فقالا نعم فسبّهما رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم وقال لهما ماشاء اللہ ان یقول۔۔۔الخ

"یعنی کیا تم نے پانی کو ہاتھ لگایا تو انہوں نے عرض کیا کہ جی ہاں! تو نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ان کو سخت سُست کہا اور جو اللہ نے چاہا وہ فرمایا۔"

Marfat.com

(۱)—— الموطاء لامام مالک باب الجمع بین الصلوٰتین فی الحضر والسفر۔

(۲)—— المصنف لعبد الرزاق، ج ۲ ص ۵۴۶ طبع بیروت۔

(۲)—— حضرت عمرؓ خندق کے روز پریشانی کے عالم میں کفّار کو سب کرنے لگے۔

"... ان عمر بن الخطابؓ قال یوم الخندق وجعل یسبّ کفّار

قریش قال یا رسول اللہ ماکدت اصلی العصر... الخ"

(یعنی خندق کے روز عمر بن الخطابؓ کفّار قریش کو سخت کہنے اور برا کہنے لگے۔ الخ)

(جامع الترمذی باب ما جاء فی الرجل تفوتہ الصلوٰۃ

بایتہن یبدأ۔ ج ۱ ص ۵۲ طبع قدیم)

(۳)—— بخاری شریف میں ہے کہ حضرت علیؓ و حضرت عباسؓ کا ایک معاملہ میں

تنازعہ ہو گیا تو وہاں "استبّا" کے الفاظ مذکور ہوئے (یعنی ایک

دوسرے سے سخت کلام ہوئے اور درشت کلامی کی۔

(۱)—— بخاری شریف، ج ۲ ص ۵۷۵ کتاب المغازی۔

باب حدیث بنی نضیر و مخرج رسول اللہ صلّی اللہ علیہ

وسلّم الیہم۔ طبع نور محمدی دہلی۔

(۲)—— بخاری شریف کتاب الاعتصام، ج ۲ ص ۱۰۸۵۔

باب مایکرہ من التعمق والتنازع والغلوّ فی الدین

طبع نور محمدی دہلی۔

—— اور بعض روایات میں طعن و قدح کی کوئی چیز منقول پائی گئی ہے اور اس کی اچھی تاویل یا بہتر محمل بن سکتا ہے تو بنایا جائیگا اور اگر کوئی صحیح تاویل وہاں نہ ہو سکتی ہو تو اس روایت کو قبول نہیں کیا جائے گا اور صحابہ کرام کے ادب کو ہر حال میں ملحوظ رکھا جائے گا۔

Marfat.com

یہ مسئلہ اپنی تفصیلات کے ساتھ مندرجہ ذیل مقامات میں ملاحظہ فرماویں :۔

(۱)——الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم للقاضی عیاض، ص۔۵۔۴۹۔ج ۲۔طبع مصر فصل ومن توقیرہ وبرہ صلی اللہ علیہ وسلم توقیر اصحابہ۔۔الخ

(۲)——نسیم الریاض شرح الشفاء للشہاب الخفاجی ص ۴۶۶، ۴۶۷ ج ۳۔تحت فصل ومن توقیرہ وبرّہ صلی اللہ علیہ وسلم توقیر اصحابہ۔۔۔الخ۔طبع قدیم مصری۔

مختصر یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ پر طعن ہٰذا کے متعلق ہم نے چند باتیں عرض کی ہیں۔ان کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے خود انصاف فرمادیں کہ یہ اعتراض کہاں تک صحیح ہے؟ اور بے سروپا روایات کا سہارا لے کر عوام میں غلط تاثرات دینا کہاں تک درست ہے؟

——ایک فریق نے دوسرے فریق پر بعض اوقات اگر نقد و تنقید کی کوئی چیز ذکر کی ہے یا اعتراض و تعریض کر بھی دی ہو (جو وقتی طور پر ہو سکتی ہے) تو اس کو دائمی سب و شتم سے تعبیر کرنا خالص "تعصّب" ہے۔اور منبروں پر ہمیشہ گالی گلوچ دیتے جانے کی شکل میں اس کو ذکر کرنا ناروا جانب داری ہی نہیں بلکہ "عناد" پر دال ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام صحابہ کرامؓ کے ساتھ عناد اور کینہ رکھنے سے محفوظ فرمائے۔

## گذارش

امیر معاویہؓ حضرت عثمانؓ کے قریبی رشتہ دار تھے۔دورِ عثمانی میں ایک بڑے ملک کی ذمّہ داریاں ان کے سپرد رہیں۔پھر ان کا اپنا دورِ خلافت آیا اس میں بھی ملّی خدمات کے کارنامے سرانجام دیتے۔اور خاندان بنی ہاشم کے ساتھ عمدہ روابط

Marfat.com

قائم رکھے۔ ان کے دَور میں اسلام اور اہلِ اسلام کو بہت فروغ ہُوا۔ اس چیز کا صحیح نقشہ پیش کرنے کے لیے وسیع دفتر درکار ہے تاہم اِس دَور کے کچھ مختصر سے کوائف ہم نے ذکر کیے ہیں۔ اس سے امیر معاویہؓ کی شخصیت اور کردار بخوبی معلوم ہوسکتا ہے۔

معترض احباب نے اس دَور کو جس شکل میں پیش کر کے ہر آئینِ اسلامی کے خاتمہ کا ذکر کیا ہے اور فتن و حوادث کا اسے گہوارہ دکھایا ہے اس کی حقیقت بھی آپ کے سامنے آگئی ہے۔ انصاف آپ کے ہاتھ میں ہے۔ موازنہ کر کے آپ نتیجہ خود مرتّب کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

# عبداللہ بن سعد بن ابی سرحؓ کے متعلقات

(۵)

—— معترض لوگوں نے حضرت عثمانؓ پر عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کے ذریعہ بھی کئی قسم کے اعتراضات وارد فرماتے ہیں۔ مثلاً ایک قدیم تجربہ کار صحابی (عمرو بن العاص) کو مصر سے بلاوجہ دُور کر کے اپنے رضاعی برادر (عبداللہ بن سعد) نوجوان کو والی و حاکم بنا دیا۔ اس نے اہلِ مصر پر کئی قسم کے مظالم کیے وغیرہ۔

ابن مطہر حلی شیعی نے لکھا ہے کہ

"... ولّی عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح مصر حتیٰ تظلم منه اهلها ... الخ"

(منہاج الکرامۃ لابن مطہر الحلی الشیعی، ص ۶۶ بحث عثمانی مطاعن۔ مطبوعہ لاہور در آخر منہاج السنۃ جلد رابع)

—— یہاں عبداللہ بن سعد کی زندگی کے چند مختصر حالات ناظرین کرام کی خدمت میں سامنے رکھے جاتے ہیں۔ ان سے ان کی اہلیت و صلاحیت کا اندازہ ہو سکے گا اور ان کی اسلامی خدمات بھی معلوم ہو سکیں گی۔ اور آخر میں بعض شبہات کا ازالہ کرنا پیشِ نظر ہے۔ وہ بھی انشاء اللہ درج ہو گا۔ اس کے ذریعہ وارد کردہ شبہات رفع ہو سکیں گے۔

**۱۔ نسب و رضاع** ان کا نام عبداللہ بن سعد بن ابی سرح بن الحارث ہے عامری

Marfat.com

قبیلہ سے ہیں یعنی بنو امیہ قبیلہ کے فرد نہیں ہیں۔

——— حضرت سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رضاعی برادر تھے۔

حضرت عثمانؓ نے عبداللہ مذکور کی والدہ کا دودھ پیا تھا۔

طبقات ابن سعد و اُسد الغابہ میں یہ مسئلہ درج ہے :-

"عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح بن الحارث ۔۔۔ بن عامر ۔۔۔ الخ

ھو اخو عثمان من الرضاعۃ ارضعت اُمّہ عثمان ۔۔۔ الخ"

(۱) ——— طبقات ابن سعد، ج ۷ - ص ۱۹۰-۱۹۱ - ق ۲ -

طبع لیدن تحت عبداللہ بن سعد بن ابی سرح -

(۲) ——— اُسد الغابہ، ص ۱۷۳، ج ۳ - تحت عبداللہ

بن سعد - طبع طہران -

## (۲) اسلام کے بعد ارتداد پھر اسلام لانا اور بیعت کرنا اور دین پر پختہ رہنا

تراجم نویس علماء نے لکھا ہے کہ عبداللہ بن سعد اسلام لائے۔ کچھ مدت کے بعد شیطانی فتنوں میں گرفتار ہو کر اسلام چھوڑ بیٹھے۔ اسلام کی طرف سے ان کو گردن زدنی قرار دیا گیا۔

——— جب ۸ھ میں فتح مکہ ہوئی تو اس موقعہ پر حضرت عثمانؓ نے ان کو نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر کے معافی کی درخواست کی اور امن و امان طلب کیا۔ امان دے دی گئی اور پھر اسلام کی بیعت نبی کریمؐ سے عبداللہ نے کی۔ اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اسلام پر بیعت فرمایا اور ساتھ ہی ارشاد فرمایا کہ :

"اسلام لانا ما قبل کی تمام چیزوں کو کاٹ دیتا اور ختم کر دیتا ہے"

——— اس کے بعد ان کا اسلام پختہ ہو گیا۔ دینی حالت بہتر ہو گئی پھر ان سے امرِ خیر ہی منقول ہے اور کوئی اس قسم کی چیز ان سے صادر نہیں ہوئی جس کو منکر اور برا

Marfat.com

کہا جا سکے۔

—— اور لکھا ہے کہ عبداللہ بن سعد قبیلہ قریش کے بہت عمدہ لوگوں میں سے تھے، نہایت عاقل تھے اور شرفاء میں ان کا شمار تھا۔

—— فی نسب قریش .... واستا من لہٗ عثمان یوم فتح مکۃ من رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم فآمنہ وقد کان امر بقتلہ .... الخ

—— فی الطبقات .... وکان قد اسلم قدیمًا .... ثم افتتن وخرج من المدینۃ الی مکۃ مرتدًا فاھدر رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم دمہ یوم الفتح فجاء عثمان بن عفان الی النبی صلّی اللہ علیہ وسلم فاستأمن لہٗ فآمنہ .... وقال یا رسول اللہ تبایعہ فبایعہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم یومئذٍ علی الاسلام وقال الاسلام یَجُبُّ ما کان قبلہٗ۔

—— وفی الاستیعاب .... واسلم عبداللہ بن سعد بن ابی سرح ایام الفتح فحسن اسلامہٗ فلم یظہر منہ شیئٌ ینکر علیہ بعد ذالک ھو احد النجباء العقلاء الکرماء من قریش۔

—— وفی المنتقیٰ (للذھبی) .... ثم انّہ حسن اسلامہٗ ولم یؤثر عنہ بعدھا الا الخیر۔

(۱) —— نسب قریش للمصعب الزبیری ص ۳۴۳ تحت ولد ابی سرح۔

(۲) —— طبقات ابن سعد، ج ۷، ق ۲، ص ۱۹۰-۱۹۱-
تحت عبداللہ بن سعد بن ابی سرح۔

Marfat.com

(۳)۔۔۔۔ الاستیعاب (معہ الاصابہ) ج ۲ ص ۳۶۸۔
تحت عبداللہ بن سعد مذکور۔

(۴)۔۔۔۔ اسد الغابہ، ج ۳ ص ۱۷۳ تحت عبداللہ مذکور

(۵)۔۔۔۔ المنتقی للذہبی، ص ۴۰۳ طبع مصر۔

(۶)۔۔۔۔ جوامع السیرۃ لابن حزم، ص ۲۳۲۔ تحت غزوہ
فتح مکہ)

## ۳۔ والی و حاکم ہونا

عبداللہ بن سعد بن ابی سرحؓ کو اللہ تعالیٰ نے عمدہ صلاحیت بخشی ہوئی تھی۔ انتظامی معاملات میں منتخد کارکن تھے۔ اسی بنا پر حضرت فاروق اعظمؓ نے ان کو اپنے عہدِ خلافت میں "صعید" کے علاقہ کا والی اور حاکم مقرر کر رکھا تھا۔ اس کے بعد پھر حضرت عثمانؓ نے ان کو مصر کا حاکم بنایا۔ حافظ ابن حجرؒ نے ابن البرقوی کے حوالہ سے یہ مسئلہ بالفاظِ ذیل نقل کیا ہے:۔

"۔۔۔۔ ثنا ابو صالح من اللیث قال کان ابن ابی سرح علی الصعید فی زمن عمرؓ ثم ضم الیہ عثمانؓ مصر کلھا۔۔۔ الخ"

(الاصابہ (معہ الاستیعاب) ج ۲ ص ۳۰۹
تحت عبداللہ بن سعد)

## ۴۔ فتوحاتِ اسلامی میں کارنامے

وقتی مصالح کے پیشِ نظر جب حضرت عثمانؓ نے عبداللہ کو مصر کا حاکم مقرر کیا تو انہوں نے متعدد معرکے سر کیے اور اسلام کی اشاعت کے لیے قتال کیا۔ افریقیہ کی فتح تو ان کی نگرانی میں سب سے زیادہ مشہور رہے جو ۲۷ھ میں ہوئی تھی اور اس کے ساتھ ساتھ غزوۂ اساود (ارضِ نوبہ میں ۳۱ھ میں) اور غزوہ الصواری (بحر روم میں ۳۴ھ میں)، انہوں نے فتح حاصل کی۔ اور ان تمام وسیع علاقوں کی فتوحات عبداللہ بن سعد

Marfat.com

کی نگرانی اور ماتحتی میں ہوتیں۔ یہ ان کی اعلیٰ ملّی خدمات ہیں جنہیں اکابرینِ اُمّت بڑی قدر کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔

—— فی الاستیعاب . . . . ثم ولّاہ عثمان بعد ذلك مصر . . . . وفتح علیٰ یدیه افریقیة سنة سبع وعشرین . . . الخ"

—— وفی الاصابة . . . . وله مواقف محمودة فی الفتوح . . . . وکان محموداً فی ولایته وغزا ثلاث غزواتٍ افریقیة وذات الصواری والاساود . . . الخ"

(۱) —— الاستیعاب (مع الاصابہ)، ج ۲، ص ۲۶۸۔ تحت عبداللہ بن سعد۔

(۲) —— اسد الغابہ، ج ۳۔ ص ۱۷۳۔ تحت عبداللہ مذکور

(۳) —— الاصابہ (مع الاستیعاب)، ج ۲۔ ص ۳۰۹ تحت عبداللہ بن سعد۔

## ۵۔ عبداللہ کا خاتمہ بالخیر

عبداللہ بن سعد نے ایک مدّت تک اسلامی ملّی خدمات سرانجام دینے کے بعد شہادتِ عثمانی کے فتنہ کے دَور میں عزلت نشینی وخلوت گزینی پسند کر لی تھی اور پیدا شدہ تنازعات سے الگ رہنے لگے تھے بعض نے عسقلان کے مقام میں بعض نے رملہ کے مقام میں ان کا مقیم ہونا ذکر کیا ہے۔

—— آخری ایّام میں بارگاہِ خداوندی میں انہوں نے دُعا کی کہ خداوندا! میرا خاتمہ بالخیر نماز میں فرما دے۔" دُعا قبول ہو گئی۔

صبح کی نماز کے لیے وضو کیا۔ نماز میں مشغول ہو گئے۔ نماز کے آخر میں داہنی طرف سلام پھیرا، بائیں جانب سلام کہنے لگے تو پیغامِ اجل پہنچ گیا اور دارِ آخرت

Marfat.com

میں تشریف لے گئے (سبحان اللہ) رضی اللہ تعالیٰ عنہ

"...... قیل بل اقام بالرملة حتیٰ مات فاراً من الفتنة ودعا ربّہٗ فقال اللّٰھم اجعل خاتمة عملی صلوٰة الصبح فتوضّأ ثم صلّی الصبح ..... ثم سلّم عن یمینه وذھب یسلّم عن یسارہٖ فقبض اللہ روحه"

(۱) ــــ ا۔ استیعاب، ج ۲ ص ۳۶۶ معہ الاصابہ۔ تحت عبداللہ بن سعد۔

(۲) ــــ اُسدالغابہ، ج ۳ ص ۱۷۴۔ تحت عبداللہ بن سعد بن ابی سرح۔

(۳) ــــ الاصابہ، ج ۲ ص ۳۰۹ تحت عبداللہ بن سعد بن ابی سرح۔

(۴) ــــ سیرة الحلبیة (علی بن برہان الدین الحلبی، ص ۳۶۱ ج ۳۔ باب ذکر المشاہیر من کتّابہ صلعم۔

# چند شبہات کا ازالہ

حضرت سیدنا امیرالمومنین عثمان رضی اللہ عنہ پر معترض احباب نے گوناگوں اعتراضات وارد کیے ہیں ان میں عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کے متعلق بھی کئی اعتراض تجویز فرماتے ہیں۔ اور ابن ابی سرح چونکہ حضرت عثمانؓ کے رضاعی برادر ہیں، (اگرچہ قبیلہ بنو امیہ سے نہیں) اور ان کو حضرت عثمانؓ نے مصر کا والی بنایا تھا اس وجہ سے حضرت عثمانؓ اور عبداللہ بن سعد بن ابی سرح پر یہ مشترکہ اعتراضات ہیں۔ یہاں ان کا ازالہ کرنا پیشِ نظر ہے۔

Marfat.com

(ا)

ایک تو یہ بات قابلِ اعتراض تجویز کرتے ہیں کہ عبداللہ مسلمان ہوئے پھر کچھ زمانہ کے بعد مرتد ہو گئے تھے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ان کے قتل کا حکم دے دیا تھا۔ گردن زدنی قرار دیئے گئے تھے۔ وغیرہ۔ اس کے متعلق یہ وضاحت کی جاتی ہے (جیسا کہ ہم نے اوپر ذکر کیا ہے) کہ ان کا اسلام لانا پھر کچھ مدت کے بعد مرتد ہونا یہ فتح مکہ سے پہلے کا زمانہ ہے۔ فتح مکہ کے موقع پر حضرت عثمانؓ نے ان کو حضور علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا۔ یہ مسلمان ہوئے اور تجدید بیعت کی۔ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت یہ ارشاد فرمایا کہ اسلام لانا سابقہ تمام خطاؤں اور غلطیوں کو ختم کر دیتا ہے۔ (انّ الاسلام یجبّ ما کان قبلہ) جیسا کہ گذشتہ صفحات میں عنقریب گزرا ہے۔ اس فرمانِ نبوّت کے ذریعہ مسئلہ صاف ہو گیا کہ گذشتہ خطائیں چھوٹی بڑی سب معاف ہیں۔ اور ان کا اسلام منظور ہے۔

——ایک مشہور صحابی عمرو بن العاصؓ ہیں ان کا واقعہ بھی کتب حدیث میں مذکور ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیعت کرنے لگے تو اپنے ہاتھ کو بڑھانے سے روک کر عرض کی یا رسول اللہ! یہ شرط ہے کہ میری سابقہ غلطیاں معاف ہو جائیں تو اس وقت بھی فرمانِ نبوی یہی ہوا تھا کہ اے عمرو بن العاص! تو جانتا نہیں کہ ان الاسلام یہدم ما کان قبلہ (یعنی اسلام ماقبل کی چیزوں کو گرا دیتا ہے)۔

مسلم شریف جلد اوّل کتاب الایمان، ص ۷۶ (طبع نور محمدی)، باب کون الاسلام یہدم ما کان قبلہ... الخ

—— ——اسی طرح اس دور میں کئی لوگ مرتد ہوئے تھے لیکن بعد میں مسلمان ہو کر ٹھیک ہو گئے۔ عبداللہ بن سعدؓ کی بھی یہی صورتِ حال ہے۔ اب ان حالات کے بعد بھی گذشتہ خطاؤں کو شمار میں لا کر گرفت کرتے رہنا اور ان کو مرتد وطرید رسولؐ کے لقب سے

Marfat.com

یاد کرنا اسلامی طریقہ کے خلاف ہے۔ قرآن مجید میں وعید کے طور پر فرمانِ خداوندی ہے کہ:

"وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (سورۂ حجرات)

"یعنی اور ایک دوسرے کو بُرے لقب سے نہ پکارو۔ ایمان لانے کے بعد بُرا نام گنہگاری ہے اور جو لوگ توبہ نہ کریں تو وہی ظالم ہیں۔"

(۲)

——— نیز ان لوگوں کی جانب سے عبداللہ بن سعد بن ابی سرح وغیرہ پر یہ طعن کیا جاتا ہے کہ یہ طلقاء تھے یعنی نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فتح مکہ کے موقعہ پر انہیں معافی دے دی تھی۔ ان طلقاء کو حضرت عثمانؓ نے اُمّت کا سرخیل بنا دیا تھا۔ اس وجہ سے لوگ ان کو نفرت کی نگاہوں سے دیکھتے تھے۔ وغیرہ

——— اس مسئلہ کے متعلق اتنی گزارش کافی ہے کہ نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فتح مکہ کے موقعہ پر باب کعبہ کے پاس کھڑے ہو کر جہاں اور احکامات اور فرمان صادر فرمائے تھے ان میں یہ فرمان بھی تھا کہ "یا معشر قریش! (یعنی اے قریش کی جماعت) اللہ تعالیٰ تم سے جاہلیت کا تکبر و غرور اپنے آباؤ اجداد کے ساتھ فخر کرنا لے گیا ہے۔ تمام لوگ آدم سے ہیں اور آدم مٹی سے ہیں۔ پھر یہ آیت تلاوت فرمائی:-

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ... الخ

"یعنی اے لوگو، ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تم کو قبیلے اور شاخیں بنایا تاکہ تم باہم جان پہچان کر سکو۔ اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزّت والا وہ ہے جو تم میں سے پرہیزگار زیادہ ہے۔

Marfat.com

پھر فرمایا :-

" یا معشر قریش! تمہارا کیا خیال ہے؟ تمہارے ساتھ میں کیا معاملہ کروں گا؟ تو لوگوں نے کہا اچھا اور بہتر معاملہ کریں گے۔ آپ خود مہربان و شریف ہیں اور مہربان و شریف کے لڑکے ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا کہ سب چلے جاؤ، تم "طلقاء" ہو یعنی تم سب کو معافی دے دی گئی ہے۔"

(سیرۃ ابن ہشام، ص ۴۱۲، ج ۲ تحت طواف الرسول بالبیت وکلمتہ فیہ طبع مصر)

خطبہ مذکورہ کے وقت قریش کے تمام قبائل حاضر تھے۔ تمام قوم سے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خطاب فرمایا۔ کسی ایک قبیلہ کے افراد مخاطب نہ تھے۔ اور نہ ہی چند خصوصی افراد مقصود تھے۔ قریش کے متعدد قبیلے خدمتِ نبوی میں حاضر تھے۔ بنی تیم تھے۔ بنی عدی تھے۔ بنی مخزوم تھے۔ بنی خزیمہ تھے۔ بنی اسد تھے۔ بنی نوفل تھے۔ بنی زہرہ تھے۔ بنی ہاشم تھے۔ بنی عبد شمس (بنی امیہ) تھے۔ وغیرہ۔ ان تمام حاضرین کو فرمان ہوا تھا کہ "اذھبوا فانتم الطلقاء" (جاؤ، تم سب کو معافی دے دی گئی ہے) کسی خصوصی قبیلہ کے لیے یہ حکم نہیں تھا۔ یا معشر قریش، یا معشر قریش کے الفاظ عدم تخصیص پر بڑا واضح قرینہ ہے۔

اس کے بعد خاص بنو امیہ کے چند افراد (ولید بن عقبہ، امیر معاویہ، عبداللہ بن ابی سرح وغیرہ) کو طلقاء طلقاء کہہ کر عوام میں نفرت پھیلانا کون سا کارِ خیر ہے پہلے تو یہ کوئی بُرا لفظ نہیں تھا جسے آنحضرت ؐ نے ارشاد فرمایا تھا۔ صرف معافی کے الفاظ ہیں۔ پھر اس لفظ کی وجہ سے صحابہ کرام کے دَور میں کوئی باہمی تنفر یا حقارت نہیں قائم تھی۔ نہ ہی ایک دوسرے کے حق میں اسے بطور طعن استعمال کرتے تھے نہ ہی ان حضرات کے صاحبِ منصب ہونے پر صحابہ کرام پریشان تھے بلکہ معاملہ اس کے برعکس ہے وہ اس طرح

Marfat.com

کہ حضرت عمر فاروق ؓ نے اپنے دورِ خلافت میں ان (طلقاء) کو اچھے اچھے منصب عطا فرمائے۔ عہدے دیئے۔ جیسا کہ ہم نے سابقاً ذکر کر دیا ہے۔ اور خاص عبداللہ بن ابی سرح کو بھی حضرت عمر ؓ نے "الصعید" کے علاقہ کا حاکم بنایا، یا دوسرے لفظوں میں طلقاء کو امت کا سرخیل بنا دیا۔ (عنقریب گذشتہ صفحات میں حوالہ دیا گیا ہے)

——— حیرت کی بات ہے کہ صدیقِ اکبر ؓ اور فاروقِ اعظم کے ادوار میں انہی طلقاء کو منصب و عہدے دیئے جائیں تو سب کچھ ٹھیک ہے۔ نہ پبلک پریشان ہوتی ہے، نہ حضرت عمر ؓ پر کوئی طعن ہے۔ اور اگر ان کو حضرت عثمان ؓ کے دور میں چند عہدے مل جائیں تو یہ طلقاء مبغوض و مطعون بن جاتے ہیں۔ سارے عوام ان سے متنفر ہونے لگتے ہیں اور طلقاء کو سرخیلِ اُمت بنانے جانے کا پروپیگنڈا شروع ہو جاتا ہے۔

(یا للعجب)

——— (۳) ———

——— ایک طعن یہ کیا جاتا ہے کہ حضرت عثمان ؓ نے عمرو بن العاص تجربہ کار صحابی کو مصر سے ہٹا دیا اور اپنے برادر عبداللہ بن سعد کو یہ جلیل منصب دے دیا۔ یہ متعصبانہ کارروائی تھی اور نسلی امتیازات کی بنا پر کی گئی تھی۔ پھر عبداللہ بن سعد ؓ نے بڑی خرابیاں کر دیں۔ وغیرہ

——— اس شبہ کے ازالہ کے لیے ذیل میں چند چیزیں پیش خدمت ہیں ان پر غور فرما دیں۔ مزید کسی جواب کی حاجت نہ رہے گی۔

(۱) ——— عبداللہ بن سعد بن ابی سرح حضرت عثمان ؓ کے قبیلہ (بنو امیہ) سے نہیں۔ قبیلہ بنی عامر سے ہیں البتہ ان کے رضاعی برادر ہونے کو ہی معترضین نے جرم تجویز کر لیا ہے۔

(۲) ——— عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو جس سال مصر سے معزول کیا گیا اور عبداللہ بن سعد کو والی و حاکم بنایا گیا تھا۔ اسی سال (یعنی ۲۷ھ) میں جنگ افریقہ بھی تھی۔ عبداللہ بن سعد مذکور کی ماتحتی میں یہ تمام مہم سر کی گئی تھی۔ ان مجاہدین میں عمرو بن العاص

Marfat.com

کے حقیقی صاحبزادے عبداللہ بن عمرو بن العاص، شامل تھے۔ عبداللہ خود صحابی تھے اور دیگر صحابہ کرام (مثلاً عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن الزبیر، معبد بن عباس، عبداللہ ابن عباس، ابن جعفر، حسن وحسین وغیرہمؓ کے ساتھ افریقیہ کی جنگ میں بذوق وشوق شریک ہوئے۔ مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔ تمام حضرات نے غنائم حاصل کیے۔ یہ سب امور عبداللہ بن سعد کی ماتحتی میں سرانجام پاتے اور عبداللہ بن سعد امیر لشکر تھے۔

خلیفہ ابن خیاط نے اپنی تاریخ جلد اوّل میں لکھا ہے:-

" وفیہا (سنہ ۲۷ھ) عزل عثمان بن عفان عمرو بن العاص عن مصر وولاھا عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح فغزا ابن ابی سرح افریقیۃ ومعہ العبادلۃ عبد اللہ بن عمرؓ وعبد اللہ بن عمرو (بن العاص) وعبد اللہ بن الزبیر" الخ

(۱) ـــــ تاریخ خلیفہ بن خیاط، جز اوّل، ص ۱۳۴۔ تحت سنہ ۲۷ھ۔ طبع عراق۔

اور یہ واقعہ مندرجہ ذیل مؤرخین نے بھی درج کیا ہے کہ جنگ افریقیہ میں حضرت عمرو بن العاص کے لڑکے عبداللہ شریک ہوتے اور امیر لشکر عبداللہ بن سعد بن ابی سرح تھے۔

(۲) ـــــ فتوح البلدان البلاذری، ص ۲۳۴ تحت عنوان فتح افریقیۃ۔

(۳) ـــــ تاریخ ابن خلدون، ج ۲، ص ۱۰۰۳۔ تحت ولایۃ عبداللہ بن ابی سرح علی مصر وفتح افریقیہ طبع جدید بیروت۔

مقصد یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ نے عمرو بن العاص کو مصر سے اگر ناجائز طریقہ سے

Marfat.com

معزول کیا تھا اور یہ عزل متعصبانہ تھا تو پھر اس موقعہ پر اکابر صحابہ کرامؓ نے بروقت کیوں یہ اعتراض نہ اٹھایا؟ اور خود عمرو بن العاصؓ کے لڑکے عبداللہ نے یہ اعتراض نہ پیدا کیا اور نہ ہی اس عزل کو غلط محسوس کیا بلکہ انہیں چند ایام میں (جب جنگ افریقیہ پیش آئی) تو بڑی خوشی سے عبداللہ بن سعد کے ماتحت ہو کر اس مہم میں شریکِ جہاد ہوئے اور ان کے ساتھ مکمل عملی تعاون کیا۔ گویا ان کے عمل نے اس اعتراض کو رفع کر دیا کہ حضرت عثمان نے عمرو بن العاص کو بے جا معزول کر دیا تھا۔ اور تعصب کی بنا پر کیا تھا نیز اس چیز کو شاہ عبدالعزیزؒ نے اس طرح ذکر کیا ہے کہ عبداللہ بن سعد کے لشکر میں فتح افریقیہ کے موقعہ پر بہت سے صحابہ کرامؓ شامل تھے اور صحابہ کی اولاد بھی شریک تھی۔ عبداللہ بن سعد کی سیرت اور معاملہ سے سب لوگ خوش تھے۔ کسی وجہ سے عبداللہ کے کردار پر انہوں نے انکار نہیں کیا جو حضرات اس لشکر میں شامل تھے ان میں عقبہ بن عامر الجہنی، عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ اور عبداللہ بن عمرو بن العاص تھے ...... "در لشکر او بسیارے از صحابہؓ و اولادِ صحابہؓ بودند۔ ہر ہمہ از سیرت او خوش ماندند و ہیچ وجہ بر اوضاع او انکار نہ کردند از جملہ آنہا عقبہ بن عامر جہنی و عبدالرحمٰن بن ابی بکر و عبداللہ بن عمرو بن العاص۔"

(تحفہ اثنا عشریہ، ص ۳۱۵۔ مطاعن عثمانی آخر طعن چہارم۔
طبع جدید۔ لاہور)

یہ چیز قابلِ توجہ ہے کہ حضرت عمرو بن العاص بنو امیہ حضرات کے خاص حمایتی اور معاون تھے۔ جیسا کہ تاریخ اس پر شاہد ہے اگر بالفرض حضرت عثمانؓ نے ان کو کسی تعصب کی بنا پر الگ کیا ہوتا اور ناجائز طور پر ان سے یہ عہدہ واپس لیا ہوتا تو حضرت عمرو بن العاص کو قلبی رنج ہونا چاہیے تھا۔ رنجیدگی کی وجہ سے بنو امیہ کے نہ صرف خلاف رہتے بلکہ ان کے مخالف گروپ کے ساتھ متعاون ہو جاتے۔ یہاں معاملہ برعکس ہے۔

Marfat.com

تو معلوم ہوا کہ مصر سے ان کی معزولی متعصبانہ نہ تھی اور نہ اس کا ان کو رنج تھا بلکہ یہ منصب کی تبدیلی وقتی مصالح کے تحت ہوئی تھی۔

**تنبیہ :-**

انہی ایام میں افریقیہ کا تمام خمس ابن ابی سرح کو دیئے جانے کا طعن مشہور ہے۔ اس کا جواب انشاء اللہ تعالیٰ (باعتبار مال کے اقربا نوازی) کے تحت پیش کیا جائیگا۔ یہ بحثیں باعتبار منصب کے اقربا نوازی کی جا رہی ہیں۔ ان کے بعد بحث رابع مذکور درج ہو گی۔ اس میں یہ مسئلہ درج کیا جائے گا۔ (بعونہ تعالیٰ)

# اِفادہ

اس موقعہ پر اعتراض کنندہ لوگوں کی طرف سے تاریخ طبری جلد پنجم ص ۱۱۷ تحت ۳۵ھ سے ایک روایت پیش کی جاتی ہے جس میں حضرت عثمانؓ پر سخت تنقید کی گئی ہے۔ اور کہا ہے کہ عثمانؓ کا خون گرانا حلال ہے۔ اور عبداللہ بن سعد پر گرفتیں مذکور ہیں۔ یہ تمام عیب چینی محمد بن ابی بکر اور محمد بن ابی حذیفہ کی طرف سے ذکر کی گئی ہے۔

——— روایت ہذا طویل ہے۔ اس کو نقل کرنا پھر اس کا ترجمہ دینا مزید طوالت کا موجب ہے۔ اس قدر نشاندہی جو ذکر کی ہے تعین روایت کے لیے کافی ہے۔

——— مختصراً اس پر روایۃً و درایۃً کلام عرض ہے جو منصف طبائع کے لیے کفایت کرے گا۔ اور اس سے روایت ہذا کا غیر معتبر ہونا واضح ہو سکے گا۔

**باعتبار روایت کے گفتگو** وہ اس طرح ہے ابن جریر طبریؒ نے محمد بن عمرؒ (واقدی) سے اور واقدی نے معمر بن راشد سے پھر معمر نے زہری سے یہ قصہ نقل کیا ہے۔

(۱) ——— محمد بن جریر طبری نے تاریخ میں سب طرح کی صحیح و سقیم ضعیف و

Marfat.com

قوی رطب ویابس موضوع بے اصل تمام قسم کی روایات جمع کردی ہیں عموماً سند لاتے ہیں کبھی نہیں لاتے - اپنے قول کے طور پر بات ذکر کر دیتے ہیں - یہ چیز اہل علم پر واضح ہے - کوئی مخفی امر نہیں - اس روایت کی مذکورہ سند ذکر کی ہے -

(۲) ——— طبری نے محمد بن عمر واقدی سے یہ مال حاصل کیا ہے - واقدی بزرگ مشہور کذاب ہے، متروک ہے، واضع الحدیث ہے -

(تقریب التہذیب وتہذیب التہذیب، ج ۹،

ص ۳۶۴ - تحت محمد بن عمر واقدی، ج ۹، ص ۲۶۶ -

ج ۹، ص ۳۶۷، تحت محمد بن عمر واقدی)

جب تک دوسرے ذریعہ سے اس کے قول کی تصدیق و توثیق نہ ہو جائے قابل تسلیم نہیں اور اس کی منفردانہ اشیاء متروک ہوتی ہیں - اس روایت میں جو کچھ درج ہے کسی صحیح روایت سے اس کی تصدیق نہیں ہوتی -

(۳) ——— واقدی نے معمر بن راشد سے نقل کیا اور معمر اگرچہ ثقہ آدمی ہے اور اس کے لیے مدح و توثیق بہت کچھ اہل علم نے درج کی ہے - اس کے باوجود یہ بات بھی ملتی ہے کہ معمر کا ایک برادر زادہ (یا خواہر زادہ) رافضی تھا معمر کے ذخیرہ روایات (یعنی کتابوں) پر اس کو قدرت حاصل ہوئی اور اس نے ان میں تصرفات کر دیے - اس مسئلہ کے لیے مندرجہ ذیل مقامات ملاحظہ فرما دیں - اور ابن حجر کے الفاظ مندرجہ ذیل ہیں :-

"قال ابو حامد ابن الشرقی هو حدیث باطل والسبب فیه ان معمراً كان له ابن اخ رافضی وكان معمر یمكنه من كتبه فادخل علیه هٰذا الحدیث"

(۱) ——— میزان الاعتدال للذہبی، ج ۱، ص ۳۸، تحت

Marfat.com

احمد بن الازہر بن منیع النیسا پوری۔

(۲)——— تہذیب التہذیب لابن حجر، ج ۱، ص ۱۲ تحت

احمد بن الازہر بن منیع ۔

(۳)——— ذیل اللآلی المصنوعۃ السیوطی۔ کتاب المناقب ص ۶۱

مطبع علوی لکھنوی قدیم طبع تحت مناقب علی بن ابی طالبؓ

یہاں یہ بات لازماً قابلِ ذکر ہے کہ کوئی زیغ عن الحق کرنے والا دوست یہ قاعدہ نہ تصنیف فرمائے کہ پھر تو معمر کی تمام روایات مشکوک ہو گئیں نہیں یہ بات غلط ہے۔ بلکہ مذکورہ واقعہ علماء نے معمر کی ان روایات کے تحت نقل کیا ہے جو قواعد مسلمہ کے خلاف ہیں۔ منکر اور شاذ قسم کی روایات ہیں۔ شریعت کے مسلّمہ قواعد کے مخالف نظر آتی ہیں اور ان کا کوئی صحیح محمل قائم نہیں ہو سکتا۔ معمر سے ایسی روایات کے متعلق محققین علماء نے بیشک تصریح کی ہے کہ ان میں اشتباہ و تخلیط پائی گئی ہے۔ اور ہماری اس زیر بحث طبری کی روایت بھی اسی نوع کی ہے۔ فلہذا وہ بھی قابلِ قبول نہیں۔

(البدایہ لابن کثیر، ج ۸، ص ۱۱-۱۲ تحت عنوان غریبۃ من الغرائب

وآبدۃ من الاوابد)

(۴)——— پھر معمر نے اس قصہ کو زہری سے لیا ہے اور یہ تمام واقعہ زہری کا اپنا قول ہے۔ اس دور کے کسی معروف شخص کا قول نہیں۔ زہری ثقہ آدمی ہے لیکن قابلِ غور یہ بات ہے کہ ابن شہاب زہری اس وقت موجود ہی نہ تھے۔ بلکہ ان کی پیدائش ۵۸ھ میں علماء نے لکھی ہے۔ اور یہ واقعہ (جنگ افریقیہ کا قریباً ۲۷ھ میں) پیش آیا تھا۔ (جیسا کہ ابن خیاط کا حوالہ گزرا ہے) اور طبری نے اس کو سن ۳۱ھ کے تحت درج کیا ہے لیکن خلیفہ ابن خیاط کی تحقیق درست معلوم ہوتی ہے۔ گویا کہ قریباً قریباً اکتیس ۳۱ سال علامہ زہری بعد میں پیدا ہوتے تھے۔ پھر ان کا سنِ شعور کم ازکم پندرہ سال ہی سمجھا جائے

Marfat.com

توسینتالیس سال ہوئے۔ اتنی مدت کے اندر یہ روایت کہاں کہاں رہی۔ کس کس نے اسے بیان کیا۔ کس شخص نے ابن شہاب زہری کو سنائی سارے مراحل قابلِ تامل ہیں۔ پس کے مقابل متصل السند اور صحیح روایات جو ہیں جن میں یہ مطاعنِ عثمانی نہیں ہیں ان کو قبول کیا جائے گا اور اس روایت کو متروک سمجھا جائے گا۔

## درایت کے اعتبار سے اس پر کلام

قابل غور چیز یہ ہے کہ اگر اس روایت کی بیان کردہ اشیاء درست فرض کرلی جائیں (کہ عثمانؓ میں فلاں فلاں عیب ہیں اس وجہ سے ان کا خون گرانا درست ہے وغیرہ) تو جنگ افریقہ کی اس مہم میں مدینہ منورہ سے اکابر صحابہ اور ہاشمی و قریشی جوانوں کی ایک بڑی جماعت مثلاً ابن عمرؓ، ابن عمروؓ بن العاص، ابن عباسؓ عبدالرحمٰن بن ابی بکر، عبداللہ بن زبیرؓ بن العوام، مسورؓ بن مخرمہ، بسرؓ بن ارطاۃ۔ سیدنا حسنؓ و سیدنا حسینؓ (بقول ابن خلدون) وغیرہ کیوں شریک جہاد ہوئے۔ ان لوگوں کو پہلے حضرت عثمانؓ پر، پھر عبداللہ بن سعد پر یہی اعتراضات کھڑے کرنے چاہیے تھے کیوں نہ اعتراض قائم کیے؟ خاموشی کے ساتھ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کے ماتحت ہو کر جنگی مہموں میں کیوں شامل ہوگئے؟

——— دوسری یہ چیز قابلِ توجہ ہے، محمد بن ابی بکر و محمد بن ابی حذیفہ دونوں چھوٹے طبقے کے لوگ ہیں بڑے بڑے اشراف و اکابر قریش تو مذکورہ مطاعن کو مدنظر نہ رکھیں اور نہ یہ عیوب پھیلائیں۔ یہ چھوٹے لوگ ان عیوب کا پرچار کریں۔ گویا ان کو یہ عیوب نظر آگئے اور اکابر کو نظر نہ آئے۔

——— اور بقول بلاذری حضرت ابوبکرؓ کے صاحبزادے عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ اس جنگ افریقہ میں عبداللہ بن سعد کی ماتحتی میں بخوشی شریک ہوتے اور ان کے برادر محمد بن ابی بکر عبداللہ بن سعد پر اور حضرت عثمانؓ دونوں پر شدت سے اس موقعہ پر طعنہ زنی کرتے ہیں۔

Marfat.com

یہ دونوں بھائیوں کا عملی و قولی تضاد ہُوا۔ اس صورت میں عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ کے عملی تعاون کو مقدم رکھا جائے گا اور محمد بن ابی بکرؓ کے اختلاف کو مؤخر کر دیا جائیگا۔ اس لیے کہ عبدالرحمٰن کا مقام و مرتبہ محمد بن ابی بکرؓ سے ہر لحاظ سے فائق ہے۔

——— اس کے علاوہ ایک یہ چیز بھی سوچنے کی ہے۔ اس روایت کی رُو سے محمد بن ابی بکرؓ اور محمد بن ابی حذیفہ نے یہ تمام شورش جنگ کے موقعہ پر جا کر کھڑی کی ہے۔ یہاں مدینہ شریف میں یہ مسئلہ کیوں نہیں اٹھایا؟ اگر یہ مسائل صحیح تھے تو ان کو پہلے مرکز اسلام مدینہ میں لوگوں کے سامنے بات رکھنی چاہیے تھی مصر سے آگے نکل کر میدانِ جنگ میں جا کر اس کا کیا موقع تھا؟ خلاصۃ المرام یہ ہے کہ یہ روایت عقلاً بھی قابلِ تسلیم نہیں ہے، جیسا کہ نقلاً نا قابلِ قبول ہے۔

---

Marfat.com

# مروان ابن الحکم کے متعلقات

—(۶)—

حضرت عثمانؓ نے جن اقرباء کو حکومت کے کاموں میں شامل کیا تھا ان میں ایک مروان بن الحکم بھی ہے۔

حضرت عثمانؓ کے باقی اقارب کی طرح اس پر بھی کئی قسم کی تنقیدیں کی جاتی ہیں۔ مروان کی خوبیاں معدوم کر دی گئی ہیں اور خرابیاں اُجاگر کی گئی ہیں۔ حالانکہ ایک شخص میں اگر خامیاں ہوتی ہیں تو ضرور کچھ خوبیاں بھی ہوتی ہیں۔ تو اس اعتبار سے یہاں مروان کے جستہ جستہ حالات ذکر کیے جاتے ہیں۔

(۱)—— مروان کی زندگی کا وہ نقشہ جو اعتراض کنندگان نے پیش کیا ہے۔ اس میں قبائلی تعصب اور تاریخی بے راہ روی کو بہت کچھ دخل ہے۔ انہی تاریخی مواد پر نظر کرتے ہوئے بعض عُلماء اور مصنّفین نے مروان پر تنقید کر دی ہے۔

—— آئندہ سطور میں ہم مروان کی زندگی کے چند حالات و واقعات پیش کرتے ہیں جن سے اس کی اہلیت و صلاحیت نمایاں ہو گی اس کا اخلاق و کردار روزِ روشن کی طرح عیاں ہو گا۔ قبائلی تعصب کا جواب بھی ساتھ ساتھ ہو گا۔ "نسلی امتیازات" بے وزن نظر آئیں گے۔ بنو ہاشم اور بنو امیہ کے تعلقات کا بہتر پہلو بھی سامنے آسکے گا۔

(۲)—— مروان کی معصومیت کے ہم دعویدار نہیں ہیں۔ اور نہ ہی ہم اس بات پر مُصر ہیں کہ مروان سے کوئی خطا سرزد نہیں ہوئی۔ ہو سکتا ہے اس سے بعض

Marfat.com

خطائیں موقعہ بہ موقعہ صادر ہوئی ہوں۔ اللہ اس کو معاف فرمائیں لیکن اس کی خوبیوں کا پہلو سامنے لانا ایک علمی اور تاریخی ضرورت ہے۔ اس بنا پر ہم آئندہ سطور میں مروانی تصویر کا دوسرا رُخ عوام کے سامنے پیش کرتے ہیں تاکہ منصف طبائع خود بخود اصلیت سے مطلع ہو سکیں۔ اور مخالفین مروان نے جو مروان کا کردار بطور حقارت بیان کیا ہے اس کے ساتھ موازنہ کر سکیں۔

(۳) ـــــ قبل ازیں بحث اوّل میں مروان کے منصب وعہدہ کے متعلق مختصراً بعض اشیاء ذکر کی ہیں ان کو بھی تذکرہ مروان میں ملحوظ رکھیں۔ نیز یہ بھی عرض ہے کہ مروان کی مندرجہ اشیاء عثمانی دَور کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ کئی چیزیں بعد کے دَور کی ہیں۔ گویا کہ مروان کی شخصیت کے اعتبار سے بحث ہو رہی ہے۔

(۴) ـــــ اس بحث کے آخر میں بعض شبہات کا ازالہ بھی مناسب ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو حسبِ موقعہ پیشِ خدمت کیا جائے گا۔

**مختصر حالات** مروان کے والد کا نام الحکم بن ابی العاص بن اُمیّہ ہے حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کے انتقال کے وقت بعض علماء کے ہاں مروان کی عُمر پانچ سال اور بعض کے نزدیک آٹھ سال تھی یہ اپنے والد کی معیت میں ان کے انتقال تک مدینہ شریف میں مقیم رہا اور الحکم بن ابی العاص کی وفات ۳۲ھ میں ہوئی تھی۔

"..... قالوا قبض رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ومروان بن الحکم ابن ثمان سنین فلم یزل مع ابیہ بالمدینۃ حتیٰ مات ابوہ الحکم بن ابی العاص فی خلافۃ عثمان بن عفان ... الخ

(۱) ـــــ طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۲۴۔ تحت مروان بن الحکم۔ طبع لیدن۔

Marfat.com

(۲) ——— الاصابہ، ص ۲۵۶، ج ۳۔ معہ الاستیعاب

تحت مروان بن الحکم، فی القسم الثانی۔

" مات الحکم سنۃ اثنین وثلاثین فی خلافۃ عثمانؓ "

(۳) ——— الاصابہ، ج ۱، ص ۳۴۵۔ تحت الحکم بن ابی العاص

——— ماہ رمضان المبارک ۶۵ھ میں ۶۳ سال کی عمر پاکر دمشق میں مروان

نے اس دارِ فانی سے انتقال کیا۔

" مات فی شہر رمضان سنۃ خمس وستین بدمشق ... الخ

(۱) ——— الجمع بین رجال الصحیحین، ص ۵۰۱۔۵۰۲ تحت

مروان بن الحکم۔ طبع حیدر آباد دکن۔

(۲) ——— الاصابہ، ص ۴۵۶، ج ۳ معہ الاستیعاب تحت

مروان فی القسم الثانی) طبع مصر

(۳) ——— البدایہ لابن کثیر، ج ۸، ص ۲۶۰۔ آخر ترجمۃ

مروان بن الحکم۔

**دامادِ عثمانؓ** حضرت عثمانؓ کے نزدیک مروانؓ عمدہ اخلاق اور بہتر کردار کا مالک تھا۔ اس لیے انہوں نے اپنے اس چچا زاد برادر کو اپنی صاحبزادی ام ابان الکبریٰ نکاح میں دی تھی۔ اس سے مروان کی اولاد ہوئی اور امّ ابان الکبریٰ مروان کی زوجیت میں ہی فوت ہوئیں۔

"... وتزوّجت امّ ابان الکبریٰ مروان بن الحکم بن ابی العاص

فولدت لہ وتوفیت عندہ زوّجہ ایّاھا عثمان "

(نسب قریش، ص ۱۱۲ تحت اولادِ عثمانؓ)

——— اس کے بعد مرتضوی خاندان اور مروان کے قبیلہ کے مابین چند رشتے ذکر

Marfat.com

کیسے جاتے ہیں۔ بغور ملاحظہ فرما دیں۔

## حضرت علیؓ کی اولاد اور مروان کے خاندان کے باہمی رشتے

(۱)۔۔۔ علماء انساب نے لکھا ہے کہ حضرت علیؓ کی صاحبزادی رملہ مروان بن الحکم کے لڑکے معاویہ کے نکاح میں تھی۔ رملہ کا نکاح اس سے قبل ابوالہیاج عبداللہ بن ابی سفیان بن الحارث بن عبدالمطلب کے ساتھ تھا۔ اس کی رملہ سے اولاد بھی ہوئی لیکن یہ اولاد فوت ہو کر ختم ہو گئی۔ اس کے بعد رملہ کا نکاح مروان کے لڑکے معاویہ کے ساتھ ہوا۔

اول (۱)۔۔۔ وکانت رملة بنت علی عند ابی الہیاج واسمه عبداللہ بن ابی سفیان بن الحارث بن عبد المطلب ولدت لهٗ وقد انقرض ولد ابی سفیان بن الحارث ثم خلف علیها معاویة بن مروان بن الحکم بن ابی العاصی۔

(کتاب نسب قریش، ص ۴۵ تحت ولد علیؓ بن ابی طالب)

(۲)۔۔۔ . . . . ومعاویة ۔۔۔ شقیق عبد الملک . . . .
. . . . وتزوج رملة بنت علی بن ابی طالب بعد ابی الهیاج عبد اللہ بن ابی سفیان بن الحارث بن عبد المطلب۔

(جمهرة انساب العرب لابن حزم، ص ۸۷ تحت اولاد الحکم بن ابی العاصی وولد مروان ابنه)

دوم (۲)۔۔۔ دوسرا رشتہ علماء انساب نے اس طرح لکھا ہے کہ حضرت امام حسنؓ کے لڑکے حسن مثنیٰ کی لڑکی زینب مروان کے پوتے ولید بن عبدالملک کے نکاح میں تھی جبکہ وہ خلیفہ تھا اور یہ زینب وہ ہیں کہ جن کی ماں حضرت فاطمہ بنت حسین بن علیؓ بن ابی طالب ہیں۔

Marfat.com

مصعب بن عبداللہ الزبیری نے حسن مثنیٰؓ کی اولاد کے تحت یہ رشتہ درج کیا ہے۔

"وکانت زینب بنت حسن بن حسنؓ بن علیؓ عند الولید بن عبدالملک بن مروان وھو خلیفۃ"

(کتاب نسب قریش لمصعب زبیری ص ۵۲ - تحت اولاد حسن مثنیٰؓ)

اور ابن حزم نے جمہرۃ الانساب میں مروان بن الحکم کی اولاد کی تفصیل کے تحت رشتہ مذکورہ بالا ذکر کیا ہے۔

"..... وولد معاویۃ بن مروان بن عبد الملک الولید بن معاویۃ امّہ زینب بنت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب"

(جمہرۃ انساب العرب لابن حزم الاندلسی ص ۱۰۵ تحت اولاد مروان بن الحکم)

فائدہ :- ناظرین کرام پر واضح رہے کہ معاویہ بن مروان کے نکاح میں رملہ بنت علیؓ پہلے تھی اور زینب بنت حسن مثنیٰؓ اس کے نکاح میں اس کے بعد آئی تھیں (ان ہر دو کے نکاح کا زمانہ الگ الگ ہے) اور زینب بنت حسن مثنیٰؓ کے یکے بعد دیگرے دو خاوند تھے۔ ایک معاویہ بن مروان تھا، اس کے بعد مروان کا پوتا ولید بن عبدالملک بن مروان تھا۔ یہ تصریح معلوم نہیں ہو سکی کہ پہلے کس کے نکاح میں تھی اور بعد میں کس کے نکاح میں آئی۔ چچا اور بھتیجے کے نکاح میں یکے بعد دیگرے ایک عورت کا منکوحہ ہونا کوئی عیب نہیں۔

سوم (۳) ـــــ اور اس خاندان کا تیسرا رشتہ اس فن کے علماء نے اس طرح

Marfat.com

لکھا ہے کہ :-

"حضرت سیدنا حسن بن علی المرتضیٰ کے لڑکے زید بن حسن کی لڑکی نفیسہ کا نکاح مروان کے پوتے ولید بن عبد الملک بن مروان سے ہوا اور اس سے اولاد بھی ہوئی۔

"...... و نفیسة بنت زید تزوجها ولید بن عبد الملك بن مروان فتوفیت عنده و امها لبابة بنت عبد الله بن عباس بن عبد المطلب بن هاشم"

(۱) (طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۲۳۴ - تحت زید بن حسن بن علی بن ابی طالب)

(۲) کتاب نسب قریش صہ ۳۲ تحت اولاد عبید اللہ بن عباس

"...... وکان لزید ابنة اسمها نفیسة خرجت الی الولید بن عبد الملك بن مروان فولدت منه -

"وقد قیل انما خرجت الی عبد الملك بن مروان انها ماتت حاملاً منه والاصح الاول وکان زید یفد علی الولید بن عبد الملك ویقعد علی سریره ویکرمه لمکان ابنته"

(عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب از سید جمال الدین ابن عنبۃ الشیعی، ص ۷۰ المقصد الاول تحت عقب زید بن حسن)

تنبیہ :- بعض علماء نے کہا ہے کہ نفیسہ کا نکاح عبد الملک سے ہوا لیکن یہ صحیح نہیں۔ بلکہ ولید بن عبد الملک بن مروان کے ساتھ نکاح ہونا صحیح ہے۔ اور لفظ "خرجت" کی تعبیر شیعہ علماء کی طرف سے ہے۔ ہمارے علماء نے اس طرح نہیں ذکر کیا۔ فافہم۔

چہارم (۴) ـــــ اور چوتھا رشتہ اس طرح منقول ہے کہ مروان بن الحکم کے حقیقی بھائی

Marfat.com

الحارث بن الحکم کے پوتے (مسمّٰی اسماعیل بن عبدالملک بن الحارث) کے نکاح میں حضرت امام حسن بن علی المرتضیٰ کی پوتی مسماۃ خدیجہ بنت حسین بن حسن بن علی بن ابی طالب تھی۔ اس سے اسماعیل مذکور کی اولاد (مسلمہ۔ اسحاق۔ حسین۔ محمد وغیرہ) بھی ہوئی۔ اور خدیجہ کو بعض علماء ام کلثوم کے نام سے ذکر کرتے ہیں۔

"...... فولد اسماعیل بن عبدالملک بن الحارث مسلمۃ واسحٰق ومروان وحسیناً ومحمداً امّہم ام کلثوم بنت الحسین بن الحسن بن علی بن ابی طالب"

(۱) ــــ کتاب نسب قریش لمصعب الزبیری، ص۱۶۱ تحت الحارث بن الحکم۔

(۲) ــــ کتاب نسب قریش، ص ۵۱ تحت حسن بن علیؓ بن ابی طالب۔

"...... وولد اسمٰعیل بن عبد الملک بن الحارث بن الحکم المذکور محمد الاکبر والحسین واسحاق ومسلمۃ امہم خدیجۃ بنت الحسین بن حسن بن علی بن ابی طالب"

(جمہرۃ انساب العرب لابن حزم، ص ۱۰۹۔ تحت اولاد محمد بن مروان بن الحکم)

**پنجم** (۵) اور پانچواں رشتہ علامہ ابن حزمؒ نے اسی مقام میں یہ ذکر کیا ہے کہ خدیجہ مذکورہ کے بعد خدیجہ کی چچازاد بہن مسماۃ حمادہ (بنت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب) اسمٰعیل مذکور کے نکاح میں آئی اور اس سے (محمد الاصغر۔ الولید۔ یزید وغیرہ) اسمٰعیل کی اولاد ہوئی۔

"...... وولد اسمٰعیل بن عبد الملک بن الحارث بن الحکم

Marfat.com

"...... محمد الاصغر والولید ویزید امهم حمادة بنت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب خلف علیها بعد بنت عمها المذکورة۔"

(جمہرۃ انساب العرب، ص ۱۰۹ ، تحت ولد محمد بن مروان بن الحکم)

مندرجہ بالا عنوان کے تحت متعدد رشتہ داریاں ان ہر دو خاندانوں کی ذکر کر دی گئی ہیں۔ یہ "نسبی تعلقات" دونوں قبائل کو ایک دوسرے کے قریب کرنے کے لیے عمدہ آثار ہیں جو ہمیشہ کے لیے تاریخ کے اوراق پر ثبت ہیں اور عمدہ شہادتیں ہیں جن کی تکذیب کرنا مشکل ہے۔

اب اگر وقتی طور پر گاہے گاہے ان خاندانوں کے درمیان کوئی تنازعہ یا مناقشہ پیش آیا ہے تو اس کا وقوع ایک وقتی مسئلہ کی حیثیت میں متصوّر ہو گا جیسے وقتی مسائل سامنے آتے ہیں اور رفع ہو جایا کرتے ہیں اور ان کو اپنی حدود میں ختم کر دیا جاتا ہے۔

—— حقیقت یہ ہے کہ اِس قسم کے تنازعات عموماً وقتی ہُوا کرتے ہیں اور رشتہ داری کا تعلق دائمی ہوتا ہے اور پشتہا پشت تک جاری رہتا ہے۔

نیز تاریخی مواد میں جو ان خاندانوں کے درمیان اختلافات کی داستانیں ذکر کی جاتی ہیں ان میں اصلیت کم ہوتی ہے اور افراط و تفریط کو زیادہ دخل ہوتا ہے۔ ان تاریخی چیزوں کو مبنی بر حقیقت قرار دینا کسی طرح صحیح نہیں ہوتا۔

—— یہ تمام رشتے حضرت علی المرتضیٰؓ کی اولاد شریف نے مروان کے خاندان کو بخوشی دیئے اور برضامندی یہ نسبی تعلق قائم کیے۔ یہ تاریخی حقائق ہیں ان کے ذریعہ یہ چیز ثابت ہوتی ہے کہ حضرت مرتضیٰؓ کا خاندان مروان کے خاندان کو بُرا نہیں جانتے بلکہ اچھا سمجھتے تھے اسی بنا پر یہ نسبی تعلقات باہمی قائم کیے۔

Marfat.com

نیز واضح ہُوا کہ مروان بن حکم کے حق میں قباحتوں کی داستانیں صحیح نہیں ہیں۔ جس طرح بعد والے لوگوں نے پیش کی ہیں۔ اس لیے کہ مروان کے خاندان کے ساتھ رشتے قائم کرنے والے ہاشمی حضرات اس دَور کے قریب تر لوگ ہیں ان پر یہ تمام "مروانی کارستانیاں" آشکارا ہونی چاہیے اور ان کے سامنے مروانی کردار واضح ہونا چاہیے تھا۔

با ایں ہمہ اگر ہاشمی بزرگ یہ دائمی نسبتیں اس قبیلہ کے ساتھ قائم کرتے ہیں تو ان حضرات نے خاندانی تعامل اور "عملی تعاون" کے ذریعہ یہ ثابت کر دیا کہ مروان اور اس کا خاندان اس طرح قابلِ نفرت اور لائق مذمت نہیں ہے جس طرح روایات کے راویوں نے قوم میں نشر کر دیا ہے۔

## علمی قابلیت اور ثقاہت

مروانؓ کے علمی مقام اور قابلیت کے متعلق ہماری دینی کتب میں بہت کچھ مواد موجود ہے۔ چند ایک چیزیں اس مضمون کے متعلق ناظرین کرام کی خدمت میں پیش کی جاتی ہیں۔

——— مروان ابن الحکم کی علمی توثیق اس قدر مسلّم ہے کہ یہ اکابر صحابہ کرامؓ مثلاً حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ اور حضرت زید بن ثابتؓ، عبد الرحمٰنؓ بن الاسودؓ وغیرہم سے روایاتِ حدیث اور مسائلِ شرعی نقل کرتا ہے۔ اور مروان سے بعض صحابہ کرامؓ اور اکابر تابعین مثلاً سہل بن سعد (الصحابی)، علی بن الحسین (التابعی)، عروہ بن الزبیر (التابعی)، سعید بن المسیّب و مجاہد وغیرہم روایت حاصل کرتے ہیں۔

"روی مروان عن عمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم وروی عنہ (مروان) سہل بن سعد، علی بن الحسین وعروۃ بن الزبیر وابوبکر بن عبد الرحمٰن"

(۱) ——— (کتاب الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم الرازی

Marfat.com

ج ۴-ق ا،ص ۲۷۱ تحت مروان بن الحکم-طبع دکن-

(۲)—— الجمع بین رجال الصحیحین، ص ۵۰۱-۵۰۲ تحت مروان بن الحکم بن ابی العاص-طبع دکن-

علماء کرام نے لکھا ہے کہ مروان بن الحکم کا مقام حدیث میں مستند و معتبر ہے۔ یہ فن حدیث میں متّہم نہیں۔ اس کی روایت پر اکابر محدّثین اور کبار فقہائے امّت نے اعتماد کیا ہے۔ اور اس کی مرویات کو اپنی اسانید کے ساتھ کتابوں میں نقل کیا ہے مروان کی چند ایک مرویات بطور نمونہ ذکر کی جاتی ہیں۔

—— عُروہ بن الزبیر کہتے ہیں کہ حدیث کے باب میں مروان متہم نہیں۔

—— سہل بن سعد صحابی رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مروان کے صدق پر اعتماد کر کے اس سے روایت نقل کی ہے۔

—— امام مالکؒ نے مروان کی حدیث اور اس کی مجتہدانہ رائے پر پورا اعتماد کیا اور اپنے "مؤطا" میں مروان سے متعدد شرعی مسائل نقل کیے اور مسلم کے علاوہ باقی محدّثین نے مروان کی روایات پر اعتماد کیا ہے۔

—— "قال عروۃ بن الزبیر کان مروان لا یتّہم فی الحدیث"

—— وقد روی عنہ سہل بن سعد الساعدی الصحابی اعتماداً علی صدقہ ....."

—— وقد اعتمد مالک علی حدیثہ ورأیہ والباقون سوی مسلم"

(ھدی الساری مقدمہ فتح الباری لابن حجر، ج ۲-
ص ۱۶۴ تحت حرف المیم-طبع مصر-)

## مؤطا امام مالکؒ

امام مالکؒ نے اپنی مشہور تصنیف مؤطّا کے متعدد مقامات میں مروان بن الحکم سے شرعی مسائل باسند نقل کیے ہیں اور

Marfat.com

اس پر پوری طرح اعتماد کیا ہے۔ مثال کے طور پر چند مقام ذکر کیے جاتے ہیں :-

(۱) ـــــ الموطا لامام مالکؒ، ص ۱۴ طبع مجتبائی دہلی تحت الوضوء من مس الفرج۔

(۲) ـــــ الموطا لامام مالکؒ، ص ۸۰ طبع مجتبائی دہلی۔ کتاب الصیام، باب ماجاء فی صیام الذی یصبح جنباً۔

(۳) ـــــ الموطا لامام مالکؒ، ص ۳۰۴ طبع مجتبائی دہلی۔ جامع ماجاء فی الیمین علی المنبر۔

(۴) ـــــ الموطا لامام مالکؒ، ص ۳۴۲ طبع مجتبائی دہلی تحت القصاص فی القتل۔

(۵) ـــــ الموطا لامام مالکؒ، ص ۳۵۶ کتاب السرقہ باب مالا قطع فیہ۔ طبع دہلی۔

**مؤطا امام محمدؒ** اسی طرح امام محمد بن حسن الشیبانیؒ نے بھی اپنی کتاب "مؤطا" میں مروان بن الحکم سے متعدد دینی مسائل باسند نقل کیے ہیں اور پورے وثوق کے ساتھ انہیں درج کیا ہے۔ ذیل میں ابواب کے ذریعہ نشاندہی کر دی ہے۔ تمام عبارت نقل کرنے میں تطویل تھی۔ اس لیے یہ صورت اختیار کی ہے۔ اہلِ علم رجوع فرما کر تسلی فرما سکتے ہیں۔

(۱) ـــــ موطاء امام محمد بن حسن شیبانیؒ، ص ۱۸۷ مطبوعہ مصطفائی لکھنؤ۔ باب الرجل یطلع لہ الفجر فی رمضان وھو جنب۔

(۲) ـــــ مؤطاء امام محمد بن حسن شیبانی، ص ۲۹۰ باب دیۃ الاسنان۔

Marfat.com

(۳)—— مؤطا امام محمد، ص ۲۹۹۔ کتاب الحدود۔ باب من سرق ثمراً او غیر ذالک مما لم یحرز۔

(۴)—— مؤطا امام محمد، ص ۳۰۳۔ باب المختلس کتاب الحدود۔

(۵)—— مؤطا امام محمد، ص ۳۴۷۔ کتاب البیوع۔ باب الہبۃ والصدقۃ۔ مطبوعہ مصطفائی لکھنؤ۔

**مصنّف عبدالرزاق** مشہور محدّث عبدالرزاق نے اپنی تصنیف "المصنّف" میں مروان کے ذریعہ اپنی سند کے ساتھ حضرت علی المرتضیٰ کا ایک فرمان نقل کیا ہے۔ جو بحث ایلاء کے متعلق ہے۔

"...... مروان نے کہا کہ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ ایلاء کے چار ماہ جب گزر جائیں تو ایلاء کنندہ شخص کو محبوس کر کے مجبور کیا جائے گا۔ یا تو اس عورت کے حق میں (قسم سے) رجوع کرے، یا پھر طلاق دے دے۔"

یہ روایت کرنے کے بعد مروان نے کہا کہ اگر اس نوعیت کا تنازعہ میرے سامنے آئے گا تو علیؓ المرتضیٰ کے فرمان کے مطابق میں فیصلہ کروں گا۔"

—— عن عبدالرزاق عن الثوری عن لیث عن مجاھد عن مروان عن علیؓ قال اذا مضت الاربعۃ فانّہ یحبس حتی یفیٔ اویطلّق۔ قال مروان ولو وُلّیتُ ھٰذا القضیتُ فیہ بقضا علیؓ۔

(۱)—— المُصنّف لعبد الرزاق، ج ۶، ص ۴۵۷۔ طبع اول مجلس علمی باب انقضاء الاربعۃ (بحث ایلاء) طبع بیروت

Marfat.com

—— اور المُصنّف لابن ابی شیبہ، جلد خامس میں مروان کا یہ قول بہ الفاظ ذیل منقول ہے :-

"۔۔۔ قال مروان ولو وُلّیتُ لفعلت مثل ما یفعل"

(المصنّف لابن ابی شیبہ، ج ۵، ص ۱۳۱ طبع حیدر آباد دکن تحت فی المولی یوقف - ابحاث ایلاء -

**مُسندِ امام احمدؒ** امام احمدؒ نے مُسند امام احمدؒ، جلد رابع میں ایک مستقل عنوان قائم کیا ہے۔ اس میں المسور بن المخرمۃ الزہری اور مروان بن حکم کی مرویات کو ملا کر درج کیا ہے۔ اور مسور بن المخرمہ صغار صحابہ میں سے ہیں۔ ص ۳۲۳، ج ۴ سے لے کر ص ۳۳۱ تک ان دونوں حضرات کی بہت سی روایات مُسند احمد میں مدوّن ہیں اور عنوان ان الفاظ کے ساتھ قائم کیا ہے لہ

—— "حدیث المسور بن مخرمۃ الزہری و مروان بن الحکم رضی اللہ عنہما"

—— اور مسند احمد جلد خامس میں زید بن ثابتؓ کی روایات کے تحت بھی مروان کی روایت نقل کی ہے۔

"۔۔۔ عروۃ بن الزبیر انّ مروان اخبرہ قال قال لی زید بن ثابت مالك تقرأ فی المغرب بقصار المفصّل ۔۔۔ الخ

(مُسند احمد، ج ۵، ص ۱۸۹ معہ منتخب کنز العمّال تحت زیدؓ بن ثابت) - طبع مصر، قدیم طبع -

—— اسی طرح مُسند ہذا کے متعدد مقامات میں مروانؓ کی مرویات دستیاب ہوتی ہیں یہ نشان دہی بطور نمونہ پیش کر دی گئی ہے۔

**بخاری شریف** امام بخاریؒ نے مروان بن الحکم کی روایات صحیح بخاری میں ذکر کی ہیں۔ ایک مقام میں المسور بن مخرمہ اور مروان دونوں

Marfat.com

کی روایت کتاب الوکالۃ میں ذکر کی ہے۔

"۔۔۔۔۔ عن ابن شہاب قال وزعم عروۃ ان مروان بن الحکم و المسور بن المخرمۃ اخبرا ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قام حین جاءہ وفد ھوازن مسلمین ۔۔۔ الخ"

(بخاری شریف، ج ۱، ص ۳۰۹۔ کتاب الوکالۃ، باب اذا وہب شیئاً لوکیلہ ۔۔۔ الخ۔ طبع نور محمدی۔ دہلی۔

اسی طرح مروان سے سہل بن سعد الساعدی (صحابی) و دیگر تابعین نے روایت حاصل کی ہے وہ بھی بخاری میں ہے۔ اس چیز کی تائید و تصدیق حافظ ابن حجرؒ نے مقدمہ فتح الباری میں ان الفاظ سے کی ہے کہ لمروان بن الحکم الاموی حدیثان۔ الخ یعنی بخاری میں مروان کی دو عدد حدیثیں منقول ہیں۔

(ہدی الساری مقدمہ فتح الباری ص ۱۹۲۔ ج ۲۔ تحت ذکر عدۃ ما لکل صحابی فی صحیح البخاری موصولاً او معلقاً ۔۔۔ الخ)۔

اور ابن حجر مقدمہ فتح الباری میں فرماتے ہیں:۔

"۔۔۔۔ فانما حمل عنہ سہل بن سعد و عروۃ بن الزبیر و علی بن الحسین و ابوبکر بن عبد الرحمٰن بن الحارث وھٰؤلاء اخرج البخاری احادیثہم عنہ فی صحیحہ ۔۔۔۔ الخ"

(ہدی الساری، ج ۲، ص ۱۶۴۔ تحت حرف المیم۔ طبع مصر)۔

اس مقام میں حافظ ابن حجرؒ نے وضاحت کر دی کہ مروان بن حکم سے

Marfat.com

سے روایت حاصل کرنے والے بعض صحابہ کرامؓ کے علاوہ بڑے بڑے اکابر تابعین مثلاً عروہ بن زبیر اور امام زین العابدینؒ (علی بن الحسین) وغیرہ بھی ہیں جنہوں نے مروان پر دینی و علمی اعتماد کرتے ہوئے روایت حاصل کی ہے[1] اور شرعی مسائل ان سے نقل کیے ہیں اور امام بخاریؒ نے ان چیزوں کو صحیح بخاری میں ذکر کیا ہے۔

(فائدہ)

اہل علم کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ امام بخاریؒ نے اپنی تاریخ کبیر جلد رابع القسم الاول، ص ۳۶۸ میں مختصر سا تذکرہ کیا ہے لیکن ناقدانہ کوئی چیز مروان کے حق میں نہیں ذکر کی اور اسی طرح ابن ابی حاتم رازی نے کتاب الجرح والتعدیل جلد رابع القسم الاول، ص ۲۷۱ میں مروان کا تذکرہ مختصر ذکر کیا ہے کہ فلاں صحابی اور فلاں تابعی نے مروان سے روایت حاصل کی ہے لیکن مروان پر نقد کا لفظ نہیں لکھا۔ صرف ثقاہت درج کی ہے۔

اہل علم حضرات کو معلوم ہے کہ مذکورہ دونوں کتابیں تراجم و رجال کی کتب کے لیے ماخذ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ یہ کتابیں مروان کی تنقیدات سے خاموش ہیں۔ وہ نقد نہیں ذکر کرتیں جو بعد کے لوگوں نے تاریخی ذخائر سے متاثر ہو کر ذکر کر دیے ہیں۔

## مروان کا دینی و علمی مقام اور فقہاء میں شمار

علامہ ابن کثیرؒ نے البدایہ میں مروان کے ترجمہ کے تحت مروان کی اعلیٰ صلاحیتوں اور خوبیوں کو ذکر کیا ہے۔ وہاں حضرت معاویہؓ کا قول مروان کے حق میں نقل کیا ہے جس سے مروان کی علمی اور دینی قابلیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

(۱) ـــــ امیر معاویہؓ نے فرمایا کہ مروان بن الحکم اللہ کی کتاب کا قاری ہے۔ اللہ کے دین کا فقیہ ہے، اللہ کے حدود قائم کرنے میں مضبوط ہے۔

"فقال اما القاری لکتاب اللہ الفقیہ فی دین اللہ الشدید فی حدود اللہ مروان بن الحکم۔"

(البدایہ، ج ۸، ص ۲۵۷ تحت ترجمہ مروان بن الحکم)

(۲) ـــــ اس کے بعد مروان کے عمدہ فضائل کا بیان درج ہے اور امام احمد سے منقول ہے کہ (امیر معاویہؓ کے دور میں بعض دفعہ) مروان منصبِ قضا پر بھی فائز تھا۔ اور امیر المومنین عمرؓ کے فیصلہ شدہ قضایا کی روشنی میں اپنے مقدمات کا فیصلہ صادر کرتا تھا۔

"عن الامام احمد قال یقال کان عند مروان قضاء وکان یتتبع قضایا عمر بن الخطاب۔"

(البدایہ، ج ۸ ص ۲۵۸ تحت ترجمہ مروان)

(۳) ـــــ اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے الاصابہ میں مروان کی علمی لیاقت کو ان الفاظ میں نقل کیا ہے کہ "مروان اپنے دور کے فقہاء میں شمار کیا جاتا تھا" .... "وکان یُعَدُّ فی الفقہاء ... الخ

(الاصابہ معہ الاستیعاب، ج ۳، ص ۴۵۵ تحت مروان بن الحکم فی القسم الثانی)

(۴) ـــــ علامہ ابن تیمیہؒ نے مروان کا علمی و فقہی مقام ان الفاظ کے ساتھ درج کیا ہے۔

"... اخرج اهل الصحاح عدة احادیث عن مروان ولہٗ قول مع اهل الفتیا ... الخ

(منہاج السنہ، ج ۳ ص ۱۸۹)

Marfat.com

یعنی صحاح کے محدثین نے متعدد احادیث مروان سے تخریج کی ہیں اور اہل فتاویٰ میں مروان کا قول لیا جاتا ہے۔

(۵) ــــــ مذکورہ چند ایک چیزیں مروان کی علمی ثقاہت کی ذکر کی ہیں۔ اب ہم آخر میں قاضی ابوبکر بن العربی المتوفی ۵۴۳ھ کا قول مروان کے حق میں درج کرتے ہیں تاکہ ناظرین کرام مروان کے علمی مقام کا اندازہ کر سکیں۔ فرماتے ہیں کہ

ــــــ مروان صحابہ کرامؓ اور تابعین اور فقہائے مسلمین کے نزدیک عادل اور ثقہ آدمی ہے۔ ۔ ۔ ۔

ــــــ بہر حال صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے سہل بن سعد انصاری نے مروان سے روایت نقل کی ہے۔ مروان تابعی ہے اور وہ اپنے ہمعصروں سے ایک قول کے اعتبار سے صحابی ہونے کے شرف میں فضیلت حاصل کر چکا ہے۔

ــــــ فقہائے زمانہ کے ہاں اس کی عظمت اور اعتبار خلافت مسلّم ہے۔ وہ اس کے فتوے کی طرف التفات کرتے ہیں اور اس کی روایت کو تسلیم کرتے ہیں۔

ــــــ بے وزن مؤرخین اور بے وقعت ادیب اپنے اپنے مقام کے مطابق مروان پر ناقدانہ کلام کرتے ہیں۔

۱ ــــــ ۔ ۔ مروانُ رجلٌ عدلٌ من کبار الامۃ عند الصحابۃ والتابعین وفقہاء المسلمین۔

۲ ــــــ اما الصحابۃ فان سہل بن سعد الساعدی روی عنہ۔

۳ ــــــ واما التابعون فاصحابہ فی السن وان جازھم باسم الصحبۃ فی احد القولین۔

۴ ــــــ واما فقہاء الامصار فکلھم علی تعظیمہ واعتبار خلافتہ والتلفت الی فتواہ والانقیاد الی روایتہ۔

Marfat.com

۵ ــــــ واما السنہاء من المؤرخین والادباء یقولون علی اقدارھم۔
(العواصم من القواصم للقاضی ابی بکر بن العربی
ص ۸۹-۹۰-بحث مطاعن عثمانی ۱۲)

ــــ خلاصہ یہ ہے کہ مروان کی علمی ثقاہت وقابلیت اُمت کے اکابرین کے نزدیک مستند ہے اور اکابر محدثین وفقہاء نے مروان سے دینی مسائل نقل کیے ہیں اور ان پر صحیح اعتماد کیا ہے۔ اور ہم نے اس چیز کو بطور مُشتے نمونہ ازخروارے پیش کر دیا ہے۔ اب اگر بعض مؤرخین مروان کے حق میں تاریخی رطب ویابس مواد کی بنا پر نقد وتنقید کریں تو وہ قابلِ توجہ نہ ہوگی۔ اور ظاہر بات ہے کہ اکابر محدثین و فقہاء کی تصریحات کے مقابلہ میں تاریخی ملغوبات کا کوئی وزن نہیں ہوتا۔

## دینی مسائل میں صحابہ کرام سے مشورہ

مروان کے تذکرہ نویس علماء نے یہ چیز بھی ذکر کی ہے کہ مروان کو اپنی ولایت ونیابت کے دوران مدینہ طیبہ میں جب کسی دینی مسئلہ میں مشورہ کی ضرورت پیش آتی تو اس وقت موجود صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جمع کر کے مشورہ کر لیتا تھا۔ پھر جو چیز مشورہ سے طے ہو جاتی اس پر عملدرآمد کرتا تھا۔ مثلاً مدینہ شریف میں اس دور میں غلہ ناپ کرنے کا صاع ایک پیمانہ تھا اور معاشرہ میں چھوٹے بڑے کئی قسم کے صاع مروّج تھے۔ ان کے متعلق مشورہ سے ایک درمیانہ صاع مقرر کر کے مروان نے مروّج کیا۔ لوگ اسے مروان کا صاع کہنے لگے تھے۔

ــــــ اہل علم اس مسئلہ کو عبارتِ ذیل میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔
ابن سعد فرماتے ہیں:

"...... وکان مروان فی ولایتہ علی المدینۃ یجمع اصحاب

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یستشیرہم ویعمل بما یجمعون لہ علیہ ۔۔۔ الخ "

(طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۳۰۔ آخر تذکرہ مروان بن الحکم طبع لیدن)

۔۔۔۔۔۔ اور ابن کثیر لکھتے ہیں کہ :-

"قالوا ولمّا کان نائبًا بالمدینۃ کان اذا وقعت معضلۃ جَمَعَ من عندہ من الصحابۃ فاستشارہم فیہا قالوا وھو الذی جمع الصیعان فاخذ باعدلہا فذہب الیہ الصاع فقیل صاع مروان "

(البدایہ، ص ۲۵۸۔ ج ۸۔ تحت مروان)

**مروان کا محتاط رویہ** علمائے انساب نے مروان بن الحکم کے متعلق احتیاط کا ایک عجیب واقعہ لکھا ہے :-

"عنبسہ بن سعید کہتا ہے کہ میں نے ایک دفعہ مروان بن الحکم کو اس زمانہ میں دعوت دی جبکہ وہ حاکم وقت تھا۔ میں نے اپنے مکان کو خوب آراستہ پیراستہ کیا۔ بہترین قسم کے پردے لگائے، عمدہ قسم کے فرش بچھائے، ملبوسات فاخرہ کا اظہار کیا اور پُرتکلف کھانے تیار کیے اس دعوت میں مروان اور اس کے دونوں بیٹے عبدالملک اور عبدالعزیز شریک ہوتے۔ جب کھانا پیش کیا گیا تو مروان نے کھانے میں ہاتھ ڈالا اور اپنے مُنہ کی طرف لقمہ لے جانے سے قبل دریافت کیا۔ اے عنبسہ! تجھ پر کوئی قرض ہے؟ میں نے جواب دیا، ہاں میں مقروض ہوں۔ مروان نے کہا کتنا قرض ہے؟ میں نے جواب دیا :-

Marfat.com

ستر ہزار درہم ۔ مروان نے یہ سن کر کھانے سے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور اپنے دونوں بیٹوں کو حکم دیا کہ کھانے سے ہاتھ اٹھا لو ۔ اے عنبسہ! تیرے گھر سے کھانا تناول کرنا ہمارے لیے ناجائز ہے ۔ تو ان سب چیزوں اور فضولیات کو اپنے قرض میں لگا دیتا تو بہتر ہوتا پھر مروان کھڑا ہو گیا اور طعام سے اجتناب کیا اور کچھ نہ تناول کیا ۔ ۔ ۔ الخ

" . . . . فقال یا عنبسة! هل علیك من دین؟ قلت نعم ان علیّ لدیناً قال وکم؟ قلت سبعون الف درهم فقبض یده ورفعها من طعامی وقال لابنیه ارفعا یدیکما حرم علینا طعامك ماکنت تقدر ان تجعل بعض هذه الفضول التی اری فی دینك؟ فهو کان اولیٰ به ثم قام ولم یاکل من طعامی شیئاً "

(کتاب نسب قریش، صفحہ ۱۸۰ - ۱۸۱ لمصعب ابن عبداللہ الزبیری تحت اولاد سعید بن العاص)

## جنگی معاونت اور انتظامی صلاحیت

قبل ازیں بحث اوّل میں ہم اس واقعہ کو ذکر کر چکے ہیں کہ بلاذری نے فتوح البلدان میں ذکر کیا ہے کہ جس وقت غزوہ افریقیہ پیش آیا تو حضرت عثمان غنیؓ نے عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کی امداد کے لیے ۲۷ھ یا ۲۸ھ میں ایک لشکر عظیم مدینہ شریف سے روانہ کیا ۔ اس لشکر میں بہت سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین و دیگر اکابرین شریک ہوئے ۔ ان میں مروان بن الحکم، حارث بن الحکم، معبد بن عباس بن عبدالمطلب وغیرہ حضرات شامل تھے ۔

" . . . . . وامدّه (عثمان) بجیش عظیم فیه معبد بن العباس بن عبدالمطلب ومروان بن الحکم والحارث بن الحکم اخوه و

Marfat.com

عبداللہ بن الزبیر ۔۔۔ الخ"

(فتوح البلدان بلاذری، ص ۲۳۴ تحت عنوان

فتح افریقیہ)

ـــــــ اور مروان بن الحکم انتظامی صلاحیت کے حامل تھے۔ اسی بنا پر حضرت عثمانؓ کی جانب سے ان کو بحرین کے علاقہ کا والی اور حاکم بنایا گیا۔ خلیفہ بن خیاط نے اس مسئلہ کو مندرجہ ذیل الفاظ میں ذکر کیا ہے اور قبل ازیں بحث اوّل میں ہم اس کو نقل کر چکے ہیں۔

"۔۔۔ البحرین ۔۔۔ ومن ولاتہ علیہا مروان بن الحکم"

(تاریخ خلیفہ ابن خیاط، جزء اوّل، ص ۱۵۹ تحت

عنوان تسمیۃ عمال عثمانؓ۔ البحرین)

**صحابہؓ نے مروان کی نیابت کی** حدیث اور تاریخ کی کتب میں یہ واقعہ مذکور ہے کہ مروان اپنی ولایت کے دوران بعض اوقات حضرت ابوہریرہؓ کو مدینہ پر اپنا نائب مقرر کیا کرتا تھا۔ حضرت ابوہریرہؓ جب فرضی نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو تکبیر کہتے تھے۔

"۔۔۔ ان ابا ھریرۃ کان حین یستخلفہ مروان علی المدینۃ

اذا قام للصلوٰۃ المکتوبۃ کبّر"

ا ـــ (مسلم شریف، ج ۱، ص ۱۶۹۔ باب اثبات التکبیر

فی کل رفع وخفض فی الصلوٰۃ) طبع نور محمدی دہلی۔

حافظ ابن کثیرؒ نے البدایہ میں یہی واقعہ بعبارتِ ذیل درج کیا ہے۔

"والمعروف انّ مروان ھوالذی کان یستنیب ابا ھریرۃ

فی امرۃ المدینۃ ولکن کان یکون عن اذن معاویۃ فی ذالک

Marfat.com

واللہ اعلم۔

۲ ـــــ البدایہ، ج ۸، ص ۱۱۲ تحت تذکرہ ابی ہریرۃ ۵۹ھ

۳ ـــ المنتخب ذیل المذیل لابن جریر الطبری، ص ۸۱ ۔
تحت ذکر من قال ذالک طبع شدہ در آخر
تاریخ الطبری ۔

## حصولِ ثواب میں رغبت

ابو نصر سالم کہتے ہیں کہ ایک دفعہ مروان ایک جنازے پر حاضر ہوا جب جنازہ ہو چکا تو مروان واپس ہو گیا حضرت ابو ہریرہؓ موجود تھے ۔ فرمانے لگے کہ ثواب کا ایک قیراط حاصل کیا اور ایک قیراط سے محروم رہا (قیراط اس دور کے ایک وزن کا نام تھا) یعنی شمول جنازہ کے ثواب کو تو حاصل کیا لیکن اذنِ عام تک ٹھہرنے کے ثواب سے محروم رہا ۔ اس بات کی اطلاع مروان کو دی گئی تو مروان تیزی سے واپس ہوا اور لوگوں میں آکر بیٹھ گیا یہاں تک کہ اذنِ عام دیا گیا ۔

"قال اللیث عن یزید بن حبیب عن سالم ابی النضر انّہٗ قال شہد مروان جنازۃ فلمّا صلّٰی علیہا انصرف فقال ابو ہریرۃ اصاب قیراطاً وحرم قیراطاً فاخبر بذالک مروان فاقبل یجری حتٰی بدت رکبتاہ فقعد حتٰی اذن لہ ۔

(البدایہ لابن کثیر، ص ۲۵۸ - ج ۸ تحت ترجمہ مروان بن الحکم) ۔

## موافقت و آثارِ نبوی کی تلاش

ـــــ مدینہ طیبہ میں بہت سے مقامات ایسے تھے جن میں حضور علیہ السلام سے کوئی معجزہ صادر ہوا یا کوئی خاص ظہورِ برکت کا واقعہ پیش آیا یا کوئی اور اہم چیز اس مقام

Marfat.com

کے متعلق ظاہر ہوئی تو مروان نے پوری عقیدت مندی کے ساتھ سعی کی کہ ان مقاماتِ متبرکہ کے متعلق واقفیت حاصل کی جائے پس اس نے ایک دفعہ ابو قتادہ انصاریؓ کو آدمی بھیج کر بلوایا اور ان سے عرض کی کہ آپ میرے ساتھ ہو کر نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ان خاص خاص مواضعات پر مجھے مطلع کریں۔

"عن عبد اللہ بن کعب بن مالک انّ مروان ارسل الیٰ ابی قتادۃ وھو علی المدینۃ ان اغد معی حتیٰ تریني مواقف النبی صلی اللہ علیہ وسلّم۔"

(۱) التاریخ الصغیر للبخاری، ص ۴۵ تحت ذکر من کان بعد الخمسین الی ستین۔ طبع الہ آباد (ہند)

(۲) الاصابہ لابن حجر ص ۱۵۸ ج ۴ تحت ابی قتادہ

## مروان کے حق میں حسنین شریفینؓ کی سفارش

اہلِ سنّت و شیعہ دونوں حضرات نے جنگ جمل کے موقع کا واقعہ لکھا ہے۔ سعید بن منصور (سنّی محدّث) نے اپنے سُنن کے جلد ثانی میں ذکر کیا ہے کہ جب جنگ جمل ختم ہوئی تو حضرت علیؓ نے اعلان کرایا کہ "جس شخص نے اپنے مکان کا دروازہ بند کر لیا اس کو امان ہے۔" "جس شخص نے ہتھیار ڈال دیئے اس کو بھی امان ہے۔" مروان کہتا ہے کہ میں فلاں شخص کے گھر میں تھا۔ میں نے حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ، عبداللہ بن عباسؓ، اور عبداللہ بن جعفر وغیرہم کو حضرت علیؓ کی خدمت میں روانہ کیا کہ حضرت علیؓ سے میرے امن و امان کے متعلق کلام کریں۔ انہوں نے اس سلسلہ میں گفتگو کی تو حضرت علیؓ نے فرمان دیا کہ اسے بھی امان حاصل ہے۔

"۔۔۔۔۔ من اغلق علیہ باب دارہ فھو آمن ومن طرح السلاح آمن قال مروان وقد کنت دخلت دار فلان ثم ارسلت الیٰ حسن وحسین ابنی علي وعبد اللہ بن عباس وعبید اللہ بن عباس

Marfat.com

وعبد اللہ بن جعفر کلّموہ فقال ھو آمن . . . الخ ‘‘

(السنن لسعید بن منصور، ص ۳۶۶ - باب جامع الشہادۃ
روایت ۲۹۴۷ طبع مجلس علمی کراچی۔ ڈابھیل)

—— شیعہ کی کتاب ’’نہج البلاغۃ‘‘ میں بھی یہی مضمون درج ہے کہ یوم الجمل میں مروان ماخوذ ہو گیا تو حضرت علیؓ کی خدمت میں دونوں بھائیوں حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ نے مروان کے حق میں خلاصی کی سفارش کی تو حضرت علیؓ نے مروان کو امان دے کر چھوڑ دیا۔

’’ من کلام لہٗ علیہ السلام قال لمروان بن الحکم بالبصرۃ قالوا اخذ مروان بن الحکم اسیراً یوم الجمل فاستشفع بالحسنؓ والحسینؓ علیہم السلام الٰی امیرالمومنین علیہ السلام نکلما فیہ فخلی سبیلہٗ ۔

(۱) —— نہج البلاغہ، ص ۱۲۳ فی خطبۃ لہٗ علیہ السلام علّم فیہا الناس الصلوٰۃ علی النبیؐ ۔ طبع مصری

—— شیعہ کے مشہور مؤرخ مسعودی نے بھی حضرات حسنینؓ کی سفارش پر حضرت علیؓ کا مروان کو امان دینا بعبارت ذیل نقل کیا ہے اور ساتھ ہی ولید بن عقبہ کی امان کا بھی ذکر کیا ہے۔

—— وتکلم الحسن والحسین فی مروان فآمنہ وآمن الولید بن عقبہ . . . الخ ‘‘

(۲) —— مروج الذہب، ص ۳۷۸ طبع رابع مصر تحت وقعۃ الجمل کلام بین ابن عباس وعائشہؓ ۔

## مروان کی اقتدا میں حسنین شریفینؓ کی نمازیں

مروان بن الحکم کی ولایت اور نیابت کے دور میں سیدنا

Marfat.com

حسنؓ اور سیدنا حسینؓ جماعت کے ساتھ ہمیشہ مروان کی اقتدا میں نماز ادا کرتے تھے کسی شخص کی طرف سے جناب محمد باقرؒ پر سوال کیا گیا کہ آپ کے باپ دادا جب گھر کی طرف واپس ہوتے تو نماز لوٹاتے نہیں تھے؟ تو انہوں نے قسم کھا کر فرمایا کہ ہمارے اکابر ائمہ نماز کی نماز سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے۔

"عن جعفر عن ابیہ قال کان الحسن بن علی والحسین یصلیان خلف مروان قال فقیل لہ اما کان ابوک یصلی اذا رجع الی البیت قال فیقول لا واللہ ما کانوا یزیدون علی صلوٰۃ الائمۃ۔"

(۱) ـــــ المصنف لابن ابی شیبہ، ج ۲ ص ۳۷۸ طبع حیدر آباد دکن تحت ذکر فی الصلوٰۃ خلف الامراء

(۲) ـــــ البدایہ لابن کثیر، جلد ہشتم، ص ۲۵۸ تذکرہ مروان بن الحکم۔

امام بخاریؒ نے تاریخ صغیر میں ذکر کیا ہے کہ حضرات حسنینؓ ہمیشہ مروان کے خلف میں نماز ادا کرتے تھے۔

"۔۔۔۔ حدثنی شرحبیل ابو سعد قال رأیت الحسنؓ والحسینؓ یصلیان خلف مروان۔"

(۱) ـــــ تاریخ صغیر امام بخاری ص ۷۰ طبع انوار محمدی الہ آباد (ہند)

ـــــ الطبقات لابن سعد میں امام محمد باقرؒ کا قول منقول ہے کہ ہم خلفائے وقت کی اقتداء میں بغیر تقیہ کے نماز ادا کیا کرتے ہیں۔ اور میں شہادت دیتا ہوں کہ میرے والد زین العابدینؒ بھی خلفاء وقت کی اقتدا میں ہمیشہ بغیر تقیہ کے نماز ادا کرتے تھے۔

"۔۔۔۔ انا لنصلی خلفہم من غیر تقیۃ واشھد علی علی بن حسین انہ

Marfat.com

کان یصلی خلفھم فی غیر تقیۃ "

(طبقات لابن سعد، ج ۵ ص ۱۵۸ تحت

تذکرہ علی بن الحسینؓ)

شیعہ علماء نے بھی امام جعفر صادق اور امام محمد باقر کی روایت ذکر کی ہے کہ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ مروان بن الحکم کے پیچھے ہمیشہ نماز ادا کیا کرتے تھے۔ لوگوں نے ان کو کہا کہ آپ کے باپ دادا جس وقت گھر واپس ہوتے تو کیا وہ نماز کو لوٹاتے نہیں تھے؟ تو محمد باقرؒ نے فرمایا کہ اللہ کی قسم سابقہ نماز پر زیادتی نہیں کرتے تھے۔

"عن موسیٰ بن جعفر عن ابیہ قال کان الحسن والحسین یصلیان خلف مروان بن الحکم فقالوا لاحدھما ما کان ابوک یصلی اذا رجع الی البیت فقال لا واللہ ما کان یزید علی صلوۃ "

(کتاب بحار الانوار ملا باقر مجلسی، ج ۱۰ ص ۱۳۹-۱۴۱، باب احوال اہل زمانہ و ما جری بینھم و بین معاویہ طبع قدیم ایران۔

دونوں فریق کے حوالہ جات رجوا کابر بنی ہاشم سے منقول ہیں) کی روشنی میں مسئلہ واضح ہو گیا کہ مروان کی ولایت وخلافت درست تھی۔ نماز کی امامت ان کی صحیح تھی۔ ہاشمی اکابر ہمیشہ ان کی اقتداء میں پنجگانہ نمازیں ادا کرتے تھے اور بغیر تقیہ کے پڑھتے تھے اور گھر تشریف لا کر نماز کا اعادہ نہیں کرتے تھے۔ دینی معاملات میں نسلی امتیازات و خاندانی تعصبات پیشِ نظر نہیں رکھتے تھے۔ ان واقعات کے ذریعہ مروان کی صلاحیت کی تصدیق ہوتی ہے اور خلاف پروپیگنڈے کی تردید ہوتی ہے۔

## اُموی خُلفا حضرت علی بن الحسینؓ کی نظر میں

مصنف ابن ابی شیبہ نے جلد ثانی، تحت ذکر فی الصلوۃ خلف الامراء میں اپنی سند کے ساتھ امام زین العابدینؓ کا ایک بیان درج کیا ہے

Marfat.com

وہ ان مسائل کے حل کرنے میں نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ قارئین کرام اسے بغور ملاحظہ فرماویں اور یہ بات ملحوظ رہے، یہ مروان بن الحکم کا دور ہے ان ایام میں حضرت زین العابدینؒ نے یہ ارشادات فرمائے تھے۔

—— ایک شخص ابراہیم بن حفصہ نے امام زین العابدین کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ کے عقیدت مندوں میں جو ابوحمزہ الثمالی ہے وہ کہتا ہے کہ ان اُمراء و خلفاء کے پیچھے ہم نماز نہیں ادا کریں گے اور ان کے ساتھ نکاح اور رشتہ داری کا تعلق بھی قائم نہیں کریں گے جب تک یہ لوگ ہمارے نظریات کے موافق نظریات و خیالات نہ رکھیں۔ یہ سُن کر علی بن الحسین (زین العابدین) نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ اس طرح نہیں بلکہ ہم ان کے پیچھے نمازیں ادا کریں گے اور سُنت کے مطابق ان سے نکاح کریں گے۔

"... عن ابراھیم بن حفصۃ قال قلت لعلی بن الحسین ان ابا حمزۃ الثمالی وکان فیہ غلوّ یقول لا نصلی خلف الائمۃ ولا ننا کح الامن یری مثل رأینا - فقال علی بن الحسین بل نصلّی خلفھم و ننا کحھم بالسُّنۃ ۔"

(المصنف لابن ابی شیبہ، جلد ثانی، ص ۳۷۸ - ۳۷۹،
تحت ذکر الصلوٰۃ خلف الامراء - طبع حیدر آباد دکن)

## حضرت علی بن الحسینؓ (یعنی زین العابدین) مروان کی نظروں میں!——

سیدنا جعفر صادقؒ سے مروی ہے کہ ایک دفعہ مروان بن الحکم نے حضرت زین العابدینؒ (علی بن الحسین) کو ضرورتِ رشتہ کے لیے ایک لاکھ درہم کی کثیر رقم بطور قرضِ حسنہ کے دے دی (تاکہ اس سے امۃ یعنی باندی خرید کریں۔ اس سے اولاد ہو سکے گی)۔ چنانچہ حضرت زین العابدین نے اسی طرح کیا۔ اس امۃ یعنی باندی سے سیدنا زین العابدین کی

Marfat.com

بہت اولاد ہوئی۔

—— اس کے بعد جب مروان بیمار ہُوا تو اس نے اپنے لڑکے عبدالملک کو وصیت کر دی کہ (علی بن الحسین) یعنی زین العابدین کو جو کچھ ہم نے قرض دیا ہُوا تھا ان سے واپس نہ لینا۔ مروان کی وفات کے بعد عبدالملک وغیرہ کو حضرت زین العابدینؒ نے قرض کی رقم واپس کرنے کی کوشش کی لیکن انہوں نے نہ لی۔ آخرکار وہ رقم زین العابدین کے پاس رہی۔ نیز اس سلسلہ میں الفہرست لابن الندیم صہ ۱۵۰ تحت اخبار الواقدی بھی قابل ملاحظہ ہے۔

یہ واقعہ اپنی تفصیلات کے ساتھ "البدایہ" میں دو مقامات پر درج ہے۔ اس میں مروان کی جانب سے حضرت سیدنا حسینؓ کی اولاد کے ساتھ حُسنِ سلوک اور مروّت کا بہترین نمونہ موجود ہے۔

(۱) ۔۔۔۔ فلمّا حضرته الوفاة اوصیٰ الی ابنه عبد الملك ان لا یسترجع من علی بن الحسین شیئًا ۔۔۔ الخ"

(البدایہ، ج ۸ ص ۲۵۸ ترجمہ مروان بن الحکم)

(۲) ۔۔۔۔ ثم لما مرض مروان اوصیٰ ان لا یؤخذ من علی بن الحسین شئ ممّا کان اقرضه فجمیع الحُسینیّین من نسله"

(البدایہ، ج ۹ ص ۱۰۴-۱۰۵ تحت ترجمہ علی بن الحسینؓ)

## حضرت زین العابدینؒ عبدالملک بن مروان کی نظر میں

مروان بن الحکم اور اس کی اولاد عبدالملک وغیرہ کے حضرت علیؓ کی اولاد کے ساتھ بہتر تعلقات تاریخ میں دستیاب ہوتے ہیں۔

اس دور کے اہلِ علم مثلاً علامہ زہری وغیرہ بھی اس بات کی صراحت کرتے

Marfat.com

ہیں کہ بنی ہاشم میں حضرت زین العابدین مروان اور اس کے لڑکے عبدالملک کی طرف زیادہ پسندیدہ تھے اور ان کے پوری طرح فرمانبردار اور معاون تھے۔

"عن شعیب بن ابی حمزۃ قال کان الزھری اذا ذکر علی

بن حسین قال کان اقصد اھل بیتہ و احسنھم طاعۃً واحبّھم

الی مروان بن الحکم و عبدالملک بن مروان"

(۱)۔ طبقات لابن سعد، ج ۵۔ ق ۱، ص ۱۵۶۔ تحت تذکرہ علی بن حسینؓ۔ (۲) التاریخ الصغیر للبخاری ص ۷۴۔ طبع ہند

چنانچہ اس سلسلہ میں ابن سعد نے مختار کے دور کا ایک واقعہ لکھا ہے کہ

"مختار نے اپنے دورِ حکومت میں ایک بار امام زین العابدین کی طرف ایک لاکھ درہم کی خطیر رقم ارسال کی۔ حضرت زین العابدینؒ اس کے قبول کرنے میں متردد ہوئے اور ظاہری حالات کے ماتحت اس رقم کو رد بھی نہ کر سکے اس لیے رقم ہذا کو اپنی نگرانی میں محفوظ کر لیا جب مختار قتل ہو گیا اور عبدالملک بن مروان والی بن گیا تو زین العابدین نے عبدالملک بن مروان کی طرف خط لکھا کہ مختار نے میری طرف ایک لاکھ درہم ارسال کیے تھے میں اس رقم کو لینا پسند نہیں کرتا تھا اور اس وقت نہ ہی اسے واپس کر سکا۔ اب وہ رقم میرے پاس موجود ہے۔ کوئی آدمی بھیج کر واپس منگوا لیجیے۔

اس کے جواب میں عبدالملک نے تحریر کیا کہ اے میرے چچا کے بیٹے! میں نے آپ کو وہ رقم ہدیۃً دے دی ہے آپ اسے قبول کر لیں تب حضرت زین العابدین نے وہ رقم قبول فرمائی"

عن سعید بن خالد عن المعبری قال بعث المختار الی علی بن

Marfat.com

الحسین بمائة الف فکرہ ان یقبلها وخاف ان یردّها فاخذها
فا حتبسها عنده فلمّا قتل المختار کتب علی بن الحسین الی عبدالملک
بن مروان ان المختار بعث الیّ بمائة الف درهم فکرهت ان
اردّها وکرهت ان آخذها فهی عندی فابعث من یقبضها
فکتب الیه عبد الملک یا ابن عم خذها فقد طیبتها لک
فقبلها ۔"

(۱)۔۔۔ طبقات لابن سعد، ج ۵، ص ۱۵۸، القسم الاول
تذکرہ علی بن الحسین۔ طبع لیدن۔
(۲)۔۔۔ المنتخب من ذیل المذیل للطبری مطبوعہ در آخر
تاریخ طبری، ص ۸۹ تحت عنوان ومن ھلک
فی سنة ۸۳ھ۔ طبع مصری۔

Marfat.com

# اِزالۂ شبہات

مروان کے متعلقات میں چند عنوانات جو ہم نے ناظرین کی خدمت میں پیش کیے ہیں دفع مطاعن کے لیے ان کی ایک مستقل جوابی حیثیت ہے اور ان کے ذریعے مروان کا مقام و مرتبہ اور اخلاق و کردار واضح ہوگیا ہے۔ تاہم بعض شبہات کے ازالہ کی خاطر چند چیزیں قارئین کرام کے لیے ذکر کی جاتی ہیں تاکہ مسئلہ ہٰذا کی اصل صورت واضح ہوجائے اور مروان کے حق میں سوءظنی کا ازالہ ہوسکے۔

## شبہ اوّل

### ( جلاوطنی کا مسئلہ )

معترضین کہتے ہیں کہ مروان کے والد الحکم بن ابی العاص کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض خطاؤں کی بنا پر مدینہ شریف سے جلاوطن کر دیا اور ان کا بیٹا مروان بھی ان کے ساتھ تھا۔ پھر یہ باپ بیٹا شیخین کے زمانے میں بھی جلاوطن رہے جب ان کے چچازاد بھائی حضرت عثمانؓ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے مروان کو اپنا کاتب اور صاحبِ تدبیر (یعنی مشیرِ خاص) بنا لیا۔

(منہاج الکرامہ لابن مطہر الحلی الشیعی، ص ۶۷۔ تحت مطاعنِ عثمانی)

Marfat.com

———— یہ طعن حضرت عثمانؓ اور الحکم بن ابی العاص اور ان کے بیٹے مروان پر مشترک طور پر تجویز کیا جاتا ہے۔

اس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ حضرت عثمانؓ نے فرمانِ نبویؐ صلی اللہ علیہ وسلم کی خلاف ورزی کر دی۔ الحکم بن ابی العاص غلط کردار کے انسان تھے جس کی وجہ سے ان کو اپنے شہر سے نکال دیا اور مروان بھی اپنے والد کے ساتھ جلاوطنی میں ساتھ رہنے کی وجہ سے "مطرود" و "معتوب" و "مغضوب" ہے۔

# ازالہ

اوّل ———— گذارش ہے کہ طرد اور نفی (یعنی جلاوطنی) کا یہ واقعہ احادیثِ صحیحہ میں مفقود ہے اور جن روایات میں اس قصّہ کو راویوں نے نقل کیا ہے وہ باعتبارِ سند درجۂ صحت کو نہیں پہنچتیں۔ ان رواۃ میں واقدی جیسے غیر معتبر اور ہشام کلبی جیسے سخت مجروح قسم کے لوگ موجود ہیں اور کئی مصنفین نے طرد کے قصّہ کو نقل کر دیا ہے لیکن سند ذکر نہیں کی جس سے واقعہ کی صحت اور سقم کو معلوم کیا جا سکے۔

علامہ ابن تیمیہؒ اور حافظ ذہبیؒ جیسے مشہور علماء نے اس جلاوطنی کے قصّہ پر خوب تنقید کر دی ہے اور عدمِ صحت کا حکم لگا دیا ہے۔

"وقصة نفي الحكم ليست في الصحاح ولا لها اسناد يعرف به امرها"

(۱) ———— منہاج السنہ لابن تیمیہؒ، جلد ثالث، ص ۱۹۶ بحث طرد الحکم بن ابی العاص۔

(۲) ———— المنتقیٰ للذہبی، ص ۳۶۵۔ الفصل الثالث بحث بحث نفی الحکم بن ابی العاص۔

Marfat.com

——— الحکم کی جلاوطنی کی عدمِ صحت کی تائید طبقات ابن سعد کی ایک روایت سے بھی ہوتی ہے۔ چنانچہ ابنِ سعد نے الحکم بن ابی العاص کے تذکرہ میں لکھا ہے کہ الحکم بن ابی العاص فتح مکہ کے روز اسلام لائے اور خلافتِ عثمانی تک وہیں رہے۔ پھر وہ حضرت عثمانؓ کی اجازت سے مدینہ طیبہ میں داخل ہوئے اور خلافتِ عثمانی میں مدینہ طیبہ میں وفات پائی۔

——— اسلم یوم فتح مکة ولم یزل بھا حتیٰ کانت خلافة عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فاذن لہ فدخل المدینة فمات بھا فی خلافة عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ۔"

(طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۳۲۱۔ تحت الحکم بن ابی العاص۔ طبع اول۔ لیدن)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ الحکم بن ابی العاص اسلام لانے کے بعد مکہ شریف میں مقیم رہے اور انہوں نے حضرت عثمانؓ کے دور میں انتقالِ مکانی کر کے مدینہ میں سکونت اختیار کی (اس دوران جلاوطنی کا واقعہ نہیں پیش آیا)۔ اللہ اعلم بالصواب۔

**دوم۔ بصورتِ دیگر** | یعنی علیٰ سبیل التنزل اگر یہ صورت تسلیم کر لی جائے کہ جلاوطنی کا واقعہ پیش آیا تھا اور الحکم کو فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے جلاوطن کیا گیا۔ اور حضرت عثمانؓ نے اسے واپس بلایا تو اس کے متعلق ابنِ جریر طبری وغیرہ علماء نے یہ تصریح کر دی ہے کہ حضور علیہ السلام کی اجازت سے ہی یہ واپسی ہوئی تھی۔ چنانچہ حضرت عثمانؓ محاصرہ کرنے والے معترضین کے جواب میں ان کو خطاب کرتے ہوئے عند المحاصرہ یہ فرمایا کہ الحکم مکی ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مکہ سے طائف کی طرف چلتا کر دیا تھا۔ اور پھر حضور علیہ السلام نے ان کو واپس کیا۔ کیا یہ بات اسی طرح ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ ہاں

Marfat.com

اسی طرح ہے۔

——— مضمون ہذا طبری نے اپنی تاریخ میں متعدد مقامات میں درج کیا ہے۔

(۱) "۔ ۔ ۔ قالوا انی رددت الحکم وقد سیّرہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم والحکم مکّی سیّرہ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم . . . . . . . . . . . . من مکۃ الی الطائف ثمّ ردّہٗ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم فرسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سیّرہ ورسُول اللہ علیہ وسلّم ردّہٗ اکذالک؟ قالوا اللّٰھم نعم!"

(۱) ——— تاریخ طبری، ص ۱۰۲-۱۰۳-ج ۵ تحت حالات آمد وفود مصری وعراقی بر مدینہ تحت ۳۵ھ

(۲) ——— البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۷۱- درا بنداء ۳۵ھ۔

دوسرے مقام میں طبری لکھتے ہیں کہ بعض اہلِ مدینہ کو مخاطب کرکے محاصرہ کے دوران حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ:-

(۲) "۔ ۔ ۔ فقال انّ الحکم کان مکیاً فسیّرہ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم منہا الی الطائف ثمّ ردّہٗ الی بلدہٖ فرسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم سیّرہٗ بذنبہٖ ورسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ردّہٗ بعفوہٖ"

(۱) ——— تاریخ طبری، ج ۵ ص ۱۳۵ تحت ذکر بعض سیر عثمانؓ

(۲) ——— کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ، ص ۸۳-۸۴- طبع بیروت۔

Marfat.com

مندرجہ بالا حوالہ جات کا مطلب یہ ہوا کہ حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے تحت جلا وطنی ہوئی اور ان کے فرمان کی وجہ سے الحکم کو معافی مل گئی اور بفرمانِ نبوت ہی واپسی ہوئی۔

سوم یہ بات ہے کہ حکم کے حق میں جلا وطنی کی یہ سزا دائماً نہیں تھی۔ وہ ایک مدت کے ساتھ متعین و مقید تھی اس لیے کہ شریعت میں اس قسم کے گناہ پر مدت العمر جلاوطنی کی سزا اس سے ساقط ہو جاتی ہے اور بعد از توبہ وہ شخص دائمی سزا کا مستوجب نہیں رہتا۔

چنانچہ اس مسئلہ کو مشہور علماء (مثلاً ابن حزمؒ اور ابن تیمیہؒ وغیرہ) نے اپنی اپنی تصانیف میں مذکورہ بحث کے تحت درج کیا ہے۔ اہلِ علم کی تسلی کے لیے بعینہٖ عبارات درج ہیں۔ ابنِ حزم لکھتے ہیں کہ:۔

(۱) ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ونفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للحکم لم یکن حداً واجباً ولا شریعۃً علی التابید وانما کان عقوبۃً علی ذنب استحق بہ النفی والتوبۃ مبسوطۃ فاذا تاب سقطت عنہ تلک العقوبۃ بلاخلافٍ من احدٍ من اھل الاسلام و صارت الارض کلھا مباحۃ ۔"

(کتاب الفصل فی الملل والاھواء والنحل، ج ۴ ص ۱۵۴، لابن حزم ابی محمد علی بن حزم المتوفی ۴۵۶ھ معہ کتاب الملل والنحل للشہرستانی طبع اول بحث الکلام فی حرب علی ومن حاربہ من الصحابۃ رضی اللہ عنہم)

اور ابن تیمیہ لکھتے ہیں کہ:۔

(۲) "۔ ۔ ۔ ۔ واذا کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد عزّر

Marfat.com

رجلاً بالنفی لم یلزم ان یبقیٰ منفیاً طول الزمان فانّ ھٰذا لا یعرف فی شیئٍ من الذنوب و لم تاتِ الشریعۃ بذنبٍ یبقی صاحبہ منفیاً دائماً بل غایۃ النفی المقدرسنۃ وھو فی نفی الزانی و المخنّث حتیٰ یتوب من التخنیث فان کان تعزیر الحاکم لذنبٍ حتیٰ یتوب منہ فاذا تاب سقطت العقوبۃ عنہ ۔"

(منہاج السنہ لابن تیمیّہ، ج ۳، ص ۱۹۶ بحث طردِ حکم بن ابی العاص و جواب آں)

**چہارم** یہ چیز ہے کہ طرد کے واقعہ کے وقت مروان صغیر اور نابالغ تھا۔ اس میں مروان کے مجرم ہونے کا کچھ مطلب ہی نہیں۔ باپ کا جرم صغیر بیٹے کے پلڑے میں ڈال کر اسے مجرم قرار دینا کسی صورت میں درست نہیں۔

"۔۔۔۔ فلم یکن لمروان ذنبٌ یطرد علیہ علی عھد النبی صلّی اللہ علیہ وسلم ۔"

(۱) ـــــ منہاج السنۃ، ج ۳، ص ۱۹۶۔
(۲) ـــــ المنتقی، ص ۳۹۵ ۔ الفصل الثالث التحقیق فی نفی الحکم و اطلاقہ۔

بعض لوگوں نے باپ بیٹے کے اس واقعہ کو بڑا چمکایا ہے اور کئی مفروضے قائم کر کے اس معتوب باپ کے مغضوب بیٹے یعنی مروان کی خوب پوزیشن خراب کی ہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانانِ سلف کے حق میں بدگمانی اور سوءِ ظنی رکھنے سے محفوظ فرمائے۔ فرمانِ خداوندی ہے :-

"اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا ۔"

Marfat.com

حالانکہ اسلام میں قانونِ شرعی ہے جب مومن کسی معصیت سے توبہ کرے تو وہ گناہ معاف ہو جاتا ہے اور اس شخص کی عدالت ساقط نہیں ہوتی۔ علماء نے فرمایا ہے کہ

"۔۔۔۔ ولیست الذنوب مسقطة للعدالة اذا وقعت منها التوبة"

(العواصم من القواصم، ص ۹۴۔ للقاضی ابی بکر ابن العربی)

ان چیزوں کے پیشِ نظر تو باپ بیٹا دونوں قابلِ مواخذہ نہیں۔ ان کا ایمان و اسلام صحیح ہے اور دیانت درست ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ :-

(۱) ـــــ "جلاوطنی" کا واقعہ محدثین کے نزدیک کوئی مسلمات میں سے نہیں ہے۔ اس میں مختلف قسم کی مرویات ہیں جو درجہ صحت کو نہیں پہنچتیں۔

(۲) ـــــ اگر بالفرض یہ واقعہ درست ہے تو فرمانِ نبوی کے موافق وقوع پذیر ہُوا۔ اس میں فرمانِ نبوی کے خلاف حضرت عثمانؓ کا کردار اور عمل نہیں تھا۔ بلکہ فرمانِ نبوی کے تحت تھا۔ اور حضرت عثمانؓ کا مقام بھی یہی ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ :

"۔۔۔۔ وما کان عثمان لیصل مھجور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولو کان اباہ ولا ینقض حکمہ"

"یعنی عثمان ایسے نہیں تھے کہ حضور علیہ السلام کے مہجور کے ساتھ تعلق جوڑ دیں اور آنجنابؐ کے حکم کو توڑ دیں اگرچہ ان کا باپ ہو۔"

(العواصم من القواصم، ص ۷۷، تحت جوابات مطاعن عثمانی)

Marfat.com

(۳) ـــــــ نیز الحکم کی یہ غلطی دائمی نہ تھی وقتی تھی اور قابلِ معافی تھی جس پر عفو ہوا اور معاملہ درگزر کر دیا گیا۔

(۴) ـــــــ صغرسنی کے باوجود مروان کو اس مسئلہ میں قصور وار گردانا اور اسے قابلِ نفرت و مذمت قرار دینا نہایت ناانصافی ہے جو کسی طرح روا نہیں ہے۔

## شبہ دوم

مروان کے متعلق مروان کے مخالفین یہ چیزیں بڑی آب و تاب سے ذکر کرتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ نے اپنی خلافت کے امور کا اسے والی بنا دیا، اور خلافت کی باگ ڈور اس کے ہاتھ میں دے رکھی تھی اس کی وجہ سے اُمت میں کئی فتنے کھڑے ہو گئے اور مروان کی خرابیوں کی وجہ سے حضرت عثمانؓ پر محاصرہ ہوا اور وہ شہید کر دیئے گئے وغیرہ۔

ـــ "وولی مروان امرہ والقی الیہ مقالید امورہ ودفع الیہ خاتمہ فحدث من ذالک قتل عثمان وحدث من الفتنۃ بین الامۃ ماحدث"

(منہاج الکرامۃ لابن مطہر الحلی الامامی الشیعی، ص ۹۷ آخر منہاج السنۃ، جلد چہارم طبع لاہور)

## ازالہ

**مروان کی عہدہ داری**

قبل ازیں بحث اوّل میں ہم درج کر چکے ہیں کہ:۔
ـــــ حضرت عثمانؓ نے مروان بن الحکم کو اپنا الکاتب (یعنی منشی) مقرر کیا ہوا تھا۔ تمام سلطنت پر قابض یا اپنا نائب نہیں بنایا

Marfat.com

ہوا تھا۔اس عہدہ پر مروان ہمیشہ سے نہیں تھا بلکہ بعض اوقات وہ بحرین پر حاکم و والی رہا ہے اور بعض دفعہ مروان نے جنگی مہموں میں بھی شرکت کی۔مثلاً افریقیہ کی جنگ میں دیگر اکابر کے ساتھ مروان بھی شامل تھا۔اس پر حوالہ جات بحث اوّل میں دیئے جا چکے ہیں۔

اس سے واضح ہو گیا کہ کاتب کے عہدے پر مروان ہمیشہ نہیں رہا اور نہ ہی ان کے زعم کے موافق "مغضوب مروان" اپنے "معتوب باپ" الحکم کی وجہ سے حکومت کے کاموں پر کبھی اثر انداز ہُوا۔

——— اور مروان کا کاتب ہونا صحابہ پر ناگوار نہیں تھا۔اکابر صحابہ کرام پر ناگوار ہونے کا مسئلہ خواہ مخواہ فرض کر لیا گیا ہے کیونکہ اکابر صحابہؓ کے نزدیک اگر مروان کا کاتبِ عثمانؓ ہونا غلط تھا تو جب حضرت عثمانؓ نے حکام کی متعلقہ شکایات کے ازالہ اور تبدیلی کے لیے اعلانِ عام کیا تھا کہ جس کو اس قسم کی شکایت ہو اس کو دُور کیا جائے گا۔اس وقت کسی صاحب نے (خواہ صحابی ہو یا غیر صحابہ سے) مروان کے تبدیلِ منصب کا مسئلہ سامنے نہیں رکھا اور نہ اُس کی متعلقہ شکایات پیش کیں۔ (بحث اوّل میں حوالہ گزر چکا ہے) ——— بعد کے لوگوں نے آہستہ آہستہ ان اعتراضات کو چُن چُن کر اٹھایا اور پھیلایا ہے، حالانکہ عہدِ عثمانی میں صحابہ کرام اس پر معترض نہیں تھے۔

——— نیز یہ بات بھی قابلِ توجہ ہے کہ حضرت عثمانؓ کے آخری تین سالوں میں بھی مروان کاتب رہا ہے اور اس دَور میں مروان کا والد الحکم کئی سال قبل یعنی ۳۲ھ میں فوت ہو چکا تھا۔اس کی وفات کے بعد اس کے بیٹے کو مغضوب تصوّر کرنا اور صحابہ کرامؓ پر اس کا ناگوار گزرنا یہ ایک بالکل فرضی داستان ہے جس کو بیکار تاریخی روایات کے ذخیرہ سے بزور استنباط کیا گیا ہے (کسی صحیح

Marfat.com

روایت کی رُو سے) اعتراض قائم نہیں کیا گیا
——— اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ حضرت عثمانؓ نے کسی قدیم صحابی کو معزول کرکے اس کے عہدے پر مروان کو فائز نہیں کیا بلکہ ابتدا ہی سے یہ عہدہ اسے دیا گیا۔ ملاحظہ ہو۔

(تاریخ خلیفہ بن خیاط، جزاول، ص ۱۵۶-۱۵۷ تحت تسمیۃ عمّالِ عثمان۔ مطبوعہ نجف اشرف عراق)

——— حضرت عثمانؓ کی خلافت ایک وسیع وعریض سلطنت تھی جس کے تحت بے شمار علاقے اور صوبہ جات تھے ان کا تمام نظم ونسق حضرت عثمانؓ کے ہاتھ میں تھا اور ان میں حکام کا عزل ونصب بھی حضرت عثمانؓ کے تحت تھا اور اس میں مروان کے کنٹرول کو کوئی دخل نہ تھا وہ ایک منشی اور محرر کے درجہ میں کام کرتا تھا۔ ان دُور دراز ممالک پر عمّال وحکام کے ذریعہ خود حضرت عثمانؓ کا اعلیٰ حاکم ہونا قرین قیاس بھی ہے۔

قبل ازیں بحث اول میں سلطنتِ عثمانی کے مقبوضات کی وسعت کا ایک خاکہ درج کیا گیا ہے۔ یہاں پھر بطور یاد دہانی کے عثمانی سلطنت کا اجمالی نقشہ تحریر ہے جو ابن قتیبہ دینوری نے "المعارف" میں اور امام نووی نے تہذیب الاسماء میں لکھا ہے اور یہ عہد صدیقی وفاروقی سے مزید فتوحات ومقبوضات شمار کیے جاتے ہیں۔ مثلاً الرّی، الاسکندریہ، سابور، افریقیہ (مع اپنے صوبہ جات کے)، قبرص کے قلعے، سواحل بحر الروم، اصطخر الآخرہ، فارس الاولیٰ، جور، فارس الآخرہ، طبرستان، دارابجرد، کرمان، سجستان، الاساورہ (بحری)، ساحل الاردن۔ مرو (مع اپنے علاقہ جات کے) وغیرہ۔

(المعارف لابن قتیبہ، ص ۸۳-۸۴۔ تحت اخبار عثمانؓ)

Marfat.com

(۲) ــــــ تہذیب الاسماء للنووی، جلد اول، ص ۳۲۳ ۔
تحت عثمانؓ بن عفان)

ان تمام ممالک اور علاقہ جات پر حضرت عثمانؓ کی بجائے مروان کی حکمرانی و فرمانروائی کا تصور صحیح سمجھنا اور دوسروں کو باور کرانا محض خوش فہمی ہے اور واقعات کے برعکس ہے اور اس دور کی تاریخ پر بڑا ظلم ہے جسے منصف مزاج انسان قبول کرنے کو تیار نہیں۔

**مروان کی دیانتدارانہ حیثیت** مروان بن الحکم حضرت عثمانؓ کا چچازاد برادر تھا اور شخصی طور پر ایک اچھا اور دیندار انسان تھا۔ دینِ اسلام کی خدمات میں مصروف رہتا تھا۔ حضرت عثمانؓ نے اس کو اپنی صاحبزادی ام ابان الکبریٰ نکاح کر دی تھی۔ قبل ازیں تذکرہ مروان میں اس کا حوالہ دیا جا چکا ہے (یعنی نسب قریش، ص ۱۱۲ تحت اولادِ عثمانؓ)۔

حضرت عثمانؓ کی دیانت و امانت پر اعتماد کرتے ہوئے ہم یقین کرتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ نے کسی بے دین اور خلافِ شرع شخص کو اپنی صاحبزادی کا رشتہ نہیں دے دیا تھا بلکہ وہ دیندار آدمی تھا اور اس منصب و اعزاز کی اہلیت رکھتا تھا نیز وہ آیات و احادیث حضرت عثمانؓ کے سامنے تھیں جن میں وارد ہے کہ عاصی و ظالم اور بدکردار انسان کی طرف دستِ تعاون دراز نہ کیا جائے اور اس کے ساتھ دوستانہ رابطے قائم نہ رکھے جائیں۔

مختصر یہ ہے کہ مروان کی دینی صلاحیت کی خاطر حضرت عثمانؓ کا اس کے ساتھ ربط و تعلق قائم رکھنا ہی کافی ضمانت ہے جسے تاریخی ملغوبات کی وجہ سے رد نہیں کیا جا سکتا۔

**عثمانی شہادت کے ایام اور مروان کا کردار** شہادتِ عثمانی سے قبل کئی واقعات

Marfat.com

ایسے رونما ہوئے جن کی وجہ سے واقعہ شہادت پیش آیا۔ شہادت کے اسباب و علل کے متعلق ان ابحاث کے آخر میں انشاء اللہ حسبِ ضرورت مختصراً کلام کیا جائے گا۔ اب یہاں اس موقعہ پر مروان کی متعلقہ چیزیں پیش خدمت ہیں۔

حضرت عثمانؓ کا جب باغی و طاغی لوگوں نے محاصرہ کر لیا تو صحابہ کرامؓ نے باغیوں اور حضرت عثمانؓ کے درمیان متنازعہ فیہ مسائل کو حل کرنے کی جدوجہد کی اور صحابہ کرام کے ساتھ باغیوں کے شر سے مدافعت کے لیے مروان برابر شریک رہا۔ چنانچہ حضرت امام حسنؓ و حسینؓ، حضرت ابن عمرؓ، ابن زبیرؓ اور مروانؒ تمام حضرات ہتھیار لگا کر حضرت عثمانؓ کی حفاظت کے لیے ان کی حویلی میں داخل ہوئے اور مخالفین سے مقابلہ کرنے کی پوری آمادگی ظاہر کی تو حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ "میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ تم واپس ہو جاؤ اور ہتھیار رکھ دو اور اپنے گھروں میں بیٹھ جاؤ تو اس وقت ابن عمر اور حسنؓ و حسینؓ تو باہر آ گئے لیکن ابن الزبیرؓ اور مروان نے کہا کہ ہم نے اپنے آپ پر لازم کر دیا ہے کہ مدافعت کی خاطر اپنی جگہ سے نہیں ہٹیں گے (ابتدائی مراحل میں یہ ان حضرات کی طرف سے ایک پیش کش تھی)۔

خلیفہ بن خیاط نے اپنی تاریخ میں اس چیز کو بالفاظ ذیل درج کیا ہے:۔

"عن محمد بن سیرین قال انطلق الحسنؓ والحسینؓ وابن عمرؓ وابن الزبیر و مروان کلھم شاک فی السلاح حتیٰ دخلوا الدار فقال عثمانؓ اعزم علیکم لما رجعتم فوضعتم اسلحتکم ولزمتم بیوتکم فخرج ابن عمرؓ والحسنؓ والحسینؓ فقال ابن زبیرؓ و مروان و نحن نعزم علیٰ انفسنا ان لانبرح"

(تاریخ خلیفہ بن خیاط، ص ۱۵۱-۱۵۲-ج ۱ طبع اوّل طبع نجف اشرف عراق تحت الفتنہ فی زمن عثمانؓ۔

Marfat.com

——— یہ مفسد لوگ اپنے قلوب میں ایک غرضِ فاسد رکھتے تھے جس کو پُورا کرنے کے لیے انہوں نے کئی حیلے تجویز کیے ہوئے تھے۔ ان حیل میں سے فساد کھڑا کرنے کا آخری حیلہ یہ تجویز کیا کہ حضرت عثمانؓ سے مطالبات منوانے کے بعد واپس ہو لیے اور کچھ مراحل دُور جانے کے بعد پھر یہ تمام بصری، کوفی، مصری باغی یکدم مدینہ پر پلٹ پڑے اور پھر دوبارہ حضرت عثمانؓ کا محاصرہ کر لیا اور صحابہ کرامؓ پر اپنے لوٹنے کی یہ وجہ ظاہر کی کہ ہم نے حضرت عثمانؓ کی طرف سے ایک خط پکڑا ہے جس کو ناقہ سوار حاکمِ مصر کی طرف لے جا رہا تھا۔ اس میں تھا کہ "جب یہ مصری وفد واپس پہنچے تو اس کے فلاں فلاں آدمی کو سزا دی جائے۔" اس خط پر حضرت عثمانؓ کی مُہر لگی ہوئی تھی اور خط بردار حضرت عثمانؓ کے اونٹ پر سوار تھا۔

لہٰذا حضرت عثمانؓ نے ہمارے ساتھ بدعہدی کر دی ہے اور ہمیں دھوکہ دیا ہے اس وجہ سے ہم عثمانؓ کو ختم کر دیں گے۔

——— صحابہ کرام نے جب واقعہ کی اصلیت معلوم کرنے کے لیے حضرت عثمانؓ سے گفتگو کی تو حضرت عثمانؓ نے حلف اٹھا کر فرمایا کہ مجھے اس چِٹھی کے متعلق کوئی علم نہیں اور نہ ہی مَیں نے تحریر کروائی ہے (تو جواباً) باغیوں نے کہا کہ اس خط پر آپ کی مُہر لگی ہوئی ہے اور آپ کے ہی اونٹ پر خط بردار سوار ہے۔ (اس لیے اور کوئی نہیں ہو سکتا)۔ پھر بعض لوگوں نے کہا کہ یہ مروان بن الحکم کا لکھا ہُوا ہو گا اس کو ہمارے حوالے کیا جائے تو اس وقت مروان نے بھی حلف اٹھا دیا (کہ مَیں نے نہیں لکھا) اور حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ اس سے زیادہ اس معاملہ میں اور کچھ نہیں ہو سکتا اور مروان کو ان کے حوالے نہ کیا پھر باغیوں نے حضرت عثمانؓ کی حویلی کا محاصرہ کر لیا۔ اور موقعہ پا کر حضرت عثمانؓ کو شہید کر دیا جس کی وجہ سے

Marfat.com

مسلمانوں کے درمیان ایک بڑے فتنے کا دروازہ کھل گیا۔

ابن خلدون اس موقعہ کی تفصیل دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:-

"فانصرفوا قليلاً ثم رجعوا وقد لبسوا بكتاب مدلس يزعمون انهم لقوه في يد حامله الى عامل مصر بان يقتلهم وحلف عثمان على ذالك فقالوا مكنّا من مروان فانه كاتبك فحلف مروان فقال ليس في الحكم اكثر من هذا فحاصروه بداره ثم بيّتوه على حين غفلةٍ من الناس وقتلوه وانفتح باب الفتنة"

(مقدمہ لابن خلدون لعبد الرحمٰن بن خلدون المغربی الفصل الثلاثون فی ولایۃ العہد ص ۲۱۵-۲۱۶ مطبع مصر۔ ص ۳۸۱-۳۸۲ مطبع بیروت۔

## ایک مصنوعی خط

عثمانی شہادت کے موقعہ پر ان اشرار و مفسدین نے جو جعلی خطوط صحابہؓ کی جانب سے اپنے پروپیگنڈے کے لیے پھیلائے تھے ان میں ایک خط یہ بھی تھا جو ناقہ سوار کے ذریعہ حاکم مصر کی طرف بھیجا جا رہا تھا۔ یہ حضرت عثمانؓ پر افترا باندھ کر تیار کیا گیا تھا اور مروان کو کاتب عثمان ہونے کی وجہ سے شامل کر لیا گیا۔

قتل عثمانؓ کے لیے یہ ایک معقول بہانہ تجویز کیا گیا تھا۔ مؤرخین علماء نے ان خطوط کے جعلی ہونے کی صراحت کر دی ہے۔ ابن کثیر لکھتے ہیں کہ:

"هذا كذبٌ على الصحابة انما كتبت مزوّرة عليهم كما كتبوا من جهة عليٍّ وطلحة والزبيرؓ الى الخوارج كتباً مزوّرةً عليهم انكروها ۔ ۔ ۔ وهكذا زوّر هذا الكتاب على عثمان ايضاً فانه لم

Marfat.com

یامربہ ولم یعلم بہ ایضاً۔"

(البدایہ، ج ۷، ص ۵۷، ابحث مجی الاحزاب الی عثمانؓ)

## مروان کو مطعون کرنے والی تاریخی روایات کا ایک جائزہ

معترض بزرگوں نے اس موقعہ پر مروانی کردار کا عجیب نقشہ مرتب فرمایا ہے۔ ذیل میں پیش خدمت ہے۔ اس کو ملاحظہ فرما کر پیش نظر رکھیے۔ پھر جواب کے لیے قلیل سا انتظار فرمایئے۔

——— عثمانی دَور کے آخر میں فتنہ انگیزی اور شر خیزی مروان کے سکرٹری کے عہدہ پر مامور رہنے کی وجہ سے ہوئی۔

——— اکابر صحابہ کرامؓ اور حضرت عثمانؓ کے مابین تعلقات خراب کرنے کی مروان نے مسلسل کوشش کی۔

——— اس موقعہ پر مروان نے صحابہ کے مجمع میں ایسی تہدید آمیز تقریریں کیں جن کا سُننا صحابہ کے لیے "طلقاءؓ" کی زبان سے ناگوار اور مشکل تھا۔

——— حضرت عثمانؓ کے لیے اس موقع کی مشکلات پیدا کرنے کی ذمّہ داری سراسر مروان پر عائد ہوتی ہے اور یہی عظیم فتنہ کا سبب بنا۔

مختصر یہ ہے کہ محمد بن مسلمہ انصاری صحابیؓ اور مروان کے مابین سخت کلامی حضرت علیؓ کی مروان پر سخت تنقید کرنا اور تمام معاملہ کا اسے ذمہ دار ٹھہرانا، حضرت عثمانؓ کی بیوی نائلہ کا مروان کو غلط کار اور مفسد قرار دینا وغیرہ، ان سب معاملات کی تان مروان پر آکر ٹوٹتی ہے۔"

——— جواباً عرض ہے کہ جس تاریخی مواد کی بنا پر" مبارک خاکہ" بالا تجویز فرمایا گیا ہے اس کو نقلاً عقلاً جانچ لیا جائے اور تجزیہ کر لیا جائے۔ اگر صحیح ہُوا تو پھر یہ سب کچھ درست ہے۔ اگر معاملہ برعکس ہُوا اور بنیاد ہی خراب ٹھہری تو اعتراض

Marfat.com

کی تمام عمارت ہی بیکار ہو گی - اب توجہ فرمایئے -

اوّلاً ــــــ مروان کے عہدۂ کتابت پر مامور رکھنے اور تقرّب دینے کا مسئلہ جہاں مذکور ہے وہاں یہ چیز "قَالُوا" کے الفاظ سے نقل کی گئی ہے (یعنی یہ بات لوگ کہتے ہیں) حضرت عثمانؓ کے دور تک بسند صحیح یہ بات نہیں پہنچی - واقعہ تک بسند صحیح پہنچنا مشکوک ہو گیا - خدا جانے کس قسم کے لوگ ہیں؟ کیسے ہیں؟ جو مروان کو مامور کرنے اور تقرّب دینے پر حضرت عثمان پر اعتراض کر رہے ہیں؟

(طبقات ابن سعد، ج ۵، ص ۲۴-۲۵ - تحت مروان بن الحکم، طبع اول لیدن)

ــــــ پھر حضرت عثمانؓ اور صحابہ کرام کے تعلقات کو مروان کا خراب کر دینا، صحابہ کے مجمع میں مروان کا تہدید آمیز لیکچر دینا، اس موقعہ کی مشکلات پیدا کرنے کی مروان کی ذمہ داری، محمد بن مسلمہ انصاریؓ کا اور حضرت علی المرتضٰیؓ کا اور حضرت عثمانؓ کی بیوی نائلہ کا مروان کے حق میں سخت تنقید کرنا اور تلخ نوائی کرنا وغیرہ - ان روایات کے ناقل اور راوی جناب حضرت واقدی صاحب ہیں "طبری شریف" اٹھا کر ملاحظہ فرمالیں - متعدد مقامات پر یہ روایات درج ہیں - ذیل مقامات کو ملاحظہ فرما دیں :-

(تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۰۹-۱۱۱-۱۱۲-۱۱۸-۱۱۹- تحت عنوان ذکر سیر من سار الی ذی خشب من اہل مصر... الخ - زیر حالات ۳۵ھ - طبع قدیم مصری)

اہل علم حضرات تو معاملہ سمجھ گئے ہونگے مگر عوام دوستوں کے لیے عرض ہے کہ مذکورۃ بالا روایات کا ناقل ایک غیر معتبر اور ضعیف شخص ہے جس کی اس نوع کی روایات کو قبول کرنا علماء نے ترک کر دیا ہے - اس کی روایات صدق و کذب

Marfat.com

کا مجموعہ ہیں ان کو تسلیم کر لینا گویا سچ و جھوٹ کے امتیاز کو ختم کر دینے کے مترادف ہے ۔ خصوصًا وہ چیزیں جن کی وجہ سے صحابہ کا بہترین دَور داغدار ہوتا ہو اور بالخصوص حضرت عثمانؓ کی پوزیشن خراب ہوتی ہو ان کو بالکل تسلیم نہیں کیا جا سکتا ۔ یہ روایات جعلی ہیں ۔ ان میں صدق و کذب کو مخلوط کر دیا گیا ہے ۔

اہلِ علم کی تسلّی کے لیے ایک دو حوالے حضرت واقدی صاحب کی پوزیشن واضح کرنے والے پیش خدمت ہیں ۔ القلیل یدلّ علی الکثیر ۔

واقدی پر بعض محققین علمار نے بالفاظ ذیل نقد کیا ہے ۔ مثلاً میزان الاعتدال میں علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں :

(۱) " ۔ ۔ ۔ ۔ قال احمد بن حنبل ھو کذّاب یقلّب الاحادیث ۔ ۔ ۔ "

قال البخاری وابو حاتم متروك ۔ ۔ ۔ واستقر الاجماع علی وھن الواقدی "

(میزان الاعتدال للذہبی ، ج ۳ ، ص ۱۱۰ طبع قدیم مصری تحت محمد بن عمر بن واقد الاسلمی )

(۲) اور تذکرۃ الحفاظ میں ذہبی لکھتے ہیں کہ

" ۔ ۔ ۔ لم استو جتند هنا لاتفاقهم علی ترك حدیثه ۔ ۔ ۔ الخ "

( تذکرۃ الحفاظ ، ص ۳۴۸ ، ج ۱ طبع بیروت ، تحت الواقدی محمد بن عمر بن واقد الاسلمی )

(۳) ——— اور حافظ ابن حجر تہذیب میں درج کرتے ہیں کہ

" ۔ ۔ ۔ ۔ قال البخاری الواقدی مدنی سکن بغداد متروك الحدیث ۔ ۔ ۔ ۔ قال احمد بن حنبل الواقدی کذّاب ۔ ۔ ۔ ۔ قال الشافعی کتب الواقدی کلها کذبٌ ۔ ۔ ۔ الخ "

Marfat.com

(تہذیب التہذیب لابن حجر، ص ۳۶۴-۳۶۶، ج ۹، تحت محمد بن عمر الواقدی)
(نیز اس سلسلہ میں الفہرست لابن الندیم صفحہ ۱۴۴ تحت اخبار الواقدی
بھی قابل ملاحظہ ہے)

مطلب یہ ہے کہ واقدی غیر معتمد اور متروک شخص ہے۔ اس کی اس نوع کی روایت متروک اور غیر مقبول ہے اور دوسرے محدثین اور مؤرخین کی روایات سے تصحیح اور توافق کے بغیر واقدی کی روایات کا اعتبار نہیں کیا جاسکتا۔

ثانیاً ــــــ بالفرض اگر مروانی کردار کا مجوّزہ مذکورہ نقشہ درست ہے اور اس موقعہ کے فساد اور خرابیوں کا بنیادی سبب مروان ہے تو پھر ہاشمی حضرات حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ و حسینؓ، ابن عباسؓ وغیرہ) اور دیگر صحابہ کرام، مثلاً ابن عمرؓ، زید بن ثابتؓ ابوہریرہ وغیرہم، حضرت عثمانؓ کی حفاظت کرنے اور ان کی حمایت کرنے اور ان کے ساتھ ہر قسم کا تعاون کرنے سے دست بردار کیوں نہیں ہوتے؟ ہتھیار لگا کر "مدافعت عثمانی" کیوں کرتے رہے؟ پانی بند ہونے پر پانی پہنچانے کے سامان کیوں کیے؟ حضرت عثمانؓ قسمیں دے دے کر ان کو تلوار اٹھانے سے روکتے تھے۔ یہ لوگ پھر بھی آخری دم تک حفاظتی تدابیر کرتے رہے۔ اس مرحلہ میں حضرت عثمانؓ کا کیوں ساتھ دیا اور ایسا کیوں تعاون کیا؟

(تاریخ خلیفہ بن خیاط، جزاوّل، ص ۱۵۰-۱۵۱-
تحت فتنہ زمن عثمانؓ)

یہ حضرات حضرت عثمانؓ کو صاف کہہ دیتے کہ یہ تمام شر و فساد مروان نے اٹھایا ہے جس کے ہاتھ میں آپ نے تمام سلطنت کی باگ ڈور دے رکھی ہے اور سیکرٹری خاص بنا رکھا ہے تمام فتنہ کی ذمہ داری اس پر ہے لہٰذا مروان جانے اور آپ کا کام۔ ہم اس غلط کام میں تعاون نہیں کرسکتے حکم خداوندی ہے کہ "وتعاونوا علی البر والتقوی ولاتعاونوا علی الاثم والعدوان واتقوا اللہ

Marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ۔ (پ ۶)

نیز یہ چیز بھی غور کرنے کے قابل ہے کہ مصری وفد کے حق میں جو خط پکڑا گیا تھا جس میں محمد بن ابی بکر وغیرہ کے قتل کا حکم درج تھا شتر سوار لے کر جا رہا تھا وہ بھی اگر مروان نے ہی لکھ کر ارسال کیا تھا تو ایسے شریر انسان کو تو پہلے قتل کرنا چاہیے تھا اور عثمانؓ کو قتل کر دیا گیا، لیکن مروان کو چھوڑ دیا۔ یہ کیا معاملہ ہے؟

**ثالثاً** ــــ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد جنگ جمل پیش آئی۔ اس وقت مروان حضرت علیؓ کی جماعت کے ہاتھوں گرفتار ہوا۔ حضرت علیؓ کی جماعت کے مخالفین میں سے تھا۔ حسنینؓ نے مروان کے لیے حضرت علیؓ کے ہاں معافی کی سفارش کی۔ انہوں نے معافی دے دی۔ اس سفارش کا مسئلہ ذیل مقامات میں درج ہے اور قبل ازیں متعلقات مروان میں سُنّی و شیعہ دونوں کتب سے نقل کیا گیا ہے:۔

(سُنّی) (۱) ــــ السنن لسعید بن منصور، ص ۲۶۶۔ باب جامع الشہادۃ روایت ۲۹۴۷۔ طبع مجلس العلمی کراچی۔ ڈابھیل۔

(شیعہ) (۲) ــــ نہج البلاغۃ، ص ۱۲۳۔ فی خطبۃ لہٗ علیہ السّلام علّم فیہا الناس الصلوٰۃ علی النبیؐ، طبع مصری۔

بقول معترضین اگر مروان تمام شرارتوں کی جڑ تھا اور اس کی وجہ سے فتنۂ عثمانی پیش آیا تھا تو حسنینؓ نے ایسے آدمی کی سفارش کیوں کی؟ اور حضرت علیؓ نے قبول کیوں کی؟ اس کو تو ختم کر دینا چاہیے تھا۔ مروان کے حق میں سفارشیں اور معافیاں کیوں جاری ہوئیں؟

ان تمام حالات پر غور و فکر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس واقعۂ عظیمہ اور اس کے مبادی کا اصل سبب مروان کی کارستانیاں نہیں ہیں بلکہ اس کے اسباب دوسرے ہیں۔ اس کے متعلق انشاء اللہ تعالیٰ ابحاث ہٰذا کے آخر میں مستقل عنوان

Marfat.com

تمام کرکے مختصراً کلام کیا جائے گا۔

——— معترض لوگوں کو چونکہ عثمانی دور کی خرابیاں ، خامیاں اور نقائص مدوّن کرنے مقصودِ خاطر ہیں اس لیے وہ اپنے " مزعومہ مقاصد " کے اتمام کے لیے اپنے زورِ قلم سے تاریخ کے ردّی مواد سے یہ مباحث مستنبط فرماتے ہیں

——— اعتراض کنندگان کی اس کارکردگی سے مروان کو نقصان پہنچے یا نہ پہنچے مگر حضرت سیدنا عثمان (خلیفہ راشدؓ) کا کردار ضرور عیب دار ہوتا ہے اور ان کے حق میں سوءِ ظنی یقیناً پھیلتی ہے (یا اَسفا!) اِنا للہ و اِنا الیہ راجعون ۔

## ——— شُبہ سوم ———

## بنو اُمیّہ اور الحکم کی اولاد مروان وغیرہ کا " مُبغوض " و " ملعُون " ہونا

معترض دوست چند ایسی روایات اس موقعہ پر پیش کرتے ہیں جن میں بنی اُمیّہ اور پھر اولادِ حکم (مروان) وغیرہ کا مکروہ و مبغوض ہونا اور لعین ہونا دکھایا جاتا ہے ۔ اس مسئلے کی متعلقہ چند روایات سامنے رکھ کر یہاں مختصراً بحث کی جاتی ہے تاکہ حقیقت واقعہ صحیح طور پر معلوم ہو سکے ۔ اور اعتراض کا بے جا ہونا ثابت ہو سکے ۔

## ازالۂ شُبہ

اس مقام میں دو طریقہ سے بحث پیشِ خدمت کی جائے گی ۔

روایتہً ——— و درایتہً

Marfat.com

۱ ۔ یعنی پہلے ان روایات کو باعتبار نقل کے جانچنا ہو گا۔ روایت کے قواعد کی رُو سے ان کا کیا مقام ہے؟ قابلِ قبول ہیں؟ یا قابلِ ردّ ہیں؟ علماء نے ایسی روایات پر کیا حکم لگایا ہے؟

۲ ۔ دوسرے یہ دیکھنا ہو گا کہ باعتبار عقل کے یہ روایات لائق تسلیم ہو سکتی ہیں یا نہیں؟ اور یہ واقعات کے بالکل متضاد و متعارض تو نہیں پائی جاتیں؟ ان چیزوں کے متعلق غور و فکر کرنے سے خود بخود مسئلہ واضح ہو جائے گا اور نقلاً و عقلاً بحث کر لینے کے بعد کوئی خفا باقی نہ رہے گا (انشاء اللہ تعالیٰ) کہ اس قسم کی روایات بے اصل ہیں اور واقعات کے برخلاف ہیں۔

(۱)

## مبغوض ہونا

صحابہؓ بنو امیہ کے ساتھ عناد رکھنے والے دوستوں کی طرف سے ایک روایت پیش کی جاتی ہے کہ ابو برزہ اسلمیؓ کہتے ہیں کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تمام قبائل میں سے بہت مبغوض (قابلِ نفرت) تین قبیلے تھے۔ ایک بنو امیہ، دوسرے بنو حنیفہ، تیسرے ثقیف تھے۔"

"۔۔۔۔۔ عن ابی برزۃ الاسلمیؓ قال کان ابغض الاحیاء الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنو امیۃ، بنو حنیفۃ و ثقیف ۔۔۔"

المستدرک للحاکم، ص ۴۸۰-۴۸۱، ج ۴، رابع تحت کتاب الفتن والملاحم ذکر ابغض الاحیاء الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

Marfat.com

——— نیز بعض روایات میں پایا جاتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تین قبائل کو مکروہ جانتے تھے۔ ثقیف و بنو امیہ و بنو حنیفہ۔

**اولاً** ——— یہاں یہ بات قابلِ وضاحت ہے کہ ابو برزۃ اسلمیؓ کی یہ روایت حاکم نے یہاں ایک واسطہ سے امام احمد بن حنبلؒ اور ان کے صاحبزادے عبداللہ سے نقل کی ہے۔ ہم نے مُسند احمد جلد رابع کی طرف رجوع کر کے ابو برزہ اسلمی کی تمام مرویات دیکھی ہیں۔ اس میں یہ روایت دستیاب ہوتی ہے لیکن وہاں بنو امیہ کے الفاظ مفقود ہیں۔ صرف بنو حنیفہ و ثقیف کا ذکر موجود ہے۔ ملاحظہ ہو:-

(مُسند احمد، ج ۴، ص ۴۲۰۔ تحت مسندات ابی برزۃ اسلمی۔ اوّل مسند البصریّین۔ طبع اوّل مصری)

یہاں سے واضح ہُوا کہ اصل روایت میں بنو امیہ کے الفاظ نہیں ہیں۔ بعد میں بعض راویوں کی طرف سے روایت میں داخل کر دیئے گئے ہیں۔ اس کو ادراجِ راوی کہا جاتا ہے اور یہ راویوں کے تصرفات کا ادنیٰ کرشمہ ہے اور کئی راوی روایات میں اس طرح کمی بیشی کر دیا کرتے ہیں۔

**ثانیاً** ——— قابلِ غور یہ چیز ہے کہ اگر یہ روایت درست ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک قبیلہ بنو امیہ نہایت مبغوض و مکروہ اور قابلِ نفرت تھا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مندرجۂ ذیل افعال کس طرح درست ہُوئے؟ اور بنو امیہ کے ساتھ مندرجۂ ذیل معاملات کیسے جاری رکھے گئے؟ فرمانِ نبوی کے ذریعہ یہ قبیلہ قابلِ مذمت و لائقِ نفرت ہُوا۔ اور عملِ نبوی نے ان کے ساتھ حسنِ معاملہ کر دیا۔ یہ عجیب بات ہے۔

——— اسی طرح مبغوض و مکروہ قبیلہ بنو امیہ کے ساتھ بنو ہاشم نے روابطِ نسبی اور دیگر تعلقات کیوں قائم دائم رکھے؟ اور صدیقِ اکبرؓ اور فاروقِ اعظمؓ

Marfat.com

نے بھی بنو اُمیّہ سے اچھے معاملات کیسے روا رکھے؟ اور اسلامی حکومت میں کس طرح انہیں عمدہ مناصب دے دیئے؟ ذیل میں بطور یاددہانی چند اُمور پیش کر دیئے ہیں۔ ان کو ملاحظہ فرما کر مسئلہ ہذا میں تدبر و تفکر فرماویں۔ کتابوں کے حوالہ جات ان کے لیے قبل ازیں گزر چکے ہیں۔ رجوع فرما کر تسلی کر لیں۔

## نسبی تعلقات

۱ ۔ صاحبزادی حضرت رقیہؓ بنتِ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا نکاح حضرت عثمانؓ اموی کے ساتھ تھا۔

۲ ۔ صاحبزادی اُمِ کلثومؓ بنتِ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا نکاح حضرت عثمان اُموی کے ساتھ تھا۔

۳ ۔ اُمِ حبیبہؓ بنتِ ابی سفیان (اُموی) نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نکاح میں تھیں۔

۴ ۔ حضرت علیؓ کے حقیقی برادر جعفر طیّار کے بیٹے (عبداللہ بن جعفر) کی بیٹی اُمِ کلثومؓ کا نکاح حضرت عثمانؓ کے بیٹے (ابان بن عثمانؓ بن عفان (اموی) کے ساتھ ہُوا۔

۵ ۔ سیّدنا امام حسینؓ کی لڑکی سکینہ بنتِ حسینؓ کا نکاح حضرت عثمان (اموی) کے پوتے زید بن عمرو بن عثمانؓ کے ساتھ تھا۔

۶ ۔ سیّدنا امام حسینؓ کی لڑکی فاطمہ بنت حسینؓ کا نکاح حضرت عثمانؓ (اموی) کے پوتے عبداللہ بن عمرو بن عثمانؓ بن عفان کے ساتھ تھا۔

۷ ۔ سیّدنا امام حسنؓ کی پوتی اُمّ القاسم بنت حسن بن حسن کا نکاح حضرت عثمانؓ (اموی کے پوتے مروان بن ابان بن عثمانؓ سے تھا۔ (مذکورہ رشتوں کے کتابی حوالہ جات سوا اُمّ حبیبہؓ کے "رحماء بینہم" حصّہ سوم عثمانی کے باب

Marfat.com

اوّل میں تفصیلاً گزر چکے ہیں ) ۔

۸ ۔ امیر معاویہؓ کی بہن ( ہند بنت ابی سفیان ) اُموی کا نکاح حضرت علیؓ کے چچازاد برادر حارث بن نوفل بن حارث بن عبد المطلب بن ہاشم کے ساتھ ہُوا ۔

۹ ۔ حضرت علیؓ کے چچا حضرت عباسؓ بن عبد المطلب کی پوتی لبابہ بنت عبید اللہ بن عباس کا نکاح امیر معاویہؓ کے بھتیجے ولید بن عُتبہ بن ابی سفیان ( اموی ) کے ساتھ ہُوا ۔

۱۰ ۔ حضرت جعفر طیارؓ کی پوتی رملہ بنت محمد بن عبد اللہ بن جعفرؓ کا نکاح پہلے سلیمان بن ہشام بن عبد الملک اموی کے ساتھ ہُوا ۔ اس کے بعد امیر معاویہؓ کے بھتیجے ابوالقاسم بن الولید بن عتبہ بن ابی سفیان ( اموی ) کے ساتھ ہُوا ۔

( ان رشتہ داریوں کے حوالہ جات قبل ازیں بحث ثانی میں امیر معاویہؓ کے خاندان کے ساتھ رشتوں کے عنوان میں مذکور ہو چکے ہیں رجوع فرماویں )

سید الکونین صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نزدیک جو قبیلہ مکروہ و مبغوض ہو اس کے ساتھ اس طرح کے برادرانہ تعلقات اور نسبی روابط قائم کرنے کس طرح درست ہوئے ؟ سوچیے اور انصاف فرمایئے ۔

## غیر نسبی روابط

۱ ۔ نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی جناب میں حضرت عثمانؓ ( اموی ) کاتبِ وحی تھے ۔ ( یہ مسئلہ مسلّمات میں سے ہے ) ۔

۲ ۔ اسی طرح امیر معاویہؓ بھی کاتبِ نبوی تھے ( یہ مسئلہ بھی مسلّمات میں سے ہے ) ۔

Marfat.com

۳ - حضرت عثمانؓ (اموی) عہدِ نبوی میں متعدد دفعہ کئی اُمور کے ذمّہ دار و عہدیدار بنائے گئے۔

۴ - امیر معاویہؓ اموی کو عہدِ نبوی میں کئی اُمور کا والی بنایا گیا اور عہدِ صدیقی و فاروقی میں متعدد بار امیر و حاکم بنائے گئے۔

(بحث اوّل تحت عنوان "الشام" حوالے دے دیئے گئے ہیں)۔

۵ - حضرت ابوسفیانؓ (امیر معاویہؓ کے والد) اموی کو نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم نے نجران کے علاقہ پر عامل و حاکم بنایا۔

۱ ــــــ منہاج السنۃ لابن تیمیہؒ، ص ۱۷۵ - ۱۷۶ - ج ۳ -

۲ ــــــ المنتقی للذہبی، ص ۳۸۲ - ۳۸۳ -

۶ - اور یزید بن ابی سفیانؓ (امیر معاویہؓ کے برادر) اموی کو صدیقِ اکبرؓ نے فتوح الشام کے لیے افواج پر والی و امیر بنا کر روانہ کیا۔ پھر حضرت عمرؓ نے یزید مذا کو اس کام پر مامور رکھا۔ (بحوالہ مذکور)

۷ - حضور نبی کریم علیہ السّلام نے عتاب بن اسید اموی کو مکّہ پر حاکم بنایا۔ (بحوالہ مذکور)

۸ - خالد بن سعید بن العاص اُموی کو عہدِ نبوی میں بنی مذحج کے صدقات پر اور صنعاء اور یمن پر عامل و حاکم بنایا گیا۔ (بحوالہ مذکور)

۹ - ابان بن سعید بن العاص اموی کو عہد نبوی میں پہلے سرایا پر عامل بنایا گیا پھر العلا بن الحضرمی کے بعد البحرین کا حاکم مقرر کیا گیا۔ (بحوالہ مذکور)۔

۱۰ - عمرو بن سعید بن العاص[ل] اموی کو عہد نبوی میں تیما، خیبر، قریٰ عرینہ پر حاکم

---

ل قولہ عمرو بن سعید بن العاص) یہاں اصل کتاب میں عثمان بن سعید لکھا ہوا ہے۔

Marfat.com

بتایا گیا۔

(۱)——— بحوالہ مذکور یعنی منہاج السنّہ، ص ۱۷۵-۱۷۶۔
ج ۳۔ تحت جوابات مطاعن عثمانی۔ طبع لاہور

(۲)——— تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱، ص ۶۱-۶۲۔ تحت
تسمیتہ عمالہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

سیّد الکونین صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نزدیک جو قبیلہ مکروہ و مبغوض و قابلِ نفرت ہو اسے یہ عزت کے مواقع کیوں مہیا کیے گئے؟ اور نبوی، صدیقی، فاروقی دور میں ان لوگوں پر اعتماد کرتے ہوئے مذکورہ ذمّہ داریاں کیوں سپرد فرمائی گئیں؟ غور و فکر کے بعد خود فیصلہ فرما لیجیے۔

## بنو اُمیّہ کے حق میں حضرت علیؓ کے اقوال

متعدد مقامات میں حضرت علی المرتضیٰ سے قبیلہ بنو امیّہ کے حق میں فضیلت اور منقبت کے اقوال منقول ہیں جن سے حضرت علیؓ کے نظریات بنو امیّہ کے متعلق واضح ہوتے ہیں۔ مثلاً:۔

——— ابن سیرین کہتے ہیں کہ ایک شخص نے قبائلِ قریش کے متعلق حضرت علیؓ سے سوال کیا تو حضرت علیؓ نے دیگر قبائل کی صفات بیان کرنے کے ساتھ ساتھ

---

۴۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ عمرو بن سعید بن العاص ہے۔ وجہ یہ ہے کہ انساب و رجال کی عام متداول کتابوں میں (جو بندہ کے پاس ہیں) سعید بن العاص کی اولاد میں عمرو تو مذکور ہے۔ لیکن عثمان بن سعید اولاد میں نہیں ملتا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ناقل کے قلم سے سہو ہو گیا ہے۔ اور عمرو کی بجائے عثمان لکھا گیا ہے تا حال بندہ کی تحقیق یہی ہے۔
لعل اللہ یحدث بعد ذالک امراً (منہ)

Marfat.com

قبیلہ بنو امیّہ کے فضائل بالفاظِ ذیل بیان فرماتے۔

——— ہمارے بھائی بنو امیّہ ہم میں سے بھاری عقل والے اور روزنی فہم و فراست والے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

——— ہمارے برادران بنو امیّہ زیادہ حلم والے ہیں۔

——— بہر حال ہمارے بھائی بنو امیّہ افواج و جیوش کی قیادت کرنے والے ہیں۔

——— لوگوں کو خوراک و طعام مہیّا کرنے والے ہیں اور عزت کی مدافعت اور حرمت کی حمایت کرنے والے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔"

——— عن ابن سیرین قال قال رجل لعلیؓ اخبرنی عن قریشٍ قال ارزننا احلامًا اخوتنا بنی امیّۃ ۔"

(المصنّف لعبدالرزاق، ج ۵ ص ۴۵۱ ۔ تحت عنوان بیعۃ ابی بکر)

——— "۔ ۔ ۔ فقال (علی) ارزننا احلامًا اخواننا بنو امیّۃ ۔"

(المصنف لعبدالرزاق، ج ۱۱ ص ۵۶ ۔ باب فضائل قریش)

——— "۔ ۔ ۔ فقال (علی) اما اخواننا بنو امیّۃ فقادۃ ارنۃ ذادۃ ۔"

(۱) ——— المصنف لعبدالرزاق، ج ۱۱ ص ۵۷ تحت فضائل قریش۔

(۲) ——— کتاب الفائق للزمخشری، ج ۲ ص ۴۲۶ ۔ تحت نون مع الجیم ۔ طبع دکن ۔

Marfat.com

# حاصلِ کلام

مختصر یہ ہے کہ قولِ نبویؐ و عملِ نبویؐ کے ذریعہ اور حضرت صدیقِ اکبرؓ اور فاروق اعظمؓ کے تعامل کی روشنی میں یہ بات واضح ہوئی کہ صحابۂ بنو امیہ کو مبغوض و مکروہ جاننا واقعات کے برخلاف ہے۔ خود حضرت علیؓ کے فرامین کے برعکس ہے۔ بلکہ ان کا منظور و مقبول ہونا مستحسن و پسندیدہ ہے اور جن روایات میں بغض و کراہتِ بنی امیہ کا ذکر پایا گیا ہے وہ درست نہیں بلکہ رواۃ کی طرف سے مُدرج معلوم ہوتی ہیں۔

## ۲

## "ملعُون ہونا"

أوّل (۱) ——— عبداللہ بن عمروؓ بن العاص کہتے ہیں کہ ہم حضور علیہ السّلام کے پاس بیٹھے ہُوئے تھے اور میرے والد اپنے گھر کپڑے بدلنے گئے تاکہ یہاں آکر مجلس میں شریک ہوں۔ اس اثنا میں حضور علیہ السّلام نے فرمایا کہ تمہارے پاس لعین شخص داخل ہوگا۔ عبداللہ کہتا ہے کہ میں اندر باہر دیکھتا رہا۔

"حتی دخل فلان یعنی الحکم" حتیٰ کہ داخل ہُوا فلاں شخص۔ راوی کہتا ہے یعنی حکم داخل ہُوا۔

(بحوالہ مُسند احمد، تحت روایات عبداللہ بن عمرو بن العاص)

قابلِ توجہ یہ بات ہے کہ یہ روایت اخبارِ آحاد میں سے ہے اگر اس کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو آپؐ نے کسی شخصِ معیّن کا نام لے کر لعنت نہیں فرمائی بلکہ لعین شخص کے

Marfat.com

داخل ہونے کی اطلاع کی۔ پھر وہ فلاں شخص مجلس میں داخل ہُوا۔ راویوں میں سے ایک راوی کہتا ہے کہ وہ حَکَم ہے۔

مطلب یہ ہے کہ اصل روایت میں "حَکَم" کا نام تصریحاً مذکور نہیں تھا۔ لیکن بعد میں "فلاں" سے مراد "حَکَم" لیا گیا۔ اس طریقہ سے یہ روایت اپنے مضمون پر صریح الدلالت نہ ہوئی بلکہ راوی کا اپنا گمان ٹھہرا۔

دوم (۲)——— عبداللہ بن زبیرؓ سے منقول ہے کہ وہ کعبہ کے ساتھ ٹیک لگائے ہُوئے بیٹھے تھے۔ انہوں نے حضور علیہ السّلام کی ایک روایت سنائی کہ:۔

"لعن رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم فلاناً وما ولد من صلبہ"

"یعنی حضرتؐ نے لعنت فرمائی فلاں شخص پر اور جو اس کی پُشت سے اولاد ہوئی"

(مُسند احمد تحت مُسندات عبداللہ بن زبیرؓ)

روایت ہٰذا اخبار آحاد میں سے ہے۔ اگر اس کو صحیح تسلیم کیا جائے تو اس میں ایک ایسے شخص اور اس کی اولاد پر لعنت کی گئی ہے جس کا نام اور تعین کچھ معلوم نہیں۔ نہ اس کا نام روایت میں ہے اور نہ ہی کسی راوی نے واضح کیا ہے۔

لہٰذا یہ روایت مدّعا مذکور کو ثبت نہ ہوئی اور معلوم نہ ہو سکا کہ "فلاں" سے مراد کون شخص ہے؟ جو دلیل مدعا کو ثابت نہ کر سکے وہاں تقریب تام نہیں ہوتی۔

سوم (۳)——— عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت ہے کہ:۔

"انّ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم لعن الحکم وولدہ"

یعنی رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے "الحکم" اور اس کی اولاد پر لعنت کی"

Marfat.com

(المستدرک للحاکم، کتاب الفتن والملاحم تحت ذکر البغض لاحیاء الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، طبع اول دکن۔

اس روایت کی سند کے متعلق علماء کرام نے نقد اور جرح کر دی ہے۔ لہٰذا یہ روایت درست نہیں اور نہ ہی قابلِ استدلال ہے۔ مثلاً اس سند میں ایک راوی احمد بن محمد بن الحجاج بن رشدین المصری ہے۔ اس کے متعلق ذہبی نے تلخیص مستدرک میں لکھا ہے کہ الرشدینی کو ابن عدی نے ضعیف قرار دیا ہے اور "میزان الاعتدال" جلد اول میں ذہبی نے لکھا ہے کہ ابن عدی کہتے ہیں کہ ابن رشدین کو لوگوں نے جھوٹا قرار دیا اور اس کی کئی منکر روایات ہیں اور اس سے کئی باطل اور جھوٹی چیزیں منقول ہیں۔

(میزان الاعتدال للذہبی، جلد اول
تحت احمد بن محمد الرشدینی)

اسی طرح لسان المیزان میں بھی مذکور جرح پائی گئی ہے اور حافظ ابن حجرؒ نے مزید لکھا ہے کہ احمد بن صالح الرشدینی کو کذاب کہتے تھے"۔

(لسان المیزان، جلد اول ۲۵۷-۲۵۸-
تحت احمد مذکور)

اور کتاب الجرح والتعدیل رازی (القسم اول۔ جلد اول) میں رشدین مذکور پر جرح پائی گئی ہے۔ سند ہٰذا میں مزید بعض راویوں پر بھی جرح موجود ہے لیکن اسی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ مختصر یہ ہے کہ یہ روایت سنداً صحیح نہیں۔ فلہٰذا قابلِ حجت نہیں ہو سکتی۔

**چہارم (۴)** ــــ مستدرک للحاکم کی ایک روایت میں واقعہ مذکور ہے کہ جب امیر معاویہؓ نے اپنے بیٹے یزید کی بیعت کے لیے مروان کو کہا تو مروان نے

Marfat.com

لوگوں کے سامنے یہ بات رکھی تو اس وقت عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور مروان کے درمیان
اس مسئلہ میں تیز کلامی ہو گئی - عبدالرحمٰن نے کہا کہ یہ طریقہ ہرقل اور قیصر کا ہے -
مروان نے کہا کہ قرآن مجید کی آیت وَالَّذِی قَالَ لِوَالِدَیْہِ اُفٍّ لَّکُمَا " تمہارے
حق میں نازل ہوئی پس یہ بات حضرت عائشہ کو پہنچی تو انہوں نے فرمایا :-

" کذب واللہ ما ھو بہ ولکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن ابا مروان و مروان فی صلبہ . . . الخ

" یعنی حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ مروان نے غلط کہا - اللہ کی قسم!
اس طرح بات نہیں ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مروان
کے باپ کو لعنت کی اور مروان اس کی پشت میں تھا "

(المستدرک للحاکم ، ج ۴ - کتاب الفتن
والملاحم تحت ذکر ابغض الاحیاء الی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم )

روایت ہذا پر مندرجہ ذیل کلام کیا جاتا ہے :-

۱ - ایک تو یہ ہے کہ اس روایت میں انقطاع پایا گیا ہے - علامہ ذہبیؒ نے
اپنی تلخیص میں اس روایت کے تحت یہ لکھا ہے :-

" قلت فیہ انقطاع محمد لم یسمع من عائشۃ "

" یعنی محمد ابن زیاد مذکور نے حضرت عائشہ سے یہ روایت نہیں سنی "
بلکہ درمیان میں کوئی اور شخص ساقط ہے جس کے ذریعے یہ روایت محمد کو
پہنچی (خدا جانے وہ کیسا آدمی تھا) -

(تلخیص مستدرک حاکم ، ج ۴ ، ص ۴۸۱
تحت روایت )

Marfat.com

۲۔ دوسری بات یہ ہے کہ روایت مذکورہ (یعنی عبدالرحمٰن اور مروان کی باہمی مذکورہ گفتگو) مندرجہ ذیل مقامات میں اکابر علماء نے ذکر کی ہے لیکن اس مقام میں مروان اور اس کے والد حکم پر زبانِ نبوت سے لعن طعن مذکور نہیں۔

_____ بخاری شریف میں عبدالرحمٰن اور مروان کی گفتگو مذکورہ کا ذکر ہے لیکن وہاں بھی حکم اور مروان پر لعن طعن کا کوئی ذکر نہیں۔

۱ _____ بخاری شریف، جلد ثانی، سورۃ احقاف، باب قولہ والذی قال لوالدیہ اُفٍّ لکما۔

۲ _____ الاصابہ، ج ۱، ص ۳۴۵ تحت الحکم۔

۳ _____ اسد الغابہ لابن اثیر، ج ۳، ص ۳۰۶ تذکرہ عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ۔

۴ _____ الاصابہ لابن حجرؒ، ج ۲، ص ۴۰۰ تذکرہ عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ۔

۵ _____ البدایہ لابن کثیر، ج ۸، ص ۸۹ تحت تذکرہ عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ۔

(سنہ ۵۸ھ) میں مذکورہ باہمی گفتگو مندرج ہے لیکن مندرجہ بالا ۵ عدد کتب میں زبانِ نبوی سے مروان و حکم پر لعن طعن کا اضافہ نہیں پایا جاتا اور جہاں کہیں اس واقعہ میں حضرت عائشہؓ کی زبان سے لعن طعن کا اضافہ پایا جاتا ہے اس کے متعلق حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ یہ روایات صحیح نہیں۔

"ویروی انما بعثت الی مروان تعتبہ وتؤنبہ و تخبرہ بخبر فیہ ذم لہ ولابیہ لایصح عنہ"

Marfat.com

"یعنی جن روایات میں یہ مروی ہے کہ حضرت عائشہؓ نے مروان کو عتاب اور زجر و توبیخ کی اور ایک ایسی خبر دی کہ جس میں مروان اور اس کے باپ کے لیے مذمت مذکور تھی تو وہ روایات صحیح اور درست نہیں۔"

(البدایہ لابن کثیرؒ، ج ۸، ص ۸۹ - تذکرہ عبدالرحمٰن بن ابی بکر تحت ۵۸ھ)

مذکورہ پیش کردہ چیزوں کے ذریعہ ثابت ہوا کہ اس واقعہ کی جو روایات صحیح ہیں ان میں لعن طعن مذکور نہیں اور جہاں کہیں اس میں لعن دیکھا گیا ہے وہ مرویات صحیح نہیں۔ لہٰذا یہ روایت مدعا کو ثابت نہیں کر سکتی اور تقریب تام نہیں۔

**پنجم (۵)** ـــــ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ سے ایک روایت ذکر کی گئی ہے کہ:-

"حضور علیہ السلام کے دور میں اہلِ اسلام کے ہاں جب کوئی بچہ پیدا ہوتا وہ حضور علیہ السلام کی خدمت میں دعا و برکت کے لیے حاضر کیا جاتا۔ آپ اس کے لیے دعا فرماتے۔ چنانچہ مروان بن الحکم پیدا ہُوا تو اس کو حضرت اقدس کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آنجناب نے فرمایا۔"

"ھو الوزغ ابن الوزغ الملعون ابن الملعون۔"

"یعنی گرگٹ کا بیٹا گرگٹ ہے اور ملعون کا بیٹا ملعون ہے۔"

(مستدرک للحاکم، کتاب الفتن والملاحم تحت عنوان اذا بلغت بنو امیۃ اربعین ... الخ۔)

اس روایت کے متعلق علماء نے مندرجہ ذیل کلام کر دیا ہے۔ لہٰذا یہ روایت بالکل

Marfat.com

بے اصل اور بے بنیاد ہے۔

ا۔ علامہ ذہبیؒ نے مستدرک کی تلخیص میں اس روایت کے تحت فرمایا ہے کہ:۔

"قلت لا واللہ ومیناء کذبہ ابو حاتم"

"یعنی حاکم نے روایت کو صحیح کہا تھا۔ اس کو رد کرتے ہوئے ذہبی فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! ایسی بات نہیں ہے اور اس روایت کے راوی میناء کو ابو حاتم رازی نے جھٹلایا ہے۔

(۱)۔۔۔۔ تلخیص مستدرک للحاکم، ج ۴، ص ۴۷۹ تحت روایت۔

(۲)۔۔۔۔ المغنی فی الضعفاء للذہبی، ص ۶۹۱ جز ثانی تحت میناء ابن ابی میناء۔

۲۔ ابن ابی حاتم رازی نے کتاب الجرح والتعدیل جلد رابع قسم اوّل میں اسی راوی میناء (مولی عبد الرحمٰن بن عوف) کے حق میں لکھا ہے کہ منکر الحدیث۔ روی احادیث فی اصحاب النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم مناکیر۔ لا یعباء بحدیثہ کان یکذب"

"یعنی میناء حضورؐ کے صحابہؓ کے حق میں منکر روایات روایت کرتا تھا۔ اس کی حدیث کا کوئی اعتبار نہیں کیا گیا۔ وہ جھوٹ بولتا تھا"

(کتاب الجرح والتعدیل، ص ۳۹۵۔ ج ۴۔ قسم اوّل تحت میناء۔ طبع حیدر آباد دکن)

۳۔ ابن حبان نے اپنی کتاب المجروحین میں میناء کے حق میں لکھا ہے کہ

"۔۔۔۔ وجب التنکب عن حدیثہ"

یعنی میناء کی روایت سے اجتناب کرنا واجب اور الگ ہو جانا لازم ہے

Marfat.com

(کتاب المجروحین لابن حبان جوزجانی، ص ۲۲۵ تحت میناء مولیٰ عبدالرحمٰن - طبع حیدرآباد دکن)

حافظ ابن حجرؒ نے تہذیب میں کہا ہے کہ :-

"..... قال الجوزجانی انکر الائمۃ حدیثہ لسوء مذھبہ -

"..... قال ابن عدی ..... انہ یغلو فی التشیع ..."

"..... قال یعقوب بن سفیان ..... ان لا یکتب حدیثہ -"

یعنی کبار علماء نے میناء کے برے مذہب کی وجہ سے اس کی حدیث سے انکار کر دیا ہے - ابن عدی نے کہا کہ وہ شیعہ مذہب میں غلو رکھتا تھا - اور یعقوب بن سفیان نے کہا کہ میناء کی روایت کو نہ لکھا جائے اور اس سے روایت نہ لی جائے"

(تہذیب التہذیب لابن حجر، ج ۱۰، ص ۳۹۷ - تحت میناء بن ابی میناء) -

_____ علماء کبار کی مندرجہ بالا تصریحات سے ثابت ہوا کہ میناء کی یہ روایت بے اصل ہے اور اس سے اجتناب کرنا لازم ہے -

## تنبیہ :-

مروان اور اس کے والد حکم کے سلسلہ میں اس قسم کے لعن طعن کی روایات کئی انواع کی صورت میں راویوں نے چلا دی ہیں ان کا شمار کر کے احتساب کرنا ایک بڑی طویل بحث ہے - ہم نے بطور نمونہ اس نوع کی چند روایات ناظرین کی خدمت میں پیش کر کے ان پر کلام کر دیا ہے کہ بعض روایات تو مدعا کو ثابت نہیں کر سکتیں اور بعض دوسری مرویات غیر معتبر راویوں کی وجہ سے بے اصل ہیں -

Marfat.com

(۳)

# مذمّت کی روایات علماء کی نظروں میں

"صحابہ بنو امیہ" اور ان کے ہم نوا اصحاب کے متعلق بعض روایات میں مذمّت اور تنقیص دستیاب ہوتی ہے۔ اس سلسلہ میں کبار علماء نے روایات کے اس قسم کے ذخیرہ پر بڑا عمدہ کلام کر دیا ہے۔ نمونہ کے طور پر ہم ذیل میں اس کو نقل کرتے ہیں تاکہ "صحابہ بنو امیہ" کے خلاف مرویات کا ایک گونہ جائزہ لیا جا سکے اور شبہ اندا کے تحت جو بغض ولعن وغیرہ کی روایات ذکر کی گئی ہیں ان کا یکجا تجزیہ ہو سکے۔

ا ۔۔۔۔۔ علامہ ابن قیمؒ نے اپنی تصنیف "المنار المنیف فی الصحیح والضعیف" کے فصل سینتیس[۴۷] میں مذکورہ روایات پر عجیب بحث کی ہے۔ ناظرین کرام کے لیے اس میں سے چند جملے نقل کیے جاتے ہیں:۔

"۔۔۔۔۔۔ ومن ذالك الاحاديث فی ذم معاوية ـ وكل حديث فی ذمّه فهو كذب ـ وكل حديث فی ذم عمرو بن العاص فهو كذب ـ وكل حديث فی ذم بنی اميّة فهو كذب ۔۔۔۔ وكذالك احاديث ذم الوليد وذم مروان بن الحكم"

"یعنی ان جعلی روایات میں سے وہ احادیث ہیں جو امیر معاویہ کی تنقیص میں منقول ہیں اور ہر وہ حدیث جو ان کی مذمت میں ہے دروغ اور جھوٹ ہے۔"

اسی طرح ہر وہ حدیث جو عمروؓ بن العاص کی مذمّت میں ہے جھوٹ ہے اور ہر وہ حدیث جو بنی امیہ کی مذمت میں ہے وہ دروغ ہے۔

Marfat.com

..... اسی طرح وہ احادیث جو ولید اور مروان بن الحکم کی مذمّت

میں ہیں جعلی ہیں"

(المنار المنیف فی الصحیح والضعیف لابن قیّم

فصل سینتیس، ص ۱۱۷۔ مطبوعہ حلب)

(۲) ——— ملّا علی قاریؒ نے بھی اسی طرح ان مذمّت و تنقیص اور لعن طعن پیش کرنے

والی روایات کے متعلق یہ ذکر کیا ہے کہ :-

"ومن ذالك الاحادیث فی ذم معاویة وذم عمرو بن العاص

وذمّ بنی امیّة ...... وذم مروان بن الحکم ... الخ"

"یعنی ملّا علی قاری فرماتے ہیں کہ ان جعلی روایات میں وہ احادیث

ہیں جو امیر معاویہؓ کی مذمّت میں اور عمرو بن العاص (صحابی) کی مذمّت میں

ہیں اور قبیلہ بنی امیّہ کی مذمّت میں ہیں .... اور اسی طرح مروان

بن الحکم کی مذمت میں مرویات بھی جعلی ہیں"

۱ —— موضوعات ملّا علی قاری، ص ۱۰۶ مطبوعہ مجتبائی دہلی

فصل ومما وضعه جهلة المنتسبین الی السنة۔

۲ —— الاسرار المرفوعہ فی اخبار الموضوعہ، ص ۴۷۷ یعنی

موضوعات کبیر ملّا علی قاری مطبوعہ بیروت لبنان۔

۳ —— کوثر النبیؐ از مولانا عبد العزیز پرہاروی (حصّہ دوم)

تحت بحث احادیث موضوعہ ذعلی)

——— اس فن کے مشاہیر علماء نے اُمّتِ مُسلمہ پر واضح کر دیا ہے کہ بنی امیّہ

کے مشہور حضرات کے حق میں لعن طعن و مذمّت و تنقیص دکھلانے والی روایات

راویوں نے از خود تصنیف فرما کر قوم میں نشر کر دی ہیں۔ اب اس قسم کے ذخیرہ روایات

Marfat.com

پر نظر کرنے سے لوگوں کو کسی غلط فہمی میں مبتلا ہو کر ان کے حق میں بدظنی کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ علماء نے "احقاقِ حق" کا اپنا فریضہ خوب ادا فرمایا ہے۔ اس کے بعد بھی اگر کوئی شخص حق بات کو قبول نہیں کرتا اور خواہ مخواہ "زیغ عن الحق" کی راہ اختیار کرتا ہے۔ تو یہ "تعصب" ہوگا جس کا انجام بخیر نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے والحقّ احقّ ان یتّبع"، یعنی حق بات اس کی زیادہ حقدار ہے کہ اس کی اتباع کی جائے۔

(۴)

## مذکورہ روایات عقل و درایت کی روشنی میں

اس سلسلہ میں اس مسئلہ پر غور کرنا ہے کہ اگر الحکم اور اس کی اولاد مروان وغیرہ پر لعن طعن کی مذکورہ بالا روایات درست ہیں اور اگر (لسانِ نبوت) سے الحکم اور اس کی اولاد ملعون ہے تو پھر مندرجہ ذیل چیزیں کیسے صحیح ہوئیں۔ مثلاً:

۱۔ حضرت عثمانؓ کی طرف سے مروان کو اپنا داماد کیسے بنایا گیا؟

۲۔ حضرت عثمانؓ نے مروان کو اپنا کاتب کیسے تجویز فرما دیا؟

۳۔ حضرت عثمانؓ نے مروان کو "بحرین" کا حاکم اور والی کیسے بنا دیا؟

۴۔ حضرت عثمانؓ نے الحکم کو مع اس کی اولاد کے مدینہ میں قیام کی کیسے اجازت دے دی؟ کیا حضرت عثمانؓ کو حضور علیہ السلام کے یہ لعن طعن کے فرمودات معلوم نہیں تھے؟ یا پھر ان فرامینِ نبوت سے متاثر نہ ہوئے؟ کونسی بات درست ہے؟ حضرت عثمانؓ کی دیانتداری و جاں نثاری کے مقام کو مدنظر رکھیں۔ اس کے بعد کوئی فیصلہ کریں۔

۵۔ اگر یہ خاندان زبانِ رسالت کے ذریعے لائقِ نفرت، قابلِ حقارت اور

Marfat.com

لعن کا مورد ہے تو حضرت علی المرتضیٰؓ نے قبیلہ بنو امیہ (جس کی الحکم اور اس کی اولاد ایک بڑی شاخ ہے) کے حق میں مذکورہ بالا فضیلت ومنقبت کے اقوال کیسے فرما دیئے اور ان کے عمدہ خصال کس طرح شمار کر دیئے؟

۶ - نیز حضرات حسنینؓ نے جنگ جمل میں مروان کی گرفتاری پر مروان کو رہا کرانے کے لیے حضرت علیؓ کے ہاں سفارش کس طرح کر دی؟ اور پھر حضرت علیؓ نے اس کے حق میں سفارش کیسے منظور فرمائی؟

۷ - سہل بن سعد (صحابی)، علی بن الحسین ہاشمی (یعنی زین العابدین تابعی، عروہ بن زبیر تابعی، سعید بن المسیب تابعی وغیرہم اکابرینِ اُمت نے مروان کی دیانت پر کیسے اعتماد کیا۔ اور اس سے روایاتِ حدیث کیسے حاصل کیں؟

۸ - امام مالکؒ نے اپنے "مؤطا" میں مسائلِ شرعی میں اعتماد کرتے ہوئے مروان سے متعدد مسائل کیسے نقل کر دیئے؟

۹ - امام محمد بن حسن الشیبانی نے اپنے "مؤطا" میں مروان سے بہت سے مسائلِ شرعی کیسے نقل کر دیئے؟

۱۰ - مشہور صحابی حضرت ابو ہریرہؓ مدینہ طیبہ پر ایسے مروان کا نائب مناب اور قائم مقام ہونا کیسے گوارا کرتے تھے؟

۱۱ - حضرت سیدنا زین العابدین کا قول اُموی خلفاء کے حق میں کیسے صحیح ہُوا؟ جب کہ ایک شخص کے جواب میں آپ نے فرمایا:-

"بل نصلّی خلفهم ونناكحهم بالسنة"

"یعنی ہم بنی اُمیہ خلفاء کے پیچھے نمازیں پڑھیں گے اور ان کے ساتھ رشتہ داری کا تعلق سُنت کے مطابق قائم کریں گے"

Marfat.com

۱۲ - سیدنا زین العابدینؓ کے حق میں علامہ زہری کا قول کس طرح صحیح ہوگا۔ وہ فرماتے ہیں کہ احسنہم طاعۃً احبّھم الی مروان وعبد الملک بن مروان ۔
یعنی اہلِ بیت حضرات میں سے سیدنا زین العابدینؓ مروان و عبد الملک بن مروان کے نہایت عمدہ تابعدار ہیں اور ان کی طرف زیادہ محبت رکھنے والے ہیں۔

۱۳ - مزید تدبّر فرمائیے ۔ اگر بالفرض فرمانِ نبوی کے اعتبار سے بنی امیہ مذموم و مبغوض ہیں اور خصوصاً الحکم اور اس کی اولاد مروان وغیرہ ملعون ہے تو پھر ایسے منحوس خاندان کے ساتھ حضرت علی المرتضیٰؓ کی اولاد شریف نے رشتہ داری کے نسبی تعلقات کیسے قائم فرما دیئے ؟ اور لطف یہ کہ متعدد رشتے حضرت علیؓ کی اولاد نے مروان کی اولاد کو دیئے ہیں ان سے لیے نہیں مثلاً :۔

(۱) ـــــ رملہ بنت علی بن ابی طالبؓ مروان کے بیٹے معاویہ کے نکاح میں تھی

(۲) ـــــ حسن مثنیٰ کی لڑکی (زینب) مروان کے پوتے ولید بن عبد الملک بن مروان کے نکاح میں تھی۔

(۳) ـــــ امام حسنؓ کی پوتی (نفیسہ بنت زید بن امام حسنؓ) مروان کے پوتے ولید بن عبد الملک بن مروان کے نکاح میں تھی ۔

(۴) ـــــ امام حسنؓ کی پوتی (خدیجہ بنت الحسین بن حسنؓ) مروان کے بھائی الحارث بن الحکم کے پوتے اسمٰعیل بن عبد الملک بن الحارث کے نکاح میں تھی اسی خدیجہ کو امّ کلثوم کے نام سے بھی ذکر کیا جاتا ہے۔

(۵) ـــ خدیجہ مذا کے نکاح کے بعد ان کی چچا زاد بہن (حمادہ بنت الحسن المثنیٰ بن امام حسنؓ) مروان کے حقیقی بھائی الحارث بن الحکم کے پوتے اسمٰعیل بن عبد الملک بن الحارث کے نکاح میں تھیں ۔

مذکورہ بالا امور کے حوالہ جات قبل ازیں تہیرِ معاویہؓ اور مروانؓ حالات میں

Marfat.com

دے دیتے گئے ہیں، رجوع فرما کر تسلی کی جا سکتی ہے۔

قابلِ غور یہ بات ہے کہ کیا حضرت علیؓ کی اولاد نے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ تمام فرمودات (جن میں بغض۔ کراہت۔ لعن وغیرہ مذکور ہے) یکسر فراموش کرتے ہوئے خاندان مروان سے دائمی تعلقات رشتوں کی صورت میں اُستوار کر لیے۔ یا یہ روایات ان کے دَور میں ان لوگوں کے سامنے ہی نہیں آئی تھیں۔ بلکہ بعد میں راویوں نے اپنے اپنے مقاصد کی خاطر تصنیف فرما کر قوم میں نشر کر دیں۔

ناظرین کرام میں بڑے بڑے فہیم، ذہین، فطین، ذکی، مفکر موجود ہیں۔ ہم نے گویا اس مسئلہ کی مختلف جوانب پیش کر دی ہیں۔ منصفانہ غور و خوض فرما کر امید ہے بہتر نتائج خود برآمد کر سکیں گے۔ ہماری طرف سے صرف اتنی گذارش ہے کہ گروہی تعصب سے بالاتر ہو کر غور فرما دیں۔

# بحث مروان کا خاتمہ

مروان بن الحکم کے لیے پہلے مختصر حالات دیتے گئے۔ اس کے بعد مروان کے متعلقہ چند ایک مشہور مشہور اعتراضات کے جوابات پیش کیے ہیں۔ ان دونوں بحثوں میں کما حقہٗ علمی مواد ہم نہیں پیش کر سکے۔ بعض تاریخی کتب (مثلاً تاریخ بلدہ دمشق کامل لابن عساکر وغیرہ) ہمیں حاصل نہیں۔ اس وجہ سے یہ بحثیں نامکمل ہیں۔ تاہم مالا یدرک کلہٗ لا یترک کلہٗ کے قاعدہ کے موافق جو کچھ ماحضر تھا وہ پیش کر دیا گیا۔

قبل ازیں بحث ہٰذا کی ابتدا میں بھی ذکر کیا گیا۔ اب دوبارہ آخر بحث میں لکھا جاتا ہے کہ کسی مسئلہ میں بھی افراط و تفریط مناسب نہیں ہوتی۔ اس بناء پر مروان کے معصوم عن الخطاء اور غلطی سے مبرا ہونے کا ہرگز دعویٰ نہیں ہے۔

Marfat.com

بہت ممکن ہے کئی مواقع میں مروان سے غلطی ہوئی ہو لیکن ساتھ ہی مروان کی خوبیوں کو اور دینی و قومی خدمات کو یکسر ختم کر کے اس کی خامیوں کی داستانیں نشر کرنا بھی کوئی "کارِ خیر" نہیں اور نہ اسلام و دین کی یہ کوئی بہترین خدمت ہے۔

سلف صالحین کے طریقہ پر "خذ ما صفا ودع ما کدر" پر عمل کرنا مناسب ہے۔ حق بات کو حق کہنا، غلط بات کی حمایت نہ کرنا یہ اسلم طریق ہے اور تعصب سے اجتناب کی بہترین صورت ہے۔ اگر قبول خاطر ہو جائے۔

---

Marfat.com

# بحث ثالث

بحث ہذا میں اس مسئلہ کو دو طریقہ سے پیش کیا جاتا ہے۔ ایک طریقہ تو یہ ہے کہ معلوم کیا جائے "اقربا نوازی" کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ شرعاً کس طرح محمود اور صحیح ہے؟ اور کن کن صورتوں میں مذموم اور قبیح ہے؟

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ واقعات کے اعتبار سے اس مسئلہ کو معلوم کیا جائے اور دورِ عثمانی سے پہلے گذشتہ ادوار عہدِ نبوی، عہدِ فاروقی اور مابعد والے ایام (عہدِ مرتضوی) میں غور و فکر کر لیا جائے کہ ان ایام میں رشتہ داروں کو مناصب دینے میں کیا طرز اختیار کیا گیا؟ اور عہدہ جات تقسیم کرنے میں قبیلہ داری کی رعایت رکھی گئی؟ یا قریبوں کو حکومت کے مناصب سے الگ رکھا گیا؟ ان ہر دو طریق سے مسئلہ ہذا خوب واضح ہو جائے گا۔

## طریقِ اوّل

شریعت میں اقرباء کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

(۱) ـــــ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ ... الخ

یعنی اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو، اور والدین کے ساتھ احسان اور بھلا کرو اور رشتہ داروں کے ساتھ اور یتامیٰ اور مساکین کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ (قرآن مجید۔ پارہ پنجم۔ پاؤ اوّل)

Marfat.com

(۲) ـــــ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ۔

"یعنی اللہ تعالیٰ امر کرتے ہیں انصاف کرنے کے ساتھ اور احسان کرنے کے ساتھ اور رشتہ داروں کو ان کے حقوق دینے کے ساتھ اور منع فرماتے ہیں بے حیائی کے کاموں سے اور برُے کاموں سے اور زیادتی کرنے سے۔" (پارہ ۱۴ - پاؤ چہارم)

حدیث شریف میں آیا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

"عن ابن عمرؓ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ابرّ البرّ ان یصل الرجل ودّ ابیہ (بعد ان یولّی)

یعنی کامل صلہ رحمی یہ ہے کہ اپنے والد کے بعد اس کے احباب کے ساتھ حسنِ سلوک اور اچھا معاملہ کیا جائے۔

(۱) ـــــ مسلم شریف، ج ۲، ص ۳۱۴ - باب فضل صلۃ اصدقاء الاب والام ونحوھما طبع نور محمدی دہلی

(۲) ـــــ ابوداؤد شریف، ج ۲، ص ۳۵۲ - باب فی برالوالدین - طبع مجتبائی دہلی۔

اسی طرح بہت سی نصوصِ شرعیّہ میں اقرباء کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم ہے اور اپنے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا معاملہ رکھنے کی تاکید ہے۔

لہٰذا حضرت عثمانؓ نے اپنے رشتہ داروں کے ساتھ عہدہ اور منصب کے معاملہ میں اگر رعایت فرمائی ہے تو یہ شرعی احکام کے موافق ہے۔ طریقِ شریعت کے برخلاف نہیں۔

"اقرباء نوازی" کے مذموم اور ناجائز ہونے کی صورت یہ ہے کہ غیر کے حق کو

Marfat.com

دبا کر اپنے قریبی کو دے دیا جائے ۔ اسی طرح دوسرے شخص کے حق کو ضائع کر کے اس کی اجازت کے بغیر اپنے رشتہ دار کو مستحق قرار دیا جائے ۔ یہ طریق کار شریعت میں قبیح شمار کیا جاتا ہے ۔

اگر یہ صورت نہ ہو تو رشتہ دار کو منصب عطا کرنے میں کچھ سقم نہیں بشرطیکہ وہ اس کا اہل ہو ۔

# طریقِ ثانی

اس طریقہ کے متعلق ناظرین کرام کی خدمت میں دَورِ نبوی کے چند اہم مناصب اور عہدے پہلے ذکر کیے جاتے ہیں جو سیّد الکونین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رشتہ داروں (بنو امیہ اور بنو ہاشم) کو عنایت فرماتے تھے ۔ اس کے بعد دورِ فاروقی اور اس کے بعد عہدِ مرتضوی کے مناصب ذکر کیے جائیں گے جو انہوں نے اپنے اقرباء کے لیے تجویز فرمائے تھے ۔ تاکہ اس مسئلہ کو اہلِ فہم و فکر حضرات واقعات کی شکل میں حل فرما سکیں ۔ اور باقی اَدوار کے ساتھ عثمانی دَور کا تقابل و توازن بھی قائم کر سکیں ۔

## دَورِ نبوی میں اقرباء کیلئے مناصب دہی کے چند واقعات

اوّل ـــــ حضور علیہ السلام نے اپنے داماد حضرت عثمان بن عفان کو اپنے دورِ رسالت میں کئی اہم مناصب اور عہدوں پر فائز فرمایا ۔ مثلاً :-

ا ۔ کتابتِ وحی کا عہدہ انہیں عنایت فرمایا گیا اور کاتبانِ وحی میں حضرت عثمانؓ شامل تھے ۔

ا ۔ زاد المعاد لابن قیمؒ ج ا ص ۳۰ فصل فی کتابہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

۲- السیرۃ النبویہ لابن کثیر، ج ۴، ص ۶۶۹۔ تحت
کتاب الوحی وغیرہ بین یدیہ۔
۳- سیرۃ الحلبیۃ، ج ۳، ص ۳۶۴۔ باب ذکر المشاہیر
من کتابہ صلی اللہ علیہ وسلم۔
۴- جوامع السیرۃ لابن حزم، ص ۲۶ تحت کتابہ صلی اللہ
علیہ وسلم۔

۲۔ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر قریش مکہ کی طرف حضرت عثمانؓ کو حضور علیہ السلام نے اپنا سفیر بنا کر روانہ فرمایا۔

حضرت عثمانؓ کی یہ سفارت صحاح ستہ اور سیرت کی عام کتابوں میں غزوہ حدیبیہ اور صلح حدیبیہ کے موقعہ پر مذکور رہے۔

(مشکوٰۃ شریف، باب مناقب عثمان الفصل الثانی والثالث، ص ۵۶۱-۵۶۲ طبع نور محمدی دہلی)

۳۔ حضور علیہ السلام نے حضرت علی المرتضیٰؓ کو غالباً ایک بار مدینہ شریف پر اپنا نائب بنایا تھا اور حضرت عثمانؓ کو متعدد دفعہ مدینہ طیبہ پر اپنا قائم مقام اور خلیفہ بنایا۔ ایک دفعہ غزوہ ذات الرقاع میں مدینہ پر اپنا خلیفہ بنایا۔ دوسری دفعہ غزوہ غطفان میں اپنا قائم مقام بنایا۔

۱؎ استخلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی المدینۃ فی غزوتہ الی ذات الرقاع عثمانؓ بن عفان واستخلفہ ایضاً علی المدینۃ فی غزوتہ الی غطفان ۔۔۔ الخ ؎

(۱) طبقات ابن سعد، ج ۳۔ ص ۳۹ قسم اول تحت
ذکر اسلام عثمانؓ۔ طبع اول لیدن۔

Marfat.com

(۲) ـــــ منہاج السنہ لابن تیمیہؒ، ج ۳، ص ۱۹۔

اگر بالفرض کسی صاحب کو حضرت عثمانؓ کی مذکورہ متعلقہ چیزوں میں "المصادرۃ الی المطلوب" پائے جانے کا شبہ نظر آئے تو ان کی بجائے مندرجہ ذیل بنی امیہ کے قریبی اشخاص کے مناصب کو سامنے رکھیں اور مسئلہ میں غور فرمالیں۔

**دوم** ـــــ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ جو حضرت امیر معاویہؓ کے والد ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بڑے باعزت صحابی ہیں۔ فتح مکہ کے موقعہ پر اسلام لائے۔ بنی امیہ کے سرداروں میں سے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کا قریبی رشتہ یہ ہے کہ حضور علیہ السلام کی حرم محترم ام المومنین ام حبیبہؓ یعنی رملہ بنت ابی سفیان کے والد شریف ہیں۔ ابوسفیان کے حضور علیہ السلام داماد ہیں اور وہ ان کے خسر ہیں۔ یہ مسئلہ اسلامی تاریخ کے مسلمات میں سے ہے۔

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چچا حضرت عباس بن عبدالمطلبؓ کے یہ زمانہ جاہلیت میں بھی دوست تھے۔ فتح مکہ کے روز حضرت عباسؓ کی ترغیب سے ایمان لائے تھے اور بعد از اسلام بھی خاص ہم نشین اور مصاحب رہے۔

نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوسفیانؓ کو کئی منصب اور عہدے عطا فرمائے اور کئی اہم ذمہ داریاں ان کے سپرد فرمائیں۔ ان میں سے ذیل میں صرف چند چیزیں بالاختصار پیش خدمت ہیں جو مضمون بالا کے مناسب ہیں۔ مثلاً

**اوّل۔ نجران کا حاکم ہونا** نجران کے علاقہ پر حضور علیہ السلام نے ابوسفیان کو عامل اور حاکم بنایا۔

"واستعملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی نجران"

(۱) ـــــ کتاب نسب قریش لمصعب الزبیری، ص ۱۲۲۔
تحت ولد حرب بن امیہ۔

Marfat.com

(۲)___ کتاب المحبّر لابی جعفر بغدادی، ص ۱۲۶ تحت امراء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم۔

(۳)___ تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱، ص ۹۲ تحت عمّالِ نبوی۔

**دوم۔ بُت شکنی کے لیے روانگی** قبیلہ بنی ثقیف جب اسلام لائے، ان میں ایک بُت نصب تھا جس کو وہ گرانا نہیں چاہتے تھے لیکن سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلّم نے اس بُت شکنی کے لیے حضرت ابوسفیان رضؓ اور مغیرہ بن شعبہ کو روانہ فرمایا۔ انہوں نے اس کو گرا کر پاش پاش کر دیا۔

"۔۔۔۔ فابی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم الا ان یبعث ابا سفیان بن حرب و المغیرۃ بن شعبۃ فیھدماھا"

(۱)___ سیرت ابن ہشام، ج ۲، ص ۵۴۰-۵۴۱ تحت حالات وفد ثقیف۔

(۲)___ البدایہ لابن کثیر، ج ۵، ص ۳۰-۳۳ تحت قدوم وفد ثقیف علیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم۔

**سوم۔ ادائیگی قرض** قبیلہ بنی ثقیف میں عروۃ نامی اور الاسود نامی دو مقروض شخص تھے ان کے قرضہ کو اُتارنے کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے حضرت ابوسفیان کو منتخب فرمایا تاکہ وہاں سے مال لے کر ان دونوں کے قرض کو اُتار دیں۔ پس حضرت ابوسفیان رضؓ نے حسبِ فرمانِ نبوی ان کا قرض ادا کیا۔

___ فامر رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ابا سفیان ان یقضی دین عروۃ و الاسود من مال الطاغیۃ فلما جمع

Marfat.com

المغيرة مالها قال لابي سفيان ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد امرك ان تقضی عن عروة والاسود دینهما فقضی عنهما ۔"

(سیرت ابن ہشام، ج ۲، ص ۵۴۲ تحت امر وفد ثقیف واسلامها)

**چہارم: تقسیمِ مال** ایک دفعہ مکہ مکرمہ میں سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم نے مال ارسال فرمایا جو قریشِ مکہ میں تقسیم کرنا مقصود تھا ۔ وہ حضرت ابوسفیان کی تحویل میں دیا گیا اور ان کے ذریعے قریشِ مکہ میں تقسیم ہوا ۔ یہ فتح مکہ کے بعد کا واقعہ ہے چنانچہ اس واقعہ کو عمرو بن فغواء نے مندرجہ ذیل الفاظ میں ذکر کیا ہے ۔

"دعانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقد اراد ان یبعثنی بمال الی ابی سفیان یقسمه فی قریش بمكة بعد الفتح ..... فمضینا حتی قدمنا مكة فدفعت المال الی ابی سفیان ... الخ"

(۱) ــــ طبقات ابن سعد ص ۲۲-۲۳، ج ۴ قسم ثانی ۔ طبع لیدن تحت عمرو بن فغواء ۔

(۲) ــــ السنن الکبریٰ للبیہقی، ج ۱۰ ص ۱۲۹ ۔ کتاب آداب القاضی ۔ باب الاحتیاط فی قراءة الکتاب

**تنبیہ**: حضرت ابوسفیانؓ کے حق میں بہت سے مناقب وفضائل حدیث وسیرت وتاریخ اسلامی کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں اور ان کے مجاہدانہ کارنامے وملی خدمات بہت کچھ دستیاب ہیں (ہم نے یہاں ان میں سے صرف چار عدد ذکر کر دیئے ہیں) ان کی تمام دینی خدمات اور مساعی پر تعصب دور کر کے منصفانہ نظر

Marfat.com

کرنے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حضرت موصوف کے خلاف جو کچھ مواد روایات میں دکھائی دیتا ہے (خواہ طبری میں ہو یا جزری وغیرہ میں) وہ واقعے کے اعتبار سے صحیح نہیں اور فنی تجزیہ کی روشنی میں وہ مرویات عموماً سنداً مجروح و مقدوح ہیں۔ یا پھر وہ معروف روایات کے خلاف ہونے کی وجہ سے متناً منکر ہیں یا شاذ ہیں ان صورتوں سے خالی نہیں۔

——— اور جن حضرات نے حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے کردار کو خراب کرنے اور ان کے دینی مقام کو گرانے والی مرویات کا ذکر کیا ہے۔ انہوں نے نہ مقام صحابہؓ کا لحاظ کیا ہے نہ عظمتِ صحابہ کو ملحوظ رکھا ہے، نہ شانِ صحابہؓ کی رعایت کی ہے۔ بلکہ ان روایات کے حق میں فنی تجزیہ کرنے کی تکلیف ہی گوارا نہیں فرمائی تاکہ ان پر ان کا سقم واضح ہو سکتا اور درایت کے اعتبار سے اس مواد کا ملاحظہ ہی نہیں کیا کہ اس کا واقعات کے برخلاف ہونا معلوم ہو سکتا۔ قبائلی تعصب، خاندانی نفرت، نسلی امتیازات کے یہ کرشمے ہیں ورنہ ان چیزوں کو نقلاً و عقلاً جانچ لینے سے کوئی بات مانع نہیں تھی۔

(ہداہم اللہ تعالیٰ خیر الہدایہ وعافاہم عن العصبیّۃ)

**سوم** ——— حضرت ابوسفیانؓ کے لڑکے یزید بن ابی سفیان ہیں جو امیر معاویہؓ کے بڑے بھائی ہیں اور حضور علیہ السلام کے قریبی رشتہ دار ہیں یعنی حضرت کے حرم محترم ام المومنین ام حبیبہؓ بنت ابی سفیانؓ کے برادر ہیں۔ اس صورت میں یزید بن ابی سفیانؓ آپؐ کے برادرِ نسبتی ہوتے اور حضور علیہ السلام ان کے بہنوئی ہوئے۔ بڑی عمدہ صلاحیتوں کے مالک تھے۔ فتح مکہ کے موقعہ پر اسلام لاتے تھے۔ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں غزوہ حنین میں شریک ہوئے اور ان کو آپؐ نے غزوہ حنین سے بہت سا مال عنایت فرمایا تھا۔

سیرت اور اسلامی تاریخ کے علماء نے ان کو "یزید الخیر" کے نام سے یاد کیا ہے۔

Marfat.com

(۱)۔۔۔۔ طبقات ابن سعد، ج ۷، ق ۲ ص ۱۲۷۔ تحت
ذکر یزید بن ابی سفیان اموی۔

(۲)۔۔۔۔ البدایہ، ج ۷، ص ۹۵۔ تذکرہ یزید بن ابی سفیان
تحت ۱۸ھ طبع اوّل۔

یزید بن ابی سفیانؓ کو نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ان کی لیاقت اور صلاحیّت کی بنا پر اپنے عہدِ نبوت میں متعدد اعزاز بخشے اور کئی مناصب ان کو نصیب ہوئے مثلاً:

(۱)۔۔۔۔ یزید بن ابی سفیانؓ کا شمار کاتبانِ وحی نبوت میں کیا گیا اور علماء نے کاتبانِ وحی کا شمار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"۔۔۔۔۔ ومعاویۃ بن ابی سفیانؓ ای واخوہ یزید۔۔ الخ"

(۱) جوامع السیرۃ لابن حزم، ص ۲۶ تحت کتابہ صلی اللہ علیہ وسلم
(۲) سیرت حلبیہ، ج ۳، ص ۳۲۶۔ باب ذکر المنابیر من کتابہ صلی اللہ علیہ وسلم

(۲)۔۔۔۔ حافظ ابن حجرؒ نے لکھا ہے کہ نبی اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے یزید بن ابی سفیان کو قبیلہ بنی فراس کے صدقات پر عامل و حاکم بنایا۔ وہ قبیلہ ان کے ننہیال کا تھا۔

۔۔۔۔ یزید بن ابی سفیان صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس القرشی الاموی امیر الشام واخو الخلیفہ معاویہ کان من فضلاء الصحابہ من مسلمۃ الفتح۔
واستعملہ النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم علیٰ صدقات بنی فراس وکانوا اخوالہ۔۔۔ الخ"

(۱)۔۔۔۔ الاصابہ معہ الاستیعاب، ص ۶۱۹، ج ۳۔
تحت یزید بن ابی سفیانؓ۔

(۲)۔۔۔۔ اسد الغابہ، ص ۱۱۲، ج ۵۔ تحت یزید مذکور

Marfat.com

(۳) ——— اور ابو جعفر بغدادی نے کتاب المحبر میں لکھا ہے کہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم نے یزید بن ابی سفیانؓ کو تیما کے علاقہ پر بھی امیر بنایا تھا۔

——— ویزید بن ابی سفیانؓ (امّرہٗ) علی تیما... الخ

(کتاب المحبر، ص ۱۲۶ - تحت امراء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

**چہارم** ——— حضرت ابو سفیانؓ کے لڑکے امیر معاویہؓ مشہور و معروف صحابی ہیں اور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے قریبی رشتہ دار ہیں یعنی حضرت کے حرم محترم امّ المومنین امّ حبیبہ بنت ابی سفیانؓ کے بھائی ہیں۔ اس لحاظ سے حضرت امیر معاویہؓ بن ابی سفیانؓ کو آنجناب کے برادرِ نسبتی ہونے کا شرف حاصل ہے اور دوسری یہ بات ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم زلف بھی ہیں یعنی امّ المومنین امّ سلمہؓ کی بہن قریبۃ الصغریٰ امیر معاویہؓ کے نکاح میں تھیں جیسا کہ قبل ازیں بحث ثانی میں نسبی روابط کے تحت تفصیلاً ذکر کیا جا چکا ہے۔

(۱) ——— نسبِ قریش لمصعب الزبیری، ص ۱۲۲-۱۲۴- تحت ولد ابی سفیان بن حرب -

(۲) ——— کتاب المحبر، ص ۱۰۲ - طبع حیدر آباد دکن -

(۱) ——— امیر معاویہؓ کو نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کتابت کے عہدہ پر فائز فرمایا ہوا تھا۔ دیگر کاتبانِ وحی کے ساتھ ان کا شمار تھا جیسا کہ علماء سیرت نگار نے ذکر کیا ہے۔

البتہ علامہ ابن حزم اور علی بن برہان الدین الحلبی وغیرہما نے مزید تصریح کر دی ہے کہ زید بن ثابت انصاریؓ اور (فتح مکہ کے بعد) امیر معاویہؓ آنحضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں کتابت کے لیے حاضر باش خادم تھے۔ چاہے

Marfat.com

وحی کی کتابت ہو خواہ غیر وحی کی ہو۔

"۔۔۔ وکان زید بن ثابت من الزم الناس لذالك ثم تلاہ معاویۃ بعد الفتح فکانا ملازمین للکتابۃ بین یدیه صلی اللہ علیه وسلم فی الوحی وغیر ذالك لا عمل لهما غیر ذالك۔

ا ــــ جوامع السیرۃ لابن حزم الاندلسی، ص ۲۷۔ تحت کتابہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۲ ــــ سیرۃ الحلبیۃ، ج ۳۔ ۳۶۴۔ باب ذکر المشاہیر من کتابہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۲) ــــ عہد نبوی میں بعض اوقات حضرت امیر معاویہؓ کو نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض لوگوں کو قطعہ اراضی دینے کے لیے بھی روانہ فرمایا تھا چنانچہ وائل بن حجر کو حضرت امیر معاویہؓ کے ذریعے زمین عنایت فرمائی گئی تھی قبل ازیں یہ واقعہ بحث اوّل کے عنوان "الشام" کی ابتدا میں ذکر کیا جا چکا ہے۔

(۱) ــــ تاریخ کبیر امام بخاری۔ ص ۱۷۵۔۱۷۶۔ جلد رابع القسم الثانی۔ تحت وائل بن حجر۔

(۲) ــــ اسد الغابہ، ج ۵۔ ص ۸۱۔ تحت وائل بن حجر۔

(۳) ــــ الاصابہ، ج ۳، ص ۵۹۲ ذکر وائل بن حجر۔

حضور علیہ السلام کے قریبی رشتہ داران (جو بنی امیہ سے ہیں) کے چند مناصب ہم نے ذکر کیے ہیں جو ان کو عہد نبوت میں دیئے گئے۔ اب ذیل میں وہ چند عہدے ذکر کیے جاتے ہیں جو نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رشتہ داران بنی ہاشم کو عنایت فرماتے تھے۔

Marfat.com

# دورِ نبوی میں بنی ہاشم کے عہدہ جات

(۱)۔ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا زاد برادر حضرت جعفر طیار کو غزوۂ موتہ ۸ھ میں امیرِ لشکر بنا کر بھیجا تھا۔ انکے ساتھ عبداللہ بن رواحہ اور زید بن حارثہؓ کو بھی یکے بعد دیگرا میر مقرر فرمایا تھا۔

(۲)۔ سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر کے آخری ایام ۷ھ میں جس موقعہ پر فتح خیبر ہوتی تھی۔ حضرت علی المرتضیٰؓ کو امیرِ لشکر مقرر کر کے روانہ فرمایا۔

(۳)۔ نیز حضرت علیؓ المرتضیٰ کو یمن کے علاقہ پر ۱۰ھ میں ایک دفعہ حاکم تجویز فرما کر ارسال کیا تھا۔

(۴) غزوۂ تبوک ۹ھ کے موقعہ پر جب آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ ہذا میں تشریف لے گئے تو حضرت علیؓ المرتضیٰ کو وقتی طور پر خانگی امور کے لیے مدینہ طیبہ میں اپنا نائب بنایا تھا۔

یہ واقعات چونکہ سیرتِ طیبہ اور اسلامی تاریخ کے مشہور اور مسلمات میں ہیں اس بنا پر حوالہ جات درج کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی اور مضمون میں طوالت سے اجتناب کرنا بھی خصوصاً مطلوب ہے۔

مندرجات بالا کے ذریعے معلوم ہوا کہ حضور علیہ السلام کے دورِ مبارک میں آنجنابؐ نے اپنے بنی امیہ رشتہ داروں اور بنی ہاشم اقربا کو موقعہ بہ موقعہ عہدے اور مناصب عنایت فرماتے۔ مذکورہ بالا تمام واقعات میں یہ تعامل اور کارکردگی مسئلہ ہذا کو واضح کرتی ہے کہ حضرت سیدنا عثمانؓ بن عفان نے بعض اقربا کو مناصب دہی کے سلسلہ میں کوئی جدید طرز اختیار نہیں کیا بلکہ اس مسئلہ میں حضرت عثمانؓ کا طرزِ عمل نبویؐ طریقہ کے مطابق تھا ——— نیز واضح ہوا کہ اس مسئلہ میں حضرت عثمانؓ سے کوئی غلطی سرزد نہیں ہوئی تھی اور نہ ہی ان کا یہ کام شرعاً و اخلاقاً و سیاستہً غلط تھا اور امام المرسلین سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ راشد (حضرت عثمانؓ) کو مسئلہ ہذا میں غلط کار و خطاکار قرار دینے سے یہ زیادہ سہل ہے کہ انہیں غلط کہنے والوں کو غلط کار اور خطاوار تصور کیا جائے۔

# عہدِ فاروقی میں اقربا نوازی

(۱)۔ حضرت سیدنا فاروق اعظمؓ نے اپنے قریبی رشتہ دار قدامہ بن مظعون کو بحرین کا والی و حاکم بنایا (قدامہؓ حضرت عمرؓ کی لڑکی حفصہؓ (جو ام المومنین ہیں) اور ان کے لڑکے عبداللہ بن عمرؓ کے ماموں تھے

"...... ان عمر بن الخطابؓ استعمل قدامة بن مظعون علی البحرین وھو خال حفصةؓ وعبد اللہ بن عمرؓ"

۱۔ المصنف لعبد الرزاق جز ۹ ص ۲۴۰-۲۴۱-
باب من حد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم
۲۔ تاریخ خلیفہ ابن خیاط ج ا ص ۱۲۱ تحت تسمیہ عمال عمر بن الخطاب۔

(۲) ــــ حضرت عمرؓ کے قبیلہ بنی عدی سے ایک بزرگ النعمان بن عدی ہیں وہ حبشہ کے مہاجرین میں سے تھے۔ ان کو حضرت عمرؓ نے میسان کے علاقہ کا والی بنایا تھا۔ اگرچہ بعد میں اس منصب سے الگ کر دیا گیا۔

ــ وانہ من مہاجرة الحبشة وولی عمر النعمان ھذا میسان ۔

(الاصابہ لابن حجر ج ۳ ص ۵۲۲ تحت حرف النون (النعمان بن عدی)

## عہدِ مرتضوی میں خویش نوازی

اسی طرح حضرت علی المرتضیٰؓ نے اپنے دورِ خلافت میں تقریباً چھ عدد یا اس سے زیادہ اپنے رشتہ داروں کو اعلیٰ مناصب دیئے اور مختلف مقامات پر ان کو والی وحاکم بنایا۔

اوّل ــــ عبید اللہ بن عباس بن عبد المطلب بن ہاشم :-

حضرت علیؓ نے اپنے چچا زاد برادر (عبید اللہ) کو یمن کے علاقے کا والی بنایا۔ ۳۶ھ اور ۳۷ھ میں ان کو حج کا امیر بھی مقرر کیا۔

(الیمن) .... واستعملہٗ علی بن ابی طالب علی الیمن وامرہ فحج بالناس سنة ۳۶ وسنة ۳۷ ھ ومات عبید اللہ بالمدینة"

(۱) ــــ تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ا ص ۱۸۴-۱۸۵ تحت تسمیہ عمال علی بن ابی طالبؓ۔

(۲) ــــ کتاب نسب قریش لمصعب الزبیری، ص ۲۷ تحت ولد العباس بن عبد المطلبؓ۔

Marfat.com

۴ــــ الاصابہ، ج ۲، ص ۴۳۰ تحت عبید اللہ بن عباس۔

دوم ــــ قثم بن العباس بن عبد المطلب :۔

حضرت علیؓ نے اپنے چچا زاد بھائی قثم بن العباس کو مکہ شریف اور طائف کا والی بنایا۔

(مکہ مکرمۃ) .... وولی قثم بن العباس فلم یزل علیہا (مکۃ) والیاً حتیٰ قُتِل علیؓ ۔"

(تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱، ص ۱۸۵ تحت تسمیۃ عمّال علی بن ابی طالبؓ)

"... وکان علی مکۃ والطائف قثم بن العباس ۔"

(تاریخ ابن جریر طبری، ج ۶، ص ۵۳ در آخر ۳۷ھ)

اور اسی سال (۳۸ھ) میں قثم بن العباس نے حضرت علیؓ کی طرف سے لوگوں کو حج کرایا اور وہ ان دنوں حضرت علیؓ کی طرف سے مکہ شریف کے حاکم تھے۔"

(مکۃ مکرمۃ .... وحج بالنّاس فی ھٰذا السنۃ (۳۸ھ) قثم بن العباس من قبل علیؓ علیہ السلام ... وکان قثم یومئذٍ عامل علیؓ علیٰ مکۃ ... الخ۔"

(تاریخ ابن جریر طبری، ج ۶، ص ۷۷۔ در آخر سن ۳۸ھ)

ــ .... مزید یہ بات بھی علماء نے لکھی ہے کہ حضرت علی المرتضیٰؓ اپنے چچا زاد برادر معبد بن العباس بن عبد المطلب کو بھی مکہ شریف کا والی بنایا تھا۔ چنانچہ دارقطنی کی کتاب الاخوۃ کے حوالہ سے درج ہے کہ :۔

Marfat.com

"........ وذكر الدارقطني في كتاب الاخوة ان علياً ولاه مكة"

(الاصابہ لابن حجر، ج ۳، ص ۴۵۷۔ تحت معبد بن العباس بن عبد المطلب ۸۳۳۰)

—— مندرجات بالا کے ذریعہ واضح ہوا کہ مکہ شریف پر حضرت علیؓ کی طرف سے متعدد والی یکے بعد دیگرے مقرر ہوئے۔ ان میں قثم بن العباس اور معبد بن العباس دونوں ہاشمی حضرات تھے اور چچا زاد برادر تھے۔

**سوم —— تمام بن العباس بن عبد المطلب :۔**

حضرت علی المرتضیٰؓ نے اپنے ایام خلافت میں مدینہ شریف پر پہلے سہل بن حنیف کو والی بنایا۔ اس کے بعد ان کو معزول کر کے اپنے چچا زاد برادر تمام بن العباس کو مدینہ کا والی بنایا۔ (بعض لوگ اسی کو ثمامہ بن العباس بن عبد المطلب کے نام سے بھی تعبیر کرتے ہیں)۔

(المدينة الطيبة) ..... ثم عزله (سهل بن حنيف) وولى تمام بن العباس"

۱ - (تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱ ص ۱۸۵۔ تحت تسمیہ عمال علی بن ابی طالب)

۲ - تاریخ ابن جریر طبری، ج ۶، ص ۵۳۔ در آخر ۳۷ھ

**چہارم —— عبد اللہ بن العباس بن عبد المطلب :۔**

حضرت علی المرتضیٰ نے بصرہ کے علاقہ پر اپنے چچا زاد برادر عبد اللہ بن العباس کو والی و حاکم بنایا۔ جب ابن عباس باہر کہیں تشریف لے جاتے تو زیاد کو اپنا قائم مقام بناتے"

Marfat.com

(البصرة) . . . . وولی عبداللہ بن العباس فشخص ابن عباس

واستخلف زیاداً "

(تاریخ خلیفہ ابن خیاط ، ج ۱ ، ص ۱۸۶ ، تحت تسمیۃ عمّال

علی بنؓ ابی طالب۔

" . . . . . وکان علی البصرۃ عبداللہ بن العباس . . الخ "

(تاریخ ابن جریر طبری ، ج ۶ ، ص ۵۳ - در آخر ۳۷ھ)

**پنجم** ـــــــــ محمد بن ابی بکر :-

حضرت علی المرتضیٰؓ نے اپنے متبنّٰی محمد بن ابی بکر (جو کہ آپ کی بیوی اسماء بنت عمیس

سے حضرت ابوبکرؓ کا لڑکا تھا) کو مصر کا والی بنایا۔ پھر وہ وہاں قتل کر دیا گیا "

(مصر) . . . . فولی محمد بن ابی بکر فقتل بھا . . . . "

۱ ـــ تاریخ خلیفہ ابن خیاط ، ج ۱ ، ص ۱۸۶ ۔ تحت

تسمیۃ عمّال علی بنؓ ابی طالب۔

۲ ـــ تاریخ ابن جریر طبری ، ج ۶ ، ص ۵۳ - در آخر

سنۃ ۳۷ھ -

# ایک تائیدی حوالہ

علامہ ابن تیمیہؒ نے منہاج السنۃ ، جلد ثالث میں مذکورہ بالا ہر پانچ اقارب

مرتضوی کو یکجا ذکر کیا ہے اور اس مقام میں یہی مضمون مذکور ہے کہ حضرت علی المرتضیٰؓ

نے ان پانچ قریبی رشتہ داروں کو ان کلیدی اسامیوں پر اپنے دورِ خلافت میں

متعین فرمایا۔ اہلِ علم کی تسلی کے لیے بعینہٖ عبارت درج کی جاتی ہے -

" . . . . ومعلوم انّ علیاً ولی اقاربہٗ من قبل ابیہ وامّہ

Marfat.com

کعبداللہ وعبیداللہ ابنی عباس فولی عبیداللہ بن عباس علی الیمن وولی علی مکۃ والطائف قثم بن العباس واما المدینۃ فقیل انہ ولّی علیہا سہل بن حنیف وقیل ثمامۃ العباس و اما البصرۃ فولّی علیہا عبداللہ العباس وولی علی مصر ربیبہ محمد بن ابی بکر الذی ربّاہ فی حجرہ۔

(منہاج السنہ، ج ۳، ص ۱۷۳ تحت جوابات مطاعن عثمانی)

**ششم** ـــــ مذکورہ پانچ عزیزوں کے علاوہ ایک اور رشتہ دار یعنی حضرت علیؓ کا خواہرزادہ (جعدہ بن ہبیرہ بن ابی وہب القرشی المخزومی جس کی ماں کا نام ام ہانیؓ بنت ابی طالب ہے) کو حضرت علی المرتضیٰ نے خراسان کے علاقہ کا والی بنایا۔

۱۔ "..... بعث علی بعد ما رجع من صفین جعدۃ بن ھبیرۃ المخزومی وام جعدۃ ام ھانی بنت ابی طالب الی خراسان فانتہیٰ الی ابرشہر"

(تاریخ ابن جریر طبری، ص ۵۲ - ج ۶ - آخر ۳۷ھ)

۲۔ "..... وولی خراسان لعلی ...الخ"

۱ـــ الاصابہ، ج ۱، ص ۲۳۸ تحت حرف الجیم ۱۱۶۱ (جعدہ بن ہبیرہ)

۲ـــ الاصابہ، ج ۱، ۲۵۸ تحت القسم الثانی ۱۲۶۵ (جعدہ بن ہبیرہ)

Marfat.com

# تائیدی حوالہ جات

## (شیعہ کتب سے)

حضرت علیؓ کے دور کے حکام اور وُلاۃ (جو حضرت علیؓ کے قریبی رشتہ دار ہیں) کا مختصر سا خاکہ ناظرین کے سامنے پیش کیا گیا ہے جس میں تقریباً سات عدد اقرباؑ مذکور ہوئے ہیں یعنی عبیداللہ بن عباس، قثم بن عباس، معبد بن عباس، تمامؓ بن عباس عبداللہ بن عباس، محمد بن ابی بکر اور جعدہ بن ہبیرہ۔

اب اس مسئلہ کی تائید میں شیعہ مورخین کی طرف سے ایک دو حوالے پیش خدمت ہیں قدیم شیعی مؤرخ یعقوبی لکھتے ہیں کہ حضرت علیؓ المرتضیٰ نے عثمان بن عفان کے حکام کو ابو موسیٰ اشعریؓ کے بغیر شہروں اور علاقہ جات سے معزول کر دیا اور اپنے چچا زاد برادر قثم بن عباس کو مکہ کا والی بنایا اور عبیداللہ بن عباس کو یمن کا والی بنایا۔"

——— وعزل علیؓ عمال عثمانؓ عن البلدان خلا ابی موسیٰ الاشعری کلمۃ فیہ الاشتر فاقرہ وولی قثم بن العباس مکۃ وعبیداللہ بن العباس الیمن۔"

(تاریخ یعقوبی (احمد بن ابی یعقوب بن جعفر الکاتب العباسی المعروف بیعقوبی ۲۵۹ھ) ج ۲، ص ۱۷۹ - تحت خلافۃ امیر المومنین علی علیہ السلام۔ جدید طبع بیروت)

——— وکتب ابو الاسود الدئلی وکان خلیفۃ عبداللہ بن العباس بالبصرۃ الی علیؓ... الخ۔"

(تاریخ یعقوبی، ج ۲، ص ۲۰۵ تحت خلافت امیر المومنین علیہ السلام طبع جدید بیروت)

Marfat.com

مندرجات بالا کے ذریعے واضح ہو گیا کہ مرتضوی دورِ خلافت میں حضرت علیؓ کے قریبی رشتہ دار کلیدی اسامیوں پر مقرر تھے اور اعلیٰ مناصب پر فائز تھے۔ اگر یہی چیز اقربا نوازی سے تعبیر کی جاتی ہے جس کو عثمانی دور کے معترضین احباب حضرت عثمانؓ پر بطور طعن تجویز کرتے تھے۔ تو یہ حضرت علیؓ کے دور میں واضح طور پر پائی جاتی ہے۔ یہ اس دور کا مسلمہ مسئلہ ہے۔

ہماری رائے میں یہ حضرت عثمانؓ پر کوئی طعن نہیں تھا جس کو طعن تصور کر لیا گیا، بلکہ ایک وقتی مصلحت اور مقامی ضرورت تھی جو حضرت عثمانؓ نے اختیار فرمائی تھی۔

جیسا کہ حضرت علیؓ کے دور پر ہم اقربا نوازی کے مسئلہ میں اعتراض نہیں کرتے بلکہ اس چیز کو اس دور کے وقتی تقاضوں پر محمول کرتے ہیں۔

اس طریقہ سے ان دونوں بزرگوں کا احترام بھی ملحوظ رہتا ہے اور تاریخی واقعات کا صحیح محمل بھی قائم ہو جاتا ہے۔

اور اگر بات کو خواہ مخواہ طول دینا مطلوب ہو اور بیجا طعن کھڑے کرنے ہوں تو پہلے دورِ نبوی کو ملاحظہ کیجیے۔ پھر دورِ فاروقی کو دیکھیے، پھر مرتضوی دور کو جانچیے۔ اس کے بعد عثمانی دور کو سامنے رکھیے۔

——— مذکورہ سب ادوار میں اقربا نوازی کی گئی ہے اور قریبی رشتہ داروں کو مناصب دہی ہوتی رہی ہے۔ پھر صرف حضرت عثمانؓ کے دور کو ہی کیوں موردِ طعن تجویز کیا جاتا ہے۔

## ایک عذر اور اُس کا جواب

حضرت عثمانؓ کے دور پر اقربا نوازی کا اعتراض قائم کرنے والوں کی طرف سے یہ بھی عذر لنگ پیش کیا جاتا ہے کہ حضرت علیؓ اپنے دورِ خلافت میں اقربا کو

Marfat.com

حاکم و والی بنانے میں مجبور ہو گئے تھے۔ بعض باصلاحیت صحابہ کرام معتزل ہو گئے تھے بعض فوت ہو چکے تھے اور کچھ حضرات تعاون نہیں کر رہے تھے اور کچھ حضرات فریقِ مقابل سے منفق ہو گئے تھے۔ اس قسم کی مجبوریوں کی وجہ سے حضرت علیؓ نے اپنے چچا زاد برادران کو کلیدی اسامیوں پر متعین کیا۔

اس شُبہ کے ازالہ کے لیے مختصراً اتنا بیان کر دینا کافی ہے کہ مذکورۂ بالا معذرت واقعات کے خلاف ہے اس لیے کہ صحابہ کرام کی ایک کثیر تعداد حضرت علی المرتضیٰ کے علاقۂ خلافت میں موجود تھی اور حضرت علیؓ کے خلاف نہ تھی۔ اگر ان سے استفادہ کیا جاتا تو حکومت کے اُمور میں حصّہ لینے کی صلاحیت رکھتی تھی۔ اتنی باللیاقت کثیر تعداد صحابہؓ کی موجودگی میں اپنے اقرباء کی طرف مجبُور ہونے کا تخیل محض خوش فہمی ہے اور عذر لنگ ہے۔

جو صحابہ کرام مرتضوی حلقۂ خلافت میں مقیم تھے ان میں سے بعض حضرات کی ایک مختصر سی فہرست ناظرین کرام کے ملاحظہ کے لیے پیش خدمت ہے مثلاً

(۱) عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ (۲) انس بن مالکؓ
(۳) زید بن ارقمؓ (۴) حکیم بن حزامؓ
(۵) ابُو ہریرہؓ (۶) سعید بن زیدؓ
(۷) معقل بن یسارؓ (۸) عمران بن حُصینؓ
(۹) جُبیر بن مطعمؓ (۱۰) ابو محذورہؓ (مؤذن نبوی)
(۱۱) عمرو بن حزم انصاریؓ (۱۲) حویطب بن عبدالعزّیٰ وغیرہ
(۱۳) عثمان بن ابی العاصؓ الثقفی (۱۴) قیس بن سعد بن عبادہؓ الانصاریؓ
(۱۵) کرز بن علقمہؓ

(ملاحظہ ہو:۔ اسد الغابہ۔ دول الاسلام للذہبی۔ الاصابہ معہ الاستیعاب)

Marfat.com

مطلب یہ ہُوا کہ اس قسم کے صحابۂ کرام کی ایک کثیر تعداد یقیناً موجود تھی جن کو حکومت کے مسائل میں منصب دیا جا سکتا تھا۔ اقرباء کی طرف رجوع کرنے کی ہرگز مجبوری نہ تھی۔

حقیقت یہ ہے کہ حضرت علیؓ نے جس طرح وقتی تقاضوں کے تحت اقرباء کو شاملِ حکومت کیا تھا، ٹھیک اسی طرح حضرت عثمانؓ نے بھی عصری تقاضوں کے پیشِ نظر بعض اقرباء کو منصب عطا فرمائے تھے۔ یہ دونوں دَور اس مسئلہ میں قابلِ طعن اور لائقِ اعتراض نہیں ہیں لیکن حضرت علی المرتضیٰؓ کے دَور کو اقرباء نوازی کے طعن سے بچانا اور حضرت عثمانؓ کے دَور کو اس میں ملوث و مطعون کرنا خالص جانبداری اور گروہی تعصب ہے جس سے قبائلی عصبیت نمایاں ہوتی ہے اور قوم میں باہمی منافرت و اختلاف کی بنیادیں اُستوار ہوتی ہیں۔ اس سے اہلِ اسلام کو بچانے کی ضرورت ہے۔

یہاں پر بحث ثالث ختم ہوتی ہے۔

---

Marfat.com

# بحث رابع

## اقربا کے لیے مالی عطیّات

گذشتہ بحثوں میں حضرت سیدنا عثمانؓ کے اقربا کے لیے مناصب دینی کا تذکرہ کیا گیا۔ اب اس بحث رابع میں حضرت عثمانؓ کے خویش واقارب کے لیے مالی عطیات کا ذکر کرنا مقصود ہے۔

______ حضرت عثمانؓ کے دور پر اعتراض کرنے والے احباب نے اس مسئلہ میں بھی عمدہ طریقہ سے اعتراضات قائم کیے ہیں اور لکھا ہے کہ حضرت عثمانؓ نے اپنے رشتہ داروں کو بیت المال سے ناجائز طریقہ سے مالی عطیات دے دیئے اور بیت المال کے اموال کی غلط تقسیم کردی اور بے جا طریقہ سے اپنے اقارب کو اموال عنایت کر دیئے جس کی وجہ سے لوگوں میں نفرت کے آثار پیدا ہوئے۔ وغیرہ۔

ابن مطہر الحلی الشیعی فرماتے ہیں :-

"...... وکان یؤثر اهله بالاموال الکثیرة من بیت مال المسلمین ..... الخ"

(منہاج الکرامۃ فی معرفۃ الامامۃ لابن المطہر الحلی الشیعی الرافضی والمتوفی ۷۲۶ھ) ص ۷۶ تحت مطاعن عثمانی مطبوعہ در آخر منہاج السنۃ جلد چہارم طبع جدید لاہور

Marfat.com

یعنی اپنے رشتہ داروں کو حضرت عثمانؓ مسلمانوں کے مال سے اموالِ کثیرہ دے دیتے تھے۔

معترض دوستوں نے حضرت عثمانؓ کے متعلق یہ پروپیگنڈا نہایت سلیقہ سے کیا ہے کہ ان کے نزدیک یہ صلہ رحمی کا تقاضا تھا، جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ

(۱) ـــــ حضرت عثمانؓ کہا کرتے تھے کہ شیخینؓ نے اپنا مالی حق بیت المال کے اموال سے ترک کر دیا تھا اور میں نے اسے لے کر اپنے اقارب میں تقسیم کیا۔

(۲) ـــــ حضرت عثمانؓ فرماتے تھے کہ شیخینؓ اس مال کے معاملہ میں اپنے نفسوں کو اور اپنے اقارب کو روکتے اور باز رکھتے تھے اور میں نے اس معاملہ میں صلہ رحمی کی تاویل کی ہے۔

(۳) ـــــ حضرت عثمانؓ فرماتے تھے کہ شیخینؓ اپنے قرابت داروں کو اموال کے روکنے کے مسئلہ میں ثواب حاصل کرتے تھے اور میں اپنے قرابت داروں کو یہ مال دے کر ثواب حاصل کرتا ہوں۔

مندرجہ ذیل نوع کی روایات سے اعتراضات مستنبط کیے گئے ہیں۔

(۱) ـــــ محمد بن عمر (الواقدی) ۔ محمد بن عبد اللہ ۔ عن الزہری

قال لما ولی عثمان . . . . . واعطی اقرباءہ المال وتاوّل فی ذالک الصلۃ التی امر اللہ بھا واتخذ الاموال واستلف من بیت المال وقال ان ابا بکرؓ و عمرؓ من بیت المال ترکا من ذالک ما ھو لھما وانی اخذتہ فقسمتہ فی اقربائی فانکر الناس علیہ ذالک ۔"

Marfat.com

(۱)۔۔۔ طبقات ابن سعد، ص ۴۴، ج ۳۔ ذکر بیعۃ عثمانؓ۔ طبع لیدن

(۲)۔۔۔ انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵، ص ۲۵۔ تحت ما انکروا من سیر عثمانؓ

(۲) ۔۔۔ نیز یہاں حضرت عثمانؓ کا ایک قول ذکر کیا جاتا ہے جو ان روایات کا ہم مفہوم و ہم مضمون ہے۔ المسور بن مخرمہ نے نقل کیا ہے۔ اس کا راوی بھی واقدی صاحب ہے۔

(۱)۔۔۔ طبقات ابن سعد، ص ۴۴۔ جلد ثالث ذکر بیعۃ عثمانؓ۔

(۲)۔۔۔ انساب الاشراف، ص ۲۵۔ ج ۵۔ ذکر ما انکروا من سیر عثمانؓ۔

(۳) ۔۔۔ وقال ابو مخنف والواقدی فی روایتہما انکر الناس علی عثمان .... فقال ان لہ قرابۃ و رحما قالوا أفما کان لابی بکرؓ و عمرؓ قرابۃ وذو رحم؟ فقال ان ابا بکرؓ و عمرؓ کانا یحتسبان فی منع قرابتہما وانا احتسب فی اعطاء قرابتی ...الخ"

(انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵، ص ۲۸۔
تحت ذکر ما انکروا من سیرۃ عثمانؓ)

مندرجہ بالا قسم کی روایات کے پیش نظر معترض لوگوں نے حضرت عثمانؓ پر مذکورہ بالا اعتراضات قائم کیے تھے۔ یہ چند روایات بطور نمونہ کے ہم نے باسند ذکر کر دی ہیں۔ اہل علم حضرات ان پر نظر ڈالنے سے خوب سمجھ گئے ہونگے کہ ان کا پایۂ اعتماد کیا ہے؟ عام ناظرین کی خدمت میں ہم یہ وضاحت عرض کرتے ہیں کہ اس قسم کی روایات جن پر اس طعن کی مدار ہے، وہ واقدی اور ابو مخنف جیسے ظالم راویوں کی مرہون منت ہیں اور یہ لوگ فن روایت میں کذاب اور دروغ گو ہیں اور صحابہ کرامؓ کے خلاف اس قسم کی روایات کا نشر کرنا ان کا فطری شیوہ ہے اور علماء کے نزدیک یہ لوگ متروک ہیں۔

(میزان الاعتدال ذہبی اور تہذیب التہذیب عسقلانی ملاحظہ ہوں)

لہذا مذکورہ بالا اعتراضات حضرت عثمانؓ پر تصنیف شدہ روایات سے تجویز کئے

Marfat.com

گئے ہیں اور بالکل بے سروپا ہیں ان میں کچھ اصلیت نہیں ہے۔

## تنبیہ

مندرجہ بالا روایات طعن ہٰذا کے لیے بطورِ ضابطہ اور قاعدہ کے معترض پیش کرتے ہیں۔ اجمالاً ان پر نقلاً کلام کر دیا ہے اور ان پر عقلاً کلام عنقریب ذکر کیا جائے گا قلیل سا انتظار فرماویں۔

—— اور جن روایات میں حضرت عثمانؓ کے رشتہ داروں کے صریحاً نام لے کر مالی عطیات کا ذکر کیا گیا ہے اب ان کو ایک ترتیب سے ہم ناظرینِ کرام کی خدمت میں رکھتے ہیں۔ اس کے بعد ان پر روایۃً و درایۃً کلام کیا جائے گا تاکہ ناظرین با تمکین پر اس طعن کی حقیقت آشکارا ہو سکے اور معلوم ہو جائے کہ یہ بناء الفاسد علی الفاسد ہے اور حضرت عثمانؓ نے اس معاملہ میں کوئی غلط اقدام نہیں کیا۔ اور آئین شرعی کے خلاف ہرگز نہیں کیا تھا۔

پہلے قابلِ اعتراض روایات پیش کی جاتی ہیں اس کے بعد ان پر بقدر ضرورت بحث کی جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

# عثمانی رشتہ داروں کے حق میں مالی عطیات کی روایات

معترضین حضرت عثمانؓ کے رشتہ داروں (جنہیں مالی عطیات دیئے گئے تھے) کی ایک فہرست پیش کیا کرتے ہیں ہم یہاں چند رشتہ داروں کی تعداد اور ان کو عطا شدہ اموال کی قلیل سی تفصیل درج کرتے ہیں جس سے اصل مسئلہ کی نوعیت خوب معلوم ہو جائے گی۔

Marfat.com

## مروان بن الحکم اور آل الحکم کے لیے

(۱) ـــــ بلاذری نے اپنی مشہور کتاب "انساب الاشراف" میں یہ واقعہ عبداللہ بن الزبیر کی زبانی ذکر کیا ہے کہ :-

"حضرت عثمانؓ نے ہم کو ۲۷ھ میں عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کی ماتحتی میں افریقیہ فتح کرنے کے لیے روانہ کیا۔ عبداللہ بن سعد کو بہت سا مالِ غنیمت حاصل ہوا۔ حضرت عثمانؓ نے غنائم کا خمس (یعنی پانچواں حصہ) مروان بن الحکم کو عطا فرما دیا۔"

"۔۔۔۔عن الواقدی عن اُسامة بن زید بن اسلم عن نافع مولی الزبیر عن عبد اللہ بن الزبیر۔۔۔۔ فاعطی عثمان مروان بن الحکم خمس الغنائم۔۔۔ الخ"

(انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵، ص ۲۷۔ تحت ذکر ما انکروا من سیرة عثمانؓ)

(۲) ـــــ بلاذریؒ نے دوسری روایت امّ بکر بنت المسور بن المخرمہ کے ذریعے ذکر کی ہے۔ اس نے اپنے والد المسور سے نقل کیا ہے کہ المسور اور مروان کی ایک معاملہ میں باہمی گفتگو ہوئی تو المسور نے بطور طعن مروان کو کہا کہ حضرت عثمانؓ نے تمہیں افریقیہ کا خمس عطا کر دیا۔

"۔۔۔۔عن الواقدی عن عبد اللہ بن جعفر عن امّ بکر بنت المسور۔۔۔۔ فاعطاك ابن عفان خمس افريقية۔۔الخ"

(انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵، ص ۲۸۔ تحت ذکر ما انکروا من سیرة عثمانؓ)

(۳) ـــــ اس مسئلہ میں بلاذری کی تیسری روایت میں یوں مذکور ہے کہ :-

Marfat.com

"عبداللہ بن سعد بن ابی سرح حضرت عثمانؓ کا رضاعی بھائی تھا۔ سیدنا عثمانؓ نے افریقہ پر اس کو حاکم بنایا۔ ۲۷ھ میں اس نے افریقہ کو فتح کیا۔ مروان بن الحکم اس کے ساتھ تھا۔ افریقہ کی غنیمت کے خمس کو مروان نے ایک لاکھ دینار سے خریدا اور دوسرے قول کے مطابق دو لاکھ دینار سے خمس خریدا۔ اس کے بعد حضرت عثمانؓ سے گفتگو کی پس حضرت عثمانؓ نے وہ تمام رقم مروان کو بخش دی۔ اس بات کی وجہ سے لوگ سیدنا عثمانؓ کو ناپسند جاننے لگے۔"

"..... عن لوط بن یحیٰی ابی مخنف عمن ...... حدثه قال کان عبد الله بن سعد بن ابی سرح اخا عثمانؓ من الرضاعة وعامله علی المغرب فغزا افریقیة سنة سبع وعشرین فافتتحها وکان معه مروان بن الحکم فابتاع خمس الغنیمة بمائة الف او مائتی الف دینار فکلّم عثمان فوهبها له فانکر الناس ذالك علی عثمان"

(انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵، ص ۲۸۔
تحت ذکر ما انکروا من سیرة عثمانؓ)

(۴) ——— اور تاریخ طبری میں مروان اور آل الحکم کو افریقہ کے مال سے مالِ کثیر عطا کرنے کا واقعہ واقدی کے ذریعے مندرجہ ذیل عبارت میں منقول ہے:-

"..... قال الواقدی ..... وکان الذی صالحهم علیه عبدالله بن سعد ثلثمائة قنطار ذهب فامر بها عثمان لآل الحکم قلت او لمروان قال لا ادری"

(تاریخ الطبری، ج ۵، ص ۵۰ تحت سنة ۲۷ھ

Marfat.com

ذکر الخبر عن فتحہا وعن سبب ولایۃ عبداللہ بن سعد
مصر وعزل عثمان عمرو بن العاص ۔ طبع قدیم مصری)

اور اسی واقعہ کو البدایہ میں ابن کثیر نے تھوڑے سے تغیر الفاظ کے ساتھ واقدی کے ذریعے اس طرح ذکر کیا ہے کہ جتنے اموالِ کثیرہ پر اہلِ افریقیہ کے ساتھ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح نے صلح کی تھی ۔ وہ سب اموال حضرت عثمانؓ نے ایک ہی یوم میں آل الحکم کے لیے یا بقول دیگر آلِ مروان کے لیے دے دیئے۔

—— قال الواقدی وصالحہ بطریقہا علی الفی الف دینار وعشرین الف دینار فاطلقہا کلہا عثمان فی یوم واحد لآل الحکم ویقال لآل مروان۔

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۵۲، تحت عنوان
ثم دخلت سنۃ سبع عشرین (۲۷ھ) غزوۂ افریقیہ)

—— طبری اور ابن کثیر کی ان ہر دو مندرجہ روایات میں تصریح موجود ہے کہ جس مال پر اہلِ افریقیہ سے عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کی صلح ہوئی تھی (اگرچہ اس مال کی مقدار میں مختلف عبارات ہیں) ان اموالِ کثیرہ کو حضرت عثمانؓ نے آل الحکم یا آلِ مروان کو عنایت فرمایا تھا۔

ہر دو کتب بالا میں یہ مسئلہ (قال الواقدی) یعنی "واقدی نے فرمایا" سے مذکور و منقول ہے۔

اس گذارش کو ناظرین ملحوظ رکھیں ۔ عنقریب تفصیلات آ رہی ہیں۔

(۵) —— سیّدنا حضرت عثمانؓ کے متعلق مروان بن الحکم کو مال دینے کی روایت معترض لوگ طبقات ابن سعد سے بھی نقل کیا کرتے ہیں۔ اس میں مذکور ہے کہ :-

Marfat.com

"حضرت عثمانؓ نے اپنے اقرباء اور اہل بیت کو عامل و حاکم بنایا اور مروان بن الحکم کے لیے مصر کے خمس عطا کرنے کا آرڈر لکھ دیا۔"

—— اخبرنا محمد بن عمر (الواقدی) حدثنی محمد بن عبداللہ عن الزہری قال ۔ ۔ ۔ ۔ واستعمل اقرباءہ و اھل بیتہ ۔ ۔ ۔ ۔ وکتب لمروان بخمس مصر واعطا اقرباءہ المال ۔ ۔ ۔ ۔ الخ"

(طبقات لابن سعد، ج ۳، ص ۴۴ تحت ذکر بیعتہ عثمانؓ، طبع لیدن)

یہ بھی باباواقدی صاحب کی روایت ہے۔

یہی روایت جو طبقات ابن سعد میں اس مقام میں مذکور ہے یہ بعینہ انساب الاشراف بلاذری، جلد ۵، ص ۲۵ پر تحت ما انکروا من سیرۃ عثمانؓ وامرہ درج ہے۔ وہاں یہ الفاظ ہیں:-

"وکتب لمروان بن الحکم بخمس افریقیۃ و اعطی اقاربہٗ المال"

بلاذری کی یہ روایت بھی "عن الواقدی" سے شروع ہے مطلب یہ ہے کہ طبقات ابن سعد اور انساب الاشراف بلاذری میں یہ روایت واقدی کے ذریعے ہی منقول ہے۔ ایک جگہ اس نے مصر کے خمس کا مال دینا درج فرما دیا ہے اور دوسری کتاب میں خمس افریقہ کا مال عطا کرنا اس نے نقل کر دیا ہے (یہ صریح تضاد بیانی ہے) حالانکہ مصر تو ان واقعات سے بہت پہلے ۲۰ھ اور ۲۱ھ یعنی فاروقی دور میں مفتوح ہو چکا تھا۔ اب اس عثمانی دور میں ان اموال مصر سے خمس نکلنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔

Marfat.com

(۶) ـــــــ مزید ایک اور روایت بلاذری نے ذکر کی ہے کہ حضرت عثمانؓ کے پاس صدقہ کے اونٹ پہنچے تو حضرت عثمانؓ نے وہ سب اونٹ اپنے چچا زاد برادر حارث بن الحکم کو عطا فرما دیئے۔"

عبارت ذیل میں یہ مسئلہ مذکور ہے اور واقدی صاحب اس کو نقل کرنے والے ہیں۔

"عن الواقدی عن عبد اللہ بن جعفر عن امّ بکر عن ابیھا قالت قدمت ابل الصدقۃ علی عثمان فوھبھا للحارث بن الحکم بن ابی العاص"

"انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵، ص ۲۸ تحت ذکر ما انکروا من سیرۃ عثمانؓ۔

## سعید بن العاص کے لیے

ـــــــ اور بلاذری نے اس مقام میں ایک اور روایت نقل کی ہے اس میں مذکور ہے کہ حضرت عثمانؓ نے اپنے قریبی رشتہ دار سعید بن العاص (اموی) کو ایک لاکھ درہم عنایت فرما دیئے۔ اس روایت میں ذکر ہے کہ دیگر اکابر صحابہؓ نے حضرت عثمانؓ پر اس معاملہ میں اعتراض کیا اور سیدنا حضرت عثمانؓ نے جواب دیا۔"

یہ تمام روایت واقدی صاحب اور لُوط بن یحیٰی ابومخنف نے نقل کی ہے اور یہ ان دونوں کے فرموداتِ عالیہ میں سے ہے۔

"... ـــــ وقال ابو مخنف والواقدی فی روایتھما انکر الناس علی عثمان اعطاء سعید بن العاص مائۃ الف درھم فکلّمہ علی والزبیر وطلحۃ ... الخ"

(انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵، ص ۲۸ تحت ذکر ما انکروا من سیرۃ عثمانؓ۔

Marfat.com

مذکورہ بالا قسم کی روایات اور بھی تاریخ کے ذخائر میں دستیاب ہو سکتی ہیں لیکن چند روایات یعنی سات عدد ہم نے بطور نمونہ پیش کر دی ہیں۔ اور ان کے نقل کرنے والوں کے نام بھی صراحۃً ذکر کر دیتے ہیں۔ اس کے بعد نقلاً و سنداً ان پر مختصر بحث پیش کی جاتی ہے اور بعد ازاں باعتبارِ عقل اور درایت کے ان کے متعلق کلام ہوگا۔ اس طریقہ سے طعن ہٰذا (یعنی مالی عطیات کے طعن) کا بے وزن ہونا اور بے اصل ہونا خوب واضح ہو جائے گا۔

## روایۃً بحث

(گذشتہ روایات کیلیے)

ناظرین کرام کی خدمت میں ہم نے یہ چند روایات اختصاراً پیش کر دی ہیں۔ جن میں حضرت عثمانؓ کے حق میں باعتبار مال کے اقربا نوازی کا طعن تجویز کیا گیا ہے۔

ان میں پہلی تین عدد روایات بطور قاعدہ و قانون کے ذکر کی جاتی ہیں ان پر سنداً کلام کر دیا ہے اور وہ تینوں روایات واقدی صاحب اور ابو مخنف لوط بن یحییٰ سے منقول ہیں۔ یہ دونوں راوی خوب مجروح ہیں جیسا کہ عنقریب اس پر حوالہ جات پیش کیے جا رہے ہیں۔ ان کے بعد ہم نے وہ روایات ذکر کی ہیں جن میں حضرت عثمانؓ سے مال حاصل کرنے والے رشتہ داروں کے نام کی تصریح کر دی گئی ہے۔ یہ سات عدد روایات درج کی گئی ہیں۔ یہ بھی واقدی صاحب سے منقول ہیں اور کچھ لوط بن یحییٰ ابو مخنف اور واقدی دونوں سے منقول ہیں اور ایک روایت ابو مخنف مذکور سے منقول ہے۔

علماء فن نے ان دونوں راویوں پر بڑی تفصیلی جرح کی ہے اور قبل ازیں

Marfat.com

عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کے متعلقات میں اور مروان کے شبہ دوم کے جواب میں ان پر نقد اور کلام ہو چکا ہے۔

تاہم اس موقع پر بھی ہم پھر ناظرین کے سامنے ان ہر دو راویوں پر جرح پیش کرتے ہیں تاکہ ان روایات کا بے اصل ہونا اچھی طرح نمایاں ہو جائے۔

**الواقدی** اس کا نام محمد بن عمرو بن واقد الاسلمی الواقدی ہے۔ امام احمدؒ نے فرمایا ہے کہ یہ شخص بہت بڑا جھوٹا ہے اور روایات میں تصرف کیا کرتا ہے۔ ابن معین فرماتے ہیں اس کی روایت نہ لکھی جائے۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ یہ شخص متروک ہے۔ ابو حاتم اور نسائی کہتے ہیں کہ یہ حدیثیں گھڑ لیتا تھا۔ ابن مدینی کہتے ہیں "یہ روایت کو گھڑ لیتا ہے"۔

۔۔۔۔۔ قال احمد بن حنبل هو كذاب يقلب الاحاديث قال ابن معين لايكتب حديثه - قال البخارى متروك - قال ابوحاتم والنسائى يضع الحديث ... الخ"

(۱)۔۔۔۔ میزان الاعتدال للذہبی، ج ۳، ص ۱۱۰، تحت محمد بن عمرو بن واقد۔

(۲)۔۔۔۔ تہذیب التہذیب لابن حجر، ج ۹، ص ۳۶۴-۳۶۶ تحت محمد بن عمر والواقدی۔

" قال الذهبى فى المغنى " مجمع على تركه وقال النسائى كان يضع الحديث"۔

(۳)۔۔۔۔ المغنی للذہبی، ج ۲، ص ۶۱۹، تحت محمد بن عمرو واقد

" قال ابن حبان وكان يروى عن الثقات المقلوبات وعن الاثبات المعضلات ..... كان احمد بن حنبل رحمه الله يكذبه ...

... يقول المدينى الواقدى يضع الحديث ... الخ"

Marfat.com

(۴)—— کتاب المجروحین لابن حبان، ج ۲، ص ۲۸۴۔ تحت محمد بن عمر بن واقد۔ طبع دکن۔

"وقال ابن حجر فی اللسان ....... متروک مع سعۃ علمہ"

(۵)—— لسان المیزان، ج ۶، ص ۸۵۲۔ تحت الواقدی محمد بن عمرو۔

الواقدی کے سیاسی حالات کیلئے طبقات ابن سعد صہ ۳۱۴ تا صہ ۳۲۱ جلد خامس تحت محمد بن عمر الواقدی ملاحظ فرمائیں۔

مختصر یہ ہے کہ جن روایات میں واقدی منفرد ہوں وہ روایات قابلِ حجت نہیں ہوتیں۔

**ابو مخنف لُوط بن یحییٰ** | اس کا نام لُوط بن یحییٰ اور کنیت ابو مخنف ہے۔ یہ قصّہ گو اخباری آدمی ہے۔ علماء فرماتے ہیں۔ اس پر کوئی اعتماد نہیں اور فرمایا کہ روایت کے باب میں یہ کچھ بھی نہیں اور علماء کہتے ہیں" یہ جلنے والا شیعہ ہے اور شیعوں کا قصہ گو راوی ہے"

"لُوط بن یحییٰ ابو مخنف اخباری، لا یوثق بہ"۔ ... ترکہ ابو حاتم وغیرہ۔ قال الدار قطنی "ضعیف" وقال یحییٰ بن معین "لیس بثقۃٍ" وقال مرۃ "لیس بشیٔ"۔ قال ابن عدی "شیعی محترق" صاحب اخبارھم ... الخ"

(۱)—— میزان الاعتدال للذہبی، ج ۲، ص ۳۶۰۔ تحت لُوط بن یحییٰ۔

(۲)—— لسان المیزان لابن حجر عسقلانی، ج ۴، ص ۴۹۲۔ تحت لُوط بن یحییٰ۔

—— مختصر یہ ہے کہ اس قسم کی جرح مفصّل کے ساتھ جو راوی مجروح ہوں ان کی روایت پر اعتماد کرنا سراسر غلط ہے۔ ان روایات کو کسی طرح درست نہیں

Marfat.com

تصور کیا جا سکتا۔

# مالی عطیّات کی دیگر روایات
# خمُس افریقیہ وغیرہ کے متعلق

تاریخ کی کتابوں میں ہے کہ حضرت عثمانؓ نے اپنے رضاعی برادر عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو افریقیہ کا خمُس دے دیا تھا (جو بیت المال کا حق تھا)۔

نیز روایات میں یہ بھی مذکور ہے کہ عبداللہ بن خالد بن اسید اور مروان کو بیت المال کا بہت سا مال بحیثیت عطا کر دیا تھا۔

معترضین کہتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ نے بیت المال کے اموال کی غلط تقسیم کی اور اپنے اقارب کو ناجائز طور پر اموالِ کثیرہ دے دیئے۔

## درجہ جواب

(۱)

پہلی بات یہ ہے کہ اس قسم کی روایات تاریخی ہیں جن کے صحیح اور سقیم ہونے میں دونوں احتمال ہیں اور ان محتمل روایات کو صحیح احادیث کا درجہ نہیں دیا جا سکتا۔

(۲)

دوسری بات یہ ہے کہ علماء نے اس نوع کی روایات پر کلام کر کے غیر صحیح اور متکلم فیہ قرار دیا ہے جس کی وجہ سے ان کی صحت پر اعتماد کرنا مشکل ہے۔

(۱) مثلاً قاضی ابوبکر بن العربی نے فرمایا ہے کہ خمسِ افریقیہ کا کسی ایک شخص کو عطا کیا جانا صحیح نہیں ہے۔

"واما اعطاءہ خمس افریقیۃ لواحد فلم یصح"

Marfat.com

(العواصم من القواصم، ص ۱۰۰-۱۰۱- تحت
جوابات اعتراض ۱۳)

(۲) ـــــ نیز ازالۃ الخفاء میں شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں کہ :-

"اہل تاریخ نے بغیر تحقیق کے بیت المال میں اسراف کے قصے ذکر کر دیئے۔ ان میں بعض تو محض افترا اور جھوٹ ہیں اور ان کے بعض میں واقعہ کے بیان میں ملاوٹ اور آمیخت کر دی گئی ہے۔ لہٰذا ان قصوں کے نقل کرنے میں ہم اپنے اوقات کو صرف نہیں کرتے"۔

"...... اما قصص رکیکہ کہ اہلِ تاریخ بغیر تحقیق ذکر می کنند از اسراف در بیت المال و حمیٰ ساختن شجر وغیر آں چوں بعض محض مفتریات است و بعض ازاں قبیل کہ در سر دِ قصہ افترا داخل شدہ۔ اوقاتِ خود را بتسوید اوراق بآں قصہا مشغول نمی سازیم"۔

(ازالۃ الخفاء مقصد دوم، ص ۲۴۸ - تحت جوابات
مطاعنِ عثمانی - طبع اول قدیم - بریلی)

(۳) ـــــ اور شاہ عبدالعزیزؒ نے تحفہ اثنا عشریہ میں لکھا ہے کہ مروان کو افریقہ کا خمس دیا جانا بالکل غلط ہے۔

"و قصۂ بخشیدنِ خمسِ افریقہ کہ بمروان ست نیز غلط محض ست"۔

(تحفہ اثنا عشریہ، ص ۳۱۱ - تحت طعنِ سوم عثمانی
طبع جدید لاہور)

(۴)

"خمسِ افریقہ" والی روایات کو بالفرض اگر درست تسلیم کیا جائے تو اس کا حل طبری کی روایات میں موجود ہے۔ وہ اس طرح کہ حضرت عثمانؓ نے اعتراض

Marfat.com

ہونے کے بعد خمس مذکور عبداللہ سے بیت المال میں واپس کروا دیا تھا۔ چنانچہ اس کی تھوڑی سے تفصیل روایتِ ذیل سے ہم پیش کرتے ہیں جس کے ذریعہ اصل مسئلہ صاف ہو سکے گا۔

طبری نے فتح افریقیہ کے موقعہ پر ذکر کیا ہے کہ:۔

"جو مال اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو غزوۂ افریقیہ میں عنایت فرمایا تھا اس کو عبداللہ بن سعد نے لشکریوں اور فوجیوں میں تقسیم کیا اور اس مال سے خمس نکالا۔ پھر حسبِ دستور اس خمس کے پانچ حصے کیے، پانچواں حصہ خود لیا اور خمس کے باقی چار حصے ایک شخص ابن وسیمہ النصری کے ذریعے مدینہ شریف میں حضرت عثمانؓ کی خدمت میں بھجواتے ..... اس موقعہ پر حضرت عثمانؓ کی خدمت میں ایک وفد نے پہنچ کر شکایت کی کہ عبداللہ بن سعدؓ نے خمس الخمس $\frac{1}{5}$ لے لیا۔

حضرت عثمانؓ نے فرمایا میں نے اس کو حصہ سے زیادہ عطیۃً دیا ہے ..... اس کے متعلق میں نے بطورِ وعدہ کے کہہ رکھا تھا کہ فتح افریقیہ ہونے پر آپ کو خمس الخمس دیا جائے گا۔

اب یہ معاملہ آپ لوگوں کے اختیار میں دیا جاتا ہے کہ اگر آپ حضرات اس پر راضی ہونگے تو جائز رکھا جائے گا اور اگر آپ ناپسند کریں گے تو اس مال کو ہم لوٹا دیں گے اور بیت المال کی طرف واپس کر دیں گے۔

شکایت کنندہ وفد نے کہا کہ ہم عبداللہ کو خمس الخمس دینے پر ناراض ہیں تو حضرت عثمانؓ نے فرمان دیا جو کچھ مال عبداللہ نے اس موقعہ پر لیا ہے واپس کر دیا جائے اور عبداللہ کی طرف حضرت عثمانؓ نے

Marfat.com

فرمان لکھا کہ آپ اس مال کو واپس کر دیں۔

پھر اہلِ وفد نے مطالبہ کیا کہ عبد اللہ بن سعدؓ کو وہاں سے معزول کر دیں ہم ان کی امارت نہیں چاہتے . . . . تو حضرت عثمانؓ نے عبد اللہ کی طرف لکھا کہ ایک ایسے آدمی کو اپنا قائم مقام تجویز کر دیں جس پر طرفین راضی ہوں اور خمس الخمس کو فی سبیل اللہ تقسیم کر دیں۔ یہ لوگ مال ہذا کے لینے پر ناراض ہو رہے ہیں پس عبد اللہ نے اسی طرح کر دیا۔ افریقہ کو فتح کیا اور واپس مصر آگئے . . . الخ"

". . . . وقد امرت له بذالك وذاك اليكم الآن فان رضيتم فقد جاز وان سخطتم فهو رَدٌّ۔ قالوا فانا نسخطه قال فهو ردٌّ وكتب الى عبد الله بردّ ذالك واستصلاحهم قالوا فاعزله عنا فانا لا نريد ان يتأمّر علينا وقد وقع ما وقع فكتب اليه ان استخلف على افريقية رجلاً ممن ترضىٰ ويرضون واقسم الخمس الذى كنت نفلتك فى سبيل الله فانهم قد سخطوا النفل ففعل ورجع عبد الله بن سعد الى مصر وقد فتح افريقية . . . الخ"

(تاریخ ابن جریر طبری، ج ۵ - ص ۴۹ - سنۃ ۲۷ ھ، ذکر الخبر عن فتحها سبب ولایۃ عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح مصر وعزل عثمانؓ عمروؓ بن العاص عنہا)

(۴)

اور جو طبری کی بعض روایات میں عبد اللہ بن خالد بن اسید اور مروان بن الحکم

Marfat.com

کے متعلق مال کثیر عطا کرنے کا ذکر پایا جاتا ہے۔ اس کا جواب طبری کی روایت ذیل میں موجود ہے۔

روایت اس طرح ہے کہ ایک دفعہ حضرت عثمانؓ کی خدمت میں چند اصحاب (حضرت علیؓ، حضرت معاویہؓ اور حضرت زبیرؓ وغیرہم) جمع تھے۔ اس مجلس میں دیگر امور کے علاوہ حضرت عثمانؓ کے رشتہ داروں کو مال دینے پر گفتگو ہوئی حضرت عثمانؓ نے یہ بات فرمائی کہ میں نے اقرباء کو جو مال دیا ہے میرے خیال میں یہ میرا دینا درست ہے۔ اگر تم لوگ اس کو خطا سمجھتے ہو تو اس مال کو واپس کر لو ئیں تمہاری بات کو تسلیم کرونگا حاضرین مجلس نے کہا آپ نے ٹھیک فرمایا۔ یہ بات ٹھیک ہے۔ ان لوگوں نے کہا کہ آپ نے عبداللہ بن خالد بن اسید اور مروان کو بہت سا مال (مروان کو یکمشت پندرہ ہزار اور عبداللہ بن خالد کو پچاس ہزار درہم) دے دیا تھا۔

پس ان حضرات نے ان دونوں (عبداللہ اور مروان) سے مذکورہ مال واپس لے لیا اور بخوشی و رضامندی مجلس ہذا سے واپس ہوئے۔

"..... ورأيت ذالك لى فان رأيتم ذالك خطأً فردوه فامرى لامركم تبعٌ قالوا اصبت واحسنت قالوا اعطيت عبد الله بن خالد بن اسيد ومروان وكانوا يزعمون انه اعطى مروان خمسة عشر الفاً وابن اسيد خمسين الفاً فردّوا منهما ذالك فرضوا وقبلوا وخرجوا راضين"

(تاریخ ابن جریر طبری، جلد ۵، ص ۱۰۱۔
تحت سنة ۳۵ھ)

مطلب یہ ہے کہ:-

Marfat.com

مالِ کثیر دینے کے اعتراض کو طبری کی ان ہر دو روایات مندرجہ نے صاف کر دیا کہ اگر بالفرض حضرت عثمانؓ نے مالِ کثیر یکمشت عبداللہ بن سعد، عبداللہ بن خالد اور مروان کو دیا تھا تو اعتراض ہو جانے کے بعد حضرت عثمانؓ نے وہ مال واپس کر دیا تھا۔ اور اس واپسی پر معترضین لوگ رضامند ہو کر خوش ہو گئے تھے۔ اس طریقہ سے حضرت عثمانؓ سے یہ اعتراض ساقط ہو گیا۔

## تنبیہ :۔

طبری کی مندرجہ بالا روایات کے ذریعے جب افریقیہ کے خمس کا اعتراض رفع ہو گیا تو طبری سے نقل کرنے والے مورخین مثلاً الکامل لابن اثیر، البدایہ لابن کثیر اور تاریخ ابن خلدون وغیرہم کے اس موقعہ کے مالی اعتراضات مندفع ہو گئے اور ان کے لیے کسی دیگر جواب کے پیش کرنے کی حاجت نہ رہی۔

اس وجہ سے کہ مذکور متاخرین نے طبری سے ہی نقل کر کے خمس افریقیہ کے متعلق اعتراضات ذکر کیے تھے۔

## (۵)

ان معروضات کے بعد اب یہ صورت پیش کی جاتی ہے کہ اگر بالفرض حضرت عثمانؓ نے اپنے اقرباء یا غیر اقرباء کو بیت المال سے مالی عطیات دیئے ہوں تو اسلام میں ان کی صورتِ جواز کا کیا درجہ ہے؟ خلیفہ اپنی رائے اور اجتہاد کے اعتبار سے کسی کو مالی عطیات دے سکتا ہے یا نہیں؟ خلیفہ کا اس نوعیت کا مجتہدانہ فعل صحیح ہے یا نہیں؟

تو اس کے لیے ہم ذیل میں چند چیزیں پیش کرتے ہیں۔ ان پر توجہ فرما لینے سے مسئلہ ہذا حل ہو جائے گا۔

(۱)۔۔۔ امام مالکؒ اور علماء کی ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ خلیفۂ وقت

Marfat.com

خمس کے معاملہ میں اپنی رائے پر عمل کر سکتا ہے اور جو اس کی مجتہدانہ رائے ہو اس کو نافذ کر سکتا ہے اور مالی عطیہ کسی ایک شخص کو عطا کرنا بھی اس کے لیے جائز ہے۔

"...... انہ قد ذھب مالکٌ وجماعۃٌ الی ان الامام یریٰ رأیہٗ فی الخمس وینفذفیہ ما ادّاہ الیہ اجتہادہٗ وان اعطاءہٗ لواحد جائز۔"

(العواصم من القواصم للقاضی ابی بکر بن العربی، ص ۱۰۰-۱۰۱ تحت جوابات اعتراض ۱۳)

(۲) ــــــ خلافت فاروقی کے دور میں حضرت عمرؓ کی طرف سے "ینبع" کے مقام میں حضرت علی المرتضیٰؓ کو ایک قطعۂ اراضی عنایت کیا گیا۔ جو بیش قیمت اور معقول آمدنی کا ذریعہ تھا۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے اس عطیۂ اراضی کو بخوشی منظور کر لیا تھا اور کسی صحابی نے اس پر اعتراض نہیں کیا تھا۔ یہ واقعہ مندرجہ ذیل مقامات میں علماء نے ذکر کیا ہے اور قبل ازیں اس کا اندراج "رحماء بینہم" حصہ فاروقی کے باب دوم، فصل رابع، ص ۱۸۹-۱۹۰ میں ہو چکا ہے، بطور یاد دہانی کے یہاں بھی اس کو نقل کیا جاتا ہے۔

ــــــ برہان الدین الطرابلسی الحنفی نے "الاسعاف فی احکام الاوقاف" میں تحریر کیا ہے کہ:۔

"..... عن عبد العزیز بن محمد عن ابیہ عن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ان عمر بن الخطاب قطع لعلیؓ "ینبع" ثم اشتریٰ علیؓ الی قطیعتہٖ التی قطع لہ عمرؓ اشیاء فحفر فیہما عیناً فبینا ہم یعملون اذ تفجر علیہم مثل العنق الجزور من الماء فاتی علیاًؓ فبشرہ بذالک ..... وبلغ جدادھا فی زمن علیؓ الف وسق۔"

Marfat.com

(۱) ۔ کتاب الاسعاف فی احکام الاوقاف، ص ۷-۸۔
برہان الدین ابراہیم بن موسیٰ الطرابلسی الحنفی۔
سن تالیف کتاب ہٰذا ۹۰۵ھ۔

(۲) ـــــ وفاء الوفاء للسمہودی، ج ۴، ص ۱۳۲۴ فصل
الثامن تحت لفظ "ینبع" طبع بیروت۔

(۳) ـــــ اسی طرح حضرت عثمانؓ نے اپنے دورِ خلافت میں حضرت علی المرتضیٰؓ کو اپنے حاکم عبداللہ بن عامر کے ذریعے خراسان سے واپسی پر بیس ہزار درہم بخشش عنایت فرماتے تھے اور حضرت علیؓ نے قبول فرماتے تھے اور کسی صحابی نے اس پر اعتراض نہیں کیا تھا۔"

طبقات ابنِ سعد میں عبارتِ ذیل میں یہ واقعہ مذکور ہے۔

"۔۔۔ فقال (عثمانؓ) لابن عامر قبح الله رأيك أ ترسل الى عليٍّؓ بثلاثة آلافِ درهم قال كرهت ان اغرق ولم ادر ما رأيك قال فاغرق قال فبعث اليه بعشرين الف درهم و ما يتبعها قال فراح عليؓ الى المسجد فانتهى الى حلقته وهم يتذاكرون صلات ابن عامر هذا الحيى من قريش فقال عليؓ هو سيد فتيان قريش غير مدافع۔"

(طبقات ابن سعد، جلد ۵، ص ۳۲، تذکرہ
عبداللہ بن عامر۔ طبع لیدن۔

قبل ازیں یہ واقعہ "رحماء بینہم" حصّہ سوم (عثمانی) کے باب چہارم تحت عنوان "نبوی رشتہ داروں کے مالی حقوق"، ص ۱۵۵، ج ۲ پر درج ہو چکا ہے۔
ـــــ ان ہر دو واقعات کے ذریعے یہ مسئلہ منقح ہو گیا کہ خلیفۂ وقت اپنے

Marfat.com

خصوصی اختیارات کے تحت مالی عطیات ملت کے بعض افراد کو عنایت کر سکتا ہے اور اس کا یہ فعل شرعاً صحیح اور درست ہے ورنہ حضرت علی المرتضیٰؓ کا مذکورہ واقعات میں اموال کا حاصل کرنا غیر صحیح اور نادرست ہوگا جیسا ہر دو خلفاء کرام کا دینا ناروا ہوگا۔حالانکہ اس چیز کا کوئی قائل نہیں ہے (خوب غور فرماویں)۔

(۴) ۔۔۔۔نیز یہ چیز بھی واضح ہے کہ حضرت عثمانؓ کے مالی عطیات کا بیت المال سے عطا کرنا اقارب اور ہاشمیوں کے ساتھ کچھ مخصوص نہ تھا بلکہ اس وقت کے جمیع اہلِ اسلام بیت المال کے اموال سے حصہ پاتے تھے۔حضرت حسنؒ بصری فرماتے ہیں کہ میں نے سنا ہے حضرت عثمانؓ خطبہ دے رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ اے لوگو! تم ہم پر کیا اعتراض کرتے ہو؟ اور کیا عیب لگاتے ہو؟ ہر دن تم میں مال تقسیم کیا جاتا ہے۔کوئی دن تم میں ایسا نہیں گزرتا جس میں تم میں مال تقسیم نہ کیا جاتا ہو۔حضرت حسن بصریؒ فرماتے تھے کہ میں نے حضرت عثمانؓ کے منادی کو دیکھا ہے۔وہ آواز لگاتا کہ اے لوگو! صبح پہنچ کر اپنے عطیات حاصل کر لو۔پس لوگ صبح آکر کثیر عطیات لے لیتے تھے پھر وہ آواز لگاتا کہ اے لوگو! اپنی خوراکیں صبح پہنچ کر حاصل کر لو۔پس وہ صبح پہنچ کر اپنی پوری خوراکیں حاصل کرتے تھے۔اور لباس، پوشاکیں، گھی اور شہد تک وہ آکر حاصل کرتے تھے۔

چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ اپنی کتاب "قرۃ العینین" میں یہ واقعہ درج کرتے ہیں اور ابن کثیرؒ نے بھی حسن بصریؒ کی روایت لکھی ہے۔اور شاہ عبدالعزیزؒ نے تحفہ اثنا عشریہ" جواب مطاعن میں یہی روایت نقل کی ہے

۔۔۔۔۔و عطایای جزیلۂ او از بیت المال مخصوص نبودند باقارب بلکہ بجمیع اہلِ اسلام میرسید عن الحسن البصری قال سمعت عثمانؓ

Marfat.com

يخطب يقول يا ايها الناس! ما تنقمون علیّ ؟ وما من يوم الا وانتم تقسمون فيه خيرًا قال الحسن وشهدت منادیه ينادي يا ايها الناس! اغدوا على عطياتكم فيغدون فياخذونها وافرة يا ايها الناس! اغدوا على ارزاقكم فيغدون فياخذونها وافية حتیٰ واللہ لقد سمعته اذنای یقول اغدوا على كسوتكم فياخذون الحلل واغدوا على السمن والعسل .... الخ۔"

(۱) ــــ قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین، ص ۲۷۱-۲۷۲-
تحت جواب مطاعن ختنین از شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ
(۲) ــــ البدایہ لابن کثیرؒ ج ۷، ص ۲۱۴، فصل فی ذکر شیئٍ من سیرتہ ... الخ
(۳) ــــ تحفہ اثنا عشریہ فارسی از شاہ عبدالعزیزؒ ص ۳۱۱ بحث مطاعن عثمانی، تحت طعن سوم طبع جدید لاہور۔

## (۶)

اگر مذکورہ چیزوں سے صرفِ نظر کر لی جائے تب بھی یہ بات توجہ کے قابل ہے کہ حضرت عثمانؓ نے اپنے دَورِ خلافت کے آخری ایام میں مالی طعن کرنے والوں کے جواب میں ایک مبسوط کلام (جو طبری نے نقل کیا ہے) فرمایا تھا اس میں آپ نے تصریحًا فرمایا تھا کہ :۔

(۱) مَیں اپنے اقارب اور اعزہ کے ساتھ محبت رکھتا ہوں اور ان کو مال بھی عطا کرتا ہوں لیکن ان کے ساتھ میری محبت کرنا مجھے کسی ظلم و جور کی طرف مائل نہیں کرتا بلکہ مَیں ان کے حقوق ادا کرتا ہوں اور جو کچھ مَیں اپنے اقرباء کو عطیات دیتا

Marfat.com

ہوں وہ اپنے ذاتی مال سے دیتا ہوں۔ بیت المال (یعنی مسلمانوں کے مال) سے دینا نہ میں اپنی ذات کے لیے حلال سمجھتا ہوں اور نہ ہی دوسروں کے لیے۔

——— وقالوا انی احب اهل بیتی و اعطیهم فاما حبّی فانّه لم یمل معهم علی جورٍ بل احمل الحقوق علیهم۔

——— و اما اعطاؤ هم فانی اعطیهم من مالی ولا استحل اموال المسلمین لنفسی ولا لاحد من الناس ... الخ"

(۱)——— تاریخ ابن جریر طبری، ج ۵، ص ۱۰۳ ،تحت ۳۵ھ۔ کلام عثمانی معترضین کے جواب میں۔

(۲)——— تاریخ الاسلام للذہبیؒ، ج ۲، ص ۱۲۶۔ تحت ۳۵ھ۔

(۲) ——— اسی طرح البدایہ میں ابن کثیرؒ نے حضرت عثمانؓ کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔ طعن کرنے والوں کے جواب میں فرمایا کہ میں جو کچھ اپنے اقربار کو عطا کرتا ہوں وہ اپنے زائد مال سے دیتا ہوں۔

"... ثم اعتذر (عثمان) عمّا کان یعطی اقرباءہ بانّہ من فضل مالہ"

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۶۹ تحت ۳۴ھ)

(۳) ——— نیز یہ چیز بھی مؤرخین (طبری وغیرہ) نے حضرت عثمانؓ کی سیرت میں درج کی ہے کہ حضرت عثمانؓ نے مسلمانوں کے بیت المال سے کوئی تنخواہ اور وظیفہ نہیں لیا بلکہ حضرت عثمانؓ فرماتے تھے کہ اللہ کی قسم! میں نے مسلمانوں کے مال سے خوراک نہیں حاصل کی بلکہ میں اپنے مال سے اپنا خرچ خوراک حاصل کرتا ہوں اور تم لوگوں کو معلوم ہے کہ میں قومِ قریش میں

Marfat.com

مالدار آدمی ہوں اور میری بہت بڑی تجارت ہے"

"..... واللہ ما آکلہ من مال المسلمین ولکنی آکلہ من مالی انت تعلم انی کنت اکثر قریش مالاً و اجدھم فی التجارۃ ... الخ"

(تاریخ ابن جریر طبری، ج ۵، ص ۱۳۶ تحت ۳۵ھ، ذکر بعض سیر عثمانؓ)

ان مندرجات کے ذریعے یہ بات واضح ہوگئی کہ حضرت عثمانؓ اپنے اقرباء کو جو مال عنایت کرتے تھے وہ اپنے زائد مال سے دیتے تھے۔ بیت المال سے نہیں دیتے تھے حتیٰ کہ وہ اپنا خرچ خوراک بھی بیت المال سے نہیں لیتے تھے۔ (سبحان اللہ)

## عقل و درایت کے اعتبار سے بحث

اس مقام میں درایت کے اعتبار سے چند ایسی معروضات پیش کی جاتی ہیں جن سے مسئلہ کی اصلیت نمایاں طور پر سامنے آسکتی ہے اور اعتراض بالا کی خفت اور سبکی واضح ہوتی ہے۔

(ا)

پہلی یہ بات ہے کہ مسئلہ ہذا (اموال المسلمین کی تقسیم) کی شرعی نوعیت کیا حضرت عثمانؓ پر مخفی تھی؟ کیا وہ اس مسئلہ میں کتاب و سنت کے احکام سے ناواقف تھے؟ اور کیا حضرت عثمانؓ کو یہ فرق معلوم نہ تھا کہ اپنوں کے ساتھ صلہ رحمی کے تقاضوں کو بیت المال سے پورا کیا جاتا ہے یا اپنے ذاتی مال سے؟ اور تقسیم مال کے اختیارات اور اس کی شرعی حدود کیا ان کو پوری طرح معلوم نہ

Marfat.com

تھیں؟ یا ان مسائل کو جاننے کے باوجود ان پر عمل نہیں کرتے تھے؟

یہ چیزیں ایک مخلص مسلمان کے لیے غور کرنے کے قابل ہیں جو گروہی تعصب سے بالاتر ہو کر غور کرنا چاہے تو کر سکتا ہے اور اپنی دیانتدارانہ رائے خلیفہ راشد کے حق میں خود قائم کر سکتا ہے۔

(۲)

دوسری چیز یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ کی دیانت، امانت، اور صداقت پر اعتماد کرتے ہوئے صلح حدیبیہ میں سیدالکونین صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمانؓ کے ہاتھ کو اپنا ہاتھ قرار دے کر "ید عثمانی" کی عظمت قائم کر دی تھی اور اس بیعت میں شامل ہونے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی رضامندگی کا تمغہ عنایت فرما دیا۔

ید عثمانی کی عظمت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ ہاتھ خدا کی رضا اور احکام شرعی کے خلاف اموال کی تقسیم نہیں کرے گا

نیز اس ہاتھ پر امت کے اکابر صحابہ (حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ) نے دینی اعتماد کی بنا پر ہاتھ رکھ کر بیعت خلافت کی تھی اور اس ہاتھ کو بالاتفاق منتخب کیا تھا۔

لہٰذا اس سے اموال کی غلط تقسیم کی نسبت صحیح نہیں۔ اور یہ ہاتھ مالی تقسیم دیانتدارانہ طور پر ہی کرے گا۔

مختصر یہ ہے کہ ان ہر دو انتخابات میں حضرت عثمانؓ کا انتخاب ان کی دین میں پختگی کا بیّن ثبوت ہے اور ان کی دیانت کے لیے پوری ضمانت ہے۔

لہٰذا یہ دین کے ہر کام میں صحیح العمل اور معتمد تھے اور اسی پر ان کا خاتمہ بالخیر ہوا پس معترضین کا یہ کہنا کہ وہ اموال کی تقسیم کے مسئلہ میں غلط کار تھے یہ عثمانی دیانت کو داغدار کرنا ہے جو کسی طرح صحیح نہیں۔

Marfat.com

(۴)

تیسری یہ چیز ہے کہ خمس افریقیہ کے مال کی غلط تقسیم کا اعتراض ۲۷ھ، یا ۲۸ھ میں (جب افریقیہ کی فتوحات حاصل ہوئیں) قائم کیا گیا۔ پھر اس کے بعد قریباً ۳۰ھ میں خراسان، طبرستان اور جرجان وغیرہ کی فتوحات ہوئیں۔ ان فتوحات میں اکابر صحابہ اور اکابر ہاشمی حضرات سیدنا حسنؓ، سیدنا حسینؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ وغیرہ شریک ہوئے۔

اگر فتوحات افریقیہ کے اموال کی تقسیم غلط ہو چکی تھی تو ان حضرات نے یہ طعن اور اعتراض حضرت عثمانؓ کی تقسیم پر کیوں نہ اٹھایا؟ اور اس کے بعد آنے والے غزوات ۳۰ھ میں خاموشی سے کیوں شریک ہوتے؟ اگر سابقہ فتوحات میں قواعدِ شرعی کے خلاف مال تقسیم ہوا تھا تو ان حضرات پر لازم تھا کہ پہلے اس کی اصلاح کرواتے اور بعد میں ۳۰ھ میں ہونے والے غزوات میں شریک ہوتے مگر ایسا نہیں کیا۔

تو ان کی عملی کاروائی سے یہ مسئلہ واضح ہو گیا کہ افریقیہ کے مال کی تقسیم میں کوئی صحیح اعتراض قائم نہیں تھا اور نہ ہی کوئی سقم واقع تھا۔ یہ محض بعض مخالفین عثمانؓ کا پروپیگنڈا تھا جسے مؤرخین نے نقل کر ڈالا۔

قبل ازیں شرکتِ غزوات ہذا کے حوالہ جات "رحماء بینھم" حصہ سوم عثمانی کے باب چہارم میں (تحت عنوان خلافت عثمانی میں ہاشمی حضرات کی شرکتِ جہاد) درج ہو چکے ہیں۔ مقام ذیل میں تفصیلات ملاحظہ فرمالیں:۔

(۱) تاریخ ابن جریر طبری، ج ۵، ص ۵۷۔ تحت ۳۰ھ۔

(۲) البدایہ لابن کثیر، جلد ۷، ص ۱۵۴۔ تحت ۳۰ھ۔

Marfat.com

# آخر بحث رابع

مالی عطیات کی بحث مختصراً پیش کی گئی ہے۔ اس پر انصاف کی نظر ڈالنے سے
یہ نقشہ سامنے آتا ہے کہ :-

(۱) ــــ وہ روایات جن سے "مالی عطیات" کے کیس تیار کیے جاتے ہیں وہ عموماً
قصہ گو، دروغ گو، اور اخباری قسم کے لوگوں سے اہل تاریخ نے فراہم کی ہیں۔ ان
پر اعتماد کر کے ایک خلیفہ راشد کے دامنِ دیانت کو داغدار کرنا کسی طرح
صحیح نہیں۔

(۲)۔ ــ اور اعطاء اموال کے جو واقعات حقیقتہً درست ہیں وہ حدود شرعی سے خارج
اور خلیفہ کے اختیارات سے متجاوز نہیں تھے۔ اس پر حضرت عثمانؓ کی طرف سے
صفائی کے بیانات اس کے مؤید ہیں۔ جو ذکر کر دیئے گئے ہیں۔

(۳) ــــ حضرت عثمانؓ کا علمی مقام بہت بلند تھا فقہائے صحابہ کرام میں ان کا شمار
ہوتا تھا۔ صدیقی خلافت وفاروقی خلافت کی مشاورتی مجالس کے رکن رکین تھے۔
دینی مسائل کے لیے اہل حل وعقد کے مقام پر فائز تھے۔
لہٰذا حضرت عثمانؓ کے حق میں یہ تصور بھی نہیں ہو سکتا کہ وہ مالی تقسیم کے ان
مسائل سے نابلد یا ناواقف تھے۔
اور یہ تصور کرنا کہ تقسیم اموال کے مسائل سے واقف تو
تھے لیکن ان پر عملدرآمد نہیں کرتے تھے اور بھی مشکل ہے، کوئی مخالف عثمانؓ
ہی یہ چیز باور کر سکتا ہے، دوسرے شخص سے یہ نہیں ہو سکتا۔

Marfat.com

(۴) ——— پھر خمس افریقیہ کی تقسیم کے مسئلہ میں افریقیہ کی مہم کے بعد کی فتوحات کو سامنے رکھنے سے یہ مسئلہ حل ہو رہا ہے۔ صحابۂ کرام (بشمول ہاشمی حضرات کے) افریقیہ کے بعد والے غزوات میں شامل ہونے اور شرکت کرنے سے واضح ہو گیا کہ خمس افریقیہ کی تقسیم میں کوئی سقم نہ تھا ورنہ یہ حضرات غلط تقسیم پر کیسے رضامند ہو گئے؟ اور تعاون علی الاثم والعدوان کیسے اختیار کر لیا؟

خوب غور فرماویں۔

——— حاصل یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ کے حق میں ناجائز طریقہ سے تقسیم مال کے اعتراضات بے اصل ہیں۔ حضرت نے جو اموال اپنے اقرباء کو دیئے تھے ان کا شرعاً صحیح محمل اور جواز موجود ہے۔ حدود شرعی سے متجاوز ہونے کا پروپیگنڈا بالکل بے حقیقت ہے۔ حضرت عثمان غنیؓ نے اس سلسلہ میں کوئی غلط کام نہیں کیا جس کی وجہ سے انہیں مطعون قرار دیا جائے۔

Marfat.com

# بحث خامس

## عثمانی دَور کے آخری مراحل اور ان کا متعلقہ کلام

حضرت سیّدنا عثمانؓ کے دَور پر معترض لوگوں نے آخری ایّام کے متعلق کئی قسم کی بحثیں پیدا کر لی ہیں جو دور از حقیقت ہیں اور اصل واقعات کے خلاف ہیں۔ مثلاً:۔

(۱) ـــــ بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے دوران اپنے اقرباء کو بڑے بڑے مناصب پر مسلّط کر دیا، جنہوں نے کئی قسم کی خرابیاں اور مظالم کیے۔

نیز حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے رشتہ داروں کو بیت المال سے ناجائز طور پر موقع بے موقع اموالِ کثیرہ عطا فرماتے۔

ان چیزوں کی وجہ سے قبائل میں نفرت پیدا ہوئی۔ قبیلہ پرستی کے متعصبانہ نظریات اُٹھ کھڑے ہوئے اور تعصّب کی دبی ہوئی چنگاریاں بھڑک اٹھیں، جنہوں نے خلافت راشدہ کے نظام کو جلا کر خاک کر دیا اور یہ چیزیں قتلِ عثمانؓ پر منتج ہوئیں۔

(۲) ـــــ اور بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اقربا نوازی کے علاوہ حضرت عثمانؓ بن عفانؓ نے شریعت میں کئی قسم کے بدعات پیدا کر دیئے۔ لہٰذا تمام مسلمان ان کے خلاف ہو گئے۔ آخر کار لوگوں نے انہیں قتل کر دیا:۔

"..... وخالفه المسلمون كلهم حتى قتل وعابوا افعاله ... الخ"

Marfat.com

(منہاج الکرامۃ فی معرفۃ الامامۃ لابن المطہر الحلی الشیعی۔
بحث اختتام مطاعن عثمانی، ج ۴، ص ۶۸، مطبوعہ
در آخر منہاج السنۃ، طبع لاہور)

مسئلہ ہذا کو صحیح طور پر معلوم کرنے کے لیے بحث خامس میں "بیانِ مراحل" کے نام سے چند چیزیں یہاں ناظرین کی خدمت میں پیش کی جاتی ہیں۔ ان میں منصفانہ غور کرنے سے عثمانی دور کے آخری مسائل بہترین طریقہ سے واضح ہو جائیں گے اور وہ نقشہ جو معترض احباب نے ان ایام کے متعلق پیش کیا ہے اس کا بعید از صواب و خلافِ واقعہ ہونا خوب طرح معلوم ہو سکے گا۔

# بیانِ مراحل

## (۱)

حضرت عثمانؓ کے دور کے متعلق لوگوں کا یہ تأثر دینا کہ "دورِ عثمانی کے آخر میں حضرت عثمانؓ کے عمال و حکام کی وجہ سے کئی قسم کے منکرات اور برائیاں پھیل گئی تھیں اور احکامِ شرعی کی خلاف ورزی ہونے لگی تھی جن کی وجہ سے لوگ حضرت عثمانؓ پر طعن کرنے لگے اور ان کے خلاف نفرت کے جذبات لوگوں میں پھیل گئے" واقعات کے خلاف ہے۔ امت کے متعدد کبار علماء نے دورِ ہذا کے متعلق صفائی کے بیان دیتے ہیں اور منکرات اور برائیوں کی نفی کر دی ہے اور فرمایا ہے کہ کوئی کام اس دور میں ایسا نہیں ہوتا تھا جس پر شرعاً طعن کیا جا سکے۔ یا اس کو موجبِ فسق اور قتل کا سبب قرار دیا جا سکے۔

**امام بخاریؒ کی طرف سے صفائی کا بیان** اب پہلے امام بخاریؒ کی طرف سے

Marfat.com

صفائی کا بیان ملاحظہ فرماویں۔ انہوں نے اپنی سند کے ساتھ حضرت حسن رضؓ سے نقل کیا ہے وہ فرماتے تھے کہ :-

"امیر المومنین حضرت عثمانؓ کا فرمان اور حکم بارہ سال چلتا رہا۔ ان کی امارت میں لوگوں نے کوئی برائی نہیں دیکھی، حتیٰ کہ فاسق لوگ آ گئے اور اہلِ مدینہ نے حضرت عثمانؓ کے معاملہ میں نرمی سے کام لیا (یعنی شدت اختیار نہ کی، لہٰذا وہ مقصد میں کامیاب ہو گئے)۔

______ حدثنا سلیمان بن حرب ثنا ابو هلال قال سمعت الحسن یقول عمل امیر المؤمنین عثمان بن عفانؓ ثنتی عشرة سنة لا ینکرون من امارته شیئاً حتیٰ جاء فسقة فداهن والله فی امرہ اهل المدینة"

(۱) (تاریخ صغیر امام بخاری، ص ۳۲ طبع الہ آباد ہند تحت ذکر من مات فی خلافة عثمانؓ)۔

(۲) تاریخ الاسلام للذھبی ص ۱۴۰ ج ۲ تحت ترجمہ حضرت عثمانؓ۔

## ابن العربی المالکی کا قول

علامہ ابن العربی المالکی اس موقعہ کی بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ :-

"حضرت عثمانؓ کے دور میں کوئی برائی نہیں تھی، نہ اول دور میں اور نہ آخر دور میں اور نہ ہی صحابہ کرامؓ نے اس موقعہ پر کوئی برائی کی تھی۔ مخاطب کو کہتے ہیں جو تم کو اس موقعہ کی بری خبریں سنائی جاتی ہیں وہ باطل ہیں ان کی طرف التفات کرنے سے اجتناب کریں۔

"...... فلم یأت عثمان منکراً لا فی اوّل الامر ولا فی آخرہ ولا جاء الصحابة بمنکر وکل ما سمعت من خبر باطل ایاک ان تلتفت الیه"

Marfat.com

(العواصم من القواصم، ص ۶۰ طبع سہیل اکیڈیمی لاہور)

## حضرت شیخ جیلانیؒ کا فرمان

حضرت عثمانؓ کا مقام بیان کرتے ہوئے پیران پیر حضرت شیخ جیلانی نے غنیۃ الطالبین میں حضرت عثمانؓ کی اور ان کے دور کی بہترین صفائی پیش کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ برحق امام تھے یہاں تک کہ وہ شہید کیے گئے اور ان کے دور میں کوئی ایسی بات نہیں پائی گئی تھی جس کی وجہ سے ان کو مطعون کیا جا سکے، یا ان کی طرف فسق کی نسبت کی جا سکے، یا ان کے قتل کا سبب قرار دیا جا سکے۔

اور روافض نے حضرت عثمانؓ کے خلاف یہاں بہت کچھ کہا ہے۔

"—— و بایع علیؓ ثم بایع الناس اجمع فصار عثمان بنؓ عفان خلیفۃً بین الناس باتفاق الکل فکان (عثمان) اماماً حقاً الی ان مات ولم یوجد فیہ امر یوجب الطعن فیہ ولا فسقہٗ ولا قتلہٗ خلاف ماقالت الروافض تباً لھم۔"

(غنیۃ الطالبین مترجم، ص ۱۲۷، فصل ویعتقد اہل السنۃ... الخ۔ از حضرت شیخ جیلانیؒ المتوفی ۵۶۱ھ۔ طبع قدیم لاہور)

(۲)

دوسری یہ چیز ذکر کی جاتی ہے کہ حضرت سیدنا عثمانؓ کی خلافت کے ایام میں عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے صحیح انتظامات تھے۔ اور لوگوں کی شکایات رفع کرنے کے لیے پورا اہتمام کیا جاتا تھا۔ حکام کو امر بالمعروف (بہتر کاموں کا حکم کرنا) و نہی عن المنکر (برائیوں سے روکنا) ادا کرنے کا حکم جاری ہوتا تھا۔ اس طریقہ سے قیام دین کی صحیح صورت قائم تھی اور ملکی انتظامات ٹھیک

Marfat.com

طرح چلتے تھے ۔ اور عوام میں پریشانی کے اثرات نہیں تھے ۔ اس چیز کے متعلق مؤرخین کے مندرجہ ذیل بیانات ملاحظہ فرماویں پہلے اس دور کے وفد کی ایک رپورٹ پیش خدمت ہے پھر اس کی تائید میں اس دور کے اکابر حضرات جناب سالم بن عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن زبیرؓ جیسے معتمدین کے بیانات حاضر خدمت ہیں۔ امید ہے ان کے ملاحظہ کے بعد اطمینان کا سامان ہو جائے گا ۔

## ارسالِ وفود کا واقعہ اور ان کی واپسی رپورٹ

مؤرخین طبری اور ابن خلدون وغیرہ نے یہ واقعہ ذکر کیا ہے کہ خلافتِ عثمانی کے ایام میں بعض لوگوں کی طرف سے حضرت عثمانؓ کے حکام کے متعلق کچھ شکایات پیش ہوئیں۔ اس سلسلہ میں حضرت عثمانؓ نے چند با اعتماد حضرات کو مختلف جہات میں ان پیش آمدہ شکایات کی حقیقتِ حال معلوم کرنے کے لیے بطور وفد ارسال کیا ۔ محمد بن مسلمہ انصاری صحابیؓ کو کوفہ کی طرف اور اسامہ بن زیدؓ کو بصرہ کی طرف اور عبداللہ بن عمرؓ صحابی کو شام کی طرف روانہ فرمایا اور حضرت عثمانؓ نے ان کے ماسوا آدمی بھی مختلف مقامات میں پھیلائے ۔ (تاکہ حالات کی صحیح واپسی رپورٹ حاصل ہو سکے) ۔ اور حضرت عمارؓ بن یاسرؓ کو مصر کی طرف روانہ کیا تھا۔ عمارؓ کی واپسی سے قبل روانہ کیے ہوتے مذکور لوگ واپس آگئے ۔

انہوں نے واپس پہنچ کر اطلاع کی کہ اے لوگو! ہم نے کوئی بری بات وہاں نہیں دیکھی ۔ عوام المسلمین اور خواص دونوں طبقوں نے کوئی بری بات نہیں معلوم کی ۔ مسلمانوں کا معاملہ ٹھیک چل رہا ہے ۔ اور مسلمانوں کے حکام ان میں انصاف کرتے ہیں اور اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہیں ۔

تاحال عمارؓ مصر سے واپس نہ ہوتے تھے ۔ اس تاخیر کو لوگوں نے محسوس کیا ۔ آخر کیا بات ہے؟ کسی عارضہ میں عمار مبتلا تو نہیں ہو گئے؟ یہی انتظار اور پریشانی کا عالم تھا کہ

Marfat.com

ناگہاں عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کا مصر سے خط پہنچا۔ اس میں اطلاع درج تھی کہ مصر میں ایک قوم (یعنی معترضین و مخالفینِ عثمانؓ تھی) جس نے عمارؓ کو دہلا پھسلا کر اپنی باتوں کی طرف مائل کر لیا ہے۔ اور عمارؓ کے پاس وہ جمع ہوتے ہیں ان کے نام یہ ہیں: عبداللہ بن سوداء (یعنی ابن سبا)۔ خالد بن ملجم۔ سودان بن حمران۔ کنانہ بن بشر (وغیرہ)

—— ان تبعث رجالاً ممن تثق الی الامصار حتی یرجعوا الیك باخبارهم فدعا محمد بن مسلمة فارسله الی الکوفة وارسل اسامة بن زید الی البصرة وارسل عبد الله بن عمر الی الشام وفرّق رجالاً سواهم فرجعوا جمیعًا قبل عمار فقالوا ایها الناس! ما انکرنا شیئًا ولا انکره اعلام المسلمین ولا عوامهم وقالوا جمیعًا الامر امر المسلمین الا ان امراءهم یقسطون بینهم ویقومون علیهم واستبطأ الناس عمارًا حتی ظنوا انه قد اغتیل فلم یفجأهم الا کتاب من عبد الله بن سعد بن ابی سرح یخبرهم ان عمار قد استماله قوم بمصر وقد انقطعوا الیه منهم عبد الله بن سوداء وخالد بن ملجم وسودان بن حمران وکنانة بن بشر۔

(تاریخ طبری، ج ۵، ص ۹۹ تحت سنہ ۳۵ھ
ذکر مسیر من سار الی ذی خشب من اہل مصر۔ الخ)

ارسالِ وفود کا مذکورہ واقعہ تاریخ ابن خلدون میں بھی مذکور ہے۔ اس کی عبارت اور ترجمہ دینے میں تطویل ہوتی ہے۔ اس بناء پر صرف حوالہ کتاب درج ہے، رجوع فرما کر تصدیق کر لیں۔ (تاریخ ابن خلدون (عبدالرحمٰن بن خلدون المغربی)، ج ۲، ص ۱۰۲۷، تحت بدء الانتقاض علی عثمان۔ طبع بیروت لبنان)

Marfat.com

مندرجہ بالا اطلاع کے ذریعے یہ مسئلہ صاف ہو گیا کہ عثمانی خلافت کے ایام میں منکرات نہیں تھے اور عوام و خواص اس دور میں کوئی برائی نہیں دیکھتے تھے۔ یہ سارا نظام دین اور شریعت کے ماتحت تھا یعنی اسلامی نظام رائج تھا اور لوگوں میں انصاف قائم کیا جاتا تھا۔ اور اس دور کے عمّال و حکّام ظالم اور جابر نہیں تھے بلکہ اچھے لوگ تھے اور عوام کے ساتھ اچھا سلوک کرتے تھے۔

## قاعدہ للاکثر حکم الکل

یہاں توجہ کے لائق یہ چیز ہے کہ ملک میں انتظامی شکایت معلوم کرنے کی خاطر متعدد وفود (مشتمل بر اکابر صحابہؓ) ارسال کیے گئے تو سوائے ایک عمّار بن یاسر کے سب کی واپسی رپورٹ یہ ہے کہ ملک کے معاملات سب ٹھیک چل رہے ہیں۔ ملکی نظام رعایا کے حق میں درست ہے مظالم نہیں ہو رہے بلکہ عدل و انصاف قائم ہے۔ پس عام قاعدہ یہ ہے (للاکثر حکم الکل)۔

تو اس مقام میں بھی یہی صورت صحیح ہے جو سب حضرات نے آکر بیان کی ہے۔
مخالفینِ عثمانؓ کی باتوں سے عمارؓ بن یاسر کے متاثر ہو جانے کی کئی وجوہ ہو سکتی ہیں۔
لہٰذا اکثر حضرات کی اطلاع کو صحیح سمجھا جائے گا اور ایک شخص کی رائے کو منفرد رائے کا درجہ دیا جائے گا۔

## عثمانی دور کی کیفیت کے متعلق سالم بن عبداللہؓ کا بیان

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے صاحبزادے سالم بن عبداللہ دورِ عثمانی کی کیفیت کو اپنے مندرجہ ذیل بیان میں پیش کرتے ہیں وہ ملاحظہ کریں چنانچہ فرماتے ہیں کہ:

"حضرت عثمانؓ جب سے خلیفۃ المسلمین مقرر ہوتے تھے، آخری حج کے بغیر تمام سالوں میں انہوں نے خود حج کرائے ۔ ۔ ۔ ۔ (ان کے دور میں)

Marfat.com

لوگ امن و امان میں تھے۔ حضرت عثمانؓ کی طرف سے حکام اور کارندوں کو حکم لکھ کر ارسال کیا جاتا اور جن لوگوں کو ان کے متعلق کوئی شکایت ہوتی ان کو بھی لکھ دیا جاتا کہ دونوں فریق ہر سال حج کے موقع پر حاضر ہوں (تاکہ شکوہ شکایات سُن کر ان کا ازالہ کیا جاسکے) اور شہروں میں لوگوں کی طرف حضرت عثمانؓ تحریری فرمان ارسال کرو لتے کہ نیکی کا حکم کیا کرو، اور بُرائی سے باز رہو۔

اور کوئی مسلمان اپنے آپ کو ذلیل و عاجز نہ سمجھے۔ میں قوی شخص کے مقابلے میں ضعیف آدمی کے ساتھ ہوں جب تک وہ مظلوم ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

لوگوں کی یہی حالت رہی اور اسی حالت پر قائم تھے، حتیٰ کہ بعض لوگوں نے اس طریقِ کار کو تفریقِ امت کا ذریعہ اور افتراقِ قوم کا وسیلہ بنایا (یعنی جا و بے جا اعتراض کھڑے کر کے اختلافات کی راہ پیدا کرلی)۔

"....عن سالم بن عبد اللہ قال لما ولی عثمان حج سنواتہ کلھا الا آخر حجة ....

.... و امن الناس وکتب فی الامصار ان یوافیہ العمال فی کل موسم ومن یشکوھم وکتب الی الناس الی الامصار ان أتمروا بالمعروف وتناھوا عن المنکر ولا یذل المؤمن نفسہ فانی مع الضعیف علی القوی مادام مظلوما ان شاء اللہ۔

فکان الناس بذالک فجری ذالک الی ان اتخذہٗ اقوام وسیلةً الی تفریق الامة"

(تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۳۴ تحت سنہ ۳۵ھ ذکر بعض سیر عثمان رضی اللہ عنہ)

Marfat.com

اور البدایہ میں یہ مضمون مختصراً بالفاظ ذیل مذکور ہے:۔

"..... یلزم عمالہ بحضور الموسم کل عام و یکتب الی الرعایا من کانت لہ عند احد منہم مظلمۃ فلیواف الی الموسم فانی آخذ لہ حقہ من عاملہ .... الخ"

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷۔ ص ۲۱۸ تحت فصل و من مناقبہ الکبار و حسناتہ العظیمۃ ... الخ)

## حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ کا بیان

عبداللہ بن الزبیرؓ اس دور کے معتمد و معتبر لوگوں میں سے ہیں ان کی زبانی عثمانی دور کا نقشہ مصنفین نے نقل کیا ہے۔ ناظرین کرام اب اس کو ملاحظہ فرما دیں۔

—— عبداللہ موصوف کے دورِ خلافت میں خارجیوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر اعتراضات کیے (یہ وہی اعتراضات تھے جو سبائی ذہنیت والے لوگوں نے حضرت عثمانؓ پر تجویز کیے ہوئے تھے) ان کے جواب میں عبداللہ بن الزبیرؓ نے حضرت عثمانؓ کی دیانت، صداقت، حسنِ کردار، اور حسنِ عمل کی خوب صفائی پیش کی جو ذیل میں نقل کی جاتی ہے۔

"...... فسألوہ عن عثمان فاجابھم فیہ بما یسوؤھم و ذکر لھم ما کان متصفاً بہ من الایمان و التصدیق و العدل و الاحسان و السیرۃ الحسنۃ و الرجوع الی الحق اذا تبین لہ فعند ذالک نفروا عنہ و فارقوہ"

(البدایہ لابن کثیر، ج ۸، ص ۲۲۹۔ تحت امارۃ عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما)

یعنی خارجیوں نے ابنِ زبیرؓ سے عثمانؓ کے کردار و عمل کے متعلق سوالات کیے

Marfat.com

ابن زبیرؓ نے جو جوابات ذکر کیے وہ ان کو ناگوار اور بُرے معلوم ہوئے۔ ابن زبیرؓ نے ان کے سامنے ذکر کیا کہ حضرت عثمانؓ ایمان وتصدیق کے ساتھ متصف تھے، صاحبِ عدل وانصاف تھے۔ احسان واکرام ان کی صفت تھی، عمدہ اخلاق وکردار کے مالک تھے، حق بات کو قبول کرنے والے تھے جب بھی حق سامنے آتا جب عثمانی سیرت کا یہ نقشہ انہوں نے سنا تو ابن الزبیرؓ سے متنفر ہو گئے اور ابن الزبیرؓ کو چھوڑ کر الگ ہو گئے (اس لیے کہ سبائیوں کی طرح خارجی بھی عثمانؓ کے خلاف تھے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ اگر ابن زبیرؓ ان کی رائے کے موافق رہے تو ساتھ دینگے ورنہ تعاون چھوڑ دیں گے)۔

—— مؤرخ ابن جریر طبری نے ۶۴ھ کے تحت جلد سابع میں واقعہ ہذا کو بڑا مفصل لکھا ہے مگر ہم نے اختصار کے پیش نظر البدایہ کے حوالہ پر اکتفا کیا ہے۔ مختصر یہ ہے کہ سالم بن عبداللہؓ اور ابن زبیرؓ ہر دو کے بیانات نے واضح کر دیا کہ وفد کی مذکورہ بالا رپورٹ جو حضرت عثمانؓ کے عہد میں صحابہ کرامؓ نے لاکر پیش کی تھی وہ صحیح تھی اور عہدِ عثمانؓ میں دینی وملکی انتظامات درست تھے۔ انصاف قائم تھا اور عوام میں قبائلی عصبیّت کی وجہ سے کسی قسم کی پریشانی اور بے چینی ہرگز موجود نہیں تھی۔

**(۳)**

مذکورۃ بالا مندرجات کے ذریعے یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ حضرت عثمانؓ کے دَور میں دینی وانتظامی معاملات درست تھے اور اکثر وبیشتر اوقات میں کسی قسم کی خرابی واقع نہیں تھی۔ لیکن اس دَور کے آخری ایّام میں جس قسم کے تغیّرات پیدا ہوتے ان کی ایک خاص نوعیت تھی اور ان کے دواعی واسباب مخصوص قسم کے تھے۔

**آغازِ تغیّرات** دَورِ نبوت سے لے کر اب تک بے شمار قومیں دائرۂ اسلام

Marfat.com

میں داخل ہوئیں اور اسلام کا ہر دور میں بول بالا ہوتا گیا۔ اللہ کا کلمہ تمام ممالک پر غالب آگیا۔ تمام اقوام نے دینِ اسلام کو قبول کر لیا۔ غلبہ اسلام کو روکنے کے لیے کسی قوم کو جرأت نہ رہی۔ تمام مذاہب شریعتِ اسلامیہ کا حکم تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے۔

اس صورت میں جن اقوام کو اسلام کے ساتھ خاص عداوت اور دشمنی تھی وہ ظاہر میں اسلام کے غلبہ کو روکنے کے لیے دسترس نہیں رکھتی تھیں۔ انہوں نے اہلِ اسلام کو نقصان پہنچانے کا دوسرا راستہ اختیار کیا، وہ یہ تھا کہ درپردہ اسلام میں باہمی اختلافات کی سکیم چلائی جاتے۔ ظاہر میں اسلام کی خیرخواہی اور اسلام پرستی کا دعویٰ قائم رکھا جاتے۔ زبان پر دینِ اسلام کی محبت و اطاعت ظاہراً جاری رہے اور باطن میں اسلام و اہلِ اسلام کے ساتھ عناد و نفاق کے سلسلہ کو چلایا جاتے۔ یہ اسلام میں افتراق پیدا کرنے کی گہری سازش تھی جو درپردہ شروع کی گئی۔

## حسد و عناد پیشِ نظر تھا

ان لوگوں نے عثمانی خلافت کے آخری ایام میں حسد و عناد کی بنا پر حضرت عثمانؓ کی مخالفت کی تھی۔

ہم یہاں پہلے حاسدین کے حسد پر حضرت علی المرتضیٰؓ و دیگر علماء کے بیانات ذکر کرتے ہیں اس کے بعد اس بات کو واضح کریں گے کہ حسد و عناد کرنے والے اور شر و فساد اٹھانے والے کون لوگ تھے؟ جنہوں نے منافقانہ طور پر تحریک چلائی اور قتلِ عثمانؓ تک نوبت پہنچا دی۔

## حضرت علیؓ کا ارشاد

حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد ایک موقع پر حضرت علی المرتضیٰؓ کی خدمت میں بطور سوال یہ بات پیش کی گئی کہ حضرت عثمانؓ کے قاتلین کو قتلِ عثمانؓ پر کس چیز نے برانگیختہ کیا تھا؟ تو حضرت علیؓ نے جواب میں فرمایا کہ "حسد" نے انہیں اس کام پر آمادہ کیا۔

چنانچہ فرمانِ ہٰذا کو امام احمدؒ نے "کتاب السُّنّہ" میں بالفاظِ ذیل باسند

Marfat.com

نقل کیا ہے :-

"۔۔۔۔۔عن مضارب بن حزن قال قیل لعلیؓ بن ابی طالب

ما حملہم علیٰ قتل عثمانؓ؟ قال الحسد"

(کتاب السنہ لامام احمد، ص ۱۹۷ طبع

مکۃ المکرمۃ۔ سن طباعت ۱۳۴۹ھ)

(۲) ــــــ اسی طرح تاریخ طبری، جلد پنجم میں ۳۶ھ کے تحت حضرت علی المرتضیٰ کا ایک خطبہ منقول ہے جس میں حضرت علیؓ نے بعض لوگوں کے اس موقع پر حسد و عناد کرنے کے معاملہ کو ذرا وضاحت سے بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ

"حضرت علیؓ نے خطبہ دیا۔ حمد و ثنا کی، صلوٰۃ اور سلام کہا پھر جاہلیت کے دور اور اس کی شقاوت کا ذکر کیا اور مذہب اسلام پھر اس کی سعادت کا بیان فرمایا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے اس خاص انعام کا ذکر کیا جو اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ایک خلیفہ پر تمام اُمت کے مجتمع ہونے کی صورت میں فرمایا ہے پھر اس کے بعد دوسرے خلیفہ کے دور کا، پھر اس کے بعد تیسرے خلیفہ یعنی حضرت عثمانؓ کے دور کا ذکر فرمایا پھر ان حوادث اور مصائب کا ذکر کیا جن کو امت پر بعض اقوام کھینچ کر لائیں اور لا کر کھڑا کر دیا ہے۔

حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ یہ اقوام دنیا کی طالب ہیں۔ انہوں نے اس فضیلت پر حسد کیا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس اُمت پر لوٹائی تھی۔ اُمت کو جو چیزیں، فضل و کمال کی حاصل ہوتی ہیں، از راہِ حسد ان کو پس پشت ڈال دینے کا ان لوگوں نے ارادہ کر رکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے کام کو پورا کرنے والا ہے اور جو ارادہ وہ فرماتے

Marfat.com

میں داخل ہوئیں اور اسلام کا ہر دور میں بول بالا ہوتا گیا۔ اللہ کا کلمہ تمام ممالک پر غالب آگیا۔ تمام اقوام نے دینِ اسلام کو قبول کر لیا۔ غلبہ اسلام کو روکنے کے لیے کسی قوم کو جرأت نہ رہی۔ تمام مذاہب شریعتِ اسلامیہ کا حکم تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے۔

اس صورت میں جن اقوام کو اسلام کے ساتھ خاص عداوت اور دشمنی تھی وہ ظاہر میں اسلام کے غلبہ کو روکنے کے لیے دسترس نہیں رکھتی تھیں۔ انہوں نے اہلِ اسلام کو نقصان پہنچانے کا دوسرا راستہ اختیار کیا، وہ یہ تھا کہ درپردہ اسلام میں باہمی اختلافات کی سکیم چلائی جاتے۔ ظاہر میں اسلام کی خیر خواہی اور اسلام پرستی کا دعویٰ قائم رکھا جاتے۔ زبان پر دینِ اسلام کی محبّت و اطاعت ظاہراً جاری رہے اور باطن میں اسلام و اہلِ اسلام کے ساتھ عناد و نفاق کے سلسلہ کو چلایا جاتے۔ یہ اسلام میں افتراق پیدا کرنے کی گہری سازش تھی جو درپردہ شروع کی گئی۔

## حسد و عناد پیشِ نظر تھا

ان لوگوں نے عثمانی خلافت کے آخری ایّام میں حسد و عناد کی بنا پر حضرت عثمانؓ کی مخالفت کی تھی۔

ہم یہاں پہلے حاسدین کے حسد پر حضرت علی المرتضیٰؓ و دیگر علماء کے بیانات ذکر کرتے ہیں اس کے بعد اس بات کو واضح کریں گے کہ حسد و عناد کرنے والے اور شر و فساد اٹھانے والے کون لوگ تھے؟ جنہوں نے منافقانہ طور پر تحریک چلائی اور قتلِ عثمانؓ تک نوبت پہنچا دی۔

## حضرت علیؓ کا ارشاد

حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد ایک موقع پر حضرت علی المرتضیٰؓ کی خدمت میں بطور سوال یہ بات پیش کی گئی کہ حضرت عثمانؓ کے قاتلین کو قتلِ عثمانؓ پر کس چیز نے برانگیختہ کیا تھا؟ تو حضرت علیؓ نے جواب میں فرمایا کہ "حسد" نے انہیں اس کام پر آمادہ کیا۔

چنانچہ فرمان ہذا کو امام احمدؒ نے "کتاب السنۃ" میں بالفاظِ ذیل باسند

Marfat.com

نقل کیا ہے :-

"۔ ۔ ۔ ۔ عن مضارب بن حزن قال قیل لعلیؓ بن ابی طالب

ما حملہم علی قتل عثمانؓ؟ قال الحسد "

(کتاب السُّنۃ لامام احمد ص ۱۹۷ طبع

مکۃ المکرمۃ ۔ سن طباعت ۱۳۴۹ھ)

(۲) ـــــ اسی طرح تاریخ طبری، جلد پنجم میں ۳۶ھ کے تحت حضرت علی المرتضیٰ کا ایک خطبہ منقول ہے جس میں حضرت علیؓ نے بعض لوگوں کے اس موقع پر حسد و عناد کرنے کے معاملہ کو ذرا وضاحت سے بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ

"حضرت علیؓ نے خطبہ دیا۔ حمد و ثنا کی، صلوٰۃ اور سلام کہا پھر جاہلیت کے دَور اور اس کی شقاوت کا ذکر کیا اور مذہب اسلام پھر اس کی سعادت کا بیان فرمایا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے اس خاص انعام کا ذکر کیا جو اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ایک خلیفہ پر تمام اُمت کے مجتمع ہونے کی صورت میں فرمایا ہے پھر اس کے بعد دوسرے خلیفہ کے دَور کا، پھر اس کے بعد تیسرے خلیفہ یعنی حضرت عثمانؓ کے دَور کا ذکر فرمایا پھر ان حوادث اور مصائب کا ذکر کیا جن کو امت پر بعض اقوام کھینچ کر لائیں اور لا کر کھڑا کر دیا ہے۔

حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ یہ اقوام دنیا کی طالب ہیں۔ انہوں نے اس فضیلت پر حسد کیا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس اُمت پر لوٹائی تھی اُمت کو جو چیزیں، فضل وکمال کی حاصل ہوتی ہیں، از راہِ حسد ان کو پس پشت ڈال دینے کا ان لوگوں نے ارادہ کر رکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے کام کو پورا کرنے والا ہے اور جو ارادہ وہ فرماتے

Marfat.com

اس کی وہ تکمیل کرنے والا ہے۔

"۔ ۔ ۔ ۔ فحمد اللہ عزّ وجلّ و اثنیٰ علیہ وصلّٰی علی النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم وذکر الجاهلیۃ وشقاها والاسلام والسعادۃ وانعام اللہ علی الامۃ بالجماعۃ بالخلیفۃ بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم الّذی یلیہ ثم الّذی یلیہ ثم حدث ھٰذا الحدث الذی جرّہ علی ھٰذہ الامۃ اقوام طلبوا ھٰذہ الدنیا حسدوا من افاءھا اللہ علیہ علی الفضیلۃ وارادوا رد الاشیاء علی ادبارھا واللہ بالغ امرہ ومصیب ما اراد ۔ ۔ ۔ الخ"

(۱) (تاریخ طبری، ج ۵، ص ۱۹۴ - تحت سنہ ۳۶ھ تحت عنوان نزول امیر المومنین ذا قار)
(۲) الفتنۃ ووقعۃ الجمل لسیف بن عمر الضبی الشیعی صہ ۱۴۷ -

## قاضی ابوبکر ابن العربیؒ کا قول

ابن العربی نے اپنی مشہور کتاب العواصم میں اس موقعہ پر حضرت عثمانؓ کے خلاف شورش کھڑا کرنے والوں کی پوزیشن درج کی ہے :-

"وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ کے خلاف ایک قوم عناد وکینہ کی بنا پر جمع ہوئی، اس قوم نے یہ اپنا نظریہ بنا رکھا تھا۔ وہ ایسے لوگ تھے کہ جنہوں نے ایک مقصد حاصل کرنا چاہا مگر وہ اس کی طرف نہیں پہنچ سکے اور وہ لوگ حسد کرنے والے تھے۔ انہوں نے اپنی حسد کی بیماری کو ظاہر کیا اور ان چیزوں پر ان لوگوں کو اپنے دین کی قلت اور یقین کے ضعف نے اٹھایا تھا اور دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے نے اس پر برانگیختہ کیا۔"

"۔ ۔ ۔ ۔ وتألب علیہ قوم لاحقاد اعتقدوھا ممن طلب

Marfat.com

امرًا فلم يصل اليه وحسد حسادة اظهر دا ٔها وحمله علی
ذالك قلة دینٍ وضعف یقینٍ وایثار العاجلة علی الآجلة "

(العواصم من القواصم ،ص ۱۱۱ طبع لاہور
تحت جوابات مطاعنِ عثمانی)

## شر وفساد کھڑا کرنیوالے کون لوگ تھے؟

مذکورہ مندرجات نے وضاحت کر دی ہے کہ اسلام واہل اسلام کے ساتھ خاص حسد وعناد رکھنے والی بعض قومیں تھیں جنہوں نے تمام شر وفساد کھڑا کرنے کی سکیم تیار کی اور مرکزِ اسلام یعنی خلیفۃ المسلمین حضرت عثمانؓ پر حملہ کرکے اسلام میں پھوٹ ڈالنے کی سازش کی۔

اب ناظرین کی خدمت میں یہ تشریح پیش کی جاتی ہے کہ تمام سکیم تیار کرنے والے اور اس کو چلانے والے کون لوگ تھے؟ کیا تاریخ ان کی کوئی نشاندہی کرتی ہے یا ان کا تعین کرنے میں کوئی رہنمائی کتبِ تاریخ سے حاصل ہوتی ہے؟

تو اس کے متعلق عرض ہے کہ شیعہ وسنّی مؤرخین نے اس مسئلہ کو بڑی وضاحت سے اپنی اپنی کتابوں میں حسبِ موقع درج کر دیا ہے قلیل سی محنت کرنے سے وہ مراد حاصل ہو سکتا ہے۔

ناظرین کرام کی سہولت کے لیے ہم چند حوالہ جات پیش کرتے ہیں، جن میں غور وفکر کرنے سے مسئلہ مذکورہ پوری طرح صاف ہو کر نظر آئے گا۔

اس کا اجمالی نقشہ یہ ہے کہ انتشار فی الاسلام کا یہ مسئلہ عبداللہ بن سبا (یہودی) نومسلم نے اٹھایا۔ اس نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مختلف مقامات پر مختلف قوموں میں اپنے پروگرام کا پرچار کیا۔ لوگوں کو اپنا ہمنوا بنایا۔ اس کی منافقانہ چالوں اور دامِ تزویر میں جو لوگ آ گئے ان کو آمادہ کرکے خلیفہ اسلام پر وار کرنے کے لیے

Marfat.com

مدینہ طیبہ پر چڑھائی کی - مرکز اسلام پر حملہ کر کے اپنے مذموم مقاصد کو پورا کیا اس طرح اہلِ اسلام میں افتراق و انتشار کا باب ہمیشہ کے لیے مفتوح کر دیا۔

## عبداللہ بن سبا کی ابتدائی کارگزاری اور بنیادی طریق کار :-

حافظ ابن کثیرؒ نے مسئلہ ہذا کو مندرجہ ذیل شکل میں پیش کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ :-

——— حضرت عثمانؓ کے خلاف جو جماعتیں مذموم مقاصد کے تحت جمع ہو کر آئی تھیں، اس کے پس منظر میں یہ چیز تھی کہ :

"ایک شخص یہودی (جس کو عبداللہ بن سبا کہتے تھے) بظاہر اسلام لایا پھر اس کو مصر کی طرف نکالا گیا - ایک مضمون جو اس نے اپنی طرف سے اختراع کر لیا تھا وہ لوگوں کی ایک جماعت کے سامنے پیش کیا - وہ مضمون یہ تھا کہ :-

(۱) پہلے دریافت کرتا تھا کہ کیا عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے واپس تشریف لائیں گے؟ لوگ کہتے کہ ہاں آئیں گے۔ ——— تو کہتا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیسیٰ علیہ السلام سے یقیناً افضل ہیں تو پھر ان کے عود کر آنے سے کیوں انکار ہے ؟

(۲) ——— پھر یہ چیز پیش کرتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابی طالب کے حق میں وصیت کی تھی (یعنی ان کو اپنا وصی اور اپنا قائم مقام مقرر کیا تھا) پس محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ہیں اور علی المرتضیٰ خاتم الاوصیاء ہیں -

(۳) ——— اس کے بعد یہ بات سامنے رکھتا کہ خلافت و امارت کے لیے حضرت عثمانؓ سے حضرت علیؓ بن ابی طالب زیادہ حقدار ہیں اور عثمانؓ

Marfat.com

نے اپنی خلافت کے دوران کئی قسم کی زیادتیاں کر ڈالی ہیں جو ان کے لیے مناسب نہیں تھیں۔

ابن سبا کی حامی جماعت نے حضرت عثمانؓ کے حق میں کئی چیزوں کا انکار کیا۔ اس معاملہ کو بظاہر امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا رنگ دیتے ہوتے تھے۔ (اور اصلاحی شکل میں پیش کرتے تھے)

مصر وغیرہ کے بہت سے لوگ ان کے پروپیگنڈے سے متاثر ہو کر فتنوں میں مبتلا ہوتے۔ ان لوگوں نے کوفہ و بصرہ کے عوام کی جماعتوں کی طرف مراسلت و خط و کتابت جاری کر رکھی تھی۔ شکایاتِ عثمانی ان مراسلات کا موضوع ہوتا تھا۔ اس طریق سے انہوں نے لوگوں کو مخالفتِ عثمانی پر مجتمع کیا۔ اور کچھ لوگ حضرت عثمانؓ کی طرف بحث و جدال کرنے کے لیے مدینہ ارسال کیے۔ وہاں جا کر انہوں نے کبار صحابہ کو معزول کرنے اور اپنے رشتہ داروں کو عامل بنانے کے طعن ذکر کیے۔ اس طرح لوگوں کے قلوب میں شبہات ڈالنے کی کوشش کی۔۔۔۔ الخ"

" و ذکر سیف بن عمران سبب تألّب الاحزاب علیٰ عثمان ان رجلاً یقال لہٗ عبداللہ بن سبا کان یہودیاً فاظہر الاسلام و صار الی مصر، فاوحیٰ الی طائفۃ من الناس کلاماً اخترعہ من عند نفسہ، مضمونہ انہ یقول للرجل الیس قد ثبت ان عیسٰیؑ بن مریم سیعود الی ھذہ الدنیا؟ فیقول الرجل نعم! فیقول لہٗ فرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل منہ فما تنکر ان یعود الی ھذہ الدنیا وھو اشرف من عیسٰی ابن مریم علیہ السلام۔ ثم یقول وقد کان اوصی الی علیؓ بن ابی طالب فمحمدؐ خاتم الانبیاء

Marfat.com

وعلیٰ خاتم الاوصیاء ثم یقول فھو احق بالامرۃ من عثمانؓ وعثمانؓ معتد فی ولایتہٖ مالیس لہٗ ۔ فانکروا علیہ واظھروا الامر بالمعروف والنھی عن المنکر ۔ فافتتن بہ بشر کثیر من اھل مصر وکتبوا الی جماعات من عوام اھل الکوفۃ والبصرۃ فتمالؤا علیٰ ذالک وتکاتبوا فیہ وتواعدوا ان یجتمعوا فی الانکار علیٰ عثمانؓ وارسلوا الیہ من یناظرہ ویذکر لہٗ ما ینقمون علیہ من تولیتہ اقرباءہ وذوی رحمہ وعزلہ کبار الصحابۃ فدخل ھٰذا فی قلوب کثیر من الناس فجمع عثمانؓ بن عفان نوابہ من الامصار فاستشارھم فاشاروا علیہ بما تقدم ذکرنا لہ فاللہ اعلم ۔"

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۶۷-۱۶۸ تحت ۳۴ھ)

**ابن خلدون کا بیان**

اور علامہ ابن خلدون نے اپنی تاریخ میں اس مقام پر عبداللہ بن سبا کا تعارف اور اس کی کارستانیاں ذیل میں مختصراً بیان کی ہیں ۔

(۱) ـــــ اس دور کے شریر اور فسادی عنصر میں ایک شخص عبداللہ بن سبا تھا جو ابن السوداء کے نام سے معروف تھا ۔ (السوداء اس کی ماں کا نام تھا) ۔

(۲) ـــــ یہ یہودی نسل سے تھا حضرت عثمانؓ کے دور میں ظاہراً اسلام لایا لیکن اس کا اسلام لانا صحیح نہیں تھا (اس کی منافقانہ چال تھی)

(۳) ـــــ (اپنے کردار کی وجہ سے) بصرہ سے نکال دیا گیا پھر کوفہ میں داخل ہوا پھر وہاں سے شام چلا گیا ۔ شام سے بھی اسے نکالا گیا ۔ پھر مصر میں داخل ہوا ۔

(۴) ـــــ حضرت عثمانؓ پر یہ بہت طعن کیا کرتا تھا اور در پردہ حضرت علیؓ و اولادِ علیؓ

Marfat.com

کے لیے لوگوں کو دعوت دیتا تھا۔

(۵) ـــــ اور لوگوں کو کہتا تھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح واپس اس دنیا میں تشریف لائیں گے جس طرح عیسٰی علیہ السلام واپس تشریف لائیں گے۔ یہاں سے اہل رجعت کے نزدیک رجعت کا مسئلہ لیا گیا۔

(۶) ـــــ اور کہتا کہ حضرت علیؓ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے وصی ہیں لیکن وصیت کو پورا نہیں کیا گیا۔ (یعنی ان کا حق غصب کیا گیا ہے)۔

(۷) ـــــ حضرت عثمانؓ بن عفان نے خلافت کو ناحق طور پر لے لیا ہے۔ لوگوں کو اس مسئلہ پر برانگیختہ کیا کرتا تھا۔

(۸) ـــــ حکام و عمال عثمانی پر کئی قسم کے طعن پیدا کر کے لوگوں کو اپنی طرف بلاتا تھا اور مختلف شہروں کی طرف خط و کتابت کر کے اس چیز کا پروپیگنڈا کرتا تھا۔ اس کام میں ابن سبا کے ساتھ مندرجہ ذیل ساتھی تھے۔

خالدؓ بن ملجم۔ سودان بن حمران۔ کنانہؓ بن بشر۔ ان ہی لوگوں نے حضرت عمارؓ کو مدینہ واپس ہونے سے روک رکھا تھا۔

"منهم عبد الله بن سبا ويعرف بابن السوداء كان يهودياً وهاجر ايام عثمان فلم يحسن اسلامه واخرج من البصرة فلحق بالكوفة ثم الشام واخرجوه فلحق بمصر وكان يكثر الطعن على عثمان ويدعو في السر لاهل البيت ويقول ان محمداً يرجع كما يرجع عيسٰى وعنه اخذ ذالك اهل الرجعة وان علياً وصي رسول الله صلى الله عليه وسلم حيث لم يجز وصيته وان عثمان اخذ الامر بغير حق ويحرض الناس على القيام في ذالك والطعن على الامراء فاستمال الناس بذالك في الامصار وكتب به بعضهم

Marfat.com

نعضاً وکان معہ خالد بن ملجم وسُودان بن حمران وکنانۃ بن بشر فثبطوا عماراً عن المسیر الی المدینۃ ''

(تاریخ ابن خلدون (عبدالرحمٰن بن خلدون المغربی ج ۲-ص ۱۰۲۷-تحت بدأ الانتقاص علی عثمانؓ)

## تنبیہ :-

عبداللہ بن سبا کی اسلام دشمنی اور افتراق بین المسلمین کی مختصر سی کارگزاری ہم نے ذکر کی ہے۔ مزید اس کے حالات اگر ملاحظہ کرنے مطلوب ہوں تو مندرجہ ذیل مقامات کی طرف توجہ کریں۔

۱- تاریخ ابن جریر طبری، ج ۵، ص ۹۰ - تحت سنہ ۳۳ھ
۲- " " " " ، ص ۹۸-۹۹ - تحت سنہ ۳۵ھ
۳- میزان الاعتدال للذہبی طبع جدید ص ۴۰ ، تحت حرف العین (عبداللہ بن سبا)
۴- لسان المیزان لابن حجر، ج ۳، ص ۲۸۹ تحت حرف العین- (تذکرہ عبداللہ بن سبا)
۵- کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ، ص ۸۸- تحت ذکر بعث ابن سوداء دعاتہ فی البلاد-

## ابن سبا کی پوزیشن شیعوں کے نزدیک

شیعہ مؤرخین اور مترجمین کے کبار علماء نے عبداللہ بن سبا کے متعلق اس بات کی تصریح کر دی ہے کہ یہ ایک یہودی النسل شخص تھا۔ پھر مسلمان ہُوا اور بعد از اسلام حضرت علیؓ کی ولایت اور دوستی کا دم بھرنے لگا۔ یہودیت کے دَور میں موسیٰ علیہ السلام کے بعد یوشع بن نون کے حق میں وصی ہونے کا یہ قول کرتا تھا۔ اسلام لانے کے بعد یہی قول (یعنی حضرت علیؓ کے وصیِ نبی ہونے کا قول) کرنے لگا۔ اور یہ (اسلام میں)

Marfat.com

اوّل وہ شخص تھا جس نے حضرت علیؓ کی امامت کے فرض ہونے کا دعویٰ کیا اور حضرت علیؓ کے مخالفین سے براءت کرنے کو ضروری قرار دیا (یعنی تبرّیٰ کرنے کو لازم ٹھہرایا) پس اسی وجہ سے شیعہ کے مخالف لوگوں نے یہ قول کیا ہے کہ تشیّع اور رفض کا اصل سرچشمہ یہودیت ہے۔

تیسری صدی کے علّامہ نوبختی نے لکھا ہے کہ

"...... وحکی جماعۃ من اھل العلم من اصحاب علی علیہ السلام ان عبداللہ بن سبا کان یھودیاً فاسلم ووالی علیاً علیہ السلام وکان یقول وھو علیٰ یھودیتہ فی یوشع بن نون بعد موسیٰ علیہ السلام بھذہ المقالۃ فقال فی اسلامہ بعد وفاۃ النبی صلّی اللہ علیہ وآلہ فی علی علیہ السلام بمثل ذالک وھو اوّل من اشھر القول بفرض امامۃ علی علیہ السلام واظھر البرأۃ من اعدائہ وکاشف مخالفیہ فمن ھناک قال من خالف الشیعۃ ان اصل الرفض ماخوذ من الیھودیۃ ... الخ"

(فرق الشیعہ لابی محمد حسن بن موسیٰ النوبختی ص ۴۴ - طبع نجف اشرف (من علماء قرن الثالث) تحت الفرقۃ السبائیہ)

چوتھی صدی کے علامہ ابو عمرو الکشی نے لکھا ہے کہ

" ذکر بعض اھل العلم ان عبداللہ بن سبا کان یھودیاً فاسلم ووالی علیاً علیہ السّلام وکان یقول وھو علیٰ یھودیتہ فی یوشع بن نون وصی موسیٰ بالغلو فقال فی اسلامہ بعد وفاۃ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ فی علی علیہ السلام مثل ذالک وکان اوّل

Marfat.com

من اشھر بالقول بفرض امامۃ علیؓ واظھر البرائۃ من اعدائہ وکاشف مخالفیہ واکفرھم فمن ھٰھنا قال من خالف الشیعۃ اصل التشیع والرفض ماخوذ من الیھودیۃ "

(۱) ــــ رجال کشی (من علماء القرن الرابع)، ص ۷۱۔ طبع بمبئی، تحت تذکرہ عبداللہ بن سبا۔

(۲) ــــ تنقیح المقال للشیخ عبداللہ المامقانی، ج ۲، ص ۱۸۴۔ تحت عبداللہ بن سبا۔ طبع نجف اشرف (عراق)

# حاصلِ کلام

عثمانی خلافت کے آخری ایام میں ابن سبا کی یہ منافقانہ تحریک اہلِ اسلام میں اختلاف ڈالنے کے لیے چلائی گئی تھی اور ابن سبا نے مختلف علاقوں میں اپنے ہمنوا شرپسند افراد پیدا کر لیے تھے جو حضرت عثمانؓ پر اعتراضات کرتے اور ان کے عمال کی زیادتیاں شمار کرتے تھے۔ یہ لوگ مشورہ کے ساتھ کوفہ سے بصرہ سے اور مصر سے چڑھائی کر کے مدینہ پر آتے تھے اور حضرت عثمانؓ کے مکان کا محاصرہ کر لیا تھا۔ اہلِ مصر کا سرگروہ عبدالرحمٰن بن عدیس البلوی تھا۔ بصریوں کا لیڈر حکیم بن جبلہ العبدی تھا اور اہلِ کوفہ کی پارٹی کا سربراہ مالک بن حارث الاشتر النخعی تھا۔ چنانچہ خلیفہ ابن خیاط لکھتے ہیں :۔

"قال ابو الحسن قدم اھل مصر علیھم عبد الرحمٰن بن عدیس البلوی واھل البصرۃ علیھم حکیم بن جبلۃ العبدی و

Marfat.com

اهل الكوفة فيهم الاشتر مالك بن الحارث النخعی المدينة فی امر عثمان فكان مقدم المصريين ليلة الاربعاء هلال ذی قعدة . . . الخ"

(تاریخ خلیفہ ابن خیاط، جزا، ص ۱۴۵۔
تحت ۳۵ھ (الفتنۃ زمن عثمانؓ)

پہلے کچھ ایام ان لوگوں نے محاصرہ عثمانی کیے رکھا۔ اس دوران مختلف مطالبات حضرت عثمانؓ سے منوانے کے لیے حیلے اور بہانے بناتے رکھے لیکن اصلی مقصد چونکہ دوسرا تھا (یعنی اسلام کے مرکز کو ختم کرنا مقصود تھا) اس لیے مطالبات تسلیم ہونے پر بھی وہ کسی صورت میں مطمئن اور راضی نہیں ہوتے تھے۔ آخر کار انہوں نے اپنے مذموم مقصد کی طرف اقدام کیا اور مرکز اسلام (خلیفۃ المسلمین) کو موقع پا کر شہید کر ڈالا حضرت عثمانؓ کی حفاظت کرنے والے حضرات کو بعد میں علم ہوا جبکہ وہ اپنا مطلب پورا کر چکے تھے۔

—(۴)—

## مدافعتِ عثمانی میں اہلِ مدینہ اور صحابہ کرام کا کردار

جب یہ اشرار اپنے مقاصد کے پیش نظر اپنے اپنے مراکز سے مدینہ شریف کی طرف روانہ ہوتے تو وہاں یہ ارادہ ظاہر کرتے تھے کہ مدینہ کے راستہ سے حج کو جائیں گے۔

کوفہ، بصرہ اور مصر سے یہ لوگ ایک کثیر تعداد میں پہنچے تھے اور یہاں مدینہ و

Marfat.com

حوالی مدینہ میں پہنچنے کے بعد یہ ظاہر کرتے تھے کہ خلیفۃ المسلمین اور ان کے حکام سے چند شکایات ہیں ان کا ازالہ کرنا مطلوب ہے۔ اس مقام میں ناظرین کرام اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ بہت سے اہل اسلام مدینہ اور غیر مدینہ سے مختلف ممالک میں پہنچ کر جنگی مہموں میں مصروف تھے اور کچھ لوگ اہلِ مدینہ میں سے حج کو چلے گئے تھے۔ اور باقی صحابۂ کرام اور اہلِ مدینہ ابتدائی مراحل میں ان باغیوں اور حضرت عثمانؓ کے درمیان ازالہ شکایات کے سلسلہ میں مساعی کرتے رہے۔ بقول مؤرخین حضرت عثمانؓ نے ان میں سے جائز چیزوں کو تسلیم کرتے ہوئے ان کے اعتراضات کا ازالہ کر دیا تھا۔ اس کے باوجود انہوں نے اپنے پُرفتن مقاصد میں کچھ کمی نہ کی اور روز بروز ان کی گرفت بڑھتی گئی اور عثمانی محاصرہ شدید ہوتا گیا۔

جب بگڑتے ہوئے یہ حالات صحابہؓ کے سامنے آئے تو اس وقت حضرت عثمانؓ کی خدمت میں متعدد بار صحابۂ کرام اور اہلِ مدینہ حاضر ہوئے اور اجازت چاہی کہ ان مفسدین کے شر کو دُور کرنے کے لیے ہاتھ اٹھانے اور ہتھیار سنبھالنے کی اجازت بخشی جائے۔

چنانچہ اختصار کے پیشِ نظر اس پر مندرجہ ذیل حوالہ جات پیشِ خدمت ہیں۔

مسعب الزبیری کتاب نسبِ قریش میں لکھتے ہیں کہ:

"لوگ (صحابۂ کرام اور اہلِ مدینہ) حضرت عثمانؓ کی طرف کھڑے ہو کر آئے اور کہنے لگے کہ مسئلہ ہذا (یعنی اختلاف بین الفریقین) میں ہمیں بصیرت حاصل ہو گئی ہے۔ اب آپ ہمیں باغیوں کے ساتھ جہاد کرنے کی اجازت دیجیے۔ حضرت عثمانؓ نے جواب میں فرمایا کہ جن لوگوں پر میری تابعداری لازم ہے ان کو میں قسم دے کر کہتا ہوں کہ میرے لیے قتال نہ کریں۔"

Marfat.com

"... فقام الناس الی عثمانؓ فقالوا قد امکنتنا البصائر فاذن لنا فی الجهاد قال ابو حبیبۃ قال عثمان عزمت علی من کانت لی علیہ طاعۃ ان لا یقاتل"

(۱) ـــ کتاب نسب قریش، ص ۱۰۲ تحت ولد ابی العاص

(۲) ـــ تاریخ الاسلام للذہبی، ج ۲ ص ۱۳۳ تحت ۳۵ھ

حافظ ابن کثیر البدایہ میں کہتے ہیں کہ صحابہ کرامؓ نے باغیوں کو سختی سے منع کیا اور روکا تو معاملہ میں تلخی اور شدت پیدا ہو گئی۔ حضرت عثمانؓ نے لوگوں پر قسم دے کر حکم دیا کہ اپنے ہاتھوں کو قتال سے روک لیں اور اپنے ہتھیاروں کو نیام میں کر لیں۔ چنانچہ لوگوں نے اس فرمان پر عمل کیا۔ اس بنا پر باغیوں نے اپنے ارادے پر قدرت پالی۔ بایں ہمہ اہلِ مدینہ میں سے کوئی شخص بھی یہ گمان نہیں کر سکتا تھا کہ حضرت عثمانؓ کو قتل کر دیا جائے گا۔

"..... وعزم عثمان علی الناس ان یکفوا ایدیھم ویغمدوا اسلحتہم ففعلوا فتمکن اولئک مما ارادوا ومع ھذا ما ظن احد من الناس انہ یقتل بالکلیۃ"

البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۹۷ فصل ان قال قائل کیف وقع قتل عثمان ... الخ

ـــ اسلام کا قاعدہ ہے کہ خلیفۃ المسلمین کی اطاعت اور فرمانبرداری واجب ہوتی ہے۔ اس قاعدہ کی بنا پر صحابہ کرام نے مدافعت کے سلسلہ میں خلیفہ کے اذن کے بغیر کوئی اقدام نہیں کیا۔ اسی سلسلہ میں اب خلیفہ سے طلبِ اجازت کے چند واقعات درج کیے جاتے ہیں۔

Marfat.com

## مدافعت کی اجازت طلب کرنے والے اشخاص

(۱)ــــ حضرت زیدؓ بن ثابت انصاری نے اس موقع پر حضرت عثمانؓ کی خدمت میں عرض کیا کہ یہ انصار لوگ دروازے پر موجود ہیں کہتے ہیں کہ اگر آپ اجازت دیں تو ہم دوبارہ اللہ کے انصار بنیں۔ (یعنی ایک دفعہ پہلے دین کی نصرت کر چکے ہیں۔ اب دوسری بار ہم اللہ کے دین کی نصرت کرنے کو تیار ہیں) تو حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ مجھے اس بات کی حاجت نہیں ہے۔ تم قتال سے رک جاؤ۔

" ان زید بنؓ ثابت قال لعثمانؓ ھٰؤلاء الانصار بالباب یقولون ان شئت کنّا انصار اللہ مرتین فقال لاحاجۃ لی فی ذالک کفوا "

(۱)ــــ تاریخ خلیفہ ابن خیاط، جز اوّل، ص ۱۵۱ تحت ۳۵ھ۔ الفتنۃ زمن عثمانؓ۔

(۲)ــــ طبقات ابن سعد، ج ۳، ص ۴۸ تحت ذکر ما قیل لعثمانؓ فی الخلع۔

(۲) ... حضرت عبداللہ بن عمرؓ محاصرہ کے دنوں میں تلوار لگا کر حضرت عثمانؓ کی خدمت میں مدافعت کے لیے حاضر ہوتے تو حضرت عثمانؓ نے ابن عمرؓ کو قسم دے دی کہ آپ واپس چلے جائیں۔ خدانخواستہ آپ کہیں اس فتنہ میں قتل نہ کیے جائیں۔

" ان ابن عمرؓ کان یومئذٍ متقلداً سیفہ حتی عزم علیہ عثمانؓ ان یخرج مخافۃ ان یقتل "

(تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۱۔ تحت ۳۵ھ۔ الفتنۃ زمن عثمانؓ)

Marfat.com

(۳) ـــــ اسی طرح حضرت ابوہریرہؓ ہتھیار بند ہو کر حضرت عثمانؓ کی خدمت میں مدافعت کے لیے حاضر ہوئے اور آکر مدافعت کرنے کی اجازت چاہی تو حضرت عثمانؓ نے ان کو بھی منع کر دیا۔"

"عن قتادة ان اباهريرة كان متقلداً سيفه حتى نهاه عثمانؓ"

(۱) ـــــ تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۱ تحت ۳۵ھ۔ الفتنۃ زمن عثمانؓ۔

(۲) ـــــ طبقات ابن سعد، ج ۳، ص ۴۸-۴۹ تحت ذکر ما قیل لعثمان فی الخلع۔

(۳) ـــــ کتاب السنن لسعید ابن منصور، ص ۳۶۲۔ القسم الثانی من مجلد الثالث طبع مجلس علمی۔ کراچی وڈابھیل۔

(۴) ـــــ اور ایک صحابی سلیطؓ ابن سلیط ہیں۔ انہوں نے حضرت عثمانؓ کی خدمت میں حاضر ہو کر فتنہ ہٰذا کے دوران باغیوں سے قتال کرنے کی اجازت چاہی تو حضرت عثمانؓ نے ان کو بھی ہاتھ اٹھانے سے منع کر دیا۔

حضرت سلیطؓ فرماتے تھے کہ اگر سیدنا عثمانؓ ہمیں باغیوں سے قتال کرنے کی اجازت فرماتے تو ہم ان کو مار بھگاتے حتیٰ کہ ان علاقوں سے ہی انہیں نکال دیتے۔

"عن محمد بن سيرين قال قال سليط بن سليط نهانا عثمانؓ عن قتالهم ولو اذن لنا لضربناهم حتى نخرجهم من اقطارها۔"

تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ص ۱۵۰، ج ۱ تحت ۳۵ھ۔ الفتنۃ زمن عثمانؓ)

Marfat.com

## تاریخ شہادتِ عثمانؓ اور قاتلین کے اسماء

مؤرخین نے لکھا ہے کہ حضرت امیرالمؤمنین عثمانؓ کو سرکشوں اور ظالموں نے (۳۵ھ میں) ۱۸ ذوالحجہ کو بروز جمعہ (بعد العصر) بیدردی سے اپنے مکان میں شہید کر دیا۔ (ترجیع)۔ مدینہ طیبہ میں مسجد نبوی کے قریب یہ مکان واقع تھا۔

—— قاتلین میں ایک شخص سودان بن حمران ہے، اسی کو اسود بن حمران کے نام سے بھی لکھتے ہیں۔ دوسرا شخص رومان الیمانی ہے جو بنی اسد بن خزیمہ کے قبیلہ سے تھا اور بھی بعض لوگوں مثلاً (کنانہ بن بشر وغیرہ) کا نام قاتلینِ عثمانؓ میں شمار کیا کرتے ہیں۔ تفصیلات کے لیے ذیل مقامات کی طرف رجوع کریں۔

(۱) تاریخ خلیفہ بن خیاط، ج ۱، ص ۱۵۲ تحت ۳۵ھ

(۲) البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۸۵ تحت صفۃ قتلہ۔

(۳) البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۹۰۔ فصل (کانت مدۃ حصار عثمان فی دارہ)

## حضرت عثمانؓ کا جنازہ، پھر تجہیز وتکفین وتدفین میں تعجیل

سیدنا عثمانؓ کے جنازہ کا مسئلہ قبل ازیں "رحماء بینہم" حصہ سوم عثمانی باب پنجم تحت عنوان جنازہ عثمانی و دفن وغیرہ کے لکھا گیا تھا تاہم یہاں بھی اس مسئلہ کو مختصراً درج کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی تدفین کی تعجیل بھی ذکر کی جاتی ہے۔ مندرجہ ذیل حوالہ جات کے ذریعہ یہ طعن زائل ہو جائے گا کہ حضرت عثمان تین روز تک بے گور وکفن پڑے رہے تھے۔

(۱)

امام احمدؒ نے مسند احمد میں باسند روایت درج کی ہے کہ مشہور صحابی حضرت

Marfat.com

زبیرؓ بن العوام نے حضرت عثمانؓ کا جنازہ پڑھایا اور دفن کیا۔"

"..... عن قتادة قال صلى الزبير على عثمان رضی اللہ عنہ ودفنه ... الخ"

(۱) (مسند احمد، ج ۱، ص ۷۴، تحت مسندات عثمان واخبار عثمان - طبع اول مصری)

(۲) تاریخ الخلفا للسیوطی ص ۱۱۵ طبع دہلی تحت سنہ ۳۵ھ

(۲)

قدیم مؤرخین (مصعب الزبیری وغیرہ) نے اس موقعہ کے واقعات میں تحریر کیا ہے کہ عثمانؓ اس دن روزہ دار تھے۔ جمعہ کے روز وہ شہید کیے گئے اور ہفتہ کی رات کو مغرب اور عشاء کے درمیانی وقت میں جنازہ پڑھنے کے بعد انہیں دفن کیا گیا۔

"..... وكان يومئذٍ صائماً و دُفن ليلة السبت بين المغرب والعشاء"

(کتاب نسب قریش لمصعب الزبیری ص ۱۰۱ - تحت ولد ابی العاص بن امیہ)

(۳)

نیار بن مکرم الاسلمی جو واقعہ شہادت کے موقعہ پر موجود تھے۔ حضرت امیر معاویہؓ کی خدمت میں ان حالات کی تفصیل بیان کرتے وقت ذکر کرتے ہیں کہ ہم نے حضرت عثمانؓ کا جنازہ دفن کے لیے اٹھایا۔ یہ ہفتہ کی شب تھی مغرب وعشا کا درمیانی وقت تھا۔

"... حملناه رحمه الله ليلة السبت بين المغرب و العشاء ... الخ"

(طبقات لابن سعد، ج ۳ ص ۵۴ (القسم الاول) تحت ذکر من دفن عثمان ومتی دفن ومن حمله ... الخ طبع اول لیڈن۔

Marfat.com

(۴)

اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ اس مقام پر فرماتے ہیں کہ متعدد روایات مشہورہ کے ذریعہ ثابت ہوچکا ہے کہ حضرت عثمانؓ کی نعش کا تین روز تک پڑے رہنا محض افترا اور جھوٹ ہے۔ اس کی تکذیب تمام تواریخ میں موجود ہے اس لیے کہ مؤرخین کا اس چیز پر اتفاق ہے کہ ۳۵ھ، ۱۸ ذوالحجہ بروز جمعہ عصر کے بعد حضرت عثمانؓ کی شہادت ہوئی اور شب شنبہ (ہفتہ) کی رات کو ہی جنت البقیع کے قریب دفن کر دیئے گئے۔ اس بات میں ذرہ برابر شبہ نہیں ہے۔

"۔۔۔۔۔ نیز از روایاتِ مشہورہ متعددہ ثابت شد کہ تا سہ روز افتادہ ماندنِ لاشِ عثمانؓ محض افترا و دروغ ست و در جمیع تواریخ تکذیب آں موجود است زیرانکہ باجماعِ مؤرخین شہادۃ عثمانؓ بعد از جمعہ ہیژدہم ذی الحجہ واقع شدہ است و دفنِ او در بقیع شبِ شنبہ وقوع یافت بلاشبہ۔"

(تحفہ اثنا عشریہ، ص ۳۲۹ ۔ طبع جدید لاہور
درآخرِ طعنِ دہم عثمانی ۔ (مطاعن عثمانی)

(۵)

# قاتلینِ عثمانؓ کیسا گروہ تھا؟

امت کے کبار علماء نے اس مسئلہ کو مختصر الفاظ میں تصریحاً ذکر کیا ہے کہ مسلمانوں کے بہترین لوگوں میں سے کوئی شخص بھی حضرت عثمانؓ کے قتل میں شریک نہیں تھا اور نہ قتلِ عثمانؓ کے حکم کرنے میں شامل تھا۔

حضرت عثمانؓ کو مفسدین کے ایک طائفہ نے شہید کیا۔ وہ طائفہ قبائل کے اوباش لوگوں میں سے تھا اور فتنہ برپا کرنے والوں میں سے تھا۔

Marfat.com

ان کا پہلے یہ مطالبہ تھا کہ عثمانؓ خلافت سے دستبردار ہو جائیں لیکن آخر کار انہوں نے حضرت عثمانؓ کو شہید کر کے ہی چھوڑا۔ حالانکہ ان کے شبہات اور اعتراضات کو دُور کر دیا گیا تھا اور ان کے سامنے حق بات واضح ہو چکی تھی۔ اس کے باوجود انہوں نے قتلِ عثمانؓ کا فتنہ کھڑا کر دیا جس سے اہلِ اسلام میں ہمیشہ کے لیے اختلاف پیدا ہو گیا۔ اسی وجہ سے علماءِ کبار نے ان لوگوں کو باغی کی بجائے مفسد، ظالم اور سرکش کا نام دیا ہے۔ حوالہ جاتِ ذیل میں یہ مضمون موجود ہے۔ اہلِ علم تسلی فرما سکتے ہیں۔

(۱) ان اخیار المسلمین لم یدخل واحد منہم فی دم عثمانؓ لا قتل ولا امر بقتلہ وانما قتلہ طائفۃ من المفسدین فی الارض من اوباش القبائل واھل الفتن۔"

(منہاج السنہ لابن تیمیہ، ج ۲، ص ۱۸۶)

(۲) " ولم یدخل خیار المسلمین فی ذالک انما قتلہ طائفۃ من المفسدین فی الارض من اوباش القبائل ورؤس الشر۔"

(المنتقیٰ للذہبی، ص ۲۲۵)

(۳) فمن الذی اجتمع علیٰ قتلِ عثمان؟ ھل ھم الا طائفۃ من اولی الشر والظلم ولا دخل فی قتلہ احدٌ من السابقین۔"

(المنتقیٰ للذہبی، ص ۳۴۵)

(۴) "... رھاجت) روس الفتنۃ والشر واحاطوا بہ وحاصروہ لیخلع نفسہ من الخلافۃ وقاتلوہ قاتلہم اللہ۔"

(تذکرۃ الحفاظ للذہبی، ص ۸-۹۔ طبع حیدرآباد دکن۔ طبع اوّل تحت ذکر امیر المومنین عثمان بن عفانؓ)

(۵)۔۔۔ فنِ عقائد کے علماء اس طرف گئے ہیں کہ:۔

Marfat.com

"ان قتلة عثمان لم یکونوا بغاۃً بل ھم ظلمۃٌ وعتاۃٌ لعدم الاعتداد بشبہتہم ولانہم اصرّوا علی الباطل بعد کشف الشبہۃ وایضاح الحق لہم"

(المسامرۃ فی شرح المسائرۃ، ص ۱۵۹-۱۶۰۔ جزء ثانی طبع مصر۔ تحت الاصل الثامن)

## صحابہ کرام کا شہادتِ عثمانیؓ پر تأسّف

جب یہ مُفسد اور باغی لوگ اپنے بُرے مقصد (یعنی قتلِ عثمانؓ) میں کامیاب ہوگئے تو یہ کوئی معمولی واقعہ نہ تھا۔ اسلام کے مرکز پر انہوں نے حملہ کر کے مرکزی قوت پاش پاش کر دی تھی۔ اس جاں گداز واقعہ کو دیکھ کر صحابہ کرام سخت پریشان اور سرگرداں تھے۔ تقدیرِ خداوندی غالب آگئی تھی جس کو دُور کرنا کسی کے بس کی بات نہ تھی۔

(۱) ـــــ اس موقعہ پر پریشانی کا اظہار کرتے ہوئے حضرت عبداللہ بن سلام نے فرمایا کہ لوگوں نے قتلِ عثمانؓ کے ذریعے اپنے اوپر ایک فتنے کا دروازہ کھول لیا ہے جو قیامت تک بند نہ ہو سکے گا۔

ـــــ وقال عبداللہ بن سلام لقد فتح الناس علی انفسہم بقتل عثمان باب فتنۃٍ لا ینغلق عنہم الی قیام الساعۃ"

(الاستیعاب معہ الاصابہ، ج ۳ ص ۸۴۔ تحت تذکرہ عثمانی)

(۲) ـــــ ایک دوسرے صحابی ابوحمید الساعدیؓ (جو بدری صحابہؓ میں سے تھے) اس واقعہ کے تاثرات کا یوں اظہار کرتے ہیں: جب حضرت عثمانؓ شہید کر دیئے گئے تو یوں کہتے تھے کہ اے اللہ! تیری رضا کی خاطر میں نے اپنے اوپر لازم کر لیا

Marfat.com

کہ فلاں فلاں بات نہیں کروں گا، ہنسی اور مذاق بھی نہیں کروں گا، حتیٰ کہ مجھ پر موت آجائے۔

"قال ابو حمید الساعدیؓ لما قتل عثمانؓ وکان ممن شہد بدرا اللّٰھم ان لك علیّ الا افعل کذا ولا افعل کذا ولا اضحك حتیٰ القاك۔"

(طبقات ابن سعد، ص ۵۶۔ تحت ذکر ما قال اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

(۳) حضرت عثمانؓ جب شہید ہوئے تو حضرت عمر فاروقؓ کے صاحبزادے حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے افسوس اور تاسف کرتے ہوئے فرمایا کہ جب سے حضرت عثمانؓ شہید کر دیئے گئے۔ میں نے کھانا سیر ہو کر نہیں کھایا۔"

"وذکر عن انس بن مالك قال قال عبداللہ بن عمرؓ ما شبعت من طعام منذ قتل عثمان۔"

(کتاب نسب قریش، ص ۱۰۲۔ تحت ولد ابی العاصی بن امیۃ)

حضرت عثمانؓ کی شہادت کا صدمہ صحابہؓ کرام پر اتنا شدید تھا جس کو صحیح طور پر بیان کرنا بڑا مشکل ہے۔ صحابہؓ کرام کے یہ چند ایک واقعات ہم نے بطور نمونہ نقل کر دیئے ہیں ورنہ اس مظلومانہ قتل کی ایک طویل داستانِ غم ہے جو متعدد صحابہؓ کرام سے منقول ہے اور اس پر جتنا صحابہ کرامؓ غم کا اظہار فرماتے وہ کم ہی تھا۔ اور اس کا مداوا کسی صورت میں بھی نہیں ہو سکتا تھا۔

Marfat.com

—(۶)—

# اِن فتن اور بلیّات میں سیّدنا عثمانؓ حق پر تھے اور ان کا خاتمہ حق پر ہوا

پیش کردہ چیزوں کے ذریعے یہ بات صاف طور پر نظر آتی ہے کہ حضرت عثمانؓ کے خلاف آخری ایّام میں مفسدین نے جو چیزیں کھڑی کر دی تھیں وہ اغراض فاسدہ کی بنا پر تھیں۔

حضرت عثمانؓ کے دَورِ خلافت میں کوئی خلافِ شرع چیز نہیں ایجاد کی گئی تھی اور نہ ہی حدود اللہ کو ضائع کیا گیا تھا۔ اور نہ ہی قبائل میں کوئی متعصبانہ نظریات اٹھ کھڑے ہوتے تھے۔ جن کی وجہ اقرباء کو مناصب دبی اور اپنوں کو عطائے اموالِ کثیرہ قرار دیا جائے۔

اگر بعض لوگوں نے اس نوعیت کے اعتراضات اٹھائے تھے تو کیا وہ لوگ صحابہؓ کرام کی بہ نسبت اسلام کے زیادہ خیر خواہ تھے؟ اور دینی نظام کو زیادہ قائم کرنے والے تھے؟

ظاہر بات ہے کہ جمہور صحابہؓ ان فساد اٹھانے والوں کے خلاف تھے اور ان کے ہمنوا نہیں تھے۔ یہی بات مفسدین کے ناحق ہونے پر کافی دلیل ہے۔

یہ چند مطاعن حضرت عثمانؓ کے خلاف کھڑا کرنے والے ایسے لوگ تھے جو دینی اور اسلامی نظام کو دل سے نہیں چاہتے تھے اور دینِ اسلام کے ساتھ عناد رکھتے تھے۔ جس کی اصل وجہ اسلام کے ساتھ حسد اور اسلام کی ترقی کے ساتھ عداوت تھی۔ جس کو وہ دوسری صورت میں ظاہر نہیں کر سکتے تھے۔ اسلام کی خیر خواہی کے رنگ

Marfat.com

میں یہ تجویز اختیار کی اور ایک سکیم کی صورت میں چلائی۔اس طریقہ سے انہوں نے اہلِ اسلام میں افتراق وانتشار کا فتنہ کھڑا کر دیا۔

ان گذارشات کی تائید صحابہ کرامؓ کے اقوال و اعمال سے پوری طرح ہوتی ہے۔صحابہؓ کے قول و عمل کی چند چیزیں سطورِ بالا میں بطورِ نمونہ پیش کی گئی ہیں۔اب ذیل میں سیدالکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے اس بات کی تائید پیش کی جاتی ہے کہ حضرت عثمانؓ کے حق میں حضور علیہ السلام نے متعدد بشارات اور خوشخبریاں ذکر فرمائی تھیں جو ان آخری ایام پر منطبق ہوتی ہیں اور حضرت عثمانؓ کے کردار کی صداقت و دیانت پر دلالت کرتی ہیں۔اور حضرت عثمانؓ کی حمایت کرنے والے گروہ کی حقانیت کو ثابت کرتی ہیں۔ان میں سے چند ایک ذیل میں پیش کی جاتی ہیں۔

## بشارات و اشارات

(ا) ـــــ موسیٰ بن عقبہ نے ابو حبیبہ سے نقل کیا ہے کہ حضرت عثمانؓ جس وقت محصور تھے۔میں اس وقت حضرت زبیرؓ کا ایک رقعہ لے کر حضرت عثمانؓ کے پاس آیا۔جس وقت میں نے رقعہ پیش کیا تو اس وقت حضرت ابوہریرہؓ حضرت عثمانؓ کے پاس موجود تھے۔ابوہریرہؓ فرمانے لگے، میں اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سنا تھا۔آپ نے فرمایا کہ میرے بعد فتنے اور حوادث ہوں گے . . . . . . . ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! ان فتن و حوادث سے نجات کہاں ملے گی؟ تو حضور علیہ السلام نے حضرت عثمانؓ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اس امانت دار شخص اور

Marfat.com

اس کی پارٹی کے ساتھ رہنا باعثِ نجات ہوگا یعنی اس دور کے مسائل میں عثمان غنیؓ اُمت کے امین ہیں اور ان کا گروہ حق پر ہے اور ان کی حمایت میں نجات و فلاح ہے۔

—— وذکر موسیٰ بن عقبۃ عن ابی حبیبۃ قال اتیت عثمانؓ برسالۃ الزبیر وھو محصور فلما ادیتھا وعندہ ابوھریرۃ قام ابوھریرۃ فقال اشھد سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول تکون بعدی فتن واحداث . . . قال قلنا فاین المنجا منھا یارسول اللہ ؟ قال الی الامین وحزبہ واشار الی عثمانؓ "

(۱) —— کتاب نسب قریش، ص ۱۰۳ تحت ولد ابی العاص

(۲) —— البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۲۰۹ بحوالہ احمد۔
تحت روایات فضائلِ عثمانی۔

(۲) —— ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ حضور علیہ السلام ایک مقام میں تشریف فرما تھے۔ . . . . ایک شخص نے آکر حاضر ہونے کی اجازت طلب کی تو حضور علیہ السلام نے ابوموسیٰ الاشعریؓ کو فرمایا کہ اس کے لیے دروازہ کھول دو اور اس کو جنت کی خوشخبری سنا دو لیکن ایک آزمائش اور مصیبت پیش آئے گی۔ اس پر یہ جنت کی خوشخبری ہے (دروازہ کھولا گیا تو وہ عثمانؓ بن عفان تھے۔ ان کو حضور علیہ السلام کے فرمان (بشارتِ جنت) کی اطلاع دی گئی)۔ پس انہوں نے خدا کی حمد و ثنا کی اور پھر کہا کہ اللہ ہی سے مدد لی گئی ہے اور وہی مدد کرنے والا ہے"

" . . . . استفتح رجل فقال لی افتح لہ وبشرہ بالجنۃ علی بلوی تصیبہ فاذا عثمانؓ فاخبرتہ بما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فحمد اللہ ثم قال اللہ المستعان "

Marfat.com

(۱)۔ ــــ بخاری شریف، ج ۱۔ص ۵۲۲۔ مناقب عمرؓ بن الخطاب۔

(۲)ــــ مشکوٰۃ شریف، ص ۵۶۳۔ بحوالہ بخاری و مسلم باب مناقب ھٰؤلاء الثلاثۃ۔ الفصل الاول۔

(۳)ــــ مسلم شریف، ص ۲۷۷-۲۷۸، ج ۲۔ باب من فضائل عثمان، طبع نور محمد دہلی۔

(۴)ــــ البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۲۰۱۔ تحت احادیث فضائل عثمانؓ بحوالہ البخاری و احمد۔

(۳) حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ حضرت عثمانؓ کو پیش گوئی کے طور پر فرمایا کہ اے عثمانؓ! امید ہے کہ تجھے اللہ ایک قمیص (یعنی قمیص خلافت) پہنائیں گے۔ اگر لوگ اس قمیص کو تجھ سے اتارنا چاہیں تو ان کے کہنے پر قمیص نہ اتارنا۔"

ــــ عن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یا عثمانؓ انہ لعل اللہ یقمصک قمیصاً فان ارادوک علیٰ خلعہ فلا تخلعہ لھم۔ رواہ الترمذی و ابن ماجۃ۔"

(۱) مشکوٰۃ شریف، ص ۵۶۲۔ باب مناقب عثمانؓ۔ الفصل الثانی۔

(۲) البدایہ لابن کثیر، ج ۷۔ص ۲۰۵۔ تحت احادیث فضائل عثمانیؓ بحوالہ احمد۔

ان روایات کے ذریعہ یہ چیز عیاں ہو گئی کہ:۔

ــــ حوادث اور فتنے حضرت عثمانؓ کے دور میں پیش آئیں گے۔ ابتلاء کی چیزوں سے حضرت عثمانؓ کا سامنا ہوگا جس سے مفر نہیں ہے۔

Marfat.com

پھر ان بلیات میں حق کس جانب ہوگا؟ اور کون سی جماعت صحیح ہوگی، تو بفرمان نبوی حضرت عثمانؓ کو ہی معیارِ حق قرار دیا گیا۔ اور ان کی حمایت کرنے والے ہی صحیح کردار کے مالک ٹھہراتے گئے۔

حضرت عثمانؓ کی مخالفت کرنے والے اور ان پر طعن اٹھانے والے غلطی پر تھے اور ان کا موقف غلط تھا۔ اور انہوں نے جو معاندانہ قصے کھڑے کیے تھے وہ جھوٹے تھے۔ وہ مبنی بر حسد و عناد تھے۔

— اور حضرت عثمانؓ اپنا امتحانی دور گذار کر اہل الجنۃ میں سے ہیں۔ مصائب پر صبر کرنے سے ان کو جنت ملی ہے۔ خدا کی اس نعمت میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔

اور حضرت عثمانؓ جیسے صادق و امین و دیانتدار شخص کو جن لوگوں نے مطعون قرار دیا اور کئی قسم کی خیانتیں ان کی طرف منسوب کیں اور حضرت عثمانؓ کے لیے بے شمار مصائب پیدا کر دیئے وہ اپنے کردار کے موافق انجام کو پائیں گے اور اپنے بُرے مقاصد کے مطابق نتائج سے بہرہ اندوز ہوں گے۔

— اللہ تعالیٰ نے حضرت عثمانؓ کو قمیص خلافت عنایت فرمایا۔ انہوں نے اپنی جان تو قربان کر دی لیکن حسبِ ارشادِ نبوی قمیص خلافت اتارا نہیں اور ساتھ ساتھ کسی مسلمان کے ایک قطرہ خون بہانے کو روا نہیں رکھا۔ اگر وہ جان بچانے کے لیے مسلمانوں کی خوں ریزی کراتے تو سینکڑوں مسلمان قربانی پیش کرتے۔ لیکن انہوں نے اُمت کی خوں ریزی کرانے کی بجائے اپنا خون پیش کر دیا اور قوم کے خون کو بچا لیا۔ ایسا جذبۂ ایثار دید و شنید میں نہیں آیا۔

فرحمہ اللہ ورضی اللہ تعالیٰ عنہ وعن

کل الصحابۃ اجمعین

Marfat.com

# الاختتام بالصواب

کتاب کے مضامین پر اجمالاً نظر کرنے سے واضح ہو رہا ہے کہ اقربا نوازی کے مسئلہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حق سے منحرف نہیں ہوئے اور نہ ہی حدِ جواز سے متجاوز ہوئے۔ ان کا کردار ان کی خلافت کے دوران معیارِ عدل سے نہیں ہٹا۔ اور حضرت عثمانؓ کے خاندان کی ملی خدمات اسلام کے لیے نہایت سُود مند اور فائدہ بخش ثابت ہوئیں (جیسا کہ تاریخ کے اوراق سے اس کو پیش کیا گیا ہے)۔

—— ان حقائق کے پیش نظر حضرت عثمانؓ کے خلاف اس پروپیگنڈا کی کوئی حقیقت نہیں کہ اپنے اقربا کے حق میں ان کی غلط پالیسی کی وجہ سے اس دَور میں قبائلی عصبیت پیدا ہوئی جس کے نتائج میں یہ تمام فتنہ اور فساد برپا ہُوا۔

—— اس نظریہ کے خلاف واقعہ ہونے پر ہم نے سابقہ مباحث میں تاریخی مواد پیش کر دیا ہے اس کو ملاحظہ فرما کر منصف طبائع اور حقائق پسند حضرات اطمینان حاصل کر سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو ہدایت نصیب فرمائے اور اتفاق و اتحاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔ اور تمام صحابہ کرامؓ اور خاندانِ نبوتؐ کے ساتھ حسنِ عقیدت اور ان کی اتباع کی توفیق بخشے اور خاتمہ بالایمان نصیب فرما کر ان کی اخروی معیت سے بہرہ ور فرمائے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ ربّ العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سیّد خلقہٖ خاتم النبیّین وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وصلحاء امّتہٖ وسائر اتباعہم باحسانٍ الیٰ یوم الدّین اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین۔

ناچیز دعا جو محمد نافع عفا اللہ عنہ۔ جامعہ محمدی ضلع جھنگ (پاکستان)
شعبان المعظم ۱۴۰۰ھ —— جولائی ۱۹۸۰ء

Marfat.com

# کتب مراجع برائے کتاب "مسئلہ اقربا نوازی"

| نمبر شمار | نام کتاب | سن وفات |
|---|---|---|
| | قرآن مجید و فرقانِ حمید | |
| (۱) | مؤطا امام مالکؒ | ۱۷۹ھ |
| (۲) | کتاب الخراج لامام ابی یوسفؒ | ۱۸۲ھ |
| (۳) | المصنف للحافظ الکبیر ابی بکر عبدالرزاق بن ہمام بن نافع الحمیری الصنعانی } ۱۱ جلد | ۲۱۱ھ |
| (۴) | سیرت ابن ہشام | ۲۱۳ھ / ۲۱۸ |
| (۵) | کتاب السنن لسعید بن منصور (مجلس علمی کراچی) | ۲۲۷ھ |
| (۶) | طبقات محمد بن سعد۔ ۸ جلد طبع لیڈن | ۲۳۵ھ / ۲۳۰ |
| (۷) | المصنف لابی بکر عبداللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان بن ابی شیبۃ الکوفی (قلمی) | ۲۳۵ھ |
| (۸) | کتاب نسب قریش لمصعب زبیری | ۲۳۶ھ |
| (۹) | ---- تاریخ خلیفہ بن خیاط | ۲۴۰ھ |
| (۱۰) | مسند احمد لامام احمد بن حنبل الشیبانی معہ منتخب کنز العمال } ۶ جلد | ۲۴۱ھ |
| (۱۱) | کتاب السنۃ لامام احمد بن حنبل الشیبانی | ۲۴۱ھ |
| (۱۲) | کتاب المحبر لابی جعفر بغدادی (محمد بن حبیب) | ۲۴۵ھ |
| (۱۳) | الصحیح البخاری (محمد بن اسماعیل)، ۲ جلد | ۲۵۶ھ |

Marfat.com

(۱۴) التاریخ الکبیر لامام محمد بن اسماعیل بخاری - ۸ جلد — سنہ ۲۵۶ھ

(۱۵) التاریخ الصغیر (محمد بن اسماعیل) — ″

(۱۶) صحیح مسلم لامام مسلم بن حجاج القشیری — سنہ ۲۶۰ھ / ۲۶۱

(۱۷) سُنن ابن ماجہ (ابو عبداللہ محمد بن یزید ماجہ — سنہ ۲۷۳ھ / ۲۷۵

(۱۸) ترمذی شریف (ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی) — سنہ ۲۷۵ھ / ۲۷۹

(۱۹) ابو داؤد شریف (ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی — سنہ ۲۷۵ھ

(۲۰) انساب الاشراف للبلاذری — سنہ ۲۷۷ھ / ۲۷۹

(۲۱) فتوح البلدان احمد بن یحییٰ بلاذری — ″

(۲۲) تفسیر لابن جریر الطبری — سنہ ۳۱۰ھ

(۲۳) کتاب الکنیٰ والاسماء للشیخ ابی بشر محمد بن احمد بن حماد الدولابی - } دو جلد — سنہ ۳۱۰ھ

(۲۴) تاریخ الامم والملوک محمد ابن جریر طبری — سنہ ۳۱۰ھ

(۲۵) المنتخب ذیل المذیل ″ ″ — ″

(۲۶) کتاب الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم رازی — سنہ ۳۲۷ھ

(۲۷) کتاب المجتبیٰ لابی بکر محمد بن الحسن بن درید الازدی - — سنہ ۳۲۱ھ

(۲۸) کتاب المجروحین لابن حبان ابو حاتم محمد بن حبان البستی — سنہ ۳۵۴ھ

(۲۹) المستدرک للحاکم نیشاپوری — سنہ ۴۰۵ھ

(۳۰) لطائف المعارف لابی منصور الثعالبی — سنہ ۴۲۹ھ

(۳۱) جمهرة الانساب لابن حزم — سنہ ۴۵۶ھ

Marfat.com

(۳۲) کشف المحجوب للشیخ علی ہجویریؒ اللاہوری سنہ ۴۵۶ھ

(۳۳) جوامع السیرۃ لابن حزم سنہ ۴۵۶ھ

(۳۴) السنن الکبریٰ للبیہقی سنہ ۴۵۸ھ

(۳۵) الاستیعاب لابن عبدالبر اندلسی مع اصابہ۔ ۴ جلد سنہ ۴۶۳ھ

(۳۶) تاریخ بغداد للخطیب البغدادی (ابی بکر احمد بن علی) سنہ ۴۶۳ھ

(۳۷) کتاب التمہید لابی شکور سالمی (ابوشکور محمد بن عبدسعید بن شعیب الکبشی السالمی الحنفی) معاصر شیخ علی ہجویریؒ سنہ ۴۶۵ھ

(۳۸) تفسیر بغوی (ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی) سنہ ۵۱۶ھ

(۳۹) العواصم من القواصم للقاضی ابی بکر بن العربی اندلسی سنہ ۵۴۳ھ

(۴۰) غنیۃ الطالبین للشیخ عبدالقادر جیلانی سنہ ۵۶۰ھ

(۴۱) تلخیص ابن عساکر سنہ ۵۷۱ھ

(۴۲) تاریخ ابن عساکر کامل۔ ابوالقاسم علی بن حسن بن ہبۃ اللہ المعروف بابن عساکر } جلد اوّل سنہ ۵۷۱ھ

(۴۳) تفسیر کبیر للرازی (محمد بن عمر رازی فخرالدین بن ضیاء الدین) سنہ ۶۰۶ھ

(۴۴) اسدالغابہ لابن اثیر جزری سنہ ۶۳۰ھ

(۴۵) تجرید اسماء الصحابہ للجزری الجامع لاحکام القرآن سنہ ۶۳۰ھ

(۴۶) تفسیر قرطبی ابوعبداللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی المالکی الجامع الاحکام القرآن سنہ ۶۷۱ھ

(۴۷) تہذیب الاسماء واللغات لامام نووی ابی زکریا محی الدین بن شرف نووی سنہ ۶۷۶ھ

(۴۸) شرح المہذب للنووی ؍؍

(۴۹) الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ للقاضی ابی الفضل عیاض بن موسیٰ الیحصبی اندلسی من علماء القرن السادس

Marfat.com

(۵۰) تفسیر خازن علاؤالدین علی بن محمد بغدادی المعروف خازن — سنہ ۷۲۵ھ

(۵۱) مشکوٰۃ المصابیح — سن تالیف سنہ ۷۳۷ھ

(۵۲) کتاب التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمانؓ (محمد بن یحییٰ بن ابی بکر اندلسی) — سنہ ۷۴۱ھ

(۵۳) تذکرۃ الحفاظ للذہبی — سنہ ۷۴۸ھ

(۵۴) المغنی للذہبی — سنہ ۷۴۸ھ

(۵۵) المنتقیٰ للذہبی — سنہ ۷۴۸ھ

(۵۶) کتاب دول الاسلام للذہبی — سنہ ۷۴۸ھ

(۵۷) میزان الاعتدال للذہبی — سنہ ۷۴۸ھ

(۵۸) سیر اعلام النبلاء للذہبی — سنہ ۷۴۸ھ

(۵۹) منہاج السنہ لابن تیمیہؒ — سنہ ۷۲۸ء

(۶۰) مدارج السالکین لابن قیم شمس الدین ابی عبداللہ محمد بن ابی بکر الحنبلی الدمشقی المعروف بابن قیم الجوزیہ — سنہ ۷۵۱-۷۵۶ھ

(۶۱) اعلام الموقعین لابن قیم — سنہ ۷۵۶ھ

(۶۲) زاد المعاد لابن قیم — سنہ ۷۵۶ھ

(۶۳) نصب الرایہ للزیلعی جمال الدین ابو محمد عبداللہ بن یوسف الحنفی الزیلعی — سنہ ۷۶۲ھ

(۶۴) تفسیر ابن کثیر عماد الدین الدمشقی — سنہ ۷۷۴ھ

(۶۵) البدایہ والنہایہ لابن کثیر (عماد الدین ابی الفداء الدمشقی) — "

(۶۶) السیرۃ النبویہ لابن کثیر — "

(۶۷) تاریخ ابن خلدون — سنہ ۷۷۹ھ

Marfat.com

(۶۸) شرح مقاصد سعد الدین مسعود بن عمر بن عبد اللہ التفتازانی — سنہ ۷۹۱ھ

(۶۹) مجمع الزوائد لنور الدین الہیثمی (۱۰ جلد) — سنہ ۸۰۷ھ

(۷۰) موارد الظمان لنور الدین الہیثمی — سنہ ۸۰۷ھ

(۷۱) شرح مواقف سید شریف علی بن محمد الجرجانی — سنہ ۸۱۶ھ

(۷۲) الاصابہ فی تمیز الصحابہ لابن حجر ۔ ۴ جلد معہ استیعاب — سنہ ۸۵۲ھ

(۷۳) کتاب المدلسین لابن حجر — سنہ ۸۵۲ھ

(۷۴) تہذیب التہذیب لابن حجر ۔ ۱۲ جلد — سنہ ۸۵۲ھ

(۷۵) لسان المیزان لابن حجر ۔ ۶ جلد — 〃

(۷۶) عمدۃ القاری شرح بخاری — سنہ ۸۵۵ھ

(۷۷) فتح القدیر شرح ہدایہ للشیخ کمال الدین محمد بن عبد الواحد المعروف لابن ہمام ۔ — سنہ ۸۶۱ھ

(۷۸) انسان العیون فی سیرۃ الامین المامون المعروف بالسیرۃ الحلبیہ لعلی بن برہان الدین الحلبی الشافعی — سنہ ۹۰۰ھ

(۷۹) فتح المغیث للسخاوی — سنہ ۹۰۲ھ

(۸۰) المسامرۃ فی شرح المسایرۃ کمال الدین محمد بن محمد المعروف بابن شریف المقدسی — سنہ ۹۰۵ھ

(۸۱) وفاء الوفاء للسمہودی — سنہ ۹۱۱ھ

(۸۲) ذیل اللآلی المصنوعہ للسیوطی — سنہ ۹۱۱ھ

(۸۳) تطہیر الجنان واللسان لابن حجر المکی — سنہ ۹۷۵-۷۳ھ

(۸۴) کنز العمال ۔ ۸ جلد، طبع اوّل — سنہ ۹۷۵ھ

(۸۵) نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض احمد شہاب الدین الخفاجی المصری ۔ — سنہ ۱۰۶۹ھ

Marfat.com

(۸۶) ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء ۔ شاہ ولی اللہ دہلویؒ — سنہ ۱۱۷۶ھ
(۸۷) قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین " " — "
(۸۸) تحفہ اثنا عشریہ ، شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ — سنہ ۱۲۳۹ھ
(۸۹) الفتح الربانی لترتیب مسند احمد
عبدالرحمان البنا الساعاتی — سنہ ۱۳۵۱ھ
(۹۰) المنار المنیف لابن قیمؒ

************

# شیعہ کتب مراجع

(۱) تاریخ یعقوبی (احمد بن ابی یعقوب الکاتب العباسی — سنہ ۲۸۴-۲۵۷ھ ،
(۲) کتاب البُلدان للیعقوبی ( " " " ) — " ،
(۳) الاخبار الطوال للدینوری (احمد بن داؤد ابی حنیفہ) — سنہ ۲۸۲ھ
(۴) فرق الشیعہ لابی محمد حسن بن موسیٰ نوبختی
(من عُلماء قرن الثالث)
(۵) رسالہ قرب الاسناد لعبداللہ بن جعفر الحمیری
(من عُلماء قرن الثالث)
(۶) مقاتل الطالبین لابی الفرج الاصبہانی ۔ سن وفات سنہ ۳۵۶ھ تالیف سنہ ۳۱۳ھ
(۷) فروع کافی محمد بن یعقوب کلینی رازی — سنہ ۳۲۹ھ
(۸) مروج الذہب للمسعودی — سنہ ۳۴۶ھ
(۹) رجال کشی (الکشی من علماء قرن الرابع)
(۱۰) نہج البلاغہ — سنہ ۴۰۳ھ

Marfat.com

(۱۱) الامالی للشیخ ابی جعفر محمد بن حسن الطوسی ) سنہ ۴۶۰ھ

(۱۲) احتجاج طبرسی سنہ ۵۴۸ھ

(۱۳) شرح نہج البلاغہ للحدیدی۔ سن تالیف ۶۴۹ھ سن وفات :۔ سنہ ۶۵۶ھ

(۱۴) منہاج الکرامہ فی اثبات الامامۃ لابن المطہر الحلی۔ سنہ ۷۲۶ھ

(۱۵) عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب سید جمال الدین ابن عنبۃ سنہ ۸۲۸ھ

(۱۶) شرح نہج البلاغہ، کمال الدین میثم بن علی بن میثم البحرانی۔ سنہ ۶۷۹ھ

(۱۷) بحارالانوار لملا باقر مجلسی سنہ ۱۱۱۱ھ

(۱۸) جلاء العیون " " //

(۱۹) درۃ نجفیہ شرح نہج البلاغہ از شیخ ابراہیم بن حاجی حسین دنبلی سنہ ۱۲۹۱ھ

(۲۰) ناسخ التواریخ لمرزا محمد تقی لسان الملک سنہ ۱۲۹۷ھ

(۲۱) تنقیح المقال للشیخ عبداللہ مامقانی سنہ ۱۳۵۱ھ

(۲۲) منتہی الآمال از شیخ عباس قمی سنہ ۱۳۵۹ھ

(۲۳) تحفۃ الاحباب للشیخ عباس قمی سنہ ۱۳۵۹ھ

الفخری فی الآداب السلطانیۃ والدول الاسلامیہ از محمد بن علی بن طباطبا المعروف ابن الطقطقی تالیف سنہ ۷۰۱ھ۔

Marfat.com

## مولانا محمد نافع کی نادر کتب

- سیرت حضرت امیر معاویہؓ
- رحماء بینھم (صدیقی) --- حصہ اول
- رحماء بینھم (فاروقی) --- حصہ دوم
- رحماء بینھم (عثمانی) ---- حصہ سوم
- مسئلہ اقربانوازی --- حصہ چہارم
- بنات اربعہ
- حدیث ثقلین
- سیرت سیدنا علیؓ المرتضیٰ
- سیرت سیدنا ابو سفیانؓ

تخلیقات

علی پلازہ، 3 مزنگ روڈ، لاہور فون : 7238014